معمولاتِ مطبِ سلیمی اور صدری اکسیری مخفی نسخہ جات و سچے مجربات کا نایاب مجموعہ

المسمّٰی بہ

مجرباتِ سلطانی

اوّل تا چہارم

زبدۃ الحکما حکیم مولوی محمد یار خان کھوکھر قریشی علوی نقشبندی

شیخ محمد بشیر اینڈ سنز
اردو بازار
جلال الدین ہسپتال بلڈنگ
لاہور

الحمد للہ الذی ا
الخواص والعوام ووھب لنا
علی رسولہ الحکیم لا مراض
سقام والذین اتبعوھم باحسا
الواصلین- فنا فی ھوا الغنی
من لنا الموسوم بنور احمد غف
امابعد- التماس ہے کہ اگ
الاطباء- اسرار صدری- اسرار
بقول شخصے-
ہر
اپنے مجربات مخفیہ و کنوزہ
پیش کیا جاتا ہے-
گر
نیاز مند کو علم طب حاصل
جس شخص کے ہاں کوئی اچھا نسخ
اور عام طور پر سیاحوں، درویشو
عملیات کے متعلق استفسار کرتا
یا عمل ضرور ہوتا ہے- بعدہ حص
اپنے لائق فائق استادوں، ہم ج
مجرب اور غیر مجرب نسخہ جات کا
جو جو نسخہ جات درست اور قابل
میں اور بہت کچھ صدری اکسیر
دوران رئیس الاطباء جناب حکی
معمولات مطب قابل ذکر ہیں-
الغرض جب مجربات میرے
عقتضائے حدیث شریف خیر

مجربات سلطانی حصہ اول

مقدمہ

الحمد للہ الذی اعطانا المجربات الصدریتہ و الرموز الخفیتہ لفیض لا نام من الخواص والعوام ووھب لنا حکمتہ بالغتہ یشفی بھا المریض شفاء کاملتہ والصلوتہ والسلام علی رسولہ الحکیم لا مراض کل سقیم وعلی الہ الکرام واصحابہ لعظام الذین کانو معالجین للا سقام والذین اتبعوھم باحسان خصوصا علی سیدنا ومرشدنا والرشدنا سلطان العارفین برھان الواصلین۔ فنا فی ھوا اغنی الحضرت السلطان باھو رحمتہ اللہ علیہ وعلی مخدومنا المعصوم من لنا الموسوم بنور احمد غفر لہ الصمد

امابعد۔ التماس ہے کہ اگرچہ اس سے پیشتر مجربات کی بہت سی کتابیں چھپ چکی ہیں۔ مثلاً رموز الاطباء۔ اسرار صدری۔ اسرار الاطباء صدری مجربات۔ گلدستہ مجربات۔ مجربات مان سنگھ وغیرہ وغیرہ مگر بقول شخصے۔

ہر گلے را رنگ و بوئے دیگر است

اپنے مجربات مخفیہ وکنوز صدریہ کا یہ حقیر سا مجموعہ فیض عوام کے لئے اپنے بھائیوں کی خدمت میں پیش کیا جاتا ہے۔

گر قبول افتدز ہے عز و شرف

نیاز مند کو علم طب حاصل کرنے سے قبل ہی نسخہ جات کے سیکھنے کا بڑا شوق اور محبت تھی۔ اسی لئے جس شخص کے ہاں کوئی اچھا نسخہ سنتا۔ اسے حتی الوسع حاصل کر کے تجربہ کرتا یا لکھ کر اپنے پاس رکھ لیتا۔ اور عام طور پر سیاحوں، درویشوں، معلموں، متعلموں، فقیروں، حکیموں، سنیاسیوں وغیرہ سے نسخہ جات نیز عملیات کے متعلق استفسار کرتا رہتا۔ بدیں خیال کہ عموماً ہر ایک آدمی کے پاس کوئی نہ کوئی چھوٹا بڑا نسخہ یا عمل ضرور ہوتا ہے۔ بعدہ حصول علم طب کے دنوں میں تو اس مقصد کے لئے سعی بلیغ سے کام لیا گیا یعنی اپنے لائق فائق استادوں، ہم جماعتوں، عام حکیموں، جوگیوں، سنیاسیوں وغیرہ کی خدمتیں خوشامدیں کر کے مجرب اور غیر مجرب نسخہ جات کا بہت کچھ ذخیرہ جمع کیا۔ پھر جب اپنا مطب کھولا تو ان کا بار بار تجربہ کرنے پر جو جو نسخہ جات درست اور قابل اطمینان ثابت ہوئے انہیں محفوظ رکھنے کے علاوہ پریکٹس کے دوران میں اور بہت کچھ صدری اکسیری معتمد علیہ نسخہ جات حاصل کئے۔ خصوصاً حضرت استاذ زمان لقمان دوران رئیس الاطباء جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب لاہوری کے بیاض کے نسخے اور خاص الخاص معمولات مطب قابل ذکر ہیں۔

الغرض جب مجربات میرے پاس کافی تعداد میں جمع ہو گئے۔ تو عرصہ تک زیر استعمال رکھ کر آخر مقتضائے حدیث شریف خیر الناس من ینفع الناس ان رازہائے سربستہ کو ظاہر کرنے کا خیال پیدا

ہوا۔ جو بخل و حسد کو بالائے طاق رکھ کر بلا کم و کاست پوری وضاحت سے تحریر کئے گئے ہیں اور قیمت بھی قیمتی نسخہ جات کے لحاظ سے بہت کم رکھی گئی ہے جو کہ دراصل صرف ایک ہی نسخہ کا چالیسواں حصہ بھی متصور نہیں ہو سکتی۔

پس قوی امید ہے کہ ناظرین کرام بہ نظر منصفانہ میرے ان خاص الخاص مجربات کی پوری طرح قدر فرمائیں گے۔ اور کماحقہ تجربہ کر کے اپنی قیمتی رائے سے آگاہ فرما کر مشکور و مسرور فرمائیں گے۔ فقط والسلام مع الاکرام۔

مقدمہ طبع سوم

مجربات سلطانی کی مقبولیت عامہ کا اس سے بڑھ کر اور کیا ثبوت ہو سکتا ہے کہ اس کا پہلا ایڈیشن تین چار ماہ میں ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو گیا۔ ضرورۃً دوسرا ایڈیشن چند بے نظیر نسخہ جات کے اضافہ سے پیش کیا گیا۔ جس کے کچھ عرصہ بعد ہی نیاز مند "مصنف" کی طبیعت بیمار ہو گئی اور کتاب کی طرف کوئی توجہ نہ رہی اور نہ ہی کوئی اشتہار وغیرہ دیا جا سکا۔ کتاب کی خوبی کا اور بھی بھاری ثبوت ہے کہ یہ بغیر کسی اشتہار کے فروخت ہو گئی۔

مجھے زیادہ خوشی اس لئے ہے کہ اطبائے کرام نے مجربات سلطانی حصہ اول کو حاصل کرنے کے بعد بھلا نہیں دیا۔ بلکہ اس کے نسخوں کو بارہا تجربہ کیا۔ اور بعض احباب نے تو اس کے خاص نسخوں کو معمول مطب بنا لیا اور سب سے زیادہ خوشی اس بات کی ہے کہ مجربات سلطانی کو "جو نہایت خلوص اور نیک خیالی سے پیش کی گئی تھی" مقبولیت عامہ حاصل ہوئی۔

جب سے مجربات سلطانی حصہ اول شائع ہوئی ہے اس کی دوسری جلد کا عام طور پر مطالبہ کیا جا رہا۔ میں نے جان بوجھ کر اس میں تاخیر کی۔ کیونکہ میں دیکھنا چاہتا تھا کہ حصہ اول کے مجربات کہاں تک پسند کئے جاتے ہیں۔ میرا خیال تھا کہ اگر میرے مجربات ناپسند کئے گئے تو پھر مجربات شائع کرنے سے کوئی فائدہ نہ ہو گا۔

مگر جب میں نے اس تحریک میں کامیابی کے آثار دیکھے تو مجربات سلطانی حصہ دوم کے تیار کرنے پر آمادہ ہو گیا۔ چنانچہ حصہ دوم ایک مبسوط کتاب کی صورت میں نہایت آب و تاب سے چھپ گیا۔

مجربات سلطانی کے اس ایڈیشن کی ترتیب میں اور بعض بعض جگہ عبارتوں میں بھی ضرورت سمجھ کر تبدیلی کر دی گئی۔ مگر نسخہ جات میں قطعاً کوئی تبدیلی نہیں کی گئی۔ نیز فہرست مضامین بھی لگا دی گئی ہے اسی طرح بعض اور جزوی اصلاحات کی گئی ہیں جس سے کتاب کا حجم بڑھ گیا ہے۔ مگر قیمت میں اضافہ نہیں کیا گیا۔

آخر میں اطبائے کرام و ناظرین عظام سے مودبانہ التجا ہے کہ وہ اس مفید و نایاب مجموعہ کو اپنا دستور العمل بنائیں۔ نیز اپنے احباب کو بھی ان کے معمول مطب بنانے کی طرف متوجہ کریں۔

مجھے یقین واثق ہے کہ آپ ان مجربات کو عمل کی کسوٹی پر لا کر ضرور محظوظ و مسرور ہوں گے۔ اور

اس نادر مجموعہ کو نہایت مفید پائیں گے۔ گو نسخہ جات سب سچے اور آزمودہ ہیں مگر آپ جن جن نسخہ جات کو آزمائیں۔ ان کے متعلق دفتر میں ضرور اطلاع دیں۔ تاکہ یہ تصدیقات طبع چہارم کے ساتھ چھپ کر عوام کے لئے اطمینان کا باعث ہوں۔

مولف

مجربات سلطانی حصہ اول

مجربات امراض سر

• معجون مقوی دماغ وبدن

یہ نسخہ حضرت استاذ الاطباء علامہ زمان استاذنا جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب لاہوری کا عطیہ ہے۔ اعلیٰ درجہ مقوی دماغ ہے۔ بدن کو طاقت بخشتی ہے۔ حافظہ کو تیز کرتی ہے۔ بدن کو موٹا و تازہ کرتی ہے۔ دماغی محنت کرنے والوں کے لئے عجیب تحفہ ہے۔ جس کا کئی دفعہ تجربہ کیا جا چکا ہے۔

اجزاو ترکیب :دال نخود' دال ماش' دال مونگ 'نشاستہ 'مغز بادام مقشر' خشخاش ہر ایک ایک پاؤ' دانہ الائچی خورد' دارچینی ہر ایک دو تولہ' گھی' کھانڈ ہر ایک 1 سیر۔

پہلے دال نخود' دال ماش' دال مونگ کو کڑھائی میں بریاں کرلیں۔ جلنے نہ پاویں۔ پھر باریک پیس کر بمعہ نشاستہ کے گھی مذکور میں نرم آنچ پر بریاں کریں۔ جب سرخ ہو جاوے۔ تو باقی دوائیں باریک شدہ ملا لیں۔ بعد میں کھانڈ ملا کر چمچہ سے خوب ہلائیں تاکہ یکذات ہو جاویں۔ بس تیار ہے۔

ترکیب استعمال : تین تین تولہ صبح وشام استعمال کرائیں۔ اگر موسم سرما ہو تو گرم کر لینا اچھا ہے۔ گرم ترش اور تیل والی اشیاء سے پرہیز کرائیں۔

فوائد :دماغ و بدن کو طاقت دیتی ہے۔ حافظہ کو تیز کرتی ہے۔ بدن کو موٹا کرتی ہے۔ دماغی محنت کرنے والوں کو بطور ناشتہ استعمال کرائی جاتی ہے۔

② معجون مقوی دماغ

مقوی دماغ و مقوی معدہ ہے۔ دماغ کا تنقیہ کرتی ہے۔ نہایت آسان ہے۔

اجزاو ترکیب :پوست ہلیلہ زرد' پوست بہیڑہ' آملہ' خشخاش ہر ایک تین تولہ' اسطو خودوس ایک تولہ' کشنیز مقشر دو تولہ' مغز بادام پانچ تولہ' مغز تخم کدو' مغز تخم تربوز' مغز تخم خربوزہ' مغز تخم خیارین' مغز نارجیل ہر ایک چھ تولہ' ورق چاندی 50 عدد مصری دیسی ایک سیر۔

پہلی تینوں دوائیں کوٹ چھان کر بادام روغن میں چرب کریں پھر باقی ادویات کو باریک کوٹ کر سب کو ملالیں۔ اور مصری کا قوام کر کے سب دوائیں بمعہ ورق چاندی ملا کر معجون بنالیں۔

ترکیب استعمال :نو نو ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ استعمال کرائیں۔

③ اکسیر درد سر ہر قسم

اس کا کئی دفعہ تجربہ ہوا ہے۔ پرانے اور نئے درد سر دونوں کے لئے اکسیر ہے۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔ جن کو درد سر ہمیشہ رہتا ہو۔ وہ ضرور استعمال فرماویں۔ برسوں کے درد سر اس معجون کے استعمال سے اچھے ہوئے۔

اجزا و ترکیب: صندل سفید، کشنیز، پوست ہلیلہ کابلی، خشخاش ہر ایک تین تولہ، آملہ پانچ تولہ، پوست ہلیلہ زرد گل سرخ ہر ایک 9 تولہ، ہلیلہ سیاہ، گل بنفشہ، مغز خیار شنبر، بریاں یعنی گودہ املتاس ہر ایک 2 تولہ، تربد یعنی تردی عمدہ، کشنیز خشک ہر ایک آٹھ تولہ۔ مغز بادام چھ تولہ۔

سب دوائیں الگ الگ باریک کوٹ چھان کر بادام روغن یا گائے کے پانچ تولہ گھی میں چرب کریں۔ پھر تین پاؤ مصری کا قوام کر کے اس میں ملا کر حل کریں اور ڈبیہ میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: ایک ایک تولہ صبح و شام ہمراہ شیر گائے استعمال کرائیں۔ غذا دال ماش، دال مونگ، پالک، کدو، توری، شوربہ سری بز، شوربہ بچہ مرغ، یخنی گوشت بز، شوربہ نخود، کھچڑی، دودھ، گھی اور مکھن کثرت سے استعمال کرائیں۔ جب تک دوائی کا استعمال رہے۔ جماع سے بھی پرہیز چاہیے۔

④ اطریفل درد سر بوجہ ضعف دماغی

جو درد سر ضعف دماغ کی وجہ سے ہو۔ اس معجون کے استعمال سے زائل ہو جاتا ہے۔ کئی دفعہ کی مجرب اور آزمودہ ہے۔ ہم اپنے مریضوں پر ہمیشہ اس کا استعمال کراتے ہیں۔

اجزا و ترکیب: پوست ہلیلہ زرد، پوست ہلیلہ کابلی، ہلیلہ سیاہ، پوست بہیڑہ، سونف ہر ایک دو تولہ، فلفل سیاہ، فلفل دراز، ہر ایک 2 ماشہ، مغز بادام 1 تولہ، مغز نارجیل (گری کھوپہ) 3 چھٹانک کشنیز خشک 14 تولہ، مصری دیسی 3 چھٹانک۔

پہلی چاروں ادویات کو باریک کوٹ چھان کر سات تولہ بادام روغن میں چرب کریں۔ (غریبوں کے لئے بادام روغن کی بجائے گائے کا گھی بھی کافی ہو سکتا ہے) پھر باقی دوائیں باریک کوٹ کر چرب شدہ ادویات میں ملا لیں۔ اور مصری کا قوام کر کے معجون بنائیں۔ پھر ایک ڈبیہ میں بند کر کے غلہ گندم میں دفن کر دیں۔ بارہ روز بعد نکال لیویں۔ بس تیار ہے۔

ترکیب استعمال: نو نو ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ گائے استعمال کرائیں۔

⑤ نسوار دافع نزلہ

درد سر بلغمی، عصابہ، شقیقہ، مرگی، ام الصبیان، بے ہوشی وغیرہ کے لئے نہایت مجرب ہے اور تیر بہدف، بظاہر تو یہ نسخہ معمولی اور حقیر نظر آتا ہے مگر قدر اسی شخص کو معلوم ہو گا۔ جو ایک دفعہ بنا کر تجربہ کرے گا۔ ہر مطب میں تیار رہنے کے لائق ہے۔

اجزا و ترکیب: باسمتی کے چاول حسب ضرورت کسی چھوٹے سے برتن میں ڈال کر اس پر آک کا

دودھ اس قدر ڈالیں کہ چاول غرق ہو جاویں۔ پھر غبار وغیرہ سے بچا کر رکھ دیویں۔ جب خشک ہو جائے تو پھر ایک دفعہ مذکورہ بالا طریق پر آک کے دودھ سے تر اور خشک کریں۔ پھر باریک پیس لیں۔

ترکیب استعمال: نصف رتی کا قدر نسوار لیں اور بے ہوشی ہر قسم، مرگی، ام الصبیان اور سردی دماغ کے لئے ایک رتی کا قدر ناک میں زور سے چڑھائیں۔ تھوڑی دیر بعد چھینک آ کر ہوش آجاوے گی۔

احتیاط: مقررہ مقدار سے زیادہ نسوار مت لیں اور اگر بالفرض اتنے وزن سے چھینکیں نہ آئیں۔ تو دس منٹ بعد پھر استعمال کرائیں۔ کیونکہ یہ دیر بعد اثر کرتی ہے۔

نوٹ: اگر چھینکیں بند کرنی مطلوب ہوں تو بادام روغن یا گرم گھی کی نسوار لیں۔

فوائد: درد سر بلغمی، شقیقہ، عصابہ، مرگی، ام الصبیان، بے ہوشی سردی دماغ کے لئے نہایت مفید ہے۔ درد دانت کے لئے بھی اچھی چیز ہے۔

⑥ نسوار برائے نزلہ

زکام، شقیقہ، عصابہ، مرگی، ام الصبیان وغیرہ کے واسطے مجرب ہے۔ رئیس الاطباء جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب لاہوری کے مطب کا نسخہ ہے۔

اجزاو ترکیب: کنڈش (نک چھکنی) کشمیری پتر، اسطو خودوس ہر ایک 2. تولہ، نوشادر 7 ماشہ، چھلکا ریٹھہ 5 ماشہ۔ سب دوائیں باریک پیس کر کپڑے میں چھان لیں۔

ترکیب استعمال: وقت ضرورت تھوڑی سی نسوار لیں۔

فوائد: نزلہ، زکام، شقیقہ مرگی، ام الصبیان، عصابہ کے لئے معمول ہے۔

⑦ لیپ درد سر بارد 1

اس درد سر کے لئے جو سردی کی وجہ سے ہو نہایت مجرب ہے۔

اجزاو ترکیب استعمال: جائفل دو عدد باریک کوٹ کر تلوں کا تیل اس قدر ملائیں کہ پتلا سا لیپ بن جائے۔ پھر گرم کر کے پیشانی پر لیپ کر دیں۔

⑧ لیپ درد سر بارد 2

تمباکو باریک پیس کر تلوں کا تیل ملا کر لیپ کریں۔

⑨ ضماد درد سر حار

اس درد سر کے لئے جو گرمی کی وجہ سے ہو نہایت مجرب ہے۔

اجزاو ترکیب استعمال: مجیٹھ باریک پیس کر بقدر ضرورت پانی ملا کر خوب گھوٹ کر پیشانی پر ضماد کریں۔

⑩ ضماد درد سر شدید

درد سر شدید (سخت) کو تسکین دینے کے لئے نہایت عجیب ہے۔

اجزاو ترکیب استعمال: گوند کیکر اصلی 3 ماشہ' افیون دو رتی' زعفران چار رتی' باریک پیس کر تھوڑا تھوڑا پانی ملا کر گھوٹیں جب ضماد بن جائے تو کنپٹیوں پر ضماد کریں۔ خشک ہونے پر درد کو آرام ہو جائے گا۔

علاج فالج' لقوہ' استرخا' تشنج' رعشہ' کزاز' تمدد

جو ارسطوئے زمان افلاطون دوران رئیس الاطباء جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب لاہوری مرحوم کا طریق علاج ہے۔ ہمارا بھی یہی معمول ہے۔

ان امراض کے شروع میں چار پانچ دن تک غذا مطلق نہ دیں۔ صرف ماء العسل و شوربہ کبوتر پر ہی اکتفا کریں۔ اول طاقت کے لئے ورق طلا ایک عدد۔ مویز منقی ایک عدد صبح و شام دیا کریں۔ چار پانچ دن کے بعد جب مریض کو ذرا طاقت آجائے تو منضج ذیل شروع کر دیں۔

(11) منضج فالج وغیرہ

یہ منضج کا نسخہ لقوہ' رعشہ' تشنج' استرخا' تمدد' کزاز وغیرہ کے لئے خصوصاً جب کہ مادہ بلغمی ہو اور پٹھوں میں بلغم نفوذ کر گیا ہو۔ عجیب الاثر ہے۔ اس کے چند روز استعمال کرانے سے مریض کو آرام ہونا شروع ہو جاتا ہے۔

اجزاو ترکیب: بیخ سونف نیم کوفتہ' بیخ کاسنی نیم کوفتہ' خبازی سونف نیم کوفتہ' خطمی۔ ہر ایک 6 ماشہ' تخم از خر نیم کوفتہ' بنفشہ ملٹھی نیم کوفتہ ہر ایک 5 ماشہ' بیخ کبر نیم کوفتہ 3 ماشہ' مویز منقی 9 دانہ' گلقند بنفشہ تین تولہ۔

گلقند کے سوائے تمام دواؤں کو آدھ سیر پانی میں ابال لیا جائے۔ جب ڈیڑھ پاؤ رہ جاوے تو گرما گرم ہی گلقند پر ڈال کر خوب مل کر اور صاف کر کے پلایا جائے۔ اسی طرح صبح و شام 9 دن استعمال کرا کر مسہل مندرجہ ذیل دیا جائے۔

نوٹ: جس جگہ گلقند بنفشہ نہ مل سکے۔ گلقند گلاب 5 تولہ ملائی جاوے۔

(12) مسہل فالج وغیرہ

فالج' لقوہ' تشنج' وجع مفاصل' خنازیر' تپ بلغمی وغیرہ تمام امراض بلغمیہ کے علاوہ عام طور پر سب امراض کے لئے یہ مسہل ہمیشہ استعمال ہوتا ہے۔ تینوں اخلاط آسانی سے نکالتا ہے۔

اجزاو ترکیب: تربد' جلابہ ہر ایک 4 ماشہ' رب السوس' سونٹھ' کتیرا' غاریقون ہر ایک تین رتی' سب دوائیں باریک کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

ترکیب استعمال: علی الصبح گرم پانی کے ساتھ استعمال کرائیں۔ ایک دفعہ پھر منضج مذکورہ 9 دن استعمال کرا کر یہی مسہل دیویں۔ بعدہ یہ گولیاں شروع کرائیں۔

(13) گولیاں برائے فالج وغیرہ

اجزا و ترکیب: زنجبیل' راسن' پوکھرمول' اسگندھ' جوائن دیسی' چبک جوائن' پیلا مول' دل جوائن' پوست ریٹھہ' گو گل سوئے' کائی پھل' آردبیخ آک' جائفل' تج' کچور' بدھارا لسن یعنی تھوم' زیرہ سیاہ' چترہ' بھلاوہ' تخم حرمل' لونگ' عقرقرحا' تربد یعنی تروی' گھماں' بابڑنگ' آردبیخ سوہانجنہ ہر ایک 6 ماشہ' قند سیاہ کہنہ دو تولہ۔

سب دوائیں باریک کر کے تھوڑا تھوڑا پانی ڈال کر گھوٹنا شروع کریں۔ جب گولی بننے کے قابل ہو جائے تو جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنادیں۔

ترکیب استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ آب گرم یا ماء العسل وغیرہ استعمال کرائیں۔ یہ روغن بنا کر روزانہ دو وقت مالش کیا کریں۔

فوائد: فالج' ادھرنگ' لقوہ' رعشہ' تشنج' استرخا تمدد' کزاز وجع مفاصل' تمام ریحی امراض کے لئے نہایت مفید ہیں۔

(14) روغن برائے فالج

اجزا و ترکیب: لونگ' جائفل' عقرقرحا ہر ایک ایک تولہ' مال کنگنی 2 تولہ' دھماں تین ماشہ' افیون ایک ماشہ' روغن السی تین تولہ' جند بیدستر 4 رتی۔

سب دوائیں کوٹ کر روغن السی میں جوش دیویں۔ جب جل جاویں تو روغن کو چھان لیں اور زعفران ایک ماشہ باریک شدہ ملا کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: گرم کر کے دو وقت مالش کیا کریں۔

نوٹ: یہ چاروں نسخہ جات جناب معلی القاب مفتی صاحب کے معمول مطب ہیں۔

(15) روغن برائے استرخا و تشنج بارد

یہ روغن استرخا اور تشنج بارد کے لئے نہایت عمدہ ہے۔ حضرت مفتی صاحب کے معمولات میں سے ہے۔ جب کسی عضو کی حس و حرکت باطل ہو جائے۔ مفید ہے۔

اجزا و ترکیب استعمال: روغن مال کنگنی 5 تولہ' سم الفار سفید تین ماشہ۔ سم الفار کو کھرل کر کے روغن مال کنگنی میں ایک کڑچھی میں ڈال کر جلائیں۔ یعنی خوب تین چار جوش دیویں۔ پھر شیشی میں ڈال لیں۔ جو روغن اوپر تیر آئے۔ اسے گرم کر کے مالش کیا کریں۔

احتیاط: سم الفار کے دھواں سے آنکھوں کو بچانا چاہئے۔

کشتہ شنگرف کے دو اکسیری نسخہ جات 131 و 132 نامردی کے بیان میں درج کئے گئے ہیں۔ جو کہ فالج' لقوہ' رعشہ' تشنج' استرخا' خدر' کزاز' ضعف اعصاب وغیرہ کے لئے از بس مفید ہیں۔ وہاں سے ملاحظہ فرماویں۔

نیز ایک نسخہ شنگرف و سم الفار کا مرکب مجربات سلطانی حصہ دوم میں درج ہوا ہے۔ جو نہایت اعلیٰ شے ہے۔

(16) کشتہ از راقی (کچلہ)

جو کہ رعشہ، تشنج، استرخا، فالج، لقوہ، وجع المفاصل، پٹھوں کی ناطاقتی، ضعف باہ، امراض ریاحی وغیرہ کے لئے نہایت مفید اور بے مثل ہے۔ اس کے مدبر کرنے کی عام ترکیب یہ ہے کہ بیس پچیس دن تک ریت یا پانی میں بھگوئے رکھتے ہیں۔ پھر دودھ میں بہت کچھ ابالتے ہیں جس سے اس کا اثر تو پانی اور دودھ لے جاتا ہے۔ اور جو باقی لکڑی کی مانند سخت چیز رہ جائے اسے استعمال کراتے ہیں جس کا کوٹنا بھی ایک مصیبت ہوتا ہے۔ اور فائدہ بہت کم ہوتا ہے۔

مدت سے ایسا کامل مکمل نسخہ حاصل کرنے کا شوق تھا۔ جو ان نقائص سے پاک ہو۔ پس جب سے فضلہ یہ ہمہ صفت موصوف نسخہ حاصل ہوا ہے۔ ہمیشہ بنا کر استعمال کرتا ہوں۔

اجزاو ترکیب: کچلہ حسب ضرورت کسی چینی کے پیالہ میں ڈال کر اس پر آب گھیکوار اس قدر ڈالیں کہ کچلہ سے دو انگل اوپر آجاوے۔ پھر سایہ میں محفوظ رکھیں۔ جب پانی خشک ہو جائے تو اسی طریق پر آب ادرک سے دو دفعہ تر اور خشک کریں۔ پھر ہاون دستہ میں باریک کرلیں۔ نہایت آسانی سے کوٹا جائے گا۔ یہی اس کا وصف ہے۔ دوسرے یہ کہ اس کے پتے نکالنے اور چھلکا اتارنے کی بھی کوئی مصیبت نہیں ہوتی اور اس سے کسی قسم کا ضرر وغیرہ نہیں ہوتا۔ ہاضم و قبض کشا ہے۔

ترکیب استعمال: دو رتی ملائی میں رکھ کر یا دودھ کے ہمراہ استعمال کرائیں۔

فوائد: پٹھوں کی کل امراض مثلاً فالج، لقوہ وغیرہ، وجع مفاصل، درد ریحی، ضعف معدہ، ضعف باہ، ضعف اعصاب کے لئے مفید ہے۔

(17) ام الصبیان

یہ مرض مرگی کا ایک قسم ہے۔ جو بچوں کو عارض ہوتا ہے۔ اس میں یک لخت بچہ بے ہوش ہو جاتا ہے۔ ہاتھ اکٹھے ہونے اور کانپنے لگتے ہیں۔ کبھی منہ سے جھاگ آتی ہے۔ اس کے لئے مندرجہ ذیل داخلی، خارجی علاج مفید ثابت ہوا ہے۔

اجزاو ترکیب استعمال: عود صلیب باریک پیس کر رکھیں اور لڑکے کو بلحاظ عمر 4 رتی سے ایک ماشہ تک شربت بنفشہ دو تولہ میں ملا کر صبح و شام چٹایا کریں۔

نسوار نمبر 5 مندرجہ صفحہ نمبر 12 دورہ کے وقت استعمال کرائیں۔ فوراً ہوش آجائے گی۔ بفضلہ دوسرے حد تیسرے دورہ میں ہی کلی آرام آجاتا ہے۔ نیز عود صلیب سیاہ دھاگے میں باندھ کر گلے میں لٹکائیں۔ اگر قبض ہو کسٹر آئیل، شہد ہر ایک 6 ماشہ ملا کر چٹائیں۔

(18) شربت گاؤزبان

یہ نسخہ رئیس الاطباء حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب لاہوری کا عطیہ ہے۔ مالیخولیا خصوصاً مراقی کے لئے ازحد مفید ہے۔ دل و دماغ کو طاقت دیتا ہے۔ نہایت مجرب اور معمول مطب ہے۔

اجزاو ترکیب: گاؤ زبان 4 تولہ، گل گاؤ زبان 2 تولہ، بادرنجبویہ ایک تولہ، عرق گلاب، عرق بید مشک، عرق گاؤ زبان ہر ایک آدھ سیر، مصری ایک سیر۔

خشک دواؤں کو عرقیات میں چار پہر تک بھگوئے رکھیں۔ پھر دو جوش دے کر مل چھان کر مصری ملا کر شربت تیار کریں۔

ترکیب استعمال: تین تین ماشہ صبح و شام دو چند پانی ملا کر استعمال کرائیں۔

فوائد: مالیخولیا خصوصاً مراقی کے لئے ازحد مفید ہے۔ دل و دماغ کو طاقت بخشتا ہے۔ نہایت مفرح ہے۔

(19) شربت برائے مالیخولیا مراقی و ریح بواسیر

مالیخولیا مراقی و ریح بواسیر کے تمام عوارض مثلاً ضعف معدہ قبض، کمی اشتہا، ضعف قلب، تبخیر، ریاح وغیرہ کے لئے نہایت عمدہ ہے۔ اس سے چند دنوں میں ہی بھوک پیدا ہونے لگتی ہے۔ ہاضمہ درست ہو جاتا ہے۔ طبیعت کی پریشانی اور توحش دور ہو جاتا ہے۔

اجزاو ترکیب: افسنتین، سونف، گل سرخ، سنبل الطیب (چھڑ کالا) گاؤ زبان، پودینہ ہر ایک چھ تولہ۔

تمام دوائیں رات کو ایک سیر پانی میں بھگو رکھیں۔ صبح جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے۔ تو مل چھان کر سرکہ انگوری عمدہ ڈیڑھ پاؤ، مصری ایک سیر ملا کر شربت تیار کریں۔ سرد کر کے مصطگی 4 تولہ باریک پیس کر ملا دیں۔

ترکیب استعمال: تین تین تولہ صبح و شام دو چند عرق گلاب یا پانی ملا کر استعمال کرائیں۔ رات کو سوتے وقت خمیرہ گاؤ زبان سادہ 4 ماشہ ہمراہ شیر گاؤ کھلائیں۔

فوائد: مالیخولیا مراقی ریح بواسیر کے عوارض ضعف جگر و معدہ و قبض، تبخیر، ریاح، توحش، تفکر وغیرہ کے لئے مخصوص ہے۔

(20) حلوائے بادام

ضعف دماغ کو مفید ہے۔ اور دماغی محنت کرنے والوں کے لئے عجیب ہے۔

اجزاو ترکیب: مغز بادام مقشر 1 تولہ، شیر گائے آدھ پاؤ میں گھوٹ لیں۔ پھر مصری 1 پاؤ ملا کر نرم آگ پر پکائیں۔ جب حلوہ تیار ہو جائے اتار کر دانہ الائچی خورد 1 تولہ باریک کر کے اور ورق نقرہ 40 عدد ملا لیں۔

ترکیب استعمال: ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ صبح و شام ایک ایک رتی کشتہ مرجان ملا کر استعمال کرائیں۔

(21) حلوائے مقوی دماغ - دافع نسیان

نہایت مقوی دماغ و مقوی قلب ہے۔ بدن کو طاقت دیتا اور باہ کو بڑھاتا ہے۔ نہایت لذیذ اور عمدہ

ہے۔ جریان کے لئے بھی مفید ہے۔

اجزاو ترکیب: طباشیر، دانہ الائچی خورد۔ بہمن سفید ہر ایک تین تولہ، مغز بادام، مغز اخروٹ ہر ایک د
تولہ، آردماش 10 تولہ روغن زرد، مصری کوزہ ہر ایک ایک پاؤ۔ ورق نقرہ ایک دفتری آردماش کو روغن
زرد میں بریاں کریں۔ مصری کا قوام تیار کر کے آردماش مذکور اس میں ڈالیں۔ اور پھر باقی ادویہ (جو پہلے
باریک کر کے پاس رکھی ہوں) ملا کر ورق نقرہ ایک ایک کر کے ڈالتے جائیں۔ اور چمچہ سے ہلاتے رہیں۔
بس تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ صبح و شام استعمال کرائیں۔

فوائد: مقوی اعضائے رئیسہ مقوی باہ ہے۔ جریان کے لئے مفید ہے۔ بدن کو طاقت دیتا ہے۔

(22) مربہ ہلیلہ تیار کرنے کی عجیبہ ترکیب

جو تقویت دماغ کے لئے مخصوص ہے۔ اور عام مربہ ہلیلہ کی نسبت زیادہ موثر ہے۔ بہ نسبت عا
تراکیب مربہ ہلیلہ قبض کشا اور ہاضم زیادہ ہے۔ معدہ اور دماغ کو بھی نسبتاً زیادہ فائدہ کرتا ہے۔ تجربہ کا
اصحاب اس کی ترکیب سے ہی خوب اندازہ لگا سکتے ہیں۔ ایک سادھو صاحب کا عطیہ ہے۔

اجزاو ترکیب: ہرڑ سبز بلا داغ آدھ سیر لے کر مٹی کے کہنہ روغن دار برتن یا مرتبان میں رکھ کر اس پ
گودہ گھیکوار ایک سیر، نمک سونچل، مرچ سیاہ، نوشادر ہر ایک ایک تولہ باریک شدہ ڈالو اور لکڑی وغیرہ سے
خوب ہلا دو۔ پھر چینی سے منہ بند کر کے گل حکمت کرو اور کھاد مویشی میں دفن کر دو۔ موسم گرما میں 11 دن
تک اور سرما میں 21 دن پڑا رہے۔ بعدہ نکال کر اوپر سے سفید ابھار اتار کر ہرڑ الگ کر لو اور ان کا شہد
خالص آدھ سیر میں حسب دستور مربہ تیار کر کے مغز بادام مقشر 10 تولہ مغز پستہ 5 تولہ، دانہ الائچی خورد 2
تولہ، زعفران اصلی 4 رتی باریک کھرل شدہ ملا دو۔ اور کچھ دن منہ باندھ کر پڑا رہنے دو۔

ترکیب استعمال: ایک ایک ہرڑ صبح اور رات کو سوتے وقت کھلائیں اور قدرے مصالحہ بھی ساتھ
کھلائیں۔ زیادہ گرم و ترش و قابض اشیاء سے پرہیز کرائیں۔

دوسرا طریق استعمال جو اعلیٰ درجہ مقوی دماغ مقوی معدہ اور قبض کشا ہوتا ہے۔ ہرڑ مذکور کو سکھا کر
گھی میں بریاں کر لو۔ ہرڑ مذکور بریاں شدہ 2 تولہ، نمک طعام، مرچ سیاہ، نمک سونچر ہر ایک ایک ماشہ،
الائچی خورد، انار دانہ، پودینہ، سونف، ہر ایک 6 ماشہ۔ سب دوائیں باریک پیس کر سفوف تیار کریں۔
نہایت عمدہ ہاضم طعام، مخرج ریاح، قبض کشا چورن تیار ہو جاتا ہے۔

مجربات امراض چشم

(23) سرمہ عجیب

جو سوائے موتیا بند اور پھولا چیچک کے تمام امراض چشم کے لئے نہایت مفید ہے۔ خصوصاً رمد (آنکھ

دکھنا) پھولا' پانی جانا' دھند' ککرے' خارش' سبل' ناخنہ وغیرہ کے لئے اکسیر ہے۔

اجزاو ترکیب: کوڑی زرد سوختہ' صدف خورد (چھوٹی سیپاں) سوختہ' مصری زنبور ہر ایک چار ماشہ' نیلہ تھوتھا بریاں' بھنگڑی بریاں ہر ایک 2 ماشہ' گھماں 2 عدد' مرچ سفید 14 عدد' مردچینی 6 ماشہ' افیون ایک ماشہ' زنگار تین ماشہ' کشتہ جست تین تولہ۔ سب کو خوب باریک کر کے سفوف بنالیں۔

ہدایات: کوڑی زرد اور سیپاں آگ کے انگاروں میں ڈال دیں۔ جب خوب جل جائیں تو نکال لیں۔ نیلہ تھوتھا اور بھنگڑی کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے توے پر بریاں کر لیں کشتہ جست مندرجہ ذیل ترکیب سے تیار کر لیں۔

جست حسب ضرورت کڑچھی میں ڈال کر لوہار کے دوکان میں رکھیں۔ جب پگھل جائے تو اس میں لوہے کی سیخ ہلانی شروع کریں۔ جو کشتہ تیار ہو گا۔ وہ شگفتہ ہو کر اوپر آجاوے گا۔ اور خام نیچے پانی کی طرح موجود ہو گا۔ تیار شدہ کشتہ ساتھ ساتھ کسی چیز کے ایک مٹی کے برتن میں ڈالتے جائیں۔ اور سرد ہونے پر کپڑے میں چھان لیں۔ اور وزن کے مطابق ملائیں۔

پھر تمام دواؤں کا سفوف کانسی کے برتن میں ڈال کر نیم کے ڈنڈہ سے (جس کے نیچے تانبہ کے ہی کیل سے پیسہ نصب کیا گیا ہو) رگڑنا شروع کریں۔ اور کھنگل بوٹی کا مروق پانی تھوڑا تھوڑا ڈال کر ایک دن تک کھرل کریں۔ بس تیار ہے۔

ترکیب استعمال: حسب دستور رات کو ایک ایک سلائی آنکھ میں ڈالیں۔ اگر آنکھیں دکھتی ہوں یا ککرے یا پانی جاتا ہو تو دوائی ڈال کر اوپلہ جنگلی کی خاکستر پٹی میں لپیٹ کر آنکھ پر احتیاط سے باندھ دیں۔

نوٹ: کھنگل بوٹی کوٹ کر کپڑے میں اس کا پانی نچوڑ لیں۔ اسی کا نام مروق پانی ہے۔ اور جست پرانے حقہ کا ہو تو بہتر ہے۔

فوائد: آنکھ دکھنا' ککرے' سبل' ناخنہ' دھند' خارش' پھولا' پانی جانا وغیرہ کے لئے مفید ہے۔

(24) سرمہ مقوی بصر (صندوقچہ)

حضرت استاذنا مخدومنا رئیس الاطباء جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب لاہوری کے صندوقچہ کا نسخہ ہے۔ آپ خود اس سرمہ کو اخیر دم تک استعمال کرتے رہے۔ دھند وغیرہ کے لئے مفید ہے اور بوڑھوں کے لئے ایک عجیب تحفہ ہے۔ ہمارا بارہا کا مجرب ہے۔ اگر سن رسیدہ اصحاب اس کی مداومت رکھیں۔ تو ان کی بصارت تیز رہتی ہے۔ اکثر امراض سے بچاتا ہے۔ اور نظر ہمیشہ ٹھیک رہتی ہے۔ ایک بیش بہا تحفہ ناظرین کی خدمت میں پیش کیا جاتا ہے۔

اجزاو ترکیب: سرمہ اصفہانی دو تولہ' تخم نیل' کباب چینی ہر ایک 6 ماشہ' سیماب 2 ماشہ۔ سب کو ایک دن تک کھرل کریں۔ پھر کافور 2 ماشہ' روح کیوڑہ 2 تولہ ملا کر دوبارہ ایک گھنٹہ تک کھرل کریں۔ بس تیار ہے۔

ترکیب استعمال: روزانہ ایک یا دو وقت ایک ایک سلائی آنکھوں میں ڈالیں۔

فوائد: بصارت کو طاقت دیتا ہے۔ ضعف بصارت اور دھند، خارش کو مفید ہے۔ بوڑھوں کی نظر کو تیز کرتا ہے۔

(25) پوٹلی برائے رمد چشم

اس سے رمد یعنی آشوب چشم کی تکلیف کو منٹوں میں آرام ہو جاتا ہے۔ اگر آشوب چشم سے آنکھیں سوج جائیں۔ حتیٰ کہ آنکھ میں دوائی ڈالنی بھی مشکل ہو تو ایسے موقعہ پر اس پوٹلی سے بڑا فائدہ ہوتا ہے۔ اور چار پہر تک استعمال کرنے سے شدت مرض کا ازالہ ہو کر مریض خود بخود آنکھ کھول دیتا ہے۔

اجزاو ترکیب: رسونت 2 ماشہ، ہلدی، چاکسو، کشنیز خشک، ہر ایک ایک ماشہ، بھنگرہی بریاں 4 رتی، افیون 1 رتی، لونگ تین عدد، مصبر 3 رتی، ترپھلا 2 ماشہ۔

ترکیب استعمال: سب دوائیں باریک کھرل کر کے باریک ململ کے کپڑے میں باندھ لیں اور پانی میں تر کر کے آنکھ پر پھیرتے رہیں۔

فوائد: رمد یعنی آشوب چشم (آنکھ دکھنا) کے لئے نہایت بہترین چیز ہے۔ اور آنکھ کی سوج کو جلد دور کر دیتی ہے۔

(26) دوائی سیاہ (صندوقچہ)

حضرت استاذنا، مخدومنا رئیس الاطباء حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب لاہوری کے صندوقچہ کا نسخہ ہے۔ پھولا، جالا شقیقۃ العین عصابہ، ظفرہ، رمد ہر قسم کے لئے معمول ہے۔ درد کو تسکین دیتی ہے۔

اجزاو ترکیب: مازو، کوکنار ہر ایک ایک تولہ، پوست انار، رسوت، املی، بھنگرہی، پوست ہلیلہ زرد ہر ایک 2 تولہ۔

سب کو کوٹ کر آٹھ پہر تک ایک پاؤ پانی میں تر کریں۔ پھر مل چھان کر جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے تو افیون، زعفران ہر ایک چھ ماشہ باریک کر کے ڈال دیں۔ اور نرم آگ پر رکھیں اور ہلاتے رہیں۔ حتی کہ گاڑھا سا لیپ بن جائے۔ بس تیار ہے کسی چینی کی ڈبیہ میں ڈال کر گرد و غبار سے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: سلائی سے آنکھ میں ڈالیں۔

فوائد: پھولا، جالا، ظفرہ، شقیقۃ العین، عصابہ، رمد کے لئے معمول ہے۔

(27) ضماد ورم پلک (صندوقچہ)

یہ بھی حضرت استاذ صاحب مرحوم کے صندوقچہ کا نسخہ ہے۔ آپ اسے ہمیشہ تیار رکھتے تھے۔ (خدا غریق رحمت کرے) یہ ضماد پلکوں کی ورم، خارش، پھنسیوں کے لئے مخصوص ہے۔

اجزاو ترکیب: گلیسرین ڈیڑھ تولہ، زنک آکسائیڈ 1 تولہ، دونوں چینی کی ڈبیہ میں خوب ملا کر پتلا سا ضماد بنا لیں۔

ترکیب استعمال: پلکوں پر دو وقت کسی چیز سے لگائیں۔

فوائد: خارش، ورم اور شور، اجفان کے لئے معمول ہے۔ نہایت موثر اور نایاب چیز ہے۔

(28) شیاف امراض چشم

یہ نسخہ محی حکیم مولوی عظمت اللہ صاحب کا عطیہ اور تجربہ شدہ ہے۔

اجزاو ترکیب: سرمہ سیاہ، چاسکو مدبر ہر ایک ایک تولہ، سمندر جھگ، بھنگڑی بریاں، کشتہ جست، مصری کالپی، ہر ایک 6 ماشہ۔

سب دوائیں باریک کھرل کر لیں۔ رسونت ایک تولہ کو پانی میں حل کر کے دواؤں کو اس میں ملا کر شیاف بنالیں۔

ترکیب استعمال: شیاف کو پانی میں رگڑ کر لگائیں۔

مجربات امراض گوش ودہان ودندان وغیرہ

(29) روغن گوش ①

گوش یعنی کام کی تمام امراض مثلاً پھنسی، ثقل سماعت (بہرہ پن)، درد کان، طنین، ودی (کانوں میں آوازوں کا سنائی دینا)، کرم، زخم، ناسور وغیرہ کے لئے بے مثل چیز ہے مجرب ہے۔

اجزاو ترکیب: افسنتین 1 تولہ، ہلدی، لہسن یعنی تھوم مقشر قسط تلخ (کٹھ)، مغز بادام ہر ایک 2 تولہ، جوائن، سونٹھ، منتھی، ہینگ، بورہ ارمنی، تخم حنظل، عقرقرحا ہر ایک 6 ماشہ پیاز سفید 2 عدد۔

سب دوائیں کوٹ کر رات کو گائے کے پتہ کے پانی میں تر کریں۔ صبح آب برگ مرزنجوش (چوہے کنی)، آب برگ کریلہ، آب مولی ہر ایک 2 تولہ، سرکہ انگوری، روغن کنجد ہر ایک 5 تولہ ملا کر جوش دیں۔ جب دوائیں جل جائیں۔ تو کپڑے میں چھان کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: وقت ضرورت صرف ایک یا دو وقت کان میں ڈالیں۔

فوائد: پھنسی، ثقل سماعت (بہرہ پن)، درد کان، طنین، ودی، کرم وغیرہ کے لئے بے خطا چیز ہے۔

(30) روغن گوش ②

حضرت استاذنا و مخدومنا رئیس الاطباء حکیم مفتی سلیم اللہ خاں صاحب مرحوم لاہوری کے مطب میں اپنے ہاتھ سے کئی بار تیار کیا۔ جو زخم و ناسور و ورم کان و ثقل سماعت (بہرہ پن) طنین و دوی کے لئے معمول ہے۔ کئی بار اس کا تجربہ ہوا ہے۔ نہایت بھروسہ کی چیز ہے۔

اجزاو ترکیب: افسنتین 4 ماشہ کو سرکہ 5 تولہ میں چار پہر تک بھگو رکھیں۔ پھر جوش دے کر چھان لیں اور روغن بادام تلخ 5 تولہ ڈال کر دوبارہ آگ پر رکھیں۔ جب سرکہ جل کر صرف تیل رہ جائے تو اتار لیں۔ بس تیار ہے۔

ترکیب استعمال: صبح و شام دو دو قطرہ نیم گرم استعمال کرائیں۔

فوائد: زخم، ناسور و ورم کان کے لئے نہایت اعلیٰ اور تمام امراض کان کے لئے مفید ہے۔

(31) دوائے درد گوش

اگر خشک درد ہو یعنی کان بہتا نہ ہو اور زخم نہ ہو تو اس سے شرطیہ فائدہ ہوتا ہے۔

اجزاو ترکیب: سمندر جھگ، جس قدر مطلوب ہو باریک پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: ایک چٹکی بھر کان میں ڈال کر لیموں کے پانی یا سرکہ انگوری کے دو قطرے ٹپکا دیں اور مریض کو ہدایت کریں کہ دس منٹ تک لیٹا رہے۔

(32) روغن ریم و درد گوش

اگر کان سے پیپ بہتی ہو اور درد ہو تو اس روغن سے فی الفور آرام آجاتا ہے۔

اجزاو ترکیب: گل مغیلاں (کیکر کے پھول) 2 تولہ، روغن سرسوں 5 تولہ میں جلا کر تیل کو صاف کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: چار قطرے کان میں ڈالیں۔ سردی کا موسم ہو تو نیم گرم کر لیا کریں۔

(33) دوائے درد دانت از کرم

اجزاو ترکیب: سہاگہ باریک پیس کر روئی میں لپیٹ کر دانت کے سوراخ میں رکھ کر کسی چیز سے اندر کی طرف خوب دبا دیں۔ فی الفور آرام ہو جاتا ہے۔

(34) دوائے درد کان

اجزاو ترکیب استعمال: کاربالک ایسڈ قدرے روئی میں لپیٹ کر نہایت احتیاط سے دانت کے سوراخ میں رکھیں ادھر ادھر نہ لگے۔

نوٹ: درد دانت کا ایک اکسیری نسخہ مجربات سلطانی حصہ دوم میں درج ہو چکا ہے جو نہایت ہی عجیب چیز ہے۔

(35) منجن ماس خورہ دندان

ماس خورہ کا ایک اطمینانی نسخہ ہے۔ مگر پہلے کسی ماہر شخص سے فصد کرا کر بعد میں یہ منجن استعمال کرانا بہتر ہے۔ نہایت زود اثر شرطیہ حکمیہ نسخہ ہے۔

اجزاو ترکیب: کوکنار (پوست خشخاش) 4 ماشہ، مازو 7 عدد، گل سرخ ایک تولہ، خون سیاؤ شان، پھٹکڑی، عقرقرحا ہر ایک 9 ماشہ، سب کو باریک کوٹ پیس کر سفوف بنا لیں۔

ترکیب استعمال: ضرورت کے مطابق دانتوں پر ملیں۔

(36) اکسیر قلاع

قلاع (منہ آنا) ہر قسم کے لئے بے خطا ہے۔ خواہ جس قدر تکلیف ہو۔ اس اکسیری دوائی کے پہلی

دفعہ لگانے سے آرام آجاتا ہے۔

اجزاو ترکیب: گل سرخ، کتھ سفید شورہ قلمی، الائچی خورد ہر ایک تین ماشہ، کافور ایک ماشہ، نیلہ تھوتھا بریاں 6 رتی تمام دوائیں الگ الگ باریک کوٹ کر ملالیں۔

ترکیب استعمال: ایک ماشہ کا قدر یا کم و بیش دوائی منہ کے چھالوں پر ملیں۔ دن میں تین دفعہ استعمال کرائیں۔

(37) منجن دانتوں کو صاف کرنے والا ①

دانتوں کو صاف اور مضبوط کرتا ہے۔ دانتوں کے خون کو بند کرتا ہے۔ نہایت زود اثر مجرب المجرب ہے۔

اجزاو ترکیب: پھٹکڑی، سوڈا بائی کارب مساوی الوزن لے کر باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: برش وغیرہ سے دانتوں پر اچھی طرح ملیں اس کے بعد سرد پانی جلدی نہ پئیں۔

فوائد: دانتوں کو سفید چمکدار کر دیتا ہے اور مضبوط کرتا ہے۔ دانتوں کا خون بند کرتا ہے۔

(38) منجن دانتوں کو صاف کرنے والا ②

اس سے آسان اور مختصر ہے۔ حضرت استاذنا و مخدومنا رئیس الاطباء حکیم مفتی سلیم اللہ خاں صاحب مرحوم لاہوری کے بیاض کا نسخہ ہے۔

اجزاو ترکیب: نمک اندرانی، جو سوختہ، سمندر جھاگ ہر ایک ایک تولہ باریک کوٹ پیس کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: دو وقت دانتوں پر ملیں۔

(39) ورم لثہ و ناسور دندان

یعنی مسوڑھوں کے ورم اور دانتوں کے ناسور کے لئے نہایت مفید ہے۔ حضرت استاذنا و مخدومنا رئیس الاطباء حکیم مفتی سلیم اللہ خاں صاحب مرحوم لاہوری کے بیاض کا نسخہ ہے۔

اجزاو ترکیب: قسط شیریں (کٹھ میٹھی) کتھ، نیلہ تھوتھہ بریاں سونٹھ ہر ایک 6 ماشہ۔ سب اشیاء کو باریک کوٹ پیس کر سفوف بنالیں۔

ترکیب استعمال: دو وقت دانتوں پر ملیں۔

(40) سنون لثہ دامیہ

یعنی مسوڑھوں سے خون آنے کو روکتا ہے۔ نہایت زود اثر ہے۔ حضرت استاذنا و مخدومنا رئیس الاطباء حکیم مفتی سلیم اللہ خاں صاحب مرحوم لاہوری کے بیاض کا نسخہ ہے۔ اور ان کا عطیہ ہے۔

اجزاو ترکیب: صندل سفید، تنزی گلنار، گل سرخ، زرورد، کتھ گلابی، مازو ہر ایک 6 ماشہ۔ سب

دواؤں کو باریک کوٹ پیس کر سفوف بنالیں۔

ترکیب استعمال: دو وقت دانتوں پر ملیں۔

(41) منجن برائے ماس خورہ

ماس خورہ اور دانتوں کی کمزوری کے لئے بہت مفید ہے۔ اگر امتلاء دموی یعنی خون کا غلبہ ہو تو پہلے فصد چہار بند کرالیں۔ ورنہ بلا فصد ہی استعمال کرائیں۔

اجزاو ترکیب: کاہی سرخ، بھنگڑی، صندل سرخ، بل کتھ، کتھ گلابی، مائیں کلاں، ہرمچی، عقرقرحا ہر ایک چھ ماشہ، نیلہ تھوتھا 3 ماشہ، نمک سونچل، سرکہ ہر ایک 2 تولہ، گوشت خورہ، ایک تولہ، مازو سوختہ ایک عدد، ٹلی سوختہ ایک عدد۔

سرکہ توا پر ڈال کر نیلہ تھوتھا، کاہی سرخ، بھنگڑی کو نیم کوب کر کے اس پر ڈال دیں اور آنچ جلائیں۔ جب سرکہ جل کر تینوں اشیاء پھول جائیں تو اتار لیں اور باقی دواؤں کے ساتھ باریک پیس کر سفوف بنالیں۔

ترکیب استعمال: صبح و شام تھوڑی سی دوائی دانتوں پر مل کر لعاب باہر پھینک دیا کریں۔

مجربات امراض سینہ و پھیپھڑے و پسلی وغیرہ

(42) کشتہ پارہ سنگا

جو نمونیا، ذات الجنب (درد پسلی) ذات الصدر، ذات العرض شوصہ، برسام وغیرہ کے لئے مفید ثابت ہوا ہے۔ ان امراض میں اگر فصد کرنے سے بھی درد ساکن نہ ہو۔ یا فصد سے کوئی فائدہ ہو یا درد بہت پرانا ہو گیا ہو۔ تو اس کے استعمال سے آرام ہو جاتا ہے۔ مریض خواہ جتنا بھی تنگ ہو۔ انشاء اللہ تیسری ہی خوراک اپنا اثر دکھاتی ہے۔ علی ہذا القیاس اگر نمونیہ کا مریض درد سے لاچار ہو۔ سانس الٹ گیا ہو اور مایوسی کے علامات ظاہر ہوں۔ تو صرف دو خوراک دینے سے ہی کامیابی کے آثار نظر آنے لگتے ہیں۔ اس کے علاوہ ریح کے درد، جوڑوں کے درد، دمہ، کھانسی بلغمی وغیرہ کے لئے بہت مفید ہے۔ یہ نسخہ ایک عطائی حکیم سے بڑی تکلیف کے ساتھ حاصل ہوا تھا جو فن عزیز کی خاطر بخل کہ بالائے طاق رکھتے ہوئے ہدیہ ناظرین کیا جاتا ہے۔

اجزاو ترکیب: پارہ سنگا توڑ کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کریں۔ اور کوزہ گلی میں ڈال کر اس پر آک کا دودھ اس قدر ڈالیں کہ خوب تر ہو جاوے۔ پھر چکنی مٹی سے منہ بند کر کے خشک کریں اور ہوا سے بچا کر گڑھا میں 15 سیر اوپلہ کی آگ دیں سرد ہو جائے۔ تو نکال کر پیس لیں اور اسی طرح دوبارہ آک کے دودھ سے تر کر لے 15 سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ تیسری دفعہ پھر بطریق سابق 15 سیر اوپلہ آنچ دیں۔ سرد ہونے کے بعد نکال کر کھرل کر لیں۔

اب تین ماشہ کشتہ میں تین ماشہ ورق طلاء کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔ لاجواب اکسیر ہے۔
ترکیب استعمال: معمولی حالتوں اور پرانے دردوں میں ایک ایک رتی صبح و شام، عرق سونف، عرق جوائن ہر ایک 5 تولہ کے ساتھ یا منقہ وغیرہ میں لپیٹ کر استعمال کرائیں۔ اور اگر تکلیف زیادہ ہو۔ تو تین تین گھنٹہ بعد دیں۔ سرد پانی اور ہوا سے پرہیز کرائیں۔
نوٹ: غریب آدمی ورق طلا ملائے بغیر ہی استعمال کرائیں۔ اگر درد کی جگہ پر قیروطی لگادی جائے تو بہتر ہے۔

(43) قیروطی ذات الجنب

یہ قیروطی ذات الجنب، ذات الصدر، ذات العرض و شوصہ نمونیا وغیرہ کے لئے بارہا کی مجرب اور بے خطا ہے۔
اجزاو ترکیب استعمال: مٹر، حلبہ (میتھرے) ہر ایک 1 تولہ، ملٹھی 1 تولہ، کلونجی 7 ماشہ، عقر قرحا 4 ماشہ، موم سفید 5 تولہ، روغن گل 4 تولہ، موم اور روغن گل کے سوا سب دوائیں کوٹ کر کپڑ چھان کریں۔ پھر سب کو کڑچھی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ تاکہ یکجان ہو جائیں۔ پھر اتار کر نیم گرم ہی درد کی جگہ پر لیپ کر دیں۔ انشاء اللہ ایک ہی دفعہ لگانے سے افاقہ ہو جائے گا۔

(44) ضماد ذات الجنب

درد ذات الجنب کے لئے مجرب ہے اور آزمودہ ہے بشرطیکہ درد کا زیادہ جوش ہو۔
اجزاو ترکیب: شنگرف 4 رتی، مصبر ایک ماشہ باریک کر کے ایک عدد زردی بیضہ مرغ میں ملا کر درد کی جگہ لیپ کریں۔

(45) مالش ذات الجنب

ہماری ہروقت کی معمول مطب ہے۔ عام طور پر یہی استعمال کرائی جاتی ہے۔ محلل ہے آہستہ آہستہ درد کو آرام ہوتا جاتا ہے۔ تسکین درد کی نایاب اکسیر حصہ دوم میں درج کر دی ہے۔ باقی اصولی علاج کیا جائے۔
اجزاو ترکیب استعمال: اشق گوگل، مصطگی، رائی ہر ایک 4 ماشہ، افیون 4 رتی، زعفران 1 ماشہ، موم 2 تولہ، روغن کنجد 4 تولہ۔
خشک دوائیں پیس کر موم اور روغن کے ہمراہ کڑچھی میں گرم کریں۔ اور درد کی جگہ دس منٹ تک خوب مالش کر کے روئی باندھ دیں۔ اسی طرح صبح و شام یا زیادہ مالش کر کے باندھ دیا کریں۔ ہروقت باندھے رکھیں۔

(46) کشتہ پارہ سنگا

کئی دفعہ تیار کیا، سلسل بول، کثرت بول، ذات الجنب ذات الصدر، ذات العرض، شوصہ، دمہ بلغمی،

کھانسی بلغمی وغیرہ کے لئے مجرب المجرب اور معمول مطب ہے۔

اجزاو ترکیب: بارہ سنگا چیر کر انگلی کے برابر اس کے ٹکڑے بنا لیں۔ ڈنڈا تھوہر لا کر اس کے بھی ایک بالشت بھر لمبے لمبے ٹکڑے کاٹ لیں۔ اور انہیں لمبائی میں چیر کر درمیان میں بارہ سنگا کے ٹکڑے رکھ دیں۔ اور اوپر سے گل حکمت کر دیں۔ خشک ہونے پر ہوا سے بچا کر گڑھے میں 20 سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ سرد ہو جائے تو باریک پیس لیں۔

ترکیب استعمال: ایک ایک رتی صبح و شام سلسل بول کے لئے مکھن یا بتاشہ میں اور دمہ، کھانسی، ذات الجنب وغیرہ کے لئے شہد میں ملا کر چٹائیں۔

فوائد: ذات الجنب، ذات الصدر، ذات العرض، شوصہ، دمہ بلغمی، کھانسی بلغمی، درد ریحی خصوصاً سلسل بول اور کثرت بول کے لئے ازحد مفید ہے۔

(47) شربت کھانسی

یہ شربت کھانسی ہر قسم نزلہ، زکام پختہ و خام، ذات الجنب ذات الریہ، دمہ، سل کے لئے اکسیر ہے۔ اکثر ذات الریہ کے خراب حالت والے مریض اس سے شفایاب ہوئے ہیں۔ کھانسی، نزلہ و زکام و ذات الجنب وغیرہ کے لئے تو ہر وقت کا معمول ہے۔ بلغم کو پکا کر نکالتا ہے۔ اگر ذات الجنب کے علاج میں غفلت کرنے سے کھانسی اور درد پرانا ہو جائے اور زخم بن چکا ہو تو ایسی حالت میں یہ شربت عجیب اثر دکھلاتا ہے۔

اس شربت کو میرے کئی دوست معمول مطب بنا رہے ہیں اور سندات آ رہی ہیں جو احباب اسے معمول مطب بنائیں گے وہ ضرور دعا دیں گے۔ اس سے سل کے کئی مریضوں کو کمال فائدہ ہوا ہے۔

اجزاو ترکیب: عناب 30 دانے، لسوڑیاں 50 دانے، خطمی خبازی، گل بنفشہ ہر ایک 1. تولہ، انجیر 20 عدد، زوفا، ملٹھی ہر ایک تین تولہ، پرساؤشاں 2. تولہ، مصری 2. پاؤ۔

مصری کے سوا تمام دوائیں رات کو ایک سیر پانی میں بھگو کر صبح جوش دیں۔ جب آدھ سیر رہ جائے تو مل چھان کر مصری ملا کر شربت تیار کریں۔

ترکیب استعمال: تین تولہ شربت میں پانچ تولہ عرق گاؤزبان اور قدرے پانی ملا کر استعمال کرائیں۔ صبح و شام یا تین مرتبہ دن میں استعمال کرائیں۔ کسی وقت خالی چٹایا جاتا ہے۔ اور معمولی نزلہ و زکام و کھانسی میں عام طور پر صرف پانی ملا کر ہی دیا جاتا ہے۔

فوائد: کھانسی ہر قسم، نزلہ و زکام پختہ و خام و سل و ذات الجنب ذات الریہ وغیرہ کے لئے مخصوص ہے۔ خصوصاً بلغم کے پتلا کرنے اور پکانے اور سل کے لئے عجیب و غریب خاص چیز ہے۔

(48) نسخہ ذات الریہ

یہ نسخہ نہایت مفید اور بے خطا ہے۔ اگرچہ پھیپھڑے سے پیپ یا خون آ رہا ہو اور حالت بہت

نازک ہو۔ انشاء اللہ تعالیٰ اپنا پورا اثر دکھاتا ہے۔ نہایت مجرب ہے۔

اجزاو ترکیب استعمال: لسوڑیاں 7 عدد، تخم خیارین نیم کوفتہ، گل بنفشہ ہر ایک 6 ماشہ، ملٹھی، تخم خطمی، تخم خبازی، نکو خشک ہر ایک 4 ماشہ مویز منقی 9 دانہ۔ سب دواؤں کو آدھ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب ایک پاؤ رہ جائے گلقند بنفشہ 2 تولہ پر گرما گرم ہی ڈال دیں۔ اور مل چھان کر رکھ لیں۔ پھر مغز بادام 10 عدد آدھ پاؤ پانی میں گھوٹ کر اس میں ملائیں۔ اور پلائیں۔ اسی طرح دو وقت تازہ بنا کر استعمال کرائیں تو ذات الریہ کو خدا کے فضل سے بہت جلد آرام ہوتا ہے۔ بظاہر تو اس کے اجزا معمولی معلوم ہوتے ہیں۔ مگر جو فائدہ میں نے اس میں دیکھا ہے وہ بڑے بڑے نسخہ جات میں بھی نہیں دیکھا گیا۔

(49) لعوق کھانسی ہر قسم

معمول وعطیہ حضرت استاذی مخدومی علامہ زمان جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب لاہوری۔

اجزاو ترکیب: عناب 30 دانہ، لسوڑیاں 50 دانہ، انجیر 30 دانہ گل بنفشہ، تخم خطمی، تخم خبازی ہر ایک دو تولہ، ملٹھی، زوفا خشک کوکنار ہر ایک تین تولہ، شیرہ مغز بادام، شیرہ تخم خشخاش ہر ایک پانچ تولہ، دار چینی ایک تولہ، مشک خالص 4 رتی، شہد خالص مصری ہر ایک ایک پاؤ، حسب دستور لعوق تیار کریں۔

ترکیب استعمال: دن میں تین چار بار تولہ تولہ چٹائیں۔

(50) گولیاں کھانسی ہر قسم ①

کھانسی ہر قسم اور دمہ کے لئے مجرب و معمول ہے۔

اجزاو ترکیب: رب السوس، صمغ عربی ہر ایک 2. تولہ، نشاستہ افیون ہر ایک تولہ تولہ۔ سب دوائیں باریک کر کے تھوڑا تھوڑا پانی ملا کر کھرل کریں۔ جب گولی بننے کے لائق ہو جائے تو گولیاں بقدر دانہ مسور تیار کریں۔

ترکیب استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام پانی کے ساتھ استعمال کرائیں۔ کالی کھانسی کے لئے ہمراہ شیرہ مغز بادام سات عدد استعمال کرائیں۔

فوائد: کھانسی ہر قسم اور دمہ کے لئے معمول ہیں۔ آنکھوں کے نزول کے لئے استعمال کرائی جاتی ہیں۔

(51) گولیاں کھانسی ہر قسم ②

اجزاو ترکیب: رب السوس، ست اسبغول، صمغ عربی، نشاستہ کتھا چاول کہنہ ہر ایک ایک تولہ، افیون، زعفران ہر ایک ایک ماشہ پانی سے کھرل کر کے حب بقدر نخود تیار کریں۔

ترکیب استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ آب خالص استعمال کرائیں۔

(52) لعوق کالی کھانسی اطفال ①

اجزاو ترکیب: ناریل (کھوپہ گری)۔ خشخاش، صمغ عربی، کتھا ہر ایک تین ماشہ، شہد تین تولہ، سب

دوائیں باریک پیس کر شہد میں ملا کر لعوق بنالیں۔
ترکیب استعمال: دو دو ماشہ صبح و شام چٹائیں۔

(53) لعوق کالی کھانسی ②

یہ لعوق مسیحائی اثر دکھلاتا ہے اور ہمارے ہاں ہر وقت تیار رہتا ہے۔ ایک بے خطا چیز ہے۔

اجزا و ترکیب: اتیس، ملٹھی، کاکڑا سنگی، گھاں ہر ایک 3 ماشہ باریک پیس کر شہد تین تولہ میں ملا لیں۔

ترکیب استعمال: دن میں تین چار بار چٹائیں ایک سال کے بچے کے لئے ایک ماشہ فی خوراک۔ دو سال کے بچے کے لئے 2 ماشہ فی خوراک استعمال ہونا چاہئے۔

(54) گولیاں کھانسی خشک

مغز بادام، مغز کدو ہر ایک 7 ماشہ، کتیرا، مغز پستہ، مغز فندق ہر ایک 5 ماشہ، صمغ عربی، نشاستہ ہر ایک 4 ماشہ۔

تمام ادویات باریک کر کے اسبغول کے لعاب سے گولیاں بقدر جنگلی بیر کے تیار کریں۔

ترکیب استعمال: ایک ایک گولی صبح و دوپہر و شام ہمراہ شربت بنفشہ یا آب خالص استعمال کرائیں۔

(55) جوشاندہ برائے ہچکی ①

پہلے ہلکا سا مسہل دے کر یہ نسخہ استعمال کرائیں۔

اجزا و ترکیب استعمال: ملٹھی، مصری ہر ایک 6 ماشہ، تین چھٹانک پانی میں جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے تو مل چھان کر پلائیں۔ ایسی ایک ایک خوراک تین تین گھنٹہ بعد دیں۔

(56) جوشاندہ برائے ہچکی ②

اجزا و ترکیب استعمال: سرکہ، پانی ہر ایک 5 تولہ ملا کر پلائیں۔ ایسی ایک ایک خوراک تین تین گھنٹہ بعد استعمال کرائیں۔

(57) دوائے ضیق النفس

ضیق النفس (دمہ) بلغمی میں نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔

اجزا و ترکیب: آرد مونگ حسب ضرورت لے کر آک کے دودھ میں خوب تر کریں۔ پھر کوزہ گلی میں ڈال کر منہ چکنی مٹی سے اچھی طرح بند کر کے خشک کریں اور ہوا سے بچا کر 6 سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر باریک پیس لیں۔

ترکیب استعمال: ایک ایک رتی صبح و شام مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کرائیں۔ غذا شوربہ نخود، شوربہ گوشت بز، شلغم وغیرہ۔

(58) گولیاں کھانسی ہر قسم ①

یہ گولیاں کھانسی کے تمام اقسام خصوصاً کھانسی بلغمی کے لئے زود اثر ثابت ہوئی ہیں۔ نیز درد شقیقہ، درد عصابہ کے لئے بھی فائدہ کرتی ہیں۔ تپ کو مفید ہیں۔

اجزاو ترکیب: جوز ماثل سیاہ تین تولہ، سونٹھ، ریوند چینی ہر ایک دو تولہ، صمغ عربی 4 تولہ، باریک پیس کر پانی کی مدد سے گولیاں بقدر مرچ سیاہ تیار کریں۔

ترکیب استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ شربت بنفشہ یا پانی استعمال کرائیں۔

فوائد: کھانسی ہر قسم خصوصاً کھانسی بلغمی کے لئے مفید ہیں۔ شقیقہ و عصابہ اور تپ کو فائدہ کرتی ہیں۔

(59) اکسیر ذات الریہ

نمونیا کا نہایت بے مثل نسخہ رئیس الاطباء حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب مرحوم لاہوری کے معمولات سے ہے۔ جہاں ذات الریہ کے مریض کو سخت تکلیف ہو۔ اس نسخہ کی ایک خوراک دینے سے ہی صحت ہونی شروع ہو جاتی ہے اور نمونیا کے تمام عوارض مثلاً تپ لازمی کھانسی، ضیق النفس کو فوری آرام ہونا شروع ہو جاتا ہے۔

اجزاو ترکیب استعمال: عناب ایرانی 5 دانہ، لسوڑیاں 11 دانہ، تخم خطمی، بیہدانہ، تخم خبازی ہر ایک تین ماشہ۔

سب دوائیں رات کو ڈیڑھ پاؤ گرم پانی میں بھگو رکھیں۔ صبح مل چھان کر شربت بنفشہ تین تولہ، شیرہ تخم کاہو 5 ماشہ ملا کر پلائیں۔ اگر موسم سرما ہو تو اسی دوائی میں شیرہ تخم کاہو تین ماشہ ملا کر جوشاندہ بنا کر استعمال کریں۔ اس کے علاوہ ذات الجنب، ذات الصدر، ذات العرض، درد عضلات، ابتداء دق وغیرہ کے لئے بہت مفید ہے۔ اگر قبض کی شکائت ہو تو ایک وقت مندرجہ ذیل دوا استعمال کرائیں۔

فلوس خیار شنبر (گودہ املتاس) 4 ماشہ، بادام روغن 6 ماشہ، عرق مکو، عرق کاسنی ہر ایک سات تولہ، عرق گلاب، عرق سونف ہر ایک 5 تولہ، سب دوائیں ملا کر ایک دو جوش دیں۔ پھر مل چھان کر پلائیں۔ قبض کی شکائت رفع ہو جائے تو اسے بند کر دیں۔ سینہ اور پشت پر موم و روغن گل کی مالش کرائیں۔ اگر درد زیادہ ہو تو قیروطی نمبر 43 کا استعمال اچھا ہے۔

فوائد: ذات الریہ (نمونیا) ذات الجنب، ذات الصدر، ذات العرض، درد عضلات، ابتدا دق کے لئے معمول ہے اور ایک بھروسہ کا باقاعدہ علاج ہے۔

(60) دمہ بلغمی کا نسخہ

اجزاو ترکیب: تخم حنظل (گودہ اندرائن خشک شدہ) ایک تولہ قند سیاہ 2 تولہ، دونوں دوائیں ہاون دستہ میں خوب کوٹ کر ملائیں پھر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ شیر گائے استعمال کرائیں۔ اگر اس سے بافراغت

ایک اسہال آجایا کرے تو بہتر۔ ورنہ تین گولیاں روزانہ استعمال کرائیں۔ کم از کم ایک اسہال ان سے روزانہ آجانا ضروری ہے۔ غذا روٹی مرغن، شوربہ گوشت، شوربہ نخود، شلغم، کدو، توری وغیرہ۔

نوٹ: اس دوائی کے ساتھ گھی بکثرت استعمال کرنا لازمی ہے۔ اگر گھبراہٹ معلوم ہو تو پاؤ بھر دودھ میں 2 تولہ گھی گرم شدہ 2 تولہ مصری ملا کر یا شربت بنفشہ 5 تولہ میں عرق گاؤ زبان، عرق گلاب ہر ایک 5 تولہ ملا کر استعمال کرانا چاہئے۔ گرم ترش تیل والی اشیاء سے پرہیز کرائیں۔

(61) خون بند کرنے کا عجیب نسخہ

(خون تھوکنا) قے الدم (قے کے ساتھ خون آنا) نکسیر آنا، خون بواسیر، بول الدم، سیلان الرحم وغیرہ خواہ جس جگہ سے خون آرہا ہو۔ فوراً اس سے بند ہو جاتا ہے۔ اور پھر لطف یہ ہے کہ اس سے تکلیف کسی قسم کی نہیں ہوتی۔ ایک قابل قدر نسخہ ہے جو مخدومنا حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کا معمول ہے۔ کئی دفعہ اس کا تجربہ ہو چکا ہے۔

اجزاو ترکیب: سنگ جراحت 5 تولہ، برگ نیم سبز یا بکائن سبز ایک پاؤ۔

برگ نیم کو خوب گھوٹ لیں اور سنگ جراحت اس میں رکھ کر کپڑا لپیٹ کر ہوا سے بچا کر سات سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر کھرل کر لیں۔

ترکیب استعمال: ایک ایک ماشہ صبح و شام مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

فوائد: نفث الدم، قے الدم، نکسیر، استحاضہ، خون بواسیری، بول الدم، سیلان الرحم وغیرہ تمام اعضاء کا خون بند کرتا ہے۔ ایک بے ضرر مجرب المجرب چیز ہے۔ تپ کے لئے بھی مفید ہے۔ ہمہ صفت موصوف لاثانی نسخہ ہے۔

(62) اکسیر کالی کھانسی اطفال

اس مرض کے تسلی بخش نسخے بہت کم پائے جاتے ہیں۔ کھانسی اس شدت سے ہوتی ہے کہ بعض اوقات غذا بھی قے کے ذریعہ نکل آتی ہے۔ اس کے لئے یہ دوائی بہت مفید ثابت ہوئی ہے۔ بلغمی کھانسی اور دمہ بلغمی کے لئے بھی مفید ہے۔

اجزاو ترکیب استعمال: سہاگہ، نوشادر، نمک سونچر، جو کھار ہر ایک 6 ماشہ، جوائن خراسانی 1 تولہ، ثمر یعنی پھل کٹائی خورد (موکڑی) 6 تولہ۔ سب دوائیں تین گھنٹہ تک کھرل کرنے کے بعد کوزہ گلی میں ڈال کر منہ بند کریں۔ اور خشک ہونے پر تین سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ سرد ہو جائے تو نکال کر پیس لیں۔

ترکیب استعمال: چار چار رتی کھانڈ میں ملا کر دن میں تین چار دفعہ استعمال کرائیں۔

فوائد: دمہ بلغمی خصوصاً کالی کھانسی اطفال کے لئے ازحد مفید ہے۔

(63) کشتہ سنکھ

جو کہ ذات الجنب بلغی، ذات الجنب ریحی کہنہ وغیرہ اور دردہائے ریحی کے لئے بہت نافع ہے۔

خصوصاً بچوں کے سنپاتی پرانے تپوں اور ڈبہ کے لئے عمدہ شے ہے۔ نیز مبارکی' تپ بلغمی مار گزیدہ اور تمام بلغمی امراض کے لئے ازحد مفید ہے۔

نسخہ مکرمی محبی حکیم مولوی تاج الدین صاحب ساکن دھریمہ کا مشہور عام اور معرکہ کا نسخہ ہے۔ نیازمند نے اپنے ہاتھ سے بنایا اور مفید پایا۔

اجزاو ترکیب: سنکھ دس تولہ کو ٹکڑوں میں خوب گرم کر کے تیل تارامیرا میں بجھائیں۔ سرد ہونے پر نکال کر دوبارہ گرم کر کے تیل مذکور میں بجھائیں۔ اسی طرح دس بارہ دفعہ عمل کریں۔ پھر کوزہ گلی میں رکھ کر اس پر آک کا دودھ اس قدر ڈالیں کہ غرق ہو جائے۔ بعد ازاں گل حکمت کر کے ہوا سے بچا کر 35 سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر دوبارہ آک کے دودھ سے بدستور تر کر کے 25 سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں اور باریک کھرل کریں۔

ترکیب استعمال: جوان آدمی کے لئے دو دو رتی صبح و شام بتاشہ وغیرہ میں رکھ کر استعمال کرائیں۔ وزن میں حسب عمر و ضرورت کمی بیشی کی جا سکتی ہے۔ سرد اور ریح پیدا کرنے والی اشیاء سے پرہیز کرائیں۔

فوائد: ذات الجنب بلغمی و ریحی' تپ کہنہ' ڈبہ' مبارکی' تپ سنپات' تمام ریحی دردوں وغیرہ کے لئے نہایت مفید ہے۔

(64) دوائے دمہ

ایک بزرگ کا فرمودہ ہے۔ اس کے استعمال سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔ غریبوں کے لئے عمدہ ٹونکا ہے۔

اجزاو ترکیب استعمال: پیپر منٹ آئل اصلی (تیل پودینہ) شیشی میں ڈال کر مریض کے حوالہ کرو۔ جب مرض کا دورہ ہو تو ایک تنکا (تیلہ) تیل مذکور میں تر کر کے چوس لے۔ اسی طرح تمام دن تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد چوستا رہے اور غفلت نہ کرے۔ کچھ دن مداومت کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ آرام ہو جائے۔

(65) حب سعال نزلی و نزلہ قویہ

یہ گولیاں اس کھانسی کے لئے جو نزلہ کی وجہ سے ہو اور نزلہ سخت کے لئے جس سے لگاتار ناک سے پانی جاری ہو بے مثل ہیں۔ نزلہ اور کھانسی نزلی کو فوری فائدہ کرتی ہیں اور بے ضرر ہیں۔ ایک اصولی عمدہ نسخہ ہے۔

اجزاو ترکیب: کوکنار 5 تولہ' رات کو قریباً ایک پاؤ پانی میں بھگو رکھیں۔ صبح جوش دیں۔ جب خوب حل جائے۔ تو مل چھان کر دوبارہ پکائیں۔ جب گاڑھا ہو جائے۔ مال کنگنی 2 تولہ باریک کر کے ملا دیں۔ اور چمچہ سے ہلاتے رہیں۔ آنچ نرم رکھیں۔ نیچے اتار کر گولیاں چنے کے برابر بنائیں۔

ترکیب استعمال: وقت ضرورت ایک گولی اور عام حالتوں میں ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ استعمال کرائیں۔

فوائد: کھانسی نزلی اور نزلہ سخت کے روکنے کے لئے معمول ہے۔

مجربات امراض معدہ و امعاء وغیرہ

(66) عرق ہاضم

یہ عرق میں نے کئی دفعہ تیار کیا ہے۔ غذا کو خوب ہضم کرتا ہے۔ باؤ گولہ، ہیضہ، طحال اور پرسوت (سوتک) کے لئے نہایت نافع ہے۔ درد شکم اور نفخ کو فائدہ کرتا ہے۔ نہایت زود اثر اور نفیس عرق تیار ہوتا ہے اور بالکل سستا بنتا ہے۔ لطف یہ کہ مدت تک خراب نہیں ہوتا۔

اجزا و ترکیب: نوشادر، شورہ قلمی، نمک شیشہ ہر ایک ایک پاؤ سہاگہ آدھ پاؤ، گودہ گھیکوار ایک سیر۔ خشک دواؤں کو باریک کر کے گودہ گھیکوار سمیت کسی مٹی کے برتن میں ڈال کر چپنی رکھ کر منہ کو چکنی مٹی سے خوب بند کر دیں اور کھاد میں دفن کریں۔ 15 روز کے بعد نکال کر دیکھیں۔ یہ زرد رنگ کا نہایت صاف عرق تیار ہو گا۔ کپڑے میں چھان کر بوتل میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: پانچ سے دس قطرہ تک صبح اور اسی قدر شام کو عرق سونف، عرق پودینہ یا پانی میں ملا کر استعمال کرائیں۔

فوائد: ہاضمہ کے تمام نقائص کو دور کرتا ہے۔ ہیضہ، طحال و تلی پرسوت و باؤ گولہ کے لئے نافع ہے۔

(67) سفوف ہاضم

یہ سفوف سینکڑوں دفعہ تیار کیا جا چکا ہے۔ اس میں ایک لطف یہ ہے کہ نہایت لذیذ اور خوش ذائقہ ہوتا ہے اور فائدہ میں بھی بے نظیر ہے۔ معدہ کو از حد طاقت دیتا ہے۔ ریح خارج کرتا اور غذا کو خوب ہضم کرتا ہے۔ اس سے دودھ اچھی طرح ہضم ہوتا ہے۔ اگر اسہال آتے ہوں تو ان کو بھی بند کر دیتا ہے۔ پرانے ضعف معدہ کے لئے نہایت عجیب و غریب نسخہ ہے۔

حضرت استاذنا مخدومنا حکیم ڈاکٹر محمد بخش صاحب مرحوم طبیب خاص نواب صاحب بہاول پور کا عطیہ ہے۔ ان کے بیاض خاص کا نسخہ ہے۔

اجزا و ترکیب: پوست تمر ہندی (املی جس سے بیج نکال لئے گئے ہوں)۔ پوست سماق (ترشی) انار دانہ ہر ایک ایک تولہ زنجبیل، فلفل دراز، دانہ الائچی کلاں، دانہ الائچی خورد، زیرہ سیاہ زیرہ سفید، ناگیسر، نمک دیسی، نمک سونچر، کشنیز خشک ہر ایک 3 ماشہ، مصری دیسی 1 تولہ۔

سب چیزوں کو باریک پیس کر سفوف بنالیں۔

ترکیب استعمال: چھ چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ عرق پودینہ یا پانی استعمال کرائیں۔

فوائد: اعلیٰ درجہ مقوی معدہ' ہاضم غذا' مخرج ریاح' ہاضم شیر وغیرہ ہے۔ معمولی اسہال جو ضعف معدہ کے سبب سے ہوں۔ اس سے بہ آسانی بند ہو جاتے ہیں۔

(68) نمک سلیمانی

ہر وقت کا معمول' دافع درد معدہ و ہاضم طعام مخرج ریاح ہے۔ ہیضہ کے لئے معمول ہے۔ نہایت سریع الاثر سفوف ہے۔

اجزاو ترکیب: نوشادر تین ماشہ' مرچ سیاہ' دانہ الائچی خورد ہر ایک 4 ماشہ' نمک سیاہ 6 ماشہ' سب اشیاء کو باریک پیس کر سفوف تیار کریں۔

ترکیب استعمال: ایک ایک ماشہ صبح و شام استعمال کرائیں۔ اگر درد شکم ہو تو 2 ماشہ ہمراہ عرق سونف یا عرق پودینہ یا پانی ایک ایک گھنٹہ کے بعد دیں۔

فوائد: دافع درد معدہ' درد شکم' ضعف معدہ و ریاح ہے۔ ہیضہ کے لئے معمول نہایت زود اثر ہے۔ ہاضمہ کی تمام شکایات کے لئے نہایت اچھی چیز ہے۔

(69) گولیاں درد شکم

استاذ مکرم حکیم محمد بخش صاحب بہاولپوری کے بیاض کا نسخہ ہے۔ درد شکم' باؤ گولہ' ضعف ہضم کے لئے خاص طور پر معمول ہے۔

اجزاو ترکیب: گل مدار (آک) خشک شدہ 2 تولہ' فلفل سیاہ' نمک دیسی ہر ایک 4 تولہ' زنجبیل 9 ماشہ' دوائیں باریک پیس کر تھوڑا تھوڑا پانی ملا کر رگڑتے جائیں۔ جب گولی بننے کے لائق ہو جائے تو گولیاں بقدر جنگلی بیر تیار کریں۔

ترکیب استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام استعمال کرائیں۔ اگر درد شکم ہو تو چار گولیاں گرم پانی سے دیں۔

فوائد: دافع درد معدہ' درد شکم' ضعف ہضم' ہاضمہ کی عام خرابیوں کے لئے اکسیر ہیں۔ مقوی معدہ درجہ کمال ہیں۔ ریاح خارج کرتی ہیں۔

(70) سفوف مقوی معدہ

حد درجہ مقوی معدہ ہے اسہال معدی کے لئے بھی مفید ہے۔ حکیم صاحب لاہوری کا نسخہ ہے۔

اجزاو ترکیب استعمال: مصطگی رومی' دانہ الائچی خورد' طباشیر ہر ایک تین ماشہ' مصری 9 ماشہ' باریک پیس کر سفوف ملائیں۔

ترکیب استعمال: تین ماشہ سے چھ ماشہ تک استعمال کرائیں۔

فوائد: معدہ کی طاقت زیادہ کر کے بھوک بڑھاتا ہے۔ معدی دستوں کے لئے دن میں تین خوراک استعمال کرائیں۔

(71) گولیاں برائے درد شکم

درد شکم، درد امعاء، ضعف معدہ، قے، دست، ہیضہ، کثرت ریاح، ضعف ہضم وغیرہ، ہر قسم خرابی ہضم کے لئے نہایت سریع الاثر ہیں۔

اجزاو ترکیب استعمال: گندھک آملہ سار، نوشادر، فلفل دراز مرچ سیاہ ہر ایک تین تولہ، جو کھار، گل مدار در سایہ خشک کردہ سہاگہ بریاں، لونگ ہر ایک 6 ماشہ، ہینگ بریاں تین ماشہ، نمک سیاہ سات تولہ، ست لیموں 1 تولہ۔

سب دوائیں باریک کوٹ چھان کر پانی کی مدد سے گولیاں بقدر جنگلی بیر تیار کریں۔ قے، دست، ہیضہ، درد شکم میں دو دو گھنٹہ بعد ایک ایک گولی ہمراہ عرق سونف، عرق پودینہ ہر ایک 6 تولہ، سرکہ ایک تولہ استعمال کرائیں۔

ترکیب استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔

فوائد: معدہ کی تمام امراض متعلقہ ہضم کے لئے اکسیر ہیں۔

(72) سفوف تریاق شکم

دافع درد معدہ، بد ہضمی، ضعف معدہ، قراقر، ہیضہ، جی متلانا، قے، کھٹے ڈکار آنا، باؤ گولہ، بھوک نہ لگنا، کثرت ریح وغیرہ تمام امراض شکم کے لئے عجیب و غریب ہے۔ ہر مطب میں اس کا تیار رہنا ضروری ہے۔ بہت بے نظیر زود اثر نسخہ ہے۔ اس سے کئی کہنہ مریض شفایاب ہوئے ہیں۔

اجزاو ترکیب: فلفل دراز، نمک سونچر ہر ایک 4 تولہ، دانہ الائچی خورد ایک تولہ، پودینہ خشک، زیرہ سیاہ، زیرہ سفید، پوست بیرون پستہ، سونف، مرچ سیاہ، جوائن، دار چینی قلمی، نمک سنگ، نمک چوڑی، نمک سیاہ، تنتری، گیرو ہر ایک 2 ماشہ باریک پیس کر ست لیموں، ست زنجبیل، ست پودینہ، ست جوائن، زہر مہرہ خطائی ہر ایک 2 رتی ملا کر خوب پیسیں تاکہ خوب مل جاویں۔ پھر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: ایک ایک ماشہ صبح و شام استعمال کرائیں۔ اگر درد شکم یا ہیضہ ہو تو گھنٹہ گھنٹہ بعد ہمراہ عرق سونف 7 تولہ سرکہ 2 تولہ استعمال کریں۔

فوائد: تریاق شکم ہے۔ سوء ہضم کی تمام امراض مثلاً درد معدہ، بد ہضمی، ضعف معدہ، قراقر، ہیضہ، قے، بد ہضمی کے دست، باؤ گولہ، متلی، کمی اشتہا کی بے خطا دوائی ہے۔

(73) چٹکی اطفال

بچوں کی تمام امراض مثلاً اسہال، بد ہضمی، خرابی شیر، قلاع (منہ آنا)، ورم لوزتین یعنی گلے پڑ جانا، ورم و استرخالہات، ورم ثدہ وغیرہ کے لئے بے حد مفید ہے۔ علامہ زمان حضرت استاذنا و مخدومنا جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب لاہوری کے صندوقچہ کا نسخہ ہے۔ جو مفت میں آپ کو مل رہا ہے۔ اگر آپ اس کی قدر نہ کریں تو بہت بے انصافی ہو گی۔

اجزاو ترکیب: طباشیر، کشنیز خشک، تنتری، بھنگڑی، مغز تخم کدو، مغز خیارین، مغز کنول گٹہ (جس کے پتے نکالے گئے ہوں) ہر ایک 2 تولہ، کتھ گلابی، کافور ہر ایک 4 تولہ، الائچی خورد، مازو، الائچی کلاں، پوست ہلیلہ زرد، مائیں، حب آلاس، صندل سرخ، صندل سفید، تخم خرفہ، بنفشہ ہر ایک 1/2 تولہ، گلنار پانچ تولہ، کیرا، صمغ عربی ہر ایک 7 ماشہ، سب دوائیں الگ الگ کوٹ چھان کر ملالیں۔

ترکیب استعمال: وقت ضرورت ایک ایک چٹکی صبح و شام حلق میں ڈالیں۔ قلاع ہو تو چھالوں پر مل دیں۔

فوائد: شیر خوار بچوں کی تمام امراض مثلاً قے، اسہال، قلاع (منہ آنا) ورم لوزتین (گلے پڑنا)، استرخالہات (گھنڈی) پڑ جانا، ورم ثدی، دودھ کی خرابی، بد ہضمی، تپ وغیرہ کے لئے اکسیر ہے۔ اس سے جما ہوا دودھ قے سے نکل کر فوری صحت ہوتی ہے۔

(74) حبوب تریاق الاطفال

یہ گولیاں نہایت مجرب اور آزمودہ ہیں۔ بچوں کے اسہال، بدہضمی، گرمی، سوکھا یعنی بچہ کا دن بدن سوکھتے جانا اور لاغر ہوتے جانا، پیاس اور تپ کا ہونا، ساتھ اسہال اور قے کا جاری ہونا، تالو کا بیٹھ جانا، بچہ کا بے قرار رہنا وغیرہ۔

عام کمزوری، لاغری، قے اور اسہال اور بدہضمی، زردی رنگ کے لئے واقعی تریاق ہیں۔ خصوصاً بچوں کے سوکھا کے لئے نہایت ہی زود اثر ہیں۔

اجزاو ترکیب: مروارید ناسفتہ 4 رتی، زہر مہرہ خطائی، سنگ یسود، ناریل دریائی، پوست ہلیلہ زرد، الائچی خورد طباشیر ززورد ہر ایک 6 ماشہ۔

دواؤں کو پختہ کھرل میں ایک گھنٹہ تک روح کیوڑہ میں کھرل کریں۔ باقی دوائیں الگ الگ کوٹ کر کپڑ چھان کریں۔ پھر سب اشیاء کو ملا کر عرق گلاب میں خوب کھرل کر کے گولیاں بقدر مونگ تیار کریں۔

ترکیب استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام شیر والدہ یا عرق گلاب میں گھس کر استعمال کرائیں۔ دودھ پلانے والی کو گرم اشیا سے پرہیز کرائیں۔

(75) دوائے چہار و الطفال

اس مرض میں سبز رنگ کے اسہال آنے لگتے ہیں۔ اور لڑکا دن بدن سوکھتا جاتا ہے۔ عموماً سر میں پھوڑے بھی نکل آتے ہیں۔ جو خارجی دواؤں سے پورے طور پر اچھے نہیں ہوتے۔ اس کے لئے یہ نسخہ بہت عمدہ ہے۔

اجزاو ترکیب: طباشیر، گل سرخ، زہر مہرہ خطائی ہر ایک 6 ماشہ، الائچی خورد 4 ماشہ، مروارید ناسفتہ 4 رتی، مصری کوزہ ایک تولہ۔

مروارید کو روح کیوڑہ میں کھرل کر کے باقی دوائیں الگ الگ باریک پیس کر سب اشیاء کو خوب ملا

لیں۔

ترکیب استعمال: ڈیڑھ ڈیڑھ ماشہ صبح وشام ہمراہ شیر گائے یا عرق سونف استعمال کرائیں۔

فوائد: اسہال سبز، سر کے پھوڑے وغیرہ، خرابی خون اور سوکھا کے لئے ایک زود اثر چیز ہے۔

(76) چورن قابض مقوی معدہ

اجزاو ترکیب: انار دانہ 2 تولہ، فلفل دراز، فلفل سیاہ، ناگیسر دار چینی، زنجبیل ہر ایک چار ماشہ، مصری 5 تولہ، سب کو کوٹ کر سفوف تیار کریں۔

ترکیب استعمال: چار چار ماشہ صبح وشام ہمراہ شربت انار 2 تولہ استعمال کرائیں۔

فوائد: نہایت مقوی معدہ ہے اور غذا کو ہضم کرتا ہے۔ اسہال معدی کو جو ضعف معدہ اور بد ہضمی سے ہوں بند کرتا ہے۔ نہایت خوش ذائقہ اور سریع الاثر ہے۔

(77) گولیاں قبض کشا و دافع درد شکم

رئیس الاطباء حضرت استاذنا و مخدومنا جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب لاہوری کا معمول مطب اور نیازمند کا مجرب ہے۔

اجزاو ترکیب: مصبر، عصارہ ریوند، نوشادر ہر ایک ایک تولہ، مصطگی رومی 6 ماشہ، سب دوائیں باریک پیس کر دو دو قطرہ پانی ڈالتے جائیں۔ اور گھونٹتے رہیں۔ جب گولیاں بننے کے لائق ہو جائے۔ تو گولیاں بقدر نخود تیار کریں۔

ترکیب استعمال: ایک یا دو گولی رات کو سوتے وقت ہمراہ دودھ استعمال کرائیں۔ اگر درد شکم ہو تو گرم پانی کے ساتھ تین عدد استعمال کرائیں۔

فوائد: قبض کشا ہیں دائمی قبض کے لئے مفید و معمول ہیں معدہ کی درد کو مفید ہیں معدہ کو صاف کرتی ہیں۔

(78) دوائے وجع الفواد ①

وجع الفواد یعنی کوڑی کے درد کے لئے ایک بے خطا چیز ہے۔ اس کی پہلی حد دوسری خوراک سے ہی آرام ہو جاتا ہے۔ اس مرض کی یہ ایک آخری دوا ہے۔ اس کا تجربہ کر کے اس کا مسیحائی اثر دیکھیں۔ میں نے اس سے کئی مریضوں کا علاج کیا ہے۔

اجزاو ترکیب: اونٹنی کا دودھ 1 سیر، نمک لاہوری باریک شدہ 8 تولہ، زعفران اعلیٰ باریک شدہ چھ ماشہ، اونٹنی کا دودھ اور نمک ایک بڑی ہانڈی میں ڈال کر نرم آنچ پر پکائیں۔ جب گاڑھا ہو جائے تو زعفران ملا کر آگ بند کر دیں۔ اور صرف کوئلوں کی آنچ پر رہنے دیں اور ہلاتے رہیں۔ جب قوام مثل حلوہ کے ہو جائے تو کسی رکابی وغیرہ میں ڈال دیں۔ جب خشک ہو جائے تو باریک پیس کر بوتل میں محفوظ رکھیں۔ ایک سال تک خراب نہیں ہوتا۔

ترکیب استعمال: ڈیڑھ ڈیڑھ ماشہ صبح و شام ہمراہ آب سرد استعمال کرائیں۔ غذا گوشت روٹی یا شوربہ توڑ کر پھلکا دینی چاہیے اور دودھ' چاول' دہی' چربی' چسی وغیرہ بادی اشیاء سے پرہیز کرائیں۔

(79) دوائے وجع الفواد ②

اس سے کئی مریض صحت یاب ہوئے ہیں۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔

اجزاو ترکیب: تخم کاسنی' مصطگی رومی' زراوند طویل' الائچی خورد' سونف رومی' گل سرخ' دارچینی ہر ایک ایک تولہ' ریوند خطائی چھ ماشہ' سوڈا بائی کارب تین تولہ۔ سب دوائیں الگ الگ باریک کوٹ کر ملا لیں۔

ترکیب استعمال: چھ چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت افستین تین تولہ' عرق سونف 12 تولہ استعمال کرائیں۔ پرہیز وغیرہ پہلے نسخہ میں تحریر کی جا چکی ہے۔

(80) دوائے وجع الفواد ③

اجزاو ترکیب استعمال: ہیرا ہینگ ایک رتی منقہ میں لپیٹ کر پانی سے نگلوا دیں۔

(81) دوائے وجع الفواد ④

وجع فواد جو گرمی کے مادہ سے ہو۔ اس اکسیر کے استعمال سے دور ہو جاتا ہے۔ استاذ الحکماء حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب لاہوری کے معمولات سے ہے۔

اجزاو ترکیب استعمال: گل سرخ ایک تولہ' کافور 6 ماشہ' پودینہ طباشیر ہر ایک 2 تولہ' دوائیں باریک کوٹ کر ملا لیں۔

ترکیب استعمال: دو دو ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت انار ترش استعمال کرائیں۔

(82) گولیاں اکسیر ہیضہ ①

یہ گولیاں اس حالت میں بھی اپنا مسیحائی اثر دکھلاتی ہیں جب کہ مریض کی حالت بہت خراب ہو چکی ہو اور مایوسی کے علامات نمودار ہوں' یعنی نبض ساقط ہو اور ناخن سیاہ ہو گئے ہوں۔ جسم سرد ہو جائے' آنکھیں اندر کو دھنس جائیں' مریض سخت کمزور ہو وغیرہ وغیرہ۔ جو جو صاحب ان کا تجربہ کریں گے وہ ضرور داد دیں گے۔ غرض ایک چوٹی کا نسخہ ہے جس کی تعریف احاطہ تحریر میں نہیں آ سکتی۔

اجزاو ترکیب: ہلدی' چونہ' لال مرچ ہر ایک 6 ماشہ' دوائیں باریک پیس کر تھوڑا تھوڑا پانی ملا کر کھرل کریں۔ جب گولی بننے کے لائق ہو جائے تو گولیاں بقدر دانہ مونگ تیار کریں۔

ترکیب استعمال: ہر بیس منٹ کے بعد ایک ایک گولی پانی کے ساتھ دیں۔ اگر حالت زیادہ خراب ہو تو 10 یا 15 منٹ کے بعد دینی چاہیے اور پیاس کے لئے الائچی خورد' پودینہ ہر ایک 5 ماشہ' ایک سیر پانی میں گھوٹ کر رکھ دیں۔ اور تھوڑا تھوڑا پلاتے رہیں۔ بعض اوقات گولیاں بھی اسی کے ساتھ ہی دی جاتی

ہیں۔

(83) اکسیر ہیضہ وبائی

علامہ استاذ الحکماء لاہوری کے معمولات سے ہے۔

اجزاو ترکیب استعمال: زہبی تین ماشہ پانی دس تولہ میں گھوٹ کر پلائیں۔ یہی وزن دو دو گھنٹہ بعد یا گھنٹہ گھنٹہ بعد بار بار پلائیں۔

(84) گولیاں ہیضہ ②

اجزاو ترکیب: کافور' جدوار خطائی' زہر مہرہ خطائی' ناریل دریائی مرچ سیاہ ہر ایک ایک تولہ' سرکہ انگوری 10 تولہ' سب دوائیں الگ الگ کوٹ کر وزن کریں پھر سرکہ تھوڑا تھوڑا ملا کر کھرل کرتے جائیں۔ جب گولی بننے کے لائق ہو جائے تو جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال: گھنٹہ گھنٹہ کے بعد ایک ایک گولی ہمراہ سکنجبین یا آب زلال دوغ ترش وغیرہ استعمال کرائیں۔ اگر گولی قے سے خارج ہو جائے تو فی الفور دوسری دے دیں۔

(85) اکسیر پیچش ①

استاذ الحکماء زبدۃ الاطباء حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب مرحوم و مغفور لاہوری کے فیوضات میں سے ہے جوان کے مطب میں ہمیشہ یہی نسخہ لکھا جاتا تھا۔ مجھے جب بھی اس کے استعمال کرنے کا اتفاق ہوا ہے کبھی بھی اللہ کی مہربانی سے ناکامی کا منہ نہیں دیکھنا پڑا۔ تین دن میں اس سے پوری صحت ہو جاتی ہے۔ نہایت ہی بھروسہ کا نسخہ ہے۔

اجزاو ترکیب: عناب 5 دانہ' لسوڑیاں 11 دانہ' خطمی' انجبار' ریشہ خطمی ہر ایک 6 ماشہ' بہدانہ 3 ماشہ۔

ترکیب استعمال: سب دوائیں رات کو ڈیڑھ پاؤ پانی میں بھگو دیں۔ تھوڑا سا مل کر "زیادہ نہ ملیں" پانی نکال کر کپڑے میں چھان لیں پھر مصری تین تولہ ملا کر پہلے سلیارا تین ماشہ پھانک کر پی لیں۔ اسی دوا میں دوبارہ اسی قدر پانی ڈال کر رکھ دیں۔ شام کو مل چھان کر مصری ملا کر پہلے سلیارا تین ماشہ پھانک کر پی لیں۔ اسی ترتیب سے روزانہ استعمال کرائیں۔

اگر سلیارا کے دانے پاخانہ میں نکل آئیں۔ تو دوائی استعمال کراتے رہیں۔ تین چار دن تک آرام ہو جائے گا۔ اگر کچھ بقایا مرض رہ جائے تو اکسیر پیچش ② استعمال کرائیں۔ اور اگر سلیارا خارج نہ ہو تو اکسیر پیچش سدی استعمال کرائیں۔ تاکہ سدہ خارج ہو کر آرام ہو جائے۔

(86) اکسیر پیچش سدی

اس سے پیچش سدی کو فی الفور آرام ہو جاتا ہے۔ اور نازک سے نازک مریض صحت یاب ہو جاتے

ہیں۔ نہایت عجیب و غریب قابل اخفا نسخہ ہے۔

اجزاو ترکیب استعمال: ریشہ خطمی ایک تولہ رات کو ڈیڑھ پاؤ پانی میں بھگو دیں۔ صبح مل چھان کر گودہ املتاس 5 تولہ، خمیرہ بنفشہ 4 تولہ اس میں مل کر چھان لیں۔ پھر مغز بادام 5 عدد کو 5 تولہ پانی میں گھوٹ کر ملا کر پلائیں۔ جب سدے خارج ہو جائیں تو غذا نرم مثلاً مونگ کی کھچڑی کھلائیں۔

(87) اکسیر پیچش ②

پیچش اور اسہال کہنہ کے لئے اس کا کئی دفعہ تجربہ ہوا بشرطیکہ سدہ نہ ہو۔

اجزاو ترکیب: ہلیلہ سیاہ، جوائن دیسی، زیرہ سفید ہر ایک ایک تولہ تینوں دوائیں الگ الگ کوٹ کر گھی میں خوب چرب کر کے نرم آنچ پر بریاں کریں اور پھر ملا لیں۔

ترکیب استعمال: چھ چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ دہی استعمال کرائیں۔ اگر دہی کے مقطر پانی سے استعمال کرائیں تو زیادہ بہتر ہے۔

(88) اکسیر پیچش ③

یعنی اکسیر زحیر صادق و اسہال کبدی اس کے استعمال سے پیچش اور اسہال کہنہ کو فوراً آرام ہوتا ہے۔ بعض دفعہ یہ گولیاں مسیحائی اثر دکھلاتی ہیں۔ بشرطیکہ سدہ نہ ہو۔ کئی بار کی مجرب ہیں۔

اجزاو ترکیب: افیون، مصطگی رومی، شنگرف، سہاگہ ہر ایک 2 ماشہ۔ سب دوائیں کھرل کر کے پانی سے گولیاں چنے کے برابر تیار کریں۔

ترکیب استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔ غذا ہر حال میں نرم کھچڑی استعمال کرانی چاہئے۔

(89) گولیاں اکسیر بواسیر خونی

یہ گولیاں سینکڑوں مریضوں پر استعمال کی جا چکی ہیں۔ ان سے کئی مایوس آدمی شفا پا چکے ہیں۔ ایک بھروسہ کا نسخہ ہے جسے تجربہ کر کے آپ دعا دیں گے۔

اجزاو ترکیب: کافور بھیم سینی تین ماشہ، ناگیسر مغز تخم نیم، رسونت، مویز منقی ہر ایک 6 ماشہ، چاروں دوائیں الگ الگ باریک پیس کر اس کے بعد منقی ملا کر خوب گھوٹیں۔ جب اچھی طرح یکجان ہو جائیں تو گولیاں بقدر جنگلی بیر تیار کریں۔

ترکیب استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ پانی استعمال کرائیں اور گرم ترش اشیاء مثلاً لال مرچ اور اچار وغیرہ سے پرہیز کرائیں۔

(90) روغن بواسیر

اجزاو ترکیب: بھلاوے ٹوپی دور کردہ 5 دانہ، منسل 6 ماشہ، روغن کنجد 2 تولہ۔ اول تیل کو آگ پر

رکھیں۔ جب خوب گرم ہو جائے تو بھلاوے دو دو ٹکڑے کر کے ڈال دیں۔ جب بھلاوے جل جائیں تو تیل سے باہر نکال لیں اور تیل کو آگ سے نیچے اتار کر منسل باریک کر کے احتیاط سے ڈال دیں اور کسی آہنی دستہ سے گھوٹ کر حل کر لیں۔ پھر اس میں دو سیر پختہ پانی ڈال دیں۔ تھوڑی دیر کے بعد تیل اس کے اوپر چڑھ آئے گا۔ اسے ہاتھ سے اتار لیں اور کھلے منہ والی شیشی میں نگاہ رکھیں۔

ترکیب استعمال: دن میں دو بار مسوں پر لگایا کریں۔

تنبیہہ: یہ تیل ہر قسم کے مسے دور کرنے کے لئے مخصوص ہے۔

نوٹ*: یہ تیل پیتل کے برتن میں بنانا چاہئے۔ بواسیری خون بند کرنے کا عمدہ نسخہ نمبر 61 صفحہ نمبر 46 امراض سینہ میں درج کیا گیا ہے وہاں سے ملاحظہ فرمائیں۔

بواسیر بادی کے لئے ایک شربت کا نسخہ مالیخولیا مراقی کے باب میں لکھا جا چکا ہے۔

(91) دوائے کرم شکم

اجزاو ترکیب: قلعی ایک تولہ باریک کر کے قینچی وغیرہ سے باریک باریک کتر لیں۔ پھر گھاں 6 ماشہ ملا کر ہاون دستہ میں اس قدر کوٹیں کہ خوب مل جائیں۔ بس تیار ہے۔

ترکیب استعمال: رات کو تھوڑا سا قند سیاہ کھلا کر صبح 9 ماشہ دوائی ایک پاؤ دہی کے ساتھ استعمال کرائیں اور مریض کو ہدایت کریں کہ دوائی کھاتے وقت ناک بند کر لے۔

(92) گولیاں مسہل ①

جس سے بلغم، صفرا، سودا، تینوں خلطیں نکلتی ہیں اور بے ضرر ہے۔

اجزاو ترکیب: مغز جمال گوٹہ مدبر، مغز تخم ارنڈ، پوست ہلیلہ زرد ہر ایک سات ماشہ، سہاگہ بریاں، مرچ سیاہ، پپلا مول ہر ایک تین ماشہ۔ سب دوائیں الگ الگ کوٹ کر ملا دیں۔ اور تھوڑی دیر کھرل کریں۔ جب گولی بننے کے لائق ہو جائے تو جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا لیں۔

ترکیب استعمال: پہلے دو روز گندم کا دلیہ یا کھچڑی کھائیں۔ صبح سات گولیاں سرد پانی یا عرق گلاب کے ساتھ نگل جائیں۔ اسہال شروع ہو جائیں گے۔ چار بجے شام اگر پیاس زیادہ معلوم ہو تو شربت صندل 10 تولہ، عرق گلاب ایک پاؤ ملا کر پئیں۔ رات کو کھچڑی کھائیں۔ دوسری صبح اور شام کو بھی کھچڑی کھائیں۔ درد شکم بدہضمی اور قبض کے لئے دو گولیاں ہمراہ عرق سونف استعمال کرائیں۔ جمالگوٹہ مدبر کرنے کی ترکیب۔ جمالگوٹہ 10 تولہ ململ کے کپڑے میں نرم سا باندھ لیں اور بھینس کا گوبر دو تین سیر کے قریب ایک ہانڈی میں ڈال کر پانی سے بھر دیں اور جمال گوٹہ کی پوٹلی اس میں لٹکا دیں اور نیچے آگ جلانی شروع کریں۔ جب پانی خشک ہو جائے۔ تو نکال کر صاف کر کے دوسرے کپڑے میں اسی طرح پوٹلی باندھ کر چار سیر دودھ میں پکائیں۔ جب دودھ خشک ہو جائے تو جمال گوٹہ صاف کر کے چھتے نکال دیں۔ اور مٹی کے کورے برتن میں پیس کر دو گھنٹہ تک اسی برتن میں یہ رہنے دیں۔ تاکہ جمالگوٹہ کا تیل جذب ہو

جائے۔ پھر نکال کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔ قولنج کے لئے تین یا دو رتی کا قدر مکھن یا ملائی وغیرہ میں لپیٹ کر مریض کو نگلوا دیں مسہل ہو جائے گا۔

(93) جلاب لاجواب

جو بلا تکلیف تینوں خلطیں نکالتا ہے۔ گھبراہٹ یا قے وغیرہ مطلق نہیں ہوتی۔ ہر موسم اور ہر مزاج کے موافق ہے۔ اگر منضج کر کے استعمال کرایا جائے تو اس سے گندے مواد خوب خارج ہوتے ہیں۔ بڑے بڑے نفیس مزاج امیروں کو دیا گیا۔ کسی نے آج تک تکلیف کی شکائت نہیں کی۔

غرض یہ مسہل ہمہ صفت موصوف اور ہر وقت کا معمول ہے۔ آپ بھی تجربہ کریں۔

اجزاو ترکیب: تربد یعنی تردی عمدہ' جلاپہ ہر ایک چار ماشہ' کتھا' رب السوس' سونٹھ ہر ایک تین رتی' سب دوائیں کوٹ چھان کر مغز بادام 15 عدد' سونف 7 ماشہ' مصری تین تولہ کو ڈیڑھ پاؤ پانی میں گھوٹ چھان کر اس کے ہمراہ پھانک لیں۔ دیگر ضروری ہدایات گولیاں مسہل ① مندرجہ صفحہ 65 میں ملاحظہ فرمائیں۔

اور جو لوگ لمبے چوڑے منضجوں سے گھبراتے ہیں۔ انہیں یہ جوشاندہ تین دن استعمال کرا کر مسہل دے دینا چاہئے۔ اس سے خاطر خواہ مواد خارج ہو کر طبیعت صاف ہو جاتی ہے۔

اجزاو ترکیب استعمال: سونف' الائچی کلاں' بنفشہ' تخم کاسنی ہر ایک 6 ماشہ' گلقند 5 تولہ' حسب دستور صبح و شام جوشاندہ بنا کر دیں۔ یہ ایک وقت کے لئے ہے۔ اگر موسم گرما ہو تو گھوٹ کر استعمال کرائیں۔

(94) قے بند کرنے کا آسان نسخہ

اجزاو ترکیب: زہر مہرہ' پیتہ ولائتی' ناریل دریائی ہر ایک تین ماشہ' سب دوائیں الگ الگ باریک پیس کر ملا لیں۔

ترکیب استعمال: ایک رتی پتاشہ وغیرہ میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

(95) گولیاں مسہل ②

یہ گولیاں نہایت زود اثر اور بے ضرر ہیں۔ میرے ایک دوست کی عام معمول ہیں۔ سخت مزاجوں' غریبوں اور قولنج سے مریضوں اور دیہاتی آدمیوں کے لئے نہایت اعلیٰ ہیں۔ اور لطف یہ ہے کہ نہایت سستی ہیں۔ ہم نے ان کا تجربہ کیا ہے۔

اجزاو ترکیب: مغز جمالگوٹہ حسب ضرورت لے کر کپڑے میں پوٹلی باندھ کر بھینس کے گوبر اور دودھ میں پکائیں۔ جیسا کہ نسخہ 92 میں تحریر ہو چکا ہے۔ پھر ان کے چھلکے نکال کر لوہے کے توے پر گھی میں بریاں کریں۔ اس حد تک کہ سرخ ہو جائیں۔ پھر خوب باریک کر کے شیشی میں مضبوط کارک لگا کر محفوظ رکھیں۔ پھر مغز جمالگوٹہ مدبر مذکور 5 تولہ' مغز کرنجوہ 8 تولہ' مغز بادام 5 تولہ' کتیرا 1. تولہ الگ الگ باریک

کر کے شہد کی مدد سے گولیاں بقدر جنگلی بیر تیار کریں۔
ترکیب استعمال: دو سے تین گولی تک جوان آدمی کے لئے ہمراہ شیرہ مغز بادام یا دودھ یا پانی استعمال
کرائیں۔
قولنج کے لئے مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کرائیں۔ مفصل ہدایات نسخہ نمبر 92 میں ملاحظہ
فرمائیں۔

(96) دوائی اکسیر کرم شکم

اجزاو ترکیب: قلعی 5 تولہ، سریش 1. تولہ، قلعی باریک کر کے باریک باریک کتر لیں۔ اور سریش کو کپڑا
تر شدہ میں چار پہر تک لپیٹ رکھیں تاکہ پھول جائے۔ پھر دونوں اشیاء کو آہرن پر اس قدر کوٹیں۔ کہ
خوب یکجان ہو جائیں۔ بس تیار ہے۔
ترکیب استعمال: رات کو دلیہ گندم یا چاول شیریں کھلا کر صبح نہار 6 ماشہ دوائی پانی میں رگڑ کر پلائیں۔
اور دوائی پیتے وقت ناک بند کریں۔

مجربات امراض قلب (دل)

(97) اکسیر القلب

ضعف دل، خفقان، دل دھڑکہ وغیرہ تمام امراض قلب کے لئے بے نظیر ہے۔ اور چار خوراکوں میں
ہی اپنا اثر دکھلاتی ہے۔ قوت و انبساط حاصل ہو کر انسان قوی اور دلیر ہو جاتا ہے۔ میرے مہربان جناب
حکیم محمد عبدالغنی صاحب سیالوی کا عطیہ ہے۔ انہوں نے اس نسخہ کی نہایت تعریف کی تھی۔ جو تجربہ کرنے
پر واقعی اکسیر الاثر ثابت ہوا۔
اجزاو ترکیب: کشتہ عقیق، کشتہ مرجان، کشتہ یشب، ست گلو، طباشیر، الائچی خورد، مغز کنول گٹہ ہر ایک
ایک تولہ ورق نقرہ ایک دفتری کلاں، ورق سونا 20 عدد۔ سب دوائیں باریک کھرل کریں۔
ترکیب استعمال: چار چار رتی صبح و شام مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کرائیں اوپر سے پاؤ بھر دودھ
پلائیں۔
فوائد: ضعف قلب، خفقان، دل دھڑکہ وغیرہ تمام امراض قلب کے لئے بے خطا ہے۔

(98) کشتہ مرجان

جو ضعف قلب، ضعف معدہ، ضعف باہ وغیرہ کے لئے عمدہ اور ہمیشہ کا معمول ہے۔
اجزاو ترکیب: شاخ مرجان تین تولہ ہو وہ گھیکوار ایک پاؤ ایک کوزہ گلی میں پہلے نصف گودہ گھیکوار رکھ
کر شاخ مرجان بچھائیں اور اوپر باقی گودہ ڈال کر چکنی مٹی سے منہ بند کر کے دس سیر اوپلہ کی آگ دیں۔
سرد ہونے پر باریک پیس لیں۔ سفید کشتہ تیار ہو گا۔

ترکیب استعمال: دو رتی صبح مکھن میں رکھ کر استعمال کرائیں۔
فوائد: ضعف قلب، ضعف معدہ، ضعف باہ کے لئے مخصوص ہے۔ بواسیری خون بند کرتا ہے۔

(99) شربت مفرح

یہ شربت تقویت قلب و معدہ و مالیخولیا مراقی وغیرہ کے لئے بہت عمدہ چیز ہے۔ اس کا تجربہ کر کے مجھے اطلاع دیں۔
اجزاو ترکیب: مربہ آملہ، مربہ سفرجل، مربہ نارنج ہر ایک آدھ پاؤ، مربہ سیب، عرق گلاب ہر ایک ڈیڑھ سیر، روح کیوڑہ دو تولہ، مصری آدھ سیر، مربہ جات کو عرق گلاب میں گھوٹ کر قریباً ایک پاؤ پانی اضافہ کر کے مصری ملا کر شربت تیار کریں۔ آخر میں روح کیوڑہ ملا لیں۔
ترکیب استعمال: تین تین تولہ صبح و شام عرق بید مشک 6 تولہ ملا کر استعمال کرائیں۔
فوائد: دل اور معدہ کو طاقت دیتا ہے۔ مفرح قلب ہے مالیخولیا مراقی کے لئے عمدہ چیز ہے۔ تپ کو فائدہ دیتا ہے۔ اشتہا پیدا کرتا ہے۔

(100) خفقان اور ضعف قلب کا عمدہ نسخہ

یہ نسخہ استاذ الحکماء عمدۃ الاطباء حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب لاہوری کا عطیہ ہے۔ اور ان کے مطب کا معمول ہے۔
اجزاو ترکیب استعمال: مربہ ہیٹھہ ایک تولہ، مغز بادام مقشر 7 عدد ورق چاندی تین عدد، مغز بادام باریک کر کے مربہ پیٹھہ میں ملا کر اوپر ورق لگا کر ہمراہ شربت صندل تین تولہ، عرق گلاب، عرق بید مشک ہر ایک 4 تولہ استعمال کرائیں۔
تفریح اور تقویت قلب کے لئے ایک عجیب نسخہ مالیخولیا مراقی میں درج ہو چکا ہے۔ وہاں سے ملاحظہ کریں۔

مجربات امراض جگر و طحال وغیرہ

(101) اکسیر جگر

جس کے پندرہ روزہ استعمال سے پرانے سے پرانے یرقان کا قلع قمع ہو جاتا ہے۔ ضعف و صلابت و ورم جگر چلنے پھرنے سے دم چڑھنے کے لئے اکسیر ہے۔ اور ضعف معدہ، گرمی مثانہ، کمی خون، اورام ہاتھ پا کے لئے عمدہ چیز ہے۔ دارالصحت سلطانیہ میں ہر وقت تیار رہتا ہے۔ اس کی جتنی تعریف کی جائے کم ہے۔ بہت اعلیٰ مجرب المجرب دوا ہے اور بالکل بے خطا ہے۔
اجزاو ترکیب: خبث الحدید (لوہے چون) ہاون دستہ میں کوٹ کر چھلنی میں چھان لیں اور پانی سے دھو کر صاف کر لیں پھر اس میں سے ایک پاؤ لے کر اس میں پوست ہلیلہ زرد، پوست بہیڑہ آملہ ہر ایک

ایک پاؤ باریک کر کے ملائیں۔ اور سب پر گائے کا دہی اس قدر ڈالیں کہ چار انگل اوپر آجائے۔ ہر روز
دیا کریں۔ جب وہی خشک ہو جائے۔ دوبارہ اتنا ہی ڈال کر خشک کریں۔ اسی طرح تین مرتبہ تر و خشک
کے فلفل دراز، فلفل سیاہ سونٹھ ہر ایک تین تولہ باریک کر کے ملالیں۔ بس لاجواب اکسیر تیار ہے۔
ترکیب استعمال: تین ماشہ صبح دہی کے ساتھ استعمال کرائیں۔ غریب لوگ لسی سے بھی استعمال
سکتے ہیں۔ گرم ترش اشیاء سے قطعی پرہیز ہے۔

(102) سفوف ضعف و گرمی جگر

ضعف جگر گرمی جگر اور یرقان کے لئے مخصوص ہے۔ اپنا ہی مجوزہ و مخترعہ ہے۔
اجزاو ترکیب: خبث الحدید مدبر، طباشیر ہر ایک ایک تولہ، کاسنی الائچی خورد ہر ایک 6 ماشہ، مصری
2 تولہ، کوٹ کر سفوف تیار کریں۔
ترکیب استعمال: تین تین ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت انار وغیرہ استعمال کرائیں۔

(103) کشتہ فولاد بارد

یہ کشتہ ضعف و گرمی جگر، استسقاء، جریان و گرمی مثانہ و اسہال جگری و اسہال معدی وغیرہ کے
نہایت مفید عجیب الاثر ہے۔ استاذنا جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کا معمول ہے۔
اجزاو ترکیب: برادہ فولاد اصلی آدھ پاؤ، آب پھلی درخت مغیل (جن میں ابھی دانہ نہ بنا ہو) ایک
بوتل۔ آب مذکور تھوڑا تھوڑا ڈال کر فولاد کو کھرل کریں۔ حتی کہ تمام بوتلی خرچ ہو جائے۔ بس تیار ہے
ترکیب استعمال: تخم بالنگو 4 ماشہ، آب خالص 3 تولہ میں آدھ گھنٹہ تک بھگو رکھیں۔ اس میں 1
کشتہ رکھ کر استعمال کرائیں اور استسقاء کے لئے بیضہ نیم برشت میں دیں۔
فوائد: ضعف جگر، ضعف معدہ، گرمی جگر و مثانہ جریان، استسقاء اسہال جگری، اسہال معدی، کمی خون
زردی رنگ و ضعف بدن اور ہر قسم کے جریان خون کے لئے معمول ہے ایک خاص چیز ہے۔

(104) کشتہ فولاد حار

علامہ حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کا عطیہ ہے۔ مقوی جگر، دافع ضعف جگر و ضعف معدہ ہے
خون صالح پیدا کرتا ہے۔ اور ضعف باہ کو مفید ہے۔
اجزاو ترکیب: برادہ فولاد 10 تولہ، آب کنڈیاری بوٹی یعنی مہوکڑی آدھ پاؤ میں کھرل کریں (اگر کھا جائے
گھنے والا نہ ہو) پھر کوزہ گلی میں ڈال کر بوٹی مذکور کا ایک پاؤ پانی زائد ڈالیں اور گل حکمت کر کے 30 کلو
اوپلہ کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر دوبارہ بوٹی مذکور کے آدھ پاؤ پانی میں کھرل کر کے بطریق سابق 30 کلو
آگ دے کر اور پیس کر رکھ لیں۔
ترکیب استعمال: ایک رتی مکھن یا ملائی میں استعمال کرائیں۔ دودھ، گھی زیادہ استعمال کرائیں۔
فوائد: اعلیٰ درجہ مقوی جگر و معدہ مولد خون، دافع ضعف جگر و ضعف باہ و ضعف بدن وغیرہ۔

(105) معجون جگر

علامہ جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب مرحوم لاہوری کے معمولات سے ہے۔ سدہ جگر، درد جگر، درد گردہ، استسقاء، ورم طحال نفخ جگر کے لئے نہایت مفید ہے۔

اجزاو ترکیب: فلفل سیاہ، جنطیانہ رومی ہر ایک 10 ماشہ، قسط شیریں، ریوند چینی، سنبل الطیب ہر ایک 2 تولہ نہایت باریک کر کے کپڑ چھان کر لیں اور شہد 5 چھٹانک میں ملالیں۔

ترکیب استعمال: نونو ماشہ صبح و شام ہمراہ عرق سونف، عرق کاسنی ہر ایک تین تولہ استعمال کرائیں۔

فوائد: سدہ جگر، درد جگر، درد گردہ، استسقاء، ورم طحال، نفخ جگر کے لئے معمول ہے۔

(106) گولیاں برائے استسقاء زقی

علامہ حکیم نور الدین صاحب بھیروی کا نسخہ ہے۔ جو تجربہ پر نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔

اجزاو ترکیب: تربد یعنی تردی، پوست ہلیلہ زرد، کمیلہ، جمالگوٹہ مدبر ہر ایک 6 ماشہ، پوست بیخ حنظل، آملہ سار، پارہ ہر ایک چار ماشہ، ریوند چینی 7 ماشہ، پارہ اور آملہ سار کو ایک گھنٹہ تک کھرل کریں۔ دوسری دوائیں الگ پیس لیں۔ پھر سب کو ملا کر شیر ڈنڈا تھوہر میں کھرل کر کے گولیاں بقدر مرچ سیاہ بنائیں۔

ترکیب استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام اونٹنی کے دودھ سے استعمال کرائیں۔

(107) کشتہ منور (لوہے چون)

جو سلسل بول، کثرت بول، ضعف جگر، ضعف معدہ، ضعف مثانہ، ضعف اعصاب خصوصاً بھس کے لئے اکسیر ہے۔ اس کے تھوڑے ہی دن استعمال کرنے سے اس قدر فائدہ ہوتا ہے۔ کہ فولاد بھی اس کے مقابلہ میں ہیچ سمجھا جاتا ہے۔ بھوک بے انتہا پیدا ہو کر دودھ، گھی جس قدر استعمال کیا جائے ہضم ہو جاتا ہے۔ جس سے خون بڑھتا اور بدن سرخ ہو جاتا ہے۔ غرض بہت ہی اچھا نسخہ ہے۔

اجزاو ترکیب: منور 15 تولہ کوٹ چھان کر اس قدر دھوئیں کہ چمکنے لگے۔ اور خوب صاف ہو جائے۔ پھر شیر مدار سے تر کریں اور کوزہ گلی میں ڈال کر منہ بند کر کے گل حکمت کر دیں۔ خشک ہونے پر 15 سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ سرد ہو جائے تو کچھ دیر کھرل کرنے کے بعد پھر شیر مدار سے تر کر کے 15 سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ اسی طرح بیس آنچیں پوری کریں۔ ہر دفعہ شیر مدار سے تر کر کے بیس سیر اوپلہ کی آگ دیتے رہیں۔ اکیسویں آگ سرکہ انگوری میں تر کر کے دیں۔ اور کھرل کر لیں۔ نسواری رنگ کا عمدہ کشتہ تیار ہو گا۔ جو پانی پر ڈالنے سے پھیل جائے گا۔

ترکیب استعمال: نصف نصف رتی صبح و شام مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

فوائد: سلسل بول، کثرت بول، ضعف جگر و ضعف معدہ، ضعف مثانہ خصوصاً بھس کے لئے از حد مفید ہے۔

(108) کشتہ فولاد

جو ضعف جگر' یرقان' تلی' زردی چہرہ' سلسل بول' جریان تقویت باہ کے لئے بہت مجرب اور آزمودہ ہے۔ نیز فتق' بواسیر' کرم شکم' درد شقیقہ کے لئے مفید ہے۔ ایک کہنہ بیاض کا نسخہ ہے اور معتبر نسخوں میں سے ہے۔

اجزاو ترکیب: گندھک 2. تولہ' پارہ تین تولہ' بورہ فولاد 12 تولہ' گندھک اور پارہ ملا کر ایک گھنٹہ تک خوب کھرل کریں۔ فولاد کو بول مادہ گاؤ نازاد میں تر کر کے دھوپ میں خشک کریں۔ پھر سب کو ملا کر گھیکوار کے پانی میں دو گھنٹہ تک کھرل کریں۔ بعدہ کسی برتن میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب دھواں نکلنا بند ہو جائے۔ تو کوزہ گلی میں ڈال کر شیر آک سے تر کریں۔ اور منہ بند کر کے 25 سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ اسی طرح دو آنچیں گھیکوار میں اور ایک ترپھلہ کے پانی میں تر کر کے دیں۔ تیار ہو جائے گا۔

ترکیب استعمال: دو رتی مکھن یا دہی میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

فوائد: ضعف جگر' عظم طحال' یرقان' زرد رنگ بدن سلسل بول جریان' قوت باہ' بواسیر' فتق' کرم شکم' سنپات' درد شقیقہ کے لئے مفید ہے۔

(109) کشتہ منور خاص الخاص

جسے ایک خاندانی حکیم صاحب کثرت سے تیار کرتے اور ان سے دوسرے حکیم قیمتاً لے جاتے تھے۔ باوجود بہت کوششوں کے بھی کسی کو انہوں نے یہ صدری نسخہ نہ بتلایا۔ مگر بندہ کو اپنے ایک شاگرد کے ذریعہ (جو کچھ مدت ان کے شفاخانہ میں کام کرتا رہا تھا۔ تجربہ کرنے پر جیسا سنتا تھا ویسا نکلا۔ ہر سال سیروں کی مقدار دارالصحت سلطانیہ میں تیار ہو کر فروخت ہو جاتا ہے۔

اجزاو ترکیب: اس کے چار پانچ دن استعمال کرنے سے ہی بھوک بڑھ جاتی ہے۔ دودھ' گھی جس قدر استعمال کیا جائے ہضم ہو جاتا ہے۔ زرد اور کملایا ہوا بے رونق چہرہ سرخ ہونے لگتا ہے۔ عام بیماریاں جو ضعف اعضاء رئیسہ وغیرہ اور کمی خون کی وجہ سے پیدا ہوئی ہوں دور ہو کر بدن موٹا اور سرخ ہو جاتا ہے۔ غرض نہایت ہی بے مثل نسخہ ہے۔ جو بخل کو بالائے طاق رکھ کر ناظرین کی خدمت میں پیش کیا جائے گا۔

اجزاو ترکیب: منور ایک سیر لوہار کے دوکان میں گرم کر کے بول گائے میں 12 دفعہ بجھاؤ دیں۔ پھر دوغ ترش یعنی لسی میں 12 دفعہ بجھاؤ دیں۔ پھر دھو کر باریک کوٹ کر پانی سے اس حد تک دھوئیں کہ چمکنے لگے۔ پھر کپڑچھان کر کے چار پہر ہاتھی سونڈی بوٹی کے پانی میں خوب تر کریں۔ خشک ہونے کے بعد آب لیموں اور آب انار میں ایک ایک بار تر اور خشک کریں۔ پھر دوبارہ ہاتھی سونڈی بوٹی کے پانی میں تر اور خشک کریں۔ بعدہ کھرل کر کے پانی پر ڈالیں۔ اگر تیر جائے تو بہتر ورنہ ایک بار بوٹی مذکور کا پانی دیں۔ اب کوزہ گلی میں ڈال کر سرکہ تیز سے تر کریں اور گل حکمت کر کے کمہاروں کی بھٹی میں (جہاں خام برتن پکائے جاتے ہیں) تیاری کے وقت برتنوں کے ساتھ رکھ دیں۔ سرد ہونے پر تیزاب گندھک سے خوب تر کر کے اسی

طرح پھر آگ دیں۔ شنگرفی رنگ کا اعلیٰ درجہ کشتہ تیار ہو جائے گا۔ جسے دیکھ کر آپ کی طبیعت خوش ہو جائے گی۔

ترکیب استعمال: دو رتی مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

فوائد: مقوی جگر و مقوی معدہ و مقوی باہ، گرمی جگر، کمی خون، سلسل بول، زردی رنگ وغیرہ خصوصاً ضعف جگر و بھس کے لئے ازحد مفید ہے۔

(110) عرق مرکب برائے ورم احشاء

یہ عرق جگر و طحال و معدہ کی ورم اور ریاح وغیرہ تمام نقائص کے لئے نہایت مفید ہے۔ جگر و معدہ کی تمام خرابیوں کا واحد علاج ہے ہمیشہ کا معمول ہے۔

اجزاو ترکیب: کو خشک، دار چینی ہر ایک 10 تولہ، سونف، پودینہ ہر ایک پاؤ، کاسنی آدھ سیر، ان کا عرق بقدر تین بوتل نکالیں۔

ترکیب استعمال: پانچ پانچ تولہ صبح و شام، اگر مرض زیادہ ہو تو اکسیر جگر نمبر 101 مندرجہ صفحہ 72 صبح و شام استعمال کرائیں۔

فوائد: ورم جگر و معدہ و طحال و ریاح وغیرہ کے لئے مخصوص ہے۔ پیٹ کی تمام امراض کو مفید ہے۔

(111) کشتہ منور (لوہ چون)

یہ کشتہ بھس یعنی کمی خون، ضعف جگر، سوء القنیہ وغیرہ کے لئے تیر بہدف نیز ضعف باہ کے لئے جو کمزوری جگر اور کمی خون کی وجہ سے ہو عمدہ چیز ہے۔

اجزاو ترکیب: منور ایک پاؤ کوٹ کر سو دفعہ دھوئیں اور کڑچھی آہنی میں ڈال کر لوہار کے دوکان میں خوب گرم کر کے گائے کے پیشاب میں بجھائیں۔ سرد ہونے پر دوبارہ یہی عمل کریں۔ سات دفعہ بجھانے کے بعد اسی طریق پر سات سات دفعہ شیر گاؤ، دہی گاؤ، آب گھیکوار ہر ایک ڈیڑھ سیر میں بجھاؤ دیں۔ پھر کوزہ گلی میں بمعہ شیر مدار آدھ سیر ڈال کر گل حکمت کر کے 25 سیر اپلہ دشتی کی آگ دیں۔

ترکیب استعمال: نصف رتی ہمراہ شیر گاؤ جس میں 5 تولہ روغن زرد گرم کر کے ملایا گیا ہو، گرمی معلوم ہو تو لسی اور ادھ رڑکہ استعمال کرائیں۔

(112) عرق برائے طحال (تلی)

یہ عرق ہمیشہ کا معمول اور بے خطا نسخہ ہے۔

اجزاو ترکیب: سلفیٹ آف آئرن، کونین سلفاس ہر ایک ایک ڈرام، پیپر منٹ آئل، سلفیورک ایسڈ ہر ایک 30 بوند، میگنیشیا تین چھٹانک، سب دوائیں ایک بوتل میں ڈالیں اور ڈیڑھ پاؤ پانی میں ملا کر خوب ہلائیں۔ جب حل ہو جائیں تو بوتل کو پانی سے بھر لیں بس تیار ہے۔

ترکیب استعمال: اڑھائی اڑھائی تولہ صبح و شام بوتل ہلا کر پلایا جائے۔ اگر طحال بڑی اور پرانی ہو تو دو

بوتلیں پلائی ہوں گی۔ ورنہ ایک ہی بوتل سے آرام ہو جاتا ہے۔ آج تک کبھی اس دوا نے خطا نہیں کی۔
غذا دودھ، چاول، گھی کثرت سے استعمال کرائیں۔ تیل والی اور میٹھی اشیاء سے پرہیز کرائیں۔

(113) گولیاں برائے طحال

یہ گولیاں عظم طحال (تلی) کے لئے نہایت مفید ہیں۔ ان سے روزانہ دو تین اسہال ہو کر پیٹ ہلکا ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ بھوک خوب پیدا ہوتی ہے۔ نیز درد معدہ، کثرت ریاح قبض کے لئے عمدہ چیز ہیں۔

اجزاو ترکیب: صبر، ہلدی، سہاگہ بریاں، ہینگ بریاں ہر ایک 5 تولہ، تمام دوائیں الگ الگ کوٹ چھان کر وزن کر کے ملا لیں اور آب گھیکوار میں تین گھنٹہ تک کھرل کر کے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال: دو دو گولی صبح و شام ہمراہ آب گرم استعمال کرائیں۔ گوشت **مچھلی**، قند سیاہ، اچار وغیرہ بادی اور ترش اشیاء سے پرہیز کرائیں۔

فوائد: تلی، درد معدہ، قبض کلانی شکم کے لئے مفید ہیں۔

(114) ضماد برائے طحال

خوردنی دوائی کے ہمراہ اس ضماد کا بھی استعمال کیا جائے تو سونے پر سہاگہ کا کام دیتا ہے۔

اجزاو ترکیب: انزروت، کیرا، اشق، زراوند مدحرج ہر ایک ایک تولہ، ان کو کوٹ چھان کر تیز و تند سرکہ میں خوب حل کریں۔ اس میں سے ایک موٹے کپڑے پر (جو بقدر طحال کتر لیا گیا ہو) لگا کر طحال پر لگائیں۔ جب کپڑا اتر جائے تو پھر اسی طرح تیار کر کے لگائیں۔

(115) گولیاں طحال و استسقاء

یہ نسخہ حکیم مولوی سلطان احمد صاحب برنالوی کا تجربہ شدہ و عطیہ ہے۔

اجزاو ترکیب: چاروں اجوائن دو دو تولہ، چاروں نمک تولہ تولہ قلمی شورہ تین تولہ، نوشادر 5 تولہ، سب دوائیں باریک کھرل کر کے ڈنڈا تھوہر کے دودھ میں تین دفعہ تر اور خشک کر کے گولیاں بقدر جنگلی بیر تیار کریں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح ہمراہ دودھ شیریں 1. پاؤ اور ایک ایک گولی شام کو ہمراہ آب گرم استعمال کرائیں۔ گولی کھلانے سے پہلے حلوئی گرم کا ایک لقمہ کھلا دینا ضروری ہے۔ غذا دودھ چاول، دوائی 14 یوم تک استعمال کرائیں۔ اور روٹی بالکل نہ دیں۔ اس سے اسہال آتے رہیں گے اور مواد خارج ہوں گے۔

(116) دوائے یرقان

اس سے دو تین اسہال ہو کر صفرا خارج ہو جاتا ہے اور مریض کو دو تین یوم تک آرام ہو جاتا ہے جس سے ایک ہی دن میں فائدہ ہوتا ہے۔ مجرب ہے۔

اجزاو ترکیب استعمال: پوست ہلیلہ زرد 4 تولہ' املی 8 تولہ' آلو بخارا 30 عدد' عناب 10 دانہ' لسوڑیاں' کشنیز خشک' گل بنفشہ' گل سرخ' تخم کاسنی' تخم کشوث ہر ایک ایک تولہ' سکنجبین سادہ 10 تولہ' تمام ادویہ کو 1 سیر پانی میں جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے تو چھان کر سکنجبین ملا کر پلائیں۔ اگر تمام ایک دفعہ نہ پیا جاسکے تو دن میں دو تین دفعہ پلایا جائے۔ گرم اشیاء سے پرہیز کرائی جائے۔

مجربات امراض گردہ و مثانہ

(117) سفوف برائے ریگ و پتھری

علامہ استاذ الحکماء جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب لاہوری کا ہمیشہ کا معمول ہے۔ ہمارے ہاں بھی استعمال ہوتا ہے۔ نہایت آسان اور سریع الاثر ہے۔

اجزاو ترکیب: شورہ قلمی' سنگ یہود' سنگ سرماہی' جوکھار' مولی کھار ہر ایک ایک تولہ' سب دوائیں باریک کوٹ کر سفوف بنالیں۔

ترکیب استعمال: تین تین ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت بزوری 3 تولہ۔

(118) سفوف برائے ریگ و پتھری وغیرہ

یہ بھی ریگ گردہ و مثانہ و سنگ گردہ و مثانہ' نیز اس درد گردہ کے لئے جو ریگ یا سنگ گردہ کے سبب سے ہو نہایت عمدہ ہے۔ اس سے خصوصاً درد گردہ کے کئی مریض شفایاب ہوئے ہیں۔

اجزاو ترکیب: شورہ قلمی تین تولہ' قدرے پانی ملا کر آگ پر رکھیں۔ جب خشک ہو جائے تو سنگ یہود 1 تولہ' نوشادر 6 ماشہ' سہاگہ تین ماشہ' چھلکا ریٹھہ ایک عدد (جو پہلے کوٹ کر رکھے ہوں) ملا کر اور حل کر کے اتارلیں۔ بس تیار ہے۔

ترکیب استعمال: چار چار رتی صبح و شام ہمراہ شیر بزو آب ہم وزن دیں۔ جب پتھری بڑی ہو تو مغز تخم خربوزہ 1 ماشہ فی خوراک اضافہ کرلیا کریں۔

فوائد: مثانہ و گردہ کی پتھری اور ریگ (ریت) اور درد گردہ کے لئے جو پتھری کی وجہ سے ہو نہایت عمدہ ہے۔

(119) کشتہ سنگ یہود

یہ عجیب و غریب کشتہ سنگ گردہ و مثانہ کے لئے نہایت مفید ہے۔ اس کی تصدیق بھی ہو چکی ہے۔ کسی بزرگ کا عطیہ ہے۔

اجزاو ترکیب: بیخ زنبق ایک پاؤ' سنگ یہود پانچ تولہ' بیخ زنبق کوٹ کر اس کے درمیان سنگ یہود رکھیں۔ اور کوزہ گلی میں پانچ سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ سرد ہو جائے تو پیس لیں۔

ترکیب استعمال: دو دو رتی صبح و شام مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

فوائد: ریگ گردہ و مثانہ و سنگ گردہ کے لئے مفید ہے۔

(120) حب درد گردہ

اجزاو ترکیب: بندق ہندی یعنی ریٹھہ ایک عدد کا چھلکا اور اس کا مغز (جس سے سیاہی اور زردی دور کی گئی ہو) باریک پیس کر پانی سے پانچ گولیاں بناؤ۔ ایک گولی پانی کے ساتھ استعمال کراؤ۔ ز اثر ہو گا۔

(121) درد گردہ کی تیر بہدف دوائی

عموماً اس کی پہلی یا دوسری خوراک سے آرام ہو جاتا ہے۔ کئی دفعہ کی مجرب ہے۔

اجزاو ترکیب استعمال: سہاگہ، نوشادر، مرچ سیاہ، نمک سیاہ، ہینگ، جو کھار، مولی کھار، شورہ قلمی ایک ایک تین ماشہ۔ سب کو باریک پیس کر سرکہ عمدہ تیز دو تولہ ملائیں اور ہر پندرہ منٹ کے بعد تین تین چٹاتے رہیں۔

(122) کشتہ بیضہ مرغ

جو کثرت بول، سلسل بول اور ضعف مثانہ کے لئے مجرب المجرب ہے۔ نیز مقوی باہ و دافع ج ہے۔ اس کشتہ سے نوشادر کا تیل ہو جاتا ہے۔

اجزاو ترکیب استعمال: قشر یعنی چھلکا بیضہ مرغ کو نمک والے پانی میں آٹھ پہر تک بھگو کر دھوئیں تاکہ اندرونی پردہ دور ہو جائے پھر باریک کر کے شیر مدار سے تر کریں۔ اسی طرح سات دفعہ خشک کریں۔ اور چونہ وغیرہ کے بھٹہ میں رکھوا دیں۔ تاکہ خاکستر سفید ہو جائے۔ اگر بھٹہ کی آگ ب ہو سکے تو ایک من اوپلہ کی آگ گڑھے میں دیں۔ ایک رتی مکھن وغیرہ میں دیں۔

فوائد: کثرت بول، سلسل بول، ضعف مثانہ، جریان، ضعف باہ کے لئے مفید ہے۔

نوٹ: کشتہ بارہ سنگا نمبر 42 سلسل بول اور کثرت بول کے لئے بہت مفید ہے۔ وہاں سے ملاحظہ فرمائیں۔

(123) سکنجبین دافع ریگ مثانہ

ریگ مثانہ کے لئے نہایت عجیب و غریب ہے اور نہایت بے ضرر ہے۔ ایک بزرگ سے حاصل

اجزاو ترکیب: کلتھی 4 تولہ، پرسیاؤشاں 1 تولہ، حب القرطم تخم خرفہ ہر ایک تین تولہ، پوست کاسنی، پوست بیخ سونف تخم کاسنی، خار خسک ہر ایک 5 تولہ، اجوائن 2 تولہ، برگ انگور 12 تولہ، سونف تولہ، سونف رومی ایک تولہ، تخم بادرنگ 9 تولہ، سرکہ ایک پاؤ، مصری ایک سیر، حسب دستور شربت کریں۔

ترکیب استعمال: تین تین تولہ صبح و شام گرم پانی ملا کر استعمال کرائیں۔

(124) سفوف حرقۃ البول

اجزاو ترکیب: طباشیر، بیروزہ خشک، شورہ قلمی ہر ایک 3 ماشہ، کہربا 6 ماشہ، زیرہ سفید ایک تولہ، سفوف بنائیں۔

ترکیب استعمال: تین تین ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت بزوری استعمال کرائیں۔

(125) سفوف سوزاک و بول بند شدہ

اجزاو ترکیب: زیرہ سفید، شورہ قلمی ہر ایک ایک تولہ، سنگ یہود 6 ماشہ، باریک کر کے سفوف بنائیں۔

ترکیب استعمال: تین تین ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر بزو آب مساوی الوزن استعمال کرائیں۔

(126) دوائے ریگ گردہ

اجزاو ترکیب: شورہ قلمی 5 تولہ، سہاگہ، نوشادر، جو کھار ہر ایک ایک تولہ، سنگ یہود 2 تولہ، بندق ہندی یعنی ریٹھہ 3 تولہ بھلاوے 8 عدد، سوائے شورہ قلمی اور بھلاوہ کے سب دوائیں الگ الگ کوٹ کر رکھ لیں۔ اول کڑاہی میں شورہ قلمی ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب پگھل جائے تو سہاگہ ڈال دیں۔ پھر سنگ یہود اور ریٹھہ و بھلاوے جو کھار علی الترتیب ڈال کر نرم نرم آگ جلاتے جائیں۔ جب تمام اشیاء پگھل کر خشک ہو جائیں تو اتار لیں۔ اور پیس کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: ڈیڑھ ڈیڑھ ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ و آب ہم وزن استعمال کرائیں۔

نوٹ: دوائی کو سیخ آہنی سے ہلاتے رہیں اور آنکھوں کو دھواں سے بچائیں۔

(127) اکسیر سوزاک و قرحہ

یہ نسخہ دوران تعلیم مدرسہ طبیہ لاہور میں ایک شاگرد نے محبت سے بتلایا۔ اور کہا کہ ہمارا یہ خاندانی نسخہ ہے۔ اسے بنا کر ضرور آزمائش کرنا جو تجربہ کرنے پر واقعی عجیب اور بے مثل ثابت ہوا۔ نہایت مخفی نسخہ ہے جو پبلک کی ضرورت کو مد نظر رکھ کر ظاہر کر دیا گیا ہے۔

اجزاو ترکیب: بیروزہ مصفی تین تولہ، کشتہ سنگ جراح، طباشیر، گوکھرو ہر ایک 8 ماشہ، دانہ الائچی کلاں، دانہ الائچی خورد ہر ایک تین ماشہ، سب دوائیں الگ الگ باریک پیس کر وزن کر کے ملا لیں۔

ترکیب استعمال: مغز تخم خیارین ایک تولہ کو آدھ پاؤ پانی میں گھوٹ چھان کر شربت نیلوفر تین تولہ ملا کر اول چار ماشہ دوائی کھلا کر اوپر سے پلائیں۔ اسی طرح شام کو استعمال کرائیں۔

ترکیب کشتہ سنگ جراح: آک کے پھول یا نرم کونپلیں ایک کوزہ گلی میں سنگ جراح 5 تولہ کے نیچے اوپر رکھ کر گل حکمت کر کے 10 سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر پیس لیں۔

گندہ بیروزہ صاف کرنے کی ترکیب: ایک بڑی ہانڈی نصف تک پانی سے بھر کر اس کے منہ پر ململ کا کپڑا باندھ دیں اور اوپر بیروزہ ایک پاؤ کوٹا ہوا بچھا کر کسی کپڑے سے ڈھانک دیں۔ نیچے آگ جلائیں

جب بیروزہ پگھل کر ہانڈی میں چلا جائے تو اور تھوڑا سا ٹھنڈا پانی ڈال دیں۔ تاکہ اکٹھا ہو جائے۔ پھر سارا پانی سب نکال کر نیا ڈالیں۔ اور پہلے کی طرح صاف کریں۔ اسی طریق پر چار پانچ دفعہ عمل کرنے سے بیروزہ صاف ہو جائے گا۔

(128) پچکاری سوزاک

اجزاو ترکیب: نیلا تھوتھا، پھٹکڑی ہر ایک 6 ماشہ، دونوں اشیاء توا آہنی پر الگ الگ بریاں کریں۔ پھر باریک کھرل کر کے دیگچہ قلعی شدہ میں ڈال کر پانچ سیر پانی ڈالیں۔ اور جوش دیں جب دو سیر رہ جائے تو بوتلوں میں بھر لیں۔

ترکیب استعمال: حسب دستور دو وقت پچکاری کریں۔

(129) اکسیر سوزاک

ریاست بہاول پور کے ایک صاحب سے جو اس مرض کے مشہور معالج تھے۔ یہ نسخہ بصد مشکل حاصل ہوا جو ہمیشہ دارالصحت سلطانیہ میں تیار رہتا ہے۔ اور آج تک جس مریض کو دیا گیا کسی نے بھی ناکامی کی شکایت نہیں کی۔ ایسے کم خرچ بالانشیں نسخہ جات کے بتانے سے ہی لوگ بخل کرتے ہیں۔ جن پر خرچ وغیرہ بھی کچھ نہ آئے اور فائدہ میں بے خطا ہوں۔ واقعی اس نسخہ کے اجزا تو معمولی معلوم ہوتے ہیں مگر فائدہ کے لحاظ سے سوزاک کے سب نسخہ جات کا سرتاج ہے۔

اجزاو ترکیب: دانہ الائچی کلاں، شورہ قلمی ہر ایک 4 تولہ، دونوں دوائیں باریک کر کے ملا لیں۔

ترکیب استعمال: نو نو ماشہ صبح و شام ہمراہ آب خالص استعمال کرائیں۔ گرم ترش اشیاء مثل سرخ مرچ وغیرہ سے پرہیز کرائیں۔

(130) دوائے سوزاک و قرحہ

اجزاو ترکیب: قلمی شورہ دس تولہ، کیلے کے تین سیر پانی میں پکائیں۔ جب خشک ہو جائے اس میں گوکھرو یعنی بھکڑہ دس تولہ ست گندہ بیروزہ اصلی 5 تولہ باریک کر کے ڈالیں۔ بس تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ایک ماشہ ہمراہ لسی خام یعنی شیر و آب ہم وزن استعمال کرائیں۔ ترش، بادی، گرم اور تیل والی اشیاء سے پرہیز کرائیں۔

نوٹ: گندہ بیروزہ صاف کرنے کی ترکیب نسخہ سوزاک نمبر 127 کے ضمن میں تحریر ہے۔

مجربات امراض مخصوصہ مرداں

فی زمانہ جوانی کی غلط کاریوں اور عیاشیوں وغیرہ سے نامردی، سستی، جریان وغیرہ کے مریض بہت پائے جاتے ہیں۔ ایسے تھوڑے آدمی ہوں گے۔ جنہیں کمزوری کی شکایت یا دوائی قوت باہ کی تلاش نہ ہو۔ اور پھر اکثر کی یہی فریاد ہوتی ہے۔ کہ کوئی دوائی فائدہ نہیں کرتی۔ ہمارے خیال میں اس کی بھاری وجہ

ہے۔ کہ جس قدر ان امراض نے ترقی کی ہے۔ اس کے مقابلہ میں تسلی بخش دوائیں بہت کم میسر ہوتی ہیں۔ کیونکہ اول تو اتفاقاً جسے کوئی اچھا نسخہ مل جائے۔ وہ کسی کو بتاتا نہیں۔ دوسرے یہ کہ موثر دوائیں اکثر محنت سے بننے والی ہوتی ہیں۔ اور آج کل کے طبیب اس قدر آرام طلب ہو گئے ہیں کہ جو نسخہ کچھ بھی تکلیف و محنت سے بننے والا ہو۔ اس کی طرف خیال تک نہیں کرتے۔ برعکس اس کے اگلے زمانہ کے سنیاسی لوگ ایک ایک دوائی پر بہت بہت محنتیں کرتے اور کئی آدمی مل کر صرف ایک دوا مکمل کرتے تھے۔ اسی لئے سنیاسیوں کا نام آج تک زندہ اور باعزت چلا آتا ہے۔

اب ہم چند ایک اطمینانی اور پوشیدہ نسخہ جات درج کرتے ہیں۔ جنہیں اپنے ہاتھ سے بنا کر کئی مریضوں پر تجربہ کیا گیا ہے۔ آگے ان کی قدر کرنا یا نہ کرنا پبلک کے اختیار میں ہے۔

(131) کشتہ شنگرف اکسیر اعظم

دارالصحت سلطانیہ کا مایہ ناز مشہور و معروف نسخہ ہے۔ جو اکسیر الاجسام کے نام سے اشتہاروں وغیرہ کے ذریعہ تیس روپیہ فی تولہ کے حساب سے فروخت ہوتا ہے۔ جو کہ نامردی، سرعت انزال سستی وغیرہ کے بے خطا علاج اور چوٹی کا مقوی باہ، نیز لقوہ، فالج رعشہ، استرخا، وجع المفاصل کے لئے بہت عمدہ چیز ہے۔

اجزا و ترکیب: شنگرف رومی کی پانچ ڈلیاں بنا کر ان پر ریشم کی تار لپیٹ دیں اور کڑچھی آہنی میں ابرک کا ورق رکھ کر اس پر شنگرف کی ڈلیاں بچھا دیں اور آگ پر رکھیں۔ پھر آب پیاز میں کپڑا یا روئی تر کر کے شنگرف پر نچوڑتے جائیں۔ جب آب پیاز خشک ہو جائے۔ دوبارہ تر کر کے نچوڑ دیا کریں۔ یہی سلسلہ جاری رکھیں۔ حتیٰ کہ 18 سیر آب پیاز خرچ ہو جائے۔ ایک دن میں قریباً ڈیڑھ سیر آب پیاز خرچ ہو جاتا ہے۔ اس حساب سے 12 دن میں کشتہ تیار ہو جاتا ہے۔ جو کم از کم دس پندرہ مایوس نامردوں یا تیس چالیس معمولی کمزوروں کے لئے کافی ہوتا ہے۔

بات اصل میں یہ ہے کہ ایسا اطمینانی اور یقیناً تیار ہو جانے والا کشتہ ملتا ہی مشکل سے ہے۔ اور اگر محنت کے بعد مقصد پورا ہو جائے تو سب تکلیفیں وغیرہ دور ہو جاتی ہیں۔ مشقت کرنے کی جرات صرف ان کشتہ جات پر ہی نہیں ہو سکتی۔ جن کے جلنے یا اڑ جانے کا اندیشہ ہو۔ اس نادر الوجود کشتہ کی یہی وصف ہے کہ فائدہ میں کمال ہونے کے علاوہ ایک ناواقف آدمی بھی باآسانی تیار کر سکتا ہے۔ اور اس پر محنت کرنے کی ضرورت بھی ایسے مریضوں کے لئے ہی پڑتی ہے جو تمام کشتہ جات یا قوتیاں وغیرہ کھا کر مایوس ہو چکے ہوں اور کمزور ہونے کی وجہ سے مجامعت کے قابل نہ ہوں۔

ترکیب استعمال: معمولی کمزور کو نصف رتی اور نامرد کو ایک رتی مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

عجیب طریق استعمال: ایک عمر رسیدہ تجربہ کار حکیم سے (جو نامردی کے مشہور معالج تھے) شنگرف وغیرہ کا یہ عجیب طریق استعمال معلوم ہوا۔ جس سے یقیناً کامیابی ہوتی ہے۔ لہٰذا ہم یہ کشتہ شنگرف نیز دیگر کشتہ جات نامردوں کو اسی طریق سے استعمال کراتے ہیں۔ جو بالتفصیل لکھ دیا جاتا ہے۔ امید ہے کہ

میرے ہم پیشہ بھائی اسے پسند فرمائیں گے۔ وہ طریق استعمال یہ ہے کہ صبح ایک چھٹانک تازہ مکھن میں
قدرے مصری ملا کر پہلے تھوڑے سے حصہ میں ایک رتی کشتہ رکھ کر کھلا دیں۔ باقی مکھن اوپر سے کھلا
دیں۔ دوسرے روز اسی طرح ڈیڑھ چھٹانک مکھن اور ڈیڑھ رتی کشتہ کھلائیں۔ تیسرے روز آدھ پاؤ مکھن
2 رتی کشتہ۔ چوتھے روز تین رتی اور پانچویں روز چار رتی اسی طرح اگر مریض مکھن زیادہ کھانے سے
نفرت کرے تو آدھ پاؤ ہی روز کھاتا رہے۔ علی ہذا القیاس دودھ بھی روزانہ ایک سیر سے کم نہ پڑے۔ زیادہ ہو
تو بہتر ہے۔ اگر مکھن نہ کھایا جاسکے تو اس کی بجائے ملائی بھی کام دے سکتی ہے۔

غرض روزانہ چار رتی کشتہ مندرجہ بالا طریق پر استعمال کرایا جائے۔ غذا گوشت، پلاؤ، انڈے، قز
وغیرہ ہم نے اس طریق سے چھ چھ سات سات رتیاں کشتہ کھلایا ہے۔ جس کے ساتھ آدھ سیر تک مکھن
اور چار سیر تک دودھ ہضم ہو جاتا ہے۔

آلہ تناسل میں کوئی نقص ہو تو ساتھ ہی مذکور اور طلا وغیرہ بھی استعمال کرائیں۔ اگر اللہ کا فضل شامل
حال ہوا تو چوتھے روز مریض کہے گا کہ دوائی نے مجھے اثر کر دیا ہے۔

شائد کوئی صاحب یہ گمان کریں کہ روزانہ اس قدر دودھ گھی استعمال کرنے سے دوائی کے بغیر بھی
طاقت پیدا ہو سکتی ہے۔ اور دوائی نے کیا اثر کیا۔ تو ان کا یہ خیال غلط ہے۔

کشتہ جات چونکہ بہت گرم اور خشک ہوتے ہیں۔ اگر ان کے ہمراہ دودھ اور مکھن استعمال نہ کرایا
جائے تو تکلیف ہوتی ہے۔ فائدہ بھی کم ہوتا ہے۔ خصوصاً زیادہ تیز اور گرم کشتہ جات تو دودھ وغیرہ کے بغیر
تپ بھی چڑھا دیتے ہیں۔ اور پھر لطف یہ کہ ان کے ہمراہ جتنا دودھ گھی استعمال کرایا جائے جزو بدن بن کر
خون بافراط پیدا ہوتا ہے۔ اگر معترض صاحب کو ہماری اس بات پر یقین نہ آئے تو دوائی کے بغیر ڈیڑھ پاؤ
آدھ سیر مکھن اور تین چار سیر دودھ ایک دن میں ہضم کر کے دکھلائیں۔

اس نسخہ کو تیار کر کے ضرور آزمائیں اور نتیجہ سے اطلاع بخشیں۔

میرا اپنا معمول یہ ہے۔

ایک رتی کشتہ شنگرف مذکور اور ایک چھٹانک مکھن سے شروع کر کے روزانہ ایک رتی کشتہ شنگرف
اور ایک چھٹانک مکھن زیادہ کرتے جائیں۔ جس دن مریض کو شہوت محسوس ہو اس دن ان کا بڑھانا
موقوف کر دیں۔ اور یہی وزن (جس پر مایوس مریض کو فائدہ محسوس ہوا ہے) شروع رکھیں۔ مثلاً ساتویں
روز اس کو فائدہ ہو گیا ہے تو روزانہ صبح سات رتی وزن کر کے مکھن میں رکھ کر استعمال کراتے رہیں ساتھ
مکھن بھی سات چھٹانک تک 24 گھنٹہ میں کھلا دیں۔ یعنی جس قدر صبح آسانی سے کھا سکے کھلا دیں۔ باقی
دوسرے وقتوں میں کھلا دیں۔ ویسے نہ کھا سکے تو گوشت میں یا چوری بنا کر کھلا دیں۔ اگر کسی خاص عضو
میں نقص ہو مثلاً ضعف قلب یا ضعف دماغ یا ضعف جگر ہو یا آلہ تناسل میں کوئی شکائت ہو تو ان کا خیال
بھی ضرور کریں۔ انشاء اللہ بفضل خدا ضرور کامیابی ہو گی۔ ہم نے اس طریق سے کئی مایوس مریضوں کا
علاج کیا ہے۔ اور صرف پندرہ بیس یوم تک استعمال کرانے کی ضرورت ہوتی ہے۔

فوائد: ضعف باہ' نامردی کا واحد علاج ہے۔ نیز فالج' لقوہ' استرخا' تشنج' وجع مفاصل کے لئے نہایت مفید ہے۔ اعلیٰ درجہ محرک باہ ہے۔ تمام ریاحی امراض اور امساک کے لئے مفید ہے۔

(132) کشتہ شنگرف

(خاص نسخہ)

یہ کشتہ دارالصحت سلطانیہ میں ہمیشہ تیار رہتا ہے۔ اور آج تک کئی مریضوں پر تجربہ کیا جا چکا ہے۔ جو نامردی' سرعت انزال' قوت باہ کے لئے عجیب تحفہ اور مرض رعشہ' فالج' لقوہ' درد مفاصل وغیرہ کا عمدہ علاج ہے۔

اجزاو ترکیب: بھلاوہ' مال کنگنی' تخم حرمل ہر ایک ایک پاؤ تینوں دوائیں قدرے شیر مدار سے تر کریں۔ بعدہ ایک ہانڈی لے کر اس کو نصف تک گل حکمت کر کے خشک کریں۔ اس کے نیچے چار یا پانچ سوراخ بنوا لیں۔ اور دوائیں ڈال کر منہ بند کر دیں۔ پھر زمین میں گڑھا کھود کر اس کے درمیان ایک چھوٹا سا گڑھا اور بنا دیں۔ جس میں چینی کا پیالہ پورا آجائے۔

پھر چھوٹے گڑھا میں پیالہ رکھ کر اس کے منہ پر ہانڈی رکھیں۔ نیز لب پیالہ اور ہانڈی کو خوب مٹی لگا دیں۔ تاکہ ہوا کا رستہ نہ رہے بعدہ ہانڈی کے چاروں طرف چھ سیر مینگنی بز ڈال کر آگ لگا دیں بعد دو روز جب سرد ہو جائے تو حفاظت سے تیل نکال لیں۔ پھر شنگرف بقدر دو تولہ سالم ڈلی لے کر اول روغن مذکور میں تر کریں۔ بعدہ اس پر چار عدد برگ مدار پر لپیٹ کر چکنی مٹی کا انگل بھر موٹا لیپ کریں اور کوئلوں کی آگ میں ڈال کر پکائیں۔ جب غلولہ سرخ رنگ ہو جائے۔ تو فوراً باہر نکال کر قدرے سرد کر کے توڑ کر دوبارہ روغن مذکور میں تر کر کے اسی طرح پکائیں۔ علیٰ ہذا القیاس چالیس آنچیں دیں۔ قائم النار عجیب و غریب کشتہ تیار ہو جائے گا۔ اسے روح کیوڑہ دو تولہ میں کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: معمولی کمزور کے لئے نصف رتی اور نامرد کے لئے ایک رتی 5 تولہ مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کرائیں۔ اگر طریق استعمال مندرجہ صفحہ 91 کے مطابق استعمال کرایا جائے۔ تو نامرد کو نہایت عمدہ فائدہ کرتا ہے۔

نوٹ: لیپ والی مٹی میں روئی ملا کر حمام دستہ میں خوب کوٹ لینا چاہئے۔ تاکہ آگ پر رکھنے سے پھٹ نہ جائے کیونکہ اگر تھوڑا سا شگاف بھی آجائے تو شنگرف جل جانے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ دیگر غلولہ کو تھوڑی تھوڑی دیر بعد ہلاتے اور دیکھتے رہیں تاکہ ایک طرف سے زیادہ آگ نہ پہنچ جائے۔

فوائد: نامردی' ضعف باہ' سرعت وغیرہ فالج' لقوہ' اوجاع مفاصل گنٹھیا کے لئے مفید ہے۔

(133) کشتہ چاندی

(صندوقچہ کا خاص نسخہ)

آج کل وہی کشتہ چاندی پسند کیا جاتا ہے جو بوٹی میں بننے والا ہو اور ایک ہی تھوڑی سی آگ میں تیار

ہو جائے۔ لہٰذا یہ ان اوصاف والا عجیب کشتہ جو کہ آج تک سینہ میں مقفل تھا، بلا دریغ ناظرین کی خدمت
میں پیش کیا جاتا ہے۔ یاد رہے کہ یہ نسخہ ایک سیاح سے بڑی محنت کے ساتھ حاصل ہوا تھا۔ جو کہ
کوڑیوں کے مول آپ کو مل رہا ہے۔ لہٰذا اس کی قدر کرنا۔

اجزاو ترکیب: کھنگل بوٹی جسے کھٹی انبی کہتے ہیں۔ حسب ضرورت لے کر گھوٹ کر کپڑے میں چھان
لیں اور کسی برتن میں سنبھال کر رکھیں۔ ایک گھنٹہ تک فضلہ وغیرہ تہ نشین ہو جائے گا۔ اور سرخ رنگ
صاف پانی اوپر تیر آئے گا۔ اب پختہ کھرل میں (جو گھسنے والا نہ ہو) ایک تولہ برادہ چاندی اور ایک تولہ
سیماب ڈال کر اس پانی سے رگڑنا شروع کریں یعنی تھوڑا تھوڑا صاف پانی ڈال کر 12 گھنٹہ تک خوب زور
سے کھرل کریں۔ حتیٰ کہ چاندی کی چمک وغیرہ ملنے سے معلوم نہ ہو۔ پھر ٹکیہ بنا کر خشک کر لیں۔ اور
اوپلہ کلاں کے درمیان رکھ کر ان کے لب ملا لیں۔ اور ہوا سے محفوظ جگہ گڑھا میں رکھ کر ان کے
اوپر چھ سیر اوپلے اور ڈال دیں۔ اور آگ لگائیں۔ انشاء اللہ سفید رنگ کا عمدہ کشتہ تیار ہو جائے گا۔
گھنٹہ تک خوب کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: ایک رتی مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

فوائد: مقوی باہ، مقوی قلب، مقوی دماغ، مقوی معدہ ہے اور منی پیدا کرتا ہے۔ گردہ اور مثانہ کو طاقت
دیتا ہے۔

(134) کشتہ شنگرف

یہ کشتہ نامردی اور قوت باہ کے لئے اکسیر ہے۔

اجزاو ترکیب: آک کے پتوں کا دونا بنا کر اس میں ایک تولہ ڈلی شنگرف رکھ کر شیر آک سے تر کریں
دوسرے تیسرے روز بھی شیر آک اور ڈالیں اور رکھ چھوڑیں۔ جب دودھ خشک ہو جائے تو آک کے ز
پتے دس سیر ایک مٹکے میں دونا مذکور کے نیچے اوپر دے کر مٹکے کا منہ بند کر دیں۔ مگر یاد رہے کہ مٹی میں
روئی کوٹ لیں جب خشک ہو جائے تو اس پر دو دفعہ گل حکمت کر لیں۔ تاکہ ہوا باہر خارج نہ ہو سکے
جب اچھی طرح خشک ہو جائے۔ تو نیچے پانچ پہر تک تیز آگ جلا دیں۔ پھر سرد کر کے نکال لیں اور ایک
چھٹانک قیمہ گوشت بنوا کر ایک چھٹانک میں ڈلی شنگرف مذکور رکھ کر گھی اکیس چھٹانک میں بریاں کریں
جب گوشت خوب سرخ ہو جائے تو نکال کر سرد کر کے شنگرف کو الگ کر لیا کریں۔ اور پھر ایک چھٹانک
قیمہ گوشت میں لپیٹ کر گھی میں بریاں کریں۔ اسی طرح اکیس چھٹانک قیمہ گوشت میں بریاں کریں۔ پھر
شنگرف پیس کر اس میں ایک تولہ کشتہ چاندی مندرجہ بالا نمبر 133 ملا لیں۔ بس اکسیر باہ تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ایک رتی مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کرائیں۔ اگر طریق استعمال نسخہ نمبر 136
کے مطابق استعمال کرایا جائے تو نہایت مفید ثابت ہو گا۔
گوشت اور گھی کو محفوظ رکھیں۔ روزانہ ایک چھٹانک گوشت اور 2 تولہ گھی استعمال کرنا چاہئے
ایک آدمی اس سے بھی شفایاب ہو جائے گا۔ دوران استعمال میں جماع اور ترش اشیاء

(135) معجون برائے سرعت انزال

نیز مقوی اعضاء رئیسہ، مقوی باہ، مغلظ منی دافع جریان ہے۔ عالی جناب استاذ الاطباء حضرت استاذی مخدومی جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب لاہوری کا عطیہ ہے۔

اجزاو ترکیب: موصلی سیاہ، موصلی سفید، موچرس، تخم اٹنگن، دار چینی، بہمن سرخ، بہمن سفید، خار خسک، بیج بند، مغز تخم کدو، تخم پیاز، اندر جو شیریں، برگ بھنگ، طباشیر ہر ایک 4. ماشہ، تال مکھانہ، ثعلب مصری ہر ایک ایک تولہ، عاقر قرحا 6 ماشہ، مروارید نا سفتہ ایک ماشہ، مصری آدھ پاؤ، مروارید کسی پختہ کھرل میں ایک گھنٹہ تک روح کیوڑہ کے ساتھ کھرل کریں۔ دوسری دوائیں الگ الگ باریک پیس کر سب چیزوں کو ملالیں۔ اور مصری کا قوام کرکے پھر معجون تیار کریں۔

ترکیب استعمال: نو نو ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ آدھ سیر استعمال کرائیں۔

(136) کشتہ فولاد شنگرفی اکسیر اعظم

(صندوقچہ کا نسخہ)

جو نامردی قوت باہ، امساک کے لئے عجیب الاثر ہے۔ تیسرے چوتھے دن ہی اپنا مسیحائی اثر دکھاتا ہے۔ دار الصحت سلطانیہ کا ایک مشہور و معروف نسخہ ہے جو ہمارے مطب میں کثرت سے خرچ ہونے کے علاوہ اشتہارات کے ذریعہ بھی بارہ روپے فی تولہ کے حساب فروخت ہوتا ہے۔ غرض نہایت ہی نفیس نسخہ ہے جو تحفہ کے طور پر ناظرین کی خدمت میں پیش کیا جاتا ہے۔

گر قبول افتد زہے عز و شرف

اجزاو ترکیب: برادہ فولاد 10 تولہ، شنگرف رومی 4 ماشہ کو پختہ کھرل میں ڈال کر 2. چھٹانک شراب دیسی میں ایک دن کھرل کرکے قرص بنا دیں اور ایک دن پڑا رہنے دیں۔ دوسرے دن کوزہ گلی میں رکھ کر اس کا منہ خوب چکنی مٹی سے (جس میں روئی کوٹ کر ملائی گئی ہو) بند کردیں۔ خشک ہونے پر 6 سیر اوپلہ کی ہوا سے بچا کر آگ دیں۔ سرد ہو جائے تو نکال کر پھر 4 ماشہ شنگرف ملا کر 2. چھٹانک شراب میں کھرل کرکے اسی طرح آگ دیں۔ علی ہذا القیاس آٹھ آنچیں پوری کریں۔ پھر بطریق مذکورہ بالا آٹھ آنچیں آب گھیکوار میں کھرل کرکے دیں۔ ہر دفعہ چار ماشہ شنگرف ملا کر تین چھٹانک آب گھیکوار میں کھرل کرکے قرص بنائیں اور ایک دن کھرل کرکے دوسرے دن چھ سیر اوپلہ جنگلی کی آگ دیں۔ کل سولہ آنچوں میں تیار ہو جائے گا۔

ترکیب استعمال: معمولی کمزور کے لئے ایک رتی اور نامرد کے لئے 1. رتی پانچ تولہ مکھن یا ملائی میں رکھ کر کھلائیں اور دودھ گھی زیادہ استعمال کرائیں۔

(137) گولیاں لاثانی

(خاص الخاص نسخہ)

تقویت باہ و جگر و دل دماغ و گردہ و مثانہ و اعصاب و رقت منی سرعت انزال و جریان کے لئے خاص الخاص ہیں۔ یہ عجیب و غریب گولیاں کئی بار تیار کر کے سینکڑوں مریضوں پر تجربہ کی گئی ہیں۔ جہاں تک ہمارا خیال ہے ان سے بڑھ کر گولیوں کا اور کوئی جامع الفوائد زود اثر نسخہ نہیں ہو گا۔ مجلوق و کمزور اور قوت باہ کے لئے بہت اچھی دوا ہے۔ جو فیض رسائی خلائق کے لئے بلا دریغ درج کی جاتی ہے۔

اجزاو ترکیب : سافٹ پل آف فاسفورس' کشتہ شنگرف' کشتہ مرجان' کشتہ صدف' کشتہ قلعی ہر ایک تین ماشہ' ایکسٹریکٹ ڈمیانہ 6 ماشہ' ایکسٹریکٹ نکس وامیکا 1. ماشہ' کشتہ فولاد شنگرفی ایک ماشہ' ان کو ایک جگہ کھرل کریں۔ بعدہ زعفران 1. ماشہ' عنبر اشہب' مشک خالص ہر ایک 6 رتی' افیون' مومیائی کانی ہر ایک ایک ماشہ' جند بید ستر' ورق نقرہ ہر ایک 1. ماشہ' ورق سونا چھ رتی' اکٹھے ایک گھنٹہ تک کھرل کر کے پہلی دواؤں میں ملا دیں۔ پھر مغز پستہ' مغز بادام' مغز بنولہ' مغز فندق ہر ایک تین ماشہ' بیر بہوٹی' خراطین مغسول ہر ایک 1. ماشہ کوٹ کر ملا دیں۔ اس کے بعد عقر قرحہ' ریگ ماہی ہر ایک 1. ماشہ' جائفل' بہمن سرخ' بہمن سفید شقاقل ہر ایک تین ماشہ' جدوار خطائی دو ماشہ کوٹ چھان کر ملا دیں اور سب دوائیں دو گھنٹہ کھرل کرنے کے بعد قدرے شہد ملا کر گولیاں بقدر نخود تیار کریں۔

ترکیب استعمال : ایک ایک گولی صبح و شام آدھ سیر دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔ غذا گوشت' پلاؤ' فرنی' انڈے وغیرہ اور گرم ترش اشیاء سے پرہیز کرائیں۔

فوائد : مقوی باہ' مقوی اعضاء رئیسہ و مقوی گردہ و مثانہ' مغلظ منی' دافع جریان و سرعت انزال و مقوی اعصاب وغیرہ ایک جامع الفوائد نسخہ ہے۔

(138) کشتہ پارہ

قوت باہ کے لئے نہایت مجرب ہے۔ لطف یہ کہ آسان اور بے ضرر ہے۔

اجزاو ترکیب : بیخ کیلہ قریباً ایک بالشت لے کر اس میں تھوڑا سا سوراخ بنا دیں۔ پھر اس میں دو تولہ پارہ ڈال کر قدرے آب مکو سبز ڈالیں پھر کیلہ کی جڑھ سے ہی سوراخ بند کر کے گل حکمت کریں۔ اور ہانڈی خام فراخ منہ والی میں رکھ کر اس کا منہ چینی سے بند کر کے خوب گل حکمت کر دیں۔ اور ہوا سے بچا کر ہانڈی مذکور کو 30 سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ سرد ہو جائے تو پارہ نکال لیں اور پیس کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال : دو چاول بھر مکھن وغیرہ میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

فوائد : مغلظ منی' مقوی باہ' بدن کو طاقت دیتا' دودھ گھی ہضم کرتا ہے۔ چالیس سال سے زائد عمر کے لئے نہایت مفید ہے۔

(139) گولیاں مقوی باہ و ممسک ①

یہ گولیاں قوت باہ اور امساک پیدا کرنے نیز سرعت انزال کے لئے نہایت مفید ہے۔ ضعف باہ کے شاکیوں اور مجلوقوں کے لئے تجربہ کی جا چکی ہیں۔

اجزاو ترکیب: جائفل، جلوتری، افیون، مازو، تخم حرمل، مصطگی رومی، زعفران، ناگیسر، موچرس، تج، گل سپاری، چھالیہ، الائچی سفید، طباشیر، جوائن خراسانی ہر ایک تین ماشہ۔ ہر ایک دوائی الگ الگ باریک پیس کر بہدانہ اور اسبغول کے لعاب سے کچھ دیر کھرل کریں اور جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا دیں۔

ترکیب استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ آدھ سیر اور امساک کے لئے جماع سے تین گھنٹے پہلے ایک گولی کھا کر دودھ پینا چاہئے۔ غذا اس دن نہیں کھانی چاہئے صرف دودھ ہی پینا چاہئے۔

فوائد: مجلوق اور ضعیف الباہ کی سستی اور امساک کے لئے معمول ہیں۔

(140) کشتہ شنگرف قائم النار

یہ کشتہ قوت باہ کے لئے نہایت مجرب ہے۔ اور پندرہ دن کے استعمال سے نامرد مرد بن جاتا ہے۔

اجزاو ترکیب: شنگرف رومی ڈلی سالم ایک تولہ، مال کنگنی عمدہ ایک پاؤ۔ مال کنگنی کو خوب باریک کوٹیں۔ اور اس کے درمیان شنگرف رکھ کر غلولہ بنا کر ایک ہانڈی میں تین سیر ریگ ڈال کر اوپر یہ غلولہ رکھ کر اوپر تین سیر اور ریگ ڈال کر آگ پر رکھ کر چار پہر متوسط آگ جلا دیں۔ جب ریگ خوب گرم ہو جائے اور اوپر مکی کا دانہ رکھنے سے بریاں ہو جائے تو آگ بند کر دیں۔ صبح سرد ہونے پر شنگرف نکال لیں۔ اسی طرح پر ایک آگ اور دیں۔ قائم بے دود کشتہ تیار ہو جائے گا۔ دو تولہ روح کیوڑہ یا گلاب میں کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: چار چاول مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

فوائد: یہ نہایت مقوی باہ ہے۔ ریاح کو زائل کر دیتا ہے۔

(141) گولیاں مقوی باہ و ممسک ②

یہ بھی نہایت مجرب اور آزمودہ ہیں اور نہایت سریع الاثر ہیں۔ قوت باہ اور امساک پیدا کرنے کے لئے ایک خاص نسخہ ہے۔ ایک دوست کا خاص الخاص عطیہ ہے۔

اجزاو ترکیب: ایکسٹریکٹ نکس وامیکا 16 گرین، ایکسٹریکٹ جنشن ایک ڈرام، ایکسٹریکٹ بلاڈونا 8 گرین، کونین سلفاس 30 گرین، سلفیٹ آف آئرن 4 گرین، گولڈ کلورائڈ سوڈیم 15 گرین، سم الفار سفید 2 رتی، کشتہ فولاد 1 ماشہ، سب دوائیں الگ الگ پیس کر سب اشیاء کو خوب ملا کر 60 گولیاں تیار کریں۔

ترکیب استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام بعد غذا استعمال کرائیں۔

فوائد: مقوی باہ و ممسک ہیں۔ ان سے دائمی امساک پیدا ہوتا ہے اور قوت باہ بڑھ جاتی ہے۔ نہایت اعلیٰ درجہ مقوی و ممسک و محرک باہ اور دودھ، گھی ہضم کرنے والی گولیاں ہیں۔

(142) کشتہ شنگرف قائم النار بے دود

یہ کشتہ تین دفعہ تیار کیا گیا ہے جو تقویت باہ کے لئے ازحد مفید ثابت ہوا۔ لطف یہ کہ بالکل آسان اور بلا قیمت ہے۔ قائم النار بے دود تیار ہوتا ہے۔

اجزاو ترکیب: درخت جھنجھرہ کی تازہ لکڑی ایک گز لمبی لا کر اس کے درمیان میں بڑھئی سے ایک انچ مربع سوراخ بنوائیں۔ اس میں شنگرف رومی 2 تولہ سالم ڈلی رکھ کر جھنجھرہ کی ہی لکڑی سے سوراخ اس طرح مضبوط بند کریں کہ ہوا باہر نہ نکلے۔ اب ایک گز لمبا گڑھا کھود کر اس میں لکڑی مذکورہ رکھ دیں۔ نیچے اوپر اس کے چھوٹی چھوٹی لکڑیاں اور اوپلے ڈال کر دونوں طرف سے آگ لگا دیں۔ ساتھ ساتھ خشک لکڑیاں اور اوپلے وغیرہ ڈالتے جائیں۔ تاکہ لکڑی مذکور کے دونوں سرے آہستہ آہستہ جلتے جائیں۔ اس بات کا خیال رہے کہ تمام لکڑی کو اکٹھی ہی آگ نہ لگ جائے۔ بلکہ دونوں رخ سے بتدریج جلتی رہے۔ جب درمیان سے چار پانچ انگشت کے برابر رہ جائے تو آگ بجھا دیں اور سرد کر کے شنگرف نکال لیں۔ اب آگ پر ڈال کر امتحان کریں۔ اگر قائم ہونے میں کچھ فرق ہو تو اسی طرح ایک آگ اور دے لیں۔ عمدہ قائم النار بے دود کشتہ تیار ہو جائے گا۔ پیس کر نگاہ رکھیں۔

ترکیب استعمال: چار چاول صبح مکھن یا ملائی یا پیڑے وغیرہ میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

فوائد: مقوی باہ، دافع نامردی و امراض ریاحی و امراض اعصابی و امراض بلغمیہ کو مفید ہے۔

نوٹ: لکڑی نو انچ کے قریب موٹی اور سیدھی بلا گرہ ہو نیز شنگرف رکھتے وقت لکڑی کا سوراخ تیل تارا میرا سے چپڑ لیا جائے۔ گڑھا درمیان سے اونچا اور دونوں طرف سے جہاں لکڑیاں اور اوپلے ڈالتے ہیں) گہرا ہو۔

(143) کشتہ نقرہ

(خاص الخاص)

یہ کشتہ قوت باہ، جریان، رقت منی، گرمی مثانہ وغیرہ کے لئے عجیب ہے۔ اس کے باقاعدہ استعمال سے مجلوق کے تمام عوارض مثلاً ضعف باہ و معدہ و دماغ و اعصاب و قلب و گردہ وغیرہ زائل ہو۔ انسان طاقتور ہو جاتا ہے۔ طالب علمی کے زمانہ میں ایک سنیاسی سے ملا تھا۔ جو تجربہ پر ہمہ صفت موصوف ثابت ہوا۔ کئی دفعہ تیار کیا گیا ہے اور ہمارے مطب میں ہمیشہ تیار رہتا ہے۔

اجزاو ترکیب: ڈنڈا تھوہر کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے بنائیں اور کونڈا ڈنڈا میں گھوٹ کر پانی نکال لیں۔ اب اس پانی سے برادہ چاندی 2 تولہ کو چار پہر تک خوب کھرل کریں۔ اور کوزہ گلی میں ڈال کر منہ بند کر کے 15 سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ سرد ہو جائے تو نکال کر پھر ڈنڈا تھوہر کے پانی سے چار پہر کھرل کر کے 15 سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ اسی طرح تین آنچیں دیں اور کھرل کر لیں۔ نہایت ملائم کشتہ تیار ہو گا۔

ترکیب استعمال: ایک ایک رتی مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

فوائد: دافع جریان و رقت منی ضعف و گرمی و مثانہ و ضعف باہ و اعضاء رئیسہ خصوصاً قوت باہ کے لئے ازحد مفید ہے۔

(144) سفوف اکسیر جریان

(صندوقچہ کا نسخہ)

یہ جبرک نسخہ دیکھنے میں تو معمولی معلوم ہوتا ہے مگر فوائد کے لحاظ سے جریان کے سب نسخہ جات کا سرتاج ہے۔ خصوصاً پرانے جریان کے مریض کے لئے (جو منی بکثرت خارج ہونے کے سبب سے بہت کمزور اور تمام دوائیں سے مایوس ہو چکا ہو) ایک اطمینانی نسخہ ہے۔ بشرطیکہ مرض کی تشخیص اور پرہیز وغیرہ میں فرق نہ ہو آزما کر دیکھیں۔

اجزاو ترکیب: ستاور، سنگ جراح ہر ایک دس تولہ، مصری ایک پاؤ تینوں چیزیں الگ الگ کوٹ چھان کر ملالیں۔

ترکیب استعمال: ایک ایک تولہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ، غذا چنوں کی مرغن روٹی، دودھ، گھی زیادہ استعمال کرائیں۔ دیگر سب چیزوں سے پرہیز کرائیں۔

نوٹ: اگر قبض ہو تو مربہ ہلیلہ دو عدد رات کو سوتے وقت کھلایا جائے۔

فوائد: جریان کہنہ کے لئے جو کسی اور دوائی سے اچھا نہ ہوتا ہو مفید ہے۔

(145) کشتہ قلعی برائے جریان

یہ کشتہ رقت منی، جریان، قوت باہ کے لئے عمدہ چیز ہے اور لطف یہ کہ سالم ڈلی کشتہ ہو جاتی ہے۔

اجزاو ترکیب: قلعی 2 تولہ کڑچھی وغیرہ میں گرم کریں۔ جب پگھل جائے تو گائے کے پیشاب میں بجھا دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں اور پھر گرم کر کے بجھائیں۔ اسی طرح سات دفعہ عمل کرنے کے بعد سات دفعہ تلوں کے تیل میں بجھائیں۔ پھر کوٹ کر باریک پترہ بنالیں اور بوٹی لاجونتی پانچ تولہ کوٹ کر اس میں پترہ مذکور رکھ دیں اوپر کچھ پھٹا پرانا کپڑا لپیٹ کر چکنی مٹی کا پتلا سا لیپ کریں۔ خشک ہو جائے تو ہوا سے بچا کر گڑھا میں دس سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ عمدہ کشتہ تیار ہو گا۔ پیس کر کپڑے میں چھان لیں۔

ترکیب استعمال: ایک رتی مکھن یا کسی معجون وغیرہ میں رکھ کر استعمال کرائیں۔ اگر ایک آنچ سے فائدہ نہ ہو۔ تو ایک آنچ اور دے دیں۔

فوائد: رقت منی، جریان، ضعف باہ، کثرت احتلام کے لئے نہایت مفید ہے۔

(146) گولیاں عجیبہ قوت باہ و امساک

یہ گولیاں صرف عیش پسند امراء اور شائقین اصحاب کے لئے مخصوص ہے۔

اجزاو ترکیب: مشک خالص ایک ماشہ، کچلہ مدبر (جو گھی میں بریاں کر لیا گیا ہو) 6 رتی، لونگ گدار 21 عدد، سب دوائیں باریک کھرل کر کے ملالیں۔ اور شہد کے ساتھ گولیاں بقدر ایک ایک ماشہ تیار کریں۔

ترکیب استعمال: بوقت ضرورت ایک گولی جماع سے تین گھنٹہ پہلے چائے اور دودھ کے ساتھ استعمال کرائیں۔ غذا اس دن بہت کم کھلائیں۔ اور دودھ جس قدر پیا جا سکے پئیں۔ بلکہ پیاس کے وقت بھی دودھ ہی پلائیں۔

فوائد: قوت باہ و امساک پیدا کرتی ہیں۔ باہ میں تحریک کرتی ہیں۔ دودھ خوب ہضم کرتی ہیں۔

(147) کشتہ قلعی برائے جریان ②

یہ کشتہ جریان، رقت منی اور سوزاک کے لئے مفید ہے۔ قوت باہ پیدا کرتا ہے۔ معمول مطب ہے۔

اجزاو ترکیب: قلعی دو تولہ کوٹ کر باریک کتر لیں۔ اور نغدہ برگ کیکر میں تہ بہ تہ دے کر کپڑے سے لپیٹ کر چکنی مٹی کا پتلا سا لیپ کریں۔ خشک ہونے پر ہوا سے بچا کر ڈیڑھ سیر اوپلہ کی آگ دیں۔

ترکیب استعمال: ایک رتی مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

فوائد: جریان کو مفید ہے۔ قوت باہ پیدا کرتا ہے۔ گرمی مثانہ اور سوزاک کے لئے نہایت مفید ہے۔

(148) سفوف جریان و رقت منی

یہ سفوف جریان، رقت منی، کثرت احتلام، سرعت انزال کے لئے نہایت عمدہ چیز ہے۔ جو استاذ الاطباء علامہ زماں حضرت استاذنا و مخدومنا جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب لاہوری کے مطب کا نہایت نرالا نسخہ ہے۔ جو بلا تکلیف آپ کو مل رہا ہے اس کی قدر کریں۔

اجزاو ترکیب: بہمن سرخ، بہمن سفید، ثعلب مصری ہر ایک 2. تولہ، صمغ عربی 1/2 تولہ، سبوس اسبغول 2 تولہ، مغز تخم تمر ہندی (املی)، کھانڈ سفید ہر ایک 1. پاؤ، سب دوائیں الگ الگ کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔

ترکیب استعمال: چھ چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کرائیں۔

فوائد: جریان، رقت منی، کثرت احتلام، سرعت انزال وغیرہ کو دور کر کے منی کے تمام نقائص کو دور کرتا ہے۔

(149) معجون چوب چینی

یہ معجون برائے ضعف باہ، ضعف اعضاء رئیسہ وغیرہ کے لئے مفید ہے۔ مفرح قلب، مولد خون صالح، دافع درد کمر وغیرہ کے لئے مجرب ہے۔

اجزاو ترکیب: برادہ چوب چینی 4 تولہ، گل گاؤزبان 6 ماشہ، گل منڈی، صندل سفید، مغز بادام، چھوٹی، شقاقل، تخم کدو، آرد سنگھاڑا، آرد نخود بریاں، مغز تخم املی مقشر، ستاور ہر ایک 1 تولہ، ثعلب مصری 2 تولہ، زنجبیل بے ریشہ، صمغ عربی، کیرا ہر ایک تین ماشہ، طباشیر 4 ماشہ، پنیر مایہ شتر اعرابی، جدوار اصلی ہر ایک 6 ماشہ، طباشیر 4 ماشہ، گوند خرا 2. ماشہ، ورق نقرہ 50 عدد، ورق طلا 5 عدد، مشک خالص 4 رتی، زعفران ایک ماشہ، مروارید ناسفتہ ایک ماشہ، روح کیوڑہ 2 تولہ، روح گلاب 1 تولہ، مصری ایک سیر، حسب

دستور معجون بنادیں۔
ترکیب استعمال: تین تین ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کرائیں۔
فوائد: مقوی باہ، مقوی اعضاء رئیسہ (دل، دماغ، جگر، معدہ) مفرح قلب، مولد خون، درد کمر وغیرہ نہایت عمدہ چیز ہے۔

(150) معجون جریان و قوت باہ

شمس الاطباء حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب لاہوری کے مطب کا مجرب المجرب نسخہ ہے جو کوڑیوں کے مول آپ کو مل رہا ہے۔ جریان اور قوت باہ کا واحد علاج ہے اور بالکل بے ضرر ہے۔ منی کو غلیظ کر کے باہ پیدا کرتی ہے۔

اجزاو ترکیب: طباشیر، دانہ الائچی خورد، کمر کس، صمغ عربی، صمغ ڈھاک، موچرس، سروالی، بیج بند، مغز تخم تمرہندی، ستاور، ثعلب مصری، موصلی سفید، موصلی سیاہ ہر ایک ایک تولہ، شہد خالص آدھ پاؤ، مصری ا پاؤ، ترنجبین تین چھٹانک۔ کوٹنے والی دوائیں کوٹ چھان کر اور شہد و مصری و ترنجبین کا قوام تیار کر کے معجون بنادیں۔

ترکیب استعمال: ایک ایک تولہ صبح و شام آدھ سیر دودھ کے ساتھ استعمال فرمائیں۔
فوائد: جریان، رقت منی اور ضعف باہ کو نیست و نابود کر کے حد درجہ قوت باہ پیدا کرتی ہے۔

(151) کشتہ چاندی

قوت باہ اور تقویت دماغ اور تقویت بصر کے لئے نہایت عمدہ چیز ہے۔ خصوصاً عمر رسیدہ اصحاب اور دماغی محنت کرنے والوں کے لئے نہایت مجرب ہے۔

اجزاو ترکیب: چاندی ایک تولہ کوٹ کر باریک پترہ بنالیں اور آگ میں خوب سرخ کر کے 50 دفعہ شراب خالص میں بجھائیں پھر بوتہ گلی میں نیچے اوپر ہڑتال ورقیہ 4 تولہ باریک پسی ہوئی دے کر منہ چکنی مٹی سے خوب بند کریں۔ اور گل حکمت کر کے 20 سیر اوپلہ جنگلی کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔
ترکیب استعمال: دو چاول صبح مکھن یا خمیرہ گاؤزبان میں رکھ کر استعمال کرائیں۔
فوائد: باہ کو طاقت دیتا ہے۔ خصوصاً طاقت دماغ اور طاقت بصر کے لئے نہایت عمدہ چیز ہے۔

(152) علاج کثرت احتلام

اجزاو ترکیب: جست 3 تولہ کڑچھی میں ڈال کر لوہار کے دوکان میں رکھیں۔ جب پگھل جائے تو تھی کا تھوڑا سا پانی ڈالیں۔ اور سیخ آہنی سے ہلاتے رہیں۔ جب گرم ہو کر شعلہ اٹھنے لگے تو پھر پانی مذکور کا چھینٹا دیں۔ اسی طرح عمل کرتے جائیں۔ حتی کہ تمام جست کشتہ ہو کر پھول جائے۔ بعدہ باریک پیس کر کپڑ چھان کرلیں۔
ترکیب استعمال: ایک رتی مکھن میں رکھ کر استعمال کرائیں۔ بھی ڈیڑھ تولہ کوٹ کر آدھ پاؤ پانی میں

چار پہر تک بھگو رکھیں۔ پھر اس کا پانی چھان لیں۔ دوسرے وقت یہ سفوف استعمال کرائیں۔ دال ماش مقشر، کوزہ مصری ہر ایک ایک پاؤ باریک پیس کر سفوف بنالیں۔ اور چار بجے شام بقدر تین تولہ پھانک کر دو گھنٹہ کے بعد پاؤ بھر دودھ پئیں۔

(153) طلائے نامرد

اس کے ایک ہفتہ استعمال کرنے سے ہی مجلوق کے تمام عوارض مثلاً کجی، لاغری، باریکی، رگوں میں پانی بھر جانا، سستی وغیرہ نیست و نابود ہو جاتے ہیں۔

اجزاو ترکیب استعمال: مٹھا تیلیہ 2 تولہ، عقرقرحہ ایک تولہ، سندھور 6 ماشہ، شیرمدار، روغن گاؤ ہر ایک 8 تولہ، پہلی دونوں دوائیں پیس کر کپڑ چھان کرلیں۔ اور پھر سب کو کڑاہی آہنی میں ڈال کر نیم کی لکڑی سے (جس کے منہ میں پیسہ لگایا گیا ہو) 24 گھنٹے تک خوب رگڑیں۔ بس طلائے لاجواب تیار ہے۔ رات کو ایک ماشہ گرم کر کے حشفہ اور سیون بچا کر مالش کریں۔ اوپر پان یا ارنڈ کا پتہ رکھ کر کچے سوت وغیرہ سے باندھ دیں۔ صبح کھول کر دوسرے دن پھر اسی طرح مالش کریں۔ بہتر ہے کہ طلاء استعمال کرنے سے پہلے کھردرے کپڑے سے مل لیں۔ تاکہ جلد سرخ ہو جائے۔ اگر تیسرے چوتھے دن دانے نکل آئیں۔ تو یہ اچھی علامت ہے۔ اس وقت طلا بند کر دیں۔ اور گھی جلا کر صبح و شام لگایا کریں۔ آرام ہونے پر پھر طلا شروع کریں۔

فوائد: مجلوق و نامرد کے تمام عوارض مثلاً آلہ تناسل کی کجی، لاغری، کوتاہی رگوں میں پانی بھر جانا، سستی وغیرہ دور ہو کر مکمل مرد بن جاتا ہے۔

(154) طلائے قوت باہ

لاغری، سستی، باریکی وغیرہ آلہ تناسل کے تمام نقائص کے لئے مجرب اور آزمودہ ہے۔ لطف یہ کہ آسان ہے اور آبلہ وغیرہ سے مبرا ہے۔ جس کے اکثر اصحاب متلاشی ہوتے ہیں۔

اجزاو ترکیب: سم الفار سفید، شنگرف، ہڑتال ورقی، گندھک، زنجبیل، مال کنگنی، رتن جوت، مٹھا تیلیہ، کچلہ، لونگ، جائفل، آملہ سار، جاوتری، کیسر، دار چینی ہر ایک 6 ماشہ، آب برگ مدار، آب برگ دھتورا، آب برگ ارنڈی ہر ایک 3 تولہ۔ جوان آدمی کے سر کے بال 1 تولہ، تلوں کا تیل آدھ سیر۔ خشک دوائیں الگ الگ پیس کر تین گھنٹہ تک خوب کھرل کریں۔ اور پھر سب اشیاء کڑاہی میں ڈال کر آگ پر پکائیں۔ جب پانی جل کر صرف تیل رہ جائے تو چھان کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔ تیل سرخ رنگ کا ہوگا۔ حشفہ اور سیون بچا کر دو تین رتی کا قدر مالش کر کے پان یا ارنڈ کا پتہ باندھ دیں۔ اگر اس میں دس تولہ چربی سانڈہ اور 5 تولہ روغن بیضہ مرغ ملا لیا جائے تو اور بھی اچھا ہے۔

فوائد: آلہ تناسل کے کل نقائص مثلاً کجی، لاغری، کوتاہی، باریکی، سستی وغیرہ کو دور کر کے طاقت و توانائی بخشتا ہے۔

(155) گولیاں اکسیر باہ

استاذ الحکماء رئیس الاطباء حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب مرحوم لاہوری کا عطیہ ہے۔ آپ کے مطب میں یہ گولیاں خاص اہتمام سے تیار کرائی جاتی ہیں۔ جو قوت باہ اور جریان اور تقویت اعضاء رئیسہ اور امساک کے لئے نہایت عجیب و غریب ہیں۔ اس میں تمام وہ اوصاف موجود ہیں۔ جن کی آج کل ضرورت ہے۔ ایک جامع الفوائد قابل قدر نسخہ ہے۔

اجزاو ترکیب: کشتہ سونا، کشتہ مرگانگ، موتی ناسفتہ عمدہ، کشتہ شنگرف اعلیٰ، کشتہ سنگ یشب، اسٹرکنیا ہر ایک ایک ماشہ، کشتہ چاندی تین ماشہ، کشتہ سم الفار 5 رتی، کشتہ سکہ، کشتہ عقیق، کشتہ ابرک سیاہ سو آتشہ، کشتہ فولاد سو آتشہ، کشتہ مرجان ہر ایک 2 ماشہ، مشک خالص، عنبر اشہب ہر ایک 2 رتی، افیون مدبر 4 رتی، بارفیا 10 گرین، کیفین نصف ڈرام، مروارید کو روح کیوڑہ میں دو گھنٹہ تک خوب کھرل کرلیں۔ پھر قدرے شہد ملا کر گولیاں بقدر مسور تیار کریں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی صبح آدھ سیر دودھ کے ساتھ اور گھی زیادہ استعمال کرائیں۔ امساک کے لئے جماع سے تین گھنٹہ پہلے ایک گولی کھلائیں۔ غذا اس دن کم کھلائیں۔ زیادہ تر دودھ پر ہی اکتفا کرائیں۔

فوائد: قوت باہ و امساک اور تقویت اعضاء رئیسہ کے لئے نہایت مفید ہیں۔ نیز جریان کو فائدہ کرتی ہیں۔ آج کل کی شکایات کے لئے بہت مفید ہے۔ دودھ، گھی خوب ہضم کرتی ہیں اور ہر مزاج کے موافق ہیں۔ بدن میں طاقت پیدا کرتی ہیں۔

(156) حب خاص عنبری

یہ حبوب قوت باہ کے لئے کمال درجہ مفید ہیں۔ نیز جریان، ضعف اعضاء رئیسہ، غشی، حرارت غریزی، کمزوری، سردرد وغیرہ کے لئے نافع ہیں۔ یہ نسخہ بڑی محنت سے حاصل ہوا اور صاحب نسخہ کی ہدایت تھی کہ اسے عام نہ کرنا مگر میں اسے اپنے پیارے بھائیوں کے لئے پیش کئے بغیر رہ نہیں سکتا۔

اجزاو ترکیب: عنبر اشہب، مشک نیپالی، زعفران، ورق چاندی، ورق طلا، مروارید ناسفتہ، جوہر لوبان، کشتہ چاندی، ریگ ماہی، کشتہ فولاد، کشتہ قلعی، جند بید ستر ہر ایک 1/8 گرین، یوہمبن کلورائیڈ 1/10 گرین یہ فی گولی کا وزن ہے۔ مروارید کو عرق گلاب میں کھرل کریں۔ پھر سب دوائیں ایک جگہ کھرل کریں۔ اور قدرے شہد ملا کر گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی رات کو سوتے وقت آدھ سیر دودھ کے ساتھ کھالی جائے۔ درمیان میں ایک دن ناغہ کرلیا جائے تو اچھا ہے۔ کل پندرہ بیس گولیوں سے تجاوز نہ کیا جائے۔

(157) کشتہ شنگرف اکسیری

یہ کشتہ نامردی، ضعف باہ اور ریاحی امراض کے لئے مجرب اور آزمودہ ہے۔ یہ نسخہ ایک کہنہ مشق

موسی نے کمال شفقت سے عطا فرمایا تھا۔ جو بعد تجربہ بلا بخل اپنے بھائیوں کی خدمت میں پیش کیا جا[تا] ہے۔

اجزاو ترکیب: شنگرف معدنی ڈلی سالم 6 ماشہ، گھیکوار کا پتہ جو موٹا اور پختہ ہو۔ بالشت بھر کاٹ کرا[س کی] ایک طرف سے چیر دیں اور ڈلی مذکور درمیان میں رکھ کر اوپر سوت یا کپڑا وغیرہ لپیٹ دیں اور میگنی ... اوپلہ جنگلی کی خوب گرم بھوبھل میں دفن کریں۔ تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد دیکھتے اور پھیرتے رہیں۔ ... کہ پتہ اچھی طرح ابل کر اس کا پانی خشک ہو جائے۔ مگر جلنے تک نوبت نہ پہنچے۔ پھر نکال کر گھیکوار کے دوسرے بالشت بھر ٹکڑے میں بدستور پکائیں۔ اسی طرح 80 دفعہ آنچ دیں۔ اعلیٰ درجہ قائم النار باد[امی] ہر رنگ کشتہ تیار ہو گا۔ باریک کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: خوراک دو چاول مکھن یا ملائی میں رکھ کر دودھ گھی بکثرت استعمال فرمائیں۔

نوٹ: کشتہ ہذا چھ سات دن میں تیار ہو جاتا ہے۔ اور یہ وزن قریباً آٹھ دس مریضوں کے لئے کافی ہے۔ الا ماشاء اللہ۔

واضح رہے کہ آگ زیادہ نہ ہونے پائے۔ ورنہ ڈلی بکھر کر ضائع ہو جائے گی۔

فوائد: نامردی، سستی کے لئے ایک خاص الخاص کشتہ ہے۔ ریاحی امراض کو فائدہ کرتا ہے۔

(158) سفوف اکسیر جریان و کثرت احتلام

یہ سفوف ہمارے ہاں خاص اہتمام سے تیار ہوتا ہے جو جریان، کثرت احتلام، رقت منی، سرعت انزال کے لئے نہایت نافع ہے۔ ان عوارض کے لئے ایک خاص الخاص بھروسہ کی چیز ہے۔ کئی مریض شفایاب ہو چکے ہیں۔ آپ بھی تجربہ کر کے دیکھیں۔

اجزاو ترکیب: تال مکھانہ، تخم کونچ، موصلی سیاہ، موصلی سفید، بیج بند، گوکھرو یعنی تخم ہسکرہ، تخم اٹنگن، تج بل، اکلیل الملک چاول ساٹھی، کرکس، تخم کاہو، اندر جو شیریں، سمندر سوکھ، ستاور، سنگھاڑہ، ... سروالی، پوست بیخ اونٹ کٹارہ یعنی اشترخار ہر ایک 6 ماشہ، کھانڈ سفید 10 تولہ، سب دوائیں الگ الگ کوٹ کر اور کھانڈ ملا کر محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: 6 ماشہ صبح ہمراہ شیر گائے یا بز، گرم، بادی، تیل والی اشیاء سے پرہیز، غذا مرغن۔

فوائد: جریان، کثرت احتلام، سرعت کی شکایت کو دور کرتا ہے۔ منی کو گاڑھا کرتا ہے۔ مولد منی ہے۔

(159) گولیاں ذکاوت حس واحتلام

کثرت احتلام اور ذکاوت حس کے لئے معمول ہیں۔ ہمہ صفت موصوف ہیں۔

اجزاو ترکیب: ایکسٹریکٹ ہائیو سائمس 1 ماشہ، ایکسٹریکٹ بلاڈونا 2 رتی، کافور ایک ماشہ، پہلے کافور باریک کر کے دوسری دونوں دواؤں کے ساتھ ملا کر خوب کوٹیں۔ جب گولی بننے کے لائق ہو جائے تو اس کی بارہ گولیاں بنا لیں۔ روزانہ رات کو سوتے وقت ایک گولی پانی کے ساتھ کھلائیں۔

ذکاوت حس دفع ہو جانے کے بعد مندرجہ ذیل سفوف پندرہ بیس روز استعمال کرائیں۔ نسخہ سفوف یہ ہے۔ ثعلب مصری، بہمن سفید، بہمن سرخ، ست اسبغول ہر ایک ایک تولہ، مصطگی رومی چھ ماشہ کشتہ قلعی تین ماشہ، مصری کوزہ پانچ تولہ، سب دوائیں باریک کرکے ملالیں۔

ترکیب استعمال: سات سات ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کرائیں۔

فوائد: ذکاوت حس اور کثرت احتلام کی مجرب گولیاں ہیں۔

(160) معجون دافع جریان و گرمی

یہ معجون نہایت ہی عجیب شے ہے۔ جریان کو دور کرنے کے علاوہ ضعف دماغ، نزلہ کہنہ، رقت منی کو فائدہ کرتی ہے۔ گرم مزاجوں کے لئے نہایت عمدہ چیز ہے۔ جو کئی دفعہ کی مجرب ہے۔

اجزاو ترکیب: مغز تخم کدو، مغز تخم خیارین، مغز تخم خربوزہ، مغز فندق، تخم کاہو، کتیرا، صمغ عربی، نشاستہ، شقاقل، بہدانہ، ست اسبغول، ثعلب مصری، برگ نیلوفر، تخم نیلوفر، گل گاؤ زبان، گاؤ زبان، برنج کشنیز، طباشیر، خشخاش سفید، تخم کاسنی ہر ایک چھ ماشہ، مصری دو پاؤ، مصری کا قوام تیار کرکے دوسری ادویہ (جو پہلے باریک کرکے پاس رکھی ہوں) اس میں ملائیں۔ اور ورق چاندی 20 عدد بھی ایک ایک کرکے ملا دیں۔ اگر کسی امیر کے لئے تیار کرنا ہو تو مشک خالص 6 رتی ملائیں۔

ترکیب استعمال: ایک تولہ صبح ہمراہ شیر گاؤ استعمال کرائیں۔ تمام گرم ترش اور تیل والی اشیاء سے پرہیز کرائیں ایک ماہ تک ضرور استعمال کرائیں۔

فوائد: جریان، ضعف دماغ، نزلہ کہنہ، رقت منی کے لئے مخصوص ہے۔

(161) معجون مقوی باہ و مغلظ منی

یہ معجون جہاں قوت باہ پیدا کرتی ہے۔ مغلظ و مولد منی بھی ہے۔ منی پیدا کرتی ہے۔ نہایت عمدہ اور سستی چیز ہے۔

اجزاو ترکیب: مغز بادام مقشر 12 تولہ، شقاقل مصری 5 تولہ، بہمن سفید تین تولہ، دار چینی، الائچی خورد ہر ایک ایک تولہ، زعفران عمدہ 6 ماشہ، زردی بیضہ مرغ 25 عدد، شہد مصفی سوا تین پاؤ، زعفران کو عرق گلاب 5 تولہ میں دو گھنٹہ تک کھرل کرکے رکھ لیں۔ انڈوں کو ابلتے ہوئے پانی میں ڈالیں۔ جب دو چار جوش آجائیں تو نکال کر زردی الگ کرلیں۔ باقی دوائیں الگ پیس لیں۔ اب شہد کو آگ پر چڑھائیں اور جھاگ وغیرہ صاف کرکے زردی بیضہ مرغ ملائیں۔ پھر باقی پسی ہوئی دوائیں ملا دیں۔ ان کے بعد زعفران ملا کر اتار لیں۔ بس تیار ہے۔

ترکیب استعمال: چھ چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر استعمال کرائیں۔ اگر موسم گرما ہو تو شہد کی بجائے مصری استعمال کریں۔

(162) طلائے دافع سستی و کمزوری

یہ طلا کئی دفعہ تیار کر چکا ہوں۔ نہایت زود اثر ہے۔ پہلے، دوسرے ہی دن اپنا اثر دکھلاتا ہے۔ مثیر الاطباء کا فیض ہے۔

اجزاو ترکیب: مغز جما لگوٹہ، مغز پستہ ہر ایک 5 تولہ، دونوں کو ملا کر پتال جنتر کے ذریعہ تیل نکالیں۔ پھر اس روغن میں بحساب ایک تولہ روغن کے فاسفورس خشک 2 گرین، زعفران کشمیری ایک ماشہ، مکھی سبز سر بریدہ پانچ عدد داخل کر کے تین پہر تک کھرل کریں۔ اور شیشی میں رکھیں۔ رات کو سوتے وقت دو قطرے عضو مخصوص پر مل کر پان یا ارنڈ کا پتہ باندھ دیں۔ باقی ہدایات طلائے مجلوق نمبر 152 مندرجہ کتاب ہذا میں ملاحظہ فرمائیں۔

نوٹ: مکھی سبز بوچڑ خانوں میں ملتی ہے۔ جو گوشت پر بیٹھی ہوئی ہوتی ہے۔ اس کا رنگ سبز ہوتا ہے اور شکل و شباہت معمولی مکھی کی طرح ہوتی ہے۔ قد میں اس سے دوگنا سہ گنا زیادہ ہوتا ہے۔

فوائد: سستی، کمزوری اور مجلوق کے تمام عوارض کو دور کر دیتا ہے۔ رگوں کے فاسد مادہ کو خارج کرتا ہے۔ نہایت مقوی باہ ہے۔

مجربات امراض زنان

(163) گولیاں برائے ادرار حیض و بانجھ پن

عقر (بانجھ پن) عموماً حیض کی بندش سے ہوا کرتا ہے۔ لہٰذا یہ گولیاں بندش حیض کی شکایت کو رفع کر دیتی ہیں۔ اور حمل قرار پا جاتا ہے۔ مندرجہ ذیل ترتیب کے ساتھ استعمال کرائیں۔ انشاء اللہ تعالیٰ کامیابی یقینی ہوتی ہے۔

اجزاو ترکیب: مصبر، ریوند عصارہ ہر ایک ایک تولہ، ہیرا کسیس سبز عمدہ، زعفران ہر ایک چھ ماشہ، سب کو الگ الگ باریک کر کے ملالیں۔ اور جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔

ترکیب استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام چائے یا دودھ کے ساتھ موسم و مزاج کے لحاظ سے کمی بیشی بھی کی جا سکتی ہے۔ ٹھیک اندازہ ہے کہ قبض نہ رہے۔ قریباً ایک ماہ متواتر استعمال کرنے سے حیض بخوبی کھل جاتا ہے۔ پھر اسی نسخہ میں مرمکی، برادہ ہاتھی دانت ہر ایک ایک تولہ ملا کر اسی طرح کچھ دن استعمال کرائیں۔ انشاء اللہ حمل قرار پائے گا۔

فوائد: حیض کو کھولتی ہیں اور عقر (بانجھ پن کی عادت) کو دور کرتی ہیں۔ ان سے حیض کھل کر حمل قرار پا جاتا ہے۔

(164) گولیاں مدر حیض

ان گولیوں کے فوائد بھی وہی ہیں جو مندرجہ بالا گولیوں کے ہیں۔ خصوصاً سرد مزاج کے لئے ازحد

مفید ہیں۔ نیز جوڑوں کے درد قوت باہ کے لئے بھی مفید ہیں۔ ایک بزرگ کا عطیہ ہے۔

اجزاوترکیب: زعفران، افستین، ہیراکسیس سبز عمدہ ہرایک تین ماشہ، مصبر، ریوند خطائی ہرایک 6 ماشہ، سب دوائیں الگ الگ باریک کرکے پانی کی مدد سے گولیاں بقدر جنگلی بیر تیار کریں۔

ترکیب استعمال: ایک ایک گولی صبح وشام ذیل کے جوشاندہ کے ساتھ استعمال کرائیں۔ نسخہ جوشاندہ یہ ہے۔ آرد بنولہ (پنبہ دانہ) 4 تولہ کوٹ کر پاؤ بھر پانی میں جوش دیں۔ جب نصف کے قریب رہ جائے تو 2 تولہ گلقند ملا کر مل چھان لیں اور اس کے ساتھ گولی استعمال کرائیں۔ اسی طرح صبح وشام استعمال کیا جائے۔ طبیعت اور موسم کے لحاظ سے بجائے اس کے شربت بزوری کے ساتھ بھی استعمال کی جا سکتی ہیں۔

فوائد: بندش حیض کو کھولتی ہیں۔ اس کے بے قاعدہ آنے، درد کے ساتھ آنے، کم آنے کے لئے عمدہ ہیں۔

(165) گولیاں مدر حیض برائے سرد مزاج

استاذ الحکماء رئیس الاطباء حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب مرحوم ومغفور کے بیاض کا نسخہ ہے۔ جو بندش حیض، تھوڑا آنا، بے قاعدگی سے آنا اور درد کے ساتھ آنا۔ تمام شکایات کے لئے عجیب الخواص ہے۔ مجرب ہے۔

اجزاوترکیب: کچلہ مدبر با آب ایک تولہ، مرچ سیاہ 2 تولہ، زعفران اصلی 6 ماشہ، تینوں دوائیں باریک کرکے 6 گھنٹہ تک آب گھیکوار کے ساتھ کھرل کریں اور گولیاں بقدر نصف رتی تیار کریں۔

ترکیب استعمال: روزانہ رات کو سوتے وقت ایک گولی تین پاؤ دودھ کے ساتھ (جس میں تین چار تولہ گھی اور قدرے مصری ملائی گئی ہو) استعمال کرائیں۔

فوائد: بندش حیض خصوصاً گرم مزاج عورت کے لئے۔ نیز وجع مفاصل قوت باہ، امساک کے واسطے نہایت مفید ہیں۔

کچلہ مدبر کرنے کی ترکیب: کچلہ حسب ضرورت لے کر چھ سات دن تک ریگ میں بھگوئے رکھیں اور روزانہ تازہ پانی ڈال دیا کریں جب بیرونی چھلکا اترنے لگے تو صاف کرکے اسی وقت ہاون دستہ میں باریک کوٹ لیں۔

(166) جوشاندہ برائے اسقاط حمل

اخراج جنین مردہ وپاک کردن رحم از خون غلیظ ونفاس وغیرہ مجرب ہے۔

اجزاوترکیب استعمال: پودینہ جنگلی ایک تولہ، پوست املتاس کوفتہ 9 ماشہ، پوست خربزہ، تخم خربوزہ، سونف، پرسیاؤشاں ہرایک 7 ماشہ سب کو تین پاؤ پانی میں جوش دیں۔ جب تیسرا حصہ رہ جائے صاف کر کے قند سیاہ پانچ تولہ یا شربت بزوری 4 تولہ ملا کر پلائیں۔

فوائد: مسقط حمل و مخرج بچہ مردہ، رحم کو خون غلیظ سے صاف کرتا ہے۔ نفاس کے خون کو جاری کرتا ہے۔ نہایت سریع الاثر مجرب المجرب ہے۔

(167) شربت اکسیر دافع بے قاعدگی و درد حیض و اختناق الرحم

اس سے حیض باقاعدہ آنے لگتا ہے۔ نیز بند شدہ حیض جاری ہو جاتا ہے۔ نہایت بے ضرر اور ہر مزاج کے موافق ہے۔ میرے مکرم و محترم دوست جناب حکیم مولوی تاج الدین صاحب نے اس نسخہ کی بے حد تعریف کی تھی جو واقعی ہمہ صفت موصوف ثابت ہوا۔ نسخہ عجیبہ یہ ہے۔

اجزاو ترکیب: پوست املتاس، سکھیرہ مع بیخ و برگ وغیرہ ہر ایک چار تولہ، پودینہ، سداب، ریوند چینی، ابہل ہر ایک 2 تولہ، خرما 12 عدد، تخم گذر، سوئے، تخم حلبہ، کلونجی، کنجد سیاہ، برگ و گل کپاس، پکھابید کو خشک، برگ بانس، جوائن، اندرجو، اظفار الطیب، چترہ ہر ایک ایک تولہ، زنجبیل، چوب اگر، تگر، لونگ، چھڑ کالہ، دارچینی، الائچی کلاں، بادرنجبویہ ہر ایک 6 ماشہ، مویز سیاہ ایک پاؤ کشمش گودہ گھیکوار ہر ایک آدھ سیر۔ سب دوائیں جو کوب کر کے چھ گنا پانی میں آٹھ پہر تک تر کر چھوڑیں۔ پھر جوش دیں۔ حتی کہ پانی ایک چوتھائی باقی رہ جائے۔ پھر صاف کر کے شہد خالص ایک سیر مصری 1. سیر ملا کر شربت تیار کریں۔

ترکیب استعمال: تین تین تولہ صبح و شام گرم پانی ملا کر ایام حیض سے آٹھ یوم پہلے شروع کرائیں۔

فوائد: حیض کی بندش، درد، اختناق الرحم، حیض کا کم آنا، خصوصاً بے قاعدگی حیض کے لئے ازحد مفید ہے۔

(168) حب نورانی

(صندوقچہ کا نسخہ)

اکسیر احتباس و بے قاعدگی حیض و پرسوت و عقر وغیرہ ہے۔ نیز چھپاکی، سنگرہنی اور وجع مفاصل اور ریحی دردوں کے لئے مفید ہیں۔ یہ متبرک نسخہ غوث زمان قبلہ عالمیان حضرت مرشدنا و مخدومنا خواجہ نور احمد صاحب مرحوم سجادہ نشین دربار عالیہ سلطان العارفین قدوۃ السالکین سلطان الفقراء فنافی ہو حضرت سلطان باہو صاحب رحمتہ اللہ علیہ کا عطیہ ہے جو ان کے عین حیات میں ہمیشہ تیار ہوتا اور حاجتمندوں کو مفت دیا جاتا تھا۔ جس سے احتباس حیض والی سینکڑوں مایوس عورتیں شفایاب ہو کر صاحب اولاد ہوئیں۔ عاجز نے بھی ان گولیوں کا بہت تجربہ کیا ہے جو دارالصحت سلطانیہ میں بکثرت خرچ ہوتی ہیں۔ نیز اشتہارات کے ذریعہ بھی عام فروخت ہوتی ہیں۔ ایک خاص الخاص اور معمول مطب نسخہ ہے جو فیض رسانی خلائق کے لئے ظاہر کر دیا گیا۔

اجزاو ترکیب: ہڑتال ورقی، شنگرف، جائفل، جاوتری، عقرقرحہ، دارچینی، لونگ، فلفل دراز، سونٹھ، گوگل، تخم حرمل، الائچی کلاں، چاکسو، زعفران ہر ایک تین ماشہ، افیون 2 ماشہ، مشک خالص 1. ماشہ ہر ایک

دوائی الگ الگ باریک پیس کر کونڈہ ڈنڈہ میں پانی کے ساتھ آٹھ گھنٹہ تک خوب رگڑیں پھر جنگلی بیر کے برابر گولیاں تیار کریں۔

ترکیب استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام چائے یا دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ بے قاعدگی حیض کے لئے ایام حیض سے آٹھ دن پہلے شروع کرا کر بارہ چودہ دن استعمال کرائیں۔

فوائد: حیض کی بندش، بے قاعدگی، درد، کمی وغیرہ کو دور کر کے بانجھ عورت کو بااولاد کر دیتی ہیں۔ ان سے حیض کھل کر رحم کی اصلاح ہو جاتی ہے اور بے اولاد عورت کو حمل بھی ٹھہر جاتا ہے۔

(169) جوشاندہ برائے ادرار حیض

یہ جوشاندہ حیض اور نفاس کو جاری کرتا ہے۔ مشیمہ کو خارج کرتا ہے نیز حمل گراتا ہے۔ نہایت زود اثر اور ہر وقت کا معمول ہے۔

اجزا و ترکیب استعمال: سوئے، بابرنگ، چترہ، سونف، الائچی کلاں، تخم کھکھرویل ہر ایک 6 ماشہ کلونجی 4 ماشہ، قند سیاہ 2 تولہ، تمام دواؤں کو آدھ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب ایک پاؤ رہ جائے تو مل چھان کر سرد کر کے بعد میں تھوڑا تھوڑا پلائیں۔ اسی طرح صبح و شام تازہ بنا کر دیں۔

(170) اکسیر ورم رحم

اس مرض میں تپ خفیف اور ناف کے نیچے درد رہتا ہے اگر اس کا علاج مندرجہ ذیل طریق سے کیا جائے تو یقینی کامیابی ہوتی ہے۔ سینکڑوں دفعہ کا مجرب علاج ہے۔ نیز قروح رحم اور رطوبات فاسدہ کے لئے مفید ہے۔ استاذ مرحوم کا اور میرا معمول ہے۔

اجزا و ترکیب: بیروزہ خشک، شکرتری کوری ہر ایک 6 ماشہ بابرنگ، شیشہ نمک، سمندر جھاگ ہر ایک تین ماشہ، سب دوائیں خوب باریک پیس کر نگاہ رکھیں۔

ترکیب استعمال: تین ماشہ کا قدر لے کر ململ کے کپڑے میں پوٹلی باندھ کر رحم کے منہ کے آگے رکھائیں۔ آٹھ پہر کے بعد دوسری پوٹلی تبدیل کر دیں۔ پینے کے لئے شربت بزوری تین تولہ میں عرق گلاب، عرق سونف، عرق مکو، عرق کاسنی ہر ایک تین تولہ ملا کر صبح اور اسی قدر شام کو دیں۔

ناف کے نیچے یہ ضماد صبح و شام لگائیں۔ بنفشہ، گل سرخ، مکو خشک ہر ایک 6 ماشہ، بابونہ تین ماشہ پانی میں گھوٹ کر تین تولہ روغن بابونہ یا روغن زرد ملا کر آگ پر پکائیں۔ جب اچھی طرح دو جوش آ جائیں تو نیم گرم ضماد کریں۔

فوائد: ورم رحم، قروح رحم اور رطوبات فاسدہ کے لئے بے خطا مجرب المجرب دوائی ہے۔

(171) دیگر اکسیر ورم رحم

اجزا و ترکیب: گودہ املتاس، شہد خالص ہر ایک 2 تولہ، روغن گل 4 تولہ، سمندر جھاگ ایک تولہ۔ سب دوائیں عرق مکو میں کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: صبح وشام تھوڑی سی روئی اس میں تر کرکے رحم کے منہ کے آگے رکھائیں۔

(172) عرق مرکب برائے ورم رحم

استاذ الحکماء حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب لاہوری کے مطب کا نسخہ ہے جو چند داموں میں آپ کو
صفراوی کے لئے معمول ہے۔
مل رہا ہے۔ ورم رحم اصلاح جگر تپ

اجزاو ترکیب: عناب، نیلوفر، کشنیز خشک، مکو خشک، گل بنفشہ تخم کاسنی، گاؤ زبان، شاہترہ ہر ایک آدھ پاؤ
ان کا عرق بقدر چھ سیر نکالیں۔

ترکیب استعمال: پانچ پانچ تولہ صبح وشام جس میں تین تولہ شربت اکسیر حمیات نمبر 173 مندرجہ صفحہ
127 یا شربت بزوری ملایا گیا ہو۔

مجربات حمیات (تپ)

(173) شربت اکسیر تپ ہر قسم

(خاص الخاص نسخہ)

تپوں کا سب سے بہتر اور قانونی علاج یہ ہے کہ خلط کے مطابق نضج کرکے مسہل دے دیا جائے۔
چونکہ ہر ایک مرض کسی ایک خلط کے بگاڑ یا کمی بیشی سے ہی ہوتا ہے۔ اس لئے اگر متعفن (گندہ) خلطیں
نضج پاکر خارج ہو جائیں۔ تو مرض خدا کے فضل سے دور ہو جاتا ہے۔ حکماء متقدمین کا یہی طریق علاج
ہے۔

اس شربت کا یہ وصف ہے کہ خلطوں کی اصلاح کرنے کے باوجود ایک مکمل منضج ہے۔ اور تپ
اتارنے کا مکمل علاج ہے۔ لہٰذا اس کے استعمال کرنے سے روزانہ جوشاندے وغیرہ تیار کرنے کی تکلیف
نہیں رہتی۔ معمولی اور نئے تپ تو اس کے استعمال سے بغیر مسہل وغیرہ کے ہی رفع ہو جاتے ہیں۔ اور اگر
تپ پرانا ہو یا خلط کا بگاڑ زیادہ ہو۔ تو ہلکا سا مسہل دینے سے .فضلہ کلی آرام ہو جاتا ہے۔
عام طور پر تپ سوداوی کے سوا دوسرے تپوں میں 9 دن یہ شربت استعمال کرا کر مسہل دیا جاتا ہے۔
اور سوداوی میں 15 دن کے بعد حکماء حاذقین سے اپیل ہے کہ وہ اس شربت کو ضرور اپنا معمول بنائیں اور
تمام عمر مجھے دعائیں دیں۔
مسہل کا نسخہ جو صفحہ 66 پر لکھا گیا ہے موزوں ہے۔ اور ہر مزاج کے موافق اور ہمہ صفت موصوف
ہے۔ نیز یہ شربت ورم رحم، سدہ جگر، یرقان، ورم احشاء، خرابی جگر وغیرہ کے لئے مفید ہے۔

اجزاو ترکیب: گل سرخ، تم خرفہ، گل غافث ہر ایک 5 تولہ نیلوفر، تخم خطمی، گلو خشک ہر ایک 6 تولہ،
تخم خیارین، شاہترہ تخم خربوزہ، سونف، گاؤزبان، پوست بیخ کاسنی، بہدانہ ہر ایک تین تولہ، تخم کاسنی،
پوست بیخ کبر ہر ایک 2 تولہ، مکو خشک، ملٹھی ہر ایک 7 تولہ، برگ بانسہ 6 ماشہ، عناب 50 دانہ، مصری 2

حسب دستور شربت تیار کریں۔

ترکیب استعمال: چار چار تولہ صبح و شام پانی دو چند یا سہ چند ملا کر استعمال کرائیں۔

فوائد: تپ ہر قسم' سدہ جگر' خرابی جگر' یرقان' ورم احشاء کے لئے معمول ہے۔ نیز تینوں خلطوں کا منضج ہے عجیب اوصاف رکھتا ہے۔

(174) اکسیر تپ بلغمی

رئیس الاطباء استاذ الحکماء حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب مرحوم و مغفور لاہوری کا تمام عمر کا معمول مطب و مجرب الجرب مفید ترین نسخہ ہے۔ تپ بلغمی خالص و تپ مرکب کہنہ و شطرا لغب کا تریاق ہے جو تپ بلغم و صفرا سے مرکب ہوں۔ یا جگر اور معدہ کی خرابی سے پیدا ہوئے ہوں۔ ان کے لئے نہایت مفید ہے۔ تمام بلغمی امراض کا منضج ہے اس کے استعمال کے بعد مسہل کی بھی ضرورت نہیں رہتی۔ تپ خود بخود اتر جاتا ہے اس کو معمولی تصور نہ کریں۔ بلکہ اپنا معمول مطب بنا کر دعا دیں۔

اجزاو ترکیب: گلو خشک' کو خشک ہر ایک تین ماشہ' گل سرخ بیخ سونف' بیخ کاسنی' گل بنفشہ' نیلو فر ہر ایک 6 ماشہ۔

ترکیب استعمال: رات کو آدھ سیر یا ڈیڑھ پاؤ پانی میں بھگو رکھیں صبح تھوڑا سا مل کر اس کا پانی نکال کر شربت بنفشہ یا شربت نیلوفر یا شربت دینار یا مصری تین تولہ ملا کر پلائیں۔ پھر اسی میں پانی ڈال کر رکھ دیں۔ شام کو مل کر شربت وغیرہ مل کر پلائیں۔ موسم سرما میں گرم کر لینا چاہئے۔ اگر کھانسی ہو تو ملٹھی 6 ماشہ اضافہ کریں۔ شطرا لغب میں آلو بخارا چار دانہ شاہترہ تین ماشہ بڑھائیں۔

فوائد: تپ بلغمی و تپ مرکب کہنہ و شطرا لغب کا تریاق ہے جو تپ بلغم و صفرا سے مرکب ہوں یا جگر اور معدہ کی مشارکت سے ہوں ان کے لئے نہایت مفید ہے۔ تمام بلغمی امراض کا منضج ہے۔

(175) اکسیر تپ صفراوی

یہ بھی رئیس الاطباء استاذ الحکماء حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب مرحوم لاہوری کے معمولات سے ہے۔ جو تپ صفراوی و دموی و کھانسی و نزلہ و زکام حار اور نضج صفرا و دم (خون) کے لئے بے خطا ہے۔ ہمیشہ کا معمول ہے۔ جو احباب کی خاطر درج کتاب کر دیا گیا۔ حضرت مفتی صاحب قبلہ کی تعریف محتاج بیان نہیں۔ آپ کی حذاقت اور قابلیت کی تمام دنیا معترف ہے۔ اکسیر تپ بلغمی اور اکسیر تپ صفراوی جناب کے ہمیشہ معمول رہے جو نہایت ہی بے خطا ہیں اور ہمیشہ استعمال ہوتے ہیں۔

اجزاو ترکیب: عناب ولائتی 5 دانہ' لسوڑیاں 11 دانہ' گاؤزبان' خطمی' بہدانہ ہر ایک تین ماشہ' بنفشہ 6 ماشہ۔

ترکیب استعمال: رات کو آدھ سیر یا ڈیڑھ پاؤ پانی میں بھگو رکھیں۔ صبح تھوڑا سا ہاتھ سے مل کر اس کا پانی نکال کر کپڑے میں چھان کر شربت بنفشہ یا شربت زوفا یا مصری تین تولہ ملا کر پلائیں۔ دوبارہ پانی ڈال کر

رکھ دیں شام کو مل چھان کر شربت بنفشہ یا زوفا یا مصری تین تولہ ملا کر پلائیں۔ اگر کھانسی یا نزلہ یا زکام ہو تو ملٹھی زوفا ہر ایک 6 ماشہ بڑھا دیں۔ موسم گرما میں گرم کر کے پلا دیں۔

فوائد: تپ صفراوی و دموی و کھانسی و نزلہ و زکام حار اور نضج صفرا اور خون کے واسطے معمول ہے۔ نہایت بے خطا دوسرے تمام نسخہ جات سے مستغنی کرنے والا نسخہ ہے۔

(176) کشتہ ابرک برائے تپ ہر قسم

(صندوقچہ)

یہ کشتہ ہمارے ہاں ہمیشہ تیار رہتا ہے۔ تپ کے علاوہ جریان اور گرمی جگر اور تمام گرم مرضوں میں استعمال ہوتا ہے۔ گرمی والے مریضوں کو کشتہ فولاد بارد کے ہمراہ اس کا استعمال کرانا اکسیر کا کام دیتا ہے۔

اجزاو ترکیب: ابرک سفید 5 تولہ لے کر ورق ورق بنا دیں۔ اور مقراض سے باریک کتر لیں۔ پھر آب مولی کے ساتھ کونڈہ ڈنڈہ میں تین گھنٹہ تک خوب گھوٹیں۔ باریک ہو کر ایک چمکدار نغدہ بن جائے گا۔ پھر 5 تولہ گلو خشک لے کر آدھ پاؤ پختہ پانی سے گھونٹ کر چھان لیں۔ اور اس میں قند سیاہ سات تولہ۔ شورہ قلمی 15 تولہ خوب گھوٹ کر ملائیں۔ پھر سب ایک فراخ کوزہ گلی میں ڈال کر آدھ پاؤ دہی ملا لیں اور دھوپ میں رکھیں۔ ایک دن کے بعد اس کا منہ چینی سے بند کر کے تمام کوزہ پر مٹی اور روئی کا پتلا سا لیپ کر کے خشک کریں۔ پھر ہوا سے بچا کر آٹھ سیر پختہ اوپلوں کی آنچ دیں۔ سرد ہو جائے تو کپڑ چھان کر کے فضلہ کو دور کریں۔ اور چھنے ہوئے میں پانی بیس حصہ ملا کر آدھ گھنٹہ تک رکھ کر پانی نتھار لیں۔ اسی طرح سات دفعہ عمل کریں۔ تاکہ شورہ قلمی کا اثر نکل جائے۔ پھر اسے آگ پر رکھ کر خشک کر لیں۔ بس تیار ہے۔

ترکیب استعمال: ایک ایک رتی دن میں تین بار ہمراہ شربت اکسیر تپ ہر قسم مندرجہ صفحہ 127 یا شربت بنفشہ وغیرہ استعمال کرائیں۔

فوائد: تپ صفراوی و تپ کہنہ وغیرہ تمام اقسام کے تپوں کے لئے نیز گرمی جگر اور جریان کے لئے نہایت مفید ہے۔

(177) گولیاں تپ ہر قسم

یہ گولیاں تپ ہر قسم خصوصاً تپ کہنہ کے لئے بہت عمدہ ہیں۔

اجزاو ترکیب: کشتہ ابرک سفید، اتیس، ست گلو اصلی، طباشیر، دانہ الائچی خورد، کونین فولادی ہر ایک تین ماشہ۔ سب دوائیں الگ الگ پیس کر وزن کریں۔ پھر لعاب صمغ عربی کی مدد سے گولیاں بقدر مٹر تیار کریں۔

ترکیب استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ شربت بزوری وغیرہ استعمال کرائیں۔ تپ ہر قسم خصوصاً تپ کہنہ کے لئے ازحد مفید ہیں۔

(178) اکسیر مبارکی و حصبہ

یہ نسخہ ہم مبارکی اور حصبہ (خسرہ) کے لئے ہمیشہ استعمال کراتے ہیں۔ جہاں اسہال ہوں۔ نسخہ نمبر 180 استعمال کرایا جاتا ہے۔ آپ سب نسخہ جات کو چھوڑ کر اس کو اپنا معمول مطب بنائیں۔ اس طریق علاج سے یقیناً کامیابی ہوتی ہے۔ ہمیشہ کا معمول مطب مجرب المجرب اور آزمودہ ہے۔

اجزاو ترکیب: خوب کلاں، تخم کنوث در پارچہ بستہ مکو خشک ہر ایک تین ماشہ، مویز منقی 7 دانہ، عناب 5 دانہ ملٹھی 4 ماشہ سونف 6 ماشہ۔

ترکیب استعمال: ڈیڑھ پاؤ پانی میں جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے۔ مل چھان کر پلائیں۔ چھوٹے بچے کے لئے جوش دے کر تمام دن میں تین چار دفعہ کر کے پلائیں۔

فوائد: مبارکی حصبہ (خسرہ) اور عام تپ کے لئے مفید ہے۔

(179) اکسیر مبارکی و حصبہ (خسرہ)

رئیس الاطباء حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب لاہوری کا معمول ہے جو ہزاروں دفعہ کا مجرب المجرب کم خرچ بالانشین نسخہ ہے۔

اجزاو ترکیب استعمال: منقی 7 دانہ، خوب کلاں ایک تولہ، ایک سیر پانی میں جوش دے کر انکبلب (بصپارہ) کریں۔ پھر اس میں مصری ملا کر پلاتے رہیں۔

فوائد: مبارکی اور خسرہ اور چھپاکی کے لئے مفید ہے۔

(140) اکسیر اسہال مبارکی

مبارکی میں اسہال شروع ہو جائیں تو یہ ایک ردی علامت ہوتی ہے۔ اور عام قابض دوائیں استعمال کرانے سے نفخ ہو کر مریض کو تکلیف پہنچتی ہے۔ اس کی یہ وصف ہے کہ اس سے مریض کی تکلیف میں "آناً فاناً" فرق پڑ جاتا ہے اور مبارکی و حصبہ کے دانے جلدی نکل آتے ہیں اور اس سے اسہال بند ہو جانے کے علاوہ مبارکی بڑے زور شور سے نکلنی شروع ہو جاتی ہے۔ اور نفخ وغیرہ مطلق نہیں ہوتا۔ جو صاحب اس نسخہ کو آزمائیں گے وہ ضرور قدر کریں گے۔

اجزاو ترکیب: سنکھ حسب ضرورت لے کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے بنالیں۔ اور ایک کوزہ گلی میں ڈال کر منہ بند کر کے 5 سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر کھرل کریں۔ ایک ایک رتی دن میں چار دفعہ بتاشہ وغیرہ میں کھلا کر بعدہ ان عرقیات کے دو دو گھونٹ پلاتے رہیں۔ عرق مکو، عرق سونف، عرق پودینہ ہر ایک 12 تولہ، عرق الائچی، عرق اذخر، عرق دار چینی ہر ایک 5 تولہ، لال شربت اصلی 5 تولہ، ست پودینہ 2 رتی سب کو بوتل میں ملالیں۔

فوائد: مبارکی کے اسہال بند کرنے میں اکسیر ہے۔ عام طور پر مبارکی کے تمام عوارض کے لئے نہایت سریع الاثر نسخہ ہے۔

(181) دوائے چیچک

یہ نسخہ چیچک کی ہر حالت میں نہایت مفید ہے۔ خصوصاً جب کہ چیچک کے دانے اندر چلے جائیں علامات ردیہ نمودار ہوں یا دانے نکلنے میں رکاوٹ ہو رہی ہو۔ نہایت مفید پڑتا ہے اور فوری اثر ہے۔

اجزاو ترکیب استعمال: زعفران عمدہ دو رتی' خوب کلاں 6 ماشہ' انجیر 4 عدد' مویز منقیٰ 9 دانہ پانی میں جوش دیں۔ جب تیسرا حصہ رہ جائے تو مل چھان کر مصری ملا کر تھوڑا تھوڑا پلاتے رہیں۔

(182) کشتہ سنکھ

مبارکی' خسرہ' چیچک' کلب الکلب (گزیدہ سگ دیوانہ) کے لئے مجرب اور آزمودہ ہے۔

اجزاو ترکیب: پیاز دس تولہ' شہد 2 تولہ' گھی ایک تولہ پیاز کوٹ کر شہد اور گھی کے ساتھ اچھی ملائیں اور دو تین تہ کپڑا یا بوری کے ٹکڑہ پر بچھا کر درمیان میں سنکھ بقدر 4 تولہ رکھیں اور خوب لپیٹ پندرہ بیس سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر سنکھ نکال کر کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

ترکیب استعمال: دو دو رتی صبح و شام پتاشہ وغیرہ میں رکھ کر استعمال کرائیں۔ اس سے مبارکی کے دانے خوب نکلتے ہیں اور تپ بتدریج رفع ہو جاتا ہے۔ سگ گزیدہ کو قند سیاہ میں استعمال کرایا جا

نوٹ: اگر اسی طرح دو یا تین آنچیں دے کر سنکھ خوب سفید کر لیا جائے تو نہایت زود اثر ہو جاتا ہے۔

فوائد: مبارکی' خسرہ' چیچک سگ دیوانہ کے لئے نہایت عمدہ چیز ہے۔

مجربات امراض جلد و عام جسم

(183) گولیاں اکسیر آتشک ①

یہ گولیاں بلا کسی تکلیف کے مرض کو بیخ و بن سے اکھیڑ دیتی ہیں۔ منہ آنا' اسہال' گرمی' گھبرا قے وغیرہ تکالیف مطلق ان سے نہیں ہوتیں۔ اور نہ ہی مرض عود کرتا ہے۔ نیز ناسور بھگندر' خنازیر' پھوڑا ہر قسم کے لئے آزمودہ ہیں۔

اجزاو ترکیب: رسکپور' نیلہ تھوتھہ ہر ایک ایک تولہ' ہلیلہ سیاہ تین تولہ' سب کو باریک پیس کر ان سو عدد لیموں کا پانی کھرل کے ذریعہ جذب کر کے گولیاں بقدر نخود تیار کریں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی آچار آم کے بیرونی چھلکا میں رکھ کر یا دہی کے ساتھ استعمال کرائیں۔ مرغی یا بکرے کا گوشت جس میں گرم مصالحہ تیز ڈالا گیا ہو۔ اور دال نخود مرغن استعمال کرائیں۔ دیگر اشیاء سے پرہیز کرائیں۔ خنازیر وغیرہ پر پانی میں گھس کر دو وقت لگائیں۔

فوائد: آتشک' بھگندر' ناسور' خنازیر' پرانا پھوڑہ ہر قسم کے واسطے اکسیر ثابت ہوئی ہیں۔

(184) گولیاں آتشک ②

یہ گولیاں نہایت آسان اور نہایت مجرب ہیں۔ ان کے ساتھ ایک اسہال روزانہ ہو جاتا ہے۔ اور مادہ خارج ہو کر آتشک کا استیصال ہو جاتا ہے۔ ہمہ صفت موصوف ہے۔

اجزاو ترکیب: مردہ سنگ، کتھ گلابی ہر ایک 1 ماشہ، رسکپور تین ماشہ، مغز جمالگوٹہ دس عدد۔ جمال گوٹہ کے سوائے دوسری دوائیں باریک کھرل کر لیں۔ پھر سب چیزوں کو مرغی کے انڈہ میں تھوڑا سا سوراخ کر کے ڈال کر کسی چیز سے ہلا دیں۔ پھر اس پر آٹے کا دو انگل موٹا لیپ کر کے گرم بھوبھل میں دفن کریں۔ حتی کہ آٹا سرخ ہو جائے۔ بعدہ کھرل کر کے گولیاں بقدر نخود تیار کریں۔

ترکیب استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام گھی کے ساتھ یا ملائی میں رکھ کر استعمال کرائیں اور گھی روٹی وغیرہ میں زیادہ استعمال کرائیں۔ غذا، گوشت مرغ، شوربہ نخود، مرغن روٹی، اور لال مرچ کم استعمال کرائیں۔

فوائد: آتشک نرو مادہ نیا و پرانا ہر قسم کے لئے عجیب صفت ہیں آتشک کے مادہ کو اسہال کے ذریعہ خارج کرتی ہیں۔

(185) اکسیر خارش خشک و تر

اس نسخہ پر جتنا بھی ناز کیا جائے کم ہے۔ یہ خارش کا نایاب نسخہ ہے جو کہ ہمیشہ میرے پاس تیار رہتا ہے۔ یہی میرا معمول ہے تین دن تک خارش کا نام نہیں رہتا۔

اجزاو ترکیب: پارہ، آملہ سار، کالا چھڑ، سفیدہ ہر ایک 6 ماشہ نیلہ تھوتھہ 4 ماشہ، پارہ اور آملہ سار نصف گھنٹہ تک ایک جگہ کھرل کریں۔ پھر باقی دوائیں باریک کر کے ملا لیں۔ بس تیار ہے۔

ترکیب استعمال: دو ماشہ یہ دوائی تولہ بھر مکھن میں (جو سو دفعہ پانی میں دھو لیا گیا ہو) ملا کر دو وقت مالش کریں۔ لال مرچ اور اچار سے پرہیز۔

(186) عرق مصفی خون

دافع خارش، آتشک، پھوڑے، پھنسی، جوش خون وغیرہ مصفی خون ہر قسم، نیز تپ ہر قسم، ورم احشاء کے لئے بھی مفید ہے رئیس الاطبا حکیم مفتی ہلیم اللہ صاحب کا عطیہ ہے۔

اجزاو ترکیب: پوست نیم، چرائتہ، کشنیز خشک، گلو خشک، صندل سفید، صندل سرخ، شاہترہ ہر ایک ایک پاؤ۔ حسب دستور اس کا پانچ سیر عرق نکالیں۔

ترکیب استعمال: پانچ پانچ تولہ صبح و شام استعمال کرائیں۔

فوائد: مصفی خون و دافع جوش خون اعلیٰ درجہ ہے۔ خارش ہر قسم آتشک، پھوڑہ، پھنسی، داد، جذام وغیرہ جلدی امراض کے لئے معمول و مجرب المجرب ہے۔

(187) عرق آتشک و جذام

یہ نسخہ جس قدر سادہ معلوم ہوتا ہے اسی قدر فوائد اس میں موجود ہیں ہر قسم کے فساد خون خارش، پھوڑے، پھنسیاں، آتشک جذام وغیرہ کے لئے ایک مخصوص چیز ہے۔ کئی دفعہ کا مجرب المجرب ہے۔

اجزاو ترکیب: عشبہ 4 تولہ، چرائتہ 8 تولہ، میگنیشیا 15 تولہ، پہلی دونوں دوائیں باریک کر کے 2 سیر میں 12 پہر تک تر رکھیں۔ اور جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے تو مل چھان کر دو بوتلوں میں بھر لیں۔ میگنیشیا نصف نصف ملا کر رکھ دیں۔

ترکیب استعمال: تین تین تولہ صبح و شام بوتل ہلا کر استعمال کرائیں۔ غذا دال مونگ کھچڑی و دودھ، گھی زیادہ استعمال کرائیں۔

فوائد: خارش، پھوڑے، پھنسیاں، آتشک، جذام وغیرہ کے لئے نہایت مفید ہے۔ ایک صدری نسخہ ہے۔

(188) تریاق طاعون

رئیس الاطباء جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب مہتمم مدرسہ طبیہ سلیمیہ و ممتحن طبیہ کالج پنجاب یونیورسٹی لاہور کا ایک خاص الخاص اور شہرہ آفاق اور سینکڑوں بار کا مجرب اور آزمودہ ہے۔

اجزاو ترکیب: گیرو، صندل سرخ، کشنیز خشک ہر ایک 2. تولہ، کافور 1 تولہ، عرق گلاب 5 تولہ میں گھوٹ کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا دیں۔

ترکیب استعمال: بوقت ضرورت دن میں تین یا چار گولیاں ہمراہ شربت ذیل استعمال کرائیں۔ شربت صندل، عرق صندل، عرق کاسنی، عرق گلاب عرق بید مشک ہر ایک 15 تولہ، روح کیوڑہ 2 تولہ، عرق شا دس تولہ۔ نیز یہی گولیاں عرق گلاب میں گھس کر گلٹی پر دن میں دو تین دفعہ لگائیں۔ اس کے داخلی خار باقاعدہ استعمال سے مریض کی طبیعت پر فوری اثر ہوتا ہے اور حفظ ماتقدم کے طور بھی کامیاب ثابت ہے۔ ایک نایاب تحفہ ہے۔ جو فیض عام کی خاطر ظاہر کیا گیا۔

(189) حب اکسیر ماشرہ و حمرہ و نملہ

(خاص الخاص اور اطمینانی نسخہ)

جس جگہ بھی اس کا استعمال ہوا۔ کبھی ناکامی کا منہ نہیں دیکھنا پڑا۔ نہایت ہی بے خطا ہے اس پہلے دن آرام ہو جاتا ہے۔ حکیم صاحب لاہوری کا نسخہ ہے۔

اجزاو ترکیب: طباشیر، تخم خیارین، تخم خرفہ، گیرو، کشنیز خشک ہر ایک تین ماشہ، صندل سرخ 1. ماشہ، نشاستہ ایک ماشہ، کافور 4 رتی، زعفران 2 چاول پانی میں گھوٹ کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنالیں۔

ترکیب استعمال: دن میں تین بار شربت انار کے ساتھ ایک ایک گولی استعمال کرائیں۔ نیز صند سرخ و سفید، گیرو، کشنیز خشک مساوی الوزن عرق کاسنی میں گھوٹ کر اوپر لیپ کریں۔

فوائد: باشرہ و حمرہ و نملہ کے لئے اکسیر ہے۔

(190) حب اکسیر داد یعنی دھدری

یہ گولیاں داد یعنی دھدری کے لئے نہایت مفید ہیں۔ ان سے صرف تین دن میں اللہ کے فضل سے آرام ہو جاتا ہے۔ شرطیہ حکمیہ مفید ہیں۔

اجزاو ترکیب: گوگل عمدہ، تخم مولی ہر ایک ایک تولہ، نیلہ تھوتھہ 6 ماشہ، مولی کے پانی سے کھرل کر کے لمبی لمبی گولیاں بنا دیں۔

ترکیب استعمال: آب مولی سے یا صرف پانی سے گھس کر لگا دیں۔

(191) مرہم عجیب

یہ اکسیری مرہم ہر قسم کے پھوڑے، پھنسیوں کو فوری فائدہ کرتی ہے۔ بیسیوں دفعہ بن چکی ہے اور نہایت سریع الاثر ہے۔

اجزاو ترکیب: مردہ سنگ، سفیدہ کاشغری، رال، دم الاخوین ہر ایک ایک تولہ، نیلہ تھوتھہ تین ماشہ، موم سفید تین تولہ، روغن کنجد 10 تولہ، دم الاخوین کو پیس کر الگ رکھیں۔ اور دوسری ادویہ کو بغیر موم کے الگ کھرل کر لیں۔ پھر روغن کو کڑچھی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب جل جائے تو مردہ سنگ وغیرہ ملائیں۔ تھوڑی دیر بعد اتار کر دم الاخوین اور موم ملا دیں۔ بس تیار ہے۔

ترکیب استعمال: حسب دستور کپڑے پر لگا کر استعمال کرائیں۔

(192) مرہم بے نظیر

استاذ الحکماء حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب مرحوم و مغفور لاہوری کا نسخہ ہے۔ جو ثبور القضاء یعنی ناربنگل، پھوڑہ اور جراحات خبیثہ کے لئے (جو عام مرہموں سے اچھے نہیں ہوتے) مجرب اور آزمودہ ہے۔

اجزاو ترکیب: کافور، مردہ سنگ، سفیدہ ہر ایک ایک تولہ، شنگرف تین ماشہ، زنگار دو ماشہ، موم سفید 4 تولہ، سفیدی بیضہ مرغ دو عدد، روغن گل دس تولہ، سفیدی بیضہ مرغ اور کافور کھرل میں حل کریں۔ دوسری دوائیں الگ الگ پیس کر رکھ لیں۔ پھر روغن گل جلا کر مردہ سنگ ملا دیں۔ جب سیاہ رنگ ہو جائے تو زنگار ملا کر دس منٹ کے بعد شنگرف ملائیں اور اتار لیں۔ پھر سفیدہ اور موم ڈال کر قدرے سرد ہونے پر سفیدی بیضہ مرغ شامل کر کے آہنی دستہ سے حل کر لیں۔ پس مرہم اکسیر تیار ہے۔

ترکیب استعمال: روزانہ کاربالک یا نیم کے پانی سے دھو کر لگائیں۔ اگر زخم ٹھیک صاف نہ ہو۔ تو پہلے چند دن یہ پلٹس استعمال کر لیں۔

(193) پھوڑوں کے پکانے والا عمدہ پلٹس

جو بہت جلد ہر قسم کے پھوڑے کو پکا کر، پھاڑ دیتا ہے۔ نیز زخم کو بھی اچھا کر دیتا ہے۔ کئی دفعہ تجربہ کیا

اجزاو ترکیب استعمال: آرد تخم حرمل، آرد تخم السی ہرایک ایک تولہ، میدہ گندم 6 ماشہ، روغن گا...
1. تولہ، ہلدی، سہاگہ، سندھور ہرایک 1. ماشہ، قند سیاہ 5 تولہ، پانی 7 تولہ، قند سیاہ کو پانی میں پکا کر شربت
بناؤ۔ آرد حرمل، السی میدہ کو تیل میں بریان کرو۔ اب شربت اور آرد حرمل وغیرہ کا حلوہ بنا کر سندھور
سہاگہ، ہلدی باریک شدہ ملاؤ اور نیم گرم استعمال کرو جب درد ہونے لگے دوبارہ اسی پلٹس کو گرم کر کے
باندھا جائے۔ بڑے بڑے فائدے دکھانے والا نسخہ ہے۔

(194) نسخہ برائے چوٹ وضربہ اکسیر

اجزاو ترکیب: ہالیہ، میدہ سک، اجوائن خراسانی، چونہ، بچ، وج ہلدی، تج، لودھ پٹھانی، موچرس، مصطگی
دیسی ہرایک 6 ماشہ، قند سیاہ کہنہ 5 تولہ، قند سیاہ کا قوام کر کے تمام ادویات (جو پہلے کوٹ چھان لی گئی ہوں)
ملا کر غلولے بنائیں۔
ترکیب استعمال: وقت ضرورت پانی میں رگڑ کر نیم گرم ضماد کریں۔ اور خشک ہونے کے بعد گرم پانی
سے ٹکور کریں۔ .عفصلہ دو دن میں درد اور ورم کو آرام ہو گا۔

(195) ضماد اکسیر چنبل

جو ایک سیاح سے بصد مشکل حاصل ہوا۔ اور دار الصحت سلطانیہ کی مشہور دوا ہے۔
اجزاو ترکیب: مغز جمال گوٹہ 4 ماشہ، دار چکنا 2 ماشہ دو عدد لیموں کے پانی یا سرکہ 5 تولہ میں کھرل کر
کے ضماد کریں۔
نوٹ: اس سے کچھ تکلیف ضرور ہوتی ہے۔ مگر ہمیشہ کے لئے آرام ہو جاتا ہے۔

(196) عرق مصفی خون اکسیر خارش وغیرہ

اگر خارش کو مسہل، فصد، مالش وغیرہ تمام حیلوں سے فائدہ نہ ہو۔ تو یہ عرق استعمال کرا کر اس کے
کرشمے دیکھیں۔ علاوہ اس کے آتشک، پھوڑہ پھنسی، وجع المفاصل، ضعف معدہ کے لئے نہایت مفید
ہے۔ اور لطف یہ کہ بالکل آسان ہے۔ ہمارا ہر وقت کا معمول اور بے خطا ہے۔
اجزاو ترکیب: چرائتہ 10 تولہ باریک کر کے تین پاؤ پانی میں آٹھ پہر تک بھگو رکھیں پھر مل چھان کر
بوتل میں ڈال کر پوٹاسی آیوڈائیڈ 4 ماشہ ملا کر خوب ہلائیں تاکہ مل جائے۔
ترکیب استعمال: پانچ تولہ صرف ایک وقت دودھ گھی بکثرت استعمال کرائیں۔

(197) گولیاں برائے آتشک

آتشک کی جامع الاوصاف گولیاں جو ایک ہفتہ عشرہ میں ہی آتشک کو نیست و نابود کر دیتی ہیں۔ ہر
شخص انہی گولیوں سے آتشک کا علاج کرتا ہے۔

اجزاو ترکیب: مغز جمالگوٹہ مدبر تولہ ' رسکپور ' پارہ ' آملہ سار ' لونگ ہر ایک 6 ماشہ ' کافور 3 ماشہ ' کتھ '
مرچ سیاہ ہر ایک 9 ماشہ ' مغز جمالگوٹہ ' کتھ ' مرچ سیاہ۔ لونگ کو چار پہر تک کھرل کریں۔ پارہ اور آملہ سار
کو الگ آدھ گھنٹہ تک کھرل کریں۔ پھر سب کو آپس میں ملا کر ایک گھنٹہ تک آب گھیکوار سے کھرل کریں
اور حب بقدر مرچ سیاہ تیار کریں۔

ترکیب استعمال: دو گولی ہمراہ آب سرد استعمال کرائیں۔ غذا چوری یا دال مونگ ' کدو ' توری ' ٹنڈے
وغیرہ گھی زیادہ استعمال کرائیں۔

(198) گولیاں قرحہ باطنی

یہ گولیاں بھگندر ' ناسور ' خنازیر ' سلعہ ' رسولی وغیرہ کے لئے نہایت عمدہ ہیں۔ جس پرانے پھوڑے
سے پیپ بہت خارج ہو رہی ہو اور کسی مرہم سے فائدہ نہ ہو تو ان گولیوں کے ایک ماہ تک کھلانے سے
بالکل آرام ہو جاتا ہے۔ ناسور کے لئے اکیس یوم کھلانا کافی ہوتا ہے۔ اور آتشک کو بھی مفید ہے۔

اجزاو ترکیب: رسکپور ' لونگ ہر ایک ایک تولہ ' چہار اجوائن 4 تولہ قند سیاہ کہنہ (گڑ پرانا) 5 تولہ ' قند
سیاہ کے سوائے باقی دوائیں الگ الگ باریک کھرل کریں۔ پھر قند سیاہ ملا کر حمام دستہ میں خوب کوٹیں۔ اگر
قند سیاہ خشک ہو تو قدرے پانی ملا لیں۔ جب گولی بننے کے لائق ہو جائے تو گولیاں بقدر نخود تیار کریں۔

ترکیب استعمال: دو گولی صبح اور ایک شام کو ہمراہ گھی ایک گھونٹ استعمال کرائیں۔ غذا خالی روٹی ہمراہ
روغن زرد ' گوشت مرغن جس میں نمک کم ہو۔ نمک مرچ اور میٹھی نیز تیل والی غذاؤں سے پرہیز
کرائیں۔

فوائد: بھگندر ' ناسور ' خنازیر ' رسولی ' آتشک کے لئے کامیاب علاج ہیں۔ تمام باطنی زخموں اور پھوڑے
پھنسیوں کو خشک اور مندمل کرتی ہیں۔

(199) ضماد چنبل کہنہ

چنبل کے عارضہ کو مفید ہے۔ عموماً تین چار دن استعمال کرنے سے آرام ہو جاتا ہے۔

اجزاو ترکیب: نیلہ تھوتھ ' لوٹہ کھار ' ہریاول ہر ایک ایک تولہ دودھ آک 12 تولہ ' روغن کنجد 8 تولہ '
خشک دوائیں باریک کر کے پیتل کے فراخ برتن میں ڈالیں۔ اور شیرہ و روغن تھوڑا تھوڑا ملا کر کانسی
کے کٹورے سے رگڑنا شروع کریں۔ حتی کہ یہ دونوں چیزیں ختم ہو کر پتلا سا ضماد تیار ہو جائے۔

ترکیب استعمال: چنبل پر لگا کر مریض کو تھوڑی دیر کے لئے دھوپ پر ٹھہرنے کی ہدایت کریں۔

(200) مرہم اکسیر خنازیر یعنی کنٹھ مالا

یہ مرض جس قدر بدنما اور مشکل سے دور ہونے والا ہے۔ ویسے ہی اس کی تسلی بخش دوائیں بھی کم
یاب ہیں۔
یہ نسخہ ہمیں خاص طور پر اپنے پیر خانہ عالیہ سے عطا ہوا۔ جو کسی صادق مرید نے ارادت اور محبت

سے وہاں نذر کیا تھا۔ اس نسخہ کی جس قدر کامیابی اور شہرت دربار حضرت سلطان باہو صاحبؒ پر ہو چکی
اور جو کچھ عاجز نے اس کے متعلق تجربہ کیا ہے اس کو مد نظر رکھتے ہوئے بلا مبالغہ کہنا پڑتا ہے۔ کہ
خرج بالا نشین نسخہ (جو خنازیر جیسی شکل مرض کو شرطیہ اڑا دیتا ہے) کتابی صورت میں شائع کرنا تو کجا
دوست آشنا کو بتلانے کے قابل بھی نہیں تھا مگر الحمد للہ کہ اللہ تعالیٰ نے اس نیازمند کو بخل و حسد
معیوب مرض سے امان میں رکھا ہوا ہے لہٰذا نسخہ عجیبہ درج کتاب کر دیا جاتا ہے آگے آپ مالک ہیں
قدر کریں یا نہ کریں۔ تجربہ خود بخود بتلا دے گا۔

پس حاجت مند اصحاب اس متبرک نسخہ کی آزمائش کر کے میرے دعوے کی تصدیق فرمائیں۔
ایمان اور دھرم سے یہ اندازہ بھی لگائیں کہ علاوہ دیگر 210 نسخہ جات کے صرف یہی ایک نسخہ مجرب
سلطانی کی قیمت ادا کرتا ہے یا نہ۔ افسوس ہے ان بے انصاف ناظرین کے حال پر جو بلا سوچے سمجھے
دیتے ہیں کہ کتاب کی قیمت حجم کے لحاظ سے زیادہ ہے۔ اب نسخہ موصوفہ ملاحظہ فرمایئے۔

اجزا و ترکیب: مرچ سیاہ، نیلا تھوتھہ، حنا سرخ یعنی مہندی ہر ایک ایک تولہ الگ الگ کھرل کر
وزن کر لیں اور پھر مکھن 10 تولہ میں (جو سو دفعہ پانی میں دھو لیا گیا ہو) خوب ملائیں۔ بس مرہم اکسیر
نظیر تیار ہے۔

ترکیب استعمال: حسب ضرورت باریک کپڑا پر لگا کر زخم پر چسپاں کریں۔ اگر زخم نہ بنے ہوں
گلٹیاں ہی ہوں تو ان پر پچھنے لگا کر لگائیں۔ پہلے زخموں کو کھول کر خوب صاف کر دیتی ہے اور پھر
آہستہ زخم مندمل ہونے شروع ہو جاتے ہیں۔ عاجز کا تجربہ صرف زخموں پر ہوا ہے۔ بہتر ہے کہ جب
اچھے ہونے شروع ہو جائیں۔ تو خنازیر کا کھانے والا نسخہ نمبر 200 بھی تیار کر کے ساتھ ساتھ
کرائیں۔ تاکہ مادہ دوبارہ تیار نہ ہو۔ اور خون صاف ہو کر ہمیشہ کے لئے منحوس مرض سے نجات حاصل
جائے۔ یا کوئی اور مناسب عرق مصفی خون استعمال کرائیں۔

نوٹ: یہ ایک تحفہ چیز ہے۔ اس کی ضرور قدر کرنا اور سچائی اور ایثار کا انصاف کرنا۔

(201) دوائے مار گزیدہ ①

یہ دوا نہایت سریع الاثر اور عجیب چیز ہدیہ ناظرین ہے۔ نیز بچھو کے زہر کے لئے بھی مفید ہے۔

اجزا و ترکیب: کھوپرا (چھلکا) انڈا طاؤس (مور) (جن سے بچے نکل چکے ہوں)۔ لوٹہ کھار، نوشادر خام
ایک ایک تولہ گیرو 2 ماشہ سب دوائیں باریک پیس کر سفوف بنائیں۔

ترکیب استعمال: وقت ضرورت ایک چٹکی بھر پانی میں گھول کر پلا دیں۔ نیش (ڈنگ) کی جگہ پر پچھنے لگا
کر تھوڑی سی دوائی لکڑی وغیرہ کے ذریعہ مل دیں۔ تاکہ زخم کے اندر سرایت کر جائے۔

اگر زہر نے پورے طور پر اثر نہ کیا ہو تو ایک ہی دفعہ کھلانا اور لگانا کافی ہو گا۔ ورنہ حسب ضرورت
دن میں دو تین بار گھول کر پلایا جائے اور زخم پر بھی دوبارہ لگایا جائے۔

نوٹ: نوشادر سے وہ سفید جوہر مراد ہے جو اینٹیں پکانے والے آوہ کے کناروں پر لگا ہوا ہوتا ہے۔

پکانے والے لوگ اس چیز کو جانتے ہیں۔
نوٹ: انڈے توڑ کر ان کے چھلکے استعمال کئے جائیں تو وہ بھی کام دیتے ہیں۔

(202) دوائے مار گزیدہ ②

یہ دوائی مار گزیدہ کے لئے کئی دفعہ عمل میں آچکی ہے۔ اس سے یقیناً بہت ہی فائدہ ہوتا ہے۔
اجزاو ترکیب استعمال: کشتہ سنکھ نمبر 63 ایک تولہ سہاگہ تین تولہ باریک کر کے ملالیں۔ 1 ماشہ ہمراہ گھی استعمال کرائیں۔ حسب ضرورت و موقعہ دن میں دو یا تین خوراک دیں۔ اور زخم پر بھی یہی باندھیں۔ اگر صرف گھی استعمال نہ کر سکے۔ تو اس میں دودھ ملا کر اور مصری سے میٹھا کر کے دے دیا جائے۔

(203) دوائے خارش تر

خارش تر یعنی پاں کے لئے نہایت مجرب ہے اور تیار بھی آسانی سے ہو جاتی ہے۔
اجزاو ترکیب: جوائن، تخم حرمل ہر ایک 1 تولہ، پیاز 2 تولہ، روغن سرسوں 10 تولہ، پہلی تینوں دوائیں باریک کر کے روغن میں خوب جلائیں۔ اور دستہ آہنی سے رگڑ کر حل کر لیں۔
ترکیب استعمال: وقت ضرورت دن میں ایک یا دو بار پھنسیوں پر مل دیا کریں۔ بفضلہ تین چار دن کے استعمال سے شفا ہو گی۔

(204) گولیاں برائے گنٹھیہ

(صندوقچہ کا اطمینانی نسخہ)

یہ نسخہ گنٹھیہ یعنی وجع مفاصل کے لئے نہایت اکسیر ہے۔ جو میرے مطب میں ہمیشہ تیار رہتا ہے۔ آٹھ دس دن سے زیادہ استعمال کرانے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ نیز قوت وامساک کے لئے بھی مفید ہیں۔
اجزاو ترکیب: سم الفار سفید 4 ماشہ، پھل کٹائی خورد یعنی موکڑی پختہ تین عدد، دو دن تک آب لیموں میں خوب کھرل کر کے دانہ باجرہ کے برابر گولیاں بنائیں۔
ترکیب استعمال: ایک گولی صبح 5 تولہ گھی کے ساتھ استعمال کرائیں۔
فوائد: درد گنٹھیہ (وجع مفاصل) کے لئے اکسیر بے نظیر ہیں۔ نیز قوت باہ و امساک پیدا کرتی ہیں۔

(205) حبوب کچلہ برائے وجع المفاصل

وجع مفاصل خصوصاً بلغمی درد اور ریحی درد، درد معدہ، درد اعصاب کے لئے کئی دفعہ تیار کی ہیں۔ مجرب اور آزمودہ ہیں۔
اجزاو ترکیب: کچلہ مدبر 5 تولہ، سونٹھ، مرچ سیاہ، فلفل دراز ہر ایک 2 تولہ، مصبر ایک تولہ، سب دوائیں باریک کھرل کر کے شہد کی مدد سے گولیاں بقدر نخود تیار کریں۔

ترکیب استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ شیر گائے استعمال کرائیں۔ گھی زیادہ کھلائیں۔ کچلہ مدبر کرنے کی ترکیب صفحہ نمبر 122 پر درج ہے۔

فوائد: وجع مفاصل بلغمی درد' ریحی درد' درد معدہ' درد اعصاب کے لئے نہایت مفید ہیں۔

(206) روغن اوجاع

وجع مفاصل' ذات الجنب' ریحی درد وغیرہ بدن کے جس حصہ میں درد ہو۔ اس تیل کی مالش سے نفع ہو جاتا ہے۔

اجزاو ترکیب استعمال: روغن ارنڈ یعنی ہرنولی' روغن السی' روغن تارا میرا' عقر قرحہ' جوائن' مال کنگنی' تخم حرمل ہر ایک پانچ تولہ' خشک دوائیں جوکوب کر کے آب خالص 1. سیر میں چار پہر تک بھگو رکھیں پھر نرم آگ پر جوش دیں۔ حتیٰ کہ پانی چھٹا حصہ باقی رہ جائے۔ پھر مل چھان کر ہر سہ روغن مذکور ملا کر نرم آنچ پر پکائیں۔ جب پانی جل جائے۔ تو اتار کر دوبارہ کپڑے میں چھان لیں۔ وقت ضرورت جس جگہ درد ہو مالش کر کے روئی گرم باندھ دیں۔ اور اسے محفوظ رکھیں۔

فوائد: وجع مفاصل' ذات الجنب' ریحی درد وغیرہ اور بدن کے جس حصہ میں درد ہو نہایت ہی مفید ہیں۔

متفرقات

(207) تریاق زہر پارہ' رسکپور وغیرہ

اگر رسکپور' سنکھیا' پارہ' دار چکنا کا خام کشتہ استعمال کیا جائے یا دشمنی سے کوئی شخص کھلا دے تو بعض اوقات جان تو بچ جاتی ہے مگر یہ زہر تمام جسم میں پھیل کر درد اعضاء خصوصاً جوڑوں کا درد' تپ خفیف دائمی' ورم عام بدن وغیرہ وغیرہ تکلیفیں پیدا ہو جاتی ہیں۔ اور آدمی اٹھنے بیٹھنے تک سے لاچار ہو جاتا ہے۔ اس کے لئے یہ معمولی سا نسخہ کئی بار تجربہ کرنے پر بے خطا ثابت ہوا ہے۔ اس سے روزانہ ایک دو اسہال ہو جاتے ہیں۔ اور مریض کو پہلے دوسرے دن ہی تندرستی ہونی شروع ہو جاتی ہے۔ آدمی دن بدن طاقتور ہوتا جاتا ہے۔ پندرہ بیس دن استعمال کرنی پڑتی ہے۔ اس سے متعدد ردی مریض شفایاب ہوئے۔ نہایت بے خطا نسخہ ہے۔

اجزاو ترکیب: لیموں پختہ دو عدد لے کر ان کے چار ٹکڑے بنالیں اور گائے کا ایک سیر تازہ دودھ چار پیالیوں میں ڈال لیں پس لیموں کے ایک ٹکڑا کو دودھ کی ایک پیالی میں نچوڑ کر مریض فی الفور پلا دیں۔ تاکہ دودھ پھٹنے نہ پائے۔ پھر دوسرے ٹکڑے کو دودھ کی ایک پیالی میں نچوڑ کر پلائیں۔ علی ہذا القیاس چاروں حصے یک لخت ختم کریں۔ اسی طریق پر ہر صبح دو لیموں اور ایک سیر دودھ استعمال کریں۔

(208) بال اڑانے کا بے ضرر عرق

اجزاو ترکیب: بیرم سلفائیڈ 2. تولہ' کافور باریک کیا ہوا 2 ماشہ' پانی سخت گرم 12 تولہ' سب کو آتشی

شیشی یا کھلے منہ والی بوتل میں ڈال کر خوب ہلائیں۔ اور مضبوط کارک لگا کر رکھ دیں ایک گھنٹہ کے بعد زرد شدہ صاف پانی اوپر سے نتھار کر دوسری شیشی میں ڈالیں۔ خوشنما عرق تیار ہو جائے گا۔

ترکیب استعمال: وقت ضرورت روئی وغیرہ کے ذریعہ بالوں پر خوب لگا کر پانچ چھ منٹ کے بعد پانی سے دھو ڈالیں۔ بال صاف ہو کر جلد مثل ریشم کے نکل آئے گی۔

(209) نیلہ تھوتھہ سے تانبہ نکالنے کا سہل طریق

اجزا و ترکیب: نیلہ تھوتھہ عمدہ ایک پاؤ، ترپھلہ باریک شدہ تین پاؤ، نیلہ تھوتھہ باریک پیس کر کڑاہی آہنی میں (جس میں ململ کا باریک کپڑا بچھایا گیا ہو) پھیلا کر رکھ دیں۔ اور ترپھلہ ڈال کر ہاتھ سے خوب دبا دیں۔ اب اس پر پیالہ اوندھا رکھ کر اوپر ایک اینٹ پختہ رکھ دیں۔ اور کڑاہی پانی سے بھر دیں۔ دس بارہ دن باحفاظت پڑا رہنے کے بعد پانی گرا کر دیکھیں۔ ترپھلہ کے نیچے تانبہ کی نرم سی ٹکیہ موجود ہو گی۔ یہ نسخہ فن کیمیا کے متعلق ہے۔ مہوسی لوگ اس تانبہ سے تملان سرخ تیار کرتے ہیں۔ چونکہ عاجز کا اس طرف خیال نہیں۔ اس لئے آگے کا عمل دریافت نہیں کیا گیا۔ نیلہ تھوتھہ کا تانبہ خالص اور صاف ہوتا ہے۔ اسی لئے نیز آسان دیکھ کر یہ نسخہ سیکھ لیا گیا۔ کہ کشتہ جات وغیرہ میں کام دے گا۔

(210) سفوف حابس خون ہر قسم

استاذ الاطباء حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب مرحوم و مغفور لاہوری کا معمول ہے۔

اجزا و ترکیب: دم الاخوین، کہربا، نشاستہ، صمغ عربی، کیرا، تخم خرفہ، طباشیر ہر ایک ایک تولہ، سنگ جراحت، گل ملتانی ہر ایک 2 تولہ، بسد تین تولہ۔ سب دوائیں باریک کر کے ملالیں۔

ترکیب استعمال: تین ماشہ ہمراہ شیر بز استعمال کرائیں۔

(211) گولیاں درد اعصابی و عرق النساء

پٹھوں کی دردوں کے لئے اکسیر ہے۔ اور عرق النساء کے لئے نہایت مفید ہے۔

اجزا و ترکیب: پوست بیخ حنظل یعنی اندرائن، شنگرف مدبر، مرچ سیاہ، کچلہ مدبر ہر ایک ایک تولہ۔ سب دوائیں کھرل کر کے شہد کی مدد سے گولیاں بقدر نخود تیار کریں۔

ترکیب استعمال: ایک گولی ہمراہ گھی استعمال کرائیں۔

تمت

سندات

مجربات سلطانی حصہ اول کے متعلق جس قدر تعریفات، سندات اور ریویو ہمیں موصول ہوئے ہیں۔ ان میں چند بطور نمونہ درج کئے جاتے ہیں۔

طبی اور غیر طبی اخبارات کے ریویو

رسالہ مشیر الاطباء لاہور: مجربات سلطانی مرتبہ جناب حکیم محمد یار خان صاحب مجربات کا ایک قابل قدر ذخیرہ ہے۔ اس کے اکثر نسخے جناب رئیس الاطباء حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب اور حکیم ڈاکٹر محمد بخش صاحب مرحوم طبیب خاص نواب صاحب بہاولپور کے معمولات مطب ہیں۔ امراض صعبہ و عسر البرء کے مجربات کی طرف خصوصاً توجہ کی گئی ہے۔ مجربات کے متعلق یہ کہنا کافی ہو گا۔ کہ ان میں سے بعض نسخے خود ہمارے معمولات میں شامل ہیں۔ اور ہمیں یہ دیکھ کر مسرت ہوئی ہے کہ حکیم صاحب نے بغیر کسی گونہ بخل و امساک کے اپنے نسخوں کے اصلی اجزا لکھ دیئے ہیں۔ امراض سر، امراض چشم، امراض قلب وغیرہ کے مجربات اور کشتہ جات کے بہت مفید معلوم ہوتے ہیں۔ اور ہمیں توقع ہے کہ اگر ان کو پورے اجزا کے ساتھ بنایا جائے تو وہ بہت مفید ثابت ہو سکتے ہیں۔

اطباء کرام اس نادر مجموعہ کو ضرور خرید فرمائیں اور ان مجربات کو معمول مطب بنائیں۔

رسالہ المعالج امرتسر: یہ بہترین کتاب جناب عمدۃ الاطباء حکیم مولوی محمد یار صاحب سند یافتہ درجہ اول مدرسہ طبیہ لاہور کی تازہ تصنیف ہے۔ اس میں آپ نے سر سے پاؤں تک کی امراض کے وہ وہ مجرب اور مفید نسخہ جات جمع کئے ہیں۔ جو کہ واقعی اکسیری درجہ رکھنے والے ہیں۔ گو آپ کا دعویٰ ہے کہ اس میں جس قدر نسخہ جات درج ہیں۔ جب تک ان کا بارہا پہلے تجربہ کر کے اطمینان نہیں کر لیا گیا درج کتاب نہیں کئے گئے۔ اور ان کی صحت کا ہر طرح سے اطمینان دلاتے ہیں مگر جہاں تک ہماری نظر نے مطالعہ کیا ہے ہم کہہ سکتے ہیں۔ کہ نسخہ جات واقعی مفید اور بے نظیر ہیں۔ بعض بعض نسخہ جات تو حکیم صاحب نے واقعی دریا دلی سے ظاہر فرما کر طبی دنیا پر نہایت احسان کیا ہے۔ وہ احباب جو خاص مجربات کے متلاشی ہیں۔ یہ کتاب منگوا کر مطالعہ فرمائیں۔ امید ہے کہ وہ اسے امید سے بڑھ کر پائیں گے۔ لکھائی چھپائی اور کاغذ نہایت اعلیٰ ہے۔

رسالہ تبصرۃ الاطباء شاہدرہ-لاہور: حکیم صاحب نے اس کتاب میں مختلف قسم کے مجربات بہ ترتیب کتب قدیمہ امراض سر سے پاؤں تک لکھے ہیں۔ کتاب کا حجم 164 صفحات، سرورق رنگین، کتابت، طباعت بہت عمدہ ہے۔ مجربات میں سے اکثر نسخے اچھے معلوم ہوتے ہیں۔ تجربہ نہیں ہو سکا۔

رسالہ الحکیم لاہور: یہ کتاب مجرب نسخہ جات کا ایک مجموعہ ہے جو حال ہی میں عمدۃ الاطباء حکیم

مولوی محمد یار صاحب سند یافتہ مدرسہ طبیہ لاہور مقیم للیانی ضلع شاہ پور نے شائع کیا ہے۔ کل نسخے 211 ہیں جن میں تقریباً ہر مرض کا نسخہ آگیا ہے۔ نسخوں کی عمدگی کے متعلق ہم کہہ سکتے ہیں کہ ان میں اکثر نسخے عالی جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب لاہوری کے مطب کے معمولہ ہیں۔ کتاب کی لکھائی چھپائی اچھی، کاغذ عمدہ، تعداد صفحات 164 قیمت ایک روپیہ۔

اخبار المنیر لاہور: ہم نے اس کتاب کو سرسری نظر شروع سے اخیر تک دیکھا ہے۔ اس میں عام معمول مطب نسخہ جات کے علاوہ بہت سے اچھے اچھے نسخہ جات سستی، نامردی، جریان، سرعت، سوزاک، آتشک وغیرہ قریباً کل امراض کے فراخ دلی سے درج کئے گئے ہیں۔ تمام امراض کے باترتیب باب باندھے گئے ہیں۔ اور مجربات کے علاوہ اکثر جگہ امراض کی تشریح بھی کی گئی ہے۔ ہم علم طب سے واقفیت رکھنے کی بنا پر یہ بات وثوق سے کہہ سکتے ہیں کہ یہ کتاب مجموعی حیثیت سے بہت اچھی ہے۔ اس کے نسخہ جات اچھے اور خاص معلوم ہوتے ہیں۔ لکھائی، چھپائی، کاغذ اعلیٰ قیمت فی جلد ایک روپیہ رکھی گئی ہے جو مجربات کے لحاظ سے زیادہ معلوم نہیں ہوتی۔

رسالہ مسلمان سوہدرہ ضلع گوجرانوالہ: اس کتاب میں حکیم صاحب نے اپنے تمام صدری اکسیری مفید ترین نسخہ جات کو جمع کر دیا ہے۔ اور آپ کا دعویٰ ہے کہ کوئی غیر مجرب نسخہ اس میں درج نہیں کیا گیا ہے۔ ہم نے بھی چند ایک نسخہ جات کو آزمایا اور مفید پایا ہے۔ قریباً بدن انسانی کے تمام امراض کے 211 مجربات اس میں درج ہیں۔ لکھائی چھپائی عمدہ تقطیع 18X22 ضخامت 164 صفحات۔ قیمت

ریویو و تصدیق

فخر الحکماء استاذ الاطباء علامہ زمان افلاطون دوران حضرت استاذنا و مخدومنا جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب مہتمم مدرسہ طبیہ سلیمیہ و مالک شفاخانہ عالیہ سلیمیہ لاہور۔

ہمارے شاگرد رشید حکیم مولوی محمد یار صاحب نے اپنی نو تالیف کتاب مجربات سلطانی بغرض ریویو ہمیں بھیجی ہے جسے ابتدا سے انتہا تک بغور دیکھا۔ مجربات کے متعلق یہ کہنا کافی ہو گا کہ کتاب میں تہائی سے زیادہ خود ہمارے ہر وقت کے معمول مطب اور صندوقچہ کے خاص الخاص نسخہ جات درج ہیں۔ جن میں سے کئی نسخے ہمارے دئے ہوئے اور حکیم صاحب کے اپنے حاصل کردہ ایسے ہیں جو واقعی مخفی رکھنے کے قابل تھے۔ ہمارے نسخہ جات میں سے بعض بعض کے ساتھ مصنف نے حوالہ بھی دے دیا ہے۔ مزید براں دیگر اعلیٰ اعلیٰ نسخہ جات درج کئے ہیں۔ جن کے ذریعہ پیچیدہ اور صعب امراض کا بخوبی علاج کیا جا سکتا ہے۔ کتاب دیکھ کر ہمیں نہایت مسرت حاصل ہوئی ہے کہ حکیم صاحب نے اچھے اچھے نسخہ جات حاصل کر کے شائع کر دیئے ہیں لہٰذا مجربات کے طلبگاروں کو یقین دلایا جا سکتا ہے۔ کہ وہ اس کتاب کے نسخہ

جات کو معمولی اور عام تصور نہ فرمائیں۔ جو کہ انہیں مفت میں حاصل ہو رہے ہیں۔ فقط
دستخط۔ حکیم مفتی سلیم اللہ

عام خریداران حکماء اور غیر حکماء صاحبان کی سندات و تصدیقات

مولوی حکیم سلطان احمد صاحب حاذق و طبیب کامل سند یافتہ درجہ اول پنجاب یونیورسٹی لاہور مقیم گوجرہ منڈی ضلع لائل پور۔ آپ نے مجربات سلطانی لکھ کر بخل کو ہی دور نہیں کیا۔ بلکہ عام پبلک خصوصاً اردو خواندہ اصحاب پر بہت بڑا احسان کیا ہے۔ اور طب قدیم کے بہت سے فوائد کوڑیوں کے مول ظاہر کر دیئے گئے ہیں۔ چنانچہ سردرد، خفقان، مبارکی، جریان کے نسخہ جات اور جلاب کی ہدایات اور پیچش کی تشخیص وغیرہ بہت اعلیٰ اور کم خرچ بالا نشین کے مصداق ہیں۔ میں نے اس کتاب کے مندرجہ ذیل نسخہ جات آزمائے ہیں جو صحیح اور عمدہ ثابت ہوئے۔

① نسخہ چٹکی اطفال مندرجہ صفحہ 55 اکثر بچوں پر تجربہ کیا گیا۔ جن لوگوں کے گلے ڈاکٹروں کے جلانے سے بھی اچھے نہیں ہوئے تھے اس کے چند روزہ استعمال سے آرام ہوا۔

② نسخہ جلاب تربد اور جلاپہ والا مندرجہ صفحہ 66 خاکسار کا اکثر دستور العمل ہے۔ واقعی ہمہ صفت موصوف سب مزاجوں کے موافق اور بے ضرر جلاب ہے۔ مگر یاد رہے کہ نیاز مند پہلے منضج ضرور کرا لیں۔

③ کشتہ بارہ سنگھا دودھ آک والا مندرجہ صفحہ 36 کھانسی بلغم کے لئے اکسیر ثابت ہوا۔ الغرض اس کتاب کے جس قدر بھی نسخہ جات ہیں انہیں دیکھتے ہی کامیابی کا یقین ہو جاتا ہے۔ میری ناقص رائے میں تمام اردو خواندہ اصحاب خصوصاً اہل فن کو ضرور یہ کتاب خریدنی چاہیے۔

حکیم لالہ وزیر چند صاحب نندہ ریڈرمال تحصیل بسوہلی ضلع جموں۔ میں نے مجربات سلطانی کو ابتدا سے انتہا تک پڑھا۔ کتاب کی لکھائی۔ چھپائی اعلیٰ نسخہ جات واقعی سینہ کے راز اور قابل قدر و عزت ہیں۔ مالک حقیقی دیگر برادران وطن کو بھی اسی طرح بلا بخل اظہار نسخہ جات کی توفیق دے۔

حکیم محمد عبداللہ صاحب امام جامع مسجد خاص روڑی۔ کتاب دیکھتے ہی دل باغ باغ ہو گیا۔ لکھائی چھپائی اور کاغذ بھی ماشاءاللہ نہایت عجیب ہے اور نسخہ جات کا تو کہنا ہی کیا ہے۔ جزاکم اللہ خیر الجزا۔ ایں راز تو آئند مرداں چنیں کنند۔ گو اس سے پہلے مجربات کی بہت سی کتابیں چھپ چکی ہیں لیکن یہ اپنی صفت میں نرالی ہے۔

علامہ پیر باوا میاں صاحب حکیم مقام بلساڑ، لوہارواڑ مسری روڈ بی بی اینڈ سی آئی ریلوے ملک گجرات، ماشاءاللہ مجربات نادرہ پر مجربات سلطانی نے مزید اضافہ کیا۔ آپ کی ہمدردی اور فیض رسانی قابل تحسین و ستائش ہے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اس کا گوناگوں صلہ نصیب فرمائے۔ آمین۔

حکیم منشی شیخ ٹیپو صاحب محلہ لالہ پیٹ مقام گنٹور، مجربات سلطانی موصول ہوئی۔ بہت عمدہ کتاب ہے۔ لہٰذا مہربانی فرما کر ایک جلد اور بپتہ ذیل پر بذریعہ وی پی ارسال فرمائیں۔

رئیس الاطباء فاضل اجل حکیم غلام حیدر صاحب سیتاپور - اس میں شک نہیں کہ یہ رسالہ قدر کی نگاہوں سے دیکھنے کے قابل ہے۔ اور میں اسے دیکھ کر بہت محظوظ ہوا۔

حکیم مولوی عبدالحی صاحب مقام و گھرپار ڈاکخانہ بازید پور ضلع میمن سنگھ بعد مطالعہ کتاب معلوم ہوا۔ کہ **ھذا شی عجیب** فی الحقیقت یہ ایک نعمت غیر مترقبہ ہے۔ آپ کی ذات مقدس نے بخل اور ذاتی منفعت کو خیرباد کہہ کر ایسے نادر الوجود در بے بہا مجموعہ کو ایثار کر کے ناظرین کو فیض یاب کیا۔ میری نظر سے ایسا مخفی اور نادر مجربات کا بمعہ تفصیل ذخیرہ کبھی نہیں گزرا۔ شاباش حکیم صاحب شاباش۔ خداوند کریم آپ کی عمردراز کرے۔ نیز اور ہمت و توفیق بخشے۔

بابو رام چند صاحب : حکیم حاذق کرنال - آپ نے یہ کتاب لکھ کر خلق خدا پر بڑا احسان کیا ہے۔ میری رائے میں ہر ایک حکیم، وید، ڈاکٹر کو اس کے زود اثر نسخوں سے فائدہ اٹھانا چاہیئے۔ کتاب کیا ہے۔ ایک نعمت بے بہا ہے۔ گویا دریا کوزہ میں بھر دیا گیا ہے۔ اگر اس کی قیمت دس روپیہ رکھی جاتی تو بھی کم تھی۔ میں نے اس کتاب کے بہت سے نسخہ جات آزمانے ہیں جو کہ اکسیر ثابت ہوئے۔

حکیم مولوی قاضی خان صاحب مالک شفاخانہ فیض عام رتوچھ ضلع جہلم مجربات سلطانی کا مطالعہ کیا۔ اس کے تمام نسخہ جات اعلیٰ درجہ کے مفید معلوم ہوتے ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ آپ نے دریا کوزہ میں بند کر دیا ہے۔ میں نے مندرجہ ذیل نسخہ جات آزمائے ہیں۔

1. کشتہ اذراقی نمبر16 عمدہ تیار ہوا اور درد گنٹھیہ کے لئے مفید ہے۔
2. گولیاں درد شکم گل آک اور مرچ سیاہ والی نمبر61 بہت ہی زود اثر ہیں۔
3. جلاب لاجواب نمبر93 بہت ہی اعلیٰ جلاب ہے۔ عام تپوں میں منضج، الائچی کلاں اور سونف والا استعمال کرا کر یہ جلاب دیا جائے۔ تو تپ زائل ہو جاتا ہے بلکہ معمولی تپ تو صرف منضج کے استعمال کرنے سے ہی اتر جاتے ہیں۔ خداوند کریم آپ کو اس کے بدلہ میں جزائے خیر دے۔ آمین۔

حکیم محمد صالح صاحب شیروانی - طبیہ کالج دہلی - جناب کی کتاب مجربات سلطانی قبلہ حکیم فرید احمد صاحب عباسی ہاؤس فزیشن طبیہ کالج دہلی کے پاس دیکھی۔ نسخہ جات دیکھنے سے واقعی اطمینان بخش معلوم ہوتے ہیں۔ مگر چونکہ کتاب نہیں۔ اس واسطے ایک جلد بھیج دیں۔

حکیم مولوی سید فتح علی شاہ صاحب مقام کھروٹہ سیداں ضلع سیالوٹ - آپ نے خوب دریا دلی سے پوری ترکیب کے ساتھ نسخہ جات درج کئے ہیں۔ کوئی بخل اور اخفا نہیں رکھا۔ میں نے منجن، بھنگڑی اور سوڈے والا تیار کیا مفید ثابت ہوا۔ نیز کشتہ سنگ یہود پتھری والے پر استعمال کیا۔ نہایت مفید ثابت ہوا۔

مسٹر کے عالم خاں صاحب مقام بڑوانی سنٹرل انڈیا براستہ مھو - در حقیقت یہ کتاب الفاظ اشتہار سے

بدرجہ غائت اعلیٰ پیمانہ کی ہے۔ اس کی خاص خوبی یہ ہے کہ مجربات سہل الحصول ہونے کے علاوہ کم قیمت اجزاء سے مرکب ہیں۔ جناب نے فی الحقیقت حدیث شریف خیر الناس من ینفع الناس پر پورا عمل کیا ہے۔ مرحبا جزاک اللہ، خداوند کریم اپنے پاک حبیب کی طفیل جناب کو اجر عظیم عطا کرے۔ آمین۔

جناب اوصاف احمد صاحب صدیقی سب انسپکٹر قصبہ بجز گڈھ ضلع عیسیٰ گڈھ ریاست گوالیار۔ آپ نے در بے بہا کتاب مجربات سلطانی لکھ کر واقعی دریا دلی کا ثبوت دیا۔ اور ملک پر کمال احسان کیا ہے۔ نیز بخیل اور گندم نما جو فروش حکیموں کو خوب شرمندہ کیا۔ اللہ تعالیٰ آپ کو اجر عظیم اور ثواب دارین عطا فرمائے۔ آمین۔

جناب پیر بخش صاحب بازار پیر بخاری کوئٹہ۔ مجربات سلطانی کے ایک دو نسخہ جات تیار کئے جو کہ بہت ہی اعلیٰ ثابت ہوئے ہیں۔ واقعی نایاب کتاب ہے۔

جناب لالہ گردہاری لال صاحب پنساری قلعہ دیدار سنگھ ضلع گوجرانوالہ۔ آپ کی تصنیف مجربات سلطانی واقعی قابل تعریف ہے۔ آپ نے ٹھیک بخل کو بالائے طاق رکھا ہے۔ میں آپ کو مبارک باد دیتا ہوں۔

جناب منشی عبدالعزیز صاحب پٹواری نہر موضع راجڑ تحصیل خوشاب واقعی آپ نے صدری نسخہ جات ظاہر کرنے میں کوئی بخل نہیں کیا۔ ایسے نسخہ جات ہی لوگ قبر میں لے جاتے ہیں اور بتلاتے نہیں۔

جناب ملک رفیق احمد صاحب لائل پور۔ کتاب مجربات سلطانی نظر سے گزری بے شک بعض قیمتی نسخوں کے ظاہر کرنے سے آپ نے دنیا پر احسان کیا ہے۔ خدا پاک جزائے خیر دے۔

جناب بخشی دیوان چند صاحب کلرک دفتر کیمیکل اگزا مینر صاحب بہادر جموں مجربات سلطانی موصول ہوئی۔ بندہ آپ کی دیانتداری کی داد دیتا ہے۔ مجھے ایک ہی نسخہ آزمانے کا موقعہ ملا ہے۔ جو کہ بالکل درست ہے۔ ایک تین سالہ لڑکی درد کان سے لاچار تھی۔ آپ کا تحریر کردہ ٹوٹکہ استعمال کرنے سے جادو اثر ثابت ہوا۔

جناب بھوانی لال صاحب عرائض نویس بیاور ضلع میرواڑہ۔ مجربات سلطانی کا نسخہ نمبر 69 (گولیاں قبض کشا معمول مطب سلیمی) بنایا۔ عمدہ ثابت ہوا۔

طبیب اور غیر طبیب کے لئے

معمولات مطب سلیمی اور صدری اکسیری مخفی نسخہ جات و سچے مجربات کا نایاب مجموعہ

مجربات سلطانی

حصہ دوم

مصنفہ

زبدۃ الحکما حکیم مولوی محمد یار خان کھوکھر قریشی علوی نقشبندی

سندیافتہ مدرسہ طبیہ سلیمیہ لاہور مصنف کتب طبیہ متعددہ

شیخ محمد بشیر اینڈ سنز اردو بازار لاہور

فہرست مضامین مجربات سلطانی حصہ دوم

مجربات سلطانی حصہ دوم

مقدمہ

مجربات سلطانی کی مقبولیت اس سے بڑھ کر اور کیا ہو سکتی ہے کہ اس کا پہلا حصہ تین چار ماہ کے عرصہ میں ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو گیا اور قدردان پبلک کے پے در پے تقاضوں نے طبع ثانی پر آمادہ کیا۔ چنانچہ اشاعت دوم چند نایاب اور بے نظیر نسخہ جات کے اضافہ سے نہایت آب و تاب کے ساتھ پیش کی گئی۔ اس کی پذیرائی میں بھی اطبا نے جس قدردانی سے حصہ لیا وہ میرے شکریہ سے بے نیاز ہے۔ اس کے بعد اس کا تیسرا ایڈیشن طبع ہو کر ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو گیا۔ اب پانچواں ایڈیشن ضروری صحت اور اضافہ تصدیقات و سندات کے ساتھ نہایت آب و تاب سے چھپا ہے۔

اہل قدر ناظرین کی اس قدر شناسی نے میری ہمت بڑھائی اور مفاد عامہ کے جذبہ نے طبیعت کو مزید خدمت کے لئے اکسایا اور احباب کے اصرار نے مجربات سلطانی حصہ دوم کی تدوین پر مجبور کیا۔ آخر کار اس دھن نے عزم صمیم کی صورت اختیار کر لی۔ چنانچہ بہترین نسخہ جات کے اخذ و حصول کے ساتھ ساتھ ان کی آزمائش میں مصروف ہو گیا۔ یعنی احباب کے عطا کردہ خاص الخاص نسخہ جات کو زیر تجربہ لانے کا عمل جاری رکھا۔ حتیٰ کہ متواتر پانچ سال کی محنت شاقہ کے بعد زیر نظر مجموعہ تیار ہوا جسے میں کدو کاوش کا ثمر اور فیاضی طبع کا آئینہ ہونے کے اعتبار سے اپنے لئے بجا طور پر ناز و افتخار کا موجب سمجھتا ہوں۔

یوں تو مجربات کے ہزاروں مجموعے اشاعت پذیر ہوئے اور ہو رہے ہیں۔ لیکن جن نقاط نظر کو ملحوظ رکھ کر میں اس کام کو انجام دے رہا ہوں۔ وہ بجائے خود کئی امتیازی حیثیتوں کے حامل ہیں۔ بعض ایسے نسخے بلا کم و کاست درج کر دیئے ہیں۔ جن کے حصول کے لئے مجھے جوئے شیر لانے سے بھی زیادہ دشواریوں کا سامنا کرنا پڑا۔ بادی النظر میں بعض نسخے معمولی سمجھے جائیں گے مگر ان کی اہمیت اور وقعت تجربہ کے بعد واضح ہو کے رہے گی۔ خودستائی نہیں یہ اظہار حقیقت ہے کہ جس وسعت قلبی فراخ حوصلگی اور اولوالعزمی کا ثبوت ان رازہائے سربستہ کے فاش کرنے میں دے رہا ہوں۔ اس کا شائبہ بھی ناظرین کو کس مشکل سے ملے گا۔ سچ ہے۔

توفیق باندازہ ہمت ہے ازل سے

حق ناسپاسی ہو گی اگر میں یہاں بزرگان کامل کے تصرف باطنی کا ذکر نہ کروں جس کی تفصیل مجھے ایسی نیک نیتی اور فیاضی جیسی نعمتیں نصیب ہوئیں۔ اس باب میں بلاشبہ کوئی غائبانہ طاقت کارفرما ہے جو مجھے ایسا کرنے پر مجبور کرتی ہے۔ بقول شاعر۔

رشتہ درگردنم افگندہ دوست ❊ مے برد ہر جا کہ خاطر خواہ اوست

ایزد کا شکریہ دل و جان سے بجا لاتا ہوں۔ جس نے میری تمام کوششوں کو منظور فرمایا۔ اور میرے لئے انہیں سرمایہ فخر و مباحات بنایا۔

شادم از زندگی خویش کہ کارے کردم

التماس: اگر اطباء کرام اور شائقین فن نے میری اس کاوش کی داد توسیع اشاعت کے رنگ میں دی
اور حسب سابق گرمجوشی سے اس کا خیر مقدم کیا گیا تو میں سمجھوں گا کہ میری محنت ٹھکانے لگی اور
راستبازی و دیانتداری کی قدر ہوئی۔

خصوصیات کتاب

① فی زمانہ یہ عام چرچا ہو رہا ہے کہ خاص مجربات کو شائع کر کے ابنائے وقت کی خدمت کی جائے۔
اور فن طب کو فروغ دیا جائے۔ اطباء کا میلان بھی اس مفید تحریر کو عملی جامہ پہنانے کی طرف ہو رہا ہے۔
مگر بالعموم دیکھا یہ جاتا ہے کہ لوگ خدمت عامہ اور اظہار حقیقت کے بلند بانگ دعاوی پر اپنی تمام ز
فیاضی کو ختم کر دیتے ہیں۔ اور جب اس کے ثبوت کی نوبت پہنچتی ہے تو بخل کے دامن میں پناہ ڈھونڈتے
ہیں۔ ایسے معمولات خصوصی کو سپرد قلم کرنے کی انہیں ہمت نہیں پڑتی جن پر ان کی معاش کا دارومدار
ہے لیکن مجھے یہ ظاہر کرتے ہوئے مسرت ہوتی ہے کہ میں نے رطب و یابس سے کتاب کی شکم پری نہیں
کی بلکہ بہتری صدری مجربات و معمولات بلا کم و کاست بخل و امساک کے بالائے طاق رکھ کر من و عن
درج کر دیئے ہیں گویا۔

کاغذ پہ رکھ دیا ہے کلیجہ نکال کر

② ایسے بیش بہا نسخوں کے ساتھ ان کے امتیازات خصوصی کا ذکر بھی کر دیا گیا ہے۔ جن کے اخفاء میں
لوگ انتہائی لذت پاتے ہیں۔ یاد رہے کہ مبالغہ ترازی اور لاف و گزاف سے کلیتہً "اجتناب کیا گیا ہے"
کیونکہ میں اسے اپنے شریف پیشہ کی توہین سمجھتا ہوں۔

③ امراض صعبہ اور عسرالبرء کے خاص اطمینانی نسخہ جات مہیا کرنے میں بے حد کوشش سے کام لیا
گیا ہے تاکہ اہل غرض اصحاب کو ان کے علاج کے وقت حقیقی طور پر کامیابی اور سہولت ہو۔

④ ذاتی کوشش سے مہیا کردہ نسخہ جات کے علاوہ استاذنا و مخدومنا جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان
صاحب مرحوم و مغفور لاہوری کے بیاض خاص کے متعدد بیش بہا نسخے بھی اس میں شامل کئے گئے ہیں۔
اور حقیقت یہ ہے کہ انہی کے فیضان کا اثر ہے جس نے اس تالیف کا پایہ اعتبار بہت بلند کر دیا ہے اور
میرے کام کو تکمیل کا جامہ پہنایا ہے۔

⑤ ہر ایک مرض کے متعلق مختلف قسم کے متعدد نسخے فراہم کئے گئے ہیں جن میں سے بعض ذرا دقت
طلب ہیں تو بعض آسان۔ علاوہ بریں طبائع و امزجہ کے اختلافات کا کافی لحاظ رکھا گیا ہے تاکہ اگر کسی ایک
نسخہ کے اجزاء میسر نہ ہو سکیں یا مشکل سے تیار ہونے والا ہو۔ تو اس کے مقابلہ میں دوسرے آسان نسخہ
سے فائدہ اٹھایا جا سکے۔

مقدمہ طبع دوم

مجربات سلطانی حصہ دوم کی مقبولیت اور ہر دلعزیزی کا اندازہ اس بات سے ہو سکتا ہے کہ اس کی اشاعت اول بغیر اشتہار وغیرہ کے دیکھا دیکھی ہی ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو گئی۔ طبع اول ختم ہونے کے بعد اس کے متعلق بہت سی درخواستیں دھڑا دھڑ برائے خریداری آ رہی ہیں۔ جن کی تعمیل کے لئے ہم اس قحط قرطاس کے زمانہ میں بڑی مشکل سے اس کو طبع کرا رہے ہیں۔ ہمیں معلوم ہوا ہے کہ حصہ دوم کے مجربات کو نہایت پسندیدگی کی نگاہ سے دیکھا گیا ہے۔ اور اس کے نسخہ جات کے متعلق قدردانوں کا متفقہ فیصلہ ہے۔

ز فرق تا قدمش ہر کجا کہ مینگرم   کرشمہ دامن دل میکشد کہ جا اینجا است

یہ تو اس کے نسخوں کی ظاہری ترکیب اور تیاری کی کیفیت ہے۔ جب ان کو تجربہ کرنے کا موقع ملتا ہے تو اصحاب نظر حیران رہ جاتے ہیں کہ اتنی عمر فضول اور بے حاصل نسخہ جات کے بنانے اور آزمانے میں صرف کی اور اس کتاب کے تجربہ سے کئی شرطیہ اور حکمیہ تیر بہدف نسخے یک لخت آسانی سے ہاتھ آ گئے جس سے بے اختیار کتاب کے مصنف کے حق میں دل سے دعائیں نکل جاتی ہیں۔ بعض کنجوس طبع ان نسخوں کی کامیابی کو دیکھ کر حسد سے جل کر کباب ہو جاتے ہیں۔ کہ ایسے گنج شائگاں کو اس طرح سربازار کیوں لٹا دیا گیا ہے۔ بہرکیف ہم پروردگار عالم کا شکریہ بجالاتے ہیں۔ جس سے ہماری محنت کو (جو جذبہ ہمدردی سے مجبور ہو کر کی گئی تھی) شرف قبولیت بخشا ہے اور اسے حاجت مند مریضوں کی شفائے کاملہ کا ذریعہ بنایا ہے۔

ہمیں معلوم ہوا ہے کہ بعض اطبا نے اپنے مطب کا دارومدار انہی نسخوں پر رکھا ہوا ہے۔ اور کئی اصحاب نے انہی پر ڈسپنسریاں کھولی ہوئی ہیں۔ اشتہاری طبیب جو مجرب نسخوں کی تلاش میں سرگرداں تھے۔ ان کو مجربات کا ایسا ذخیرہ مل گیا ہے کہ وہ ان صدری تحائف سے شرطیہ علاج کرنے کے اشتہار دے رہے ہیں۔ موجودہ اشاعت میں ہم نے مزید صحت اور اصلاحات کے علاوہ سندات اور تصدیقات کو بھی ضمیمہ کی صورت میں شائع کر دیا ہے۔ امید ہے قدردان اصحاب اپنے تجربات کے بعد ان نسخوں کی تصدیق و تکذیب سے آگاہ کریں گے تاکہ تیسری اشاعت کے وقت یہ تصدیقات بھی شائع کی جا سکیں۔

باوجودیکہ موجودہ زمانہ جنگ میں لکھائی چھپائی اور کاغذ کا خرچہ چار گنا بڑھ گیا ہے مگر ہم نے قیمت میں کم اضافہ کیا ہے۔

وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین

خادم فن

(محمد یار علوی)

مجربات سلطانی حصہ دوم

مجربات امراض سر

(1) حافظہ کی اکسیری دوا

منافع: قوت حافظہ اور نسیان کے لئے اپنی نظیر آپ ہے۔ نیز مرگی اور مالیخولیا کے لئے نہایت مفید ہے۔ ہماری مجرب آزمودہ اور بالکل آسان ہے جو ہر ایک شخص تیار کر کے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ حافظہ کے بڑھانے کے لئے تیر بہدف ہے۔

اجزاء: برہمی بوٹی خشک 40 تولہ، سنکھ پشپی بوٹی خشک 40 تولہ (باؤ بڑنگ)۔

ترکیب ساخت: رات کو 4 سیر پانی میں تر کریں۔ صبح جوش دیں جب ایک سیر رہ جائے تو خوب مل کر کپڑے میں چھان کر دیگچہ قلعی شدہ میں ڈال کر سفوف ہلدی ایک چھٹانک اور گائے کا خالص گھی ایک سیر ملا کر جوش دیں۔ جب پانی جل کر صرف گھی باقی رہ جائے تو احتیاط سے گھی کو نتھار لیں۔

طریق استعمال: ایک تولہ بھر صبح آدھ سیر یا ڈیڑھ پاؤ شیر گاؤ گرم میں ملا کر نوش فرمائیں۔ ترش اور بادی اور تیل والی اشیاء سے پرہیز کریں۔

نوٹ: سنکھ پشپی بوٹی ویدک دواخانوں سے مل سکتی ہے۔

(2) حریرہ مقوی دماغ

منافع: حد درجہ مقوی دماغ ہے۔ دماغ کی خشکی کو زائل کرتا ہے۔ نہایت مفرح لذیذ اور خوش ذائقہ چیز ہے۔

اجزاء: مغز بادام، مغز کدو، مغز خیارین، مغز خربوزہ، مغز تربوز، چاول، کشنیز خشک، نشاستہ ہر ایک 6 ماشہ، مغز نارجیل تولہ، تخم خشخاش سفید تولہ، الائچی خورد 3 ماشہ، سونف 3 ماشہ۔

ترکیب ساخت: سوائے نشاستہ کے باقی دوائیں خوب باریک کر کے پانی 10 تولہ میں گھوٹ کر آگ پر چڑھائیں۔ پھر نشاستہ ڈال کر چمچہ سے ہلاتے رہیں دو تین جوش دے کر گھی 6 تولہ مصری 10 تولہ ملا کر ہلاتے رہیں۔ جب حریرہ تیار ہو جائے تو نیچے اتار لیں بس تیار ہے۔

طریق استعمال: تین تولہ سے 4 تولہ تک صبح و شام استعمال کریں۔

(3) خمیرہ مقوی دماغ

منافع: مقوی دماغ مقوی قلب ہے ہاضمہ کو بڑھاتا ہے۔ نہایت خوش ذائقہ اور مفرح ہے۔

اجزاء: مغز بادام 10 تولہ، شیر گاؤ پختہ پاؤ، ورق چاندی 15 عدد، الائچی خورد 1 تولہ، مصری آدھ سیر۔

ترکیب ساخت: مغز بادام اور مصری کو شیر گاؤ میں گھوٹ کر دیگچہ قلعی شدہ میں ڈال کر آگ پر چڑھائیں۔ جب قوام گاڑھا تیار ہو جائے تو الائچی باریک کر کے ملائیں۔ پھر کونڈہ ڈنڈہ میں اس حد تک گھوٹیں کہ سفید ہو جائے۔ پھر ورق ایک ایک کر کے ڈالتے جائیں اور ہلاتے رہیں۔

طریق استعمال: 2 تولہ سے 4 تولہ تک صبح و شام استعمال کریں۔ ترشی، بادی تیل والی اشیاء سے پرہیز کریں۔

(4) معجون مقوی دماغ

منافع: تقویت دماغ کے لئے خاص چیز ہے۔ ہمارا معمول نہایت کم خرچ اور آسان نسخہ ہے۔

اجزاء: تخم خشخاش، مغز تربوز، مغز خیارین، مغز کدو، مغز بادام، تخم خبازی ہر ایک 2 تولہ، کتیرا گاؤ زبان، گل سرخ، اسطوخودوس، تخم خرفہ، طباشیر، الائچی خورد، الائچی کلاں، سونف، کشنیز خشک، پوست ہلیلہ زرد ہر ایک چھ ماشہ، پوست بلیلہ 9 ماشہ، آملہ 9 ماشہ، ورق نقرہ 100 عدد شہد 25 تولہ۔

ترکیب ساخت: مغزیات کو نیم کوب کر لیں۔ باقی دوائیں باریک کوٹ کر چھان لیں۔ پھر ورق نقرہ ایک ایک کر کے ملا کر خوب کھر کریں۔ پھر شہد میں ملا کر یکجان کر لیں۔

طریق استعمال: ایک تولہ صبح ایک تولہ شام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

(5) دودھی مقوی دماغ

اسناد: حضرت استاذیم علامہ حکیم مفتی سلیم اللہ خانصاحب کا معمول ہے

منافع: ضعف دماغ، ضعف بصارت، ضعف چشم، کمی خواب، خشکی دماغ نزلہ، بوڑھوں کے ضعف دماغ کے لئے مجرب اور آزمودہ ہے۔ درد سر جو ضعف دماغ کی وجہ سے ہو۔ دوران سر وغیرہ کے لئے معمول ہے۔ نہایت زود اثر چیز ہے۔

اجزاء: پوست خشخاش 3 ماشہ، سبوس گندم یعنی چھان آٹا 1 تولہ، مغز تخم خبازی مغز تربوز، مغز کدو ہر ایک تین ماشہ، خشخاش 5 ماشہ، مغز بادام مقشر 7 عدد، مصری 3 تولہ، روغن زرد 3 تولہ۔

ترکیب ساخت و استعمال: پوست خشخاش اور سبوس گندم کو رات کے وقت آدھ سیر پانی میں بھگو رکھیں صبح مل کر چھان لیں۔ مغزیات اور مصری کو کوٹ لیں۔ گھی کو دیگچہ میں ڈال کر آگ پر چڑھائیں۔ جب سخت گرم ہو جائے تو اشیاء مذکورہ ملا کر چمچہ سے ہلاتے رہیں۔ جب گاڑھا قوام تیار ہو جائے تو اتار لیں اور گرم گرم نوش فرمائیں۔ بعض موقع پر شیر گاؤ بھی ملا لیا جاتا ہے۔ روزانہ تازہ تیار کر کے صبح کے وقت چائے کی طرح ایک ایک گھونٹ پئیں۔ ایک خاص الخاص اسراری نسخہ ہے جو فیض رسانی خلائق کے لئے تحریر کیا جاتا ہے۔

(6) شربت مقوی دماغ

منافع: مقوی دماغ و دل و معدہ مفرح طبیعت، دافع توحش وغیرہ تمام وہ عوارض جو ضعف اعضاء رئیسہ کی مشارکت سے ہوں۔ ان سب کے لئے نہایت مفید ہے۔ چند خوراک سے فائدہ ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ نہایت زود اثر ہے۔

اجزاء: ابریشم خام، افستین، بادیان، برگ گاؤ زبان ہر ایک 2 تولہ، عرق سونف پاؤ، عرق بید مشک پاؤ، عرق

گاؤزبان 2 پاؤ۔

ترکیب ساخت: خشک دوائیں عرقیات میں رات کو بھگو رکھیں۔ صبح جوش دے کر مل چھان کر مصری پاؤ پختہ ملا کر شربت تیار کریں۔

طریق استعمال: 2 تولہ صبح 2 تولہ شام ہمراہ عرق گاؤزبان 12 تولہ استعمال کریں۔

(7) مفرح برائے مالیخولیا

منافع: مالیخولیا مراقی، ریح بواسیر، قبض دائمی، تفریح طبع تقویت معدہ ریاح وغیرہ کی اکسیری دوا ہے۔ مالیخولیا مراقی کے عوارض کو پہلی خوراک سے نفع بخشتی ہے۔ غذا کو خوب ہضم کرتی ہے۔ اور ریاح کو توڑتی ہے۔ مطب میں ہر وقت تیار رہتی ہے۔

اجزاء: مربہ آملہ 4 عدد، مربہ ہلیلہ 8 عدد، رب آملہ 4 تولہ، رب ہلیلہ 5 تولہ، طباشیر 3 ماشہ، گل سرخ 6 ماشہ، مصطگی رومی تولہ، الائچی خورد تولہ، گل گاؤزبان 5 ماشہ، مغز کشنیز 7 ماشہ، زیرہ سفید 3 ماشہ، فلفل سیاہ 3 ماشہ، برگ سناء تولہ ہینگ ماشہ، کچور 3 ماشہ، فلفل سفید 3 ماشہ، سونف 6 ماشہ، اطر-فل زمانی اعلیٰ درجہ 10 تولہ، عرق گلاب 10 تولہ، مصری 15 تولہ۔

ترکیب ساخت: مربہ جات کو باریک پیس لیں۔ خشک دوائیں باریک کر کے چھان کر رکھیں۔ مصری اور رب ہلیلہ رب آملہ کا عرق گلاب میں قوام تیار کریں۔ پھر مربہ جات اور باقی دوائیں ملا کر چمچہ سے خوب ہلا کر معجون بنالیں۔

طریق استعمال: عرق سونف، عرق الائچی، عرق پودینہ ہر ایک 15 تولہ روغن الائچی 10 قطرے، روغن پودینہ 10 قطرے ایک بوتل میں ملا کر ٹکیہ پیپر منٹ خورد 50 عدد باریک کر کے ملا دیں۔ اس عرق میں سے 5 تولہ لے کر اس کے ہمراہ معجون مفرح 3 ماشہ استعمال کریں۔

(8) معجون برائے مالیخولیا مراقی

منافع: ضعف ہضم، قبض دائمی، کثرت ریاح وغیرہ عوارض کو زائل کرتی ہے۔ معدہ کو طاقت دیتی ہے۔ بخارات کو روکتی ہے۔ کچھ عرصہ متواتر استعمال کر لینے سے جملہ شکایات کو نیست و نابود کر دیتی ہے۔ نہایت زود اثر بے خطا ہے۔

اجزاء: سونف تولہ، زیرہ سیاہ 6 ماشہ، پودینہ 2 تولہ، سونف رومی تولہ، دار چینی 3 ماشہ، دانہ الائچی کلاں 3 ماشہ، ریوند خطائی تولہ، گاؤزبان تولہ، مغز بادام 5 تولہ، جوارش کمونی 4 تولہ، گلقند پاؤ پختہ۔

ترکیب ساخت: خشک دوائیں باریک سفوف بنا کر تمام اشیاء کو خوب ملا لیں۔

طریق استعمال: ایک تولہ سے 3 تولہ تک ہمراہ شربت گاؤزبان استعمال کرائیں۔

(9) عرق شیر برائے مالیخولیا مراقی

منافع: مالیخولیا مراقی، خشکی بدن کو زائل کرتا ہے۔ عمدہ طراوت پیدا کرنے والا سہل الحصول مدت کا

مجرب ہے۔ جو فیض رسانی خلائق کے لئے ظاہر کردیا گیا۔

اجزاء: شیر گاؤ 3 سیر، عرق گاؤزبان ایک سیر، عرق نیلوفر ایک سیر، عرق گلاب تین پاؤ، عرق بید مشک تین پاؤ، تخم کاسنی 2 پاؤ، مصری 2 پاؤ۔

ترکیب ساخت: خشک دوائیں نیم کوب کر کے پھر سب اشیاء کو ملا کر حسب دستور عرق بقدر چار بوتل کشید کریں۔

طریق استعمال: 7 تولہ صبح 7 تولہ شام، شربت گاؤزبان 3 تولہ ملا کر یا یونہی مصری ملا کر استعمال کرائیں۔

(10) شربت گاؤزبان برائے مالیخولیا

منافع: مالیخولیا مراقی و سوداوی کو نہایت مفید ہے۔ خصوصاً اگر پہلے ماء الجبن کرا کر استعمال کرایا جائے تو ازحد مفید ثابت ہوتا ہے۔ ماہرین فن اس شربت کے اجزاء سے ہی اندازہ لگا سکتے ہیں۔

اجزاء: گاؤزبان 7 درم، بنفشہ 2 درم، گل سرخ 1 درم، نیلوفر، تخم فرنجمشک، برگ فرنجمشک، بادرنجبویہ، افتیمون ولایتی، اسطوخودوس، بسفائج، ہلیلہ سیاہ، ہر ایک 2 درم مصری 1 پاؤ حسب دستور شربت تیار کریں۔

طریق استعمال: تین تولہ صبح، تین تولہ شام پانی دوچند میں ملا کر استعمال فرمائیں۔

(11) طریقہ ماء الجبن یا علاج مالیخولیا

اسناد: جناب استاذیم حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کا معمول مطب ہے۔

منافع: اس میں موسم کی قید نہیں اور ہر مزاج کے موافق ہے۔ مالیخولیا مراقی کا نہایت اعلیٰ علاج ہے۔ عاجز کا بھی یہی معمول ہے۔

اجزاء: افتیمون ولایتی 5 ماشہ، گلاب 10 تولہ، مصری 3 تولہ۔

ترکیب ساخت و استعمال: افتیمون کو ململ کے کپڑے میں باندھ کر رات کو گلاب میں تر کر رکھ چھوڑیں۔ صبح مل کر چھان لیں۔ گائے کا دودھ ایک پاؤ دیگچہ قلعی شدہ میں ڈال کر آگ پر چڑھائیں۔ جب جوش آنے لگے تو ناتری ایک ماشہ باریک کر کے ڈال دیں جب پھٹ جائے تو نیچے اتار کر کپڑے میں چھان لیں۔ اور افتیمون والے پانی کے ساتھ بمعہ مصری 3 تولہ ملا کر اول خمیرہ گاؤزبان عنبری 5 ماشہ کھلا کر پلائیں۔ چار بجے شام کو معجون نجاح 6 ماشہ ہمراہ شربت گاؤزبان مندرجہ ذیل 3 تولہ پانی ملا کر پلائیں۔ غذا مرغن مثل پلاؤ گوشت، دال مونگ، کدو توری پالک وغیرہ۔

(12) شربت گاؤزبان قدیم

منافع: مفرح و مقوی قلب و دماغ دافع مالیخولیا مراقی معمول مطب سلیمی ہے۔

اجزاء: گاؤزبان 4 تولہ، گل گاؤزبان 2 تولہ، بادرنجبویہ تولہ، عرق گاؤزبان، عرق بید مشک، عرق گلاب ہر

ایک آدھ سیر مصری سیر۔

ترکیب ساخت: دوائیں رات کو عرقیات میں بھگو رکھیں۔ صبح دو جوش دے کر مل چھان کر مصری ملا کر شربت تیار کریں۔

طریق استعمال: 3 تولہ صبح و شام پانی یا عرق گلاب ملا کر استعمال کریں۔

(13) مسہل مالیخولیا مراقی

دوران استعمال ماء الجبن میں ہر ہفتہ کے بعد برگ سناء 2 تولہ یا تین تولہ ململ کے کپڑے میں باندھ کر گائے کے ڈیڑھ پاؤ دودھ میں نرم آگ پر خوب جوش دیں۔ جب نصف کے قریب رہ جائے تو مل کر مصری دو تولہ ملا کر پلائیں۔ ماء الجبن شروع رکھیں اور ہر ہفتہ کے بعد مسہل استعمال کرا دیا کریں۔

(14) گولیاں برائے درد سر

منافع: تمام اقسام درد سر کے لئے مفید ہیں۔ دماغ کا تنقیہ کرتی ہیں۔ اور مجرب ہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت: ایارج فیقرا☆، پوست ہلیلہ کابلی، غاریقون ہم وزن دوائیں کوٹ چھان کر پانی کی مدد سے گولیاں بقدر نخود تیار کریں۔

طریق استعمال: ایک ماشہ رات کو سوتے وقت ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔

☆**نسخہ ایارج فیقرا:** سنبل الطیب، دار چینی، عود بلسان، سلیخہ، مصطگی رومی، اسارون، زعفران ہر ایک 3 ماشہ مصبر 6 ماشہ سب کو باریک کر کے ملا لیں۔

(15) خمیرہ گاؤزبان عنبری

منافع: مقوی دماغ و مفرح قلب مفید انواع، مالیخولیا و اقسام خفقان وغیرہ۔

اجزاء: گاؤزبان 10 ماشہ، گل گاؤزبان، کشنیز خشک کوفتہ، ابریشم مقرض، بہمن سفید کوفتہ، تخم بالنگو، تخم فرنجمشک، صندل سفید ہر ایک تولہ تولہ عنبر اشہب نصف درم۔

ترکیب ساخت: سوائے عنبر کے باقی دوائیں دو سیر پانی میں تر کریں۔ صبح جوش دیں۔ جب تیسرا حصہ رہ جائے تو صاف کر کے مصری ایک سیر شہد مصفی ایک پاؤ ملا کر قوام تیار کریں۔ اخیر قوام میں عنبر باریک کر کے ملا دیں۔ بعد میں مروارید یا قوت زمرد، زہر مہرہ، یشب سبز ہر ایک 4 ماشہ، روح کیوڑہ میں خوب کھرل کریں اور طباشیر، ورق نقرہ 6 ماشہ، ورق طلا 1 ماشہ ملا کر خوب کھرل کر کے قوام مذکور میں ملا لیں۔ یہ سفوف پہلے تیار کر کے پاس رکھنا چاہئے۔

طریق استعمال: 7 ماشہ صبح و شام ہمراہ عرق گاؤزبان یا دودھ وغیرہ۔

(16) دوائے درد سر

منافع: درد سر اور زکام کے لئے مفید ہے۔ اگر دماغ زکام یا کسی اور وجہ سے بند ہو گیا ہو اور بو و خوشبو ن

آتی ہو تو اس کے استعمال سے کھل جاتا ہے۔
اجزاء: کافور 6 ماشہ' نوشادر 1 تولہ' ست الائچی 3 ماشہ' ست پودینہ خشک 1 ماشہ۔
ترکیب ساخت: سب دوائیں کوٹ کر کھلے منہ والی شیشی میں ڈال لیں اور تھوڑا سا عرق گلاب ملا لیں۔
طریق استعمال: شیشی کا منہ کھول کر دن میں تین چار دفعہ سونگھائیں اور شیشی کا منہ مضبوط کارک سے بند رکھیں۔

(17) کاغذی دردسر

منافع: دردسر شدید کو نفع دیتی ہے۔عام استعمال ہوتی ہے۔
اجزاء: تخم کاسنی 9 ماشہ' تخم کاہو 9 ماشہ' رسوت 13 ماشہ' افیون 2 ماشہ۔
ترکیب ساخت و استعمال: سب دوائیں باریک پیس کر تخم بالنگو کے لعاب میں حل کر کے کپڑے پر لگا کر کنپٹی پر چسپاں کر دیں۔

(18) پڑیہ صحت

منافع: ہر قسم کے دردسر کے لئے نہایت مفید ہے اور ہمارے مطب میں ہر وقت تیار رہتی ہے۔خواہ جس قسم کا دردسر ہو۔پانچ منٹ میں آرام ہو جاتا ہے۔اگر قبض کی وجہ سے درد ہو تو پڑیہ کھلا کر ایک گھنٹہ بعد یا رات کو سوتے وقت اطریفل زمانی ہمراہ شیر گاؤ استعمال کرائیں یا کوئی اور قبض کشا دوائی دیں اس کے علاوہ جسم کے جس حصہ میں درد ہو مفید ہے۔پسینہ لاتی اور تپ کو مفید ہے۔
اجزاء: اسپرین تولہ' فنسٹین تولہ کے فین سائٹراس 6 ماشہ' کشنیز خشک 1 تولہ' مصری 3 تولہ' گیرو 4 رتی۔
ترکیب ساخت: سب دوائیں الگ الگ باریک کر کے خوب ملا لیں۔
طریق استعمال: 2 ماشہ ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔اگر آرام نہ ہو تو 15 منٹ کے بعد دوسری پڑیہ دے دیں۔

(19) برائے عصابہ

اجزاء: اسطوخودوس' کشنیز خشک 3 تولہ' فلفل سیاہ 30 عدد۔
ترکیب ساخت: دوائیں الگ الگ باریک کر کے خوب ملا کر سفوف بنا لیں۔
طریق استعمال: دس ماشہ صبح طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ پہلے ہمراہ شربت بزوری 4 تولہ پانی ملا کر استعمال کرائیں۔نسوار عشری یا نسوار نمبر 23 دن میں ایک وقت یا دو وقت تھوڑی سی استعمال کرائیں۔پڑیہ صحت نمبر 18 صبح اور دس بجے ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔

ذیل میں چند نسخہ جات نمبر 20 سے نمبر 53 تک جو دیکھنے میں بالکل سادہ معلوم ہوتے ہیں۔اور فوائد کے لحاظ سے نہایت اعلیٰ ہیں (جو علامہ زمان استاد دوراں قبلہ حضرت استاذنا جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان

صاحب مرحوم لاہوری کے معمولات میں سے ہیں، تحریر کئے جاتے ہیں جو آپ کے ہر وقت کے زیر العمل تھے۔ اور عاجز کے بھی معمول ہیں۔ بلکہ جو بھی ایسے سادہ سادہ طبی نسخے آپ اس کتاب میں ملاحظہ فرمائیں گے۔ وہ سب علامہ استاذ الاطباء حضرت مفتی صاحب غریب نواز کا فیض ہیں۔ امید ہے کہ آپ ان سے فائدہ اٹھائیں گے۔ جو آپ کو مفت میں بلا تکلیف حاصل ہو رہے ہیں۔

(20)پاشویہ درد سر شیقیہ

اجزاء و ترکیب استعمال: برگ اسطوخودوس، خطمی، بنفشہ، سبوس گندم ہر ایک 2 تولہ پانی میں جوش دے کر پاشویہ کریں۔

(21)دوائے درد سر شقیقہ

اجزاء و ترکیب استعمال: معبر پیس کر پانی میں حل کر کے کپڑے کی بتی بنا کر معبر سے آلودہ کر کے جس طرف درد ہو کان میں رکھیں۔

(22)نطول درد صفراوی

اجزاء و ترکیب استعمال: سرکہ اور روغن گل مساوی الوزن ملا کر سر پر نطول کرائیں۔

(23)نسوار درد سر شقیقہ

اجزاء و ترکیب استعمال: سونٹھ تولہ، نوشادر تولہ مرچ سیاہ 6 ماشہ کوٹ چھان کر نگاہ رکھیں۔ حسب دستور دو وقت خفیف مقدار میں نسوار لیں۔

(24)دوائے درد سر صفراوی ودموی

اسناد: علامہ زمان جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب مرحوم لاہوری کا معمول ہے۔

اجزاء و ترکیب استعمال: بہدانہ تین ماشہ کا پانچ تولہ پانی میں لعاب نکال لیں اور تخم کاہو 7 ماشہ کو 5 تولہ پانی میں گھوٹ کر چھان لیں۔ پھر دونوں کو ملا کر شربت نیلوفر 5 تولہ ملا کر پلائیں۔ شدت درد میں دو وقت پلانا چاہئے۔ نیز، تشنگی، کرب، حرقتہ البول مجلوق، تسکین صفرا، ورم لوزتین، شقیقہ، یافیہ، عصابہ کے لئے بھی مفید ہے۔ خناق کے لئے شربت توت ملانا چاہئے اور شقیقہ و عصابہ کے لئے مربہ پیٹھہ 1 تولہ ورق نقرہ ایک عدد لپیٹ کر پہلے کھلا کر اوپر سے پلائیں۔

(25)درد سر دموی و عام درد سر

منافع: جو درد سر جوش یعنی زیادتی خون کی وجہ سے پیدا ہو۔ اس کے لئے مفید اور سریع الاثر ہے۔

اجزاء: شاہترہ، کشنیز خشک، مویز منقیٰ ہر ایک ساڑھے سات ماشہ۔

ترکیب ساخت و استعمال: جملہ دوائیں آدھ سیر پانی میں بھگوئیں۔ صبح جوش دے کر جب نصف رہ جائے تو مل چھان کر استعمال کریں دو وقت تازہ تیار کر کے مصری ملا کر دیا کریں۔

(26) ٹکور برائے درد سر بلغمی

منافع: درد سر شقیقہ اور درد سر بلغمی کے لئے مفید ہے۔

اجزاء و ترکیب استعمال: بابونہ 3 تولہ کوٹ چھان کر لعاب حلبہ (میتھرے) میں گوندھ لیں اور گرم کر کے سر پر ٹکور کریں۔

(27) سفوف درد شقیقہ

اجزاء و ترکیب استعمال: مغز جوز ہندی (گری کھوپہ) 5 تولہ شکر سفید 10 تولہ سفوف بنا لیں۔ 2 تولہ صبح 2 تولہ شام ہمراہ پانی استعمال کریں۔

(28) ضماد شقیقہ

اجزاء و ترکیب استعمال: زعفران ماشہ' مازو 4 ماشہ باریک کر کے پانی میں پیس کر ماتھے پر ضماد کریں۔

(29) ضماد درد سر بلغمی

اجزاء و ترکیب استعمال: لونگ' سونٹھ' مرچ سیاہ ہر ایک تین ماشہ باریک کر کے پانی میں پیس کر ماتھے پر ضماد کریں۔

(30) سفوف درد سر بخاری

اجزاء و ترکیب استعمال: کشنیز خشک باریک کر کے سفوف بنا کر ایک تولہ رات کا کھانا کھانے کے بعد استعمال کریں۔

(31) جوشاندہ درد سر بلغمی

اجزاء و ترکیب استعمال: پوست ہلیلہ زرد' کشنیز خشک' سونٹھ ہر ایک ساڑھے تین ماشہ ڈیڑھ پاؤ پانی میں جوش دے کر مل چھان کر گرم گرم پئیں۔

(32) حلوہ درد سر بلغمی

اجزاء و ترکیب استعمال: شونیز ڈیڑھ تولہ' مصری ساڑھے سات تولہ' روغن گاؤ 5 تولہ حلوہ بنا کر گرم گرم کھائیں۔

(33) نسوار درد سر کہنہ

اجزاء: روغن بادام 2 ماشہ' زعفران 1 ماشہ۔

ترکیب ساخت: زعفران باریک کر کے بادام روغن میں ملا لیں۔

ترکیب استعمال: دن میں تین چار دفعہ نسوار لیں۔

(34) ضماد سہر (بے خوابی)

منافع: بے خوابی خواہ جس سبب سے ہو اس نسخہ کے استعمال سے رفع ہو جاتی ہے۔

اجزاء: تخم نیلوفر، تخم کاہو، تخم خرفہ، صندل سفید ہر ایک تین ماشہ، کافور ماشہ، افیون 4 رتی، زعفران رتی۔

ترکیب ساخت: دوائیں باریک کر کے سفوف بنا کر روغن گل 1 تولہ، آب کشنیز سبز 4 تولہ، سرکہ ماشہ ملالیں۔

طریق استعمال: یافوخ یعنی تالو کی جگہ استرے سے صاف کر کے دن میں دو تین دفعہ لگائیں۔

(35) سبات (گہری نیند)

اجزاء و ترکیب استعمال: گوگل، نمک طعام مساوی الوزن سفوف بنا کر بقدر 6 ماشہ ہمراہ عرق سونف 12 تولہ صبح استعمال کریں۔

(36) ام الصبیان (بچوں کی مرگی)

اجزاء و ترکیب استعمال: جدوار باریک کر کے سفوف بنا رکھیں۔ ڈیڑھ ماشہ شیر والدہ کے استعمال کرائیں۔ صبح و شام۔

(37) ضعف دماغ و معدہ

اجزاء: گلقند سیوتی 12 تولہ، ورق چاندی 42 عدد، مصطگی رومی ساڑھے تین تولہ۔

ترکیب ساخت: مصطگی اور ورق باریک کر کے گل قند میں ملالیں۔

طریق استعمال: بقدر ایک تولہ ہمراہ شربت صندل 3 تولہ، عرق گلاب 3 تولہ روح بید مشک استعمال کریں۔

(38) مقوی دماغ دافع گرمی

منافع: مجلوق کے عوارض مثلاً گرمی ضعف دماغ، ضعف قلب، جریان کے لئے جو گرمی کے سبب ہوں اکسیر ہے۔ اگر ضعف قلب اور ضعف دماغ کے ساتھ جریان اور گرمی مزاج ہو تو اس نسخہ کو استعمال کرا کر اس کے اثرات ملاحظہ فرمائیں۔

اجزاء و ترکیب استعمال: تخم بالنگو 6 ماشہ کو آدھ گھنٹہ تک ایک چھٹانک پانی میں بھگو رکھیں۔ بعد میں مصری 2 تولہ ملا کر کشتہ ابرک سفید ایک رتی کشتہ مرجان 2 چاول ملا کر کھلائیں۔ صبح نہار تازہ پانی کے استعمال کریں۔ اگر حرارت زیادہ ہو تو دو وقت استعمال کرائیں۔

(39) معجون صرع یعنی مرگی

منافع: صرع کے لئے نہایت آسان اور مطب سلیمی کی معمول ہے۔

اجزاء و ترکیب: عقر قرحا 2 تولہ' افتیمون ڈیڑھ تولہ' اسطوخودوس 2 تولہ' سفانج ڈیڑھ تولہ۔

ترکیب ساخت: سب کو الگ الگ کوٹ چھان کر رکھ لیں۔ پھر مویز منقی 8 تولہ کو پانی میں پیس کر باقی ادویہ کے ساتھ خوب ملالیں۔

طریق استعمال: 9 ماشہ صبح و شام ہمراہ پانی استعمال کریں۔

(40) دوار دموی و صفراوی

اجزاء: سرپھوکہ' کشنیز خشک' پوست ہلیلہ زرد ہر ایک 7 ماشہ۔

ترکیب ساخت: آدھ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب تیسرا حصہ پانی رہ جائے تو مل چھان کر مصری ملا کر استعمال کریں۔ دموی میں فصد مقدم سمجھیں۔

(41) حریرہ برائے دوار حار

اجزاء و ترکیب استعمال: خشخاش سفید 9 ماشہ' کشنیز خشک 3 ماشہ تھوڑا تھوڑا پانی ملا کر خوب پیسیں پھر ایک چھٹانک مصری اور ایک پاؤ پانی ملا کر آگ پر چڑھائیں اور کسی چیز سے ہلاتے رہیں۔ جب گاڑھا ہو کر حریرہ بن جائے تو اتار لیں اور سرد کر کے ایک ایک گھونٹ پئیں۔

(42) عرق فالج (ادھرنگ)

منافع: ہمارے خاص مجربات میں سے ہے۔ لقوہ' تشنج' تمدد' رعشہ' کزاز فالج وغیرہ تمام اعصابی امراض کے لئے معمول مطب ہے۔

اجزاء و ترکیب استعمال: جائفل' جاوتری ہر ایک تولہ' اسطوخودوس تمال پتر' لونگ' خولنجاں ہر ایک 4 تولہ' سداگلاب' ہلیلہ سیاہ' سونٹھ ہر ایک 5 تولہ' سناء مکی 6 تولہ' دارچینی' اجوائن ہر ایک 10 تولہ شہد 40 تولہ' مشک 1 ماشہ۔

ترکیب ساخت: مشک کو نیچہ کے منہ پر باندھ کر 7 سیر عرق کشید کریں۔

طریق استعمال: 7 تولہ صبح 7 تولہ شام استعمال کریں۔

(43) روغن فالج (ادھرنگ)

منافع: فالج' لقوہ' تشنج' تمدد' رعشہ' کزاز' استرخاء' وجع المفاصل وغیرہ تمام اعصابی امراض کے مجرب ہے۔ جب کہ اعضاء استرخاء وغیرہ سے کمزور ہو گئے ہوں اور ان کی قوت حس و حرکت فوت ہو گئی ہو۔ یہ روغن استعمال کرایا جاتا ہے۔

اجزاء و ترکیب استعمال: برگ درخت مدار یعنی آک ایک پاؤ پختہ لے کر آدھ سیر پانی میں بھگو دیں۔ جب گل جائیں تو جوش دیں۔ پھر مل چھان کر اس کو آگ پر چڑھائیں۔ اور اس میں روغن السی ایک پاؤ۔ روغن سرسوں ایک پاؤ ڈال کر اس قدر جوش دیں کہ پانی جل جائے۔ اور صرف تیل باقی رہ جائے پھر اس

تیل میں روغن مالکنگنی آدھ پاؤ، روغن زرد ایک پاؤ، سنی من آئل 5 تولہ ملالیں۔ بس تیار ہے [illegible] کے مالش کریں۔

نوٹ: سنی من آئل انگریزی دوا فروشوں سے ملتا ہے۔ اگر نہ مل سکے اس کے عوض روغن دار[illegible] دیسی عمدہ ملالیا جاتا ہے۔

ہدایت متعلق استعمال عرق فالج: پہلے دو تین دفعہ منضج و مسہل کر کے ایک وقت عرق بقدر [illegible] چھٹانک اور دوسرے وقت ماء العسل استعمال کرانا چاہئے۔ اور اگر تکلیف معمولی ہو تو ابتدا میں ہی [illegible] مسہل کے شروع کر دیں۔ منضج و مسہل کے نسخہ جات بمعہ مفصل دستور العمل مجربات سلطانی حصہ ا[illegible] میں درج کئے جا چکے ہیں۔

لقوہ میں بعد انتہا مرض آرد ماش، آرد گندم ہر ایک 5 تولہ کی روٹی اس طرح پکائیں کہ اس کی ای[illegible] طرف کچی رکھی جائے۔ کچی طرف کو کسٹر آئل سے چپڑ کر اس پر مین پھل باریک کر کے دھوڑ دیں اور [illegible] گرم باندھیں۔

(44) حقنہ فالج (ادھرنگ)

اجزاء: اسطوخودوس، آرد تربد، مغز تخم ارنڈ، سوئے غاریقون ہر ایک 7 ماشہ، سناء مکی 6 ماشہ، حب الق[illegible] یعنی کنب ڈیڑھ تولہ، سفائج تولہ، عناب لسوڑیاں ہر ایک 20 دانہ، مغز خیار شنبر 5 تولہ یعنی گودہ املتا[illegible] شکر سرخ 3 تولہ روغن ارنڈ 4 تولہ، روغن بادام تولہ، گوگل 3 ماشہ، بورہ ارمنی 5 ماشہ۔

ترکیب ساخت و استعمال: خشک دواؤں کو پانی میں جوش دیں۔ پھر خوب مل چھان کر روغنیات م[illegible] حسب دستور حقنہ کرائیں۔ اس سے مواد بلغمی خوب خارج ہوتے ہیں۔

(45) تشنج یابس

اجزاء و ترکیب استعمال: مغز ساق گاؤ، چربی مرغی، موم سفید ہر ایک 2 تولہ تینوں دوائیں کڑ[illegible] آہنی میں گرم کر کے بکثرت مالش کریں۔

(46) معجون درد سر بارد وغیرہ

منافع: تمام اقسام درد سر جو سردی سے ہوں، دوی، طنین، ضعف معدہ، ضعف جگر اقسام استسقاء، سدہ جگر، تحلیل اورام، دبیلات، صلابات، انجرات کے روکنے کے لئے خاص الخاص چیز ہے۔

اجزاء: سنبل الطیب، مصطگی رومی، زعفران، طباشیر، دارچینی، اذخر اسارون، قسط شیریں، عصارہ غا[illegible] تخم کشوث، مجیٹھ، لونگ، لک مغسول، تخم کرفس، زراوند طویل، حب بلسان، الائچی کلاں، عود ہر ایک [illegible] گل سرخ مصفی 18 تولہ شہد ڈیڑھ سیر۔

ترکیب ساخت: خشک دوائیں کوٹ چھان کر شہد میں ملالیں 9 ماشہ سے ڈیڑھ تولہ تک صبح و شا[م] استعمال کریں۔

(47) دوائے درد سر دودی

وہ درد سر جو دماغ کے کرموں کی وجہ سے ہو۔ اس کے لئے مفید ہے۔

اجزاء و ترکیب استعمال: ہینگ، کافور ہر ایک 1 ماشہ باریک کر کے روغن گل میں حل کر کے تین چار بوند ناک میں ٹپکائیں۔

(48) مالیخولیا مراقی

منافع: مالیخولیا کے لئے نہایت عمدہ سریع الاثر مفرح و منضج سودا ہے۔ جس کے استعمال سے مالیخولیا کے مریض کو جلد از جلد آرام ہو جاتا ہے۔ معدل سودا ہے۔

اجزاء و ترکیب استعمال: افتیمون ولایتی درپارچہ بستہ 5 ماشہ، بادرنجبویہ 3 ماشہ، گاؤزبان 2 ماشہ، گل بنفشہ، گل سرخ ہر ایک 7 ماشہ، مصری 3 تولہ۔

ترکیب ساخت: تمام دوائیں 1 پاؤ پانی میں جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے تو مل چھان کر مصری ملا کر پلائیں۔ پندرہ دن کے بعد مسہل مندرجہ ذیل استعمال کرائیں۔

یہ نسخہ جات حضرت استاذنا جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کے معمولات اور مبتدیوں کے لئے مددگار اور سہولت و راہنمائی کا موجب ہوں گے اور ایسے مسلمہ فاضل طبیب کے معمولات مطب کا حل بتانا کوئی معمولی بات نہیں۔

(49) مسہل جنون و مالیخولیا

اجزاء: افتیمون ولایتی ماشہ، بادرنجبویہ ماشہ، پوست ہلیلہ زرد 2 ماشہ، آرد تربد، عشق پیچہ ہر ایک تین ماشہ، جلابہ ڈیڑھ ماشہ، کیرا ماشہ، رب السوس 4 رتی۔

ترکیب ساخت: سب دوائیں کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

طریق استعمال: مغز بادام 15 عدد، سونف 3 ماشہ مصری تین تولہ، پاؤ پختہ پانی میں پیس کر چھان لیں۔ اس کے ایک ایک گھونٹ سے تمام سفوف پھانک لیں۔

(50) منضج سوداو مالیخولیا مراقی

منافع: تمام سوداوی امراض و مالیخولیا مراقی کا عمدہ منضج ہے اور اس کے اثرات بہت جلد ظاہر ہوتے

اجزاء و ترکیب استعمال: عناب 5 دانہ، سپستان 11 دانہ، بنفشہ، ملٹھی ہر ایک 7 ماشہ، خطمی، بادیان، افتیمون ولایتی، بسفائج ہر ایک 3 ماشہ مصری 3 تولہ، موسم گرما میں خیساندہ اور موسم سرما میں جوشاندہ بنا کر استعمال کرائیں۔

(51) منقی دماغ

منافع: دماغ کا تنقیہ کرنے میں بے مثل ہے۔ نہایت آسان کم خرچ اور زود اثر نسخہ ہے۔

اجزاء: گل اسطوخودوس 9 ماشہ، کشنیز 7 ماشہ، گل قند ڈھائی تولہ، مرچ سیاہ 5 عدد۔

ترکیب ساخت و استعمال: دو چھٹانک پانی میں گھوٹ چھان کر ایک وقت یا دو وقت استعمال کرائیں۔

(52) سفوف دافع نسیان

منافع: نہایت زود اثر اور مجرب المجرب ہے۔ لطف یہ کہ نہایت ارزاں اور سہل الحصول ہونے کے باوصف خوش ذائقہ بھی ہے۔

اجزاء: کندر، کشنیز خشک، برنج سونف، مغز بادام، مصری کوزہ ہر ایک دس تولہ۔

ترکیب ساخت: الگ الگ کوٹ کر سفوف بنالیں۔

طریق استعمال: 2 تولہ رات کو سوتے وقت ہمراہ شیر گاؤ استعمال کرائیں۔

برنج سونف بنانے کا طریقہ: سونف 3 چھٹانک کے قریب لے کر تھوڑی دیر پانی میں تر رکھیں۔ نرم نرم کوٹیں۔ جب چاول نکل آئیں تو صاف کرلیں۔

(53) حب برائے تنقیہ دماغ ودافع نزول

اجزاء: شحم حنظل تولہ، صبر، پوست ہلیلہ کابلی، گوگل ہر ایک 6 ماشہ، کتیرا تین ماشہ۔

ترکیب ساخت: سب دوائیں کوٹ کر سفوف بنائیں۔

پھر گوگل 6 ماشہ کوٹ کر دو تولہ پانی میں بھگو رکھیں۔ جب حل ہو جائے تو مندرجہ بالا سفوف کو تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کرتے جائیں۔ جب گولی بننے کے لائق ہو جائے تو گولیاں بقدر نخود تیار کریں۔

طریق استعمال: ایک یا دو گولیاں رات کو سوتے وقت ہمراہ شیر گاؤ یا بزا استعمال کرائیں۔ قابض اشیاء سے پرہیز کرائیں۔

(54) حب اکسیر مالیخولیا مراقی

منافع: مالیخولیا مراقی کے جملہ عوارض کے لئے نافع ہیں۔ نیز کاسر ریاح مقوی معدہ اور مقوی اعصاب ہیں۔

اجزاء: سم الفار سفید ایک رتی، ایکسٹریکٹ ہائیو سائمس، فاسفیٹ آف آئرن، کونین سلفاس ہر ایک ایک رتی، جدوار ماشہ، بھنگ 2 رتی۔

ترکیب ساخت: سب ادویہ کو ملا کر بقدر مونگ گولیاں بنائیں۔

طریق استعمال: ایک گولی صبح ایک شام بعد غذا ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔

(55) نسوار ام الصبیان

منافع: ام الصبیان کے لئے سہل الحصول اور بہت مفید ثابت ہوا ہے۔

اجزاء: آملہ سار ماشہ نک چھکنی 3 ماشہ۔

ترکیب ساخت: دونوں دوائیں خوب کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

طریق استعمال: جس وقت مریض کو دورہ ہو جائے۔ تھوڑی سی نسوار خوب پھونک دیں۔ ہر دورہ میں استعمال کرائیں۔

(56) نسوار صرع (مرگی)

منافع: یہ نسوار بوقت دورہ استعمال کرائی جاتی ہے جو کہ نہایت مفید ثابت ہوئی ہے۔ مجرب و معمول ہے۔

اجزاء و ترکیب: کرم درخت مدار یعنی آک، کرم بنی، شتر۔

ترکیب ساخت: دونوں اشیاء مساوی الوزن لے کر خشک کر کے خوب باریک کر کے نسوار بنالیں۔

طریق استعمال: جس وقت مریض کو دورہ ہو جائے۔ تھوڑی سی نسوار پھونک دیں۔

(57) گولیاں برائے ام الصبیان (خاص الخاص)

منافع: یہ گولیاں بارہا اس عارضہ کے لئے استعمال کی جا چکی ہیں۔ جو نہایت سریع الاثر ثابت ہوئیں۔ ان کو تجربہ کرنے کے بعد آپ ضرور خوش ہوں گے۔ ایک بے نظیر نسخہ ہے۔

اجزاء: جدوار، عود صلیب، زہر مہرہ، عنبر اشہب ہر ایک 1 ماشہ۔

ترکیب ساخت: سب دوائیں الگ الگ باریک کر کے کھرل میں ملا کر عرق بید مشک سے ایک گھنٹہ تک کھرل کر کے گولیاں بقدر مونگ تیار کریں۔

طریق استعمال: دو گولی ہمراہ شربت عناب 2 تولہ عرق سونف 4 تولہ صبح و شام استعمال کرائیں۔

(58) شربت گاؤزبان دیگر

منافع: یہ ایک کہنہ بیاض سے دستیاب ہوا اور مالیخولیا مراقی کے واسطے معجز نما ثابت ہوا ہے۔ مفرح مقوی دماغ و مقوی قلب عجیب الخواص شربت ہے۔

اجزاء: گاؤزبان 11 تولہ، چھڑ کالہ یعنی سنبل الطیب، چھڑیلہ، صندل سفید، گل سرخ ہر ایک 1 تولہ، زعفران، مشک خالص، کافور ہر ایک 4 رتی، مصری تین پاؤ۔

ترکیب ساخت: سوائے زعفران و مشک و کافور کے باقی ادویہ رات کو ڈیڑھ سیر پانی میں بھگو کر صبح جوش دے کر جب آدھ سیر پانی باقی رہ جائے تو مل چھان کر مصری ملا کر قوام شربت کا تیار کریں۔ آخر قوام میں زعفران، مشک اور کافور کو ایک تولہ عرق گلاب میں حل کر کے ملا دیں۔

طریق استعمال: ڈھائی تولہ صبح ڈھائی تولہ شام، عرق گلاب یا پانی میں ملا کر استعمال کریں۔

(59) اکسیر لقوہ

منافع: لقوہ کا خاص نسخہ ہے جو کہ نہایت آسان اور بالکل مفت میں تیار ہو جاتا ہے۔ بے مثل نسخہ بر ناظرین ہے۔

اجزاء: چھلکا ریٹھہ 3 تولہ، قند سیاہ 2 تولہ۔

ترکیب ساخت: چھلکا ریٹھہ خوب کوٹ کر قند سیاہ کے ساتھ ملا کر دوبارہ اچھی طرح کوٹ لیں۔ جب گولی بننے کے قابل ہو جائے تو بقدر نخود گولیاں تیار کریں۔

طریق استعمال: ایک گولی صبح ایک شام بعد طعام ہمراہ پانی استعمال کریں۔

(60) اکسیر سرسام نمبر①

منافع: یہ ایک سنیاسی کا نسخہ ہے، جو ایک سیاح دوست نے بڑا احسان جتلاتے ہوئے عطا کیا تھا۔

اجزاء و ترکیب ساخت: پارہ 1 تولہ، آب تلسی بوٹی 5 تولہ میں کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

طریق استعمال: وقت ضرورت قدرے تالو پر مل دیں۔ بہتر ہے تالو کی جگہ کے بال استرے سے صاف کر لیں۔

(61) اکسیر سرسام②

اجزاء: آملہ سار، سیماب، کشتہ سکہ، میٹھا تیلیہ مدبر زہرہ ماہی (پتہ مچھلی) زہرہ طاؤس (پتہ مور) زہرہ بز (پتہ بکری) ہر ایک مساوی الوزن۔

ترکیب ساخت: آملہ سار اور سیماب کو آپس میں کھرل کریں جب خوب مل جائیں تو میٹھا تیلیہ باریک شدہ ملا دیں۔ پھر پتہ مذکور ملا کر خوب کھرل کر لیں۔ بعد میں کسی چاندی کی ڈبیہ میں محفوظ رکھیں۔

طریق استعمال: بقدر ایک چاول منقی یا قند سیاہ یا خمیرہ گاؤزبان میں رکھ کر استعمال کریں۔

(62) اکسیر سرسام③

اجزاء و ترکیب استعمال: آب ادرک و تلسی بوٹی خوب گھوٹ کر پیشانی پر ضماد کریں۔

(63) سفوف مصفی دماغ و دافع درد سر ہر قسم

اجزاء و ترکیب: تربد سفید، ایارج فیقرا ہر ایک 10 ماشہ، ہلیلہ زرد 7 ماشہ، افتیمون، اسطوخودوس ہر ایک 6 ماشہ، ہلیلہ کابلی 5 ماشہ، سقمونیا 4 ماشہ، تخم حنظل ساڑھے تین ماشہ، زنجبیل، گل سرخ، نمک طعام ہر ایک تین ماشہ طباشیر، کیرا ہر ایک ماشہ۔

ترکیب ساخت: جملہ ادویہ کوٹ چھان کر ملا لیں۔

طریق استعمال: تیرہ ماشہ ہمراہ عرق گلاب 10 تولہ، مصری 3 تولہ دوسرے روز صرف عرق گلاب 10 تولہ مصری 3 تولہ ملا کر پلائیں۔ تیسرے روز سفوف 13 ماشہ ہمراہ عرق گلاب 10 تولہ، مصری 3 تولہ

استعمال کرائیں۔ اسی طرح سلسلہ جاری رکھیں۔ صدہا بار کا مجرب ہے۔

(64) کشتہ سم الفار اعلیٰ برائے رعشہ

منافع: یہ کشتہ رعشہ کے لئے مجرب المجرب ہے۔ نیز قوت باہ اور امراض ریاحی کے واسطے بہت اعلیٰ ہے۔

اجزاء: سم الفار سفید دودھیا ایک تولہ، دار چینی ڈھائی تولہ۔

ترکیب ساخت: دار چینی کوٹ کر ایک کوزہ گلی میں نصف بچھا کر اس پر سم الفار رکھ کر باقی دار چینی اوپر ڈال کر چینی سے منہ بند کر کے گل حکمت کر کے نیچے 4 گھنٹہ تک بیری کی آنچ جلائیں۔ جب سرد ہو جائے تو اوپر والا جوہر اور درمیانی ٹکیہ لے کر کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

طریق استعمال: صبح ایک چاول مویز منقیٰ میں رکھ کر استعمال کرائیں۔ پہلے کوئی چیز کھلا لیں۔

نوٹ: سم الفار کو عرق گلاب ایک چھٹانک میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر جب خشک ہو جائے تو حسب دستور آنچ دیں۔

(65) کشتہ شنگرف برائے امراض اعصابی

منافع: فالج، لقوہ اور قوت باہ کے لئے بے مثل ہے۔ ریاحی دردوں کو مفید ہے۔ ایک کہنہ بیاض کا نسخہ ہے۔

اجزاء و ترکیب: پیاز سفید ڈیڑھ پاؤ کوٹ کر پانی نکال لیں۔ پھر شنگرف رومی ایک تولہ کھرل میں ڈال کر تھوڑا تھوڑا آب پیاز ڈال کر کھرل کرتے جائیں۔ جب سب پانی ختم ہو جائے ٹکیہ بنا کر خشک کر لیں۔ اب مرچ سرخ خام ڈیڑھ پاؤ کوٹ کر اس کے نغدہ میں ٹکیہ مذکور رکھ کر اوپر پرانا کپڑا ڈیڑھ سیر لپیٹ کر محفوظ الہوا جگہ آگ لگائیں۔ جب اچھی طرح سرد ہو جائے تو سفید شدہ شنگرف حفاظت سے نکال کر کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

طریق استعمال: ایک چاول پتاشہ میں رکھ کر دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

(66) اکسیر مرگی

منافع: مرگی کا ایک اطمینانی نسخہ ہے جو میرے ایک فاضل دوست نے مجھے ازراہ شفقت عطا فرمایا تھا۔ آپ کو اس نسخہ کے ہوتے ہوئے کسی اور نسخہ کی ہرگز ہرگز ضرورت نہیں رہے گی۔ کیونکہ یہ مرگی کا ایک بہترین علاج ہے جو کہ فیض رسانی خلائق کے لئے کتابی صورت میں لایا جا رہا ہے۔ امید ہے کہ قدردان حضرات اس کی قدر ضرور کریں گے۔ ہاں استعمال زیادہ عرصہ تک کریں اور جوابات قابل دریافت ہو اس کے متعلق اطلاع دیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت: نمبر 1 گولڈ برومائیڈ کی پندرہ گرین کی ایک ٹیوب لے کر ایک بوتل عرق شیر میں حل کر لیں اور نمبر 2 پوٹاسی برومائیڈ 5 تولہ کو ایک بوتل عرق پوست نارنج (سنگترہ) میں حل کر لیں۔

طریق استعمال: نمبر 1 بقدر ایک تولہ صبح کے وقت پلائیں۔ نمبر 2 ایک تولہ رات کو سوتے وقت استعمال کرائیں۔ غذا لطیف اور سریع الہضم کھلائیں۔ دیر ہضم بادی اور غلیظ چیزوں سے پرہیز کرائیں۔

عرق پوست نارنج بنانے کا طریقہ: پوست نارنج یعنی سنگترے کا چھلکا اگر تازہ ہو تو آدھ سیر۔ اگر خشک ہو ایک پاؤ لے کر تین بوتل پانی ڈال کر جوش دیں۔ جب پانی قریباً ایک بوتل رہ جائے تو مل کر چھان لیں۔ بس تیار ہے۔

عرق شیر نمبر 9 استعمال ہو جو اس کتاب میں پہلے گزر چکا ہے۔ گولڈ برومائیڈ اور پوٹاسیم برومائیڈ انگریزی دوافروشوں سے خرید فرمائیں۔

(67) گرم دوا دافع سردی

منافع: ہر قسم کی سردی، جھولہ، فالج، لقوہ، ریح، پرسوت (سوتک) بے ہوشی ضعف قلب، پٹھوں کی تمام امراض کے لئے اکسیر ہے، جہاں مریض کو سردی سے بے ہوشی لاحق ہو اور حرارت غریزی کم ہو جائے جادو کا اثر دکھلاتی ہے۔ غسل کرنے کے بعد یا زیادہ دیر تک سردی میں ٹھہرنے کی وجہ یا کسی اور سبب سے سردی ہو جائے۔ یہاں تک کہ دانت مل جائیں اور بے ہوشی طاری ہو جسم سرد ہو جائے تو یہ دوائی ایک کافی ضامن صحت ہو سکتی ہے۔ ہزاروں دفعہ تجربہ کی جا چکی ہے۔ غرض ہر قسم کی سرد امراض خصوصاً عارضی سردی کے لئے اکسیر ہے۔ ایک خاندان میں یہ مایہ ناز نسخہ پشتوں سے چلا آتا ہے۔ جو گرم دارو یا دوا لوہاری کے نام پر مشہور ہے۔ مجھے کافی خوشامد اور منت سماجت کے بعد حاصل ہوا۔ اس کی قدر مجھے معلوم ہے یا وہ لوگ جانتے ہیں جن کا یہ نسخہ ہے۔ زیادہ لکھنا فضول ہے۔

اجزاء: عقر قرحا، لونگ، جائفل، جاوتری (بسباسہ) دارچینی، فلفل دراز (گھاں) زنجبیل ہر ایک 15 ماشہ، زعفران کشمیری 6 ماشہ، مشک خالص 2 رتی، مویز منقی 10 تولہ، کچلہ سوختہ 8 عدد۔

ترکیب ساخت: کچلوں کو کسی کوزہ گلی میں رکھ کر دو سیر اوپلوں کی آنچ دیں یا کوئلوں کی آگ میں جلا لیں۔ مویز☆ کے بیج نکال لیں۔ باقی دوائیں الگ الگ کوٹ کر سفوف بنالیں۔ پھر سب اشیاء کو ملا کر لوہے کے ہاون دستہ میں چار گھنٹہ تک خوب کوٹیں۔ یا آہرن پر دو سو ضرب لگائیں۔ بس تیار ہے۔

☆مویز: مویز منقیٰ اصل لفظ ہے جس کے معنی ہیں ایسا مویز جن کے بیج نکالے گئے ہوں۔

طریق استعمال: ڈیڑھ ماشہ ہمراہ آب گرم یا چائے وغیرہ استعمال کرائیں۔ اگر مریض بے ہوش ہو تو پانی میں حل کر کے حلق میں ڈال دیں۔ اور ساتھ نسوار نزلہ مندرجہ مجربات سلطانی حصہ اول استعمال کرائیں۔ اگر ایک خوراک سے آرام نہ ہو تو دوسری خوراک دے دیں۔ پرسوت، لقوہ فالج وغیرہ میں صبح و شام ایک ایک ماشہ استعمال کرائیں۔

(68) اکسیر فالج و لقوہ و قوت باہ (صندوقچہ)

منافع: میرا ایک مایہ ناز معمول مطب نسخہ ہے جس سے فالج، لقوہ، تشنج، تمدد، کزاز، رعشہ، ریح کے درد

جوڑوں کے درد، ضعف باہ وغیرہ کے متعدد مریض شفایاب ہوئے ہیں۔ مثلاً ایک تپ کے مریض کو پسینہ کی حالت میں غسل کرا دیا گیا۔ جس سے اس کے تمام اعضاء ناکارہ و مفلوج ہو گئے۔ چل پھر نہیں سکتا تھا۔ اس اکسیر کے استعمال سے تندرست ہو گیا۔

ایسے ہی ایک مریض کو منضج مسہل سے فائدہ نہ ہوا۔ اس سے اچھا ہو گیا۔ ضعف باہ کے شاکیوں خصوصاً عمر رسیدہ اصحاب کے لئے ایک بھروسہ کی چیز ہے۔

اجزاء: شنگرف رومی ایک تولہ سم الفار سفید ایک تولہ شیر میش یعنی دودھ بھیڑی 9 چھٹانک۔

ترکیب ساخت: شنگرف رومی، سم الفار کو شیر میش کے ساتھ کھرل کریں۔ جب سب دودھ ختم ہو جائے شیشی میں مضبوط کارک لگا کر نگاہ رکھیں۔

طریق استعمال: 2 چاول سے نصف رتی تک صبح پتاشہ یا کھانڈ سفید میں رکھ کر نگلوا دیں۔ غذا مرغن استعمال کرائیں۔ پہلے ناشتہ کھلا کر دوائی استعمال کریں۔

مجربات امراض چشم

(69) روغن خوردنی اکسیر چشم

استاد رئیس الاطباء حکیم مولوی مفتی سلیم اللہ خان صاحب لاہوری مرحوم کا معمول مطب ہے۔

منافع: ضعف چشم، ضعف دماغ، ضعف اعصاب جملہ امراض چشم کے لئے مجرب المجرب ہے۔ موتیا بند میں دستکاری (اپریشن) کے بعد استعمال کرایا جاتا ہے۔ دماغ کی کمزوری کے لئے جس کے سبب آنکھیں کمزور ہو گئی ہوں نہایت مفید ہے۔ آنکھوں کی کمزوری کا خوردنی نسخہ اس سے بڑھ کر اور کوئی نہیں جسے نہایت ضروری سمجھ کر درج کیا جاتا ہے۔

اجزاء: گل سرخ، گلو ہر ایک 5 ماشہ، لونگ 5 دانہ، اجوائن ایک ماشہ، ہلیلہ سیاہ، آملہ، رتن جوت، کشنیز خشک، برگ حنا، ملٹھی، صندل سرخ، صندل سفید، خار خسک، تمال پتر، الائچی خورد، زیرہ سفید، تخم کاہو، منڈی بوٹی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ۔

ترکیب ساخت: تمام دوائیں رات کے وقت دو سیر پانی میں بھگو رکھیں۔ صبح جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے تو مل چھان کر اس میں گائے کا خالص گھی ایک سیر ملا کر دوبارہ جوش دیں۔ جب پانی جل کر صرف گھی باقی رہ جائے تو گھی کو احتیاط سے نتھار کر محفوظ رکھیں۔

طریق استعمال: تین تولہ سے 5 تولہ تک گرم دودھ میں ملا کر استعمال کرائیں۔ دستکاری کرنے سے چالیس روز بعد استعمال کرائیں۔

(70) اکسیر قروح قرنیہ (صندوقچہ)

منافع: قروح قرنیہ اور سرخی چشم کے لئے ایک لاجواب چیز ہے۔ جس سے سینکڑوں مریض شفایاب ہوئے ہیں۔ ہمارا خاص الخاص نسخہ ہے۔

اجزاء: ایسرین ایک انگریزی دوائی ہے جو ٹیوب میں بند ہوتی ہے۔ اس کی ایک ٹیوب لے کر احتیاط سے توڑ کر پانچ تولہ کھولتے ہوئے پانی میں ڈال دیں۔ جب حل ہو جائے کھلے منہ والی نیلی شیشی میں ڈال لیں اور مضبوط کارک سے منہ بند رکھیں۔

طریق استعمال: دو وقت ڈراپر کے ذریعہ یا شیشی ہی سے تین چار قطرے آنکھ میں ڈالیں۔

(71) اطریفل برائے جملہ امراض چشم

اسناد: حضرت استاذیم جناب حکیم ڈاکٹر محمد بخش صاحب مرحوم طبیب خاص نواب صاحب بہاولپور کا معمول اور عطیہ خاص ہے۔

منافع: آنکھ کی تمام امراض میں تقویت وغیرہ کے لئے استعمال کرایا جاتا ہے۔ مقوی و منقی دماغ ہے۔ قبض رفع کرتا اور غذا کو ہضم کرتا ہے۔ آنکھ کے دوران علاج میں استعمال کرایا جاتا ہے۔ تبخیر وغیرہ کو روکتا ہے۔

اجزاء: پوست ہلیلہ زرد، پوست ہلیلہ کابلی، ہلیلہ سیاہ، پوست بلیلہ، تخم حنا، گل سرخ، صندل سفید، زیرہ سفید، اسطوخودوس، طباشیر ہر ایک 6 ماشہ، مغز بادام 2 تولہ، خشخاش، مغز کشنیز، مغز پستہ ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب ساخت: ہلیلہ جات کو کوٹ چھان کر بادام روغن سے چرب کر لیں۔ اور باقی دوائیں بھی کوٹ کر سب کو خوب ملا لیں۔ پھر عناب 20 دانہ، شاہترہ، مکو خشک ہر ایک تین تولہ، رات کو 1 پاؤ پانی میں بھگو کر صبح ان کے زلال میں مصری 2 پاؤ ملا کر قوام تیار کریں۔ پھر دوائیں مذکورہ بالا ملا لیں۔ بس تیار ہے۔

طریق استعمال: ایک تولہ صبح ایک تولہ شام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

(72) سرمہ امراض چشم

منافع: ایک محترم دوست نے کمال شفقت اور مہربانی سے اپنا یہ معمول مطب نسخہ عطا فرمایا جو آنکھ کی تمام امراض کے لئے نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔ لطف یہ کہ بالکل آسان اور سستا ہے۔ ہر مطب میں تیار رہنے کے قابل ہے۔ زیادہ تعریف فضول ہے۔

اجزاء: رسوت بریاں، کشتہ جست ہر ایک 10 ماشہ، نیلہ تھوتھا بریاں 5 ماشہ۔

ترکیب ساخت: رسوت کو لوہے کے توے پر بریاں کر لیں۔ حتیٰ کہ زرد رنگ ہو جائے۔ نیلہ تھوتھا کو بھی توے پر بریاں کریں کہ سفید ہو جائے۔ پھر کشتہ جست کو کپڑ چھان کر لیں اور سب اشیاء کھرل میں ڈال کر تین چار گھنٹہ تک خوب کھرل کریں۔

طریق استعمال: ککروں پر انگلی کے پوٹے سے لگائیں۔ باقی امراض میں سلائی سے لگائیں۔

(73) سرمہ دافع درد و ککرے

منافع: درد، ککرے، دھند، خارش، پڑبال، جالا، پھولا، ضعف بصر وغیرہ کے لئے ایک لاجواب اور بے مثال چیز ہے۔ جو احباب تجربہ کریں گے۔ وہ ضرور قدر کریں گے۔

اجزاء: زنگار 7 ماشہ' سفیدہ' سمندر جھگ' کشتہ جست' نوشادر' سرد چینی' کتھ گلابی' سون مکھی' صدف سادہ' ایپ اصلی) شورہ قلمی' سفیدی بیٹ سانڈہ ہر ایک 4 ماشہ' افیون ایک رتی' کافور پھل کٹائی خورد ہر ایک ایک ماشہ عرق گلاب اعلیٰ 17 تولہ۔

ترکیب ساخت: خشک دوائیں الگ الگ باریک کر کے عرق گلاب تھوڑا تھوڑا ملا کر کھرل کریں۔

نوٹ: اگر سفیدی بیٹ سانڈہ اور پھل کٹائی خورد نہ مل سکیں تو باقی دوائیں مہیا کر کے سرمہ تیار کر لیں۔ اگر سرمہ سیاہ رنگ تیار کرنا چاہیں تو اس میں سرمہ سیاہ 2 تولہ ملا لیں۔

(74) سرمہ پڑبال اطفال

اجزاء: سرمہ سیاہ 2 تولہ' زنگار 1 تولہ۔

ترکیب ساخت: دونوں اشیا کو تین چار گھنٹہ تک خوب کھرل کریں۔

طریق استعمال: حسب دستور سلائی سے لگائیں۔

(75) ذرور چشخام برائے رمد (صندوقچہ)

اجزاء و ترکیب ساخت: چشخام یعنی چاکسو دو تولہ کو ململ کے کپڑے میں باندھ کر بمعہ لید خر آدھ پاؤ' گندم' بابونگ ہر ایک 3 ماشہ' پانی دو سیر ایک مٹی کی کوری ہانڈی میں ڈال کر نیچے آگ جلائیں۔ جب چاکسو خوب گل جائے اور چھلکا اترنے لگے تو چاکسو کی پوٹلی نکال کر اس کے مغز حاصل کریں پھر اس میں رسونت ہری ایک ماشہ' انزروت مدبر 2 ماشہ کوزہ مصری 4 ماشہ اضافہ کر کے خوب کھرل کر کے رکھ لیں۔

طریق استعمال: دو وقت آنکھ میں چٹکی سے قدرے دھوڑ دیں اور کچھ دیر تک آنکھ بند رکھیں۔ ایک وقت یا دو وقت حسب برداشت طبع و ضرورت استعمال کرائیں۔

(76) آئی لوشن برائے آشوب چشم

استاد حکیم محمد عبدالعزیز صاحب مالک شفاخانہ عالمی بھلوال کا معمول ہے۔

منافع: آشوب چشم یعنی رمد کے لئے نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: پھٹکڑی حسب ضرورت کوزہ گلی میں بند کر کے چار پانچ سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ سرد ہو جائے تو نکال کر پیس لیں۔ پھٹکڑی بریاں مذکور 10 رتی' بورک ایسڈ 5 رتی' عرق گلاب قسم اول 3 اونس ایک شیشی میں ملا لیں۔

طریق استعمال: دو تین قطرے صبح و شام آنکھ میں باحتیاط ڈالیں۔ دوا ڈالنے سے پہلے شیشی کو سرد کر لیا کریں۔

(77) سرمہ دافع پھولا

منافع: اس سے سفیدی چشم یعنی پھولا کے کئی مریضوں کو فائدہ ہوا ہے۔ نیز جالا دھند' غبار' ککروں کے

غرض مندرجہ بالا امراض کے لئے ایک بہترین نسخہ
لئے نہایت مفید ہے۔ ایک صاحب کا ذریعہ معاش ہے۔

ہے۔
اجزاء و ترکیب ساخت: آملہ سار، برادہ تانبہ مساوی الوزن لے کر کھٹی بوٹی یا لیموں کے پانی میں تر
سیاہ ملا کر خوب کھرل کر کے نگاہ رکھیں۔
کریں۔ جب خشک ہو جائے۔ اس کے برابر سرمہ
آنکھوں میں ایک ایک سلائی لگائیں۔
طریق استعمال: رات کو سوتے وقت
نوٹ: اگر آملہ سار اور برادہ تانبہ کھٹی بوٹی کے پانی میں پھول جائیں تو بہتر ورنہ دوسری دفعہ بوٹی مذکور
پھول جائے پھر کھرل کریں۔
پانی ڈال کر تر کریں تاکہ خوب

(78) سرمہ صوفیانہ

منافع: دھند، جالا، سیل کے لئے خاص طور پر مفید ہے۔ نیز دمعہ (آنکھوں سے پانی جاری ہونا) ضعف بصر
ککروں، خارش چشم، غبار کے لئے نہایت سریع الاثر مجرب المجرب اور آزمودہ ہے۔
اجزاء: کشتہ جست، سرمہ سیاہ ہر ایک 4 تولہ، افیون دو ماشہ، سمندر جھگ، سرمہ سفید ہر ایک 8 ماشہ
زنگار 6 ماشہ۔
ترکیب ساخت: ہر ایک دوا کو الگ الگ کوٹ پیس کر ایک روز آب لیموں میں کھرل کریں۔
طریق استعمال: ایک سلائی روزانہ استعمال کرائیں۔

مجربات امراض گوش (کان)

(79) دوائے درد گوش

منافع: درد گوش خواہ جس سبب سے ہو۔ دوائی ڈالتے ہی آرام ہو جاتا ہے۔ نہایت بے ضرر مجرب
المجرب ہے۔
اجزاء و ترکیب ساخت: مرکی، انزروت (ماس خورہ) مصبر ہر ایک 2 ماشہ باریک کر کے بول بھینس
تولہ میں جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے تو کپڑے میں چھان لیں۔
طریق استعمال: ایک دو قطرے دن میں دو یا تین دفعہ استعمال کرائیں۔

(80) دوائے درد گوش نمبر②

منافع: کان درد کے لئے کئی دفعہ کا مجرب ہے۔ پہلی دفعہ ڈالنے سے فائدہ ہوتا ہے۔
اجزاء: روغن اجوائن دیسی، کافور، ست پودینہ ہر ایک 1 ماشہ۔
ترکیب ساخت: کافور کو باریک پیس کر سب دوائیں ایک شیشی میں ڈالیں۔ تیل بن جائے گا۔
طریق استعمال: ایک قطرہ نیم گرم کان میں ڈالیں۔

(81) دوائے درد گوش ③

منافع: درد گوش کو فی الفور نفع بخشتی ہے اور آسانی سے تیار ہو جاتی ہے۔ کئی دفعہ کی مجرب ہے۔

اجزاء: افیون 4 رتی، روغن چنبیلی ڈیڑھ تولہ۔

ترکیب ساخت: افیون کو باریک پیس کر دونوں اشیا ایک شیشی میں ڈال کر خوب ہلائیں۔ تاکہ یک جان ہو جائیں۔

طریق استعمال: دو یا تین قطرے کان میں ڈالیں۔ اگر ایک دفعہ سے پورا آرام نہ ہو تو دوبارہ ڈال دیں۔ اجوائن کا دھواں دینا اور اس کا بھپارہ مفید ہیں۔ اگر کان بہتا ہو تو دوائی ڈالنے سے پہلے ہائیڈروجن سے صاف کر لینا بہتر ہے۔

(82) درد پھنسی، بہرا پن وغیرہ کی دوا

منافع: درد گوش، پھنسی، بہرا پن، پیپ، ثقل سماعت وغیرہ کا خاص علاج ہے۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔

اجزاء و ترکیب: سرکہ انگوری 5 تولہ، روغن کنجد 10 تولہ، مغز بادام تلخ نیم کوفتہ، افسنتین ہر ایک ایک تولہ، آب پیاز 3 تولہ، آب برگ مدار نرم و تازہ 7 عدد۔

ترکیب ساخت: سب کو نرم آگ پر جوش دیں۔ جب پانی جل جائے تو پھر چھان کر کاربالک آئیل 2 تولہ ملالیں۔

طریق استعمال: ایک دو قطرے کان میں ڈالیں۔

کاربالک آئل بنانے کا طریقہ: روغن کنجد 7 تولہ گرم کر کے اس میں کاربالک ایسڈ 25 بوند احتیاط سے ڈالیں۔ سرد ہونے پر شیشی میں ڈال لیں۔

(83) اکسیر الاذن

منافع: کان کا درد خواہ جس سبب سے ہو یا کان بہتا ہو۔ اکسیر ہے۔

اجزاء و ترکیب: ٹنکچر اوپیم، ٹنکچر بلاڈونا، میگنیشا ہر ایک ایک ڈرام، گلیسرین سپرٹ میتھیلیٹڈ ہر ایک دو ڈرام سب کو ملالیں۔

طریق استعمال: دو تین قطرے صبح و شام کان میں ڈالیں۔ اگر کان بہتا ہو تو ہائیڈروجن سے صاف کر کے بعد میں دوائی ڈالیں۔

مجربات امراض بینی (ناک)

(84) اکسیر نکسیر

منافع: نکسیر کا ایک خاص آزمودہ نسخہ ہے۔ کئی مریضوں پر آزمائش ہو چکی ہے۔ تیسرے دن کلی آرام۔

جاتا ہے۔ بالکل آسان ہے۔ اور لطف یہ کہ اس پر ایک پیسہ روزانہ سے زیادہ لاگت نہیں آتی۔

اجزاء و ترکیب: گل کیسو ایک تولہ رات کو ایک چھٹانک پانی میں بھگو دیں۔ صبح مل چھان کر مصری ایک چھٹانک ملا کر پلائیں۔ اسی طرح روزانہ استعمال کریں۔

(85) نسوار دافع نکسیر

منافع: یہ نسوار خواہ جس قدر شدت مرض ہو فی الفور نفع بخشتی ہے۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔

اجزاء و ترکیب: پھٹکری سفید بریاں، خاکستر اوپلہ جنگلی، خاکستر خرمہرہ زرد، خاکستر پشم اونٹ، کتھ سیاہ، مومیائی سوختہ، سنگجراحت ہر ایک تین ماشہ۔ افیون ڈیڑھ ماشہ سب کو پیس کر ملا لیں۔

طریق استعمال: دن میں تین چار بار زور سے نسوار دیں تاکہ دماغ تک اثر پہنچے اور مریض کو چت لٹائے رکھیں۔ ماتھے اور سر پر برف میں کپڑا تر کر کے رکھنا اور سرد پانی ڈالنا مفید ہے۔ ساتھ حابس الدم نمبر 373 کھلا دیں یا نسخہ 89 استعمال کرائیں۔ واضح رہے کہ نکسیر بحرانی کو بند نہیں کرنا چاہئے۔

(86) چھچھڑا ناک

منافع: ایک سنیاسی کا عطیہ ہے جس کے استعمال سے ناک کا چھچھڑا مفقود اور دماغ کی خشکی زائل ہو جاتی ہے۔

اجزاء: گائے کا خالص گھی ایک تولہ، نمک شیشہ تین ماشہ۔

ترکیب ساخت: نمک شیشہ کو باریک کھرل کر کے گھی میں ملا لیں۔

طریق استعمال: دن میں دو یا تین دفعہ بطور نسوار استعمال کریں۔ اگر موسم سرما ہو تو گرم کر کے استعمال کریں۔

(87) نسوار کرم دماغ ①

منافع: اس سے دماغ کے کیڑے خارج ہو جاتے ہیں۔ ایک عجیب الاثر نسخہ ہے۔

اجزاء: ملیم، الائچی خورد، ریوند خطائی، زہر مہرہ، افستین، کچور ہر ایک 2 ماشہ۔

ترکیب ساخت: الگ الگ باریک کر کے خوب کھرل کریں۔

طریق استعمال: دن میں تین بار نسوار لیا کریں۔

نوٹ: ملیم کو آرد گندم کی ٹکیہ میں لپیٹ کر روغن زرد میں بریاں کر لیں پھر استعمال کریں۔

(88) دوائے کرم دماغ ②

اجزاء و ترکیب استعمال: ملیم کو آب برگ نیم سبز میں گھس کر ناک میں ٹپکائیں اور زور سے بطور نسوار اوپر کو سڑکیں۔ دن میں تین بار استعمال کرائیں۔

نوٹ: کرم خارج ہونے کے بعد کاربالک آئیل کا ایک ایک قطرہ صبح و شام ناک میں ڈال کر سڑک لیا

رہیں۔ اور پہلے اگر دماغ کا تنقیہ حب ایارج سے کرلیا جائے تو بہتر ہے۔

(89) دوائے نکسیر

منافع: خون نکسیر، خون تھوکنا، پیشاب میں خون کا آنا وغیرہ ہر قسم کا خون بند کرتی ہے۔

اجزاء: سنگجراحت 5 تولہ، برگ نیم سبز یا خشک ایک پاؤ۔

ترکیب ساخت: برگ نیم سبز ہوں تو گھوٹ لیں۔ اگر خشک ہوں تو پانی کے ذریعہ گھوٹ کر نغدہ بنا کر درمیان میں سنگجراحت رکھ کر کوزہ گلی میں بند کر کے دس سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ پھر پیس کر محفوظ رکھیں۔

طریق استعمال: ایک ماشہ صبح نہار مکھن میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

(90) دوائے بواسیر الانف

منافع: دو تین دن استعمال کرانے سے گوشت زائد یعنی مسہ گل کر نکل جاتا ہے۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: مرکی، ملیم ہم وزن لے کر الگ الگ باریک پیس کر سفوف بنا لیں۔

طریق استعمال: بواسیر الانف کی گہرائی کے مطابق روئی کی بتی بنا کر سرکہ انگوری سے تر کر کے دوائی سے آلودہ کر کے ناک میں رکھائیں۔

مجربات امراض دندان

(91) اکسیر درد داڑھ

منافع: درد داڑھ کا اکسیری بے خطا ایک منٹ میں جادو کا اثر دکھلانے والا نسخہ ہے۔ روتا آئے، ہنستا جائے، صرف ایک منٹ کے اندر داڑھ کے درد کو تسکین بخشتا ہے جو کہ ہمیشہ ہمارے مطب میں تیار رہتا ہے۔ دنیا بھر کی مسکنات کی سرتاج ہے۔ دو بار سے زیادہ استعمال کرنے کی ضرورت نہیں رہتی۔

اجزاء: ٹنکچر آیوڈین، کافور، کاربالک ایسڈ، کلورل ہائیڈریٹ، کریازوٹ ہر ایک ایک ماشہ۔

ترکیب ساخت: سب ادویات کو ایک شیشی میں ملا کر محفوظ رکھیں۔

طریق استعمال: درد والے دانت پر روئی سے باحتیاط لگائیں۔ اگر سوراخ ہو تو سوراخ کے اندر رکھیں۔ ایک منٹ میں درد کو آرام دے گا۔ اگر پھر درد چھڑ جائے تو دوسری یا تیسری دفعہ استعمال کریں۔ زیادہ کی ضرورت نہیں رہتی۔

(92) منجن امراض دندان

منافع: تمام امراض دندان مثلاً **ملسخورہ**، درد دندان، دانتوں کا ہلنا، پانی لگنا، دانتوں کا میلا رہنا وغیرہ کے لئے نہایت فائدہ مند ثابت ہوا ہے۔ دانتوں کو سفید چمکدار بناتا ہے۔ تمام امراض سے محفوظ رکھتا ہے۔ مطب میں تیار رہنے کے قابل جامع الخواص نسخہ ہے۔

اجزاء: عقر قرحا، مازو، نمک سیاہ، پیلا مول، بھنگڑی سرخ، بھنگڑی سفید، پوٹاسیم پر مگنیٹ ہر ایک
ڈھائی تولہ، ناگر موتھ 2 تولہ، نوشادر، نیلہ تھوتھا، چھلکا بادام، سوختہ ہر ایک 6 ماشہ، کباب چینی ایک
ہڑتال، گاؤ دنتی سوختہ 5 تولہ۔

ترکیب ساخت: بھنگڑی سرخ و سفید کوزہ گلی میں بند کر کے چار پانچ سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ اگر
سکے تو توے پر بریاں کر لیں۔ گاؤ دنتی کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے توے پر ڈال کر اوپر پیالہ
رکھ کر آگ جلائیں۔ جب پھول جائے تو اتار کر سرد کر لیں یا کوئلوں کی آگ میں رکھ کر کشتہ کر لیں۔
سب ادویہ کو الگ باریک کر کے خوب ملا لیں بس تیار ہے۔

طریق استعمال: صبح و شام دانتوں پر مل دیا کریں۔ بعد میں گرم پانی سے کلی کریں۔

(93) منجن دندان دیگر

منافع: دانتوں کی تمام امراض مثلاً **ملسخوورہ**، درد دنداں، کرم دندان وغیرہ تمام امراض کے واسطے
ہے۔

اجزاء: کوڑی زرد سوختہ، کاہی سوختہ، جڑ کاسنی، بچ، نمک لاہوری، افیون ہر ایک تین ماشہ۔

ترکیب ساخت: الگ الگ باریک پیس کر ملا لیں۔

طریق استعمال: دو وقت صبح و شام دانتوں پر مل دیا کریں۔

(94) منجن برائے ماس خورہ ①

منافع: ہمارا بارہا کا مجرب المجرب ہے۔ اس کے استعمال سے **ملسخوورہ** کا نام و نشان تک نہیں رہتا
شرطیہ حکمیہ فائدہ کرتا ہے۔ اور اس سے ہم بہت کچھ فائدہ حاصل کر رہے ہیں۔ ہر وقت مطب میں
رہتا ہے جو فیض رسانی خلائق کے لئے درج کتاب کر دیا جاتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: گل سرخ سپاری، مازو سبز، عقر قرحا، بھنگڑی بریاں، کو کنار ہر ایک 6 ماشہ
الگ الگ باریک کر کے ملا لیں۔

طریق استعمال: رات کو سوتے وقت پہلے گرم پانی سے کلی کرا کر بقدر 3 ماشہ دانتوں پر مل کر سو رہیں
لعاب منہ سے گراتے رہیں دن کو بھی استعمال کرائیں۔

(95) منجن برائے ماس خورہ ②

منافع: میرے ایک شاگرد کا معمول مطب ہے۔ میں نے خود اس کا تجربہ کیا ہے۔ بالکل آسان۔ اس
بیسیوں مریض شفایاب ہوئے ہیں۔

اجزاء و ترکیب: بھنگڑی بریاں ماس خورہ (انزروت) عقر قرحا ہر ایک ایک تولہ الگ الگ باریک کر
ملا لیں۔

طریق استعمال: رات کو سرکہ سے کلی کرا کر دوائی بقدر 2 ماشہ دانتوں پر مل کر لعاب دہن گرا

ریں۔ دن کو بھی استعمال کرادیں۔ گڑ تیل کی اشیا سے پرہیز کرائیں۔

(96) دوائے درد دانت مجرب ①

منافع: دانت درد، خواہ جس سبب سے ہو آرام ہو جاتا ہے۔ خصوصاً سردی کے درد دانت کو نہایت مفید ہے۔

اجزاء: برگ مدار یعنی آک تین عدد، شیر مدار 6 ماشہ، بھنگڑی ایک تولہ۔

ترکیب ساخت: شیر مدار کو برگ مدار پر ڈال کر اس پر بھنگڑی رکھ کر لپیٹ لیں اور ایک کوزہ گلی میں بند کرکے تین چار سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر پیس کر نگاہ رکھیں۔

نوٹ: برگ مدار تین عدد تازہ لینے چاہئے اور شیر مدار بھی تازہ حاصل کرکے برگ مدار پر ڈال کر اس پر بھنگڑی رکھ کر لپیٹ کر کوزہ گلی میں بند کرنا چاہئے۔ دوائی دانتوں پر بقدر ضرورت مل کر منہ ڈھیلا چھوڑ کر لعاب نیچے گراتے رہنا چاہئے۔

طریق استعمال: تھوڑی سی دوائی لے کر دانتوں پر مل دیں۔ دن میں دو یا 3 دفعہ استعمال کریں۔

(97) دوائے درد دانت ②

منافع: یہ نسخہ بھی مندرجہ بالا نسخہ کی طرح مجرب اور آزمودہ ہے۔ دو کوڑی میں مہیا ہو جاتا ہے۔ اور پانچ منٹ میں تیار ہو سکتا ہے۔

اجزاء: کھریا مٹی، برگ نیم ہر ایک تین ماشہ، تخم سرس، نوشادر ہر ایک 6 ماشہ، مغز ریٹھہ ایک عدد۔

ترکیب ساخت: الگ الگ کوٹ کر سفوف بنالیں۔

طریق استعمال: حسب ضرورت صبح و شام یا دن میں تین دفعہ دانتوں پر ملیں۔

(98) اکسیر درد داڑھ و درد دانت

منافع: درد دانت، درد داڑھ کا سوفی صدی کامیاب نسخہ ہے۔ جس سے دس منٹ میں بالکل آرام ہو جاتا ہے۔ یہ ایک اطمینانی نسخہ ہے۔

اجزاء: کونین سلفاس، افیون مصفی ہر ایک ایک رتی۔

ترکیب ساخت: دونوں کو ملا کر رکھیں۔

طریق استعمال: دوائی میں قدرے پانی ملا کر گولی بنا کر سوراخ میں رکھیں۔

(99) اکسیر درد دانت از کرم

اجزاء: نوشادر، سوہاگہ، گیری ہر ایک ایک ماشہ۔

ترکیب ساخت: دوائیں الگ الگ باریک کرکے خوب کھرل کریں۔

طریق استعمال: قدرے دانت پر رکھیں اور جس طرف درد ہو اس طرف ناک میں کھینچیں۔

(100) دانتوں کو صاف کرنے والا منجن

منافع: دانتوں کے صاف کرنے میں بے نظیر ہے۔ دانت صاف کرا کر برش کے ذریعہ اچھی طرح مل دیا جائے تو خواہ جس قدر دانت میلے کچیلے ہوں۔ فوراً موتیوں کی طرح سفید چمکدار نکل آتے ہیں۔ معمولی حالت میں یوں ہی مل دیا جاتا ہے۔ اس جیسا زود اثر عجیب و غریب منجن اور کوئی نہیں ملا۔

اجزاء: پوست بادام، پوست ہلیلہ ہر ایک 5 تولہ، سپاری نمک سیاہ ہر ایک ڈھائی تولہ، نیلہ تھوتھا 4 ماشہ۔

ترکیب ساخت: پوست بادام، پوست ہلیلہ کو بریاں کرلیں۔ سپاری کو باریک کتر لیں۔ نیلا تھوتھا بھی بریاں کرلیں۔ پھر سب اشیاء باریک کر کے ملالیں۔

طریق استعمال: تین ماشہ کے قریب دانتوں پر مل کر برش سے خوب ملیں۔ اگر دانتوں پر میل زیادہ ہو تو دانت صاف کرا کر مل دیں۔ بعد میں گرم پانی سے کلی کریں۔

(101) غرغرہ برائے درد دنداں

منافع: درد دنداں خواہ جس سبب سے ہو۔ قلاع (منہ آنا) آتشک سے خواہ کسی اور وجہ سے ہو۔ اس اکسیر بے نظیر کے استعمال سے صحت ہو جاتی ہے۔ شرطیہ حکمیہ مفید ہے۔ جب کبھی آپ کو ضرورت ہو اس کا تجربہ کر کے اس کے اثرات مشاہدہ کریں۔

اجزاء: برگ حنا، کشنیز خشک، کبابہ، بھنگڑی ہر ایک ایک تولہ، نیلہ تھوتھا 6 ماشہ۔

ترکیب ساخت: آدھ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب دو یا تین جوش آجائیں تو چھان کر بوتل میں محفوظ رکھیں۔

طریق استعمال: نیم گرم کر کے دن میں دو تین دفعہ غرغرہ کریں۔ بعد میں زبان کو کپڑے سے صاف کر لیا کریں۔

(102) منجن دنداں

منافع: دانتوں کی کل امراض مثلاً ماس خورہ، کرم دنداں، درد دندان بدبو دندان وغیرہ کا لاجواب نسخہ ہے۔ دانتوں کو محکم کرتا ہے۔ اگر مواد دماغی کے سبب سے دانتوں کو تکلیف ہو تو اس کو فی الفور دفع کرتا ہے اور دانتوں کو صاف کر دیتا ہے۔ فی الواقع بہترین منجن ہے۔

اجزاء: عقر قرحا، درچ، مائیں، ستھرے ہر ایک 5 ماشہ، پوست درخت انار، مازو کندر، گلنار، گل سرخ، بسد، بیخ سوسن، سفال چینی ہر ایک تین ماشہ، بورہ دندان فیل، خستہ ہلیلہ، طباشیر، شاخ گاؤ کوہی سوختہ، تخم خرفہ، نشاستہ، کتیرا، کشنیز خشک عدس ہر ایک 6 ماشہ، سمندر جھگ، نمک طعام، صدف سوختہ، حلزوں یعنی سنکھ سوختہ، بھنگڑی ہر ایک سوا ماشہ، فلفل سفید، مصطگی، عود بلسان ہر ایک ایک ماشہ۔

ترکیب ساخت: سب کو الگ الگ باریک کریں اور ڈیڑھ ماشہ کافور ملا کر اچھی طرح پیس کر سفوف بنا لیں۔

طریق استعمال: حسب دستور دانتوں پر ملیں۔ اگر درد دندان ہو تو روغن زیتون میں ملا کر دانتوں کی جڑوں پر ملیں۔ اسی وقت آرام ہو جائے گا۔ اگر دانت ہلتے ہوں تو سرکہ میں ملا کر کلیاں کریں۔

مجربات امراض حلق و دہن

(103) اکسیر خناق ہر قسم

منافع: خناق کے سب نسخہ جات کا سرتاج ہے اور سو فی صدی مفید ثابت ہوا ہے۔ جس کے استعمال کرنے کے بعد پھر اور کسی نسخہ کی ضرورت نہیں رہتی۔ اس کو ضرور آزمائیں۔ نہایت لاثانی چیز ہے۔

اجزاء و طریق استعمال: پوست ریٹھ 6 ماشہ کوٹ کر پانی میں دو جوش دے کر غرغرے کریں۔ اگر مریض بے ہوش ہو تو چند قطرے حلق میں ڈال کر مریض کے سر کو ہلا دیں تاکہ دوائی اندر چلی جائے۔

(104) دیگر برائے خناق بلغمی

اجزاء و طریق استعمال: عناب 5 دانہ، لسوڑیاں 11 دانہ، بنفشہ 7 ماشہ، زوفا 3 ماشہ، پرساؤ شاں 3 ماشہ، انجیر خشک ایک عدد، ڈیڑھ پاؤ پانی میں جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے تو مل چھان کر ایک ایک گھونٹ پلاتے رہیں۔

(105) برائے لکنت زبان

اجزاء و طریق استعمال: عقر قرحا، فلفل سیاہ پیس کر سفوف بنا لیں۔ اور دو وقت زبان پر ملیں۔ لعاب دہن نیچے گراتے رہیں۔

(106) دیگر برائے لکنت زبان

اجزاء: وج ترکی 10 تولہ، گھماں، بیخ پان ہر ایک 2 تولہ، بادام روغن 5 تولہ، شہد آدھ سیر۔

ترکیب ساخت: خشک دوائیں کوٹ چھان کر روغن بادام میں چرب کر کے شہد میں ملا لیں۔ چالیس روز کے بعد استعمال شروع کریں۔

طریق استعمال: ایک تولہ صبح ایک تولہ شام ہمراہ دودھ تازہ استعمال کریں۔

(107) حبوب برائے گرفتگی آواز ①

اجزاء: رب السوس، الائچی خورد، خولنجاں، مرچ سیاہ، بیہدانہ، کبابہ ہر ایک تین ماشہ، طباشیر، بنفشہ ہر ایک 5 ماشہ، برہمی 9 ماشہ۔

ترکیب ساخت: تمام دوائیں کوٹ چھان کر شہد بقدر ضرورت ملا کر گولیاں نخود تیار کریں۔

طریق استعمال: ایک گولی منہ میں رکھ کر لعاب چوستے رہیں۔ 24 گھنٹہ میں چار پانچ گولیاں استعمال

کریں۔

(108) حبوب دیگر برائے گرفتگی آواز②

منافع: تپ کے بعد یا کسی اور وجہ سے خشکی پیدا ہو کر گرفتگی آواز کا عارضہ پیدا ہو جائے تو یہ گولیاں مفید ثابت ہوتی ہیں۔

اجزاء: کاثرہ ننگی، مغز تخم کدو، مغز تخم خیارین، گل گاؤزبان، زوفا، اصل السوس، تخم کاہو، رب السوس، خشخاش سفید ہر ایک تین ماشہ، کوکنار، کتیرا ہر ایک 2 ماشہ۔

ترکیب ساخت: سب دوائیں کوٹ کر باریک سفوف تیار کر کے لعاب بہدانہ کے ذریعہ گولیاں بقدر نخود تیار کر لیں۔

طریق استعمال: ایک گولی منہ میں رکھ کر لعاب چوستے رہیں۔ بقدر ضرورت پھر رکھیں۔

(109) سفوف دافع گلہڑ

منافع: گلہڑ کے عارضہ یعنی گلا بڑھ جانے کے لئے نہایت مجرب اور آزمودہ ہے۔ اس کے متواتر استعمال سے یہ عارضہ دور ہو جاتا ہے۔ کئی مریضوں پر تجربہ ہوا ہے۔

اجزاء: گلہڑ پتر 2 ماشہ، اجوائن دل، اجوائن خراسانی، کنجد، مویز منقی، نارجیل دریائی ہر ایک 7 ماشہ، بھلاں سربریدہ، فلفل سیاہ ہر ایک ایک ماشہ۔

ترکیب ساخت: سب دوائیں خوب باریک کر کے سفوف بنائیں۔

طریق استعمال: 4 ماشہ صبح ہمراہ باسی پانی استعمال کریں۔

(110) اکسیر قلاع (منہ آنا)

اجزاء: بورک ایسڈ ایک تولہ، نیلہ تھوتھا بریاں ایک ماشہ۔

ترکیب ساخت: باریک کر کے خوب ملا کر دو چند گلیسرین میں ملائیں۔

طریق استعمال: روئی وغیرہ سے منہ کے آبلوں پر دن میں دو بار لگاتے رہیں۔

(111) دوائے قلاع اطفال

اجزاء: گلیسرین تین ماشہ، بورک ایسڈ ایک ماشہ۔

ترکیب ساخت: بورک ایسڈ کو گلیسرین میں اچھی طرح ملا کر کسی ڈبیہ میں محفوظ رکھیں۔

طریق استعمال: روئی کے پھاہہ سے دن میں دو بار لگائیں۔

(112) دوائے ورم لوزتین (گلے پڑ جانا)

اجزاء: جوہر پودینہ، جوہر اجوائن ہر ایک 15 گرین، آئل یوکلپٹس 20 گرین، گلیسرین 4 ڈرام۔

ترکیب ساخت: جوہر پودینہ، جوہر اجوائن کو خوب باریک کر کے سب کو ملا لیں۔

طریق استعمال: لوزتین پر یعنی اندر گلے میں صبح و شام لگائیں۔

(113) ورم لوزتین کا آسان نسخہ

یہ اور بھی مفید اور آسان نسخہ ہے جو شب و روز کا معمول ہے۔ گلے میں دو وقت لگایا جائے تو دو تین دن کے اندر آرام ہو جاتا ہے۔ مجرب ہے۔

اجزاء: ٹنکچر سٹیل 3 ماشہ، گلیسرین ڈھائی تولہ۔

ترکیب ساخت: دونوں اشیا کو ایک کھلے منہ کی شیشی میں ملا کر رکھیں۔

طریق استعمال: حسب دستور لوزتین پر صبح و شام لگایا کریں۔

(114) حب بحۃ الصوت

منافع: بحۃ الصوت (گلہ بیٹھنا) خواہ جس سبب سے ہو ان گولیوں کے استعمال سے رفع ہو جاتا ہے۔ بہت تھوڑے عرصہ میں آواز کھل جاتی ہے۔ آسان نسخہ ہے۔

اجزاء: رب السوس 4 ماشہ، کتیرا، نشاستہ، صمغ عربی، مغز خیارین، مغز کدو، مصری ہر ایک 6 ماشہ۔

ترکیب ساخت: سب اشیا کوٹ چھان کر گولیاں چنے کے برابر بنا لیں۔

طریق استعمال: ایک گولی صبح اور شام منہ میں رکھ کر لعاب چوستے رہیں۔

غرغرہ برائے سقوط لہات از رطوبت دموی

منافع: گلنار، مازو سبز، گل ارمنی، اقاقیا ہر ایک 6 ماشہ، ایک پاؤ پانی میں جوش دے کر غرغرے کریں۔

مجربات امراض سینہ وریہ (پھیپھڑے)

(115) لال شربت

منافع: یہ لال شربت کا عجیب و غریب نسخہ میرے مطب میں ہمیشہ خاص طور پر تیار ہو کر عام فروخت ہوتا ہے اور اسے میں نے آج تک مخفی رکھا ہوا تھا۔ لیکن آج بلا دریغ ظاہر کر دیا جاتا ہے۔ جس کا خرچ بھی بہت کم آتا ہے۔ اور نہایت آسانی سے تیار ہو جاتا ہے۔ آپ اسے استعمال کرا کر فرانس کے تیار شدہ لال شربت کے ساتھ بیشک مقابلہ کریں۔ اور ولائتی لال شربت سے ہمیشہ کے لئے بے نیاز ہو جائیں۔ یہ فی الحقیقت ایک نایاب اور گراں قدر چیز ہے۔ جو آج اپنی عزیز و مقبول عام تصنیف میں پبلک کی ضرورت کو مدنظر رکھ کر شائع کر رہا ہوں۔ امید ہے کہ حکماء صاحبان خصوصاً دکانداران حکیم خواہ پنساری، نیز عوام الناس اس نسخہ سے بے بہا فائدہ اٹھائیں گے اور میری فیاضی و راست گوئی کی ضرور تصدیق کریں گے۔ یہ بڑا تجارتی نسخہ ہے جو سینہ اور پھیپھڑے کی امراض مثلاً دق و سل، کھانسی کہنہ، عام کھانسی نزلہ، زکام وغیرہ کے لئے مفید ہے۔ اور کمزور بچوں کو طاقتور کرتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: برگ بانسہ ایک سیر، گل نیلوفر 10 تولہ، سرطان نہری 3 تولہ، برگ گاؤزبان، ملٹھی کوفتہ ہر ایک ایک پاؤ۔ اس کا عرق بقدر تین بوتل نکالیں۔ ایک بوتل عرق میں ایک سیر مصری، ... تولہ، ہائپو فاسفیٹ آف لائم 60 بوند، ایسڈ فاسفورس اور رنگ سرخ شیریں یا کچنیل بقدر ضرورت ملا کر حسب دستور شربت تیار کریں۔ یہ اعلیٰ درجہ لال شربت تیار ہو گیا۔ خواہ شیشیوں میں بند کر کے لیبل لگا کر اعلیٰ پیمانہ پر تجارت کریں۔ خواہ مریضوں پر استعمال کریں۔

طریق استعمال: ایک ایک تولہ دن میں تین دفعہ پلائیں۔ خواہ عرق گاؤزبان میں ملا کر استعمال کرائیں۔ سل، پرانی کھانسی اور عام کھانسی کے لئے شربت مرکب 3 تولہ، لال شربت 6 ماشہ، عرق گاؤزبان 10 تولہ ملا کر بھی صبح و شام استعمال کرایا جاتا ہے۔ بچوں کو عمر کے لحاظ سے استعمال کرائیں۔

(116) شربت مرکب برائے کھانسی

اسناد: یہ نسخہ طبیب فاضل جناب حکیم الہ دین صاحب بھیروی (شیخوپوری) کا معمول مطب ہے۔

منافع: پرانی کھانسی، سل، خرابی پھیپھڑا، عام نزلہ زکام اور کھانسی کے لئے یہ شربت نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔ جو ہمارے مطب میں عام طور پر تیار رہتا ہے۔ اسے معمولی شربت تصور نہ کریں۔ بلکہ معمول مطب بنا کر فائدہ اٹھائیں۔

اجزاء: بنفشہ، ابریشم مقرض، بیخ سوسن، گاؤزبان ہر ایک ایک تولہ، ملٹھی، تخم کتان ہر ایک ڈیڑھ تولہ، سپستان 100 عدد، خشخاش 5 تولہ، کوکنار 3 تولہ، مصری تین پاؤ۔

ترکیب ساخت: دوائیں رات کو سوا سیر پانی میں بھگو رکھیں۔ صبح جوش دیں جب ڈیڑھ پاؤ پانی رہ جائے تو مل چھان کر مصری ملا کر شربت تیار کریں۔

طریق استعمال: 2 تولہ صبح 2 تولہ شام پانی میں جوشاندہ کوکناری میں ملا کر استعمال کریں۔

(117) جوشاندہ کوکناری برائے نزلہ وغیرہ

منافع: نزلہ، زکام، کھانسی، کہنہ و جدید تپ معہ کھانسی، دق، سل تمام امراض پھیپھڑہ و سینہ کے لئے معمول مطب ہے۔

اجزاء: بنفشہ، گاؤزبان ہر ایک 2 ماشہ، تخم کتان، ملٹھی بیخ سوسن ہر ایک ڈیڑھ ماشہ، عناب 5 دانہ، کوکنار ایک ماشہ، لسوڑیاں 9 عدد۔

ترکیب ساخت: آدھ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب پانی تیسرا حصہ رہ جائے تو مل کر چھان لیں اور مصری 3 تولہ یا شربت مرکب 3 تولہ مندرجہ بالا ملا کر پلائیں۔

نوٹ: سل کے موقعہ پر سرطان محرق تین ماشہ اضافہ کرنا چاہئے۔ بعض موقعہ پر کوکنار 3 ماشہ ملٹھی 3 ماشہ ڈالے جاتے ہیں۔ جب کہ مرض کی شدت ہو اور مریض زیادہ گرم مزاج نہ ہو۔ اور اکثر کو تپ کی وجہ سے نیز گرم مزاج کھانسی کے مریضوں کو گرمی اور گھبراہٹ کا کچھ احساس ہو

ہے۔ ان کو دن میں ایک یا دو دفعہ مغز بادام 5 عدد، تخم خرفہ 3 ماشہ، الائچی خورد 7 عدد، مصری کوزہ ایک تولہ کا شیرہ استعمال کرایا جاتا ہے۔ اس سے گرمی نہیں ہوتی اور طبیعت میں آرام رہتا ہے۔

موسم سرما میں دو وقت اور گرما میں صرف ایک وقت رات کو جوشاندہ مذکور شربت مرکب ملا کر استعمال کرائیں۔ صبح صرف شربت مرکب 3 تولہ، ہمراہ لعوق پستان 2 ماشہ، تریاق نزلہ 2 ماشہ، الائچی خورد 3 عدد، رب السوس 2 رتی استعمال کرائیں۔

رات کو سوتے وقت معجون قبض کشا نمبر 171 دو ماشہ یا 3 ماشہ۔ جتنی مقدار سے قبض کشائی ہو جائے۔ ہمراہ دودھ گرم استعمال کرائیں۔ یا لعوق دمہ کھانسی ہر قسم نمبر 118 بقدر ایک تولہ، اس تجویز سے پرانی سے پرانی کھانسی انشاءاللہ رفع ہو جاتی ہے۔

اگر ہضم کی خرابی ہو تو غذا کے بعد سفوف شیریں نمبر 166 دو ماشہ کھلائیں۔

اس طریقہ علاج سے سل اور پرانی و نئی کھانسی کے کئی مریض نیز ذات الجنب کے پرانے مریض جنہیں ذات الجنب میں فصد نہ کرانے سے سل ہو گیا ہو۔ شفایاب ہوئے ہیں۔

نیز ذات الریہ یعنی نمونیا، ذات العرض، ذات الصدر وغیرہ اور ہر قسم کھانسی نزلہ زکام کا کامیاب طریق علاج ہے۔

(118) لعوق برائے دمہ و کھانسی ہر قسم

منافع: دمہ، کھانسی، ذات الجنب ہر قسم، ذات الریہ، پھیپھڑہ و سینہ کی تمام امرض کے لئے نہایت مفید ہے۔ اس سے بلغم با آسانی خارج ہوتا اور قبض رفع ہو جاتا ہے۔ زیادہ مقدار میں استعمال کرایا جائے تو عمدہ ملین ہے۔

اس نسخہ کی تصدیق ہو چکی ہے۔ دمہ کے لئے نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔

اجزاء: لسوڑیاں 4 تولہ، ملٹھی، زوفا، السی ہر ایک 2 تولہ، نیلوفر، بنفشہ ہر ایک ایک تولہ، گاؤزبان تین تولہ۔

ترکیب ساخت: لسوڑیاں، ملٹھی، السی کوٹ لیں، پھر سب اشیاء کو آدھ سیر پانی میں رات کو بھگو دیں۔ صبح جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے مل چھان کر اس میں مغز خیار شنبر یعنی گودہ املتاس پانچ تولہ اچھی طرح مل کر دوبارہ چھلنی میں چھان کر مصری آدھ سیر بادام روغن 5 تولہ ملا کر قوام تیار کریں۔ پھر کتیرا ایک تولہ رب السوس ایک تولہ باریک کر کے ملائیں۔

طریق استعمال: 6 ماشہ دن میں تین یا چار دفعہ چٹائیں۔ دمہ میں زراوند مدحرج ایک تولہ افتیمون ولایتی ایک تولہ، کھانڈ 3 تولہ سفوف بنا کر دن میں دو تین دفعہ ایک ایک ماشہ استعمال کرائیں۔ ساتھ لعوق مذکور دن میں دو بار استعمال کریں۔

(119) تریاق نزلہ و زکام

منافع: نئے اور پرانے نزلہ و زکام کی ایک بہترین دوا ہے۔ خصوصاً نزلہ کہنہ و نزلہ دماغی کا خاص الخاص علاج ہے۔ کئی سالوں کے مریض جو کسی دوا اور علاج سے اچھے نہیں ہوئے تھے۔ اس کے چند روزہ استعمال سے شفایاب ہوگئے۔ یہ ایک خاص نسخہ اور ہر ایک مطب میں تیار رہنے کے قابل ہے۔

اجزاء: بہدانہ 9 ماشہ، عناب 20 دانہ، لسوڑیاں کوفتہ 60 دانہ، خطمی، خبازی ہر ایک 2 تولہ، گاؤزبان، ملٹھی کوفتہ، بنفشہ ہر ایک ڈیڑھ تولہ، کوکنار کوفتہ 5 تولہ، خشخاش سفید کوفتہ 10 تولہ۔

ترکیب ساخت: رات کو ایک سیرپانی میں تر کریں۔ صبح جوش دیں۔ جب ڈیڑھ پاؤ رہ جائے تو مصری تین پاؤ ملا کر قوام کر کے بورہ گل بنفشہ، السی سوختہ ہر ایک ایک تولہ، مغز خیارین، مغز تخم کدو، صمغ عربی، کتیرا، رب السوس ہر ایک 6 ماشہ، باریک کر کے ملا دیں۔

طریق استعمال: 6 ماشہ سے ایک تولہ تک ہمراہ عرق گاؤزبان 12 تولہ یا یوں ہی صبح و شام استعمال کریں۔

(120) معجون برائے کھانسی و زکام

منافع: اس سے کھانسی کے بہت مریضوں کو فائدہ ہوا ہے۔ اکثر کو تو ایک دو خوراک سے ہی کافی نفع ہو جاتا ہے۔ نزلہ دماغی کا ایک مریض جس کو حکماء اور ڈاکٹروں نے دمہ کا مریض قرار دیا ہوا تھا۔ جس کو تین سال سے یہ عارضہ تھا۔ اس معجون کے چند دن استعمال کرانے سے شفایاب ہو گیا۔ مریض مذکور کو صبح نیند سے بیدار ہونے کے بعد کھانسی تنگ کرتی تھی۔ جس سے دمہ کی سی حالت ہو جاتی تھی۔ ایک خوراک رات کو سوتے وقت کھلانے سے پہلے دن آرام ہوا۔ ابتدا نزلہ زکام میں ایک دو خوراک سے آرام ہو جاتا ہے۔ عام طور پر ہر قسم کی کھانسی کو نہایت مفید ہے۔

علاوہ ازیں ذات الجنب، اسہال صفراوی کثرت سیلان حیض و سیلان الرحم، نزف المعدہ، نزلہ جدید و کہنہ، تپ دق اسہال دموی و صفراوی، سحج امعاء جریان منی اور رطوبت زنان کے لئے نافع ہے۔

اجزاء: کوکنار کوفتہ، برگ بانسہ ہر ایک 5 تولہ، کتیرا، صمغ عربی، ملٹھی مقشر ہر ایک 9 ماشہ مصطگی، مرکی ہر ایک ساڑھے ماشہ، افیون سوا دو ماشہ، زعفران 2 ماشہ۔

ترکیب ساخت: کوکنار اور برگ بانسہ کو ایک سیر پانی میں رات کو بھگو رکھیں۔ صبح جوش دیں۔ جب ایک پاؤ رہ جائے تو مل چھان کر مصری آدھ پاؤ ملا کر قوام گاڑھا تیار کریں۔ پھر باقی دوائیں باریک پیس کر ملا دیں۔

طریق استعمال: 2 ماشہ رات کو سوتے وقت یا دن کو ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

(121) گولیاں زکام کی کھانسی

منافع: یہ گولیاں زکام کی کھانسی کو ایک دو دن میں ہی فائدہ کر دیتی ہیں۔

اجزاء: افیون، مغز بادام مقشر، مصری، زعفران ہر ایک ساڑھے تین ماشہ، شنگرف خام 2 ماشہ۔

ترکیب ساخت: الگ الگ پیس کر پانی کی مدد سے گولیاں بقدر مرچ سیاہ تیار کریں۔ اگر ان گولیوں میں رب السوس دار چینی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ ملائے جائیں تو بلغمی کھانسی کو بھی مفید ہوتی ہیں۔

طریق استعمال: ایک یا دو گولی رات کو سوتے وقت ہمراہ پانی نیم گرم استعمال کرائیں۔ بعد میں پانی نہ پینا چاہئے۔

(122) شربت برائے کھانسی ہر قسم

منافع: تمام اقسام کھانسی و نزلہ و زکام کو نہایت مفید ہے۔ نئی اور پرانی مرض میں یکساں فائدہ مند ثابت ہوتا ہے۔

اجزاء: بنفشہ، نیلوفر، ملٹھی ہر ایک 2 تولہ، بیہدانہ 5 ماشہ، گاؤزبان، زوفا ہر ایک ایک تولہ، عناب 20 دانہ، خبازی 9 ماشہ، انجیر 5 عدد، کھو خشک 7 ماشہ، مصری آدھ سیر۔

ترکیب ساخت: خشک دوائیں رات کو ایک سیر پانی میں بھگو کر صبح جوش دیں جب ایک پاؤ رہ جائے تو مصری ملا کر شربت تیار کریں۔

طریق استعمال: ایک تولہ سے 5 تولہ تک صبح و شام عرق گاؤزبان یا پانی ملا کر استعمال کریں۔

(123) شربت برائے زکام و نزلہ

منافع: نزلہ و زکام کے لئے نہایت مفید ہے۔ مواد کو خشک کرتا اور پکاتا ہے۔

اجزاء: گل بنفشہ، نیلوفر، گاؤزبان، گل سرخ ہر ایک 2 تولہ، دار چینی، سونف، تخم کاسنی، زیرہ سفید، کشنیز خشک، خشخاش، تخم خرفہ ہر ایک ایک تولہ، الائچی کلاں، الائچی خورد ہر ایک 9 ماشہ، ملٹھی 7 ماشہ، عناب 5 تولہ، مصری تین پاؤ۔

ترکیب ساخت: کوٹنے والی دوائیں کوٹ کر سب کو ملا کر رات کو ڈیڑھ سیر پانی میں بھگو دیں۔ صبح جوش دے کر مل چھان کر مصری ملا کر شربت تیار کریں۔

طریق استعمال: ڈھائی تولہ سے 5 تولہ تک صبح و شام پانی ملا کر استعمال کریں۔

(124) قرص برائے کھانسی و سل دق

منافع: سل دق اور کھانسی کہنہ کے لئے خاص طور پر مفید ہے۔

اجزاء: صمغ عربی، گل سرخ، طباشیر، شکر طبرزد، کتیرا ہر ایک 4 ماشہ، اصل السوس، رب السوس، صندل سرخ، صندل سفید ہر ایک 5 ماشہ، نشاستہ، تخم خرفہ ہر ایک 7 ماشہ، کافور 3 ماشہ، خشخاش، مغز خربوزہ، تخم کاہو ہر ایک 9 ماشہ، سرطان سوختہ ایک تولہ۔

ترکیب ساخت: سب دوائیں الگ الگ خوب کوٹ کر لعاب اسپغول کی مدد سے تین تین ماشہ کے قرص تیار کریں۔

طریق استعمال: ایک قرص صبح ایک شام ہمراہ عرق گاؤزبان یا پانی استعمال کریں۔

(125) گولیاں برائے نزلہ کہنہ و جدید

منافع: یہ گولیاں نزلہ کہنہ و جدید کے لئے نہایت نافع ہیں۔ نیز کھانسی ہر قسم کے لئے معمول ہیں۔ ان کے باقاعدہ استعمال سے عجیب و غریب فوائد ظہور میں آتے ہیں۔ مجرب ہیں۔

اجزاء: زعفران، افیون، جدوار ہر ایک تین ماشہ، کندر ڈیڑھ ماشہ، صمغ عربی، رب السوس، دارچینی ہر ایک ایک ماشہ۔

ترکیب ساخت: الگ الگ باریک پیس کر شہد کی مدد سے گولیاں بقدر نخود تیار کر لیں۔

طریق استعمال: ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ دودھ گائے یا شربت بنفشہ تین تولہ عرق گاؤزبان 6 تولہ استعمال کرائیں۔

(126) گولیاں برائے کھانسی رطوبی

منافع: یہ گولیاں شدید کھانسی کے لئے جس سے رات کو نیند نہ آتی ہو۔ مجرب المجرب ہیں۔ نہایت مختصر آسان اور کم خرچ نسخہ ہے جو پانچ منٹ میں تیار ہو سکتا ہے ایک گولی رات کو کھاؤ تمام رات آرام رہے گا۔

اجزاء: مرکی ایک تولہ افیون ایک ماشہ۔

ترکیب ساخت: باریک پیس کر پانی کی مدد سے بقدر نخود گولیاں تیار کریں۔

طریق استعمال: ایک یا دو گولی رات کو سوتے وقت ہمراہ شربت بنفشہ تین تولہ جس میں پانی ملا کر نیم گرم کیا گیا ہو استعمال کرائیں۔ یا ہمراہ آب خالص استعمال کرائیں۔

(127) اکسیر کھانسی بلغمی و ضیق النفس بلغمی

منافع: کھانسی بلغمی، ضیق النفس، دمہ، زیادتی، بلغم وغیرہ کے لئے مجرب ہے۔

اجزاء: برگ مدار ایک تولہ در سایہ خشک کردہ، ڈلی نمک طعام ہر ایک ایک تولہ، کشتہ ہڑتال، گاؤدنتی 6 ماشہ۔

ترکیب ساخت: پہلی تینوں اشیاء کو کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے آگ پر رکھیں۔ جب نمک چٹخنے کی آواز بند ہو جائے۔ اتار کر پیس لیں۔ اور کشتہ شامل کر لیں۔

طریق استعمال: ایک رتی شربت خشخاش ایک تولہ میں ملا کر چٹائیں۔

ترکیب کشتہ گاؤدنتی: گاؤدنتی ایک تولہ، کھٹی بوٹی جسے ترشک بوٹی یا کھٹکل بوٹی کہتے ہیں۔ کے ایک پاؤ نغدہ میں رکھ کر اوپر کپڑا لپیٹ کر چھ سیر اوپلوں کی آنچ دیں یا کوئلوں کی آنچ میں رکھ کر کشتہ کر لیں۔

(128) جوشاندہ ضیق النفس حار

منافع: ضیق النفس (دمہ) جو گرمی کے سبب یا قلب کی مشارکت سے ہو نہایت مفید ہے۔ دل کو طاقت د

تفریح بخشتا ہے۔ ایک بزرگ کا قابل قدر عطیہ ہے۔

اجزاء: الائچی خورد، ابریشم خام، بہمن سفید، درونج عقربی ہر ایک 4 ماشہ، مصری 2 تولہ۔

ترکیب ساخت و استعمال: دوائیں آدھ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب ایک تہائی پانی باقی رہ جائے تو مل چھان کر مصری ملا کر استعمال کرائیں۔

(129) جوہر اکسیر دمہ

منافع: دمہ کے تمام نسخہ جات کا سرتاج ہے جس سے دمہ کے کئی مایوس العلاج مریض شفایاب ہوئے ہیں۔ میرے دوستوں کا اصرار ہے کہ یہ نسخہ چونکہ بہت اعلیٰ ہے اس لئے اسے شائع نہ کیا جائے۔ مگر میرے خیال میں تو اچھے نسخہ کو سب سے پہلے شائع کر کے خوش ہو جانا چاہئے۔ تاکہ سب مخلوق خدا فائدہ اٹھا کر دعا دے۔ واقعی یہ نسخہ ان نسخہ جات میں سے ہے جنہیں لوگ دوسروں پر ظاہر کرنا گناہ سمجھتے ہیں۔ ان کی یہ خواہش ہوتی ہے کہ ایسی چیز سے اور کوئی شخص واقف ہو کر کہیں فائدہ نہ اٹھا لے۔ یہ محض ان کا زعم باطل ہے مگر میں یہ چاہتا ہوں کہ جو چیز اچھی ہو اس سے لوگ فائدہ اٹھائیں۔

اجزاء: خرگوش جنگلی ایک عدد، بھنگڑہ، نوشادر، قلمی شورہ، نمک لاہوری، نمک سانبھر، سہاگہ ہر ایک 10 تولہ۔

ترکیب ساخت: خشک دوائیں الگ الگ باریک کر کے ملا کر خوب کھرل کر لیں۔ خرگوش کو ذبح کر کے اس کی گردن کا خون حفاظت سے ایک برتن میں رکھ لیں۔ پھر اس کا چمڑا اتار کر پیٹ میں سے پتہ اور آنتیں بھی نکال دیں۔ پھر ادویہ مذکور کا سفوف خون مذکور میں ملا کر اس کا نصف حصہ خرگوش کے پیٹ میں ڈال کر سم الفار سفید مومیہ 6 ماشہ (اگر نہ مل سکے تو خام ہی سہی) باریک کر کے اس پر ڈال کر اوپر باقی دوائیں ڈال دیں اور خرگوش کا پیٹ مقعد، ناک، کان سب بڑی احتیاط سے سی دیں۔ پھر ایک مٹکہ میں ڈال کر اس کا منہ چینی سے بند کر کے گل حکمت کر دیں اور خشک کر کے زمین دوز چولھا پر رکھ کر نیچے 24 گھنٹے تک بیری کی موٹی لکڑیوں کی آنچ جلا دیں۔ جس جگہ سے دھواں نکلنے لگے مٹی لگا دیا کریں۔ 24 گھنٹہ کے بعد آگ بند کر دیں۔ جب مٹکہ اچھی طرح ٹھنڈا ہو جائے تو اس کا منہ احتیاط سے کھول کر جو جوہر اوپر ہو اور مٹکہ کے پیندے میں جو ٹکیہ سی ہو وہ الگ کر لیں۔ یہ اعلیٰ درجہ ہے اور باقی علیحدہ رکھیں۔ یہ معمولی درجہ ہے۔

طریق استعمال: اعلیٰ درجہ جوہر نصف رتی کا قدر کھانڈ میں ملا کر صبح نہار دیں۔ صرف ایک وقت کافی ہے۔ غذا چوری کے سوا کچھ نہ دیں۔ جب مریض نصف رتی برداشت کر جائے تو پھر رتی تک بڑھائیں۔ سات دن کے بعد مخالف غذا دیں۔ یعنی کوئی کھٹی یا تیل والی چیز کھلائیں۔ اگر مخالف چیز سے دورہ نہ ہو تو پرہیز کوئی نہ کریں اور اکیس دن استعمال کرائیں۔ امیروں کو غذا ساگودانہ، دودھ، ڈبل روٹی دیں۔

(130) ضیق النفس بلغمی کا آسان نسخہ ①

منافع: ضیق النفس بلغمی کے لئے ایک سہل الحصول اور کم قیمت جلدی تیار ہو جانے والا نسخہ ہے۔

اجزاو ترکیب ساخت: پوست بیخ آک' پوست بیخ سوہانجنہ' جوکھار' فلفل دراز ہر ایک 2 تولہ سبز 6 ماشہ' دوپہر تک متواتر کھرل کریں۔

طریق استعمال: ایک رتی صبح مکھن میں رکھ کر استعمال کرائیں۔ غذا چوری گوشت بکری کا گوشت میں نخود پکا کر خشک پھلکہ کے ساتھ کھلائیں۔ تمام ترش اور تیل والی اشیاء مچھلی قند سیاہ وغیرہ سے پرہیز کرائیں۔

(131) دوائے ضیق النفس بلغمی ②

اجزاء: فلفل سیاہ' فلفل دراز' سونٹھ' گل مدار یعنی آک خشک شدہ ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب ساخت: سب دوائیں الگ الگ باریک کر کے ملا کر خوب کھرل کریں پھر پانی کی مدد سے گولیاں بقدر نخود تیار کرلیں۔

طریق استعمال: ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ شربت بنفشہ تین تولہ عرق گاؤزبان 12 تولہ استعمال کریں۔

(132) دوائے کھانسی وضیق النفس

اجزاء: ہلیلہ سیاہ' عاقرقرحا' رب السوس' الائچی سفید' گل مدار یعنی آک خشک شدہ ہر ایک 5 تولہ۔

ترکیب ساخت: الگ الگ کوٹ چھان کر لعاب گھیکوار آدھ سیر تھوڑا تھوڑا ملا کر کھرل کریں۔ جب تمام لعاب گھیکوار ختم ہو جائے تو زعفران اصلی تین ماشہ پانی 10 تولہ میں گھوٹ کر اس کے ساتھ کھرل کریں۔ تیار ہے۔

طریق استعمال: تین رتی صبح ایک وقت شربت بنفشہ 4 تولہ میں ملا کر چٹائیں۔

(133) دھونی برائے دمہ

اجزاءو ترکیب ساخت: چائے' تمباکو' قلمی شورہ ہم وزن لے کر خوب باریک کر کے رکھ لیں۔

طریق استعمال: ایک چٹکی بھر انگاروں پر ڈال کر دھونی لیں۔

(134) حب برائے کھانسی خشک

منافع: یہ گولیاں خشک کھانسی کے لئے نہایت عجیب و غریب ہیں۔ کئی دفعہ تجربہ میں آچکی ہیں۔ پانچ منٹ میں تیار ہو جانے والا نہایت آسان اور ارزاں نسخہ ہے۔

اجزاءو ترکیب ساخت: رب السوس' بیہدانہ ہر ایک 6 ماشہ' الگ الگ باریک کر کے تھوڑا سا پانی ملا کر خوب کھرل کر کے گولیاں بقدر نخود تیار کریں اور خشک کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

طریق استعمال: ایک گولی منہ میں رکھ کر لعاب چوستے رہیں۔

(135) کشتہ بارہ سنگا

منافع: ذات الریہ یعنی نمونیا، ذات الجنب، ذات الصدر، ذات العرض، درد ریاحی تمام اقسام، لقوہ، وجع المفاصل تمام سردی کے دردوں کے لئے خاص طور پر مفید ہے۔ ایک سادھو کا خاص نسخہ ہے۔

اجزاء: برادہ شاخ بارہ سنگا 2 تولہ، سوہن مکھی ایک تولہ شہد حسب ضرورت۔

ترکیب ساخت: سوہن مکھی پیس کر شہد میں ملا کر اس کی دو ٹکیہ بنالیں۔ کوزہ گلی میں ایک ٹکیہ میں رکھ کر اس پر برادہ بارہ سنگا بچھا کر دوسری ٹکیہ اوپر رکھ کر کجا کے منہ پر دوسرا کجا رکھ کر ان کے منہ چکنی مٹی سے خوب بند کر کے خشک ہونے پر گڑھے میں دس سیر اوپلہ صحرائی کی آنچ دیں۔ جب سرد ہو جائے تو نکال کر پیس لیں۔

طریق استعمال: نصف رتی سے ایک رتی تک قند سیاہ میں لپیٹ کر استعمال کرائیں۔ صبح و شام یا دن میں تین مرتبہ مطابق ضرورت استعمال کرائیں۔ ذات الجنب میں اگر گرمی زیادہ ہو تو ہمراہ شربت بنفشہ 2 تولہ عرق گاؤزبان 12 تولہ استعمال کریں۔

(136) سفوف اکسیر اوجاع

منافع: ہر قسم دردوں کی لاجواب اکسیر ہے۔ خصوصاً ذات الجنب کی اکسیری دوائی ہے۔ نیز اوجاع مفاصل، درد گردہ ہر قسم کے ریاحی دردوں کے لئے نہایت مفید ہے۔ معمولی دردوں کو تو تین چار خوراکوں ہی میں کلی آرام ہو جاتا ہے۔ یہ نسخہ آپ کی خاص توجہ کا مستحق ہے۔ ہمارے مطب کی جان ہے۔

اجزاء و ترکیب: چھلکا دار یعنی آک خصوصاً جو بیساکھ کے مہینہ کا ہو 4 ماشہ، افیون 4 ماشہ، شورہ قلمی 3 تولہ، کشتہ بارہ سنگا 4 ماشہ۔

ترکیب ساخت: سب کو باریک کھرل کر کے سفوف تیار کر لیں۔

طریق استعمال: بقدر 2 رتی پتاشہ یا کھانڈ میں رکھ کر اوپر سے چائے پلائیں یا ہمراہ دودھ گرم استعمال کرائیں۔ ذات الجنب میں ہمراہ جوشاندہ عناب 5 دانہ، خطمی، گاؤزبان، بہدانہ ہر ایک 3 ماشہ، گل بنفشہ 6 ماشہ، لسوڑیاں 11 دانہ، مصری یا شربت بنفشہ تین تولہ ملا کر دن میں تین خوراک تک استعمال کرائیں۔ بچوں کو مطابق عمر دیں۔

اس نسخہ کی بہت تصدیقات آرہی ہیں۔ یہ مطب میں رہنا نہایت ضروری ہے۔

احتیاط: یہ دوا حاملہ کو نہ دیں۔

(137) سفوف درد ذات الجنب

منافع: درد ذات الجنب کو تسکین دیتی ہے۔

اجزاء و ترکیب: دار و بندوق 2 تولہ، بھنکڑی ڈیڑھ تولہ، لونگ، جائفل ہر ایک 6 ماشہ، مصری کوزہ

ایک تولہ۔

ترکیب ساخت: الگ الگ باریک کر کے سفوف بنالیں۔

طریق استعمال: ڈیڑھ ماشہ ہمراہ شربت مصری استعمال کریں۔

(138) دیگر جب فصد سے درد کو آرام نہ ہو

اجزاء و ترکیب ساخت: افیون ایک ماشہ، زعفران 2 ماشہ، دونوں دوائیں باریک کر کے سفوف تیار کریں۔

طریق استعمال: ایک رتی ہمراہ شربت پناشہ استعمال کریں۔

(139) مالش ذات الجنب

منافع: ذات الجنب، ذات الریہ، ذات الریح کے لئے معمول ہے۔ اس کے علاوہ تمام قسم کے دردوں میں استعمال کی جاتی ہے۔

اجزاء: افیون 4 رتی، شراب 9 ماشہ، روغن تارپین، روغن کنجد ہر ایک ایک تولہ، موم سفید 7 ماشہ، ارہول سفید باریک شدہ 2 ماشہ۔

ترکیب ساخت: تیل کو کڑچھی میں ڈال کر آگ پر رکھیں جب گرم ہو جائے تو موم ملا دیں پھر دوسری تمام اشیاء ملا کر اتار لیں۔

طریق استعمال: درد کی جگہ مالش کر کے برگ ارنڈ یا روئی باندھیں۔ دن رات میں تین چار دفعہ مالش کریں۔ اندرونی استعمال کے لئے اکسیر اوجاع نمبر 136 اچھی چیز ہے۔

(140) پلستر برائے ذات الجنب

منافع: ذات الجنب، ذات الریہ (نمونیا) ذات الصدر، ذات العرض، شوصہ، برسام، درد ریح کے لئے نہایت مفید ہے اور اطمینانی نسخہ ہے۔ جوانٹی فلو جسٹین سے بہتر ہے۔

اجزاء: مصبر، اشق، گوگل، مصطگی ہر ایک 4 ماشہ، ارہول، شنگرف، افیون ہر ایک 3 ماشہ، سنڈھ، کیرا، صمغ عربی، السی ہر ایک 6 ماشہ، زعفران ایک ماشہ۔

ترکیب ساخت: تمام دوائیں علیحدہ علیحدہ پیس کر سفوف بنالیں۔

طریق استعمال: جتنی جگہ درد ہو اس کے مطابق سفوف لے کر پانی میں خوب گھوٹ کر پتلا سا ضماد بنالیں اور کپڑا موٹا کتر کر اس پر ضماد کو لگا کر گرم کر کے چسپاں کر دیں اور پر کسی چیز سے ٹکور کرتے رہیں۔ اگر آپ برگ دھتورہ مل سکے تو 2 تولہ کے قریب وہ بھی ملالیں۔

(141) ضماد ذات الجنب

منافع: تسکین درد کے لئے نہایت عجیب و غریب نیز آسان ہے۔

اجزاء: افیون 4 رتی، مصبر ایک ماشہ، شنگرف 4 رتی، ارہوں 2 ماشہ۔
ترکیب ساخت: الگ الگ باریک کرکے سفوف بنالیں۔
طریق استعمال: زردی بیضہ مرغ میں ملا کر درد کے مقام پر ضماد کریں۔

(142) مطبوخ دردذات الجنب وکھانسی

منافع: ذات الجنب، ذات الریہ، کھانسی ہر قسم کے لئے نہایت مفید اور معمول مطب ہے۔
اجزاء: خطمی، ملٹھی، گل بنفشہ ہر ایک 6 عناب 10 دانہ، مصری تین تولہ۔
ترکیب ساخت و استعمال: دوائیں 1 پاؤ پانی میں جوش دے کر مل چھان کر پلائیں۔ صبح و شام استعمال کرائیں۔

(143) مسہل دافع ذات الجنب وبرسام ودرد سر

منافع: ذات الجنب وبرسام وذات الریح، ذات الصدر ذات العرض وغیرہ کا نہایت عمدہ بے ضرر مسہل ہے۔
اجزاء وطریق استعمال: عناب 11 دانہ، لسوڑیاں 15 دانہ، بہدانہ 3 ماشہ، خطمی گل سرخ ہر ایک 6 ماشہ، سنا مکی ایک تولہ کو عرق بید مشک، عرق نیلوفر، عرق مکو عرق گلاب ہر ایک 5 تولہ میں رات کو تر کریں۔ صبح شیر خشت 3 تولہ، ترنجبین 3 تولہ، فلوس خیار شنبر (گودہ املتاس) 5 تولہ خوب مل کر چھلنی وغیرہ سے چھان لیں۔ پھر اس میں لعاب اسبغول شیرہ مغز کدو ہر ایک ایک تولہ، آرد تربد تین ماشہ، روغن بادام 6 ماشہ ملا کر پلائیں۔ وزن کی کمی بیشی طبیب کے اختیار میں ہے۔

(144) دردذات الجنب خصوصاً ریحی

منافع: دردذات الجنب خصوصاً جس کا مادہ زیادہ سرد ہو یا ریحی درد ہو اور وہ درد جو دورہ سے ہو جاتا ہو۔ نیز بارد درد مثلاً کزاز وغیرہ کے لئے مفید ہے۔
اجزاء وترکیب ساخت: کچلہ 5 تولہ کو شیر مدار میں خوب تر کرکے رکھ دیں۔ جب خشک ہو جائیں تو کوزہ گلی میں بند کرکے 2 سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر پیس لیں۔ اس میں سے 2 ماشہ اور زعفران افیون ہر ایک 4 رتی ملا کر خوب کھرل کرکے سفوف تیار کریں۔
طریق استعمال: نصف رتی ہمراہ چائے یا جوشاندہ نمبر 142 یا عرق جوائن، عرق سونف وغیرہ استعمال کرائیں۔ اس کے ساتھ شیر مدار یعنی آک 2 تولہ میں روغن زرد 5 تولہ جلا کر درد کی جگہ مالش کریں۔ اور روئی باندھیں۔

(145) نسخہ عجیبہ برائے نزلہ ودق

منافع: دق ضعف دماغ وذات الریہ وضیق النفس سوداوی وسعال سوداوی کا علاج ہے اور منضج سوداو

بلغم ہے۔ خصوصاً نازک مزاجوں کے لئے نہایت اعلیٰ چیز ہے جو شب و روز کا معمول اور نہایت زود
ہے۔ امیروں اور نازک مزاجوں کے لئے نہایت موزوں ہے۔

اجزاء: خمیرہ گاؤزبان 3 ماشہ 'گاؤزبان 3 ماشہ 'عرق گاؤزبان 15 تولہ ' شربت بنفشہ 3 تولہ۔

ترکیب ساخت و استعمال: خمیرہ گاؤزبان کو عرق گاؤزبان میں دو جوش دے کر مل چھان کر شربت
کر پلائیں۔ صبح و شام استعمال کرنا چاہئے۔

(146) جوشاندہ برائے نزلہ زکام بارد سوداوی

منافع: نزلہ و زکام و سعال بلغمی و ضیق النفس و ذات الریہ سوداوی و بلغمی کے لئے مفید ہے۔ منضج
دافع خفقان بارد وغیرہ معمول مطب ہے۔

اجزاء: زوفا' پرساؤشاں' گاؤزبان ہر ایک تین ماشہ ' ملٹھی ' بنفشہ ہر ایک 5 ماشہ مصری تین تولہ '
بارد میں ابریشم اضافہ کریں۔ نشہ خور کے لئے جو افیون کا عادی ہو۔ ہر حالت میں کوکنار تین ماشہ اضافہ
کریں۔

طریق استعمال: دوائیں آدھ سیر پانی میں جوش دیں۔ آدھ پاؤ رہنے پر مل چھان کر مصری ملا کر پلائیں۔
اگر مسہل کی ضرورت سمجھیں تو بلغمی میں دس دن کے بعد اور سوداوی میں 16 دن کے بعد مسہل دیں۔

(147) ذات الریہ طفل

منافع: بچہ کے ذات الریہ یعنی نمونیا کے لئے ایک خاص الخاص نسخہ ہے۔

اجزاء: ابریشم خام' گل دہاوہ' تخم نیلوفر ہر ایک تین ماشہ ' زوفا 2 ماشہ ' شربت زوفا 2 تولہ۔

طریق استعمال: دوائیں مناسب پانی میں جوش دے کر مل چھان کر شربت زوفا ملا کر یہی وزن دن میں
تین دفعہ استعمال کرائیں۔

(148) اکسیر ڈبہ یعنی ذات الریہ طفل

منافع: ڈبہ کا مریض خواہ جس قدر خراب حال ہو۔ مایوسی کی علامتیں ظاہر ہوں۔ یہ گولی استعمال کرا
سے آناً فاناً آرام ہو جاتا ہے۔ بچہ اسی وقت آنکھیں کھول کر ہوش میں آجاتا ہے۔ بے امیدی امید
بدل جاتی ہے۔ نہایت ہی بے خطا اور پر تاثیر چیز ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: مغز جمال گوٹہ پتہ دور کردہ پرانا نارجیل (گری کھوپہ) سڑا ہوا ہر ایک ڈیڑھ
ماشہ' مغز بادام تین ماشہ' خوب باریک پیس کر حبوب بقدر دانہ باجرہ تیار کریں۔ اور لوہے کی ڈبیہ میں
محفوظ رکھیں۔

طریق استعمال: بچہ کو بوقت ضرورت ایک گولی پانی میں گھس کر پلائیں۔ دست اور قے ہو کر خراب
سے خراب حالت میں بھی آرام ہو جاتا ہے۔ اس کے بعد شربت پناشہ پلائیں۔

(149) سفوف برائے کھانسی

منافع: ابتداسل ودق اور جب کہ مسلول کے پھیپھڑوں سے خون آرہا ہو۔ مجرب المجرب ہے۔

اجزاء: دیسی مصری گنا (نیشکر) 8 تولہ، طباشیر 4 تولہ، فلفل دراز 2 تولہ، دانہ الائچی خورد دار چینی ہر ایک 1 تولہ۔

ترکیب ساخت: سب دوائیں باریک پیس کر سفوف تیار کریں۔

طریق استعمال: ڈیڑھ ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر خالص یا شربت نیلوفر یا جوشاندہ ملٹھی یا شہد استعمال کرائیں۔

(150) حریرہ برائے سل بارد

اجزاء: نشاستہ روغن بادام ہر ایک ایک تولہ، شیر بز ڈیڑھ پاؤ مصری تین تولہ۔

طریق استعمال: سب اشیاء کو دیگچہ میں ڈال کر نرم آگ پر جوش دیں۔ جب گاڑھا ہو جائے مگر زیادہ گاڑھا نہ ہو۔ اتار کر نیم گرم استعمال کرائیں۔

(151) چٹنی برائے سل

منافع: جب تپ نرم دائمی ہو اور پیپ آگ پر ڈالنے سے بو دیتی ہو۔ مفید و مجرب المجرب ہے۔

اجزاء: طباشیر، الائچی خورد، روغن گاؤ ہر ایک دو تولہ، فلفل دراز 3 تولہ، تج ایک تولہ، شکر تری 6 تولہ، شہد 4 تولہ۔

ترکیب ساخت: خشک دوائیں کوٹ کر سب اشیاء کو خوب ملالیں۔

طریق استعمال: 6 ماشہ صبح 6 ماشہ شام چٹائیں۔

(152) دوائے ذات الریہ وورم ریہ

منافع: ذات الریہ، ورم ریہ کا اکسیر ہے۔ جب ذات الریہ میں کوتہ دمی ہو۔ نہایت فائدہ مند ثابت ہوتا ہے۔ بلغم پتلا ہو کر سانس آرام سے آنے لگ جاتا ہے۔

اجزاء و طریق استعمال: لائکوار ایمونیا 5 بوند سے 30 بوند تک موافق عمر و طاقت مریض 2 تولہ پانی میں ملا کر استعمال کرائیں۔ دودھ زیادہ پلائیں۔

(153) لعوق کوکنار برائے نزلہ

منافع: نزلہ، زکام، کھانسی ہر قسم کے لئے نہایت مفید ہے۔ ملطف بلغم ہے۔ نزلہ حار دماغی کو روکتا ہے۔ نزلہ زکام کھانسی ہر قسم کا شافی علاج مجرب اور آزمودہ ہے۔

اجزاء: عناب ایرانی 20 دانہ، لسوڑیاں 41 عدد، بنفشہ ابریشم، مویز منقی، کوکنار ہر ایک 2 تولہ۔

ترکیب ساخت: ابریشم کو صاف کر کے کتر لیں۔ لسوڑیاں اور کوکنار کوٹ لیں۔ پھر سب اشیاء کو 1 پاؤ

پانی میں بھگو رکھیں۔ صبح جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے تو مل چھان کر مصری تین چھٹانک ملا کر قوام تیار کریں۔ پھر آرد نخود، شکر تیغال، رب السوس، بیخ سوسن، صمغ عربی، کوکنار، کتیرا، مغز بادام، الائچی کلاں، مغز خیارین ہر ایک ایک تولہ، نشاستہ گندم 9 ماشہ سفوف کر کے ملائیں تیار ہے۔

طریق استعمال: 7 ماشہ صبح 7 ماشہ شام چٹائیں۔

(154) اکسیر دق سل

منافع: دق سل کے لئے بہت مفید اور ایک مشہور معالج کا عطیہ ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: آب گل بانسہ یا نرم کونپل بانسہ سے ایک پاؤ کے قریب پانی نکال لیں۔ برادہ سکہ شیریں ایک تولہ میں تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کریں جب پانی ختم ہو جائے تو خشک کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

طریق استعمال: ایک رتی صبح ایک رتی شام پتاشہ میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

(155) لعوق ضیق النفس صفراوی

منافع: ضیق النفس صفراوی یعنی گرم مزاج مریض کے لئے (جسے گرم اشیاء نقصان پہنچاتی ہوں) نہایت عمدہ ہے۔ اس سے تنگی سانس اور کھانسی کو جلدی ہی آرام ہو جاتا ہے۔ اگر ساتھ تپ ہو تو اس کو بھی آرام ہو جاتا ہے۔ منضج و مخرج بلغم ہے۔

اجزاء: گل بنفشہ، گل نیلوفر، گل خیرہ، گل گاؤزبان، گاؤزبان، ملٹھی، پرسیاوشاں، زوفا خشک، سونف، انجیر کابلی، مویز منقی ہر ایک 5 تولہ، عناب 50 دانہ، لسوڑیاں کوفتہ 100 عدد کوٹنے والی دوائیں نیم کوفتہ کر لیں۔

ترکیب ساخت: سب کو رات کو پانی میں تر کریں۔ صبح جوش دیں۔ جب تیسرا حصہ رہ جائے تو چھان کر مصری ایک سیر ملا کر قوام تیار کریں۔ پھر الائچی خورد تین تولہ باریک شدہ اور ورق چاندی دفتری ملالیں۔

طریق استعمال: ایک تولہ صبح ایک تولہ شام استعمال کریں۔

مجربات امراض معدہ و امعاو مقعد

(156) سفوف اکسیر ہاضم و قبض کشا

منافع: ہاضمہ کا فعل درست کرتا ہے۔ ریح خارج کرتا ہے۔ معدہ کی تمام امراض کے لئے اعلیٰ چیز ہے۔ نہایت خوش ذائقہ ہمہ صفت موصوف صدری نسخہ حاضر خدمت ہے۔ جو ہاضمہ کی جملہ شکایات کا شافی علاج ہے۔

اجزاء: گل سرخ، کشنیز، زیرہ سفید، پوست آملہ، پوست بلیلہ زرد، پوست سماق یعنی چھلکا تتری ہر ایک ایک تولہ، تکیہ پیپرمنٹ، الائچی کلاں ہر ایک 6 ماشہ، ست پودینہ 6 رتی، قند سفید 15 تولہ۔

ترکیب ساخت: سب دوائیں الگ الگ باریک پیس کر سفوف بنالیں۔
طریق استعمال: 6 ماشہ صبح' 6 ماشہ شام ہمراہ عرق سونف' عرق پودینہ یا صرف پانی سے نہار یا بعد غذا استعمال کریں۔

(157) نمک سلیمانی مقوی معدہ ہاضم طعام

منافع: کثرت ریاح' ضعف معدہ' آروغ ترش' قے' اسہال ہیضہ کے لئے نہایت مفید ہے۔ مقوی معدہ ہے' بھوک بڑھاتا اور ریاح کو تحلیل کرتا ہے۔ لطف یہ کہ نہایت کم خرچ بالانشین کا مصداق ہے۔
اجزاء: نمک لاہوری' فلفل سیاہ ہر ایک ایک تولہ' نمک سیاہ 4 ماشہ' ہینگ بریاں نوشادر ہر ایک 2 ماشہ' فلفل دراز' سہاگہ بریاں ہر ایک 6 ماشہ۔
ترکیب ساخت: تمام دوائیں خوب کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔
طریق استعمال: 2 ماشہ صبح 2 ماشہ ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔ اگر مرض زیادہ ہو تو کھانا کھانے کے بعد بھی استعمال کروائیں۔ ہیضہ کی شکایت ہو تو ایک ایک ماشہ ہر نصف گھنٹہ کے بعد ہمراہ سکنجبین 2 تولہ' عرق گلاب 4 تولہ استعمال کرائیں۔

(158) سفوف ہاضم شیریں

منافع: ہمارے مطب میں ہر وقت تیار رہتا ہے۔ اور عام فروخت ہوتا ہے۔ مقوی معدہ و مفرح ہاضمہ کی جملہ شکایات مثلاً آروغ ترش قے' اسہال' بدہضمی' ثقل معدہ کے لئے نہایت عجیب و غریب ہے اور خوش ذائقہ ہے۔
اجزاء: امچور' سونف' انار دانہ ہر ایک 5 تولہ' زیرہ سیاہ' الائچی خورد ہر ایک ڈیڑھ تولہ' دارچینی' الائچی کلاں ہر ایک 2 تولہ' کھانڈ سفید آدھ سیر۔
ترکیب ساخت: سب اشیاء الگ الگ کوٹ کر ملالیں۔
طریق استعمال: ایک تولہ صبح' ایک تولہ شام کھانا کھانے کے بعد یا نہار یا جب ضرورت ہو استعمال کرائیں۔

(159) عرق ہاضم دافع درد معدہ وغیرہ (خاص الخاص)

منافع: ہاضمہ کی جملہ شکایات کے لئے سو فی صدی مفید ہے۔ ہیضہ' ضعف معدہ و ریح گردہ کی اس سے بڑھ کر اور کوئی دوائی نہیں دیکھی گئی۔ ہاضمہ کی خرابی' درد پیٹ بوجھ وغیرہ خواہ جس حد تک ہوں اس کی ایک ہی خوراک سے آرام ہو جاتا ہے۔ عجیب چیز ہے جو احباب ایک دفعہ اس کا تجربہ کرلیں گے۔ وہ ضرور قدر کریں گے۔
اجزاء و ترکیب ساخت: اجوائن' پودینہ' سونف' الائچی کلاں ہر ایک 2 تولہ ان کا عرق بقدر ایک بوتل نکالیں۔

عرق مذکور 20 تولہ، عرق گلاب 40 تولہ، ٹاٹری، نوشادر، سوڈا بائی کارب ہر ایک ایک تولہ، ٹاٹری کو باریک کر کے 5 تولہ عرق میں علیحدہ حل کر ملائیں۔ اور نوشادر کو بھی باریک پیس کر ملائیں۔ بعد میں سوڈا بائی کارب ملالیں اور خوب ہلائیں۔ بعض دفعہ عرق کشید نہ کیا جا سکے تو صرف خشک دواؤں کو ہی پانی میں حل کر کے استعمال کرا دیا جاتا ہے۔ یا عرقیات بازاری لے کر تیار کر لیا جاتا ہے۔ اس سے فائدہ ہو جاتا ہے۔ ان تینوں چیزوں کو باریک پیس کر ایک ماشہ کی مقدار میں ایک اونس پانی یا عرقیات میں ملا کر پلا لیا جائے تو بڑا فائدہ کرتا ہے۔ تین تین گھنٹہ کے بعد چار پانچ خوراک استعمال کرنی چاہئے۔ ایک بے خطا سو فی صدی مفید چیز ہے جو سوڈا واٹر سے ہزار درجہ اچھا ہے۔

طریق استعمال: 2 تولہ صبح 2 تولہ شام پلائیں، بچہ کو کم مقدار میں دیں۔

(160) معجون لبوب مقوی معدہ و اعضاء رئیسہ

منافع: معدہ، جگر، دل، دماغ اور باہ کو طاقت دیتی ہے۔ مقوی و مفرح قلب ہے۔ بدن کو طاقت پہنچاتی ہے۔ غذا ہضم کرنے میں لاثانی چیز ہے۔

اجزاء: مغز بادام، خشخاش سفید ہر ایک 5 تولہ، مغز پستہ، مغز صنوبر، بہمن سفید، بہمن سرخ ہر ایک 2 تولہ، چہار مغز، آرد نخود بریاں، آرد مغز بنولہ ہر ایک تین تولہ، ثعلب مصری، موصلی سفید، موصلی سیاہ، دانہ الائچی خورد، دارچینی ہر ایک ایک تولہ ۔بسباسہ 6 ماشہ، ورق نقرہ 14 عدد، مشک خالص، عنبر اشہب ہر ایک ایک ماشہ، عرق گلاب ڈیڑھ پاؤ، مصری 14 چھٹانک۔

ترکیب ساخت: مشک و عنبر کو روح کیوڑہ میں حل کر لیں۔ باقی دوائیں الگ الگ کوٹ کر سفوف بنائیں۔ مصری کا عرق گلاب میں قوام کر کے دواؤں کا سفوف ملالیں اور مشک و عنبر ملا کر ورق نقرہ ایک ایک کر کے ڈالتے جائیں۔ اور ہلاتے رہیں۔ جب خوب مل جائیں تو نیچے اتار لیں۔

طریق استعمال: 7 ماشہ صبح 7 ماشہ شام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کرائیں۔

(161) جوہر شفا

منافع: ضعف ہضم کے متعلق جو شکایات ہوں ان کے لئے ایک بہترین دوا ہے۔ بچوں کے ضعف ہضم کے لئے خاص طور پر معمول ہے۔

اجزاء: جوہر نوشادر یا نوشادر خام، ہرمچی، مرچ سیاہ ہر ایک ایک تولہ، تخم جوزماثل سیاہ 3 ماشہ، ست پودینہ ڈیڑھ ماشہ۔

ترکیب ساخت: سب دوائیں الگ الگ باریک کر کے ملالیں بس تیار ہے۔

طریق استعمال: ایک رتی سے 4 رتی تک ہمراہ عرق سونف یا عرق گلاب یا پانی وغیرہ استعمال کریں۔

(162) آب شفا

منافع: درد پیٹ، باؤ گولا، نفخ شکم، آروغ ترش، سوء ہضم متلی قے اور ان جملہ امراض کے لئے جو شکم میں

ریاح غلیظ بند ہو جانے کی وجہ سے عارض ہو جاتے ہیں۔ تریاق ثابت ہوا ہے۔ نیز ہیضہ کے لئے شربت سکنجبین یا دیگر بدرقہ مناسبہ میں دو چار قطرے ملا کر دینے سے فوراً تکلیف رفع ہو جاتی ہے۔ ہمارا معمول مطب ہے اور ہمارے پاس ہروقت موجود رہتا ہے۔ جو درد امرت دھارا۔ آب حیات سے رفع نہ ہو اس کے استعمال سے رفع ہو جاتا ہے۔ غرض نہایت ہی کامیاب نسخہ ہے۔ جو اپنے ہم پیشہ حضرات کے لئے درج کر دیا جاتا ہے۔ اس کا ہر ایک طبابت پیشہ کے پاس موجود رہنا نہایت ہی ضروری ہے جو احباب اس کا تجربہ کریں گے وہ ضرور ہی مجھے دعائے خیر سے یاد فرمائیں گے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: نوشادر، ٹھیکری ایک تولہ باریک کوٹ کر ایک چینی کے پیالہ میں ڈالیں۔ اس پر تیزاب گندھک خالص 6 ماشہ احتیاط سے ڈال کر رکھ دیں۔ آٹھ پہر کے بعد اس میں ست جنجرہ 2 ماشہ، ست لیموں تین ماشہ، ست پودینہ 2 ماشہ، ست جوائن 2 ماشہ ملائیں۔ بس تیار ہے۔ شیشی میں ڈال کر مضبوط کارک لگا کر محفوظ رکھیں۔

طریق استعمال: ایک سے دو قطرہ تک پتاشہ یا قند سفید میں ڈال کر کھلائیں یا عرق سونف یا پانی میں یا سکنجبین میں ملا کر استعمال کرائیں۔ اگر درد شکم قبض کی وجہ سے ہو تو عرق مسہل 5 تولہ میں ملا کر استعمال کرائیں۔ ایک دفعہ سے پورا آرام نہ ہو تو دوسری خوراک دے دیں۔ ہیضہ میں گھنٹہ گھنٹہ بعد دیتے رہیں۔

ست جنجر بنانے کا طریقہ: مرچ سیاہ، سنڈھ ہر ایک دو تولہ، الگ الگ کوٹ کر 24 گھنٹہ تک آدھ پاؤ پانی میں تر کریں۔ پھر جوش دیں۔ جب 2 تولہ کے قریب رہ جائے خوب مل کر چھان لیں تیار ہے۔

نوٹ: ٹنکچر جنجر انگریزی دوا فروشوں سے لے کر بھی ملا لیا جاتا ہے۔

(163) عرق مسہل

اجزاء و ترکیب ساخت: میگنیشیا سلفاس 20 تولہ، تیزاب گندھک 5 قطرے نصف بوتل پانی میں ڈال کر خوب ہلائیں۔ جب حل ہو جائیں تو بوتل کو پانی سے بھر لیں یا کھرل انگریزی میں حل کر کے تیار کر لیں۔

طریق استعمال: مسہل کے لئے ڈیڑھ چھٹانک سے دو چھٹانک تک اور قبض کشائی کے لئے تین تولہ سے 5 تولہ تک استعمال کرائیں۔ بعد میں نرم غذا مثل کھچڑی یا دلیہ وغیرہ کھلائیں۔

(164) اکسیر شفاء

منافع: ہاضمہ کی جملہ شکایات مثلاً ہیضہ، درد معدہ، اپھارہ، ضعف ہضم وغیرہ تمام امراض شکم کے لئے نہایت مفید ہے۔ بچھو کے کاٹے ہوئے اور ہر قسم کے دردوں پر لگانے سے آرام آجاتا ہے۔ تمام امراض میں بدرقہ مناسبہ کے ساتھ فائدہ کرتا ہے۔

اجزاء: ست پودینہ، ست اجوائن، کافور، ٹنکچر سلایا آب پیاز ہر ایک 6 ماشہ، ایسڈ کاربالک ڈیڑھ ماشہ۔

ترکیب ساخت و استعمال: سب دوائیں ایک شیشی میں ڈال کر ہلائیں بس تیار ہے۔ 3 قطرہ سے 5 قطرہ تک بتاشہ یا کھانڈ پر پانی ڈال کر یا پانی یا عرق سونف میں ملا کر استعمال کرائیں۔ اگر ایک دفعہ سے پورا آرام نہ ہو تو دوسرے خوراک دے دیں۔ اگر قبض کی وجہ سے درد ہو تو کوئی قبض کشاء دوائی استعمال کرائیں۔ بعد میں اکسیر شفا دیتے رہیں یا عرق مسہل نمبر 163 میں ملا کر پلائیں۔ بھڑ بچھو کے کاٹے ہوئے اور خارجی دردوں کے لئے روغن کنجد میں ملا کر مالش کریں۔ ہیضہ کے لئے سکنجبین عرق پودینہ میں چار چار قطرے ملا کر گھنٹہ گھنٹہ بعد استعمال کریں۔

(165) آب حیات

اسناد: علامہ دہر عالی جناب حکیم مولوی سلیم اللہ خان صاحب مرحوم لاہوری کا معمول اور عطیہ خاص ہے۔

منافع: ہر قسم کے درد شکم، درد ریح ضعف ہضم وغیرہ تمام امراض شکم، مثل ریاح وغیرہ ہر قسم کے خارجی دردوں کی تسکین کے لئے نیز زہریلے جانوروں کے کاٹے کے لئے آب حیات ہے۔

اجزاء: کافور 7 ماشہ، ست اجوائن 3 ماشہ، ست پودینہ 6 ماشہ، کاربالک ایسڈ کلوروفارم، زعفران محلول ہر ایک ڈیڑھ ماشہ۔

ترکیب ساخت: سب دوائیں اکٹھی ایک شیشی میں ملا لیں۔ تھوڑی دیر میں روغن تیار ہو جائے گا۔ اگر جلدی تیار کرنا ہو تو دھوپ میں یا آگ کے نزدیک رکھیں۔

طریق استعمال: تین قطرے سے 5 قطرہ تک بتاشہ یا کھانڈ پر یا عرق سونف یا عرق گلاب میں ملا کر استعمال کرائیں۔ بھڑ بچھو کے کاٹے ہوئے کے لئے روئی کی پھریری سے لگائیں۔ خارجی دردوں کے لئے روغن کنجد میں ملا کر مالش کریں۔

(166) سفوف ہاضم مجرب

منافع: ضعف معدہ، ضعف ہضم کا آسان مجرب المجرب نسخہ ہے۔ اس پر طرہ یہ کہ لذیذ اور خوش ذائقہ ہے۔ پانچ منٹ میں تیار کیا جا سکتا ہے۔

اجزاء: دانہ الائچی خورد، زیرہ سفید، آملہ، پودینہ، نمک سیاہ ہر ایک 6 ماشہ، سہاگہ بریاں 2 ماشہ، سونف، کشنیز خشک ہر ایک 9 ماشہ، مصری 2 تولہ۔

ترکیب ساخت: سب اشیاء الگ الگ باریک کوٹ کر سفوف تیار کریں۔

طریق استعمال: 6 ماشہ صبح 6 ماشہ شام ہمراہ عرق سونف یا پانی استعمال کرائیں۔

(167) گولیاں ہاضم مجرب المجرب

منافع: جملہ شکایات متعلقہ ہضم کے لئے نہایت عجیب و غریب نسخہ ہے جو ہر گھر اور ہر مطب میں تیار رہنے کے قابل ہے۔

اجزاء: فلفل سیاہ، فلفل دراز، سہاگہ، نمک سیاہ، گندھک آملہ سار، شورہ قلمی نوشادر، سونٹھ، اجوائن دیسی ہر ایک 7 ماشہ۔

ترکیب ساخت: سب دوائیں الگ الگ باریک کر کے 15 عدد لیموں کے پانی میں کھرل کر لیں۔ جب گولیاں بننے کے قابل ہو جائیں تو چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

طریق استعمال: ایک یا دو گولیاں صبح و شام نہار ہمراہ پانی سرد استعمال کرائیں یا کھانا کھانے کے بعد ہمراہ عرق سونف یا پانی استعمال کرائیں۔

(168) گولیاں ہاضم دافع ریح

منافع: یہ گولیاں جہاں آسان اور کم قیمت ہیں۔ اعلیٰ درجہ کی مفید نہایت مقوی معدہ، ہاضم طعام اور محلل ریاح ہیں۔ پرانی سے پرانی شکایات متعلقہ ہضم ان گولیوں کے استعمال سے زائل ہو جاتی ہیں۔ جن کو بھوک بالکل نہیں لگتی تھی اور روٹی نہیں کھا سکتے تھے ان کے چند روزہ استعمال سے تندرست ہو گئے۔ ان کا ہر مطب اور ہر گھر میں تیار رہنا ضروری ہے۔

اجزاء: سہاگہ، ہینگ اصلی، سونٹھ، نمک سیاہ ہر ایک 2 تولہ، علیحدہ علیحدہ باریک کر کے آب پوست بیخ سہانجنہ یا آب برگ سہانجنہ میں کھرل کر کے گولیاں چنے کے برابر تیار کریں۔

طریق استعمال: ایک گولی صبح ایک شام کھانا کھانے کے بعد یا نہار ہمراہ عرق سونف وغیرہ استعمال کرائیں۔

(169) گولیاں قبض کشاء

منافع: یہ گولیاں سخت قبض، قبض دائمی، ریح بواسیر، درد شکم کے لئے نہایت مفید ہیں۔ اپنی مجوزہ و معمول مطب ہیں۔ جو ریح بواسیر، قبض دائمی، سوء ہضم نفخ کے مریضوں کو عام طور پر استعمال کرائی جاتی ہیں۔ بہت ہی موثر ہیں۔

اجزاء: سقمونیا ولایتی، آرد تربد، گوگل، برگ سناء ہر ایک 6 ماشہ۔

ترکیب ساخت: سب دوائیں علیحدہ علیحدہ باریک کر کے بادام روغن سے چرب کر کے قدرے شہد ملا کر چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

طریق استعمال: ایک سے دو گولی تک رات کو سوتے وقت ہمراہ شیر گاؤ استعمال کرائیں۔ درد شکم کے لئے ہمراہ سوڈا واٹر یا عرق سونف استعمال کرائیں۔

(170) دوائے قبض دائمی کہنہ

منافع: قبض دائمی کا سب سے بہتر مجرب المجرب نسخہ ہے۔ جس کے کچھ عرصہ تک استعمال کرانے سے انتڑیوں کی خشکی زائل ہو کر قبض کی شکایت دور ہو جاتی ہے۔ کسی قسم کے ضرر وغیرہ نہیں ہوتا۔

اجزاء: برگ سناء، دانہ الائچی خورد ہر ایک 6 ماشہ، شہد 2 تولہ، بادام روغن ایک تولہ۔

ترکیب ساخت: خشک دوائیں الگ الگ باریک کر کے شہد اور بادام روغن میں ملالیں۔
طریق استعمال: 4 ماشہ سے 9 ماشہ تک رات کو سوتے وقت ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم استعمال کرائیں۔

(171) معجون ملین دافع بلغمی امراض

منافع: قبض ہر قسم، کثرت ریاح، کثرت بلغم، تمام بلغمی و ریاحی امراض تنقیہ معدہ، تنقیہ دماغ، تنقیہ بدن تمام نئی اور پرانی امراض میں اور جہاں قبض کشائی کی ضرورت ہو نہایت مفید ثابت ہوئی ہے۔ خصوصاً بلغمی اور اعصابی امراض میں تنقیہ کے لئے موثر دوائی ہے۔ صرف قبض کشا نہیں بلکہ اعلیٰ درجہ منقی بدن ہے۔ یعنی تمام اعضاء کا تنقیہ کرتی ہے۔ اور اخلاط کو نکالتی ہے۔ ریاحی اور بلغمی امراض کے مواد خارج کر کے فوری فائدہ کرتی ہے۔ مرکب امراض کے علاج میں سرد مزاجوں کو یہ معجون استعمال کرائی جاتی ہے۔ اور گرم مزاجوں اور گرم مرضوں میں معجون ملین بارد جو اس کے بعد لکھ جائے گی۔ استعمال ہوتی ہے۔ دونوں معجونیں زیادہ مقدار میں مسہل ہیں اور کم مقدار میں ملین، لطف یہ کہ مواد خوب خارج کرتی ہیں۔
اجزاء: سکبینج، جاؤشیر، اشق، غاریقون، تخم حنظل، سقمونیا ہر ایک تین ماشہ، سنبل الطیب 2 ماشہ، تربد موصوف 9 ماشہ، ایارج فیقرا 5 ماشہ۔
ترکیب ساخت: سب دوائیں الگ الگ باریک پیس کر بادام روغن سے چرب کر کے شہد یا شیرہ مربہ ہلیلہ دوچند ملا کر معجون بنالیں۔
طریق استعمال: ایک ماشہ سے 4 ماشہ تک مطابق عمر ہمراہ دودھ گرم یا چائے استعمال کرائیں جس دن قبض کی شکایت ہو استعمال کرائیں۔

(172) معجون ملین بارد

منافع: گرم امراض اور گرم مزاج مریضوں کے لئے اعلیٰ ملین اور قبض اور تبخیر کا خاص علاج ہے۔ تمام اور تمام مرکب امراض میں استعمال کرائی جاتی ہے اور بلا تکلیف مواد نکالتی ہے خواہ جس قدر نازک اور نفیس مزاج مریض ہو گھبراہٹ وغیرہ مطلق نہیں کرتی۔ سرسام، مراق، ذات الجنب تمام تشنجی امراض قبض دائمی اور ورم احشاء و تمام مرکب امراض کے لئے نہایت مفید ہے۔ مرکب و مفرد امراض کے دوران علاج میں اگر قبض کشائی کے ذریعہ مواد کا نکالنا مطلوب ہو یا صفراوی و دموی امراض یا کسی نازک گرم مزاج مریض کو نرم مسہل دینا ہو تاکہ بلا تکلیف دو تین اجابتیں ہو کر مواد خارج ہو جائیں تو اس ملین کو استعمال کرایا جاتا ہے۔ خوش ذائقہ اور مفرح ہے۔ اور گرمی وغیرہ کسی قسم کی تکلیف مطلق نہیں دیتی۔ مزمنہ امراض میں عمدہ کار آمد چیز ہے جو روزانہ یا بوقت ضرورت استعمال کی جاسکتی ہے۔ جگر اور معدہ کی اصلاح کرتی ہے۔ ہمیشہ کی معمول مطب ہے۔
اجزاء و ترکیب ساخت: آلو بخارا، املی، برگ سناء ہر ایک 7 تولہ، گل سرخ تین تولہ کو رات کے وقت ایک سیر پانی میں بھگو رکھیں۔ صبح جوش دیں۔ جب ڈیڑھ پاؤ رہ جائے تو مل چھان کر گرم گرم میں مغز

خیار شنبر ساڑھے سات تولہ مل کر چھلنی میں چھان کر مصری تین پاؤ ملا کر قوام تیار کر کے بادام روغن 2 تولہ ملا کر سفوف کشنیز خشک 2 تولہ اصل السوس خراشیدہ ساڑھے سات ماشہ ملائیں۔ بس تیار ہے۔

طریق استعمال: 6 ماشہ سے ایک تولہ تک ہمراہ شیر گاؤ نیم گرم استعمال کرائیں۔

(173) موسم گرما کا مسہل

منافع: وقتی ضرورت کے وقت استعمال کیا جاتا ہے۔ اس سے گرمی، گھبراہٹ وغیرہ مطلق نہیں ہوتی۔

اجزاء و ترکیب استعمال: سنا کی، گل بنفشہ، مغز بادام ہر ایک ایک تولہ، مغز کدو، مغز خیارین، مغز تربوز، مغز خربوزہ ہر ایک 4 ماشہ، گل قند ساڑھے تین تولہ۔

ترکیب ساخت: سناء کی ڈنڈیاں دور کر کے سب اشیا کو 2 چھٹانک یا کم و بیش پانی میں گھوٹ کر کپڑے میں چھان کر پلائیں۔

(174) سفوف ملین

منافع: قبض کشائی اور اسہال کے لئے معمول مطب ہے۔ قولنج، قبض سخت، درد شکم ریاح، درد گردہ سدہ وغیرہ کے لئے معمول ہے۔ تینوں اخلاط کی مخرج ہے۔ جہاں تیز مسہل کی ضرورت ہو بے ضرور مسہل کا کام دیتی ہے۔

اجزاء: زرشک بے دانہ، پوست آلو بخارا، ریوند عصارہ، مغز جمال گوٹہ مدبر ہر ایک 5 ماشہ، گل سرخ، گل بنفشہ ہر ایک 10 ماشہ، تخم کاسنی، تخم خربوزہ ہر ایک 15 ماشہ۔

ترکیب ساخت: سب دوائیں الگ الگ باریک کر کے ملالیں۔

طریق استعمال: قبض کشائی کے لئے 4 رتی اور مسہل کے لئے ڈیڑھ ماشہ ہمراہ شربت صندل تین تولہ، سکنجبین 2 تولہ، عرق گلاب 10 تولہ یا ہمراہ دودھ نیم گرم استعمال کرائیں۔

(175) حب مسہل جامع الفوائد

منافع: یہ حبوب مسہل امراض سوداویہ دافع استسقاء و فالج و استرخاء و لقوہ و مسہل بچگاں و مسہل بلغمی امراض دافع ریاح و قبض و درد شکم و قولنج وغیرہ ہیں جو کہ میرے مطب میں ہر وقت تیار رہتی ہیں۔ تمام سوداوی و بلغمی امراض کس مسہل ہر قسم کے درد شکم کی دافع ہیں۔ ایک بے ضرر اور آسانی سے تیار ہو جانے والا بلا لاگت مسہل ہے۔ کم تعداد میں مذکورہ بالا امراض کا علاج اور زیادہ مقدار میں مسہل کا کام دیتی ہیں۔ لطف یہ ہے کہ بے ضرر ہیں۔

اجزاء: سیماب، گندھک، آملہ سار، سہاگہ، فلفل سیاہ، زنجبیل، پوست ہلیلہ زرد ہر ایک 6 ماشہ، مغز جمال گوٹہ مدبر ڈھائی تولہ۔

ترکیب ساخت: سیماب، گندھک کو آدھ گھنٹہ تک کھرل کریں۔ جب خوب مل جائیں تو ان میں باقی دوائیں بھی علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر ملالیں۔ پھر آب لیموں یا آب بھنگرہ میں ایک دن کامل کھرل

کریں۔ بعدہ گولیاں بقدر مرچ سیاہ تیار کریں۔

طریق استعمال: روزانہ استعمال کے لئے ایک ایک گولی صبح و شام یا صرف ایک وقت ہمراہ دودھ گرم استعمال کرائیں۔ دردِ شکم اور قبض کشائی کے لئے 2 گولی مسہل کے لئے 6 سے 8 گولی تک ہمراہ سوڈا واٹر یا آب دوغ یا ہمراہ سکنجبین تین تولہ عرق گلاب 6 تولہ، سرکہ 1 تولہ یا ہمراہ دودھ گرم یا ہمراہ خالص پانی استعمال کرائیں۔ ترش چیز کے ساتھ دینا زیادہ مفید ہے۔ اگر مریض کو گرمی محسوس ہو تو سوڈا واٹر یا سکنجبین پلائیں۔ گرم موسم میں گرم مزاجوں اور نازک مزاج امراء کو حتی الوسع مسہل کے طور پر استعمال نہ کرائیں۔ غذا نرم کھچڑی یا دلیہ گندم یا گوشت کے شوربہ میں ہلکہ خوب تر کرکے یا دودھ ڈبل روٹی دیں۔

(176) معجون قبض کشاء

منافع: قبض ہر قسم ریح بواسیر اور ضعف ہضم کے لئے نہایت مفید ہے۔ مقوی معدہ، محلل ریاح، لطف یہ کہ نہایت آسان ہے۔ اس کے اجزاء ہر جگہ سے با آسانی دستیاب ہو سکتے ہیں۔ دائمی قبض اور غلبہ ریاح کے لئے خاص چیز ہے۔ یہ ایک سادھو کا عطیہ ہے۔

اجزاء: پوست ہلیلہ زرد، پوست ہلیلہ، آملہ، زنجبیل یعنی سونٹھ ہر ایک ایک تولہ، تربد یعنی تردی 2 تولہ، شہد خالص 20 تولہ۔

ترکیب ساخت: ہر ایک دوائی الگ الگ باریک پیس کر شہد میں ملا کر رکھ لیں۔

طریق استعمال: ایک تولہ رات کو سوتے وقت یا صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کرائیں۔

(177) حب اکسیر معدہ

منافع: ہاضم مقوی معدہ، مخرج ریاح، دافع درد شکم، قے، ہیضہ، اسہال وغیرہ پیٹ کی تمام امراض کی مفید ترین دوا ہے۔ جس کا نسخہ ایک سیاح سے حاصل ہوا۔ بالکل ارزاں اور آسان ہے۔

اجزاء: گل مدار یعنی آک 5 تولہ، مرچ سیاہ 2 تولہ، نمک خوردنی 6 تولہ۔

ترکیب ساخت: الگ الگ باریک کریں اور لعاب گھیکوار سے کھرل کرکے چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

طریق استعمال: قولنج میں تین گولی ہمراہ پانی، ہیضہ کے لئے دو گولی درد شکم وغیرہ کے لئے ایک گولی ہمراہ پانی گرم استعمال کرائیں۔ ضعف معدہ کے لئے ایک ایک گولی صبح و شام بعد طعام ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔

(178) درد معدہ و ضعف معدہ و درد اعصاب

اجزاء: گھاں 7 ماشہ، مویز منقی 9 ماشہ۔

ترکیب ساخت: دونوں دوائیں کوٹ کر 2-2 ماشہ کی گولیاں بنالیں۔

طریق استعمال: ایک ایک گولی صبح دوپہر شام ہمراہ شربت بنفشہ 2 تولہ' عرق سونف 5 تولہ استعمال کرائیں۔

(179) دوائے ورم معدہ

(از بیاض سلیمی)

اجزاء: اکلیل الملک' بابونہ ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب ساخت: تین چھٹانک پانی میں جوش دیں۔ جب 6 تولہ کے قریب پانی رہ جائے تو مل چھان کر اس میں بادام روغن تین تولہ ملا کر دوبارہ جوش دیں۔ جب پانی جل جائے تو روغن کو حفاظت سے رکھیں۔

طریق استعمال: 2 ماشہ صبح 2 ماشہ شام استعمال کرائیں۔

(180) چورن برائے ہضم وغیرہ

اسناد: علامہ زمان جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کا عطیہ ہے۔

منافع: ہاضمہ تپ لرزہ' یرقان' تپ بلغی' کثرت ریاح شکم کے لئے معمول ہے۔

اجزاء: زیری سیاہ' اجوائن دیسی' مرچ سیاہ' نمک سیاہ پوست' ہلیلہ زرد ہر ایک دو دو تولہ۔

ترکیب ساخت: سب کو باریک پیس کر سفوف بنالیں۔

طریق استعمال: 4 ماشہ سے 6 ماشہ تک صبح و شام ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔

(181) اکسیر اسہال سبز اطفال

منافع: بچوں کو عموماً گرمی کے موسم میں اسہال جاری ہو جاتے ہیں۔ ساتھ پیاس زیادہ لگتی ہے۔ بعض دفعہ قے اور تپ بھی شامل ہوتا ہے۔ بچہ دن بدن سوکھتا جاتا ہے۔ اس عارضہ کے لئے یہ اکسیر نہایت مجرب اور آزمودہ ہے۔ اس سے دو دن میں اسہال بند ہو جاتے ہیں۔

اجزاء: زہر مہرہ' حب آلاس یعنی تخم موٹریوں' زرورد' طباشیر ہر ایک تین ماشہ سب کو باریک کر کے عرق کیوڑہ میں ایک گھنٹہ تک خوب کھرل کریں۔ اور خشک کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

طریق استعمال: 4 رتی سے ایک ماشہ تک ہمراہ آب سرد دن میں تین چار مرتبہ استعمال کرائیں۔ اگر بچہ چھوٹا ہو تو شیر والدہ یا پانی میں حل کر کے استعمال کریں۔

(182) اکسیر اسہال و پیچش

منافع: ہر قسم اسہال و پیچش خصوصاً گرمی کے جگری دستوں کے لئے نہایت اکسیر ہے۔ اس کی ایک خوراک سے آرام ہو جاتا ہے۔ نہایت زود اثر بے خطا ہمہ صفت موصوف نسخہ ہے۔ آگے قدر کرنا یا نہ کرنا آپ کے اختیار میں ہے۔ البتہ پیچش معمولی کے لئے معمول ہے۔

اجزاء: کشتہ فولاد ولایتی' کیلشیم لیکٹیٹ ہر ایک 6 ماشہ۔

ترکیب ساخت: دونوں دوائیں آپس میں خوب ملا کر رکھ لیں۔
طریق استعمال: 2 ماشہ ہمراہ چائے یا پانی صرف ایک دفعہ یا دو دفعہ دن میں استعمال کرائیں۔ غذا نرم مثل کھچڑی وغیرہ دیں۔

(183) سفوف برائے اسہال وپیچش

منافع: مذکورہ بالا نسخہ جات سے آسان اور اسہال وپیچش کے لئے مجرب ہے۔
اجزاء: زیرہ سفید، رال سفید، گل دھاوا، پوست خشخاش ہر ایک تین ماشہ۔
ترکیب ساخت: چاروں دوائیں الگ الگ باریک کر کے ملا لیں۔
طریق استعمال: تین تین ماشہ ہمراہ دہی صبح وشام استعمال کرائیں۔ غذا نرم کھچڑی دیں۔

(184) سفوف دافع اسہال خونی

اجزاء: صمغ عربی، کتیرا، طباشیر، سنگجراحت ہر ایک دو دو تولہ۔
ترکیب ساخت: سب کو الگ الگ باریک کر کے ملا لیں۔
طریق استعمال: 4 ماشہ صبح وشام ہمراہ شربت انجبار کو کناری ساڑھے تین تولہ، رب بہی ڈھائی تولہ عرق سونف 10 تولہ استعمال کرائیں۔

(185) برائے اسہال وبدہضمی اطفال

منافع: بچوں کو موسم گرما میں یہ عارضہ عام طور پر پیدا ہو جاتا ہے۔ اور ساتھ ہی قے کی شکایت بھی ہو جاتی ہے۔ اس کے لئے یہ نسخہ نہایت مفید ہے۔ ایک حد دو دن میں فائدہ ہو جاتا ہے۔ ہاضمہ درست ہو کر دست وقے بند ہو جاتے ہیں۔ نہایت ہی زود اثر عجیب وغریب نسخہ ہے۔
اجزاء: عرق پودینہ ایک بوتل، سوڈا بائی کارب، ٹنکچر جنجر ہر ایک ایک تولہ، کلورو ڈین 6 ماشہ، ٹنکچر کارڈ مم 2 تولہ سب کو ملا لیں۔
طریق استعمال: ایک سالہ بچہ کو چھ ماشہ دو سالہ کو ایک تولہ علی ہذا القیاس بلحاظ عمر بڑھائیں۔ دن میں تین خوراک استعمال کریں۔

(186) دیگر برائے اسہال اطفال

منافع: اگر مندرجہ بالا دوائی سے آرام نہ ہو اور مرض زیادہ ہو تو یہ سفوف استعمال کرائیں۔ شرطیہ آرام ہو گا۔
اجزاء: گل انار، زرورد، طباشیر، دانہ الائچی خورد، زہر مہرہ خطائی ہر ایک 6 ماشہ، افیون ایک ماشہ، ناریل دریائی، مغز کول ڈوڈہ، بیگری ہر ایک تین ماشہ۔
ترکیب ساخت: سب کو باریک کر کے سفوف بنائیں۔

طریق استعمال: 2 رتی سے 4 رتی تک بلحاظ عمر ہمراہ عرق پودینہ دن میں دو دفعہ استعمال کرائیں۔

(187) گھٹی برائے اطفال

منافع: شیر خوار بچوں کو ضعف ہضم' اسہال' قے' اپھارہ وغیرہ ہو یا پھوڑے پھنسیاں نکل آئیں۔ دودھ ہضم نہ ہوتا ہو۔ چھارو وغیرہ کی شافی دوا ہے۔ گاہ گاہ استعمال کرتے رہنے سے بچہ ہمیشہ تندرست رہتا ہے۔ جو کہ ہمارے علاقہ بھیرہ میں چھارو والی گھٹی کے نام سے مشہور ہے۔ بہرحال اسہال' قے' خرابی خون' ضعف ہضم کے لئے ایک بھروسہ کی چیز ہے۔

اجزاء: فلفل دراز 4 عدد' سورہ پیچ' کچور ہر ایک 6 ماشہ پودینہ جنگلی تین ماشہ' سندھور' پوست بلیلہ زرد ہر ایک 4 ماشہ' بپلا مول 5 ماشہ' مازو 2 عدد' نوشادر 9 ماشہ' ہڑوٹی ایک گولہ۔

ترکیب ساخت: سب دوائیں الگ الگ پیس کر ملالیں۔

طریق استعمال: ایک ماشہ سے 2 ماشہ تک مطابق عمر پانی میں حل کر کے استعمال کرائیں۔

(188) مرہم دافع بواسیر خونی

منافع: اس مرہم کے ایک ہفتہ استعمال کرنے سے مسوں کی تکلیف' درد خارش وغیرہ کو آرام ہو جاتا ہے۔ نہایت بے ضرر اور مجرب ہے۔ اس سے کئی مریض صحت یاب ہوئے ہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت: کانسی کے برتن میں روغن زرد 5 تولہ ڈال کر ایک سکہ کے بڑے ٹکڑے سے رگڑنا شروع کریں۔ جب گھی کا رنگ خوب سیاہ ہو جائے تو اس میں کافور' کتھ ہر ایک تین ماشہ' باریک پیس کر ملالیں اور لوہے کی ڈبیہ میں محفوظ رکھیں۔

طریق استعمال: صبح و شام اور رات کو سوتے وقت مسوں پر لگائیں۔

(189) گولیاں اکسیر بواسیر خونی و بادی ①

منافع: یہ ایک سنیاسی کا نسخہ ہے جو بواسیر کے لئے بہت مفید ہے۔ اس کے باقاعدہ استعمال سے آہستہ آہستہ مسے خشک ہو جاتے ہیں۔ اور بواسیر کی جملہ شکایات رفع ہو جاتی ہیں۔ نہایت اکسیری نسخہ پبلک کی ضرورت کو مدنظر رکھ کر درج کر دیا جاتا ہے۔ زیادہ عرصہ تک استعمال کرنا چاہیے۔ تاکہ مرض کا استیصال ہو جائے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: تخم بکائن یعنی درخت دھریک کا پھل حسب ضرورت لے کر اگر جلدی ہو تو دھوپ میں خشک کریں۔ ورنہ سایہ میں خشک کر کے باریک کوٹ لیں' پھر گائے کے پتہ کے پانی میں خوب کھرل کر کے گولیاں بقدر دانہ نخود تیار کریں۔

طریق استعمال: ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ پانی استعمال کریں۔ تمام گرم و ترش بادی اور تیل والی اشیاء نیز گائے کے گوشت اور قابض اشیاء سے پرہیز کرائیں۔

(190) گولیاں اکسیر بواسیر خونی ②

منافع: بواسیر خونی کے لئے مجرب اور آزمودہ ہیں۔
اجزاء و ترکیب ساخت: شیشہ نمک ایک تولہ' آب زہرہ بز (بکری کا پتہ) 21 عدد' پتوں کا پانی تر
تھوڑا ملا کر شیشہ نمک کو کھرل کریں۔ جب سب پانی ختم ہو جائے۔ گولیاں بقدر جنگلی بیر تیار کریں۔
طریق استعمال: ایک گولی صبح ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔

(191) گولیاں برائے بواسیر خونی و بادی

منافع: ہر قسم بواسیر کے لئے مجرب اور آزمودہ ہیں۔ ان کے تھوڑے ہی دنوں کے استعمال سے بواسیر
سب عوارض زائل ہو جاتے ہیں۔
اجزاء: مرچ سیاہ' ہو گل' مصبر' رسوت ہر ایک ایک تولہ۔
ترکیب ساخت: آب مولی یا خالص پانی کی مدد سے گولیاں بقدر نخود تیار کرلیں اور خشک کرکے
میں محفوظ رکھیں۔
طریق استعمال: ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ پانی استعمال کریں۔

(192) شربت برائے ریح بواسیر

منافع: ریح بواسیر کو نہایت مفید ہے۔ قبض کی عادت زائل کرتا ہے۔ دل کو طاقت بخشتا ہے۔ لطف
گرم بھی نہیں۔ اس کے کچھ عرصہ تک استعمال کرنے سے جگر کی اصلاح ہو کر سب شکایات متعلقہ
بواسیر رفع ہو جاتی ہیں۔
اجزاء: گل بنفشہ' گل سرخ' گل گاؤزبان ہر ایک ڈیڑھ تولہ' عناب 30 دانہ' لسوڑیاں 60 دانہ
خیارین 4 تولہ' برگ سناء 6 تولہ' تخم کاسنی' گلو خشک ہر ایک 2 تولہ' بادر نجبویہ 1 تولہ مصری تین پاؤ۔
ترکیب ساخت: حسب دستور شربت تیار کریں۔
طریق استعمال: تین تولہ صبح تین تولہ شام پانی ملا کر استعمال کرائیں۔

(193) بواسیر خونی و بادی کا مختصر نسخہ مجرب المجرب

اجزاء: مغز تخم نیم' ہو گل' کچلہ مدبر ہر ایک 6 ماشہ۔
ترکیب ساخت: تمام اشیا الگ الگ باریک کرکے پانی کی مدد سے چنے کے برابر گولیاں تیار کرلیں۔
طریق استعمال: ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ پانی استعمال کریں۔

(194) برائے مسہ بواسیر

منافع: بواسیری مسوں کے لئے نہایت مفید ہے۔ اس کے استعمال سے مسے بے حس ہو جاتے ہیں۔
اور خارش وغیرہ کی تکالیف رفع ہو جاتی ہیں۔

اجزاء: بھوت تین ماشہ، اجوائن دیسی 2 تولہ، نیلا تھوتھا 1 ماشہ۔
ترکیب ساخت: سب کو باریک پیس کر روغن ترہ یعنی تیل تارامیرا میں ملا کر رکھ لیں۔
طریق استعمال: رات کو سوتے وقت مسوں پر لگا کر لنگوٹ باندھ کر سو رہیں۔

(195) اکسیر حابس خون بواسیر

منافع: خون بواسیر خواہ جس قدر جاری ہو۔ اس کی پہلی خوراک سے بند ہو جاتا ہے۔ کوئی تکلیف وغیرہ بھی مطلقاً" نہیں ہوتی۔ نہایت بے ضرر اور زود اثر ہے۔
اجزاء و ترکیب ساخت: چھلکا ریٹھہ، گیرو مساوی الوزن لے کر پانی کی مدد سے نخودی گولیاں بنا لیں۔
طریق استعمال: دو گولی رات کو ہمراہ ایک گھونٹ روغن زرد کے نگل لیں۔

(196) دیگر بواسیری خون بند کرنے کا آسان نسخہ

منافع: جو علاوہ بواسیری خون بند کرنے کے جریان احتلام کو بھی مفید ہے۔
اجزاء و ترکیب ساخت: گاؤدنتی 2 تولہ لے کر کھٹی بوٹی کے ایک پاؤ نغدہ میں رکھ کر اوپر کپڑا لپیٹ کر گل حکمت کریں۔ یا کوزہ گلی میں کھ کر گل حکمت کر کے محفوظ جگہ میں چھ سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال لیں۔ سفید کشتہ شدہ برآمد ہوگی۔ پیس کر شیشی میں نگاہ رکھیں۔
طریق استعمال: جریان احتلام کے لئے دو رتی مکھن یا ملائی میں رکھ کر اور بواسیر کے لئے ہمراہ شربت انار 4 تولہ استعمال کرائیں۔

(197) اکسیر دیدان

منافع: پیٹ کے کرموں کے لئے اکسیر ہے۔ چاروں قسم کے کیڑوں کو مار کر نکالتی ہے۔
اجزاء: مصبر، کمیلہ، کیلومل، سٹونین ہر ایک تین ماشہ۔
ترکیب ساخت: تمام ادویہ باریک کر کے سفوف بنا لیں۔
طریق استعمال: بچوں کو دو رتی سے چار رتی تک ہمراہ عرق سونف سہ آتشہ استعمال کرائیں۔

(198) تریاق ہیضہ

منافع: ہیضہ کے لئے نہایت بے خطا ہے۔ نیز ہر قسم کی خرابی ہضم کے لئے ایک بہترین چیز ہے اور ضرورت کے وقت فوراً تیار ہو سکتا ہے۔
اجزاء: سکنجبین پاؤ، عرق الائچی، عرق پودینہ، عرق سونف، عرق اجوائن، سرکہ انگوری ہر ایک 5 تولہ، سوڈا بائی کارب 8 ماشہ، ٹاٹری 4 ماشہ۔
ترکیب ساخت: سب اشیاء ایک بوتل میں ملا کر خوب ہلائیں تاکہ یکذات ہو جائیں۔
طریق استعمال: پانچ پانچ تولہ گھنٹہ گھنٹہ کے بعد پلاتے رہیں۔

(199)دافع قے دائمی

اجزاءو ترکیب استعمال: پوست سماق' زرشک ہر ایک تین ماشہ' تین تولہ پانی میں گھوٹ کر شربت انار 2 تولہ ملا کر چٹائیں۔

قے دائمی کا دوسرا نسخہ

اجزاءو ترکیب استعمال: شربت سیب' سرکہ' سکنجبین ہر ایک دو تولہ' سب کو ملا کر پانی میں سرد کر کے تھوڑا تھوڑا پلائیں۔

(200)علاج ہیضہ مجرب

منافع: یہ طریق علاج بیس سال سے میرا معمول ہے۔ جو کہ نہایت تسلی بخش ثابت ہوا ہے۔ آج تک جس جگہ اس نسخہ کے استعمال کا اتفاق ہوا۔ کبھی ناکامی نہیں ہوئی۔ تمام عوارض مثلاً اسہال' قے' شدت عطش' بے قراری' بد ہضمی' نقاہت وغیرہ اس کے استعمال سے کافور ہو جاتے ہیں۔ اس پر طرہ یہ کہ اس کے اجزاء نایاب نہیں۔ بنانے میں کوئی دیری یا تکلیف نہیں ہوتی۔ ضرورت کے وقت ایک معمولی عطار تیار کر کے دے سکتا ہے۔ ایک اصولی طریق علاج ہے جو دیگر سب علاجوں سے بدرجہا بہتر ہے۔ پیاس' گھبراہٹ' وغیرہ تکالیف کو فی الفور نفع ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ غذا غیر منہضم ہضم ہو کر سب تکالیف شرطیہ رفع ہونی شروع ہو جاتی ہیں۔ گرم دواؤں سے بدرجہا بہتر ہے۔ غرض تسلی بخش علاج ہے۔ اسے معمولی تصور نہ کریں۔ بلکہ ضرورت کے وقت اس کا تجربہ کر لیں۔

اجزاء: نوشادر' مرچ سیاہ' پودینہ خشک ہر ایک تین ماشہ' نمک سیاہ' الاچی خورد' سونف کشنیز ہر ایک 6 ماشہ' مصری تین تولہ۔

ترکیب ساخت: سب دوائیں الگ الگ باریک کر کے سفوف بنالیں۔ نیز سکنجبین سادہ' عرق سونف عمدہ ہر ایک ایک پاؤ' روح سرکہ (اسیٹک ایسڈ) ایک تولہ اگر دستیاب نہ ہو سکے تو سرکہ انگوری 5 تولہ سب کو ایک بوتل میں ملالیں۔

طریق استعمال: دو ماشہ سفوف کھا کر بوتل والی دوائی میں سے پانچ تولہ کے قریب لے کر اس میں 2 تولہ پانی ملا کر پئیں۔ پندرہ پندرہ منٹ کے بعد اسی طریق پر دیتے رہیں۔ اگر شکایت معمولی ہو تو آدھ آدھ گھنٹہ کے بعد دیئے جائیں۔ اگر دوائی قے سے نکل جائے تو پھر دے دیں۔ چار پہر میں پوری طرح آرام ہو جاتا ہے۔ غذا مطلقاً نہ دیں۔ شفایابی سے بعد جب سخت بھوک لگے تو نرم غذا تھوڑی سی کھلا کر بعد میں ایک دو بار یہی دوائی کھلائیں۔ غذا مونگ اور چاول کی نرم کھچڑی میں گوشت بز کا شوربہ ملا کر دینا عمدہ ہے۔

مجربات امراض قلب (دل)

(201) اکسیر المسک

منافع: یوں تو ضعف قلب کی سینکڑوں دوائیں ہیں جن میں سے اکثر زیادہ قیمتی ہوتی ہیں۔ کسی کے اجزاء مشکل سے مہیا ہوتے ہیں۔ کسی کی محنت زیادہ ہوتی ہے۔

اس کے برعکس اکسیر المسک یقینی فائدہ کرتی ہے۔ پانچ منٹ میں تیار ہو سکتی ہے۔ قیمت کچھ بھی نہیں۔ صرف اس کے اجزاء ایک دفعہ اصلی مہیا کر کے اسے تیار کر لینا ضروری ہے۔

اکسیر المسک غشی قوت ساقط ہو جانے ' ہاتھ پاؤں کے سرد ہو جانے ضعف قلب دل گھٹنے بزدلی وغیرہ کے لئے ایک اعلیٰ پایہ لاثانی چیز ہے۔ جو کہ تمام یاقوتیوں دواء المسکوں مفرحات وغیرہ کی سرتاج ہے اس جیسا بے خطا کم قیمت نسخہ اور کوئی نہیں ہو سکتا۔

اس سے امیر و غریب سب فائدہ اٹھا سکتے ہیں۔ نہایت عزیز ترین نسخہ ہے۔ جو فیض رسانی خلائق کے لئے درج کیا جاتا ہے جو احباب اس سے مستفید ہوں گے۔ یقیناً داد دیئے بغیر نہیں رہ سکیں گے۔ ایک قابل اخفا چیز ہے۔

اجزاء: مشک ولایتی (جو تمام بڑے انگریزی دوا فروشوں سے ایک اونس کی بند شیشی مل جاتی ہے) 2 ماشہ کشتہ فولاد ولایتی (فرائی کاربوناس) 2 ماشہ کشتہ مرجان 3 ماشہ ' کشتہ صدف 2 ماشہ۔

ترکیب ساخت: مشک ولایتی باریک کھرل کر کے کشتہ جات ملا لیں بس تیار ہے۔

طریق استعمال: اگر مرض کا دورہ ہو تو 4 رتی اکسیر المسک ہمراہ دودھ یا چائے یا پانی یا مناسب عرق استعمال کرائیں۔ فوراً ہوش آ جائے گی۔ اگر پوری طرح ہوش نہ آئے تو دوسری خوراک دے دیں۔ اگر تقویت قلب مطلوب ہو تو صبح ' دوپہر ' شام تین دفعہ دن میں یا صبح و شام یا صرف ایک وقت مطابق ضرورت مرض استعمال کرائیں۔ اس سے ضعف قلب کی شکایت رفع ہو کر آئندہ دورہ مرض کچھ دنوں تک موقوف ہو جائے گا۔

نوٹ: اگر فی خوراک ایک عدد ورق نقرہ کلاں ملا کر دیا جائے تو زیادہ فائدہ ہوتا ہے۔

(202) معجون مفرح

منافع: مقوی قلب ' دماغ ' جگر ' معدہ ' دافع گرمی و دل دھڑکن ' مفرح قلب ' بدرجہ کمال ہے۔

جہاں ضعف جگر و معدہ و قلب و گرمی جگر و ضعف بدن کمی خون کا عارضہ ہو۔ یرقان تک نوبت پہنچ گئی ہو۔ زردی رنگ بدن ' زردی چہرہ ' ناطاقتی بدن ہو۔ یہ معجون نہایت مفید پڑتی ہے۔ غرض ضعف اعضاء رئیسہ خصوصاً ضعف جگر و قلب و گرمی و دل دھڑکن ' کمی خون و زردی رنگ بدن کی ایک خاص دوا ہے۔ جو میری اپنی مجوزہ ہے۔ نہایت آسانی سے تیار ہو سکتی ہے اور لمبے چوڑے نسخوں سے بدرجہا بہتر

ہے۔

اجزاء: کشتہ فولاد آبی، کشتہ مرجان، کشتہ عقیق ہر ایک ماشہ، دانہ الائچی خورد طباشیر نقرہ ہر ایک تین ماشہ، ورق نقرہ 32 عدد مربہ سیب، مربہ ہلیلہ، مربہ آملہ، مربہ بہی ہر ایک 4 تولہ۔

ترکیب ساخت: مربہ جات کو نڈہ ڈنڈہ میں خوب گھوٹ لیں۔ دانہ الائچی خورد، طباشیر کو باریک پیس کر ورق نقرہ ملا کر خوب کھرل کر لیں۔ پھر کشتہ جات ملا کر سب اشیاء کو اچھی طرح گھوٹ کر ملا لیں۔

طریق استعمال: ایک تولہ صبح و شام ہمراہ شربت صندل، شربت گاؤزبان قدیم ہر ایک 1 تولہ، عرق گلاب، عرق بید مشک، عرق گاؤزبان ہر ایک 4 تولہ استعمال کریں۔

(203) تریاق القلب آسان

(صندوقچہ)

منافع: تقویت قلب اور تفریح قلب کے لئے اسم بامسمی ہے۔ لطف یہ کہ نہایت سہل الحصول اور ارزاں ہے اور شب و روز کا معمول نہایت قیمتی نسخہ ہے۔ زیادہ تعریف فضول ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: زہر مہرہ 2 تولہ کو عرق گلاب 5 تولہ میں کھرل کر کے خشک کر لیں۔ پھر اس میں لاجورد مغسول 2 تولہ ملا کر رکھیں۔

طریق استعمال: چار رتی سے ایک ماشہ تک مربہ سیب یا مربہ بہی یا گلقند میں ملا کر استعمال کریں۔

(204) دواء المسک معتدل

منافع: اعلیٰ درجہ مقوی اعضاء رئیسہ ہے۔ مراق، توحش، تبخیر خفقان سوداوی کو زائل کرتی ہے۔ ارواح و قوی و تمام بدن کو قوت دیتی ہے۔ غشی، سقوط قوت (ضعف قوت حیوانی) بردا طرف (ہاتھ پاؤں کا ٹھنڈا ہو جانا) ضعف قلب کا علاج ہے۔ اس کا تجربہ کرنے کے بعد یقیناً میرے دوست نہایت خوش ہوں گے۔

اجزاء: مشک نیپالی تین ماشہ، مروارید ناسفتہ، زعفران ہر ایک ایک ماشہ، کہربا، بیخ مرجان، سنگ یشب، ابریشم خام، طباشیر ہر ایک 6 ماشہ۔

ترکیب ساخت: ابریشم کو صاف کر کے ہاون دستہ میں خوب کپڑ چھان کر لیں۔ کہربا بیخ مرجان، سنگ یشب کو باریک پیس کر کپڑے میں چھان لیں۔ مروارید کو عرق گلاب 3 ماشہ میں کھرل کر کے خشک کر لیں۔ مشک اور زعفران کو بھی باریک کھرل کر لیں۔ پھر سب اشیاء کو خوب ملا لیں۔ پھر کشنیز خشک، تخم خرفہ، تخم خیارین ہر ایک ایک تولہ کو ایک پاؤ پانی میں گھوٹ چھان کر مصری آدھ سیر ملا کر قوام تیار کریں۔ جب ٹھنڈا ہو جائے سفوف ادویہ مذکورہ ملا کر چمچہ سے اچھی طرح حل کر کے ڈبیہ میں محفوظ رکھیں۔

طریق استعمال: 4 ماشہ سے 6 ماشہ تک ہمراہ عرق گاؤزبان 12 تولہ یا یونہی چٹا دیں۔ گرم بادی اور ثقیل اشیاء سے پرہیز کرائیں۔ بے ہوشی کی حالت میں کسی چیز میں حل کر کے حلق میں ڈالیں۔

(205) خمیرہ مفرح قلب

منافع: ضعف اعضاء رئیسہ کے دور کرنے دل، دماغ کو کمال طاقت پہنچانے اور ضعف قلب کے گرم مزاج مریضوں اور مجلوقوں کے لئے ایک نعمت ہے۔ گرمی و توحش، تبخیر، مراق، ضعف دماغ، گھبراہٹ دل دھڑکہ وغیرہ تمام گرم امراض قلب کی خاص چیز ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: صندل سرخ 5 تولہ، صندل سفید، بادر نجبویہ ہر ایک ایک تولہ کو عرق گلاب ایک سیر اعلیٰ درجہ میں 24 گھنٹہ تک بھگو رکھیں۔ پھر جوش دے کر مل چھان کر مصری ڈھائی سیر ملا کر قوام تیار کریں۔ بعدہ کشتہ فولاد، کشتہ چاندی، کشتہ مرجان، کشتہ زہر مہرہ، دانہ الائچی خورد کوفتہ، ورق نقرہ ہر ایک تین ماشہ، روح کیوڑہ 2 تولہ میں کھرل کر کے ملا لیں اور کونڈہ ڈنڈا میں گھوٹنا شروع کریں۔ جب سفید ہو جائے خمیرہ تیار ہے۔

طریق استعمال: 6 ماشہ سے تولہ تک صبح و شام استعمال کرائیں۔ گرم اور بادی اشیاء سے پرہیز کرائیں۔

(206) اکسیر نقرئی

منافع: ضعف معدہ، جگر، دماغ، دل دھڑکہ، گرمی طبیعت، گرمی جگر، جریان، کثرت احتلام، ضعف قلب کی معمول مطب آسان اکسیر ہے۔ مجلوق کے عوارض، گرمی و ضعف اعضاء رئیسہ، کمی خون، ضعف معدہ، کمی اشتہا، جریان، ضعف قلب کے لئے خاص طور پر مفید ہے۔ جوانوں کے ضعف، اعضاء رئیسہ و گرمی وغیرہ کی آسانی سے تیار ہو جانے والی اکسیر ہے۔

اجزاء: کشتہ فولاد آبی، کشتہ عقیق ہر ایک ڈیڑھ ماشہ، کشتہ مرجان، کشتہ قلعی ہر ایک تین ماشہ، ورق نقرہ 60 عدد۔

ترکیب ساخت: کشتہ جات کو کھرل میں ڈال کر ورق ایک ایک کر ڈالتے جائیں۔ جب خوب مل جائیں تو شیشی میں محفوظ رکھیں۔

طریق استعمال: چار رتی صبح مکھن میں رکھ کر استعمال کریں۔ گھنٹہ کے بعد دودھ تازہ آدھ سیر پلائیں۔ 4 بجے شام شربت صندل 3 تولہ، روح کیوڑہ تین ماشہ، عرق گاؤزبان، عرق بید مشک ہر ایک 6 تولہ ہمراہ مربہ ہلیلہ 1 عدد و ورق نقرہ 2 عدد استعمال کریں۔

(207) دوائے ضعف قلب و گرمی

منافع: گرمی، تپش قلب، ضعف قلب، دل دھڑکہ، خواہ جس عارضہ سے ہو۔ خصوصاً وہ ضعف جگر و دل و دھڑکہ جو گرمی کے سبب سے ہو نہایت مفید ہے۔ اکثر جریان کے مریضوں کو ایک وقت یہ دوا استعمال کرائی جاتی ہے۔ عام معمول ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: کشتہ فولاد، کشتہ مرجان ہر ایک ایک ماشہ ملا کر رکھ لیں۔

طریق استعمال: چار چاول صبح مکھن میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

مجربات امراض جگر و طحال

(208) حب اکسیر جگر

منافع: ضعف جگر، ضعف معدہ، دل دھڑکہ، بھس، کمی خون، زردی رنگ بدن کو دور کرتی ہیں۔ جگر اور معدہ کا فعل درست کرتی ہیں۔ جو شخص گرمی جگر کے عارضہ سے بار بار نہاتا ہو۔ اور ضعف جگر کی وجہ سے چل پھر نہ سکتا ہو۔ بدن کی سوزش اور گرمی ستاتی ہو۔ غذا جزو بدن نہ بنتی ہو۔ اس کے لئے نہایت اکسیر ہیں۔

اجزاء: خبث الحدید مدبر الائچی کلاں، الائچی خورد، طباشیر، فلفل دراز، آردگلو، کشنیز خشک ہر ایک ایک تولہ سب کو باریک کر کے سفوف بنالیں۔

ترکیب ساخت: قند سیاہ کہنہ ایک پاؤ کو عرق گلاب میں قوام کر کے سفوف مذکورہ ملا کر گولیاں بقدر جنگلی بیر تیار کریں۔

طریق استعمال: ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ چھاچھ استعمال کرائیں۔ گرم، ترش اور تیل والی اور بادی اشیا سے پرہیز کرائیں۔

خبث الحدید مدبر کرنے کی ترکیب: خبث الحدید حسب ضرورت لے کر ہاون دستہ میں خوب کوٹ کر کسی برتن میں ڈال کر پانی سے دھونا شروع کریں۔ ہر دفعہ تازہ پانی ڈال کر مل کر گراتے جائیں۔ اس حد تک کہ خبث الحدید میں مٹی کا اثر کچھ نہ رہ جائے پھر اس میں سے دس تولہ لے کر کڑھائی میں ڈال کر ترپھلہ کے پانی سے لوہے کے دستہ کے ذریعہ چار دن تک رگڑتے رہیں۔ پھر وہی ترش سے چار پانچ دن تک رگڑیں۔ جب خشک ہو جائے باریک پیس کر نگاہ رکھیں۔

نوٹ: اگر کشتہ خبث الحدید تیار نہ ہو سکے تو اس کے عوض کشتہ فولاد ولایتی ملالیں۔

(209) تریاق جگر و طحال

منافع: ضعف جگر، سوء القینہ، کمی خون، زردی رنگ بدن، جگر اور تلی کا بڑھ جانا وغیرہ۔ تمام عوارض جگر و طحال کے لئے اسم با مسمی ہے۔ جگر طحال کے فعل کو درست و قوی کرتی ہے۔ جو ہمارے مطب میں ہر وقت تیار رہتی ہے۔ سینکڑوں دفعہ کی مجرب اور آزمودہ ہے۔

اجزاء: جوہر نوشادر یا نوشادر خام، ریوند خطائی، ہیرا کسیس ولایتی (فرائی سلفاس) ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب ساخت: سب کو الگ الگ باریک کر کے ملالیں۔

طریق استعمال: ایک رتی صبح اور شام ہمراہ شربت بزوری عرق سونف، عرق مکو ہر ایک تین تولہ، عرق

کاسنی 6 تولہ یا صرف پانی سے یا گلقند میں ملا کر استعمال کرائیں۔

(210) شربت فولاد تریاق جگر

منافع: اس شربت کا خاصہ ہے کہ معدہ میں پہنچتے ہی معدہ کی طاقت کو بڑھاتا ہے۔ پھر جگر میں جا کر بالخاصہ اس کو تقویت بخشتا ہے۔ پھر تمام بدن میں اس کی تاثیر جوہریہ اثر کرتی ہے۔ کمزوروں، ضعیف العمروں کو جن سے کچھ کھایا پیا نہ جا سکے۔ کچھ چل پھر نہ سکیں۔ بھوک نہ لگتی ہو اور کام کاج سے عاری ہوں اور وہ بیمار جو بڑی بیماریوں کے بعد ضعیف ہو چکے ہوں یا بدن زرد اور خون کی کمی ہو۔ ان سب کے لئے یہ شربت تریاق کا کام دیتا ہے۔ رنگ سرخ کرتا ہے۔ طبیعت میں ہمت بڑھتی ہے۔ طحال اور سوء القینہ اور یرقان میں بھی عجیب فائدہ بخشتا ہے۔ ضعف اعصاب، کثرت پیشاب، ذیابیطس پرانے دستوں کو زائل کرنے کے لئے عجیب چیز ہے۔ جس شخص کا چلنے پھرنے سے سانس پھول جاتا ہو یا زینہ پر چڑھنے سے تھک جاتا ہو۔ اس شربت کے چند روز استعمال کرنے سے یہ تمام شکایات رفع ہو جاتی ہیں۔ ضعف ہضم، ضعف جگر کے لئے نہایت عمدہ چیز ہے۔ دودھ، گھی ہضم کرتا اور رنگ بدن کو سرخ کرتا ہے۔ اور بدن کو طاقت بخشتا ہے۔ ایک مخفی راز ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: برگ نرم، جامن پانچ سیر پختہ لے کر اڑھائی سیر پختہ پانی میں خوب گھوٹ کر پانی نکالیں۔ اس پانی میں پوست ہلیلہ زرد، پوست بلیلہ آملہ ہر ایک آدھ سیر، الائچی خورد دو تولہ، بمعہ پوست زیرہ سفید 5 تولہ کوٹ کر ملا دیں۔ پھر لوہے کی صاف شدہ کڑاہی میں ڈال کر کنجیاں فولادی 5 عدد بھی ڈال دیں اور روزانہ ہلاتے رہیں۔ موسم گرما میں سات یوم تک اور موسم سرما میں نو دس دن تک رہنے دیں اور روزانہ کسی چیز سے ہلاتے رہیں۔ پھر اس کا مقطر یعنی صاف پانی اوپر سے نتھار کر تین پاؤ مصری کا قوام تیار کر کے 6 ماشہ پانی مذکور سے ملا لیں۔ بس تیار ہے۔ جتنا پانی نکلے فی بوتل 6 ماشہ ڈال کر شربت تیار کر لیں۔ سرخ رنگ خوراکی یا کچنل حسب ضرورت ملا لینا چاہئے۔ اگر دل چاہے تیار شدہ شربت گرم گرم میں روح کیوڑہ دو دو تولہ فی بوتل ملا لیں۔

طریق استعمال: 20 تولہ سے تین تولہ تک صبح و شام پانی ملا کر استعمال کریں۔ ثقیل بادی اور گرم ترش اشیاء سے پرہیز کریں۔

(211) کشتہ فولاد اکسیر جگر

منافع: یہ ایک سنیاسی کا نسخہ ہے۔ جو ضعف جگر، بھس، سوء القینہ، کمی خون، زردی رنگ، دل دھڑکنا، گرمی جگر وغیرہ کے لئے نہایت اکسیر ہے۔ معدہ کو طاقت دیتا ہے۔ غذا کو ہضم کرتا ہے۔ بدن میں خون وافر پیدا کر کے موٹا اور سرخ اور طاقتور بناتا ہے۔ عظم طحال اور بواسیر کے لئے مفید ہے۔ ایک دفعہ محنت کر کے بنا چھوڑیں۔ ایک کار آمد چیز تیار ہو جائے گی۔

اجزاء و ترکیب ساخت: بورہ فولاد یا اسپات ایک پاؤ پختہ کھرل میں ڈال کر آب جامن پختہ تین بوتل

بذریعہ کھرل جذب کردیں۔ یا بورہ فولاد کو چینی کے پیالہ میں ڈال کر آب جامن سے تر کرکے دھوپ پر رکھ کر اسی طرح تین بوتل جذب کردیں۔ روزانہ ہلا دیا کریں۔ آب جامن اس قدر ڈالا کریں کہ فولاد سے ایک انگل اوپر آجائے۔ جب تین بوتل پانی بذریعہ کھرل وغیرہ کے جذب ہو جائے تو پھر دو بوتل کیلے کے پانی میں نوشادر تین تولہ ملا کر تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کریں۔ اب کشتہ فولاد اکسیری تیار ہو گیا۔ پیس کر شیشی میں نگاہ رکھیں۔

طریق استعمال: نصف رتی سے ایک رتی تک صبح مکھن میں رکھ کر یا دہی کے گھرڑ میں ڈال کر استعمال کرائیں۔

(212) کشتہ منور یعنی لوہ چون

منافع: ضعف جگر بھس کے لئے اس کشتہ منور سے بڑھ کر اور کوئی نہیں پایا گیا اس سے ضعف جگر کے تین ایسے مریض شفایاب ہوئے جن کے کئی علاج ہو چکے تھے اور اٹھنے بیٹھنے سے عاجز تھے۔ غذا کچھ نہیں کھا سکتے تھے۔ اور زردی رنگ ضعف طحال و صلابت طحال بواسیر کو نہایت مفید ہے۔ غذا کو ہضم کرکے جزو بدن بناتا ہے۔ جس سے خون پیدا ہو کر بدن سرخ رنگ ہو جاتا ہے۔ طاقت دن بدن بڑھتی جاتی ہے۔ ضعف جگر، کمی خون، زردی رنگ بدن کے لئے نہایت مفید ہے۔ وہ تمام اوصاف جو کشتہ منور میں ہونے چاہئیں اس میں موجود ہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت: منور کا ایک بڑا ٹکڑا لے کر سات دفعہ سیاہ رنگ گائے کے پیشاب میں بجھا دیں۔ پھر ہاون دستہ میں کوٹ کر پانی سے بار بار دھو کر صاف کرلیں۔ پھر کسی برتن میں ڈال کر سرکہ انگوری سے خوب تر کردیں۔ جب خشک ہو جائے تو کوزہ گلی میں ڈال کر پانی ہاتھی سونڈی بوٹی سے کوزہ مذکور کو بھر کر منہ چینی سے خوب گل حکمت کرکے دس سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ جب سرد ہو جائے تو نکال کر دوبار سرکہ میں بدستور آنچ دیں۔ اس طریق سے تین آنچیں دے لیں۔ پھر چار پہر تک لیموں کے پانی میں چار پہر انار پختہ کے پانی میں چار پہر آب جامن پختہ میں اور چار پہر تک بکن بوٹی کے پانی میں کھرل کرکے کوزہ گلی میں بند کرکے دس سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ پھر پیس کر نگاہ رکھیں۔ اگر بکن بوٹی کسی جگہ دستیاب نہ ہو سکے تو تر بھلہ کے پانی میں کھرل کرلیں۔

طریق استعمال: دو رتی صبح مکھن یا دہی کے ساتھ استعمال کریں۔

(213) شربت مبرد جگر

منافع: گرمی جگر و غلبہ صفرا و تشنگی و گرمی مزاج و تپ صفراوی و دموی کے لئے نہایت مفید ہے۔ یہ شربت میرے شفاخانہ میں ہمیشہ تیار رہتا ہے اور گرم مزاجوں کو استعمال کرایا جاتا ہے۔

اجزاء: آلو بخارا 10 تولہ، تخم کاسنی 5 تولہ، گل نیلوفر تین تولہ، بورہ صندل سفید ایک تولہ مصری تین پاؤ۔

ترکیب ساخت: سوائے مصری کے باقی دوائیں چار پہر تک ایک سیر پانی میں بھگو رکھیں۔ صبح جوش

دیں۔ جب ڈیڑھ پاؤ رہ جائے تو مل چھان کر مصری ملا کر شربت تیار کریں۔

طریق استعمال: تین تولہ سے 5 تولہ تک صبح و شام پانی ملا کر استعمال کرائیں۔

(214) شربت فولاد

منافع: مقوی جگر، مقوی معدہ، دافع گرمی، دل دھڑکنا، ضعف جگر وغیرہ کے لئے نہایت عجیب و غریب ہے۔ دل کی تپش، ضعف جگر کے مریضوں کے لئے ایک نعمت ہے۔ معدہ اور جگر کی تمام امراض کے لئے نہایت مفید ہے۔ منٹوں میں تیار ہو جاتا ہے اور نہایت ارزاں ہے۔ گرم مزاج نوجوانوں کی اس کی قدر کرنی چاہئے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: کیلیشم لکٹیٹ 1 تولہ، ٹنکچر سٹیل 6 ماشہ، روح کیوڑہ تین تولہ، کچنیل ریڈ بال والا 2 ماشہ، یا رنگ سرخ بقدر ضرورت، مصری تین پاؤ، نمبر 1، 2، 4 کو نمبر 3 میں خوب حل کر لیں۔ پھر مصری کا قوام تیار کر کے محلول مذکور ملا کر ایک جوش آجانے کے بعد آگ سے اتار لیں۔

طریق استعمال: تین تولہ صبح تین تولہ شام پانی ملا کر استعمال کرائیں۔

(215) عرق ورم جگر و تمام احشاء

اسناد: حضرت علامہ جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب لاہوری کا معمول مطب ہے۔

منافع: ورم جگر معدہ، تلی، امعاء وغیرہ و تپ کہنہ کا معمول مطب خاص الخاص نسخہ ہے۔ ورم جگر و ورم معدہ، ورم تمام باطنی اعضا کے لئے معمول ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: برنجاسف، بادر نجبویہ، سونف، مویز منقی ہر ایک 5 تولہ، گل گاؤزبان، بادآورد، شکاعی ہر ایک تین تولہ اس کا عرق بقدر 2 بوتل کشید کریں۔

طریق استعمال: 5 تولہ صبح 5 تولہ شام مصری ملا کر استعمال کریں۔

(216) خیساندہ ورم جگر

اجزاء و طریق استعمال: چرائتہ 3 ماشہ کو عرق سونف، عرق گاؤزبان، عرق مکو ہر ایک 4 تولہ میں رات کے وقت بھگو دیں۔ صبح چھان کر شربت انار یا شربت بزوری تین تولہ ملا کر استعمال کریں۔

(217) سفوف برائے ورم جگر

اجزاء: شکر تری، طباشیر، تج ہر ایک ایک تولہ، الائچی خورد تین تولہ، فلفل دراز 2 تولہ۔

ترکیب ساخت: سب دوائیں کوٹ کر سفوف بنالیں۔

طریق استعمال: چار چار ماشہ صبح و شام ہمراہ پانی یا شربت بزوری تین تولہ، عرق کاسنی 6 تولہ استعمال کریں۔

(218) سفوف مقوی جگر

اجزاءو ترکیب ساخت: گل سرخ ایک تولہ' زرشک' لک مغسول ہر ایک تین ماشہ' تخم خماض 5 ماشہ' زعفران 4 رتی' کافور ایک ماشہ۔

ترکیب ساخت: سب دوائیں الگ الگ باریک کر کے سفوف بنالیں۔

طریق استعمال: تین ماشہ علی الصبح ہمراہ پانی استعمال کریں۔

(219) شربت مقوی جگر

اجزاء: تخم کاسنی' غنچہ گل سرخ' سونف ہر ایک 6 تولہ' پوست بیخ کاسنی 12 تولہ' نیلوفر گل دہاوا' گل گاؤزبان' ابریشم خام ہر ایک ایک تولہ' فقاح اذخر 6 ماشہ' مصری تین پاؤ۔

ترکیب ساخت: سب دوائیں چار پہر تک ایک سیر پانی میں تر کر کے صبح جوش دے کر جب ڈیڑھ پاؤ رہ جائے مل چھان کر مصری ملا کر شربت تیار کریں۔

طریق استعمال: تین تین تولہ صبح و شام پانی ملا کر استعمال کریں۔

(220) سفوف ضعف جگرو یرقان زرد

اجزاء: کشتہ فولاد' افستین' جوہر نوشادر یا نوشادر خام ہر ایک 6 ماشہ' طباشیر' دانہ الائچی خورد ہر ایک ایک تولہ مصری کوزہ ساڑھے تین تولہ۔

ترکیب ساخت: سب دوائیں الگ الگ باریک کر کے ملالیں۔

طریق استعمال: تخم کاسنی' زرشک' نیلوفر ہر ایک 6 ماشہ رات کو تین چھٹانک پانی میں تر کریں۔ صبح اس کا زلال لے کر مصری دو تولہ ملا کر ایک ماشہ سفوف پھانک کر پئیں۔ اسی طرح صبح و شام ایک ایک ماشہ استعمال کرائیں۔

(221) ضعف وصلابت جگر

اسناد: یہ نسخہ حضرت استاذ مرحوم جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب لاہوری کے معمولات سے ہے جوکہ آپ کے مطب عالیہ میں تخم کشوث والا کے نام پر مشہور تھا۔

منافع: ضعف وصلابت وسدہ و ریاح و ہر قسم خرابی جگر و معدہ و تمام اندرونی اعضا کے ورم مثل ورم رحم ورم امعاء ورم گردہ ورم معدہ و ورم جگر و خرابی ہضم وغیرہ کے لئے سینکڑوں دفعہ کا مجرب اور آزمودہ ہے۔

اجزاءو طریق استعمال: تخم کشوث در پارچہ بستہ 5 ماشہ' بیخ کاسنی 6 ماشہ' بیخ سونف 6 ماشہ' عرق کاسنی' عرق مکو' عرق گلاب ہر ایک 7 تولہ' شربت دینار تین تولہ۔

ترکیب ساخت: خشک دواؤں کو عرقیات میں دو تین جوش دے کر مل چھان کر شربت ملا کر پلائیں۔

(222)ورم جگر مجرب

اجزاء و طریق استعمال: کاربالک ایسڈ تین قطرہ' پانی خالص ڈھائی تولہ دونوں کو ملا کر ایسی ایک ایک خوراک صبح و شام بعد غذا استعمال کرائیں۔ اس کے ساتھ کوئی مسہل دوائی بھی دیتے رہیں۔ انشاء اللہ العزیز ایک ماہ تک شفا کامل نصیب ہوگی۔

(223)اسہال جگری جورات کو آئیں

منافع: اسہال جگری اور عام اسہال وقتے کے لئے نہایت مجرب المجرب نسخہ ہے جو بہت ہی زود اثر ثابت ہوا ہے۔

اجزاء: زرشک' پوست سماق یعنی چھلکا تنتری ہر ایک 2 تولہ' طباشیر' الائچی خورد ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب ساخت: سب دوائیں الگ الگ باریک کر کے ملا لیں۔

طریق استعمال: چھ چھ ماشہ صبح دوپہر شام ہمراہ سکنجبین' عرق پودینہ ہر ایک تین تولہ پانی سرد 6 تولہ استعمال کرائیں۔

(224)مقوی جگر و معدہ

منافع: مقوی جگر' مقوی معدہ' مقوی دماغ اور مقوی قلب ہے۔ نہایت زود اثر نیز آسان اور کم قیمت ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: ٹنکچر فیری پرکلور' ٹنکچر نکس وامیکا' ٹنکچر ڈیجی ٹیلس ہر ایک 10 بوند' پانی ڈھائی تولہ سب کو ملا لیں۔

طریق استعمال: یہ ایک خوراک ہے۔ ایسی دو خوراک دن میں صبح و شام بعد غذا استعمال کرائیں۔

(225)عرق اکسیر طحال

اسناد: یہ نسخہ ایک صاحب نے کتاب میں چھاپنے کے لئے بھیجا تھا۔ جس کا کئی دفعہ تجربہ ہوا ہے۔

منافع: تلی خواہ کتنی بڑھ گئی ہو۔ اس سے آرام ہو جاتا ہے۔ ایک مریض کی تلی ناف تک پہنچی ہوئی تھی اور نہایت صلابت تھی۔ ساتھ تپ اور درد شدید تھا۔ جسے ڈاکٹروں نے رسولی تجویز کر کے اپریشن کا حکم سنایا۔ اس عرق کی تین بوتلوں سے وہ مریض اچھا ہو گیا۔

اجزاء و ترکیب ساخت: نوشادر دیسی' شورہ قلمی ہر ایک تین ماشہ' ست پودینہ' روغن سونف اصلی ہر ایک 1 ماشہ' میگنیشیا 12 تولہ کو نصف بوتل عرق سونف یا عرق پودینہ یا خالص پانی میں کھرل انگریزی میں حل کر لیں یا چیزوں کو کوٹ کر بوتل میں ڈال کر خوب ہلائیں تاکہ حل ہو جائیں۔ پھر کونین فولادی' کونین سلفاس ہر ایک تین ماشہ' تیزاب گندھک محلول 24 بوند ملا کر خوب ہلائیں۔ جب حل ہو جائیں تو بوتل کو عرق سے بھر لیں۔

طریق استعمال: 2 تولہ صبح 2 تولہ شام استعمال کرائیں۔ غذا مونگ کی کھچڑی' چاول' دودھ پرہیز' میٹھی

اور قابض اشیاء سے پرہیز کرائیں۔

مجربات امراض گردہ و مثانہ

(226) شورہ قائم النار برائے درد گردہ

اسناد: شورہ قائم کرنے کا ایک مخفی نسخہ ہے جو ایک سیاح دوست سے حاصل ہوا۔ درد گردہ کا سریع الاثر بے خطا دوا ہے۔

منافع: اس کی ایک دو خوراک سے اکثر درد گردہ کے مریض کو آرام ہو جاتا ہے۔ ایک نہایت عجیب و غریب چیز ہے۔ نیز اس شورہ میں سنکھیا قائم ہوتا ہے۔ جو اعلیٰ فوائد رکھتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: شورہ قلمی ڈیڑھ پاؤ کڑھائی میں ڈال کر اس پر خشخاش سفید اڑھائی پاؤ ڈال دیں۔ آگ پر چڑھا کر نیچے بیری کی تین عدد لکڑیاں جو انگلی کے برابر موٹی ہوں جلاتے رہیں۔ آگ بالکل نرم رہے۔ اور جھاڑو سے مسلسل ہلاتے رہیں۔ اس کا عمل بعینہٖ اس طرح ہو گا جس طرح گندم وغیرہ کے دانے بریاں کئے جاتے ہیں۔ فرق یہ ہے کہ آگ نرم رکھی جائے گی۔ قریباً آٹھ یا نو پہر تک یہ سلسلہ جاری رکھیں۔ شورہ قائم ہو جائے گا جس کے تیار ہو جانے کی یہ علامت ہے کہ شعلہ نکلنا بند ہو جائے۔ جتنا دیر سے تیار ہو گا اتنا اچھا ہو گا۔ جب شورہ کا شعلہ بند ہو جائے تو تیار سمجھیں۔ پھر کڑھائی کو آگ سے اتار کر سرد کر کے نگاہ رکھیں۔

طریق استعمال: ایک ماشہ ہمراہ پانی گرم استعمال کرائیں۔ اگر ایک خوراک سے پورا آرام نہ ہو تو دوسری خوراک دے دیں۔

(227) اکسیر درد گردہ

منافع: درد گردہ کے لئے نہایت عجیب و غریب ہے۔ بڑی کوشش کے ساتھ ایک اناڑی سے حاصل کیا گیا جو اس نسخہ کو ظاہر کرنا گناہ سمجھتا تھا۔ درد گردہ کے مریض اس کے پاس کثرت سے آتے تھے۔ اور وہ اس مرض کا مشہور معالج تھا۔ میرے شاگرد رشید حکیم احمد بخش صاحب ساکن ہزارہ میانہ ضلع شاہ پور نے یہ نسخہ کسی حکمت عملی سے دریافت کر لیا۔ نسخہ متبرکہ ملاحظہ ہو۔

اجزاء و ترکیب ساخت: پوست خربوزہ خشک شدہ پانچ سیر لے کر کسی برتن میں جلا کر راکھ بنا لیں۔ پھر اس کا نمک تیار کر لیں۔ نمک مذکورہ 4 تولہ مولی کھار، جو کھار، شیشہ نمک ہر ایک ایک تولہ الگ الگ باریک کر کے ملا لیں۔

طریق استعمال: ایک ماشہ ہمراہ گرم پانی استعمال کرائیں۔ ایک گھنٹہ کے بعد دوسری خوراک دے دیں۔

نوٹ: نمک تیار کرنے کی ترکیب نسخہ نمبر امراض مرداں میں بوضاحت تحریر ہے۔

(228) سفوف اکسیر سنگ گردہ و مثانہ و درد گردہ

منافع: سنگ گردہ و مثانہ یعنی پتھری اور درد گردہ کو مفید ہے۔ خصوصاً جو سنگ گردہ کے سبب سے ہو لطف یہ کہ اس کے اجزاء ہر جگہ سے دستیاب ہو سکتے ہیں۔ اور پانچ منٹ میں نسخہ تیار ہو سکتا ہے۔ ہمارا مجرب المجرب اور آزمودہ ہے جو فیض رسانی خلائق کے لئے درج کیا جاتا ہے۔

اجزاء: سنگ یہود، سنگ سرماہی، سہاگہ بریاں، کھٹی نوشادر، پھٹکری بریاں، تخم کانچ، تخم مولی، سوئے، زیرہ سفید، ریوند عصارہ، دانہ الائچی کلاں، کباب چینی، شورہ قلمی، جوکھار ہر ایک 6 ماشہ الگ الگ باریک کر کے ملالیں۔

طریق استعمال: 2 ماشہ سے 5 ماشہ تک صبح و شام ہمراہ شربت دینار عرق مکو، عرق پودینہ، عرق سونف، عرق الائچی ہر ایک تین تولہ استعمال کرائیں۔

(229) اکسیر درد گردہ دیگر

منافع: درد گردہ کے لئے ایک لاجواب چیز ہے اور شرطیہ حکمیہ مفید ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: پوست خربوزہ خشک شدہ لے کر کسی برتن میں جلا کر اس کا نمک حاصل کریں۔ اسی طرح چرچٹہ (پٹھ کنڈہ) کی راکھ بنا کر اس کا نمک تیار کرلیں۔

نمک پوست خربوزہ، نمک چرچٹہ ہر ایک تین تولہ، جوکھار ایک تولہ الگ الگ باریک پیس کر وزن کر کے شیشی میں کارک لگا کر نگاہ رکھیں۔

طریق استعمال: ایک ماشہ ہمراہ تازہ پانی استعمال کرائیں۔ ڈیڑھ گھنٹہ کے بعد دوسری خوراک دے دیں۔ دو یا تین خوراک سے زیادہ کی ضرورت نہیں رہتی۔ پھر بعد میں کچھ عرصہ استعمال کراتے رہیں۔ تاکہ پھر دورہ نہ ہو ایک دن میں صرف ایک خوراک کافی ہے۔

نمک حاصل کرنے کی ترکیب نسخہ نمبر 227 میں تحریر ہے۔

(230) سفوف اکسیر ذیابیطس

منافع: ذیابیطس کے عارضہ کے لئے ایک بہترین نسخہ ہے جو کئی بار تجربہ کرنے کے بعد صحیح اترا ہے۔ اس پر طرہ یہ کہ قیمتی نہیں ایسے گراں مایہ نسخہ جات کو ہی مخفی رکھا جاتا ہے۔ نہایت زود اثر ہے اور مجرب المجرب عجیب و غریب نسخہ ہے۔ اس کی تصدیق ہو چکی ہے۔

اجزاء: گرمار بوٹی 2 تولہ، سفوف سونٹھ، سفوف تخم جامن ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب ساخت: سب دوائیں الگ الگ باریک کر کے ملا کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

طریق استعمال: تین ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ گائے جس میں میٹھا نہ ملایا گیا ہو استعمال کرائیں۔

(231) گولیاں برائے ذیابیطس

منافع: ذیابیطس جیسی عسرالبرء مرض کی یہ ہمہ صفت موصوف گولیاں تجربہ پر نہایت مفید ثابت ہوئی ہیں

لطف یہ کہ ان کے اجزاء بالکل سہل ہیں۔ اس کی تصدیق ہو چکی ہے۔

اجزاء: پکھان بید' کونین سلفاس' کشتہ فولاد' آرد گلو ہر ایک 6 ماشہ۔

ترکیب ساخت: آرد گلو اور پکھان بید کو باریک کر کے سب دواؤں کو ملا کر خوب کھرل کریں۔ پھر پانی کی مدد سے گولیاں بقدر دانہ موٹھ تیار کریں۔

طریق استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ پانی استعمال کریں۔

(232) حب ذیابیطس شکری مجرب

اجزاء: کشتہ زمرد ایک تولہ' تخم جامن 2 تولہ' افیون 1 ماشہ۔

ترکیب ساخت: تخم جامن کو باریک کر کے سب کو اچھی طرح کھرل کر کے پانی کی مدد سے اس کی 52 گولیاں تیار کریں۔

طریق استعمال: دو دو گولیاں صبح و شام ہمراہ آب دوغ یعنی لسی کے زلال سے استعمال کرائیں۔

(233) حب اکسیر ذیابیطس

منافع: ذیابیطس کے ہر درجہ میں بے نظیر ثابت ہوا ہے۔ ایک پرانے مریض پر تجربہ ہوا۔ اس سے کلی شفا ہو گئی۔ اس سے قوت باہ بھی بڑھ جاتی ہے۔ بدن کو طاقت حاصل ہوتی ہے۔ پٹھوں کو طاقت ہوتی ہے۔ ذیابیطس کے ہر درجہ میں مفید ہے۔ جس کا تجربہ ہو چکا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: کوڈایہ 60 گرین' کونین فولادی 220 گرین' سم الفار سفید 4 گرین' ایکسٹریکٹ نکس وامیکا 30 گرین' اس کی 120 گولیاں تیار کریں۔

طریق استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام کھانا کھانے سے نصف گھنٹہ بعد ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔

نوٹ: کوڈایا اور ایکسٹریکٹ نکس وامیکا انگریزی دوا فروشوں سے خرید کریں۔

(234) علاج سوزاک

اگر آپ کو نئے اور پرانے سوزاک کے لئے کسی تسلی بخش علاج کی ضرورت ہو تو اس سفوف اور پچکاری کو استعمال کریں۔ جس کا تجربہ کرنے کے بعد آپ کو اطمینان ہو جائے گا۔

(235) سفوف سوزاک

اجزاء: نخود بریاں مقشر' رال سفید' بھنگڑی ہر ایک 4 تولہ چینی 12 تولہ۔

ترکیب ساخت: الگ الگ باریک کر کے خوب ملا کر سفوف بنا لیں۔

طریق استعمال: چار ماشہ صبح و شام بکری کے دودھ کی کچی لسی سے یعنی ایک پاؤ دودھ میں ایک پاؤ پانی ملا کر استعمال کرائیں۔

(236) پچکاری سوزاک ①

اجزاء و ترکیب ساخت: دہی کا پانی ایک بوتل لے کر اس کے دو حصے کریں اور نصف نصف کر کے دو بوتلوں میں بھر لیں۔ پھر ایک بوتل میں تین ماشہ رسوت اور دوسری بوتل میں تین ماشہ نیلہ تھوتھا پیس کر ڈالیں دونوں الگ الگ حل کر لیں۔ جب خوب حل ہو جائیں تو دونوں کو چھان کر ملا لیں۔
طریق استعمال: اس پانی میں سے تین دفعہ دن میں حسب معمول پچکاری کریں۔ جب پچکاری سے فارغ ہوں تو اس کے بعد پانی مذکور کو عضو کے اندر نصف منٹ رکھ کر نکال دیا کریں۔ اس کے ساتھ سفوف سوزاک جاری رکھیں۔

(237) پچکاری سوزاک ②

منافع: یہ نسخہ ایک سنیاسی نے ایک مایوس العلاج مریض کو ازراہ مہربانی عنایت فرمایا جس کے استعمال سے وہ شفایاب ہو گیا۔ پھر تمام عمر اس کو مرض نے عود نہ کیا۔ ورنہ سینکڑوں علاج کر چکا تھا۔ میں نے چار یا پانچ ایسے مریضوں کا علاج اس سے کیا ہے۔ جو کہ ڈاکٹروں اور حکیموں سے علاج کرا چکے تھے۔ ویسے علاج بالکل سستا اور آسان ہے۔ پچکاری کے ساتھ سفوف خوردنی بھی استعمال کرایا جاتا ہے جو بالکل آسان ہے۔
اجزاء: طباشیر' الائچی خورد' نیلورچ' نیلہ تھوتھا' جو کھار ہر ایک 6 ماشہ' دہی کا پانی ایک پاؤ۔
ترکیب ساخت: خشک دوائیں بار کھرل کر کے سب اشیاء کو ایک مٹی کی کوری ہانڈی میں 24 گھنٹہ تک دن کو دھوپ میں اور رات کو شبنم میں رکھیں۔ بعدہ احتیاط سے پانی اتار کر کسی بوتل میں بھر لیں۔
طریق استعمال: حسب معمول دن میں دو یا تین دفعہ پچکاری کریں۔ پچکاری کرنے کے بعد دوائی کو عضو کے اندر نصف منٹ تک رکھ کر نکال دیا کریں۔ اور پچکاری کرنے سے پہلے اگر ممکن ہو سکے تو مریض کو پیشاب کرا لیا کریں۔ تاکہ پیپ وغیرہ نکل جائے۔ پھر پچکاری کرائیں۔

(238) سفوف سوزاک

اجزاء و ترکیب ساخت: چھلکا ریٹھہ 2 عدد باریک کوٹ کر اس کی آٹھ پڑیاں بنا لیں۔
طریق استعمال: ایک پڑی صبح ہمراہ روغن زرد استعمال کرائیں۔ بعد میں نخود سیاہ بریاں ایک چھٹانک کھلائیں۔ تمام گرم ترش اور بادی اشیا سے پرہیز کرائیں۔

(239) اکسیر درد گردہ

ایک قلبی دوست کا عطیہ ہے۔ درد گردہ خواہ جتنا زیادہ ہو۔ اس کی ایک دو خوراک سے فائدہ معلوم ہوتا ہے۔ ایک خاص اور ارزاں چیز ہے۔
اجزاء و ترکیب ساخت: شورہ قلمی 10 تولہ' نمک سانبھر 5 تولہ' دونوں اشیاء کو الگ الگ باریک پیس کر لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب گرم ہو جائے تو بھلاوے 5 تولہ ایک ایک ڈال کر

ہلاتے رہیں۔ جب سب بھلاوے ختم ہو کر جل جائیں تو اتار کر باریک پیس کر رکھ لیں۔

طریق استعمال: ایک ماشہ ہمراہ لسی خام یا پختہ استعمال کرائیں۔

(240) شربت مخرج سنگ گردہ و مثانہ

منافع: سنگ گردہ و مثانہ کے توڑ کر نکالنے میں بے مثل چیز ہے۔ اور بے ضرر ہے۔ تمام اخلاط کی اصلاح کرتا ہے۔

اجزاء: ملٹھی، بادیان، سناء مکی، اجوائن، زیرہ سفید، بھنگرہ، بنفشہ، گاؤزبان، نیلوفر، افتیمون ہر ایک ایک تولہ، تخم حلبہ، سنائج، الائچی خورد، گل سرخ، خطمی، خبازی ہر ایک 3 ماشہ، تخم کسنبہ، تخم خیارین، تخم خربوزہ، ہلیلہ سیاہ، تردی (تربد) کرفس ہر ایک 6 ماشہ، عناب 30 دانہ، لسوڑیاں 30 دانہ، تخم کوٹ کاسنی ہر ایک 9 ماشہ۔

ترکیب ساخت: کوٹنے والی دوائیں کوٹ کر سب کو 24 گھنٹہ تک اڑھائی سیر پانی میں تر کر کے جوش دیں۔ جب ایک سیر کے قریب رہ جائے تو ایک سیر مصری ملا کر شربت تیار کر لیں۔

طریق استعمال: ڈھائی تولہ صبح ڈھائی تولہ شام پانی دو حصہ ملا کر استعمال کرائیں۔

(241) اکسیر سوزاک و قرحہ

منافع: سوزاک کا ایک مختصر آسان اور سستا نسخہ ہے جو سات دن تک کہنہ سے کہنہ سوزاک کو فائدہ دیتا ہے۔

اجزاء: پھٹکری بریاں تین تولہ، کشتہ فولاد، لوبان ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب ساخت: پھٹکڑی اور لوبان کو الگ الگ باریک کر کے سب اشیاء کو ملا کر خوب کھرل کریں۔

طریق استعمال: شیر بز ایک پاؤ، پانی ایک پاؤ روغن صندل تین قطرے ملا کر اس کے ساتھ 4 رتی دوا صبح اور اسی قدر شام کو استعمال کرائیں۔

(242) روغن سوزاک

منافع: سوزاک کے ہر درجہ میں مفید ہے۔ ایک سنیاسی دوست نے یہ اپنا تجربہ شدہ نسخہ عنایت کیا۔ جو کہ نہایت آسان مجرب المجرب اور آزمودہ ہے۔ جس کے تیار کرنے میں کوئی تکلیف نہیں ہوتی۔ جس وقت چاہیں مہیا ہو سکتا ہے۔ نسخہ بے ضرر اور فوائد میں بھی نہایت بے نظیر ہے۔

اجزاء: روغن سرد چینی، روغن صندل اصلی، روغن بیروزہ ولایتی ہر ایک تین ماشہ، سب کو ایک شیشی میں ملا کر رکھیں۔

طریق استعمال: چار چار قطرہ صبح و شام پتاشہ میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

(243) کشتہ سنگ یہود برائے پتھری

منافع: یہ کشتہ پتھری ریگ گردہ، سوزاک وغیرہ کے لئے مجرب المجرب ہے۔ اس قسم کا ایک نسخہ مجربات

سلطانی حصہ اول میں درج ہو چکا ہے۔ جس کی تصدیق بھی ہو چکی ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: سنگ یہود پانچ تولہ مولی کے ایک سیر پانی میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر کوزہ گلی میں پانچ سیر اوپلہ کی آنچ دیں سرد ہو جانے پر باریک پیس کر شیشی میں نگاہ رکھیں۔

طریق استعمال: دو دو رتی صبح و شام ہمراہ کچی لسی یعنی شیر بز و پانی مساوی الوزن ملا کر استعمال کرائیں۔ یا ہمراہ پانی یا دیگر بدرقہ مناسبہ کے استعمال کرائیں۔

(244) کشتہ سنکھ برائے سلسل بول

اجزاء: سنکھ کی سالم ڈلی ایک تولہ، مکھن 5 تولہ کوزہ گلی ایک عدد، اوپلہ جنگلی 12 سیر۔

ترکیب ساخت: کوزہ گلی میں نصف مکھن رکھ کر اس پر سنکھ کی ڈلی رکھ کر باقی مکھن اوپر رکھ کر کوزہ کا منہ چینی سے بند کر کے گل حکمت کر کے خشک ہونے پر گڑھے میں محفوظ جگہ پر آنچ دیں۔

طریق استعمال: دو دو رتی صبح و شام مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

(245) کشتہ سنکھ جامع الفوائد

منافع: اسہال کہنہ، سلسل بول، مار گزیدہ، تپ کہنہ، مبارکی، درد ہر قسم کے واسطے مجرب ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: سنکھ پانچ تولہ خوب گرم کر کے باتھو بوٹی کے پانی میں چالیس دفعہ بجھائیں۔ پھر شراب برانڈی میں چالیس دفعہ بجھاؤ دیں۔ پھر باتھو بوٹی پاؤ بھر کوٹ کر نغدہ بنا کر اس کے درمیان سنکھ مذکور رکھ کر گل حکمت کر کے بیس سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ نہایت اعلیٰ کشتہ تیار ہو جائے گا۔ باریک پیس کر رکھ لیں۔

طریق استعمال: دو دو رتی صبح و شام مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

(246) کشتہ سنکھ برائے سوزاک

منافع: سوزاک، ملیریا، پیشاب کھولنے کے لئے نہایت عمدہ چیز ہے۔ ذات الجنب کو بھی مفید ہے۔ دردوں کو دور کرتا اور تپ کو فائدہ بخشتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: سنکھ پانچ تولہ، شورہ قلمی پندرہ تولہ کے درمیان رکھ کر ایک کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے دس سیر اوپلہ کی آنچ دیں پھر باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔

طریق استعمال: چار چار رتی صبح و شام مکھن میں رکھ کر اور سوزاک کے لئے ہمراہ شربت بزوری 3 تولہ عرق کیوڑہ 6 تولہ استعمال کرائیں۔

(247) سوزاک کا نہایت آسان نسخہ

منافع: سوزاک کا ہر جگہ تیار ہو جانے والا آسان اور بلا لاگت عجیب و غریب نسخہ ہے جو فوری فائدہ کرتا ہے اور پانچ منٹ میں تیار ہو سکتا ہے۔

اجزاء: سنگ جراحت، کشتہ ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب ساخت: دونوں اشیا کو الگ الگ باریک پیس کر ملا کر سفوف بنالیں۔

طریق استعمال: ایک ایک ماشہ صبح و شام ہمراہ کچی لسی استعمال کرائیں۔

(248) دیگر برائے سوزاک

اجزاء و ترکیب ساخت: گیرو پھٹکری مساوی الوزن لے کر سفوف بنائیں۔

طریق استعمال: ایک ایک ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت بزوری 3 تولہ عرق کیوڑہ 6 تولہ استعمال کرائیں۔

(249) دوائے سوزاک

منافع: یہ ایک کہنہ قلمی بیاض کا نرالہ نسخہ ہے۔ جو بالکل آسان اور مجرب ہے۔ آپ بھی اس کا تجربہ کریں۔

اجزاء: پارہ، قلمی، سرمہ سفید ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب ساخت: قلمی کو کڑچھی میں گلا کر آگ سے نیچے اتار کر احتیاط سے پارہ ڈال دیں۔ جب دونوں یکذات ہو جائیں تو کھرل میں ڈال کر سرمہ سفید بھی ڈال دیں۔ اور کھرل کریں پھر اچھی طرح کھرل کر کے شیشی میں نگاہ رکھیں۔

طریق استعمال: ایک رتی صبح مسکہ گاؤ میں رکھ کر استعمال کرائیں۔ اور گرم ترش اشیاء سے پرہیز کرائیں۔

(250) دوائے ریاح گردہ و مثانہ

منافع: ریاح گردہ و مثانہ و معدہ و امعاء کا مجرب نسخہ ہے جس کے چند روزہ استعمال سے انشاء اللہ تعالیٰ آرام ہو جاتا ہے۔

اجزاء: سونف رومی، تخم کرفس ہر ایک تین ماشہ، زیرہ سفید 2 ماشہ، سونف دیسی ساڑھے سات ماشہ مصری 2 تولہ۔

ترکیب ساخت: سب دوائیں تین چھٹانک پانی میں گھوٹ کر کپڑے میں چھان کر استعمال کرائیں۔

طریق استعمال: ایسی ایک ایک خوراک صبح و شام استعمال کرائیں۔

مجربات امراض مخصوصہ مرداں

(250) ضعف باہ و نامردی

یوں تو انسانی معیشت نے کارگاہ حیات کے تمام شعبوں میں محشر بپا کر رکھا ہے اور امراض و عوارض کی ابھی نیں اطباء کی توجہ کے لئے بہت کچھ سامان کشش اپنے اندر پیدا کر رہی ہیں۔ مگر ایسے تمام امراض

سرچشمہ ضعف باہ ہے اور راقم کو تمام عمر قوت باہ کے نسخے تلاش کرنے اور ان کی تاثیر آزمانے کا ازبسکہ شغف رہا۔ حتیٰ کہ (من جد فوجد) ۔ بفضلہ تعالیٰ اپنے شوق کو کامیابی کے ہمکنار پاتا ہوں اور بلا تامل کہہ سکتا ہوں کہ جن جن صبر آزما مراحل کو طے کر کے یہ کامیابی حاصل ہوئی ہے۔ ان کے عشر عشیر کو بھی آپ تصور میں نہیں لا سکتے۔ عوام الناس کا یہ شکوہ کہ ضعف باہ کا علاج محال ہے یا ضعف باہ کی دوا کوئی نہیں۔ اب انشاء اللہ تعالیٰ اطمینان سے مبدل ہو جائے گا۔ کیونکہ جس خندہ پیشانی سے حصول نسخہ جات میں سعی بلیغ کی گئی ہے۔ ایسی ہی فراخ دلی اور وسعت قلبی سے اپنے کل تجارب ذاتی کو من و عن سپرد قلم کر رہا ہوں۔

ناظرین کرام سے بخل اطباء مخفی نہ ہو گا۔ اور میں وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ میرے جگر کاویوں کا حاصل اس قدر کوڑیوں کے مول لٹتے ہوئے پا کر میرے حق میں ضرور دعائے خیر فرمائیں گے۔

سرمہ مفت نذر ہوں میری قیمت یہ ہے
کہ رہے چشم خریدار پہ احسان مرا

رفاہ عام اور افادہ انام کی ایسی مثالیں اور بھی غالباً آپ پیش کر دیں گے مگر میں بلا مبالغہ کہہ سکتا ہوں کہ ایسی وسیع الشربی ہر کہ و مہ کا کام نہیں۔ **ذلک فضل اللہ یوتیہ من یشاء**

اب میں اپنے تمام حاصل کردہ و آزمودہ نسخہ جات متعلقہ باہ جو ایک دوسرے سے بڑھ چڑھ کر اور کافی تعداد میں ہیں درج کرتا ہوں۔ آپ باور کریں کہ کوئی نسخہ خاص سمجھ کر چھپایا نہیں گیا اور کوئی معمولی یا فضول نسخہ درج نہیں کیا گیا۔

(251) طلائے بے آبلہ

منافع: یہ طلاء بالکل آسان بہت سستا اور بہت مفید ہے۔ پہلے دن اثر دکھلاتا ہے اور بڑے بڑے مشکل اور وقت طلب نسخہ جات سے افضل ہے۔ میرے مطب میں ہمیشہ تیار رہتا ہے۔ جس شخص کو دیا گیا کسی نے آج تک شکایت نہیں کی۔ ہمارے ہاں اس کی بہت شہرت ہے۔ اکثر لوگ اس کی تعریف میں رطب اللساں پائے جاتے ہیں۔ خصوصاً گرم مزاجوں کے لئے آب حیات ہے۔ اس سے دوران خون تیز ہو کر عضو میں ازحد طاقت آجاتی ہے۔ کجی، کوتاہی، لاغری وغیرہ کا نقص رفع ہو جاتا ہے۔

اجزاء: روغن گل، روغن لونگ، روغن دارچینی، روغن الائچی اصلی، روغن جائفل، روغن بیضہ مرغ، موم سفید ہر ایک پانچ تولہ، چربی شیر، بیر بہوٹی عمدہ ہر ایک 2 تولہ۔

ترکیب ساخت: روغن گل کڑچھی میں ڈال کر بیر بہوٹی کو اس میں جلا لیں۔ پھر چھان کر روغنیات اور چربی شیر اور موم خوب گرم کر کے ملائیں اور کسی ڈبیہ میں محفوظ رکھیں۔

طریق استعمال: ہر روز رات کے وقت یا دن کو بھی عضو مخصوص پر آہستہ آہستہ مالش کریں اور برگ پان یا ارنڈ باندھ دیں۔ صبح گرم پانی سے دھو دیں۔

(252) اکسیر نامردی

یہ اکسیر تازہ تیار کیا گیا ہے جس کا چار مریضوں پر تجربہ کیا جا چکا ہے اور کامیاب ثابت ہوا ہے۔
ضعف باہ' نامردی' ضعف اعضاء رئیسہ ' سرعت انزال کے لئے ایک چوٹی کا نسخہ ہے۔ جو بلا...
درج کیا جاتا ہے اور ضعف باہ کا ایک اصولی ہمہ صفت موصوف اور بے ضرر علاج ہے۔ میرا آج کل...
معمول ہے۔ اس کے ساتھ خارجی استعمال کے لئے طلائے بے آبلہ اور طلا نایاب نمبر258 وغیرہ استعمال
کرائے جاتے ہیں۔ ضرورت مند اصحاب تیار کر کے ضرور فائدہ اٹھائیں۔ اور ہماری فراخ دلی اور ...
داد دیں۔

ترکیب ساخت: شنگرف رومی 5 تولہ کی سالم ڈلی لے کر ایک پیاز سفید میں سوراخ کر کے اس میں
رکھ کر اوپر آرد گندم کا لیپ کر کے گرم بھوبھل یا تنور میں دفن کریں۔ جب اس کا رنگ سیاہ ہو جائے
نکال کر سرد کر کے دوسرے پیاز میں رکھ کر اسی طرح عمل کریں۔ اسی طرح سات عدد پیاز میں پکائیں۔
افیون' سم الفار سفید ہر ایک ایک تولہ کھرل کر کے زردی بیضہ مرغ میں گوندھ کر سات ٹکیاں بنائیں۔
ایک ٹکیہ میں شنگرف کی ڈلی لپیٹ کر گائے کے گھی میں بریاں کریں۔ اسی طرح سات دفعہ عمل کریں۔
پھر شنگرف کو کھرل میں ڈال کر اس میں چورہ ورق نقرہ' کشتہ یشب' کشتہ بسد' کشتہ عقیق' کشتہ ...
ہر ایک 6 ماشہ' کشتہ مرجان' کشتہ قلعی ہر ایک ایک تولہ ملا کر ایک بوتل شراب برانڈی میں کھرل کریں۔
بس تیار ہے۔ شیشی میں حفاظت سے رکھیں۔

طریق استعمال: کشتہ ہذا دو چاول' جوہر سین دو چاول صبح مکھن میں رکھ کر استعمال کرائیں۔ پہلے ...
کر دوائی کھانی چاہئے اور اس کے ساتھ گھی دودھ زیادہ استعمال ہونا چاہئے۔

جوہر سین کی ترکیب: حب قوت باہ و امساک نمبر257 کے ضمن میں تحریر ہے۔

(253) حب اکسیر باہ و امساک

منافع: یہ حبوب نہایت آسانی سے تیار ہو جاتی ہیں اور فوائد کے لحاظ سے کئی محنت طلب اکسیر...
نہایت اعلیٰ ہیں۔ البتہ انہیں احتیاط کے ساتھ استعمال کرنا نہایت ضروری ہے۔ کیونکہ ان کے اجزاء...
ہیں۔ بلکہ حق تو یہ ہے کہ جو چیز بھی مقدار سے زیادہ استعمال کی جائے وہی نقصان پہنچاتی ہے۔ اس...
سب ادویات خصوصاً کشتہ جات اور زہریلی ادویات کو بڑی احتیاط کے ساتھ جس قدر طبیعت برداشت
سکے یا پرہیز مقدار خوراک کے مطابق استعمال کیا جائے۔ اور ساتھ دودھ گھی کا استعمال کیا جائے۔ ...
ہذا ضعف باہ' سرعت انزال' ذکاوت حس' نامردی ہر قسم کی دردوں اور ضعف اعصاب کے لئے نہایت
سریع الاثر ہیں۔ پہلے حد دوسرے تیسرے دن تک اثر دکھلاتی ہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت: سم الفار سفید ایک تولہ کو شورہ قلمی میں قائم کر لیں جو شورہ بورہ...
دانت میں قائم کیا گیا ہو۔ پارہ بقدر ضرورت کھرل میں ڈال کر اینٹ پختہ باریک پیس کر اس کے ساتھ ...

دو گھنٹہ تک خوب کھرل کریں۔ پھر پانی ڈال کر پارہ کو خوب دھو کر صاف کرلیں۔

کشتہ سم الفار، پارہ مصفٰی، افیون، ورق نقرہ، ست سلاجیت، پنیر مایہ شتر اعرابی ہر ایک ایک ماشہ، مغز بادام چار ماشہ۔

ترکیب ساخت: سب اشیاء کو ایک جگہ کھرل کر کے قدرے شہد ملا کر 270 گولیاں تیار کرلیں۔

طریق استعمال: عصر کو (چار بجے شام) چوری یا حلوہ کھلا کر آخری لقمہ میں ایک گولی رکھ کر نگلوا دیں۔ رات کو دودھ پلائیں۔

(254) کشتہ سم الفار

منافع: مقوی باہ، دافع درد مفاصل (جھولہ) درد ریاحی پرسوت و تمام بلغمی امراض کے لئے نہایت مفید ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: شورہ قلمی 10 تولہ کو بورہ ہاتھی دانت آدھ سیر کے درمیان توے پر رکھ کر نیچے نرم آگ جلاتے رہیں۔ اور جس جگہ سے دھواں نکلنے لگ جائے وہاں تھوڑا سا بورہ ہاتھی دانت ڈال دیا کریں۔ جب پھول جائے تو آگ بند کردیں۔ سرد ہو جانے کے بعد شورہ کو سنبھال لیں۔ جب سم الفار تیار کرنا ہو تین تولہ شورہ قائم لے کر نصف توے پر ڈال کر سم الفار 1 تولہ رکھ کر باقی شورہ اوپر ڈال کر نیچے نرم نرم آنچ جلاتے رہیں۔ اور جس جگہ سے دھواں نکلنے لگے قدرے شورہ قائم ڈال دیا کریں۔ جب سم الفار پھول جائے تو آگ بند کردیں اور سرد کر کے شورہ علیحدہ کر کے سم الفار کو باریک کھرل کر کے نگاہ رکھیں۔

طریق استعمال: ایک چاول بھر مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کرائیں۔ اوپر سے دودھ پلائیں۔ اس کے ساتھ گھی، دودھ زیادہ استعمال کریں۔ اور نہار نہ کھائیں۔

(255) کشتہ پیسہ مقوی باہ

منافع: یہ کشتہ تقویت باہ اور نامردی کے لئے ایک خاص چیز ہے۔ یہ نسخہ ایک محسن قلبی نے مطب کے لئے عطا فرمایا تھا جو فیض رسانی خلائق کے لئے درج کیا جاتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: ہڑتال ورقیہ، نمک سانبھر ہر ایک 6 ماشہ باریک پیس کر شیر مدار میں کھرل کر کے ادھنی پیسہ پر شیر مار کر لیپ کریں اور کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے بیس سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔

طریق استعمال: ایک چاول مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کرائیں۔ غذا مرغن کھلائیں، دودھ گھی زیادہ استعمال کرائیں۔

(256) کشتہ مس مقوی باہ

منافع: یہ قوت باہ و امساک کا ایک خاص الخاص تجربہ شدہ نہایت اکسیری نسخہ ہے۔ اس کی چند خوراکوں سے مایوس الباہ نامرد قابل رشک مرد بن جاتا ہے۔ بہت عمدہ چیز ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: برگ مغیل (کیکر) کوٹ کر اس سے ایک بوتل بھر پانی نکال کر رکھیں۔ پھر بورہ مس (تانبہ) ایک تولہ کھرل میں ڈال کر اس میں پانی مذکور اس قدر ڈالیں کہ تین گھنٹہ تک کھرل ہو کر ٹکی بن جائے۔ پھر اسے کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے خشک کر کے دو سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ اسی طرح اٹھائیس آنچیں دیں۔

طریق استعمال: ایک چاول بھر مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کرائیں۔ غذا مرغن، دودھ گھی زیادہ استعمال کرائیں۔

اس نسخہ کی تصدیق نہایت زبردست الفاظ میں آچکی ہے۔ تصدیقات میں ملاحظہ کریں۔

(257) حب برائے قوت باہ و امساک

اسناد: میرے شاگرد رشید حکیم محمد زماں صاحب ساکن چکوال ضلع جہلم کا مایہ ناز نسخہ ہے۔

منافع: قوت باہ اور امساک کے لئے اعلیٰ چیز ہے۔ نیز سرعت کے شاکیوں اور آج کل کے علاوہ نوجوانوں کے لئے خاص طور پر کار آمد ہے۔ غرض ضعف باہ کی ایک مفید ترین دوا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: شنگرف، ہڑتال ورقیہ ہر ایک دو تولہ، افیون 9 ماشہ، مروارید ناسفتہ 9 ماشہ، شیر برگد، آب پیاز ہر ایک ایک سیر۔

پھر علیحدہ سنکھیا سفید افیون ہر ایک 2 تولہ لے کر الگ الگ خوب کھرل کر کے زردی بیضہ مرغ میں گوندھ کر اس کے دس حصے بنا لیں۔ ایک حصہ ان میں سے لے کر شنگرف کی ڈلی پر لیپ کریں اور ایک حصہ ہڑتال کی ڈلی پر پھر ان کو روغن زرد میں بریاں کریں۔ مگر آگ نرم رہے۔ جب رنگ سیاہ ہو جائے نکال کر تھوڑا سرد کر کے جلے ہوئے لیپ کو اتار کر پھر دو گولیاں لے کر شنگرف اور ہڑتال پر لیپ کر کے بدستور گھی میں بریاں کریں۔ اسی طرح دس گولیاں پوری کریں۔ پانچ گولیاں شنگرف پر خرچ ہوئیں اور پانچ ہڑتال پر۔ بس دونوں اشیاء بر ہو گئیں۔

اب شنگرف و ہڑتال مذکور کو بمعہ افیون و مروارید کے کھرل پختہ میں ڈال کر شیر برھ اور آب پیاز تھوڑا تھوڑا ڈال کر تمام دن کھرل کرتے رہیں۔ ایک ہی دفعہ شیر برھ اور آب پیاز ملا کر صبح کو ڈال کریں۔ اور تمام دن تک کھرل کرتے رہیں۔ دوسرے دن پھر اسی طرح شیر برھ اور آب پیاز ڈال کر کھرل کرتے رہیں۔ جب شیر برھ اور آب پیاز ختم ہو جائیں تو اس میں جوہر سین 9 ماشہ ملا کر ایک دو گھنٹہ کھرل کر کے حبوب بقدر دانہ مونگ تیار کریں۔

طریق استعمال: ایک گولی صبح مکھن میں رکھ کر نگلوا کر اوپر سے دودھ جس قدر پیا جا سکے پلائیں۔ غذا مرغن ہونی چاہئے۔

جوہر سین بنانے کا طریقہ: سم الفار سفید 2 تولہ کو شراب برانڈی دس تولہ میں کھرل کر کے ایک کورے پیالہ میں پھیلا کر رکھیں اس پر دوسرے پیالہ کو اوندھا رکھ کر ان کے لب خوب ملے ہوئے ہوں کہ بخارات اندر سے نہ نکلیں پھر ان کے لب آرد ماش سے اچھی طرح بند کر کے خشک ہونے کے

چولہے پر چڑھائیں۔ نیچے دوپہر تک بیری کی لکڑی کی نرم آنچ جلا دیں۔ پھر سرد کر کے کھول کر دیکھیں۔ جوہر اعلیٰ درجہ اوپر والے اور نیچے پیالہ میں موجود ہوں گے یہ سب جوہر سین ہے۔ پیس کر محفوظ رکھیں۔

(258) طلائے نایاب

منافع: یہ نسخہ بھی حکیم صاحب ممدوح نے عنایت کیا ہے۔ حکیم صاحب کو ان ہر دو نسخہ جات پر بڑا فخر ہے اور انہوں نے یہ نسخہ جات بتا کر مجھ پر احسان کیا ہے۔ نامردی، سستی، رگوں میں پانی بھر جانا اور کمزور ہو جانا۔ جلوق کے نقائص، کجی، لاغری، کوتاہی وغیرہ کے لئے بہت اچھی چیز ہے۔

اجزاء: پارہ، سنکھیا سفید، ہڑتال ورقی، مرداسنگ ہر ایک تین ماشہ، دردبول خر ایک تولہ، آب کٹائی خورد ساڑھے تین تولہ، روغن زرد گائے ساڑھے سات تولہ۔

ترکیب ساخت: پارہ اور سنکھیا کو متواتر آٹھ گھنٹہ تک کھرل کریں اور مرداسنگ و ہڑتال کو آٹھ گھنٹہ تک ایک جگہ کھرل کریں۔ پھر ان میں دردبول خر ملا کر چار گھنٹہ تک خوب کھرل کریں۔ پھر آب کٹائی خورد (کنڈیاری) تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کرتے رہیں جب آب کٹائی تمام ختم ہو جائے تو روغن زرد ملا کر 15 منٹ تک کھرل کریں۔ بس تیار ہے۔

طریق استعمال: روزانہ رات کو بقدر 2 رتی، آلہ تناسل پر (حشفہ اور سیون بچا کر) خوب مالش کر کے برگ پان یا ارنڈ باندھ دیں۔ صبح گرم پانی سے دھوئیں۔ روزانہ اسی طرح عمل کریں۔ جب دانے نکل آئیں تو روغن چنبیلی یا گھی لگاتے رہیں اور طلا نہ لگائیں۔ جب زخم وغیرہ ٹھیک ہو جائیں پھر طلاء لگانا شروع کر دیں حتیٰ کہ تمام نقائص رفع ہو جائیں۔

دردبول خر بنانے کا طریقہ: نر گدھے کا بول جس قدر مل سکے کسی برتن میں ڈال کر دھوپ میں رکھیں۔ جب سب بول خشک ہو جائے تو برتن کے نیچے ایک قسم کی مٹی سی موجود ہو گی۔ یہی دردبول خر ہے۔

(259) کشتہ تانبہ

منافع: ضعف باہ، نامردی، سستی، ریاحی امراض، سردی، پرسوت زنان کے لئے اکسیر ہے۔

اجزاء: پیسہ ڈھوا ایک عدد، ہڑتال ورقی اصلی مطابق وزن پیسہ، افتیمون سبز (اکاس بیل) ڈیڑھ پاؤ۔

ترکیب ساخت: ہڑتال کے پتلے پتلے ورق بنا لیں۔ افتیمون کوٹ کر ایک کوزہ گلی میں نصف رکھ کر اس پر ہڑتال کے پترے رکھ کر اس پر پیسہ رکھیں۔ اس کے اوپر اور اردگرد باقی ہڑتال دے کر اوپر باقی نصف افتیمون رکھ کر کوزہ کا منہ چینی سے بند کر کے اس پر گل حکمت کر کے محفوظ الہوا جگہ پچیس سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ ٹھنڈا ہونے پر پیسہ نکال لیں اور کھرل کر کے نگاہ رکھیں۔

طریق استعمال: ریح اور پرسوت کے لئے ایک چاول مویز منقیٰ میں رکھ کر عرق سونف 12 تولہ پلائیں، نامردی، ضعف باہ وغیرہ کے لئے مکھن میں رکھ کر استعمال کرائیں۔ دودھ، گھی زیادہ استعمال کریں۔

(260) کشتہ ہڑتال

منافع: ضعف اعصاب، ضعف باہ، امراض ریاحی، نامردی وغیرہ کے لئے نہایت مفید ہے۔ زیادہ سے زیادہ اس کی تین خوراک کے استعمال سے ہی فائدہ ہو جاتا ہے جو ناظرین مجربات سلطانی کی خدمت میں پیش کیا جاتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: ایک عدد کنجشک نر کو ذبح کر کے اسے آلائش سے صاف کریں۔ پھر اس کے پیٹ میں ہڑتال ورقی ایک تولہ کی ڈلی رکھ کر پیٹ کو ریشم سے سی کر گھی میں بریاں کریں۔ اسی طرح سے 101 کنجشک میں بریاں کر کے پیس کر نگاہ رکھیں۔

نوٹ: جب کنجشک کا رنگ خوب سیاہی مائل ہو جائے تو نکال کر دوسرے میں ڈالا کریں۔

طریق استعمال: نامردی کے لئے نصف چاول تک مکھن میں رکھ کر اور امراض ریاحی و پرسوت وغیرہ کے لئے منقہ میں رکھ کر اوپر سے عرق گاؤزبان، عرق سونف ہر ایک 6 تولہ پلائیں۔

(261) کشتہ شنگرف

منافع: یہ نسخہ مدت سے ہمارا معمول مطب چلا آتا ہے۔ گو دیکھنے میں معمولی معلوم ہوتا ہے۔ مگر فوائد کے لحاظ سے نہایت اعلیٰ وارفع ہے۔ جس پر مجھے بڑا ناز ہے۔ اور اس کے متعلق میں وثوق سے کہہ سکتا ہوں کہ یہ کشتہ ضعف باہ کے دیگر سب مشکل نسخہ جات سے زیادہ مفید ہے۔ جو فیض رسانی خلائق کے لئے درج کر دیا گیا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: شنگرف 4 تولہ کو ململ کے کپڑے میں باندھ کر پانچ سیر دودھ میں لٹکا کر نیچے آگ جلائیں۔ جب دودھ خشک ہو جائے تو شنگرف کو نکال لیں۔ پھر شنگرف مدبر مذکور کو ایک کڑچھی میں ہلدی باریک شدہ 10 تولہ کے درمیان رکھ کر اس پر بھلاوے 20 تولہ ڈال کر اوپر ایک پاؤ گھی ڈال دیں اور کوئلوں کی آگ پر رکھیں۔ حتیٰ کہ تمام بھلاوے جل کر سیاہ ہو جائیں اور دھواں نکلنا بند ہو جائے۔ دھوئیں سے اپنے آپ کو بچائیں اور فاصلہ پر بیٹھے رہیں جب دھواں نکلنا بند ہو جائے تو آگ سے اتار لیں۔ سرد ہونے پر شنگرف کی سرخ رنگ ڈلی آہستہ سے نکال لیں۔ اعلیٰ درجہ قائم النار بے دود کشتہ تیار ہو جائے گا۔ روح کیوڑہ 4 تولہ میں کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

نوٹ: کوئلے دو سیر انگیٹھی میں سلگا کر کڑچھی رکھ دیں۔

طریق استعمال: نصف رتی سے 2 رتی تک سردیوں میں صبح و شام اور گرمیوں میں صرف رات کے وقت نصف رتی ملائی یا پیڑے یا مکھن میں رکھ کر استعمال کرائیں۔ دودھ، گھی زیادہ استعمال کریں۔

(262) گولیاں قوت باہ

منافع: یہ گولیاں اعلیٰ درجہ کی خون پیدا کرنے والی مقوی معدہ، مقوی جگر، مقوی دماغ، مقوی قلب اور مقوی ارواح و قویٰ ہیں۔ بدن کا رنگ سرخ کرتی اور باہ کو اعلیٰ درجہ طاقت پہنچاتی ہیں۔ نہایت ہی عجیب

عجیب فوائد کی حامل ہیں جن کے استعمال کے بعد آپ خود مان جائیں گے۔

اجزاء و ترکیب: کشتہ فولاد انگریزی سرخ 20 تولہ' سم الفار سفید کھرل شدہ دو تولہ۔

سم الفار تین ماشہ لے کر فولاد میں ملا کر زردی بیضہ مرغ چار عدد میں کھرل کر کے ایک کوزہ گلی میں ڈال کر منہ بند کر کے اور گل حکمت کر کے جب خشک ہو جائے محفوظ جگہ پانچ سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ پھر سرد کر کے نکال کر دوبارہ سم الفار تین ماشہ ملا کر زردی بیضہ مرغ چار عدد میں کھرل کر کے پانچ سیر کی آگ دیں۔ اسی طرح چار آنچیں دیں۔ پھر چار آنچیں اسی طریق پر شراب برانڈی میں دیں۔ ہر دفعہ سم الفار تین ماشہ اور شراب برانڈی 10 تولہ ملاتے جائیں۔ بس کشتہ فولاد تیار ہے۔ اب اس کشتہ میں سے دو تولہ لے کر اس میں جوہر سین چار ماشہ' کچلہ مدبر 4 ماشہ برھم ڈنڈی دو تولہ' مربہ سیب یا مربہ آملہ یا مربہ پیٹھا 10 تولہ گھوٹ کر ملائیں۔ جب سب اشیا خوب مل جائیں تو اس کی سات سو بیں گولیاں بنالیں۔

طریق استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ آدھ سیر 21 دن تک استعمال کرائیں۔ دودھ گھی زیادہ استعمال کرائیں۔ اور تا استعمال دوا جماع سے پرہیز کرائیں۔

جوہر سین بنانے کی ترکیب: سم الفار 2 تولہ کو شراب برانڈی 10 تولہ میں کھرل کر کے دو پیالوں میں ڈال کر حسب دستور جوہر اڑائیں۔ جس کا طریقہ نسخہ نمبر 257 میں تحریر ہے۔

نوٹ: اگر شراب برانڈی میسر نہ ہو سکے تو اس کے عوض آب برہم ڈنڈی سبز 10 تولہ میں کھرل کر کے جوہر اڑالیں۔

(263) معجون مقوی باہ و ممسک

اس سے ضعف اعضا رئیسہ' ضعف باہ' ضعف قلب' سرعت انزال کا عارضہ دور ہو کر حد درجہ قوت باہ نیز امساک پیدا ہو جاتی ہے۔ اس کی ترکیب ایسی نرالی ہے۔ کہ ہر قسم کے ضعف کو دور کرنے کے علاوہ اعلیٰ درجہ کی ممسک و مفرح ہے۔ ایک جامع الاوصاف نسخہ ہے جس کی ہر ایک شخص کو تلاش ہے۔ اس سے ضعف باہ کے ایک ایسے مریض کو فائدہ ہوا جو کثرت جماع کی وجہ سے خراب ہو کر تمام علاجوں سے ہاتھ دھو بیٹھا تھا اور اس کے اعضا مضمحل ہو چکے تھے۔ سرعت انزال اور ضعف اعضاء رئیسہ کی حد درجہ شکایت تھی۔

اجزاء: یاقوت رمانی' مروارید ناسفتہ' کہربائے شمعی' عنبر اشہب' جدوار خطائی ہر ایک آٹھ ماشہ' ورق طلاء' مشک خالص ہر ایک چار ماشہ' گل گاؤزبان' صندل سفید' تخم خرفہ' چرس ہر ایک 2 تولہ' ابریشم مقرض ڈیڑھ تولہ' جوزبوا 5 عدد' زعفران 6 ماشہ' مغز نارجیل 4 تولہ' مغز خیارین 8 تولہ' افیون خالص 3 ماشہ۔

ترکیب ساخت: سب دواؤں کو کھرل کر کے بدستور مشہور معجون بنائیں۔ جوزبوا کو سوراخ کر کے افیون اس میں داخل کر کے آرد گندم گوندھ کر اس پر لپیٹ لیں اور روغن زرد میں بریاں کریں۔ جب آٹا خوب سیاہ ہو جائے تو اسے دور کر کے افیون اور جوزبوا کو باقی دواؤں میں شامل کریں۔

طریق استعمال: تین ماشہ سے 6 ماشہ تک صبح و شام ہمراہ دودھ گائے استعمال کرائیں۔

(264) گولیاں اکسیر باہ و امساک

منافع: یہ گولیاں سرعت انزال، ضعف باہ، ضعف اعصاب، ضعف بدن، ضعف اعضاء رئیسہ وغیرہ کے لئے ایک خاص الخاص چیز ہیں۔ جن لوگوں کو دی گئیں۔ آج تک کسی نے ناکامی کی شکایت نہیں کی۔ بلکہ دوبارہ خواہش ظاہر کی۔ یہ قیمتی نسخہ ایک سول سرجن صاحب بہادر کا عطیہ ہے جو ناظرین کی خدمت میں پیش کر دیا جاتا ہے۔ جو احباب تجربہ کریں گے وہ ضرور داد دیں گے۔

یاد رہے کہ ادویہ کسی معتبر دواخانہ سے حاصل کر کے احتیاط کے ساتھ تیار کی جائیں۔ بہتر ہے کہ ماہر تجربہ کار انگریزی دواساز سے تیار کرائی جائیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت: یوہمبین ہائیڈرو کلور 1/12 گرین، فرائی آرسناس 1/6 گرین، ایکسٹریکٹ نکس وامیکا 1/4 گرین، زنک فاسفیٹ 1/16 گرین، فیری گلائسرو فاسفیٹ 1/2 گرین، ایکسٹریکٹ ڈمیانہ 2 گرین، ایکسٹریکٹ کوکو 2 گرین، کونین سلف 1/2 گرین، لسی تھین 1/2 گرین، پل فاسفورس 1/5 گرین، گولڈ کلورائیڈ 1/10 گرین، ایکسٹریکٹ کا سکیرا سگریڈا 1/2 گرین۔ یہ ایک گولی کا وزن ہے جس قدر گولیاں ضرورت ہوں تیار کرالیں۔

طریق استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ شیر و روغن زرد ملا کر استعمال کرائیں۔ شوقیہ استعمال کی حالت میں مہینہ میں صرف 5 دن استعمال کرائیں۔ زیادہ کمزوری کی حالت میں 15 یوم متواتر استعمال کرنا چاہئے۔

نوٹ: امساک کے لئے ایکسٹریکٹ کینبس انڈیکا 1/4 گرین فی گولی کے حساب سے ملالیں۔

(265) گولیاں برائے طاقت مردمی

منافع: یہ نسخہ ایک ڈاکٹر صاحب کا عام معمول ہے جو قوت مردمی کے لئے نہایت مفید ہے۔ طاقت مردمی کے لئے مجرب ہے۔ مردمی کمزوری کے لئے ایک ماہ تک متواتر استعمال کرنا چاہئے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: گولڈ کلورائیڈ 15 گرین، فرائی فاس خاص 1 گرین، ایکسٹریکٹ ڈمیانہ دو ڈرام ایکسٹریکٹ نکس وامیکا 15 گرین، فرائی آرسی ناس 8 گرین، ایکسٹریکٹ جنشن حسب ضرورت تقریباً ایک ڈرام، حسب دستور سب دواؤں کو ملا کر ان کی 60 گولیاں تیار کریں۔

طریق استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام بعد غذا استعمال کرائیں۔ ان کے دوران استعمال میں دودھ اور گھی زیادہ استعمال کریں۔

(266) گولیاں اکسیر باہ و امساک

اجزاء و ترکیب ساخت: زنسائی ویلرین، فرائی سلفاس، کونین سلفاس ہر ایک ایک گرین، مارفیا ایسی ٹاس 1/4 گرین، اسٹرکینا 1/30 گرین یہ ایک گولی کا وزن ہے۔

طریق استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام بعد غذا ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

(267) گولیاں اکسیر باہ

منافع: یہ گولیاں میرے ایک دوست کا ذریعہ معاش ہیں جو ضعف باہ، ضعف اعصاب، ضعف بدن اور جلق کے تمام عوارض کے لئے نہایت مجرب ہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت: فرائی ایٹ کونین سائٹراس، ایکسٹریکٹ ڈمیانہ ہر ایک 2 گرین، پل فاسفورس 1 گرین، ایکسٹریکٹ نکس وامیکا 1/4 گرین، گولڈ کلورائیڈ 1/6 گرین، یوہمبین ہائیڈرو کلور 1/4 گرین، ایکسٹریکٹ کوکو 1/30 گرین، ایکسٹریکٹ جنشن حسب ضرورت۔ یہ ایک گولی کا وزن ہے۔

طریق استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام بعد غذا ہمراہ دودھ یا پانی استعمال کریں۔ ان کے ساتھ دودھ اور گھی زیادہ استعمال کریں۔

(268) کشتہ اکسیر باہ مرکب

منافع: ضعف باہ و نامردی و سرعت انزال، طاقت بدن و سستی و ناطاقتی کے لئے عجیب شے ہے۔ اس پر طرہ یہ کہ نہایت ارزاں اور آسانی سے تیار ہو جانے والا نسخہ ہے۔ ہر شخص اسے تیار کر سکتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: سنکھیا سفید، شنگرف رومی، ہڑتال ورقی ہر ایک تولہ تولہ لے کر پہلے خشک کھرل کریں۔ پھر دودھ بڑھ، دودھ آک، آب پیاز، آب لسن، آب ادرک شراب برانڈی ہر ایک 5 تولہ میں ترتیب وار کھرل کریں۔ پھر افیون خام 6 ماشہ کو زردی بیضہ مرغ 7 عدد میں حل کرکے اس سے کھرل کریں۔ پھر سب دوائی کا گولا بنا کر خشک کرکے آٹا میں لپیٹ کر روغن زرد میں بریاں کریں۔ نیچے بیری کی لکڑی کی آگ جلائیں۔ جب گولا کا رنگ سیاہی مائل ہو جائے تو نیچے اتار کر سرد کرکے آٹا دور کرکے دوائی پیس کر نگاہ رکھیں۔

طریق استعمال: 2 چاول سے نصف رتی تک مکھن یا ملائی میں رکھ کر بعد غذا استعمال کرائیں۔ غذائے مرغن مثل گوشت وغیرہ دودھ، گھی زیادہ استعمال کرائیں۔

(269) گولیاں اکسیر جریان و احتلام

اسناد: جناب حکیم نصیر احمد صاحب نقشبندی خوشابی کا عطیہ ہے۔

منافع: جریان و کثرت احتلام جیسے نامراد مرض کے لئے نہایت مفید اور منٹوں میں نہایت آسانی سے تیار ہو سکتا ہے۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔

اجزاء: مغز تخم تمر ہندی کلاں تین عدد، تخم ریحان، تالمکھانہ، تخم لاجونتی، بیجبند سیاہ ہر ایک 6 ماشہ۔

ترکیب ساخت: کوٹ چھان کر پانی کی مدد سے گولیاں بقدر جنگلی بیر تیار کریں۔

طریق استعمال: دو دو گولیاں صبح و شام ہمراہ دودھ تازہ استعمال کرائیں۔ گرم، ترش اور بادی چیزوں سے پرہیز کرائیں۔

(270) ترکیب مقوی باہ

منافع: جریان بوجہ کثرت جماع، ضعف باہ، ضعف دماغ، رقت منی، تقویت بدن کے لئے مجرب ہے۔

اجزاء: مغز بادام 15 عدد، موصلی سفید، بہمن سفید ہر ایک تین ماشہ، شیر گاؤ تین پاؤ۔

ترکیب ساخت: بہمن و موصلی کو باریک پیس لیں۔ بادام کو پانی میں جوش دے کر چھلکا اتار کر باریک کر لیں۔ پھر دودھ، قلعی شدہ دیگچہ میں ڈال کر دوائیں ملا کر آگ پر چڑھائیں۔ جب نصف رہ جائے مصری حسب ضرورت ملا کر گرم گرم پئیں۔ دو وقت استعمال کرنا بہتر ہے۔

(271) لڈو مقوی باہ و دافع جریان وغیرہ

منافع: یہ ہمہ صفت موصوف لڈو زبردست مقوی ہیں۔ جن کے استعمال سے دوسرے تیسرے ہی دن فائدہ معلوم ہونے لگتا ہے۔ اعلیٰ درجہ مولد و مغلظ منی ہیں۔ لطف یہ کہ گرم مزاجوں اور مجلوقوں کے لئے جن کو دل دھڑکا، ضعف باہ، ضعف اعضاء رئیسہ اور گرمی وغیرہ عوارض لاحق ہوں۔ جن کو گرم دوائیں فائدہ نہ کرتی ہوں اور جریان و احتلام اور ضعف باہ ضعف جگر سے نالاں رہتے ہیں۔ ان کے لئے نہایت مفید ہیں۔ ان کی خوبی کا اندازہ ان کے اجزاء سے ہی ہو سکتا ہے۔

اجزاء: پیٹھہ وڑی، شیر گاؤ ہر ایک 6 سیر، موصلی سیاہ، موصلی سفید ہر ایک ڈھائی تولہ، بہمن سفید، بہمن سرخ، شقاقل مصری، مغز کونج سفید، بیج بند، تالمکھانہ، گوند کیکر ہر ایک 5 تولہ، کشتہ فولاد، کشتہ مرجان ہر ایک ایک تولہ، ورق نقرہ ایک دفتری، آرد ماش 40 تولہ، کھنڈ دانہ ڈیڑھ سیر، روغن زرد نصف سیر۔

ترکیب ساخت: پیٹھہ کو کدوکش کر کے اس کا پانی نکال لیں۔ پانی علیحدہ رکھیں اور ثفل کو دودھ گاؤ میں نرم آگ پر پکائیں۔ جب خوب کھویا بن جائے تو اتار کر رکھیں۔ آرد ماش کو نصف گھی میں بریاں کر لیں۔ اور باقی نصف گھی کھویا مذکور میں ڈال کر نرم آنچ پر بریاں کر لیں۔ اس حد تک کہ کھویا کا پانی خشک ہو کر خوب بریاں ہو جائے۔ پھر پیٹھہ کے پانی میں کھانڈ ڈال کر قوام تیار کریں۔ پھر اس قوام میں آرد ماش بریاں شدہ اور کھویا اور دیگر ادویہ جو باریک کر کے پاس رکھی ہوں۔ ملا کر چمچہ سے خوب ہلائیں۔ تاکہ یکجان ہو جائے پھر پانچ پانچ تولہ کے لڈو بنا لیں۔

طریق استعمال: روزانہ ایک لڈو رات کو سوتے وقت یا صبح و شام حسب برداشت طبع کھلائیں۔ گرم ترش اور تیل دار اشیاء اور جماع سے تا استعمال دواء پرہیز کرائیں۔

(272) معجون مقوی باہ و ممسک

منافع: اعلیٰ درجہ مقوی باہ و ممسک و مقوی اعضاء رئیسہ، غذا کو جزو بدن بناتی خون صالح پیدا کرتی۔ اور باہ میں تحریک پیدا کرتی ہے۔ سرعت وغیرہ تمام شکایات مردانہ کے لئے مخصوص ہے۔

اجزاء: افیون، کشتہ صدف ہر ایک تین ماشہ، جند بید ستر 4 ماشہ، مشک خالص ڈیڑھ ماشہ، زعفران، شنگرف، رنگ سفید، کشتہ فولاد، موصلی سفید، موصلی سیاہ ہر ایک 6 ماشہ، ورق نقرہ 20 عدد، ورق طلاء 10

عدد' زردی بیضہ مرغ 20 عدد' عقرقرحا ایک تولہ' شہد خالص' مصری ہر ایک ایک پاؤ۔

ترکیب ساخت: سوائے زردی و شہد و مصری کے باقی دوائیں باریک کھرل کریں۔ مصری کا آدھ پاؤ پانی میں قوام کر کے زردی بیضہ مرغ ملائیں۔ پانچ منٹ کے بعد شہد ملا کر نیچے اتار کر باقی ادویہ ملا لیں۔

طریق استعمال: چار ماشہ صبح ہمراہ دودھ تازہ استعمال کرائیں۔

(274) گولیاں مقوی باہ و ممسک ①

منافع: جہاں امساک اور سرعت انزال کو مفید ہیں۔ ہیجان باہ کے لئے بھی اپنی نظیر آپ ہیں۔ دودھ' گھی خوب ہضم کرتی اور غذا کو جزو بدن بناتی ہیں۔ نہایت کم خرچ' سہل الحصول نسخہ ہے۔

اجزاء: افیون ایک تولہ' مویز منقیٰ ایک پاؤ' سم الفار سفید 2 ماشہ۔

ترکیب ساخت: پہلے سم الفار خوب کھرل کریں۔ پھر افیون ملا کر اس حد تک کھرل کریں کہ دونوں یک ذات ہو جائیں۔ بعدہ مویز منقیٰ کے دانے نکال کر سب اشیا کو خوب ملا کر آہرن پر رکھ کر دو دان کی دو سو ضرب لگائیں۔ پھر گولیاں موٹھ کے دانہ سے قدرے کم بنائیں۔

طریق استعمال: ایک گولی بوقت عصر ہمراہ شیر گاؤ آدھ سیر (جس میں دو تولہ گھی بھی ملا لیا جائے تو بہتر ہے) استعمال کرائیں۔ رات کو کھانا کم کھلائیں اور دودھ گھی زیادہ استعمال کرائیں۔ سرعت انزال اور قوت باہ کے لئے صرف ایک وقت اسی طرح کچھ عرصہ تک استعمال کرائیں۔ دودھ' گھی جس قدر ہضم ہو سکے استعمال کرائیں۔ غذا چوزہ و گوشت مرغن اگر تیزی دکھلائے تو نصف گولی کھانی چاہئے۔ پہلے کوئی چیز کھا کر استعمال کریں۔

(274) گولیاں مقوی باہ و ممسک ②

منافع: یہ گولیاں ہماری تجربہ شدہ مدت کی معمول ہیں۔ لطف یہ کہ ضرورت کے وقت آسانی سے تیار کرائی جا سکتی ہیں اور سستی ہیں۔

اجزاء: جائفل 6 ماشہ' عقرقرحا 6 ماشہ' افیون 6 ماشہ' شنگرف 6 ماشہ۔

ترکیب ساخت: الگ الگ پیس کر پانی کی مدد سے چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔

طریق استعمال: بوقت ضرورت ایک گولی تین گھنٹہ قبل از جماع ہمراہ دودھ آدھ سیر استعمال کرائیں۔ سرعت انزال کے عارضہ کے لئے ایک گولی صبح و شام عرصہ تک استعمال کرائیں۔

(275) گولیاں مقوی باہ و ممسک ③

منافع: زدجام عشق کا مشہور نسخہ جدید اضافہ سے بہت مفید ثابت ہوا ہے۔ اس کے اجزاء و ترکیب تیاری نہایت اعلیٰ ہے۔ اگر مزاج وغیرہ کی تشخیص کرنے کے بعد ان گولیوں کو باقاعدہ استعمال کرایا جائے تو کوئی وجہ نہیں کہ فائدہ نہ ہو یہ گولیاں مقوی باہ ممسک ہیں۔ نیز سرعت کے عارضہ کو دفع کرتی ہیں۔ دودھ گھی کافی ہضم کرتی اور کافی محرک باہ ہیں۔

اجزاء: زعفران کشمیری، دارچینی، جائفل، افیون، مشک خالص، عقرقرحا، کشتہ شنگرف، قرنفل ہر ایک ماشہ الگ الگ پیس کر وزن کر کے ملا لیں۔ پھر ایک کنجشک نر ذبح کر کے آلائش سے صاف کریں اور ادویہ اس کے پیٹ میں بھر کر پیٹ کو خوب سی کر روغن دھتورہ میں بریاں کر لیں۔ بعدہ بمعہ کنجشک کے خوب کوٹ کر دودھ بڑ میں کھرل کریں۔ اور حب بقدر مرچ سیاہ تیار کریں۔

طریق استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ آدھ سیر پرہیز ترشی اور بادی اشیاء سے اور وقتی ضرورت کے لئے 2 گولی تین گھنٹہ قبل از جماع ہمراہ دودھ استعمال کریں۔ غذا اس روز سوائے دودھ کے اور کچھ نہ دیں۔ جب پیاس محسوس ہو تو دودھ ہی پینا چاہئے۔

(276) گولیاں مقوی باہ و ممسک

منافع: یہ گولیاں تقویت باہ اور امساک کے لئے یقیناً اپنی نظیر آپ ہیں جو خاص اہتمام سے تیار کرائی جاتی ہیں۔

اجزاء: مشک ایک ماشہ، اسٹرکنیا 2 رتی، زعفران کشمیری، عقرقرحا، جاوتری، انیسون ہر ایک تین ماشہ۔

ترکیب ساخت: ایک چھوہارا سے گٹھلی نکال کر اس میں افیون بھر دیں اور ایک پیاز کلاں میں سوراخ کر کے اس میں چھوہارہ رکھ کر آٹا لگا دیں اور گرم راکھ میں دفن کریں تین چار گھنٹہ کے بعد نکال کر دوسری ادویہ کے ہمراہ کوٹ کر یکجان کر کے شہد سے دو دو رتی کی گولیاں بنا لیں۔

طریق استعمال: ایک گولی روزانہ ہمراہ دودھ استعمال کرائیں۔
وقتی ضرورت کے لئے ایک گولی تین گھنٹہ قبل از جماع ہمراہ دودھ استعمال کرائیں۔ غذا نہ کھلائیں۔ دودھ ہی پلائیں۔

(277) عرق مقوی باہ

منافع: اعلیٰ درجہ مقوی و محرک باہ و مغلظ منی ہے۔ نیز امساک پیدا کرتا ہے۔ سریع الاثر اس قدر کہ چند دنوں میں ہی اثر دکھلاتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: اندرجو، تخم پیاز، تخم گاجر، تخم ترب، تخم شلغم، تخم کونچ، عقرقرحا، خولنجاں، گوکھرو، ستاور، سنگھاڑا، تخم ببول ہر ایک 10 تولہ اس کا 6 بوتل عرق کشید کریں۔

طریق استعمال: سات تولہ صبح و شام شربت انگور یا شربت سیب یا مصری ملا کر استعمال کرائیں۔

(278) مقوی باہ و ممسک و ملذذ

منافع: قوت باہ اور امساک پیدا کرتی ہے۔ نیز ملذذ ہے۔ اس کے علاوہ اسہال ہر قسم و کھانسی ہر قسم اسہال مبارکی کے لئے معمول ہے۔ ایک جامع الاوصاف و مفید مطلب نسخہ ہے۔ ہر ایک طبیب کے پاس اس کا تیار رہنا نہایت ضروری ہے۔

اجزاء: افیون، شنگرف، لوبان کوڑیہ، کافور، جاوتری ہر ایک ایک تولہ، لونگ 2 تولہ، جائفل دارچینی ہر

ایک 2 ماشہ، زعفران خالص تین ماشہ۔

ترکیب ساخت: سب دوائیں الگ الگ باریک کرلیں۔ پھر ہاون دستہ میں اکٹھی ایک گھنٹہ تک خوب کوٹیں۔ بس تیار ہے ڈبیہ میں محفوظ رکھیں۔

طریق استعمال: ڈیڑھ ڈیڑھ رتی صبح و شام ہمراہ دودھ استعمال کرائیں۔ امساک کے لئے ڈیڑھ رتی سوتے وقت کھائیں۔ لذت کے لئے قدرے لعاب دہن میں گھس کر بوقت جماع آلہ تناسل پر لگالیں۔

(279) روغن برقی

منافع: یہ روغن قوت باہ اور ریح بواسیر، ضعف معدہ، قبض، ضعف اعصاب، ضعف بدن ریاحی امراض کے لئے مجرب و معمول مطب ہے۔ یہ ایک قابل اخفا نسخہ ہے۔ جسے ظاہر کرنے کے واسطے کئی اصحاب نے مجھے مجبور کیا ہے۔

اجزاء: سم الفار سفید، شنگرف رومی، کچلہ مدبر ہر ایک ایک تولہ، دودھ بھینس 14 سیر۔

ترکیب ساخت: سم الفار کو ایک دن کامل خشک کھرل کریں۔ پھر شنگرف و کچلہ ڈال کر خوب کھرل کر کے دودھ بھینس میں ملا کر رات کو ضامن لگا کر صبح اس کا مکھن نکال لیں۔ پھر اس کا گھی تیار کریں اور بوتل میں احتیاط سے رکھیں۔

طریق استعمال: دو قطرہ صبح نہار مکھن میں رکھ کر استعمال کریں۔

(280) کشتہ سنکھیا

منافع: ضعف باہ، نامردی، وجع مفاصل، پرسوت، امراض ریاحی کے واسطے معمول ہے اور آسانی سے تیار ہو جاتا ہے۔ اس عجیب و غریب کشتہ سے وجع مفاصل کا ایک ایسا مریض شفایاب ہوا جو سب علاجوں سے مایوس ہو چکا تھا۔ اور اس کے جوڑوں پر ورم پیدا ہو گیا تھا۔

اجزاء و ترکیب ساخت: قلمی شورہ آدھ پاؤ کڑاہی میں ڈال کر اوپر بھنگ سبز آدھ سیر رکھ کر آنچ دیں۔ جب بھنگ جل جائے تو شورہ قلمی کڑاہی سے نکال کر باریک پیس کر نگاہ رکھیں۔ قائم النار ہو گا۔

اس میں سے دو تولہ لے کر ایک توے پر ایک تولہ سم الفار کی ڈلی کے نیچے اوپر رکھ کر نرم نرم آگ جلائیں۔ جب ارد گرد تیل نکل آئے اور سم الفار کی ڈلی تمام پھول جائے تو اتار لیں۔ سرد ہونے پر شورہ الگ کر لیں اور سنکھیا کو احتیاط سے الگ کر کے پیس کر نگاہ رکھیں۔

طریق استعمال: قوت باہ اور نامردی کے لئے ایک چاول صبح 5 تولہ مکھن میں رکھ کر استعمال کرائیں اور پرسوت و وجع مفاصل و امراض ریاحی کے لئے بتاشہ یا منقی میں رکھ کر ہمراہ عرق سونف 12 تولہ استعمال کرائیں۔ ساتھ دودھ، گھی ہر مرض میں زیادہ استعمال کرنا چاہئے۔

(281) کشتہ سہ دھاتہ

(صندوقچہ)

اسناد: یہ ایک سنیاسی کا نسخہ ہے جو ایک دوست کی وساطت سے مجھ تک پہنچا۔ یہ اکسیر ہر قسم کے جریان، کثرت احتلام، رقت منی گرمی مثانہ وغیرہ کے لئے عجیب شے ہے۔ میرے چیدہ اور مخفی نسخہ جات میں سے ہے۔ جسے آج میں مخلوق خدا کے افادہ کے لئے ظاہر کرتا ہوں۔ جو احباب تیار کریں گے وہ ضرور اس کی قدر کریں گے۔

منافع: جریان، احتلام، رقت منی اور ضعف باہ کے لئے اکسیر ہے۔

اجزاء: پارہ، جست، قلعی، سکہ ہر ایک 2 تولہ۔

ترکیب ساخت: جست، قلعی، سکہ کو کٹھالی وغیرہ میں گلا کر احتیاط سے پارہ ملائیں۔ سرد ہونے پر ڈیڑھ پاؤ آب افتیمون دیسی میں کھرل کر کے قرص بنالیں۔ خشک کر کے کوزہ گلی میں بند کریں اور گل حکمت کر کے دس سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ زردی مائل کشتہ تیار ہو گا۔ اگر ایک آنچ سے ٹھیک زرد نہ ہو تو دو یا سہ بارہ آنچیں دیں۔

طریق استعمال: ایک رتی صبح مکھن میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

(282) کشتہ سہ دھاتہ ②

منافع: گرمی، جریان، رقت منی وغیرہ کے واسطے عجیب النفع ہے۔ طاقت مردی بڑھاتا اور گردہ و مثانہ کو طاقت دیتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: چاندی، قلعی، سکہ، جست ہر ایک تین ماشہ کٹھالی میں گلا کر باریک چورا بنا کر برگ انار کے ایک پاؤ نغدہ میں رکھ کر کوزہ گلی میں بند کر کے کپڑوٹی کر لیں۔ جب خشک ہو جائے تو اینٹوں کے بھٹہ میں رکھائیں۔ سرد ہونے پر باریک پیس کر نگاہ رکھیں۔

طریق استعمال: ایک رتی صبح مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

(283) دوائے قلعی

منافع: گرمی، جریان خصوصاً نکسیر کے واسطے لاجواب ہے۔ اس سے نکسیر کو سات دن میں آرام ہو جاتا ہے۔ اور جریان کے گرم مزاج مریض کے لئے نہایت مفید ہے۔ مجرب و آزمودہ ہے۔

اجزاء و ترکیب استعمال: قلعی 4 تولہ باریک چورا بنا کر کتر لیں۔ پھر کھرل میں ڈال کر آب ترو زنگی ایک پاؤ تھوڑا تھوڑا ملا کر کھرل کریں۔ پھر نارجیل تازہ کے ایک پاؤ پانی میں کھرل کریں۔ پھر شیر بڑ نیم چھٹانک میں کھرل کر کے گولیاں بقدر نخود تیار کریں۔

طریق استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

(284) کشتہ قلعی (خاندانی نسخہ)

منافع: سلسل بول، جریان، سوزاک، گرمی مثانہ، رقت منی وغیرہ کے لئے ایک بھروسہ کی چیز ہے۔ یہ نسخہ کشتہ قلعی کے سب نسخہ جات سے زود اثر ہے۔ جو بخل کو بالائے طاق رکھ کر درج کیا جاتا ہے۔

اجزاء و ترکیب: قلعی اینٹ کی بقدر ضرورت لے کر پترا بنا کر باریک باریک کتر لیں۔ پھر بنولے (بیوے) بقدر ضرورت کوٹ کر ایک ٹاٹ پر پھیلا کر اس پر قلعی کے پترے تہ بہ تہ دے کر ٹاٹ کو لپیٹ کر خوب باندھ لیں۔ پھر آہنی توے پر دو اوپلہ کلاں کے درمیان بحفاظت رکھیں اور آگ لگا دیں۔ سرد ہو جانے کے بعد قلعی کشتہ شدہ چن لیں۔ اور باریک پیس کر رکھیں۔ نہایت عمدہ ہو گا۔

طریق استعمال: نصف رتی سے ایک رتی تک صبح مکھن میں رکھ کر استعمال کریں۔

(285) کشتہ مرگانگ

منافع: یہ نسخہ مرگانگ کے سب نسخہ جات کا سرتاج ہے۔ جو ضعف باہ خصوصاً جریان کے لئے اکسیر ہے۔ کئی دفعہ اس کا تجربہ کیا جا چکا ہے۔ سات دن میں جریان کو نیست و نابود کر کے قوت باہ میں کافی اضافہ کر دیتا ہے۔ نہایت آسان، ارزاں اور بڑے فائدہ کی چیز ہے۔ ایسے نسخوں کو ہی لوگ پوشیدہ رکھتے ہیں۔ جو فائدہ میں بے خطا نیز آسان بھی ہوں۔ ایک خاص الخاص اور خاندانی نسخہ ہے جسے شائع کر کے ثواب کا مستحق ہوتا ہوں۔ جو احباب تجربہ کریں گے وہ یقیناً میری فراخ دلی کی داد دیئے بغیر نہ رہیں گے۔

اجزاء: قلعی، سیماب، آملہ سار، نوشادر ہر ایک ایک تولہ، اول قلعی و سیماب کو کھرل کرنا شروع کریں۔ جب خوب مل جائیں تو آملہ سار ملا کر اچھی طرح کھرل کریں۔ اس کے بعد نوشادر ملا کر کھرل کریں۔ پھر آتشی شیشی میں ڈال کر (جو گل حکمت کر کے خشک کر لی گئی ہو) کوئلوں کی آگ پر رکھیں۔ اور کسی سلاخ سے ہلاتے رہیں۔ جب سلاخ کا رنگ زرد معلوم ہونے لگے اتار لیں۔ اور سرد کر کے شیشی کو توڑ کر جو ہر گردن کے ساتھ لگا ہوا ہو وہ الگ رکھیں۔ آنکھ کی امراض مثلاً موتیا بند، ناخونہ، پھولا وغیرہ کو مفید ہے اور جو نیچے ہو وہ جریان اور باہ کو مفید ہو گا۔

طریق استعمال: ایک رتی صبح مکھن میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

(286) طلائے نامردی

منافع: نامرد و مجلوق کے لئے معمول ہے۔ اس نسخہ کے اجزاء اور ترکیب سے ہی اس کی شان معلوم ہو سکتی ہے کہ یہ کیا چیز ہے۔ ایک طلاء کے ذریعہ ایک شخص کافی روپیہ کماتا ہے اور اس کا ذریعہ معاش یہی نسخہ ہے۔

اجزاء: سم الفار سفید، سم الفار سیاہ، سم الفار زرد، سم الفار سرخ ہر ایک 1 تولہ، سانڈہ جنگلی 4 عدد۔

ترکیب ساخت: چاروں سم الفار کو الگ الگ باریک پیس کر چاروں سانڈہ کے پیٹ چاک کر کے الگ الگ ایک ایک کے پیٹ میں ڈال کر خوب سی کر ایک مستعمل ہانڈی میں اس شکل پر ایک دوسرے کے

ہانڈی کے پینڈے میں 12 سوراخ بنالیں اور ان سوراخوں میں بال دے لیں تاکہ تیل آسانی سے نکل سکے۔
اوپر رکھ کر ہانڈی کا منہ بند کر کے گڑھا میں بطور معروف تپال جنتر سے روغن کشید کریں۔

تپال جنتر کا طریقہ: طلائے سستی نمبر② صفحہ 111 میں تحریر ہے۔

طریق استعمال: دو رتی کے قریب رات کو حشفہ اور سیون بچا کر مالش کر کے برگ پان یا ارنڈ باندھ دیں۔ اگر چھوٹے چھوٹے دانے نکل آئیں تو روغن چنبیلی یا روغن زرد جلا کر لگاتے رہیں۔ جب دانے وغیرہ درست ہو جائیں پھر لگانا شروع کر دیں۔ غسل اور جماع سے تا صحت پرہیز کرائیں۔ نیز گھوڑے کی سواری اور زیادہ پیدل چلنے سے پرہیز چاہئے۔ اگر غسل ضروری ہو تو گرم پانی سے کرنا چاہئے۔

(287) طلائے خاص

منافع: یہ طلاء آسانی سے تیار ہو جانے والا اور نہایت سستا ہے۔ اس کے چند روز استعمال سے عضو مخصوص کے تمام نقائص مثلاً ٹیڑھا پن، سستی، کوتاہی، باریکی، ضعف اعصاب وغیرہ زائل ہو کر عضو میں طاقت و فربہی پیدا ہو جاتی ہے۔ اس میں مقامی طور پر رگوں اور پٹھوں کو غذا پہنچانے والے نیز محرک و مقوی ہر قسم کے اجزاء موجود ہیں۔

اجزاء: روغن سم الفار، جائفل، لونگ، جلوتری، مال کنگنی ہر ایک 6 ماشہ، روغن بیضہ مرغ، روغن جونک، چربی شیر، بیر بہوٹی ہر ایک تولہ تولہ۔

ترکیب ساخت: خشک دوائیں الگ الگ باریک پیس کر روغنیات اور چربی شیر میں ملا کر خوب کھرل کریں۔ اور ڈبیہ میں محفوظ رکھیں۔

طریق استعمال: حسب دستور بقدر دو یا چار رتی مالش کریں۔ اوپر برگ پان باندھیں ایک دن مالش کریں اور ایک دن ناغہ کریں۔ جب دانے نکل آئیں۔ طلاء کا استعمال موقوف کر کے روغن زرد جلا کر لگاتے رہیں۔ جب دانے وغیرہ درست ہو جائیں تو پھر طلاء شروع کریں۔ حتیٰ کہ نقائص رفع ہو جائیں۔

ڈلی سم الفار کو روغن سرسوں میں کھرل کر کے بذریعہ تپال جنتر روغن کشید کریں۔ یہ روغن سم الفار ہے۔ روغن جونک، جونک کو روغن کنجد میں جلالیں۔ تیار ہے۔ روغن بیضہ کا طریقہ عام ہے۔ زردیوں کو جلا کر روغن نکال لیں۔

(288) طلائے مقوی باہ نمبر①

اسناد: جناب محترم دوست حکیم نصیر احمد صاحب خوشابی کا عطیہ ہے۔

منافع: یہ طلاء کجی، لاغری، کوتاہی، سستی کے لئے نہایت عمدہ ہے۔ اس سے چھوٹی چھوٹی پھنسیاں نکل کر مادہ فاسد خارج ہو جاتا ہے۔ اور چند دن کے باقاعدہ استعمال سے شکایات متذکرۃ الصدر رفع ہو جاتی ہیں۔ ایک سہل الحصول اور نزدو اثر نسخہ ہے جو صرف دو منٹ میں تیار ہو سکتا ہے۔ اور فوائد کے لحاظ سے اعلیٰ

چیز ہے۔

اجزاء: روغن دارچینی ولایتی 6 ماشہ ' روغن لونگ ولایتی 6 ماشہ ' روغن جمال گوٹہ ولایتی (کروٹن آئیل) ٹنکچر کنتھریڈس ہر ایک 2 ماشہ ' ویزلین دس تولہ۔

ترکیب ساخت: سب اشیاء کو اچھی طرح ملا کر چینی کی ڈبیہ یا کھلے منہ والی شیشی میں محفوظ رکھیں۔

طریق استعمال: رات کو سوتے وقت حشفہ اور سیون بچا کر آلہ تناسل پر مالش کر کے اوپر برگ پان یا ارنڈ باندھ دیں۔ صبح کھول دیں۔ جب پھنسیاں نکل آئیں۔ طلاء کا استعمال موقوف کر دیں اور روغن چنبیلی یا روغن زرد جلا کر دن میں دو تین دفعہ لگا دیا کریں۔ جب دانے وغیرہ اچھی طرح معدوم ہو جائیں تو پھر طلاء لگانا شروع کر دیں۔ یہی سلسلہ جاری رکھیں حتیٰ کہ مکمل صحت ہو جائے۔

(289) طلائے مقوی باہ نمبر②

یہ بھی مذکورہ بالا طلاء کی طرح فائدہ میں نہایت زود اثر اور تیار کرنے میں نہایت آسان ہے۔ جس کو جاننے والے ہی جان سکتے ہیں۔ کمزور مجلوق کے تمام نقائص کو دور کر کے طاقتور مرد بنا دیتا ہے۔ جو طبیب اور غیر طبیب کے لئے تحفہ ہے۔

جو احباب محنت طلب نسخوں سے گھبراتے ہیں۔ ان کے لئے یہ دونوں نسخہ جات نہایت اعلیٰ ہیں۔ اس نسخہ کی تصدیق ہو چکی ہے۔

اجزاء: روغن دارچینی ولایتی ' روغن لونگ ولایتی ' روغن جمال گوٹہ ولایتی ہر ایک تولہ تولہ ' روغن جائفل ولایتی تولہ ' روغن گری یعنی روغن نارجیل 6 تولہ۔

ترکیب ساخت: سب کو اچھی طرح گرم کر کے ملا لیں۔

طریق استعمال: تین رتی کے قریب آلہ تناسل پر حشفہ اور سیون بچا کر خوب مالش کریں اوپر برگ پان یا ارنڈ باندھ دیں۔ صبح کھول دیا کریں۔ اگر غسل کی ضرورت ہو تو گرم پانی سے غسل کریں۔ جماع سے پرہیز کریں۔

(290) طلائے سستی نمبر①

منافع: اس میں کئی وصف ہیں [1] جس وقت ضرورت ہو تیار کیا جا سکتا ہے [2] تیار کرنے میں کوئی تکلیف نہیں ہوتی [3] پانچ منٹ میں تیار ہو سکتا ہے [4] نہایت زود اثر ہے [5] اس سے کسی قسم کا ضرر یا تکلیف نہیں ہوتی۔ یعنی دانے یا آبلہ یا سوزش نہیں ہوتی۔

ہر قسم کی سستی کمزوری کے لئے پرلے درجہ کا مفید ہے۔ پہلے دن اثر دکھلاتا ہے اور اس کے باقاعدہ استعمال سے پھر کسی اور دوا کی ضرورت نہیں رہتی۔

اجزاء و ترکیب ساخت: گھونگچی سفید ' خراطین ' بیربہوٹی ہر ایک تین ماشہ ' جند بید ستر 6 رتی ' زعفران 2 رتی ' عاقر قرحا ' رال سفید ہر ایک دو ماشہ الگ الگ باریک پیس کر روغن چنبیلی تین ماشہ ' روغن

دار چینی 2 ماشہ' چربی سانڈہ جنگلی چار ماشہ' شراب برانڈی ایک تولہ چربی شیر 6 ماشہ' روغن لونگ 2 ماشہ
میں خوب کھرل کریں۔ اور کسی چینی کی ڈبیہ یا کھلے منہ والی شیشی میں محفوظ رکھیں۔

طریق استعمال: چار رتی رات کو سوتے وقت عضو مخصوص پر خوب مالش کرکے برگ ارنڈ یا ہرا پان باندھ دیں۔ حشفہ اور سیون کو بچائے رکھیں۔ روزانہ مالش کرکے باندھ دیا کریں۔ مجامعت اور دھوپ سے پرہیز رکھیں۔

(291) طلائے سستی نمبر②

منافع: تمام فوائد کا حامل ہے۔ عضو مخصوص کی تمام شکایات کو دور کرکے فربہی اور درازی پیدا کرتا ہے۔ اس میں ایسے اجزا ہیں جو مقامی رگوں اور پٹھوں کو غذا پہنچاتے اور دوران خون کو تیز کرتے ہیں اور عضو میں طاقت پیدا کردیتے ہیں۔ اس سے کسی قسم کے ثبور یا آبلہ وغیرہ نہیں پیدا ہوتے۔

اجزاء: جلوتری' بیر بہوٹی' خراطین' رال سفید' ما لکنگنی' جونک خشک' لونگ جا ئفل' عاقر قرحا ہر ایک تین ماشہ۔

ترکیب ساخت: الگ الگ باریک پیس کر ایک سانڈہ کے پیٹ میں بھر کر ہانڈی مستعمل میں ڈال کر اس کا منہ چینی سے خوب بند کرکے تمام ہانڈی کو گل حکمت کرکے خشک کرلیں مگر پہلے ہانڈی کے نیچے کی چیز سے چار سوراخ بنوالیں۔ پھر زمین میں گڑھا کھود کر اس کے درمیان میں ایک چھوٹا سا گڑھا اور بنائیں جس میں چینی کا پیالہ پورا آجائے۔ اب چھوٹے گڑھے میں چینی کا پیالہ رکھ کر اس کے منہ پر ہانڈی رکھیں .... نیز پیالہ کے لب اور ہانڈی کی جائے وصل کو مٹی سے خوب بند کردیں تاکہ پیالہ سے ہوا باہر نہ نکلے۔ بعدہ ہانڈی کے اردگرد اور اوپر چھ سیر مینگنی بکری کی ڈال کر آگ لگادیں۔ دو روز کے بعد جب آگ اچھی طرح سرد ہوجائے تو تیل کو حفاظت سے نکال لیں۔

طریق استعمال: رات کو بقدر چار رتی حشفہ اور سیون بچاکر آلہ تناسل پر خوب مالش کرکے برگ ارنڈ وغیرہ باندھ دیں صبح کھول دیں۔ روزانہ رات کو اسی طرح مالش کرکے باندھ دیا کریں۔ پانی اور جماع تا استعمال دوا پرہیز کریں۔ اگر نہانے کی ضرورت ہو تو گرم پانی سے نہائیں۔

(292) طلائے سستی نمبر③

منافع: یہ طلاء صرف دو منٹ میں تیار کیا جاسکتا ہے۔ فوائد میں نہایت اعلیٰ ہے۔ اس سے آبلہ یعنی ابھار نہیں ہوتا۔ اور پھر سہل الحصول ہے۔ مجلوق اور نامرد کے لئے ہمیشہ کا معمول ہے۔ نیز جوڑوں کے دردوں اور ذات الجنب کے درد کے لئے بھی معمول ہے۔ نہایت ہی عجیب و غریب صدری نسخہ ہے۔

اجزاء: بچھناک سیاہ' کھونگچی سفید' جند بید ستر' زعفران ہر ایک 2 ماشہ' افیون ایک ماشہ' زردی بیضہ مرغ 1 عدد۔

ترکیب ساخت: خشک دوائیں الگ الگ باریک کر کے زردی بیضہ مرغ میں ملا کر خوب کھرل کریں۔
طریق استعمال: پہلے عضو مخصوص کو کھردرے کپڑے سے مل کر سرخ کرلیں (نازک مزاج مریض کے واسطے چنداں ضرورت نہیں) پھر حشفہ اور سیون بچا کر چار رتی کا قدر مل دیں۔ ایک ہفتہ تک استعمال کریں۔ جوڑوں کے درد۔ ذات الجنب کے لئے درد کی جگہ پر مل دیں یا روغن کنجد میں حل کر کے گرم کر کے مالش کریں۔

(293) طلائے سستی نمبر④

منافع: یہ ہمہ صفت موصوف طلا ہے جہاں مرض زیادہ ہو اس طلاء کا استعمال زیادہ مناسب ہے۔ کیونکہ اس سے اوپاڑ ہو کر تمام فاسد و خراب مادہ خارج ہو جاتا ہے۔ عضو مخصوص کی تمام سستی، کمزوری وغیرہ دور ہو کر عضو میں طاقت و توانائی آجاتی ہے۔ جس سے مرد مرد کہلانے کے لائق ہو جاتا ہے۔ کئی دفعہ کا مجرب اور آزمودہ ہے۔
اجزاء و ترکیب ساخت: خراطین، جوائن ہر ایک تین ماشہ کو ملا کر خوب کھرل کریں۔ سم الفار، جند بیدستر ہر ایک تین ماشہ کو علیحدہ علیحدہ کھرل کریں۔ پھر سب کو روغن سانڈہ جنگلی 6 ماشہ میں خوب کھرل کر کے موم سفید 2 تولہ گرم کر کے ملالیں۔ بس تیار ہے۔
طریق استعمال: روزانہ رات کو سوتے وقت بقدر دو رتی لے کر حشفہ اور سیون کو بچا کر خوب مالش کر کے برگ پان یا ارنڈ باندھ دیں۔ جب چھوٹی چھوٹی پھنسیاں نکل آئیں تو طلا کا استعمال موقوف کر کے روغن بیضہ لگاتے رہیں۔ تمام ہدایات جو طلا نمبر 286 میں تحریر ہیں اس پر عمل کریں۔
نوٹ: طلائے سستی نمبر 1، 2، 3، 4 ہمارے خاندانی نسخے ہیں جو نہایت ہمہ صفت موصوف ہیں۔ جن کی قدر وہی اصحاب جان سکیں گے جو اس فن کے ماہر ہوں گے۔

(294) سفوف جریان

منافع: اس سے کئی مریضوں کو فائدہ ہوا۔ خصوصاً جن کے مزاج میں گرمی زیادہ ہو اور اعضاء رئیسہ کمزور ہوں۔ ان کے لئے ازحد مفید ہے۔ منی کو گاڑھا کرتا، معدہ و قلب کو نہایت طاقت دیتا ہے۔ آسان چیز ہے۔
اجزاء: تالمکھانہ 4 تولہ، طباشیر نقرہ 2 تولہ، کشتہ قلعی 3 ماشہ، دانہ الائچی خورد 6 ماشہ۔
ترکیب ساخت: سب کو پیس کر سفوف بنالیں۔
طریق استعمال: تین تین ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کرائیں۔

(295) سفوف مغلظ منی

منافع: ہر قسم کے جریان، کثرت احتلام اور رقت منی کے لئے معمول ہے۔ منی کو گاڑھا کرنے کے لئے اس سے بڑھ کر اور کوئی دوائی نہیں ہو سکتی۔ نہایت خوش ذائقہ اور لذیذ ہے اور چند دن میں فائدہ کر دیتا

ایک مستند نسخہ ہے۔ آپ اس کا تجربہ کرنے کے بعد پھر کسی اور دوائی کو پسند نہیں فرمائیں گے۔

اجزاء: ثعلب مصری، ثعلب دانہ، موصلی سفید، بہمن سفید ہر ایک ڈیڑھ تولہ، الائچی خورد ایک تولہ، ست اسبغول ساڑھے تین تولہ، مصری 10 تولہ۔

ترکیب ساخت: الگ الگ باریک کر ملا لیں۔ پھر اس میں تخم ریحان مسلّم 2 تولہ بغیر کوٹنے کے ملا لیں۔ بس تیار ہے۔

طریق استعمال: 2 تولہ سفوف میں ایک پاؤ دودھ ڈال کر آگ پر چڑھائیں۔ جب غلیظ القوام ہو کر کھیر بن جائے تو کشتہ سہ دہاتہ نمبر 281 یا کشتہ مرگانگ نمبر 285 یا کشتہ قلعی نمبر 284 ایک رتی ملا کر کھلائیں۔ روزانہ صبح کے وقت تازہ تیار کر کے استعمال کرایا کریں۔

(296) کشتہ شنگرف

منافع: ایک سنیاسی کا نسخہ ہے جو نامرد اور ضعیف الباہ و امراض بلغمیہ و امراض ریاحی و امراض اعصابی کے لئے نہایت مفید ہے۔ اس سے ایک نامرد مرد ہو گیا۔ نہایت کم قیمت ہے اور ایک دن میں تیار ہو سکتا ہے۔

اجزاء: شنگرف رومی ایک تولہ، شہد 30 تولہ، آب پیاز 35 تولہ، زردی بیضہ مرغ 35 تولہ، شراب برانڈی 35 تولہ، میدہ گندم 2 سیر، گائے کا گھی دو سیر۔

ترکیب ساخت: نمبر 2، 3، 4، 5 کو نمبر 6 میں گوندھ لیں۔ پھر اسے سو حصوں میں منقسم کریں۔ شنگرف کو ململ کے کپڑے میں باندھ کر ادویہ مذکورہ کے ایک حصہ میں لپیٹ کر گھی میں بریاں کریں۔ اسی طرح ہر دفعہ بریاں کریں۔ البتہ جب کپڑا جل جائے تو شنگرف کو دوبارہ نئے کپڑے میں باندھ لیا کریں۔ تیسری چوتھی دفعہ کپڑا جل جاتا ہے۔ اور صبح سے شام تک دوا تیار ہو جاتی ہے۔ پھر پیس کر نگاہ رکھیں۔

طریق استعمال: روزانہ ایک رتی صبح مکھن میں رکھ کر کھلائیں۔ دودھ، گھی زیادہ استعمال کرائیں۔

(297) کشتہ شنگرف

منافع: مقوی باہ و ممسک مقوی بدن ہے نہایت آسانی سے تیار ہو سکتا ہے اور نہایت زود اثر ہے۔ کمزور کو طاقت پہنچانے اور خون پیدا کرنے کے لئے نہایت عجیب و غریب ہے۔ غذا کو جزو بدن بنا کر خون وافر پیدا کرتا ہے۔ جس سے بدن کو طاقت پہنچتی ہے۔

اجزاء: شنگرف رومی ایک تولہ، افیون 6 ماشہ، بھلاوے 20 تولہ، مال کنگنی 10 تولہ۔

ترکیب ساخت: افیون کو زردی بیضہ مرغ میں حل کر کے شنگرف کی ڈلی پر لیپ کر دیں۔ پھر بھلاوہ اور مال کنگنی کو الگ الگ دردرا (نیم کوب) کر کے ملا کر ایک کڑچھی میں شنگرف کے نیچے اوپر رکھ کر کوئلوں کی آگ پر رکھیں۔ جب بھلاوہ کا تیل نکل کر جل جائے تو اتار کر رکھ دیں۔ سرد ہونے پر شنگرف کی ڈلی آہستگی سے نکال کر باریک پیس کر رکھ لیں۔ صحیح کشتہ تیار ہو گا۔

طریق استعمال: دو دو چاول صبح و شام مکھن میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

(298) حب ممبی و ممسک

منافع: ضعف باہ، سرعت انزال اور امساک کے لئے نہایت مجرب ہیں۔ ایک خاص موثر چیز ہدیہ ناظرین ہے۔ سرعت انزال کے لئے دو مہینہ تک استعمال کرائی جائیں۔ تو سرعت کا عارضہ دور ہو جاتا ہے۔ نیز وقتی ضرورت کے لئے معمول ہیں۔

اجزاء و ترکیب: تخم بھنگ، دانہ الائچی خورد، شنگرف رومی، افیون، کھیل نخود بریاں ہر ایک تین ماشہ۔

ترکیب ساخت: باریک پیس کر ایک روز کامل آب مروق جوزماثل (دھتورہ) میں اور ایک روز شیر بز میں کھرل کر کے حب بقدر نخود تیار کریں۔

طریق استعمال: ایک حب بوقت عصر ہمراہ شیر گاؤ آدھ سیر جس میں مصری تین تولہ روغن زرد 2 تولہ ملا لیا گیا ہو) استعمال کریں۔ رات کو روٹی کم کھائیں اور دودھ زیادہ پئیں۔ اگر شیر گاؤ نہ مل سکے تو ہمراہ شیر بھینس یا شیر مادہ شتر یا شیر بز استعمال کرائیں۔ ترشی و بادی و دوغ ترش و تیل والی اشیاء سے پرہیز ضروری ہے۔

(299) گولیاں برائے امساک

منافع: یہ گولیاں امساک کے لئے معمول ہیں۔ اور ہمارے مطب میں تیار رہتی ہیں۔ جن کی باہ مکمل ہو ان کا امساک ان گولیوں سے بڑھ جاتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: پوست ریٹھہ تین عدد خوب کوٹ کر شیر بز (بوہڑ) میں خوب تر کر دیں۔ جب خشک ہو جائے۔ ہاون دستہ میں اچھی طرح کوٹ کر تال مکھانہ ڈھائی ماشہ، تخم دھتورہ 30 دانہ، افیون خالص چار رتی ملا کر خوب کوٹ کر پانی کی مدد سے چنے کے برابر گولیاں تیار کر لیں۔

طریق استعمال: دو گولی کھانا کھانے سے دو گھنٹہ بعد ہمراہ ایک سیر دودھ استعمال کرائیں۔ غذا اس روز کم کھلائیں۔

(300) معجون مقوی و ممسک نمبر ①

منافع: اعلیٰ درجہ مقوی باہ و ممسک و مفرح قلب ہے۔ منی پیدا کرتی ہے۔ دماغ و معدہ اور بدن کو طاقت بخشتی ہے اور اعصاب کو طاقت دیتی ہے اور تفریح پیدا کرتی ہے۔ شائقینوں کی جان ہے۔

اجزاء: صندل سفید، صندل سرخ، طباشیر، الائچی خورد، ست گلو، گل نیلوفر، کشنیز خشک، تخم کاسنی، جفت بلوط مقشر، تخم ریحان، مروارید ہر ایک تین ماشہ، گاؤزبان 5 ماشہ، مغز کدو، مغز تربوز ہر ایک 6 ماشہ، مغز تخم خیارین، مغز بادام مقشر ہر ایک تولہ تولہ کشتہ سنگ یشب، کشتہ عقیق ہر ایک دو ماشہ، عنبر اشہب ایک ماشہ، کافور 4 رتی، ابریشم خام 4 ماشہ، شربت انار، شربت گاؤزبان ہر ایک 9 تولہ، روغن تنب 4 تولہ۔

ترکیب ساخت: مروارید کو چھ ماشہ روح کیوڑہ میں کھرل کر کے خشک کر لیں۔ پھر اس میں ورق نقرہ،

کشتہ یشب، کشتہ عقیق ملا کر کھرل کریں۔ تاکہ یکذات ہو جائیں۔ باقی خشک دواؤں کو بھی الگ الگ باریک پیس کر ان میں ملا کر خوب یکجان کر لیں۔

ابریشم کو آدھ پاؤ پانی میں جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے تو مل چھان کر شربت انار شربت گاؤزبان ملا کر قوام تیار کریں پھر نیچے اتار کر باقی سب ادویہ بھی بمعہ روغن تنب کے ملائیں۔

طریق استعمال: پانچ ماشہ سے سات ماشہ تک ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

روغن تنب بنانے کا طریقہ: بھنگ 5 تولہ کو دو سیر دودھ میں خوب جوش دے کر رات کو ضامن لگا کر صبح اس کا مکھن نکالیں۔ پھر صاف کر کے اس کا گھی تیار کر لیں۔ اس میں سے 4 تولہ وزن کر کے ملائیں۔

(301) معجون مقوی و ممسک نمبر②

منافع: حد درجہ مقوی باہ و ممسک ہے۔ نیز سرعت کے لئے نہایت مفید ہے۔ ایک طبیب اس کی ایک خوراک کے پانچ روپے لیتا ہے۔ اس کے کچھ عرصہ تک استعمال کرنے سے سرعت کی شکایت رفع ہو جاتی ہے۔ اور قوت باہ بڑھ جاتی ہے۔ وقتی ضرورت کے لئے نہایت اعلیٰ چیز ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: افیون، مرچ سیاہ، جائفل، زعفران، مشک خالص، زنجبیل سونٹھ) تج سب ادویہ برابر وزن لے کر الگ الگ باریک پیس لیں۔ اور جس قدر دواؤں کا وزن ہو اسی قدر شہد ملا کر رکھ لیں۔

طریق استعمال: شام کو پونے دو ماشہ تک ہمراہ شیر گاؤ استعمال کرائیں۔ اور بعد عشاء مشغول ہوں۔ غذا نہ کھائیں۔ صرف دودھ ہی پئیں۔ جو غذا قبل از عصر کھائی گئی ہو وہی کافی ہے۔ اگر کھانا چاہیں تو فراغت کے بعد کھا سکتے ہیں۔ ورنہ صرف دودھ جس قدر طلب ہو پئیں۔ سرعت انزال کے لئے ایک ماشہ روزانہ صبح ہمراہ شیر گاؤ استعمال کرائیں۔ گرم، ترش اشیاء سے پرہیز کرائیں۔

(302) گولیاں کایا پلٹ (صندوقچہ)

منافع: آج کل کے نوجوانوں کی جملہ شکایات مثلاً رقت منی، جریان کثرت، احتلام، سرعت انزال، ضعف اعضاء رئیسہ، ضعف باہ، کمی خون وغیرہ کے لئے جنہیں گرم خشک دوائیں نقصان پہنچاتی ہیں۔ نہایت اعلیٰ ہیں۔

نیز سلسل بول، ضعف بدن، گرمی مثانہ، ضعف ہاضمہ، دل دھڑکہ کے لئے مفید ہیں۔ بدن میں خون وافر پیدا کرتی ہیں۔ ناکارہ اعضاء کو طاقتور کر دیتی ہیں۔ غرض باہ کے شاکیوں کے لئے خصوصاً جو گرم مزاج ہوں۔ نہایت بھروسہ کی چیز ہے۔ ایک صاحب ان گولیوں کا اشتہار شائع کر کے کافی فائدہ حاصل کر رہے ہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت: موصلی سفید سوا تولہ، موصلی سیمبل 5 تولہ، کشتہ فولاد تین ماشہ، شہد حسب

ضرورت، موصلی سفید اور موصلی سینبل کو الگ الگ باریک پیس کر کشتہ فولاد ملا کر شہد میں گوندھ لیں۔
اور چھ ماشہ کی گولیاں تیار کر کے اوپر چاندی کے ورق چڑھا لیں۔
طریق استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ کھایا کریں۔ گولی توڑ کر کھانی چاہیے۔

(303) گولیاں برائے جریان (صندوقچہ)

منافع: جریان منی، ضعف قلب، گرمی مثانہ، ضعف معدہ، ضعف جگر، ضعف بدن کے لئے نہایت نافع ہیں۔ غذا کو جزو بدن بنا کر طاقت پہنچاتی ہیں۔ آج کل کے نوجوانوں اور گرم مزاج مریضوں کے لئے جو جریان و ضعف اعضاء رئیسہ و گرمی مثانہ وغیرہ میں مبتلا ہوں نہایت اطمینانی نسخہ ہے جو فیض رسانی خلائق کے لئے درج کیا جاتا ہے۔

اجزاء: دانہ الائچی خورد، طباشیر نقرہ ہر ایک ایک تولہ، کشتہ چاندی 6 رتی، مغز بادام 6 ماشہ، کشتہ مرجان، کشتہ قلعی، کشتہ سہ دھاتہ ہر ایک ڈیڑھ ماشہ۔

ترکیب ساخت: دانہ الائچی، طباشیر، مغز بادام الگ الگ باریک پیس کر پھر سب اشیاء کو خوب ملا کر شہد کی مدد سے مونگ کے برابر گولیاں تیار کریں۔

طریق استعمال: ایک گولی صبح و شام ہمراہ آدھ سیر دودھ استعمال کرائیں۔ گرم، ترش اور تیل والی اشیاء سے پرہیز کرائیں۔ بہتر ہے کہ شام کو سفوف مغلظ منی استعمال کرایا جائے تاکہ تمام نقائص رفع ہو جائیں۔

(304) کشتہ چاندی و فولاد

منافع: یہ نسخہ ایک سیاح سے بصد مشکل حاصل ہوا۔ جو قوت باہ، تولید خون، تقویت اعضاء رئیسہ، تقویت بدن، گرمی مثانہ و جگر کے لئے نہایت عجیب و غریب ہے۔ ارواح و قوی کو نہایت طاقت بخشتا ہے۔
ضعف باہ کے ایسے مریضوں کے لئے جن کا مزاج گرم اور خون میں کمی ہو۔ نیز ان لوگوں کے لئے جن کو ضعف باہ کے ساتھ ضعف معدہ و جگر ہو یا جریان ہو بہت مفید ہے۔ گرمی کو دور کرتا، معدہ اور جگر کو طاقت بخشتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: برادہ نقرہ، برادہ فولاد یا اسپات ہر ایک ایک تولہ پارہ تین ماشہ، تین عدد لیموں کے پانی میں کھرل کریں۔ اور ٹکیہ بنا کر چھوٹے سے پتلے کجہ میں بند کر کے پانچ سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر ٹکیہ نکال کر پھر تین ماشہ پارہ ملا کر حسب دستور تین عدد لیموں کے پانی میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر پانچ سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ اسی طرح تین آنچیں پوری کریں پھر تین آنچیں آب ترپھلہ میں اور تین آنچیں آب گھیکوار میں ایک آنچ شراب برانڈی یا دیسی میں کھرل کر کے دیں۔ ہر دفعہ پارہ تین ماشہ ملا لیا کریں۔ اور آب ترپھلہ، آب گھیکوار شراب پانچ پانچ تولہ روزانہ کھرل کے ذریعہ جذب کر دینا چاہیے۔
ترپھلہ تین چھٹانک کوٹ کر 24 گھنٹہ تک ایک پاؤ پانی میں تر کریں۔ پھر مل چھان کر بوتل میں محفوظ

رکھیں۔اس سے ایک ایک چھٹانک لے کر روزانہ کھل کیا کریں۔
طریق استعمال: نصف رتی مکھن میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

(305) حلوہ دافع جریان و احتلام

منافع: اسے کچھ عرصہ تک پوری پرہیز کے ساتھ استعمال کرلینے سے جریان و کثرت احتلام و رقت منی کی شکایت دور ہو جاتی ہے اور قوت باہ پیدا ہوتی ہے۔ کئی مریضوں پر اس کا استعمال ہو چکا ہے۔لطف یہ کہ نہایت لذیذ اور خوش ذائقہ ہے۔ روزانہ تازہ تیار کر کے بلا ناغہ استعمال کیا کریں۔ اور پھر فائدہ کا مشاہدہ کریں۔

اجزاء: سبوس اسپغول 7 ماشہ، مغز بنولہ، ثعلب مصری، دال ماش، سنگھاڑا ہر ایک 5 ماشہ، مغز بادام 7 ماشہ (مصری کوزہ) دو تولہ، دودھ گائے آدھ سیر۔

ترکیب ساخت و استعمال: نمبر1 سے نمبر5 تک سب اشیاء کو باریک پیس کر سفوف بنالیں۔ نمبر6 رات کے وقت پانی میں بھگو دیں۔ صبح مقشر کرلیں۔ اور دودھ تازہ آدھ سیر میں ادویہ کا سفوف ملا کر نرم نرم آنچ پر پکائیں۔ جب غلیظ ہونے کے قریب ہو بادام گھوٹ کر اور مصری ملائیں۔ جب حلوہ کا قوام تیار ہو جائے تو آگ سے اتارلیں۔ سرد ہونے پر کشتہ قلعی یا کشتہ سہ دھاتہ ایک رتی ملا کر استعمال کرائیں۔ یہ وزن ایک دن کے لئے ہے۔

(306) سفوف مقوی باہ دافع جریان

منافع: تمام مردانہ شکایات مثلاً جریان، کثرت احتلام، سرعت انزال، ضعف باہ عام کمزوری بدن وغیرہ کے لئے یکساں مفید ہے۔ اس میں یہ خاصہ ہے کہ جریان وغیرہ کی شکایت کو رفع کر کے قوت مردانہ پیدا کرتا ہے۔ ضعف باہ کے متعلق جو شکایات ہوں۔
بلا خوف اس کا استعمال کرائیں .فضلہ نہایت مفید ثابت ہو گا۔

اجزاء و ترکیب ساخت: سنڈھ، جائفل، مرچ سیاہ، فلفل دراز، الائچی سبز، پترج، اسگندھ، زعفران، لونگ ہر ایک 4 ماشہ، باریک سفوف تیار کر کے اس میں کشتہ قلعی تین تولہ ملائیں۔
طریق استعمال: ڈیڑھ ماشہ صبح نہار اور ڈیڑھ ماشہ شام کو ہمراہ شیر گاؤ استعمال کرائیں۔

مجربات امراض زنان

(307) تریاق پرسوت

منافع: پرسوت (سوتک) پرانا خواہ نیا ہو۔ اس جوشاندہ کی پہلی خوراک سے مریض کو فائدہ ہونا شروع ہو جاتا ہے۔ اور عموماً تین خوراک سے مرض کا قلع قمع ہو جاتا ہے۔

یہ نسخہ ان نسخہ جات میں سے ہے جنہیں لوگ دوسروں پر ظاہر کرنا گناہ سمجھتے ہیں۔

فی الحقیقت اکسیر یا تریاق کا مصداق وہی نسخہ ہو سکتا ہے۔ جو ہر حالت میں مفید اور بے خطا ہو۔ اور اس کے تیر بہدف ہونے کا طبیب کو پورا پورا اعتماد ہو۔ ایسی ہی چیزوں کو لوگ اپنے تک محدود رکھتے ہیں۔ میں اسے پرسوت کے کل نسخہ جات کا شاہکار کہہ سکتا ہوں۔ جس کی قدر وہی اصحاب جانیں گے جو اس سے فائدہ اٹھائیں گے۔ تجربہ کرنے والے احباب کو چاہئے کہ مجھے دعائے خیر سے یاد فرمائیں۔ اور جو نسخہ جات آزمائیں ان کی اطلاع مجھے ضرور کریں۔

اجزاء: جدوار خطائی' سونف' درونج عقربی' الائچی کلاں' منقیٰ جلوتری' دارچینی ہر ایک 5 ماشہ' قند سیاہ کہنہ یا شہد 5 تولہ۔

ترکیب ساخت و استعمال: سوائے قند سیاہ کے باقی سب دوائیں آدھ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب ایک تہائی رہ جائے تو خوب مل چھان کر قند سیاہ کہنہ (یا شہد جو چیز ملانی ہو) ملا کر پلائیں۔ اگر تکلیف زیادہ ہو تو صبح و شام استعمال کرائیں۔ ورنہ صرف ایک ہی وقت کافی ہے۔ موسم کی کوئی قید نہیں۔

پرسوت یعنی سوتک کے لئے جو ولادت کے بعد یہ عارضہ پیدا ہو جاتا ہے۔ تپ خفیف اور تمام بدن میں دردیں ہو جاتی ہیں۔ جس کا زیادہ تر سبب خون کا اچھی طرح جاری نہ ہونا یا سردی لگ جانا یا سرد اشیاء کا استعمال کر لینا ہوتا ہے۔ مفید ہے۔

(308) اکسیر پرسوت

منافع: یہ نسخہ بھی مندرجہ بالا نسخہ کی طرح ایک امتیازی حیثیت رکھتا ہے۔ جس کی ایک ہی خوراک سے بفضلہ تعالیٰ تپ اور درد اعضاء وغیرہ کل شکایات کو آرام ہو جاتا ہے۔ نہایت اعلیٰ چیز ہے۔ جن مریضوں کا مزاج زیادہ گرم ہو یا نازک مزاج ہوں۔ ان کے لئے یہ نسخہ زیادہ موزوں ہے۔ اس پر طرہ یہ کہ کم قیمت ہے۔

اجزاء: سوڈا سلی سلاس ڈھائی ماشہ' عرق گاؤزبان ڈھائی تولہ۔

ترکیب ساخت و استعمال: سوڈا سلی سلاس کو عرق میں حل کر کے پلائیں۔ دن میں ایسی دو خوراک (صبح و شام) استعمال کرائیں۔

(309) دوائے پرسوت

منافع: یہ پرسوت کا تیسرا نسخہ حاضر خدمت ہے۔ جو سابقہ دونوں نسخہ جات سے نئی طرز کا ہے۔ اور کم استطاعت طبقہ کے لئے نہایت موزوں ہے۔ طبیب موقعہ و محل دیکھ کر جو نسخہ مناسب سمجھے تجویز کر سکتا ہے۔ اسی لئے نئی نئی ترکیبوں اور مختلف قسموں کے نسخے اس کتاب میں درج کئے گئے ہیں کیونکہ

اپنا اپنا مذاق اپنی اپنی پسند

یہاں ایک حکیم اس نسخہ سے عورتوں کا علاج کامیابی سے کرتا ہے۔ یہ نسخہ اس سے حاصل ہوا۔ جو

تجربہ کرنے پر نہایت مفید پایا گیا۔ پرسوت یعنی سوتک اور کثرت بلغم اور ریح کے دردوں اور ریح کی
مرضوں کے لئے نہایت اچھا ہے۔ وضع حمل کے بعد جو عورتیں سردی لگ جانے کے باعث درد میں مبتلا
ہو جائیں یا انہیں پرانا سوتک ہو یا زچگی کی تکالیف ہوں۔ یہ نسخہ ان سب عوارض کے لئے مفید ہے۔
البتہ مزاج شناسی لازم ہے۔ گرم مزاج کو نسخہ نمبر308 ہی ہر حال میں مفید رہے گا۔

اجزاء: برگ ارنڈ سبز (ہرنولی) برگ حرمل سبز' برگ مدار (آک) ہر ایک 2 سیر' زنجبیل (سنڈھ) ایک پاؤ
پختہ۔

ترکیب ساخت: زنجبیل کی ململ کے باریک کپڑے میں پوٹلی باندھ لیں۔ دوسری چیزیں باریک کوٹ کر
ملا لیں اور ایک مٹکہ میں پوٹلی مذکور کے نیچے اوپر رکھ کر اس کا منہ چپنی سے بند کر کے مٹی خوب لگا کر اس
پر چڑھا کر نیچے چار پہر تک درمیانہ آگ جلائیں۔ پھر بند کر دیں۔ جب خوب سرد ہو جائے تو زنجبیل نکال
کر گائے کے گھی میں بریاں کر لیں اور پھر باریک پیس کر رکھیں۔

طریق استعمال: تین ماشہ سے 6 ماشہ تک مطابق طبیعت شہد میں ملا کر رات کو چٹائیں۔ مریضہ کو ہوا
ہوا اور سرد پانی سے اجتناب کرائیں۔
نیز زعفران 2 رتی' مشک خالص نصف رتی باریک پیس کر قدرے صابن ملا کر خوب کھرل کر کے شافہ
یعنی بتی بنا کر رات کو رحم میں رکھائیں۔ چند دن تک روزانہ یہ عمل کریں۔

(310) معجون اختناق الرحم

منافع: اختناق الرحم یعنی ہسٹریا کی تمام دواؤں سے ممتاز ہے جس کے مقابلہ کی اور کوئی دوائی نہیں پائی
گئی۔

ایک مریضہ بڑے بڑے نامی گرامی حکماء کے علاجوں سے مایوس ہو چکی تھی جسے تھوڑی تھوڑی دیر
بعد غشی کے دورے ہو جاتے تھے۔ ہر وقت ضعف قلب رہتا تھا۔ ہاضمہ خراب اور معدہ کمزور تھا۔ پیٹ
میں ریح کا گولا پھرتا رہتا تھا۔ کوئی چیز ہضم نہیں ہوتی تھی۔ اس معجون کے چند روزہ استعمال شفا ہوئی۔ اور
بھی کئی مریضوں پر تجربہ ہو چکا ہے۔ ہر جگہ کامیابی ہوئی ہے۔ ہسٹریا کے لئے ایک بے خطا نسخہ ہے جو ہر
جگہ مفید پڑتا ہے۔ نیز مرگی' ضعف قلب' خفقان کو بھی مفید ہے۔

اجزاء: مروارید ناسفتہ' مرجان' کہربا' درونج عقربی' ابریشم مقرض' زرنجور' بہمن سفید' بہمن سرخ' طباشیر'
زعفران کشمیری' مصطگی رومی' صندل سفید' صندل سرخ' کشنیز خشک ہر ایک 7 ماشہ' عنبر اشہب' لونگ ہر
ایک تین ماشہ' ہلیلہ' سنبل الطیب' دانہ الائچی خورد' تمال پترا دار چینی' جند بید ستر ہر ایک ڈھائی ماشہ'
مشک خالص 2 ماشہ' مصری 16 تولہ' شہد 20 تولہ۔

ترکیب ساخت: مروارید کو روح کیوڑہ میں کھرل کر لیں۔ باقی دواؤں کو الگ الگ باریک پیس لیں۔
پھر سب کو خوب ملا کر رکھیں۔
مصری اور شہد کا قوام تیار کر کے ادویہ مذکورہ ملا کر معجون بنا لیں۔

طریق استعمال: چار ماشہ صبح و شام ہمراہ عرق گاؤزبان' عرق گلاب ہر ایک چھ تولہ استعمال کرائیں۔

(311) معجون حافظ الجنین

اسناد: ارسطوئے زماں لقمان دوراں استاذ الاطباء حضرت استاذنا جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خاں صاحب مرحوم لاہوری کا خاص الخاص صندوقچہ کا نسخہ ہے جو نہایت قابل قدر ہے۔

منافع: جس عورت کا حمل دوسرے یا تیسرے مہینہ میں گر جاتا ہو یا بچے ضائع ہو جاتے ہوں۔ اس کے لئے اور اولاد نرینہ پیدا کرنے کے لئے یہی ایک ایسی چیز ہے جس کو باقاعدہ استعمال کرنے سے انشاء اللہ تعالیٰ مراد بر آتی ہے۔ مقوی قلب بھی ہے۔

اجزاء: زرنباد' دارچینی ہر ایک ڈیڑھ ماشہ' کہربا' عود خام بسد' ابریشم مقرض' دانہ الائچی کلاں' زعفران' زنجبیل' مصطگی ہر ایک 9 ماشہ' لونگ' چرک' تخم خرفہ' بہمن سرخ' بہمن سفید' دار فلفل ہر ایک 6 ماشہ' جند بید ستر' سنبل الطیب' عقرقرحا ہر ایک 5 ماشہ' مروارید ایک ماشہ' شکر سفید 21 تولہ' شہد 10 تولہ۔

ترکیب ساخت: مروارید کو روح کیوڑہ تین ماشہ میں کھرل کر کے باقی دوائیں الگ الگ باریک پیس کر ملا کر سفوف بنا لیں۔ مصری میں آدھ پاؤ پانی ملا کر آگ پر چڑھا کر قوام تیار کریں۔ پھر شہد ملا کر نیچے اتار کر ادویہ کا سفوف ملا لیں۔ اور چمچہ سے اچھی طرح آمیز کریں۔

طریق استعمال: جب حمل قرار پا جائے چار چار ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ گائے یا عرق گاؤزبان' عرق کیوڑہ ہر ایک 6 تولہ استعمال کرائیں۔

(312) گولیاں مدر حیض (صندوقچہ)

منافع: حیض کھل کر نہ آتا ہو یا بند ہو یا بے قاعدگی سے یا درد کے ساتھ آتا ہو وغیرہ وغیرہ۔ تمام عوارض کے لئے ہماری مجرب اور معمول ہیں۔ جو کہ ہمارے مطب میں ہمیشہ فروخت ہوتی ہیں۔ ان کے ساتھ شربت مدر حیض بھی استعمال کرایا جاتا ہے جو کہ ان کا بدرقہ ہے۔

اجزاء: مصبر' مرکی' زنجبیل یعنی سونٹھ ہر ایک ایک تولہ' کشتہ فولاد دیسی یا ولایتی' زعفران کشمیری ہر ایک تین ماشہ۔

ترکیب ساخت: سوائے کشتہ فولاد کے باقی دوائیں الگ الگ باریک پیس کر سب کو ملا کر شہد اس قدر ملائیں کہ گولیاں بننے کے لائق ہو جائے۔ گولیاں چنے کے برابر تیار کر لیں۔

طریق استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ شربت مدر حیض ڈھائی تولہ پانی یا عرق کاسنی سات تولہ ملا کر استعمال کرائیں۔ چالیس دن متواتر استعمال کرانا ضروری ہے۔
گرم ترش' تیل والی اشیاء سے پرہیز کریں۔ شربت مدر حیض کا نسخہ ذیل میں درج ہے۔

(313) شربت مدر حیض

اجزاء و ترکیب ساخت: تخم کاسنی' منقی ہر ایک 5 تولہ' سونف' تخم خربوزہ تخم کدو' تخم کشنیز ہر ایک

تین تولہ، گل غافث 14 ماشہ، خطمی، سنبل الطیب، سوئے، گل بنفشہ، گاؤزبان ہر ایک ڈیڑھ تولہ، ملٹھی 14 ماشہ، مصری تین پاؤ، حسب دستور شربت تیار کریں۔

طریق استعمال: 2 تولہ صبح 2 تولہ شام عرق کاسنی 7 تولہ ملا کر استعمال کرائیں۔

(314) سفوف مدر حیض

منافع: ادرار حیض کا نہایت منتخب مجرب المجرب نسخہ ہے۔ جو گرم مزاجوں کے لئے خصوصاً مفید ہے اور پرلطف یہ ہے کہ نہایت آسان اور بلا لاگت ہے۔ غرض حیض کی شکایات کے لئے ہمہ صفت موصوف ہے۔ حیض کی بندش اور بے قاعدگی اور درد کے عارضہ کے لئے معمول ہے۔

اجزاء: ریوند خطائی 14 ماشہ، جوکھار ایک تولہ، زیرہ سفید 7 ماشہ، مصری کوزہ تین تولہ۔

ترکیب ساخت: سب دوائیں الگ الگ کوٹ کر ملا لیں۔

طریق استعمال: اگر حیض بالکل بند ہو تو ایک ایک ماشہ صبح و شام ہمراہ جوشاندہ گل کیسو استعمال کرائیں۔ یعنی گل کیسو 6 ماشہ کو ایک پاؤ پانی میں جوش دیں۔ جب ڈیڑھ چھٹانک کے قریب رہ جائے تو مل چھان کر مصری 2 تولہ ملا کر اس کے ساتھ استعمال کرائیں۔

گر حیض جاری ہو کر بندش سے آ رہا ہو تو سات ماشہ کا قدر ہمراہ جوشاندہ گل کیسو صبح و شام استعمال کرائیں۔ یعنی وزن زیادہ کریں۔

(315) گولیاں مدر حیض

منافع: یہ نسخہ بھی احتباس بے قاعدگی اور درد حیض وغیرہ تمام شکایات کے لئے نہایت مفید ہے۔ ہر مزاج کے موافق نہایت مجرب اور آزمودہ ہے۔ اس کے چند دن استعمال کرانے سے جملہ شکایات متعلقہ بندش حیض کلی طور پر رفع ہو جاتی ہیں۔ کوئی تکلیف گرمی، گھبراہٹ، پیچش وغیرہ کی بھی مطلق نہیں ہوتی۔

اجزاء: گوکھرو، ریوند خطائی، تخم کرفس، جوکھار، زیرہ سفید ہر ایک 6 ماشہ۔

ترکیب ساخت: الگ الگ باریک کر کے شہد کی مدد سے چنے کے برابر گولیاں بنا لیں۔

طریق استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔

(316) پوٹلی سیلان الرحم

منافع: سیلان الرحم یعنی رحم سے رطوبت جاری رہنے کی نایاب پوٹلی ہے جس کے تین چار روز استعمال کرانے سے آرام ہو جاتا ہے۔ بہت زود اثر تجربہ شدہ ایک چوٹی کا نسخہ ہے اس سے کوئی تکلیف وغیرہ بھی کسی قسم کی نہیں ہوتی نہایت مجرب ہے۔

اجزاء: مازو، موچرس، اقاقیہ، مائیں خورد، گل دھاوا، بھنگرہ، گل انار خام، جفت بلوط، خستہ جامن، زرنباد، گوند ڈھاک ہر ایک تین ماشہ۔

ترکیب ساخت: الگ الگ باریک کوٹ کر سفوف بنا لیں۔

طریق استعمال: چار رتی سے ایک ماشہ تک ململ کے کپڑے میں باندھ کر اندرون رکھائیں اور روزانہ تبدیل کر دیا کریں۔

(317) اکسیر استحاضہ

منافع: استحاضہ یعنی کثرت حیض جو میعاد مقررہ سے بڑھ جائے۔ خواہ جس قدر پرانا مرض ہو یا جس قدر خون جاری ہو اس اکسیر کے استعمال سے کلی آرام ہو جاتا ہے۔ نہایت عجیب و غریب نسخہ ہے اور لطف یہ ہے کہ اس پر ایک کوڑی بھی خرچ نہیں آتی اور بالکل آسان ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: کیکر ولایتی جو ایک مشہور درخت چھوٹے قد کا ہوتا ہے۔ باغوں اور کوٹھیوں میں عام ملتا ہے۔ اس پر لمبی لمبی پھلیاں بکثرت ہوتی ہیں۔ اس کی پھلیاں حسب ضرورت لا کر سایہ میں خشک کریں۔ پھر باریک کوٹ چھان کر محفوظ رکھیں۔

طریق استعمال: چھ چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔

(318) اکسیر کثرت حیض

منافع: سہل الحصول زود اثر اور کم خرچ بالا نشین کا مصداق ہے۔ جس سے کثرت حیض کو ایک ہفتہ میں فائدہ ہوتا ہے۔ مجرب ہے۔

اجزاء: کشتہ سنگ جراحت ایک تولہ، گٹھلی چھوہارا 6 ماشہ۔

ترکیب ساخت: چھوہارا کی گٹھلی کو ہاون دستہ میں خوب باریک کوٹ کر کشتہ مذکور ملا کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

طریق استعمال: بکائن یعنی دھریک کے پتے دو یا تین تولہ لے کر پانی کا چھینٹا دے کر خوب گھوٹ کر اس سے 5 تولہ پانی نکال لیں۔ اس کے ساتھ سفوف مذکور تین ماشہ پھانک لیں اسی طرح صبح سہ پہر شام تین خوراک استعمال کرائیں۔

(319) سفوف کثرت حیض

منافع: کثرت حیض کے لئے ایک نایاب چیز ہے۔ جس کی پہلی خوراک سے فائدہ ہو جاتا ہے۔

اجزاء: مازو 7 عدد، چاول 5 تولہ، کشتہ سنگ جراحت تین ماشہ۔

ترکیب ساخت: چاولوں کو تین گھنٹہ تک پانی میں تر کریں۔ پھر کوٹ کر مازو کو بھی باریک کر کے کشتہ سنگ جراحت ملا کر سفوف بنا لیں۔

طریق استعمال: ایک ایک تولہ صبح و شام ہمراہ باسی پانی استعمال کرائیں۔

(320) کشتہ سنگ جراحت

منافع: کثرت حیض، نکسیر، نفث الدم، قے الدم وغیرہ ہر قسم کے سیلان خون، سیلان الرحم اور تپ کے

لئے مفید ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: سنگ جراحت 5 تولہ کو نغدہ برگ دھریک یا خرفہ ایک پاؤ میں رکھ کر پرانا کپڑا لپیٹ کر گل حکمت کر کے خشک کر لیں۔ پھر دس سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ سرد ہو جانے کے بعد جراحت باریک پیس لیں۔

طریق استعمال: ایک ایک ماشہ صبح و شام مکھن یا ملائی میں یا ہمراہ شربت انجبار تین تولہ استعمال کرائیں۔

(321) شربت کثرت حیض

اجزاء: بورہ صندل سفید تین تولہ، تخم موڑیوں، انجبار، برگ بانسہ ہر ایک ڈیڑھ تولہ، نیلوفر، زرشک، الائچی خورد، گلنار، مائیں، گاؤزبان ہر ایک ایک تولہ، مصری تین پاؤ۔

ترکیب ساخت: تخم موڑیوں، انجیر، الائچی خورد، گلنار اور مائیں کو کوٹ لیں۔ پھر سب دواؤں کو رات تک ایک سیر پانی میں تر کر کے جوش دیں جب ڈیڑھ پاؤ رہ جائے تو مل چھان کر مصری ملا کر شربت تیار کریں۔

طریق استعمال: چار چار تولہ صبح اور شام دو چند پانی ملا کر استعمال کرائیں۔

(322) بحالت حمل خون آنا

منافع: اگر حمل کی حالت میں خون جاری ہو جائے تو یہ نسخہ نہایت مفید پڑتا ہے۔ جس کی دو خوراک کے استعمال سے انشاءاللہ آرام ہو جاتا ہے۔ نہایت عجیب شے ہے۔

اجزاء: تخم خرفہ، اقاقیا، بورہ صندل سفید، گیرو، بھوج پتر سوختہ، سنکھاہولی، کھانڈ سفید ہر ایک تین ماشہ۔

ترکیب ساخت: سب دوائیں باریک کوٹ کر سفوف بنا لیں۔

طریق استعمال: ایک ایک تولہ صبح و شام ہمراہ شربت انجبار تین تولہ، عرق گاؤزبان 9 تولہ استعمال کرائیں۔

(323) کثرت حیض و خون حاملہ

منافع: اگر حیض ایام مقررہ سے بڑھ جائے یا حاملہ کو خون جاری ہو جائے تو اس کے استعمال سے بفضل خدا فائدہ ہوتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: ننچر اوپیم، اکسٹریکٹ ارگٹ لکوئیڈ، اسپرٹ کلوروفارم ہر ایک دس بوند، عرق سونف ڈھائی تولہ سب کو ملا لیں۔

طریق استعمال: مندرجہ بالا ایک خوراک کا وزن ہے دن میں دو خوراک استعمال کرائیں۔

(324) عجیب الاثر گولی

منافع: اس گولی کو دو یا تین دن تک رحم میں رکھانے سے حیض جاری ہو جاتا ہے۔ اور کسی قسم کی

تکلیف وغیرہ بھی نہیں ہوتی۔ بالکل آسان اور کم خرچ مجرب المجرب ہے۔

اجزاء: بورہ ہاتھی دانت 6 ماشہ، مویز منقیٰ ڈیڑھ تولہ۔

ترکیب ساخت: منقیٰ کے دانے نکال کر بورہ ہاتھی دانت کے ساتھ ہاون دستہ میں خوب کوٹیں۔ جب اچھی طرح یک ذات ہو جائیں تو جنگلی بیر کے برابر گولیاں تیار کرلیں۔

طریق استعمال: وقت ضرورت ایک گولی رحم میں رکھائیں۔ 24 گھنٹہ کے بعد دوسری گولی رکھائیں۔

(325) اکسیر عسرولادت و اخراج جنین

منافع: عسرولادت یعنی بچہ جننے کی تکلیف اور اخراج جنین یعنی بچہ مردہ خارج کرنے اور قے لانے کے لئے نہایت مجرب ہے۔ حضرت استاذنا جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب لاہوری کے عطیات سے ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: اپیکاک جو ایک مشہور انگریزی دوا ہے۔ بقدر ضرورت لے کر رکھیں۔

طریق استعمال: بچہ مردہ خارج کرنے کے لئے ایک رتی اور عسرولادت کے لئے 4 رتی قے لانے کے لئے ایک ماشہ ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔

(326) دوائے بندش حیض نمبر②

منافع: حیض کو جاری کرتی ہے۔ اختناق الرحم، کمی حیض، ورم رحم، درد و بے قاعدگی حیض کے لئے مجرب اور آزمودہ ہے۔

اجزاء و طریق استعمال: الٹرس کارڈیل ریو امریکہ کی ایک پیٹنٹ دوائی ہے جس میں ایک پاؤ کے قریب دوائی ہوتی ہے۔ اس میں سے 6 ماشہ روزانہ گرم پانی یا گرم دودھ دو تولہ میں ملا کر غذا سے ایک گھنٹہ بعد صبح و شام استعمال کرائیں۔ پندرہ یوم تک استعمال کرنا چاہیے۔

مجربات حمیات (تپ)

(327) تریاق بخار

منافع: جو حضرات بخار کی کسی ایسی دوائی کے متلاشی ہوں۔ جو کونین سے بڑھ کر مفید ثابت ہو اور بے ضرر بھی ہو۔ نیز ہر مزاج کے موافق اور آسان بھی ہو ان کی خاطر آج میں اپنا یہ معمول مطب بیش بہا نسخہ ظاہر کرتا ہوں۔ جس کا ثانی اور کوئی نہیں۔

تریاق بخار تپ موسمی اور تپ لرزہ نیز دیگر تمام اقسام تپ کے لئے یقیناً اسم بامسمی ہے اور زود اثر اس قدر کہ اس کے حلق سے اترتے ہی مریض کو فائدہ معلوم ہونے لگتا ہے۔ اور دوسرے یا تیسرے دن تک تپ کا نام و نشان تک نہیں رہتا۔ گرمی، گھبراہٹ وغیرہ مطلقاً نہیں ہوتی۔

نوشادر ٹھیکری، قلمی شورہ ہر ایک پانچ تولہ۔

اجزاء و ترکیب:

ترکیب ساخت: الگ الگ باریک کر کے آپس میں ملالیں۔ پھر ایک مٹی کے پیالہ میں پھیلا کر اس پر دوسرا پیالہ جس کا منہ ٹھیک مل جائے رکھ کر ان کے منہ پر ماش کا آٹا لگائیں۔ جب خشک ہو جائے آگ پر رکھ کر نیچے آدھ گھنٹہ تک پہلے نرم آگ جلائیں۔ پھر تیز کر دیں تین گھنٹہ کے بعد بند کر دیں۔ جب سرد ہو جائے تو جو کچھ پیالہ میں ہو پیس کر نگاہ رکھیں۔

طریق استعمال: چار چار رتی صبح و شام ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔ اگر کھانسی ہو تو ہمراہ شربت بنفشہ دو تولہ۔ اگر صفراوی ہو تو ہمراہ سکنجبین 3 تولہ اگر بلغمی ہو تو ہمراہ شربت بزوری یا شربت نمبر (329) استعمال کرائیں۔ فی خوراک ایک رتی کونین سلفاس ملا کر کیپسول میں بند کر کے استعمال کرایا جائے تو بہتر ہے۔ اس نسخہ کی تصدیق یوں ہوئی ہے کہ نسخہ نمبر 330 کے ساتھ بخار کو تین دن میں اتار دیتا ہے۔

(328) اکسیر ملیریا وغیرہ

یہ نسخہ بھی مندرجہ بالا تریاق بخار کی طرح نہایت عجیب و غریب ہے۔ جس سے عموماً پہلے دن تپ کو فائدہ ہوتا ہے۔ اور دوسرے تیسرے دن تک پوری طرح آرام ہو جاتا ہے۔

اجزاء و طریق استعمال: کونین سلفاس 2 رتی، سالٹ یا میگنیشیا ایک تولہ، لیموں ایک عدد۔

ترکیب ساخت و استعمال: لیموں کو نچوڑ کر اس کا پانی نکال کر تینوں اشیاء ملا کر خوب ہلائیں۔ جب اچھی طرح حل ہو جائیں تو پلا دیں۔ ایسی تین خوراک دن میں استعمال کریں۔

(329) شربت تپ بلغمی وغیرہ

یہ شربت تپ بلغمی اور تپ کہنہ ہر قسم کے لئے معمول ہے۔ نیز کھانسی ہر قسم اور قبض کے لئے کو مفید ہے اور بلغمی مواد کا منضج و معدل ہے۔ ایک کہنہ بیاض سے حاصل ہوا جو تجربہ کرنے پر مفید ثابت ہوا ہے۔

اجزاء: بنفشہ 6 تولہ، نیلوفر، گل سرخ، ترنجبین ہر ایک تین تولہ، برگ بانسہ، زوفا، تخم خیارین، تخم خرفہ، تخم خطمی، سونف، پوست ہلیلہ زرد، شاہترہ، سناء مکی ہر ایک ایک تولہ، گلو خشک، تخم کاسنی، مویز منقی ہر ایک 2 تولہ، پرسیاؤشاں، ملٹھی ہر ایک 5 ماشہ، گاؤزبان 9 ماشہ، عناب 7 دانہ، لسوڑیاں 20 دانہ، مصری تین پاؤ۔

ترکیب ساخت: سب دوائیں رات کو ڈیڑھ سیر پانی میں بھگو دیں۔ صبح جوش دیں۔ جب ڈیڑھ پاؤ رہ جائے تو مل چھان کر مصری ملا کر شربت تیار کریں۔

طریق استعمال: تین تین تولہ، صبح و شام پانی یا عرق گاؤزبان 12 تولہ ملا کر استعمال کریں۔

(330) شربت تپ صفراوی و مرکب

منافع: تپ صفراوی یعنی گرمی کے تپ اور تپ مرکب کے لئے نہایت مفید ہے۔ نیز منضج صفرا ہے۔

صفراوی امراض کا قلیل المقدار آسان منضج ہے۔ تپ صفراوی اور صفراوی مرضوں میں خلط کا نضج ہو جانے کے بعد یعنی (پانچ چھ دن کے بعد) مسہل دے دینا چاہئے۔ یہ ایک کہنہ بیاض کا نہایت اطمینانی ہمہ صفت موصوف نسخہ ہے۔ جس کا تجربہ کر لیا گیا ہے۔

اجزاء: تخم کاسنی، بنفشہ ہر ایک 2 تولہ، نیلوفر، ملٹھی، تخم خیارین، خطمی ہر ایک ایک تولہ، گل سرخ، گاؤزبان، بیخ کاسنی، گلو خشک، تخم کشوث، شاہترہ، آلو بخارا ہر ایک پانچ تولہ، بیہدانہ 9 ماشہ، لسوڑیاں، عناب ہر ایک 20 دانہ، مصری تین پاؤ۔

ترکیب ساخت: سب دوائیں رات کو ڈیڑھ سیر پانی میں تر کریں۔ صبح جوش دیں جب آدھ سیر رہ جائے مل چھان کر مصری ملا کر شربت تیار کریں۔

طریق استعمال: تین تین تولہ صبح و شام عرق کاسنی 7 تولہ یا پانی ملا کر استعمال کرائیں۔

تپ صفراوی اور تپ بلغمی کے دو بے نظیر نسخے جو استاذ الاطباء علامہ زمان حضرت استاذنا و مخدومنا جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب لاہوری کے تمام عمر کے معمول مطب رہے ہیں۔ بمعہ مواقع استعمال وغیرہ مجربات سلطانی حصہ اول میں درج ہو چکے ہیں۔

(331) غب دائرہ ولازم

اجزاء: زیرہ سفید چھ ماشہ، مغز کرنجوہ، فلفل دراز، برگ مغیلاں ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب ساخت: الگ الگ باریک کر کے پانی میں کھرل کریں۔ اور گولیاں بقدر ایک ماشہ تیار کریں۔

طریق استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ شربت بنفشہ تین تولہ، عرق کاسنی 7 تولہ استعمال کرائیں۔

(332) سفوف تپ کہنہ

اسناد: یہ نسخہ علامہ حکیم مولوی مفتی سلیم اللہ خان صاحب کا معمول ہے۔

منافع: یہ سفوف تپ کہنہ کے لئے خواہ مادہ گرم سے ہو خواہ مادہ سرد سے "نہایت مفید ہے"۔

اجزاء: زنجبیل یعنی سونٹھ، لونگ، اجوائن، مرچ سیاہ، فلفل دراز، ہلیلہ سیاہ، چترہ ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب ساخت: الگ الگ باریک کر کے ملا کر سفوف بنالیں۔

طریق استعمال: تین تین ماشہ صبح و شام ہمراہ آب گرم استعمال کرائیں۔

(333) فساد خون وتپ

اسناد: حضرت استاذ الاطباء علامہ جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کے معمولات سے ہے۔

منافع: جہاں فساد خون کے ساتھ تپ بھی ہو۔ یہ نسخہ نہایت کار آمد ثابت ہوا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: گندھک مصفی 1 تولہ، ملٹھی، سونف، سناء کی ہر ایک دو تولہ، الگ الگ باریک کر کے سفوف بنالیں۔

طریق استعمال: چھ ماشہ صبح ہمراہ شربت عناب تین تولہ، عرق شاہترہ 6 تولہ استعمال کریں۔

(334) سفوف شفا

منافع: تپ معمولی، تپ کہنہ نیز ان بخاروں کے لئے جو معدہ اور جگر کی مشارکت سے ہوں نہایت مفید ہے۔ اس سے دق اور لازمی بخار کو بھی چار پانچ دن تک فائدہ ہوتا ہے۔ تپ دق کے کئی مریضوں کو آرام ہوا حالانکہ وہ لائق حکیموں کے علاج کر چکے تھے۔ البتہ ان کو تپ دق پہلے درجہ پر تھا۔ ایسے تپ جو دق سے مشابہت رکھتے ہوں۔ نیز عام معمولی تپ اس کے استعمال سے جلد اتر جاتے ہیں۔ نیز معدہ کی خرابی، شکایات اور مبارکی کے لئے بھی مفید ہے۔

اجزاء: جوزمائل سیاہ ڈیڑھ ماشہ، نوشادر 3 ماشہ، فلفل دراز 6 ماشہ، سونٹھ ایک تولہ، سوڈا بائی کارب ایک تولہ۔

ترکیب ساخت: ہر ایک دوائی الگ الگ باریک کر کے وزن کر کے ملا کر رکھیں۔

طریق استعمال: سفوف مذکور دو ماشہ، کشتہ گاؤدنتی ایک ماشہ ملا لیں۔ یہ ایک خوراک ہے۔ پہر پہر کے بعد ایک ایک خوراک ہمراہ پانی اگر کھانسی ہو تو ہمراہ شربت بنفشہ استعمال کرائیں۔ صبح سے شروع کر کے شام تک تین یا چار خوراک استعمال کرائیں۔ رات کو دینے کی ضرورت نہیں۔ ذات الجنب میں ہر خوراک نصف رتی کشتہ بارہ سنگا ملا لینا چاہئے۔

شری (چھپاکی) کے لئے شہد میں ملا کر صبح و شام ایک ایک خوراک چٹائیں۔ مبارکی (موتی جھرہ) کے لئے کشتہ سنکھ نصف رتی فی خوراک ملا کر ہمراہ شربت بزوری، عرق مکو، عرق سونف ہر ایک دو تولہ، شربت لال 6 ماشہ، عرق گاؤزبان 4 تولہ استعمال کرائیں۔ دن میں صرف دو خوراک کافی ہیں۔

نوٹ: کشتہ گاؤدنتی خواہ جس ترکیب سے تیار کیا گیا ہو ٹھیک ہے۔ جلدی ضرورت ہو تو گاؤدنتی کی ڈلی کوئلوں کی تیز آگ میں ایک گھنٹہ تک رکھیں۔ سرد ہو جانے کے بعد باریک کھرل کر لیں۔

(335) عرق اکسیر دق

منافع: یہ نسخہ دق جیسی نامراد مرض کے لئے ایک بہترین چیز ہے جو بڑی محنت اور جانفشانی سے حاصل کر کے درج کیا جاتا ہے۔ دق کے شروع میں استعمال کرایا جائے تو یقیناً شفا ہو جاتی ہے۔ کئی جگہ اس کے حیرت انگیز اثرات دیکھنے میں آئے ہیں۔

اجزاء و ترکیب ساخت: گل خیرا 10 تولہ، الائچی خورد 3 تولہ، طباشیر 2 تولہ، صندل سفید 5 تولہ، شیر گاؤ 4 سیر حسب دستور اس کا چار سیر عرق کشید کریں۔

طریق استعمال: سات تولہ عرق میں شربت بزوری تین تولہ ملا کر صبح شام پلائیں۔ غذا دال مونگ، کدو، توری سبز پالک خرفہ وغیرہ۔

(336) اکسیر دق خاص الخاص

منافع: یہ دق کا ایک عجیب و غریب نسخہ ہے جس سے کئی مریضوں کو فائدہ ہوا۔ شروع مرض میں استعمال

کرایا جائے تو یقیناً فائدہ ہوتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: ابرک سفید محلوب ایک پاؤ، شیر مادہ خر سوا سیر۔ ابرک میں شیر مادہ خر تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کرتے رہیں۔ جب تمام دودھ ختم ہو جائے تو ابرک کو خشک کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

② کافور پانچ تولہ، برگ حناء باریک شدہ ایک پاؤ۔ برگ حنا کو رات کے وقت پانی میں تر کریں۔ اور کافور کی ڈلی بھی اس میں ڈال دیں۔ صبح ڈلی مذکور نکال کر نیم کوب (دردرا) کر کے لوہے کے توے پر ڈال کر اوپر مٹی کا پیالہ اوندھا رکھ دیں۔ اور پیالہ کی پشت پر کپڑا تر کر کے رکھیں۔ نیچے ایک گھنٹہ تک بیری کی لکڑی کی نرم آنچ جلا دیں۔ مگر پیالہ کے لب ماش کے آٹا سے خوب بند کر دیں۔ جب پیالہ گرم ہو جائے تو پانی سے تر کر دیا کریں۔ ایک گھنٹہ کے بعد آگ بند کر دیں۔ جب پیالہ وغیرہ خوب سرد ہو جائے تو احتیاط سے جوہر نکال کر کشتہ ابرک مذکور میں ملا لیں۔ اکسیر دق تیار ہے۔

طریق استعمال: چار رتی صبح مکھن میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

(337) اکسیر مبارکی (موتی جھرہ)

منافع: مبارکی کے دو نسخے مجربات سلطانی جلد اول میں درج ہو چکے ہیں۔ ایک اسہال جاری ہونے کی حالت میں اور ایک عام حالت میں جو اپنے اپنے محل میں اکسیر ثابت ہوتے ہیں۔ حال میں یہ اکسیری نسخہ ہمیں دستیاب ہوا ہے۔ جو مبارکی کی ہر حالت میں نہایت مفید ہے۔ اس سے مبارکی آسانی سے نکلتی ہے۔ اور ساتھ ساتھ تپ کو بھی آرام ہوتا جاتا ہے۔ اگر اسہال جاری ہوں تو وہ بھی آہستہ آہستہ بند ہو جاتے ہیں۔ نفخ وغیرہ نہیں ہوتا۔

اجزاء و ترکیب ساخت: سنکھ، صدف، مروارید (سیپ اصلی) استخواں باخہ (کچھوے کی ہڈی) شاخ مرجان، ہم وزن لے کر کوزہ گلی میں ڈال کر منہ بند کر کے دس سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ جب سرد ہو جائے تو نکال کر باریک کھرل کر لیں۔

طریق استعمال: نصف رتی سے ایک رتی تک صبح و شام بتاشہ یا کھانڈ میں رکھ کر دن میں تین چار دفعہ استعمال کرائیں۔ اوپر سے عرق گاؤزبان دو تولہ سے سات تولہ تک پلائیں یا منقیٰ 6 دانہ، گاؤزبان 4 ماشہ، کشمش 4 ماشہ، عناب 6 عانہ، آدھ سیر پانی میں جوش دے کر جب پاؤ رہ جائے تو مل چھان کر رکھ لیں۔ اور مصری ملا کر ہمراہ کشتہ مذکور پلائیں۔

اگر مریض کو اسہال جاری ہوں تو ہمراہ عرق گاؤزبان سات تولہ شربت حب آلاس 6 تولہ پہر پہر کے بعد دیں۔ موسم سرما ہو تو شربت عرق کو گرم کر لیں۔ غذا مونگ کی کھچڑی استعمال کرائیں۔ اگر اسہال نہ ہوں تو جوشاندہ مذکور کے ساتھ دن میں دو دفعہ استعمال کرائیں۔ روغن زرد میں مغز بادام جلا کر تمام بدن پر مالش کیا کریں۔ پانی میں پختہ اینٹ کے ٹکڑے گرم کر کے بجھا لیں۔ جب پیاس لگے تو اسی پانی سے کچھ گرم کر کے پلاتے رہیں۔

(338) تریاق مبارکی (موتی جھرہ)

منافع: اسہال جاری ہونے کی حالت اور عام حالتوں میں یہ نسخہ واقعی تریاق ثابت ہوا ہے۔ آج کل
تر بگی حمل مطلب ہے۔ لطف یہ کہ تپ کو بھی مفید ہے۔ اور مبارکی کے دانے بھی نکالتا ہے۔ اور
سے طبیعت کو آرام رہتا ہے۔ دل کو طاقت بخشتا ہے۔ استعمال کرانے میں کسی قسم کی تکلیف نہیں
اور مریض بھی خوشی سے استعمال کرتا ہے۔ زیادہ گرم نہیں کہ اسہال کا خطرہ ہو وغیرہ وغیرہ۔ تمام فوا
حاصل ہے۔ نہ گرم ہے نہ سرد۔

اجزاء و ترکیب ساخت: طباشیر نقرہ، دانہ الائچی خورد، ست گلو اصلی سفید رنگ ہر ایک 4 ماشہ،
نقرہ 14 عدد مصری کوزہ 9 ماشہ، سب دوائیں باریک کر کے ورق نقرہ ملا کر خوب کھرل کر لیں۔ پھر اس
خوب کھرل مشک چھ ماشہ ملا کر محفوظ رکھیں۔ اگر مریض غریب ہو تو عام طور پر یہی سفوف استعمال کرایا جا
ہے اور اگر مقدور ہو تو مروارید ناسفتہ ایک ماشہ کو روح کیوڑہ میں کھرل کر کے ملا لیا جاتا ہے۔

طریق استعمال: چار رتی سے 4 ماشہ تک مطابق عمر مریض ہمراہ شربت و عرق مندرجہ ذیل صبح و شام
ہمیشہ استعمال کرائیں۔ شربت لال 5 تولہ، عرق گاؤزبان، عرق پودینہ، عرق اذخر (کھوی) عرق کو ہر ایک
تولہ "ٹکیہ پیپر منٹ کلاں 8 عدد (اگر خورد ہوں تو 32 عدد) پیپر منٹ کو نیم کوب کر لیں۔ پھر سب اشیاء
ایک بوتل میں ملا لیں۔ تین سال تک کے بچہ کو ایک ماشہ سفوف اور شربت عرق 3 تولہ اسی طرح مطابق
عمر بڑھاتے جائیں۔ جوان آدمی کو چار ماشہ سفوف ہمراہ 10 تولہ شربت عرق کے استعمال کرائیں۔
اگر مریض کے مزاج میں سردی ہو یا موسم سرما ہو اور دانے نکلنے میں دیری ہو رہی ہو یا اسہال زیادہ
ہوں تو سفوف میں فی خوراک کے حساب سے کشتہ سنکھ 2 چاول سے ایک رتی تک ملا لیا جاتا ہے۔ غذا
مونگ کی کھچڑی استعمال کرائیں۔ بدن پر ہر حالت میں گھی کی مالش بکثرت کرائیں۔ پانی پکا کر استعمال
کرائیں۔ جس کا طریقہ نسخہ نمبر 337 میں تحریر کیا گیا ہے۔ سردی سے بچائیں۔ کونین اور مسہل اور
ادویہ کے استعمال سے اجتناب کریں۔ انشاء اللہ تعالیٰ آپ کو مبارکی کے علاج میں شرطیہ کامیابی ہوگی۔

مجربات امراض جلد و عام امراض

متعلقہ ظاہر بدن

(339) اکسیر مصفی خون

منافع: یہ جوشاندہ آتشک، چنبل، خارش، پھوڑے پھنسیاں داد (دحدری) خرابی خون ہر قسم کے لئے اکسیر
لاثانی چیز ہے۔ علاوہ ازیں عمل ہے جو خرابی خون اور غلبہ سودا کے لئے نہایت مفید ہے۔ پندرہ دن
تک اسے استعمال کرانے کی عموماً ضرورت نہیں رہتی۔ ایک جامع الاوصاف ہمہ صفت موصوف نسخہ ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: چرائتہ، سرپھوکہ، برگ نیم ہر ایک تین ماشہ، گل منڈی، سنائے ہر ایک
ماشہ، شاہترہ، عشبہ مغربی، پوست ہلیلہ زرد، پوست ہلیلہ کابلی ہر ایک 7 ماشہ، آلو بخارا 7 دانہ، عناب 9 دانہ

گاؤزبان 6 ماشہ، تخم کاسنی ایک تولہ، املی ڈھائی تولہ، سناء مکی 4 ماشہ، مصری حسب ضرورت یہ ایک پڑیہ کا وزن ہے۔

طریق استعمال: موسم گرما میں ڈیڑھ پاؤ پختہ پانی میں ایک پڑیہ رات کو تر کر دیں۔ صبح پانی نکال کر مصری ملا کر استعمال کرائیں۔ پھر اسی ثفل میں پاؤ کے قریب اور پانی ڈال کر رکھ دیں۔ شام کو مل چھان کر مصری ملا کر پلائیں۔

موسم سرما میں 9 چھٹانک پانی ڈال کر جوش دیں۔ جب تہائی کے قریب رہ جائے تو سرد کر کے مل چھان کر مصری سے میٹھا کر کے پلائیں۔ شام کو اس ثفل میں پھر اسی قدر پانی ڈال کر حسب دستور جوش دے کر مل چھان کر مصری ملا کر پلائیں۔

اضافہ: صبح و شام دوائی پلاتے وقت اگر پوٹاشیم آیوڈائیڈ 2 رتی ملا لی جائے تو یہ نسخہ زیادہ موثر بن جاتا ہے۔ مگر دوائی سے ایک گھنٹہ بعد مرغن لقمہ حلوہ یا چوری کھلا دینی چاہئے۔ یا دودھ اور گھی ملا کر پلایا جائے تاکہ خشکی پیدا نہ ہو۔

(340) صندل پوڈر

اسناد: حضرت استاذنا مخدومنا فاضل اجل عالم تبحر مولانا بالفضل اولینا جناب مولوی نور الدین صاحب مدارس عربیہ ریاست بہاولپور کا عطیہ ہے۔

منافع: خارش، پھوڑے، پھنسیاں، خرابی خون ہر قسم کے لئے ہزاروں مریضوں پر تجربہ ہو چکا ہے۔ اور مطب میں ہمیشہ تیار رہتا ہے۔ کم خرچ بالانشین کی مثال اس پر صادق آتی ہے اور فوائد میں بھی اعلیٰ وارفع ہے۔ بہت مفید چیز ہے۔

اجزاء: بورہ صندل سفید، بورہ صندل سرخ، کچور، گیرو، مجیٹھ، برگ نیم، برگ حنا، ملٹھی ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب ساخت و استعمال: سفوف تیار کریں۔ چرائتہ، عشبہ ہر ایک تین ماشہ باریک کر کے رات کو ڈیڑھ چھٹانک پانی میں بھگو کر صبح اس کا زلال لے کر شہد سے میٹھا کر کے ڈیڑھ ماشہ صندل پوڈر کھلا کر اوپر سے زلال مذکور پلائیں۔ اس طرح شام کو استعمال کرائیں۔ غذا مرغن استعمال کریں۔

(341) کشتہ آملہ سار

اسناد: پنجاب کے مشہور طبیب حکیم الہ دین صاحب بھیروی کا معمول مطب ہے۔ اور ان کے خاص الخاص نسخہ جات میں سے ہے۔ میں نے اس کا تجربہ کیا۔ فی الحقیقت خون صاف کرنے کے واسطے بہت عجیب شے ہے۔ معدہ اور جگر کو طاقت دیتا ہے۔ اور ہاضمہ کو بڑھاتا ہے۔ ریاح کو خارج کرتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: آملہ سار قریباً پانچ تولہ لے کر باریک کر کے گھی سے چپڑ کر لوہے کی کڑچھی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب پگھل جائے تو گائے کے قریباً آدھ سیر دودھ میں ڈالیں۔ جب سرد ہو

جائے تو نکال کر باریک کر کے پھر گھی سے چپڑ کر لوہے کی کڑچھی میں پگھلا کر حسب دستور دودھ میں ڈال کر
اسی طرح گیارہ دفعہ عمل کریں۔ مگر دو تین بار کے بعد دودھ بدل دیا کریں۔ اور ہر دفعہ گھی سے چپڑا
کریں۔ پھر گیارہ دفعہ اسی طرح پگھلا پگھلا کر روغن زرد میں ڈالیں۔ بعدہ باریک پیس کر محفوظ رکھیں۔ کل
بیس تولہ 11 دفعہ کے لئے کافی ہے۔

طریق استعمال: دو رتی سے چار رتی تک صبح مکھن میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

(342) اکسیر خارش خصیہ

اسناد: مکرمی ڈاکٹر عطاء اللہ صاحب نے تیار کر کے کئی مریضوں پر تجربہ کیا ان کا بیان ہے کہ اس سے
خارش خصیہ کے دو ایسے مریض شفایاب ہوئے۔ جو اور کسی دوائی سے شفایاب نہیں ہوئے تھے۔ نیز
خارش بدن اور آتشک کے لئے بہت ہی مفید ہے۔ تجربہ شدہ ہے۔

اجزاء: سنکھیا سفید، شنگرف رومی، کیلومل، نیلہ تھوتھہ، رسکپور ہر ایک ایک تولہ، شیر مدار (آک) آب
لیموں ہر ایک دس تولہ۔

ترکیب ساخت: پانچوں خشک اشیاء کو شیر مدار اور آب لیموں سے کھرل کریں۔ پھر دو پیالوں میں ڈال
کر حسب دستور جوہر اڑا دیں۔

طریق استعمال: دو تولہ مصری پیس کر اس میں ایک رتی جوہر ملا کر اس کی 24 پڑیہ باندھ لیں۔ ایک
پڑیہ صبح مکھن میں رکھ کر استعمال کرائیں۔ غذا مرغن کھلائیں۔

(343) مطبوخ مصفی خون

منافع: خارش، پھوڑے، پھنسیاں تمام وہ امراض جو خرابی خون کی وجہ سے پیدا ہوئی ہوں اور تصفیہ خون
کے لئے معمولی ہے۔

اجزاء: چرائتہ، پاپڑہ (شاہترہ) بورہ صندل سرخ، ہلیلہ سیاہ ہر ایک پانچ تولہ۔

ترکیب ساخت: چرائتہ اور ہلیلہ سیاہ کو نیم کوب کر لیں پھر سب اشیا ملا کر اس کے دس حصے کر لیں۔

طریق استعمال: ایک حصہ رات کو آدھ سیر پانی میں بھگو رکھیں۔ صبح جوش دیں۔ جب آدھ پاؤ رہ
جائے تو مل چھان کر شہد دو تولہ ملا کر استعمال کرائیں۔ اسی طرح دس دن تک استعمال کرائیں۔

(344) روغن اکسیر داد (دہدری)

منافع: اس روغن کا خراب سے خراب حالت والے مریضوں پر تجربہ کیا گیا۔ جو مختلف علاجوں سے
مایوس ہو چکے تھے۔ جن کے تمام بدن پر دھدری پھیل چکی تھی اور سفید چھلکے اترتے تھے۔ مقصد ان کے
لئے یہ روغن اکسیر اور بے خطا ثابت ہوا۔ نیز چنبل کو مفید ہے۔

اجزاء: پوست نارجیل یعنی گری کھوپہ کا بالائی سخت چھلکا آدھ سیر، نیلہ تھوتھا، چونہ آب نارسیدہ، سہاگہ

ہر ایک 10 ماشہ۔

ترکیب ساخت: سب دواؤں کو نیم کوب کر کے روغن کنجد ڈیڑھ چھٹانک سے چرب کریں۔ پھر آتشی شیشی میں ڈال کر حسب دستور روغن کشید کریں۔

طریق استعمال: دن میں دو دفعہ مالش کریں۔ بہتر ہے اس کے ساتھ مطبوخ 343 یا اکسیر مصفی خون 339 بھی استعمال کرائیں۔

نوٹ: دھدری کا ایک آسان مجرب بے خطا نسخہ مجربات سلطانی حصہ اول میں درج ہے۔

(345) روغن اکسیر خارش نمبر①

منافع: ایک شخص کو تمام بدن پر خارش اور چھوٹی چھوٹی پھنسیاں پیدا ہو گئیں۔ ہرچند فصد اور مسہل اور پینے کی دوائیں استعمال کیں۔ لیکن کسی علاج سے فائدہ نہ ہوا۔ مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی۔ تین سال تک اسی مرض میں مبتلا رہا۔ آخر اس روغن کی مالش سے ایک ہفتہ میں شفایاب ہوا۔

اجزاء: روغن کنجد 1 پاؤ' پارہ' گندھک' آملہ سار ہر ایک 8 ماشہ' نیلہ تھوتھا 18 ماشہ' چوک منڈھی 9 ماشہ' مردار سنگ ایک تولہ۔

ترکیب ساخت: سیماب' گندھک اور آملہ سار کو ملا کر ایک گھنٹہ تک کھرل کریں۔ باقی ادویہ الگ الگ باریک کر کے سب اشیاء کو روغن کنجد میں ملا لیں۔

طریق استعمال: حسب دستور روزانہ مقام خارش پر مالش کرائیں۔

(346) روغن اکسیر خارش نمبر②

منافع: یہ روغن بھی خارش کے دور کرنے میں بے مثل ہے۔ کئی مریضوں کو اس سے شفا ہوئی ایک مجرب کا نسخہ ہے۔

اجزاء: مردہ سنگ' سفیدہ قلعی' منجھل' نیلہ تھوتھا' خاکستر عناب' خاکستر چوب دھراکھ ہر ایک ایک تولہ' رس کپور 4 ماشہ' خاکستر نارجیل' آملہ سار ہر ایک 2 تولہ' جو کھار' سندھور ہر ایک 6 ماشہ۔

ترکیب ساخت: سب کو باریک پیس کر سفوف بنائیں۔ روغن کنجد پاؤ پختہ' سرکہ پاؤ پختہ' دونوں کو لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں جب سرکہ جل جائے تو ادویہ مذکورہ بالا ملا لیں۔ بس تیار ہے۔

طریق استعمال: حسب دستور مالش کریں۔ غسل کی ضرورت ہو تو دو گھنٹہ کے بعد گرم پانی سے غسل کریں۔

(347) حب برائے خارش

منافع: تمام اقسام خارش کے لئے مفید' نیز مصفی خون ہیں۔

اجزاء: عشبہ 7 تولہ' چرائتہ' شاہترہ ہر ایک پانچ تولہ' چرائتہ' سناء کی ہر ایک ڈھائی تولہ' چوب چینی ایک تولہ۔

ترکیب ساخت: سب دوائیں الگ الگ کوٹ چھان کر شہد کی مدد سے حبوب بقدر جنگلی بیر تیار کریں۔

طریق استعمال: دو دو گولی صبح و شام ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔

(348) جوہر اکسیر آتشک

منافع: اس اکسیر سے چار روز میں آتشک کی بیخ کنی ہو جاتی ہے۔ آتشک کے ہر درجہ میں خواہ زہر یلا مادہ اور ہر مزاج میں بے خطا ثابت ہوئی ہے۔ یقیناً اس کی موجودگی میں آتشک کی کسی اور دوائی کی ضرورت نہیں رہتی۔

نیز تمام امراض سوداوی مثلاً خنازیر و جذام کو فائدہ دیتی ہے۔ نہایت بے ضرر اور بھروسہ کی چیز ہے۔ سینکڑوں دفعہ کی مجرب ہے۔ آتشک سے جو گنٹھیا پیدا ہو جاتا ہے اس کو بھی مفید ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: دار چکنا' رسکپور' سم الفار سفید ہر ایک ایک تولہ' شراب برانڈی یا ... کیلہ دس تولہ میں کھرل کر کے بطریق معروف جوہر اڑائیں۔

طریق استعمال: ایک چاول کیپسول یا منقہ میں بند کر کے یا مکھن اور شہد کی گولی بنا کر اس میں رکھ کر نگلوائیں۔ یاد رہے کہ دوائی منہ میں نہ لگنے پائے نیز بہتر ہے کہ پہلے کوئی چیز کھلا کر استعمال کرائی جائے۔ صرف ایک وقت استعمال کرانا کافی ہے۔

جوہر اڑانے کا طریقہ نسخہ 257 میں درج ہے۔

(349) گولیاں برائے آتشک

منافع: یہ گولیاں آتشک کے لئے نہایت مجرب اور آزمودہ نیز نہایت آسان ہیں۔

اجزاء: بھلاوہ بے کلاہ' جوائن خراسانی' پوست ہلیلہ کابلی' موصلی سفید' موصلی سیاہ' طباشیر زراوند دحرج' تخم حنظل ہر ایک 4 ماشہ' سیماب 4 ماشہ۔

ترکیب ساخت: اول سیماب اور بھلاوہ کو کھرل کریں جب یک ذات ہو جائیں تو دوسری ادویہ باریک کر کے ملا دیں اور کھرل کریں۔ پھر گولیاں بقدر جنگلی بیر تیار کریں۔

طریق استعمال: پانچ گولی ہمراہ شربت ذیل' املی' شاہترہ' بورہ صندل سفید' بورہ شیشم ہر ایک دو تولہ' مصری ایک پاؤ' حسب دستور شربت تیار کریں۔ غذا نان گندم بے نمک بمعہ روغن گاؤ یعنی چوری بنا کر استعمال کرائیں۔

(350) گولیاں آتشک نمبر②

منافع: اس سے نہ منہ آتا ہے اور نہ ہی اسہال آتے ہیں نہایت مفید اور کم خرچ بالا نشین ہیں۔ جو ایک کہنہ بیاض سے دستیاب ہوا۔

اجزاء: رسکپور سالم ڈلی ایک تولہ' فلفل سیاہ سات ماشہ' لونگ 100 عدد۔

ترکیب ساخت: اول رسکپور کو روغن زرد میں بریاں کریں۔ بعدہ دیگر ادویہ کوٹ چھان کر سب کو ملا

…ل کرکے شہد کی مدد سے گولیاں بقدر جنگلی بیر تیار کرلیں۔

طریق استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام مکھن میں رکھ کر استعمال کرائیں۔ غذا نان گندم مرغن۔

(351) علاج آتشک و جذام

خصوصیت: اس سے پانچ چھ دن میں سخت سے سخت مرض کا ازالہ ہو جاتا ہے۔ سینکڑوں مریض (جو اپنے آپ کو مایوس سمجھتے تھے) اس اکسیر کے استعمال سے شفایاب و بامراد ہوئے۔

اجزاء: دار چکنا چھ ماشہ، رسکپور 1 ماشہ، سندھور، نمک سانبھر ہر ایک 4 ماشہ۔

ترکیب ساخت: تمام ادویہ الگ الگ باریک کرکے آب گھیکوار یعنی کوار گندل میں کھرل کرکے دو …ں میں بطور معروف جوہر اڑائیں۔

طریق استعمال: ایک چاول بھر منقی میں رکھ کر نگلوائیں اوپر سے عرق سونف 12 تولہ پلائیں۔ اس نسخہ کی تصدیق ہو چکی ہے۔

(352) مرہم برائے زخم آتشک نمبر①

خصوصیت: یہ مرہم آتشک کے زخموں کے لئے از حد مفید ہے اور معمول مطب ہے۔

اجزاء: سپاری، کوڑی زرد سوختہ، مردار سنگ، رسکپور ہر ایک تین ماشہ، کتھ پاپڑیہ 6 ماشہ، مسکہ گاؤ تین …

ترکیب ساخت: خشک دوائیں الگ الگ باریک کھرل کرکے مسکہ گاؤ میں ملا کر مرہم بنالیں۔

طریق استعمال: حسب دستور کپڑے پر لگا کر زخموں پر لگایا کریں۔

(353) مرہم برائے زخم آتشک ②

اجزاء: مردار سنگ، مازو، سہاگہ بریاں، آملہ خشک ہر ایک چھ ماشہ، سپاری سوختہ ڈھائی عدد، مسکہ گاؤ تین …

ترکیب ساخت: خشک ادویہ باریک پیس کر مکھن میں ملالیں۔ بس تیار ہے۔

طریق استعمال: ململ کے کپڑے پر لگا کر زخموں پر لگائیں۔

(354) اکسیر خارش تر (پاں)

خصوصیت: جس میں بدن پر چھوٹی چھوٹی پھنسیاں نکل آتی ہیں۔ اور کھجلی شدت کی ہوتی ہے۔ پنجابی زبان میں … کہتے ہیں۔ اس کے لئے یہ نسخہ نہایت قیمت اور آسان ہونے کے علاوہ فائدہ میں بے مثال ہے … مرض مذکور کو تین دن میں نیست و نابود کر دیتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: گندھک ڈھائی تولہ، چونہ ان بجھ حسب ضرورت گندھک کو باریک پیس … اور چونہ کو ایک برتن میں ڈال کر اس پر احتیاط سے پانی ڈالتے جائیں۔ جب دھواں نکلنا موقوف ہو

جائے اور چونہ پھول جائے تو پانی ڈالنا بند کر دیں۔ اس میں سے ڈھائی تولہ لے کر دونوں اشیاء کو ایک مٹی کی ہانڈی میں ڈال کر اس میں ایک بوتل پانی ڈالیں اور آگ پر چڑھائیں جب ایک پاؤ باقی رہ جائے تو اتار کر ٹھنڈا کر کے پانی کو احتیاط سے نتھار کر بوتل میں بند کر کے رکھیں۔

طریق استعمال: جائے خارش کو گرم پانی سے دھو کر اور خشک کر کے اس عرق کو روئی وغیرہ سے تھوڑا تھوڑا لگائیں۔ روزانہ استعمال کریں۔

(355) خارش و مواد آتشک

منافع: آتشک کی خارش اور زخموں کے واسطے مفید ہے۔

اجزاء: سکہ، سیماب، ہڑتال ورقی ہر ایک دس درہم۔

ترکیب ساخت: ہڑتال ورقی باریک کھرل کریں۔ سکہ کو کٹھالی میں گلا کر اس میں سیماب اور ہڑتال باریک شدہ ڈال دیں تاکہ ٹکی سی بن جائے۔ پھر کھرل میں ڈال کر خوب پیسیں۔

طریق استعمال: مکھن کو سو دفعہ پانی سے دھو کر بقدر ضرورت ملا کر خارش یا زخموں کی جگہ پر طلا کریں۔

(356) دوائے خارش ہر قسم

منافع: جو کہ خارش کے دفعیہ کے لئے نہایت مجرب اور آزمودہ ہے۔ جن مریضوں کو مسہل وغیرہ سے فائدہ نہ ہو۔ اس روغن کی مالش سے پہلے حد دوسرے تیسرے دن فائدہ ہو جاتا ہے۔ اور ایک ہفتہ کے اندر پورا آرام ہو جاتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: برگ کنیر سفید خشک 2 تولہ، گندھک ایک تولہ کو باریک پیس کر روغن سرسوں پانچ تولہ میں ملا کر نرم آگ پر جوش دیں۔ جب سب اشیاء جل کر مرہم سی بن جائے تیار ہے۔

طریق استعمال: رات کے وقت خارش کی جگہ پر مالش کر کے صبح گرم پانی سے غسل کریں۔

(357) غرغرہ برائے آتشک و جوش دہان

اجزاء: خطمی، خبازی، بنفشہ ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب ساخت: دو پاؤ پانی میں جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے تو مل کر چھان لیں۔

طریق استعمال: حسب دستور غرغرے یعنی کلیاں کرائیں۔

(358) دوائے چنبل ①

منافع: یہ دوا ہر قسم کے کہنہ سے کہنہ چنبل کے لئے نہایت مفید ہے۔

اجزاء: سلوف وٹھہ، گندھک ہر ایک ایک تولہ، زنگار ایک ماشہ، صمغ عربی (گوند کیکر) 6 ماشہ۔

ترکیب ساخت: سب کو باریک کر کے کاغذی لیموں کے رس میں کھرل کر کے نگاہ رکھیں۔

طریق استعمال: جس قدر درکار ہو تھوڑے سے پانی میں حل کر کے طلاء کریں۔ روزانہ لگایا کریں۔

(359) دوائے چنبل

منافع: یہ نسخہ ایک سیاح سے حاصل ہوا۔ جو چنبل کے لئے نہایت اچھی چیز ہے۔ اس سے تین چار دن تک کلی آرام ہو جاتا ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: مغز تخم پلاس یعنی ججھرہ حسب ضرورت لے کر آب لیموں میں خوب گھوٹ کر کسی ڈبیہ میں محفوظ رکھیں۔

طریق استعمال: جس قدر ضرورت ہو اس میں سے لے کر دوبارہ آب لیموں میں کھرل کر کے لگایا کریں۔ روزانہ تازہ تیار کر کے استعمال کرائیں۔ ساتھ ہی یہ شربت بھی تیار کر کے صبح و شام 4 تولہ استعمال کرائیں۔

عناب 10 تولہ، چرائتہ 5 تولہ، عشبہ، شاہترہ، منڈی بوٹی ہر ایک ڈھائی تولہ، مصری تین پاؤ حسب دستور شربت تیار کریں۔

(360) مرہم اکسیر خنازیر (ہنجیراں)

منافع: مرہم خنازیر جیسی بدترین مرض کے استیصال کے لئے لاجواب ثابت ہوئی ہے۔ جس کے صرف آٹھ دن استعمال کرانے سے ہی خنازیر کی گلٹیاں نکل کر پوری شفا ہو جاتی ہے۔ اور پھر مرض عود نہیں کرتا۔ شرطیہ مفید ہے۔ جو اپنے ایک محترم دوست سے حاصل کر کے درج کیا جاتا ہے۔ اس کا تجربہ کر کے مجھے بھی اطلاع دیں۔

اجزاء: سم الفار سفید، شنگرف، دارچکنا، رسکپور، نیلہ تھوتھا، زنگار، افیون، ہڑتال ورقی ہر ایک 2 ماشہ، بھنگری، بابچی، نوشادر، مردار سنگ، سوہن مکھی، آملہ سار، کتھہ ہر ایک 6 ماشہ استخواں مردہ 2 تولہ۔

ترکیب ساخت: سب دوائیں الگ الگ باریک پیس کر خوب کھرل کرلیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

طریق استعمال: جس قدر درکار ہو روغن زرد میں ملا کر کھدر کے کپڑے پر لگا کر زخموں پر چسپاں کریں۔ اسی طرح روزانہ لگایا کریں۔ آٹھ دن کے بعد مکھن کو سو دفعہ پانی میں دھو کر لگاتے رہیں۔ تاکہ زخم اچھے ہو جائیں ساتھ خوردنی نسخہ جات میں سے بھی کوئی نسخہ استعمال کرائیں تو بہتر ہے۔

نوٹ: یہ مرہم بعض اوقات نازک مزاجوں کو کسی قدر تکلیف دیتی ہے۔ مگر گلٹیاں نکل کر خنازیر کا نشان نہیں رہتا۔ مرہم خنازیر ایک نسخہ مجربات سلطانی حصہ اول میں درج ہو چکا ہے۔ جو کہ یقیناً فیاضی طبع کا آئینہ ہے۔ وہ ذرہ بھر بھی تکلیف نہیں دیتا۔ اور شرطیہ حکمیہ مفید ہے۔

(361) دوائے خنازیر مجرب ①

اسناد: حضرت استاذیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب مرحوم و مغفور لاہوری کے بیاض خاص کا نسخہ ہے۔ نہایت مختصر آسان مجرب المجرب ہے۔

ہے۔

منافع: خنازیر کے مادہ کو خارج کرتی اور اسے جڑ سے نکالتی ہے۔

اجزاء: تردی، زنجبیل (سونٹھ) ہر ایک پانچ تولہ، کھانڈ سفید دس تولہ۔

ترکیب ساخت: الگ الگ باریک کر کے سفوف تیار کریں۔

طریق استعمال: سات ماشہ صبح ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔

(362) دوائے خنازیر مجرب ②

اجزاء و ترکیب ساخت: تخم سرس (شریں) حسب ضرورت لے کر باریک کوٹ کر دو چند شہد میں ملا لیں۔ پھر اس کے برابر معجون کچلہ ملا کر رکھ لیں۔

طریق استعمال: تین ماشہ صبح ہمراہ شیر گاؤ استعمال کرائیں۔

(363) علاج خنازیر ③

منافع: یہ طریق علاج خنازیر کے لئے نہایت مفید ہے۔ ہمارا معمول و مجرب ہے ایک جامع الاوصاف نسخہ ہے۔

اجزاء: جدوار، فلفل سیاہ ہر ایک پانچ تولہ۔

ترکیب ساخت: ان کو الگ الگ خوب باریک کر کے ملا لیں۔

طریق استعمال: چھ ماشہ سفوف کو رات کے وقت دس تولہ پانی میں بھگو رکھیں۔ صبح گھوٹ چھان کر مصری دو تولہ ملا کر پلائیں۔ ثفل میں پانی ملا کر خوب گھوٹ کر زخموں پر طلا کریں۔

(364) کالی دوا دافع جملہ امراض باردہ

منافع: اوجاع مفاصل (جوڑوں کے درد) امراض باردہ مثلاً لقوہ فالج، استرخا، تشنج، کزاز تمدد، درد ریح، درد بدن کے لئے نہایت مفید ہے۔ ایک خاص نسخہ ہے جو افادہ عام کے لئے درج کیا جاتا ہے۔ لطف یہ کہ بالکل آسان ہے۔

اجزاء: قلعی، پارہ، ہڑتال ورقی، میٹھا تیلیہ ہر ایک چھ ماشہ، ترپھلہ، ترکٹہ ہر ایک دو تولہ۔

ترکیب ساخت: قلعی کو لوہے کی کڑچھی میں ڈال کر پگھلائیں۔ جب خوب پگھل جائے تو آگ سے اتار کر احتیاط سے پارہ ملا دیں۔ باقی اشیاء کو الگ الگ باریک کریں۔ پھر سب کو ملا کر خوب کھرل کریں۔ بس تیار ہے۔

طریق استعمال: ایک رتی سے دو رتی تک ملائی میں رکھ کر استعمال کرائیں۔ اگر مرض کا غلبہ ہو تو طبیب موقعہ و محل و ضرورت کو مد نظر رکھ کر دن میں دو یا تین دفعہ استعمال کرا سکتا ہے۔ گڑ، تیل، مچھلی سرد اشیاء سے پرہیز کرائیں۔

(365) ٹکور ضربہ و سقطہ

منافع: ضربہ و سقطہ (چوٹ) اور ورم و درد جو ضربہ و سقطہ کی وجہ سے ہو اس ٹکور کے استعمال سے بہت

جلد دور ہو جاتا ہے۔ بہت سریع الاثر ترکیب ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: نارجیل کہنہ 'کھوپہ گری' تخم دھتورہ ہر ایک 2 تولہ' زرد چوب (ہلدی) 2 ماشہ 'الگ الگ باریک کر کے موم سفید ڈیڑھ تولہ' ملا کر خوب کوٹیں تاکہ یکذات ہو جائیں۔ پھر اس کے دو حصے کر کے الگ الگ کپڑے میں باندھ لیں۔ یعنی دو پوٹلیاں بنا لیں۔

طریق استعمال: روغن کنجد کو کڑچھی میں ڈال کر کوئلوں کی آگ پر رکھیں اور ایک پوٹلی کو اس میں ڈال دیں۔ جب گرم ہو جائے تو ٹکور کرنی شروع کریں اور دوسری پوٹلی کو کڑچھی میں رکھ دیں۔ جب ایک پوٹلی ٹھنڈی ہو جائے تو اس کو کڑچھی میں رکھ دیں اور دوسری سے ٹکور کریں۔ اسی طرح باری باری سے پندرہ بیس منٹ تک ٹکور کریں۔

(366) دوائے ماشرا ①

اجزاء و طریق استعمال: خوب کلاں' اسبغول ہر ایک 10 ماشہ' ہمراہ شربت صندل تین تولہ' عرق گلاب چھ تولہ استعمال کرائیں۔

(367) دوائے ماشرا ②

اجزاء و طریق استعمال: طباشیر' پودینہ ہر ایک سات ماشہ' گل سرخ 4 ماشہ' کافور 4 رتی' سفوف بنا کر دو خوراک بنا دیں۔ ایک ایک خوراک صبح و شام ہمراہ آب انار ترش تین تولہ استعمال کرائیں۔

(368) تریاق مار گزیدہ

اسناد: محترم دوست حکیم صوفی عبدالمجید صاحب سیفی ساکن سدہ کمبوہ، ضلع شاہ پور کا عطیہ ہے۔

منافع: مار گزیدہ اور سگ گزیدہ اور ذات الجنب کے لئے حکیم صاحب کا مخفی نسخہ ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: سنکھ ایک پاؤ کا ٹکڑا لیں اور آدھ پاؤ افیون کو پانی میں گھول کر گاڑھا ضماد بنا کر سنکھ کے ٹکڑا پر ضماد کر کے کسی مٹی کی ڈولی یا لوٹہ میں رکھ کر اس پر ایک بوتل شراب برانڈی درجہ اول ڈال کر چپنی سے منہ بند کر کے تمام برتن پر خوب گل حکمت کر دیں اور خشک ہو جانے کے بعد ہوا سے بچا کر دس سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ جب خوب سرد ہو جائے تو جو کچھ برتن میں ہو نکال کر خوب کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

طریق استعمال: ذات الجنب میں بقدر نصف ماشہ دوائی کھلا کر شربت بنفشہ دو تولہ عرق سونف دو تولہ ملا کر پلا دیں۔ یا شہد میں ملا کر چٹائیں یا کسی جوشاندہ وغیرہ کے ساتھ استعمال فرمائیں۔ بلا فصد فائدہ ہو گا۔ ضرورت کے مطابق دن میں دو یا تین خوراک دیں۔

سگ گزیدہ کے لئے ایک ماشہ ہمراہ آرد گندم بریاں اور مار گزیدہ کے لئے ایک ماشہ ہمراہ گھی استعمال کرائیں۔ دن میں دو خوراک استعمال کرا سکتے ہیں۔

(369) اکسیر الصبیان دافع چھارو

منافع: بچوں کے مرض چھارو کے لئے نہایت اکسیر ہے۔ ان کے خرابی خون کے تمام امراض اور ضعف ہضم کو مفید ہے۔ اس سے بدن کے پھوڑے، فساد خون چھارو وغیرہ کے تمام عوارض کو یقیناً فائدہ ہوتا ہے۔ چھارو کا ایک مخفی نسخہ ہے۔

اجزاء: آملہ سار، الائچی خورد، گل سرخ ہر ایک ایک تولہ نیلہ تھوتھا ایک ماشہ۔

ترکیب ساخت: سب اشیاء کو الگ الگ باریک پیس کر خوب کھرل کریں۔ بس تیار ہے۔

طریق استعمال: ایک چاول سے چار چاول تک مطابق عمر مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

(370) اکسیر آتشک

منافع: ہمارے ہاں ایک سائیں صاحب نے یہ نسخہ تیار کر کے بہت شہرت حاصل کی۔ دو چار مریض اچھے ہوئے۔ بڑی جدوجہد کے ساتھ ان سے یہ نسخہ حاصل کیا۔ فی الواقعہ نہایت اکسیر چیز ہے جو اپنے مہانوں کی خدمت میں پیش کیا جاتا ہے۔ اس سے کئی مریض صحت یاب ہوئے۔ نسخہ نہایت آسان اور مجرب ہے۔

اجزاء و ترکیب ساخت: پارہ، رسکپور، دارچکنا ہر ایک تولہ تولہ، باریک کر کے ایک چینی کے پیالہ میں ڈال کر اس پر تیزاب گندھک دس تولہ ڈال کر کوئلوں کی آگ پر رکھیں۔ جب تیزاب خشک ہو جائے اتار کر دو تین دفعہ پانی میں دھو کر صاف کریں۔

طریق استعمال: دو چاول، حلوہ میں رکھ کر استعمال کرائیں۔ پہلے کوئی چیز کھلالیں۔ غذا دال مونگ، دال ماش مرغن یا چوری مرغن وغیرہ دوا صرف ایک وقت کافی ہے۔ ترش اور تیل والی اور بادی اشیاء سے پرہیز کرائیں۔

(371) ضماد چنبل

منافع: یہ ضماد چنبل کے دفعیہ کے لئے نہایت بے خطا ہے۔ اس کے تین دفعہ ضماد کرنے سے ہی چنبل کا نام و نشان تک نہیں رہتا۔ اور مرض دوبارہ عود نہیں کرتا۔

اجزاء و ترکیب ساخت: رسکپور، دارچکنا ہر ایک چار رتی کھرل میں ڈال کر ایک تولہ سرکہ سے کھرل کر کے ضماد تیار کریں۔

طریق استعمال: چنبل کے مقام پر ضماد کریں۔ ا منٹ کے بعد اتار کر روغن چنبیلی لگاتے رہیں۔ ہفتہ کے بعد پھر تیار کر کے لگائیں اور روغن چنبیلی لگاتے رہیں۔ اسی طرح تین دفعہ استعمال کریں۔ ہر دفعہ درمیان میں ایک ہفتہ وقفہ کریں اور تیل چنبیلی لگاتے رہیں۔ تاکہ زخم وغیرہ درست ہو جائیں۔

متفرقات

(372) ٹنکچر آیوڈین

منافع: ہمارے مطب میں ہمیشہ استعمال ہوتا ہے۔ ضربہ سقطہ یعنی چوٹ کی تکلیف درد و ورم کے لئے نہایت مفید ہے۔ یعنی چوٹ ہر قسم پر لگانے سے ورم کو زائل کر دیتا ہے اور دو تین دن تک درد کو آرام آ جاتا ہے۔

اجزاء: آیوڈم، پوٹاشیم آیوڈائیڈ ہر ایک پانچ ماشہ، سپرٹ میتھی لیٹڈ پانچ چھٹانک پانی ایک تولہ۔

ترکیب ساخت: سب کو ایک بوتل میں ملالیں۔ اور خوب ہلائیں۔ تاکہ آپس میں خوب مل جائیں۔

طریق استعمال: روئی کے ذریعہ درد اور ورم پر لگائیں۔

(373) حابس الدم

منافع: نفث الدم، بول الدم، خون بواسیری، نکسیر، قے الدم ہر قسم کے جریان خون کے لئے بے حد مفید ہے۔ خواہ جس اندرونی عضو سے خون جاری ہو۔ اس اکسیر کی چند خوراکوں سے آرام آجاتا ہے۔

اجزاء: دم الاخوین، کہربائے شمعی، دانہ الائچی خورد ٹینک ایسڈ، گیلک ایسڈ ہر ایک تین ماشہ۔

ترکیب ساخت: سب کو خوب کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

طریق استعمال: چھ رتی سفوف ایک تولہ شربت انجبار میں ملا کر صبح و شام استعمال کرائیں۔

(374) حابس خون ہر قسم

اجزاء و ترکیب استعمال: کتھ سفید باریک پیس کر ایک ایک ماشہ صبح و شام پانی سے پھنکادیں۔

(375) تریاق زہر سنکھیا

اجزاء و ترکیب استعمال: کتھ گلابی ایک ماشہ باریک پیس کر پانی میں گھول کر پلائیں۔ فی الفور آرام ہو جائے گا۔ مجرب ہے۔

(376) دوائے مار گزیدہ

اجزاء: سنکھیا سفید تین ماشہ، ریوند خطائی 6 ماشہ ہلیلہ سیاہ 4 ماشہ۔

ترکیب ساخت: سب اشیاء کو الگ الگ باریک کرلیں۔ پھر ملا کر خوب کھرل کریں۔ جب اچھی طرح یکذات ہو جائیں۔ شیشی میں محفوظ رکھیں۔

طریق استعمال: پہلے کوئی چیز کھلا کر اس کی ایک رتی مکھن میں رکھ کر استعمال کرائیں۔ بعد میں دودھ آدھ سیر گھی دو تولہ مصری تین تولہ ملا کر پلائیں۔

(377)شفاء الاطفال

منافع: بچوں کے ضعف ہضم قے، دست، ضعف معدہ، تپ، اپھارہ، کثرت ریاح، باؤ گولہ کی نایاب دوا ہے۔ اس کے استعمال سے بچہ کی صحت قائم رہتی ہے۔ اور وہ ہمیشہ خوش و خرم رہتا ہے۔

اجزاء: عرق سونف عرق سویا ہر ایک دس تولہ، سوڈا بائی کارب 6 ماشہ، مصری ڈیڑھ پاؤ، رنگ سرخ شربتی بقدر ضرورت۔

ترکیب ساخت: سوڈا اور عرقیات اور مصری کو قلعی شدہ دیگچہ میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور چمچہ سے ہلاتے رہیں۔ جب قوام شربت کا تیار ہو جائے تو رنگ سرخ کو قدرے پانی میں مل کر کے ملا دیں اور نیچے اتار کر سرد کر کے بوتل میں ڈالیں۔

طریق استعمال: تین ماہ کے بچہ کو نصف چمچہ خورد چھ ماہ کے لئے ایک چمچہ 9 ماہ کے لئے دو چمچہ۔ علیٰ ہذا القیاس بڑھاتے جائیں۔ دن میں دو بار پلائیں۔ اگر زیادہ تکلیف ہو تو دن میں تین بار استعمال کرائیں۔

(378)دوائے عقرب گزیدہ

منافع: بچھو کاٹے کا نہایت آسان دوا ہے۔ اکثر اس سے آناً فاناً آرام ہو جاتا ہے۔

اجزاء و ترکیب استعمال: چونہ آب نارسیدہ نوشادر تولہ، دونوں دوا علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر ہاتھ کی ہتھیلی پر رکھ کر پانی کے دس بارہ قطرے ڈال کر دونوں ہاتھوں سے خوب ملیں۔ اور فوراً عقرب گزیدہ شخص کو درد کی مخالف طرف ناک میں سونگھائیں۔ زور سے اوپر کو نسوار کی طرف کھینچے جب دوا کا اثر دماغ تک پہنچے گا تو درد کو آرام ہو جائے گا۔ اگر ایک دفعہ سونگھنے سے آرام نہ ہو تو دوبارہ سہ بارہ اسی دوائی کو ہاتھوں میں مذکورہ بالا طریقہ سے مل کر نسوار کی طرح سونگھیں۔ اسی طرح ایمونیا کارب والی شیشی کا کارک جدا کر کے سونگھانے سے آرام ہو جاتا ہے۔ فقط **وما توفیقی الا باللہ**

تمت

ضمیمہ

الف

سندات

مجربات سلطانی حصہ دوم کے متعلق جو تعریفی خطوط ہمیں موصول ہوئے ہیں ان سے چند ایک بطور نمونہ درج کئے جاتے ہیں۔ تمام تصدیقات یہاں درج کرنے کی گنجائش نہیں۔

جناب حکیم غلام محمد صاحب کامل طب و جراحت طبیب ڈسٹرکٹ بورڈ چک نمبر 328 گ ب براستہ

شور کوٹ ضلع لائل پور۔ مجربات سلطانی حصہ دوم چھ ماہ سے زیر مطالعہ رہتی ہے۔ آپ کے مجربات واقعی بے نظیر ہیں۔ خصوصاً دیہاتی پبلک کے لئے ایک نعمت ہیں۔ ایسے کم خرچ بالانشین نسخہ جات دیگر کتب میں بہت کم دستیاب ہوتے ہیں۔ آپ کا ہر ایک نسخہ آپ کی خلوص نیتی کا مظہر ہے۔ خدا آپ کو ایسے نیک کام کے صلہ میں اجر عظیم عطا کرے۔

جناب حاذق العصر حکیم محمد یحیٰ صاحب صدر دائرہ طبیہ راولپنڈی۔ مجربات سلطانی حصہ دوم کے مجربات سینہ کے مخفی راز ہیں میں آپ کی نیک نفسی کی داد دیتا ہوں اور ہر دو حصہ کی ترغیب دیتا ہوں کیونکہ مجربات سلطانی حصہ دوم بمصداق ع نقاش نقش ثانی بہتر کشد زاول مجربات سلطانی حصہ اول سے کہیں بڑھ کر مفید و قابل تحسین ہے۔ اور دونوں کتابیں ایک مخصوص امتیاز کی مالک ہیں جو کبھی کبھی لکھی اور چھاپی جاتی ہیں۔

حکیم اللہ دتہ صاحب سیال چاہ بلوچ والا موضع دھولکہ ڈاکخانہ کوٹ عیسیٰ شاہ ضلع جھنگ محترم حکیم صاحب اپنے مجربات سلطانی حصہ اول و دوم لکھ کر ہم لوگوں پر بڑا احسان کیا اور بخیلوں کو شرمایا ہے جو ایسے مجربات سینہ میں لے جاتے ہیں۔ خدا تعالیٰ آپ کو اجر بخشے۔

جناب حکیم گل حسین صاحب مقام چھوکر کلاں ضلع گجرات' مجربات سلطانی حصہ اول و دوم کے سالم نسخے تجربہ کئے مفید پائے آپ نے طبقہ اطباء پر احسان عظم کیا ہے۔ جس نے کتاب دیکھی تعریف کی۔

جناب حکیم محمد ابراہیم صاحب مقام فاضل والا ضلع جالندھر۔ مجربات سلطانی حصہ اول و دوم کے نسخہ جات کو حروف بحرف درست پایا اپنے طبی دنیا پر احسان عظیم فرمایا ہے۔ حصہ سوم مرتب ہونے پر بھیج دیں۔

جناب حکیم محمد انور صاحب اعجاز چشتی مدہ کھوکھر براستہ اٹاری۔ امرت سر۔ مجربات سلطانی حصہ اول و دوم واقعی ایک لاجواب کتاب اور تحفہ ہے۔ آپ نے بخل کو نزدیک نہیں آنے دیا جو نسخہ جات آزمائے کبھی خطا نہیں گئے۔

جناب حکیم محمد بخش حجرہ شاہ مقیم ضلع منٹگمری۔ مجربات سلطانی حصہ اول و دوم میں جس طرح آپنے گوہر نایاب درج کئے ہیں اسے کوئی شخص دل کھول کر درج نہیں کرتا۔ آپ نے خلق خدا پر احسان عظیم کیا ہے۔

جناب حکیم عبدالرحیم صاحب ادیب الحکما دہلوی حال شام چوراسی ڈاکخانہ ماکو ضلع جالندھر۔ مجربات سلطانی ہر دو حصہ قابل قدر ہے میں نے تقریباً سو 100 نسخے انسے آزمائے صحیح ثابت ہوئے آپ نے اطباء پر بڑا احسان کیا ہے خداوند کریم آپکو اس کے عوض جزائے خیر عطا کرے حصہ سوم بھیجدیں۔

جناب حکیم حاذق مولوی جان محمد صاحب سمہ مجربات سلطانی حصہ اول و دوم کے اکثر نسخے نہایت صحیح اور درست ثابت ہوئے جناب نے اپنے سینہ کے مخفی راز پبلک کے سامنے بلا بخل پیش کر دیئے ہیں حصہ سوم بھیج دیں

جناب مینجر صاحب دفتر طلسمی دنیا شام کورٹ نیو تحصیل چونیاں ضلع لاہور۔ مجربات سلطانی ہر دو حصہ قابل ستائش ہے شکریہ۔ اللہ تعالے اپ جسے بجل شکن خادم خلق ہستیوں کو تادیر زندہ و سلامت رکھے۔

جناب حکیم رحمت اللہ صاحب بھوٹہ دامن ڈاکخانہ احمد پور لمہ ریاست بہاولپور۔ مجربات سلطانی حصہ اول و دوم میں آپ نے جو جو نسخہ جات درج فرمائے ہیں بالکل بے بخل اور صحیح ہیں۔

جناب حکیم ڈاکٹر خدا بخش صاحب ایم . ایس . بی مستند دہلی چک نمبر 72 ضلع منٹگمری مجربات سلطانی حصہ اول و دوم کے نسخے ازمائے تیر بہدف ثابت ہوئے حصہ سوم بھیج دیں۔

جناب حکیم ڈاکٹر کریم بخش صاحب آڑہ اکبر شاہ ضلع مظفر گڑھ۔ مجربات سلطانی حصہ اول و دوم بیشک مستغنی عن الوصف اور نہایت بیش قیمت اور جلیل القدر مجربات کا مجموعہ ہے جن کو قابل مصنف نے کامل جانفشانی اور کاوش کے بعد نہایت فراخدلی اور ایثار سے کام لیتے ہوئے پبلک کے پیش کیا ہے۔ ایسے قیمتی جواہرات اور بے نظیر نسخہ جات چشم زمانہ نے بہت کم دیکھے ہیں۔ فاضل مصنف نے یہ گنج شائگاں کوڑیوں کے مول لٹا کر بخل اور اخفا کا قفل توڑ دیا ہے متلاشیاں مجربات کے واسطے یہ ایک قدرتی عطیہ اور آسمانی تحفہ ہے۔

ضمیمہ

ب

تجربات

مجربات سلطانی حصہ دوم اشاعت اول کے صفحہ 2 پر ضروری گذارش کے عنوان سے ناظرین کی خدمت میں استدعا کی گئی تھی۔ کہ آپ اس کتاب کے جن نسخہ جات کا تجربہ فرمائیں ان کی تصدیق و تکذیب کے متعلق اپنی آراء سے ہمیں آگاہ کرتے رہیں۔ تاکہ انہیں ضمیمہ کی صورت میں آئندہ اشاعت شائع کر دیا جائے اور مجربات سلطانی ہر سہ 3 حصہ کی صداقت اور خوبیوں ہر کہ ومہ کو صحیح طور پر علم ہو جائے اور یہ کتاب مسلمہ طبی فارماکوپیا تسلیم ہو جائے مگر نہایت افسوس۔ کہ سوائے چند حضرات کے کسی صاحب نے اس ضروری اور فنی فرض کی طرف توجہ نہیں فرمائی۔

اب ناظرین کرام کی خدمت میں مودبانہ التجا ہے کہ آئندہ وہ ہماری اس ضروری گذارش کو ہرگز ہرگز پس پشت ڈالیں۔ جن احباب نے تصدیقات بھیجی ہیں۔ ان کی تفصیل آگے ملاحظہ ہو۔ ایسے احباب کی فہرست بمعہ نام و پتہ وغیرہ حصہ اول میں درج ہے۔

ضمیمہ (ج) تصدیقات

امراض سر

نسوار درد شقیقہ نمبر23 (حکیم منظور حسن سندھ) پُربہ صحت نمبر18 (حکیم گل حسین شاہ) حکیم سندر داس) (حکیم محمد غوث) گرم دوا نمبر 67 حکیم گل حسین شاہ (حکیم محمد غوث) خمیرہ گاؤ زبان عنبری نمبر15 (حکیم سندر داس) دوائے درد سر نمبر16 (حکیم سندر داس) برائے عصابہ نمبر 19 (حکیم سندر داس) (حکیم محمد غوث) شربت گاؤ زبان نمبر58 حکیم رحمت اللہ بھٹی داہن اکسیر ... نمبر59 شروع مرض سے چار روز بعد حلوہ ... استعمال کرانے پر مفید ثابت ہوا۔

حکیم محمد غوث

کشتہ سم الفار نمبر64 رعشہ اور قوت باہ کے لئے بہت مفید ہے۔ (حکیم ملک محمد غوث) اکسیر مرگی نمبر66 مخفی نسخہ ہے (حکیم عبدالرشید) (حکیم محمد اسحاق)

اکسیر فالج ولقوہ نمبر68 فالج، لقوہ اور قوت باہ کے لئے مفید دوا ہے اور آسان ہے (حکیم ملک محمد غوث) چک نمبر56 (حکیم عبدالرشید)

امراض چشم

اکسیر قروح قرنیہ نمبر70 (حکیم مقبول الرحمن ...) سرمہ صوفیانہ نمبر78 (حکیم منظور احمد ...) (حکیم محمد اسحاق)

امراض بینی

اکسیر نکسیر نمبر84 (حکیم سندر داس) نسوار نکسیر نمبر85 (حکیم سندر داس) دوائے نکسیر نمبر89 (حکیم سندر داس) (حکیم محمد غوث)

امراض دندان و حلق

اکسیر درد ڈاڑھ نمبر91 (حکیم دسوندھا سنگھ) حکیم گل حسین شاہ) حکیم امیر چند ناٹک چند) منجن مانخورہ نمبر94 (حکیم محمد غوث) (حکیم محمد اسحاق)

اکسیر درد ڈاڑھ نمبر98 (حکیم عبدالرشید) حکیم منظور احمد) اکسیر خناق نمبر103 (حکیم مولوی علی لالہ موسیٰ (حکیم گل حسین شاہ) (حکیم سندر داس)

امراض سینہ و پھیپھڑے

لعوق دمہ و کھانسی نمبر18 موسمہ کے تین مریضوں پر آزمایا مفید پایا (حکیم راجہ جہانداد خان)

حکیم محمد غوث

معجون کھانسی و زکام نمبر122 حکیم منظور حسین سندھ) حکیم سندر داس ذات الجنب دمہ سرفہ میں مفید ہے لال شربت نمبر115 اپنے فوائد میں محبوب روزگار ہے (حکیم رحمت اللہ بھٹے داہن) سو فیصدی مفید ہے (حکیم برہان الدین حکیم علی احمد (حکیم مولوی محمد لطیف) سفوف اکسیر اوجاع حکیم گل حسین شاہ حکیم محمد غوث حکیم محمد اسحاق حکیم منظور احمد حکیم عبدالرشید اکسیر ڈبہ نمبر 148 (حکیم سندر داس) تریاق نزلہ و زکام نمبر 119 (حکیم رحمت اللہ) پلستر ذالت الجنب نمبر 14 حکیم محمد غوث حکیم منظور احمد) نسخہ عجیب نمبر 145 حکیم محمد غوث حکیم منظور احمد) جوہر اکسیر دمہ نمبر129 (حکیم مولوی محمد لطیف (حکیم برہان الدین)

امراض معدہ و امعاء مقعد

عرق ہاضم نمبر159 حکیم عبدالرشید حکیم محمد اسحق (حکیم محمد غوث) آب شفاء نمبر162 حکیم راجہ شاہ (ساٹھ مریضوں پر مفید ہو (حکیم گل حسین شاہ)

عرق سل نمبر164 (حکیم راجہ شاہ) گولیاں قبض کشاء نمبر169 حکیم محمد غوث حکیم منظور احمد موسم گرما کا مسہل حکیم محمد انور حکیم عبدالرشید اکسیر اسہل سبز اطفال مبر181 حکیم ہوئی سنگھ گھٹی اطفال نمبر187 (حکیم رام دہن حکیم محمد غوث اکسیر اسہال نسخہ نمبر182 حکیم سوندھا سنگھ حکیم منظور حسن سندھ) مرہم بواسیر نمبر188 حکیم (حکیم سندر داس) حکیم عبدالرشید اکسیر حابس خون نمبر 195 (حکیم سندر داس) حکیم عبدالرشید)

علاج ہیضہ نمبر200 بیس مریضوں پر مفید ثابت ہوا (حکیم گل حسین شاہ) علاج ہیضہ نمبر 200 بیس مریضوں پر مفید ثابت ہوا حکیم گل حسین شاہ سو فیصدی مفید ہے (حافظ نور الٰہی ہیڈ کلرک) سینکڑوں مریضوں پر کامیاب سو فیصدی حکیم مانک خان ہمہ صفت موصوف ہے حکیم محمد غوث

امراض قلب

اکسیر المسک نمبر201 میں فی خوراک ورق نقرہ کلاں ایک عدد ملا کر کیپسول میں ڈال کر دیتا ہوں سو فیصدی مفید اور بزدلوں کی جان ہے۔ آگ پر پانی ڈالنے والا ہے۔ حکیم امیر چند نانک چند کھنڈہ حکیم محمد غوث)

تریاق القلب نمبر204 حکیم منظور حسن سندھ دوا المسک نمبر204 آسان اور نہایت مفید (حکیم محمد غوث) (حکیم نانک چند) حکیم منظور احمد

امراض جگرو طحال

تریاق جگر و طحال نمبر209 (حکیم سندر داس) (حکیم محمد غوث حکیم منظور احمد)

شربت فولاد نمبر210 حکیم محمد انور) حکیم محمد غوث) (حکیم عبدالرشید

اکسیر طحال نمبر225 مفید ثابت ہوا حکیم امیر چند نانک چند

شربت مبرد جگر نمبر213 حکیم رحمت اللہ حکیم سندر داس

شربت فولاد نمبر214 اعلیٰ چیز ہے۔ حکیم رحمت اللہ (حکیم محمد غوث) (حکیم محمد اسحاق)

مقوی جگر و معدہ نمبر224 (حکیم محمد غوث) حکیم منظور احمد)

امراض گردہ و مثانہ

سفوف اکسیر ذیابیطس نمبر230 دو مریض شفایاب ہوئے (حکیم مولوی محمد لطیف) (حکیم محمد غوث)

گولیاں برائے ذیابیطس نمبر231 مفید ثابت ہوئیں حکیم مولوی محمد لطیف (حکیم منظور احمد)

اکسیر درد گردہ نمبر227 حکیم محمد غوث

سفوف سنگ گردہ و مثانہ نمبر228، حکیم محمد غوث (حکیم منظور احمد)

امراض مخصوصہ مردان

کشتہ شنگرف نمبر261 پانچ مرتبہ بنایا تیر بہدف ثابت ہوا (حکیم ڈاکٹر خدا بخش صاحب) حکیم محمد غوث (حکیم محمد اسحٰق)

گولیاں مقوی باہ و ممسک نمبر273 (حکیم ڈاکٹر [illegible]) حکیم منظور حسن سندھ

[illegible] مقوی باہ و ممسک و ملذذ نمبر278 اسہال میں [illegible] مفید ہے (حکیم منظور حسن سندھ)

[illegible] کھانسی میں جادو اثر ہے۔ حکیم ڈاکٹر خدا [illegible] حکیم فیض احمد، حکیم محمد غوث

گولیاں اکسیر باہ و امساک نمبر266 (حکیم ڈاکٹر [illegible]) (حکیم محمد غوث)

[illegible] شنگرف نمبر290 حکم ڈاکٹر خدا بخش

[illegible] نمبر256 قوت باہ اور امساک کے لئے [illegible] کامیاب ہے (حکیم برنجن سنگھ) (حکیم محمد [illegible])

[illegible] مقوی باہ نمبر289 تحریر سے دگنا سفید (حکیم [illegible]) حکیم ڈاکٹر خدا بخش)

[illegible] گولیاں نمبر302 (حکیم ڈاکٹر خدا بخش)

[illegible] مغلظ نمبر295 (حکیم محمد اسحٰق) (حکیم محمد [illegible])

گولیاں برائے جریان نمبر303 مجرب ہیں (حکیم [illegible]) (حکیم مقبول الرحمٰن)

[illegible] چاندی و فولاد نمبر304 مجرب ہے۔ (حکیم [illegible]، حکیم محمد اسحٰق)

امراض زناں

[illegible] پرسوت نمبر308 حکیم مولوی محمد لطیف [illegible] محمد غوث)

[illegible] سنگ جراح نمبر302 حکیم گل حسین شاہ) [illegible] رحمت اللہ)

[illegible] پرسوت نمبر307 عجیب تحفہ ہے (حکیم محمد [illegible]) اسحٰق)

[illegible] کثرت حیض نمبر319 (حکیم ڈاکٹر خدا بخش)

شربت مدر حیض مبر313 بہت مجرب حکیم رحمت اللہ

معجون اختناق الرحم نمبر310 (حکیم محمد غوث) (حکیم محمد اسحٰق)

سیلان الرحم حکیم منظور احمد، حکیم محمد اسحٰق، حکیم محمد غوث

حمیات

تریاق بخار نمبر327 حکیم و سوندھا سنگھ 3 روز میں بخار کافور ہوتا ہے۔ میں ہمراہ نسخہ نمبر330 استعمال کرتا ہوں (حکیم سندر داس)

سفوف تپ کہنہ نمبر332 گیارہ دفعہ آزمایا کامیابی حاصل ہوئی (حکیم ڈاکٹر خدا بخش) (حکیم گل حسین شاہ)

شربت تپ صفراوی مرکب نمبر335 (حکیم سندر داس)

شربت تپ بلغمی نمبر329 دفعہ آزمایا تیر بہدف ثابت ہوا (حکیم ڈاکٹر خدا بخش)

تریاق مبارکی نمبر338 جامع الاوصاف عجیب نسخہ ہے۔ (حکیم محمد غوث) حکیم مانک خان

امراض جلد و عام بدن

جوہر اکسیر آتشک نمبر348 (حکیم سوندا سنگھ، حکیم محمد غوث، سو فیصدی مفید ہے، حکیم محمد اسحٰق)

اکسیر مصفی خون نمبر239 (حکیم سوندھا سنگھ، حکیم محمد زمان)

علاج آتشک و جذام نمبر351 (حکیم راجہ شاہ، حکیم مولوی محمد لطیف)

کالی دوا نمبر364 تیس مریضوں پر تجربہ ہوا مفید ہے (حکیم گل حسین شاہ، حکیم محمد غوث، حکیم عبدالرشید)

روغن اکسیر خارش نمبر345 سو فیصدی سفید ہے (حکیم برہان الدین)

صندل پوڈر نمبر340 سو فیصدی سفید ہے (حافظ نور الٰہی بہاولپور، حکیم رحمت اللہ' خارش و ثبور اطفال کے لئے مجرب ہے' (حکیم محمد غوث

اکسیر سیلان دافع چھارو نمبر369 نہایت اکسیر ہے (حکیم محمد غوث)

اکسیر آتشک نمبر370 دو مریض شفایاب ہوئے (حکیم مولوی محمد لطیف) حکیم محمد غوث

روغن اکسیر داد نمبر344 مجرب و آزمودہ (حکیم محمد غوث) (حکیم محمد زمان)

اکسیر خارش تر نمبر354 مجرب ہے۔ حکیم محمد الحق، حکیم مانک خان

تریاق مارگزیدہ نمبر368 حکیم محمد غوث، حکیم منظور احمد

متفرقات

ٹنکچر آیوڈین نمبر372 حکیم گل حسین شاہ، حکیم سندر داد

شفاء اطفال نمبر377 حد سے زیادہ فائدہ مند ہے (حکیم رحمت اللہ، حکیم سندر داس)

حابس الدم نمبر374 حکیم محمد غوث

حابس خون ہر قسم نمبر374 (حکیم مانک خان)

تریاق زہر سنکھیا نمبر375 (حکیم محمد غوث)

طبیب اور غیر طبیب کے لئے

معمولات مطب سلیمی اور صدری اکسیری مخفی نسخہ جات و سچے مجربات کا نایاب مجموعہ

مجربات سلطانی

حصہ سوم

مصنفہ

زبدۃ الحکما حکیم مولوی محمد یار خان کھوکھر قریشی علوی نقشبندی

سند یافتہ مدرسہ طبیہ سلیمیہ لاہور مصنف کتب طبیہ متعددہ

شیخ محمد بشیر اینڈ سنز اردو بازار لاہور

فہرس

مجربات امراض معدہ و امعاء و مقعد

مجربات سلطانی (حصہ سوم)

مجربات امراض سر

(1) سر فراز

اسناد: مولانا حاذق العصر حکیم محمد یحییٰ خان صاحب شفاء (خانپوری) کا عطیہ ہے۔ موصوف اسے راس الاکسیر کہا کرتے ہیں اور فی الواقعہ بے حد مفید اور کامیاب نسخہ ہے۔ ہر ایک مطب میں تیار رہنا چاہئے۔

منافع: سر کی تمام بیماریوں کو نافع ہے۔ درد سر، صرع، فالج، استرخاء، لقوہ، تشنج اور نزلہ و زکام وغیرہ میں حسب بدرقات کے ساتھ بے حد مفید و مجرب ہے۔

نسخہ: بیش (میٹھا تیلیہ) قرنفل، (لونگ) زنجبیل، فلفل گرد، فلفل دراز ہر ایک 3 تولہ جائفل، شنگرف رومی ہر ایک تولہ تولہ۔

ترکیب: پہلے بیش کو باریک کر کے رکھ لیں پھر سونٹھ کو پیسیں اور باقی تمام اجزا ملا کر خوب کھرل کر کے ملا لیں۔

استعمال: وقت ضرورت ایک ماشہ تک پانی، دودھ، شوربہ، یخنی وغیرہ کے ہمراہ کھلائیں۔ دوران استعمال میں تیل، ترشی اور بادانگیز چیزوں سے پرہیز رکھیں۔

(2) دماغ افروز

منافع: نزلہ دائمی کے لئے مفید ہے۔ دماغ کو طاقت بخشتا ہے۔ عمدہ خوش ذائقہ لذیذ اور موثر دوا ہے۔ جس کو نزلہ دائمی کی شکایت رہتی ہو یا دماغ کمزور ہو وہ اس خاص الخاص نسخہ کو ضرور استعمال کریں ایک حاذق طبیب کا معمول مطب ہے اور ان کے مطب میں بہت فروخت ہوتا ہے، جو بڑی مشکل سے حاصل کیا گیا اور تجربہ کے بعد درج کر دیا جاتا ہے۔ نزلہ دماغی جو ضعف دماغ کی وجہ سے ہو اور ہمیشہ ستاتا ہو اور بار ضی نزلہ کے لئے بھی یہ استعمال ہوتا ہے۔

نسخہ: دار چینی، الائچی کلاں، چاول کشنیز، چاول سونف ہر ایک 5 تولہ، مغز بادام مغز پستہ، مغز تخم کدو، خشخاش ہر ایک پاؤ گھی گائے آدھ سیر کھانڈ 2 سیر۔

ترکیب: خشخاش کو کونڈہ ڈنڈا میں خوب باریک پیس لیں۔ باقی خشک دواؤں کو باریک کر کے اس میں ملا دیں۔ کھانڈ میں ایک سیر پانی ملا کر آگ پر رکھیں اور چمچہ سے ہلاتے رہیں جب کھانڈ خوب حل ہو جائے تو گھی ملا دیں اور بدستور ہلاتے رہیں جب قوام پک جائے۔ تمام خشک دواؤں کا سفوف ملا کر ہلاتے رہیں جب حلوہ کا قیام تیار ہو جائے نیچے اتار لیں۔

استعمال: 2 تولہ صبح 2 تولہ شام استعمال کریں۔

(3) چٹنی مقوی دماغ

منافع: حافظہ کو بڑھاتی اور نسیان کو دور کرتی ہے۔ اعلیٰ درجہ کی مقوی دماغ اور ضعف قلب کے لئے بے نظیر ہے۔ دوران سر کے لئے بھی بہت مفید ہے۔ یہ نسخہ ہمارا ذاتی مجرب اور آزمودہ ہے اور لطف یہ کہ نہایت آسان اور لذیذ ہے۔ اکیس روز استعمال کرنے سے مذکورہ بالا عوارض زائل ہو کر بہت جلد صحت حاصل ہوتی ہے اور اس کے استعمال کرنے سے تمام دن طبیعت خوش اور ہلکی رہتی ہے۔ ضعف بصارت کے لئے مفید ہے۔

نسخہ: مغز بادام مقشر 7 عدد' الائچی خورد 4 عدد' چھوہارا عمدہ ایک عدد' مصری' مسکہ گاؤ ہر ایک 5 تولہ۔

ترکیب و استعمال: مغز بادام اور چھوہارے رات کو ایک مٹی کے کورے برتن میں تھوڑا پانی ڈال کر بھگو رکھیں۔ صبح پانی ڈال کر بھگو رکھیں۔ صبح بادام کا چھلکا اتار لیں اور چھوہارا کی گٹھلی دور کر دیں اور الائچی کے دانے نکال کر ان کو خوب پیس لیں۔ پھر ان تینوں اشیاء میں مصری ملا کر خوب پیسیں آخر میں مکھن اور اکسیر خاص دو رتی ملا کر چاٹ لیں۔

نسخہ اکسیر خاص: طباشیر 2 ماشہ' مروارید ناسفتہ (موتی) ایک ماشہ ورق چاندی 25 عدد تینوں اشیاء کو پختہ کھرل میں متواتر چھ گھنٹہ تک کھرل کریں۔ بس تیار ہے۔ شیشی میں محفوظ رکھیں اور بقدر ضرورت ہر روز استعمال کیا کریں۔

ہدائت: دوران استعمال میں گرم ترش اور تیل دار اشیاء مثلاً اچار ہر قسم بینگن' دال' مسور' میٹھی' لال مرچ سے پرہیز ضروری ہے۔

(4) معجون مقوی دماغ اکسیری

منافع: نہایت درجہ مقوی دماغ ہے۔ اعضاء رئیسہ دل و دماغ و معدہ و جگر کی تقویت کے لئے اس سے بڑھ کر مفید اور کوئی نسخہ نہیں۔ بدن کو طاقت دیتی ہے۔ قوت باہ اور تفریح و نشاط پیدا کرتی ہے۔ اگر آپ کو ضعف اعضاء رئیسہ کے لئے کسی اعلیٰ دوا کی ضرورت ہو تو آپ اس معجون کو بنا کر استعمال کریں۔

نسخہ: زردی بیضہ مرغ 25 عدد' مغز بادام مقشر ایک پاؤ' روغن زرد' شکر سفید ہر ایک ایک سیر کھویا شیر آدھ سیر' مروارید ناسفتہ تین ماشہ' ورق نقرہ' طباشیر' الائچی خورد' زعفران ہر ایک 6 ماشہ' عنبر ہر ایک ایک ماشہ' ابریشم مقرض گل گاؤزبان ہر ایک 2 تولہ۔

ترکیب: مغز بادام کو پیس کر زردی بیضہ مرغ' روغن زرد' شکر سفید کے ہمراہ نرم آنچ پر پکا دیں تاکہ رطوبت خشک ہو جائے پھر کھویا شیر ملا کر دوبارہ پکائیں۔ جب اچھی طرح حل ہو جائے تو باقی دوائیں باریک شدہ ملا دیں (نوٹ) مروارید کو چھ ماشہ روح کیوڑہ ملا کر پختہ کھرل میں کھرل کریں۔ جب خشک ہو جائے باقی دوائیں الگ الگ باریک کر کے مروارید میں ملا کر کھرل کریں۔ ابریشم کو صاف کر کے قینچی سے باریک کتر لیں تب باقی دواؤں میں ملا کر اس حد تک کھرل کریں کہ یکجان ہو کر سفوف بن جائے۔

استعمال: ایک تولہ صبح ایک تولہ شام ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

(5) خمیرہ مقوی دماغ وغیرہ

منافع: مقوی دماغ، دافع نزلہ و زکام کہنہ اور دافع خشکی دماغ و دافع نسیان ہے۔ نیز ضعف باہ کے لئے مفید ہے۔ کئی دفعہ کا مجرب اور آزمودہ ہے۔

نسخہ: مغز بادام مقشر ڈیڑھ پاؤ، شقاقل، بہمن سرخ، ستاور ہر ایک 5 تولہ، دار چینی، صندل سفید، طباشیر ہر ایک 2 تولہ، زعفران عمدہ، ورق نقرہ ہر ایک 6 ماشہ، شہد 12 چھٹانک۔

ترکیب: حسب دستور خمیرہ تیار کریں۔

استعمال: ایک ایک تولہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔ دوران استعمال میں تیل، ترشی اور گرم و بادانگیز چیزوں سے پرہیز رکھیں۔

(6) روغن مقوی دماغ

منافع: اگر دماغ کمزور ہو دماغ میں خشکی ہو آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا جاتا ہو۔ ٹھیک نظر نہ آتا ہو تو اس روغن اور حریرہ سے (جو آگے لکھا جائے گا) تمام عوارض دور ہو جاتے ہیں۔ ایک ہفتہ کا استعمال کافی ہوتا ہے۔ کئی دفعہ کا مجرب اطمینانی علاج ہے۔

نسخہ: مغز کدو، مغز بادام، مغز پستہ، خشخاش سفید ہر ایک 2 تولہ، چینی (کھانڈ) 4 ماشہ۔

ترکیب: سوائے چینی کے باقی دوائیں سرمہ کی طرح باریک پیس کر چینی ملائیں اور تانبے کی تھالی میں ڈال کر آگ پر رکھ کر ہاتھ سے خوب دبائیں تیل نکل آئے گا پانی زیادہ نہ پڑ جائے صرف قطرہ قطرہ پانی ڈالنا چاہئے اور تھالی کے نیچے آگ انگاروں کی رکھنی چاہئے۔ جب تمام تیل نکل آئے شیشی میں حفاظت سے رکھیں۔

استعمال: ہر روز بقدر ضرورت سر پر مالش کریں۔

(7) حریرہ مقوی دماغ

منافع: تقویت حافظہ، نسیان، خشکی دماغ، ضعف دماغ کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔

نسخہ: نشاستہ، خشخاش ہر ایک تولہ، مغز پستہ 3 ماشہ، مغز بادام، مغز کدو، مغز خربوزہ، مغز نارجیل (گری کھوپا) ہر ایک 6 ماشہ، مصری روغن زرد ہر ایک 3 تولہ، شیر گاؤ ایک پاؤ۔

ترکیب: خشخاش کو کونڈہ ڈنڈہ میں تھوڑا سا پانی ملا کر خوب گھوٹ لیں اور کپڑے میں چھان کر اس کا دودھ نکال کر الگ رکھیں پھر باقی مغزیات کو باریک کر کے اس میں ملا لیں پھر شیر گاؤ اور نشاستہ اس میں گھول کر اور روغن زرد و مصری ملا کر نرم آنچ پر پندرہ بیس منٹ تک پکائیں۔ بس تیار ہے۔

استعمال: یہ حریرہ سوتے وقت رات کو استعمال کرنا چاہئے اور اس کے ساتھ روغن ضعف دماغ (جس کا نسخہ پہلے لکھا جا چکا ہے) ضرور استعمال کرنا چاہئے تاکہ مکمل فائدہ ہو جائے اسی مقدار کی دوائیں لے کر

روزانہ تازہ تیار کرکے استعمال کرنا چاہیے۔

(8) معجون مالیخولیا

استاد: حضرت استاذی مخدومی استاد جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کا معمول مطب ہے۔ آپ نے مجھے عنایت فرمایا تھا جو قابل قدر چیز ہے۔

منافع: مالیخولیا کے لئے خاص طور پر مفید ہے۔ معدہ اور دماغ کو طاقت دیتی ہے۔ مفرح قلب ہے۔

نسخہ: مربہ آملہ بنارسی 2 عدد، گل سرخ، کشنیز، گل گاؤزبان، صندل سفید بہ گلاب سودہ ہر ایک 7 ماشہ، زہر مہرہ بہ گلاب سودہ، طباشیر، بہمن سرخ، بہمن سفید، گل نسرین زرنباد، کباب چینی، ابریشم مقرض، درونج عقربی ہر ایک 4 ماشہ عود ہندی، سنبل الطیب، مصطگی رومی ہر ایک 2 ماشہ، مصری دوچند، شربت نارشیریں یک چند ادویہ۔

ترکیب: مصری کا عرق گلاب اور عرق کیوڑہ میں قوام تیار کریں اخیر قوام میں شربت ملائیں جب قوام درست ہو جائے۔ خشک دوائیں باریک پیس کر اور مربہ پیس کر ملا دیں اور چمچہ سے خوب ہلائیں تاکہ سب اشیاء یک ذات ہو کر معجون تیار ہو جائے مگر زیادہ دیر آگ پر نہ رکھیں۔

استعمال: تین ماشہ سے 9 ماشہ تک ہمراہ شربت مالیخولیا استعمال کریں۔ جس کا نسخہ ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔

(9) شربت مالیخولیا

استاد: حضرت استاذیم علامہ حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کا عطیہ ہے جو معجون مندرجہ بالا کے ہمراہ استعمال ہوتا ہے۔

منافع: مالیخولیا ضعف معدہ، ضعف دماغ کے لئے مفید ہے۔ مواد سوداوی کی اصلاح کرتا ہے۔

نسخہ: گاؤزبان 2 تولہ، گل گاؤزبان تولہ گل سرخ، گل نیلوفر، گل نسرین ہر ایک 1 تولہ، افتیمون، اسطوخودوس، تخم خیارین کوفتہ، تخم تربوز ہر ایک 5 ماشہ، بادرنجبویہ 10 ماشہ، ساذج ہندی، تخم فرنجمشک ہر ایک 2 ماشہ، بیخ کاسنی، بیخ بادیان، تخم خربوزہ ہر ایک 3 ماشہ، بادیان کوفتہ، خار خسک کوفتہ ہر ایک 9 ماشہ مصری تین پاؤ۔

ترکیب: تین تولہ سے پانچ تولہ تک پانی ملا کر استعمال کریں۔

(10) معجون مالیخولیا دیگر

استاد: یہ نسخہ علامہ زمان حضرت استاذیم جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کا عطیہ اور مجرب و معمول ہے۔

منافع: مالیخولیا کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔ تقویت قلب معدہ و دماغ کے لئے عمدہ چیز ہے۔ تفریح بخشتی ہے۔ مالیخولیا تمام اقسام کے لئے مخصوص چیز ہے۔ معمول مطب ہے۔

نسخہ: کشتہ صدف، کہربا شمعی، کشتہ مرجان، دار چینی، الائچی خورد، صندل سفید، صندل سرخ، مازو، طباشیر، درونج عقربی، عود صلیب، پوست بیخ انجبار، گل ارمنی، کباب چینی، مصطگی ہر ایک 2 ماشہ، ابریشم مقرض 9 ماشہ، عود خام، مغز تربوز، تخم خرفہ ہر ایک 5 ماشہ، عنبر اشہب 2 رتی، شیرہ مربہ آملہ، شیرہ مربہ ہی ہر ایک 4 تولہ، مغز بادام مقشر 20 عدد، شہد خالص مصری ہر ایک 5 تولہ شربت سیب 10 تولہ، حسب دستور معجون تیار کریں۔

استعمال: تین ماشہ ہمراہ عرق گاؤزبان 5 تولہ صبح و شام استعمال کریں۔

(11) سفوف مالیخولیا مراقی

اسناد: ہمارے فاضل دوست جناب حکیم مولوی شمس الدین صاحب ساکن چوکناں والی کا معمول مطب نسخہ ہے جو اپنے فوائد و منافع کے لحاظ سے نہایت قابل قدر ہے۔

منافع: مالیخولیا مراقی کے لئے مفید آزمودہ ہے۔

نسخہ و ترکیب: زراوند مدحرج، درونج عقربی، کچور، تخم فرنجمشک ہر ایک تولہ، اندر جو شیریں، بابرنگ، نمک سیاہ ہر ایک 9 ماشہ ہر ایک دوائی الگ الگ باریک کر کے کوٹ کر ملا لیں۔

استعمال: دو ماشہ کھا کر بعد میں عرق شیر 5 تولہ، شربت دینار 3 تولہ ملا کر پی لیں۔ اسی طرح صبح و شام استعمال کریں۔ عرق شیر کا نسخہ ذیل میں درج ہے۔

(12) عرق شیر برائے مالیخولیا مراقی

نسخہ و ترکیب: گلو خشک، تخم کاسنی ہر ایک 2 تولہ، گل بنفشہ، برگ بانسہ، گل سرخ، برادہ صندل سفید ہر ایک 3 تولہ، دانہ الائچی خورد، کافور ہر ایک 6 ماشہ، شیر بز، شیر گاؤ ہر ایک ڈیڑھ سیر حسب دستور عرق بقدر نصف بوتل کشید کریں۔

استعمال: طریق استعمال سفوف مالیخولیا کے ضمن میں درج ہو چکا ہے۔

(13) دوائے مالیخولیا و نسیان

منافع: مالیخولیا کے لئے مفید اور نسیان کو دور کرتی ہے۔ عمدہ مقوی دماغ اور تبخیر کے لئے مفید ہے۔ قبض کو دور کرتی ہے۔ بشرطیکہ قابض اشیاء سے پرہیز کر کے زیادہ عرصہ تک استعمال کی جائے۔ معدہ، امعاء کو طاقت دیتی ہے۔ عمدہ چیز ہے۔

نسخہ: مربہ ہلیلہ خستہ بر آوردہ، مغز بادام، گلقند ہر ایک ایک حصہ۔

ترکیب: مربہ آملہ کی گٹھلیاں دور کر کے پھر تینوں اشیاء کو تندہ ڈنڈہ میں باریک پیس کر ملا لیں اور کسی ڈبیہ میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: 3 تولہ صبح 2 تولہ شام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

(14) سفوف مالیخولیا و خاموشی

اسناد: استاد الاطباء محترم حکیم مولوی شمس الدین صاحب ساکن چوکناں والی ضلع گجرات کے بیاض کا مجرب ہے اور ہمارا آزمودہ۔

منافع: توحش قلبی دماغی و خاموشی و مالیخولیا و خوف و خفقان کے لئے نہایت عمدہ چیز ہے۔ اس سے کمزور شدہ اعضاء رئیسہ طاقتور ہو جاتے ہیں۔ تفریح پیدا ہوتی ہے۔ طبیعت میں طاقت و توانائی آجاتی ہے۔ گرمی دور ہوتی ہے۔ جامع الاوصاف اور مجرب دوا ہے۔

نسخہ: کشتہ سنگ یشب در گل سرخ بھاری تیار کردہ، کشتہ عقیق در نغدہ ر۔لٹھہ تیار کردہ کشتہ فولاد در افتیمون تیار کردہ طباشیر ہر ایک تین ماشہ ورق نقرہ کلاں نصف دفتری ورق طلا ایک دفتری، مروارید نا سفتہ 2 ماشہ، دانہ الائچی خورد 7 ماشہ۔

ترکیب: مروارید کو روح کیوڑہ چھ ماش میں خوب کھرل کر کے خشک کریں اور کھرل سے نکال لیں پھر طباشیر اور دانہ الائچی خورد کو پیسیں پھر مروارید کھرل شدہ و کشتہ جات ان میں ملا کر ورق ایک ایک کر کے ڈالتے اور کھرل کرتے جائیں جب تمام چیزیں خوب مل جائیں تو محفوظ رکھیں۔

استعمال: تین ماشہ ہمراہ شربت مالیخولیا، تین تولہ کہ جس میں دو چند یا سہ چند پانی ملایا گیا ہو۔ صبح و شام استعمال کریں۔ شربت کا نسخہ ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔

(15) شربت مالیخولیا

منافع: اس کے فوائد بھی وہی ہیں جو مندرجہ بالا سفوف کے ہیں اور اسی کے ساتھ استعمال کیا جاتا ہے۔ مالیخولیا کے تمام عوارض کے لئے عمدہ موثر اور جامع علاج ہے۔

نسخہ: ابریشم مقرض، بادر نجبویہ، گل سرخ، برادہ صندل سفید ہر ایک 3 تولہ، سفاجج گاؤزبان ہر ایک 2 تولہ، گل گاؤزبان، اسطوخودوس ہر ایک 2 تولہ، عرق گلاب، عرق بید مشک، مصری ہر ایک تین پاؤ، آب سیب، آب انار شیریں ہر ایک آدھ سیر۔

ترکیب: خشک دوائیں رات کو عرقیات میں تر کریں۔ صبح دو جوش دے کر مل چھان کر مصری اور آب انار اور آب سیب ملا کر شربت تیار کریں۔

استعمال: اوپر والے نسخہ نمبر 14 میں تحریر کیا گیا ہے۔ گرم، ترش اور تیل دار و قابض اشیاء سے پرہیز کریں۔

(16) جوارش مالیخولیا

منافع: یہ جوارش مالیخولیا، وسواس، وہم کے لئے مفید ہے۔ معدہ، دل، دماغ کو طاقت بخشتی ہے۔ نیز گرمی، دل کی دھڑکن کے لئے بہت نافع ہے۔ عمدہ ہاضم اور مفرح ہمہ صفت موصوف ہے۔

نسخہ: مربہ سیب، مربہ ہلیلہ، مربہ سفرجل (بہی) ہر ایک ایک پاؤ۔ عرق گلاب آدھ سیر، عرق گاؤزبان

مصری ہر ایک ایک سیر۔
ترکیب: مربہ جات کو پیس کر عرقیات کے ساتھ کونڈہ ڈنڈہ میں خوب گھول کر مصری ملا کر قوام تیار کریں۔ پھر مندرجہ ذیل ادویہ کا سفوف (جو پہلے تیار ہو) ملا کر جوارش تیار کر لیں۔
ادویہ یہ ہیں: طباشیر کبود' برادہ صندل سفید ہر ایک 9 ماشہ' تخم خرفہ تولہ' گل گاؤزبان اصلی' تخم ز بمنک' گل سیوتی' مرجان سرخ' کشنیز خشک ہر ایک 6 ماشہ الگ الگ باریک کوٹ کر ملا لیں۔
استعمال: 6 ماشہ سے 9 ماشہ تک ہمراہ عرق گاؤزبان 10 تولہ استعمال کریں۔
ہدایات: گرم' ترش اور تیل دار اور قابض غذاؤں سے پرہیز کریں۔

(17) معجون مراق

منافع: یہ معجون مالیخولیا مراقی کے لئے معمول مطب ہے۔ ریاح خوب خارج کرتی اور قبض کو دور کرتی ہے۔ نیز مفرح قلب ہے۔ وقت ضرورت آسانی سے تیار ہو سکتی ہے۔ عمدہ مقوی معدہ ہے۔ قوت ہضم کو بدرجتی ہے۔
نسخہ: مربہ ہلیلہ' گل قند ہر ایک 3 تولہ' گل بنفشہ' برگ سناء ہر ایک 9 ماشہ' فلفل سیاہ 2 ماشہ' مغز بادام 2 تولہ۔
ترکیب: مربہ ہلیلہ کی گٹھلیاں دور کر دیں۔ خشک دواؤں کو باریک پیسیں پھر سب اشیاء کو کونڈہ ڈنڈہ میں خوب پیس کر ملا لیں۔
استعمال: ایک تولہ سے 1. تولہ تک ہمراہ دودھ گاؤرات کو سوتے وقت استعمال کرائیں۔

(18) سرمہ درد سر

منافع: یہ سرمہ آنکھ میں لگانے سے درد سر کو پانچ منٹ میں آرام بخشتا ہے نہایت مستند ہے۔
نسخہ: گیرو 6 ماشہ' سونٹھ تین ماشہ۔
ترکیب: گیرو کو باریک پیسیں پھر سونٹھ باریک شدہ ملا کر خوب کھرل کر کے مربہ بنائیں۔
استعمال: جب درد سر ہو دونوں آنکھوں میں سلائی سے لگا لیں۔ آنکھوں سے پانی نکل کر درد فوراً کافور ہو گا۔

(19) درد سر کہنہ و شقیقہ

منافع: درد سر کہنہ و شقیقہ کے لئے مفید و مجرب ہے۔ اس سے اکثر دو تین دن میں آرام ہو جاتا ہے۔ نہایت مفید و موثر دوا ہے۔ کئی دفعہ اس کا تجربہ کرنے کا اتفاق ہوا ہے۔
نسخہ: پوست بندق ہندی (ر۔ٹھہ) تین عدد' پانی خالص 4 تولہ۔
ترکیب: چھلکار۔ٹھہ کو باریک کر کے پانی میں ایک گھنٹہ تک تر رکھیں۔ پھر آرام سے پانی نتھار کر شیشی میں ڈالیں۔

استعمال: اگر درد تمام سر میں ہو تو ڈراپر کے ذریعہ یا یونہی دونوں نتھنوں میں اگر ایک طرف ہو تو اسی طرف جس طرف درد ہو دس بارہ قطرہ مریض کو لٹا کر ڈالیں۔ بعد میں دس بارہ قطرہ روغن گل ڈالیں۔ اگر آرام نہ ہو تو تین گھنٹہ کے بعد پھر اسی طریق سے استعمال کریں۔ دوائی ڈال کر کوئی نسوار نزلہ استعمال کرنی چاہئے۔

(20) دوائے درد شقیقہ

منافع: درد شقیقہ کے لئے عمدہ موثر ٹوٹکا ہے۔ ایک دو دفعہ کے استعمال سے آرام ہو جاتا ہے۔
نسخہ: نمک لاہوری 2 ماشہ پانی خالص 2 تولہ۔
ترکیب: نمک کو کھرل میں پانی کے ساتھ تھوڑی دیر تک کھرل کریں۔ پھر کچھ دیر تک آرام سے رکھ دیں پھر پانی نتھار کر شیشی میں ڈالیں۔
استعمال: مریض کو لٹا کر دو قطرہ ناک میں ٹپکائیں۔ اگر ضرورت ہو تو تین گھنٹہ کے بعد پھر استعمال کریں۔

(21) دیگر خوردنی

منافع: اس کے استعمال سے فائدہ پہلے دن ہو جاتا ہے اور تین دن تک بالکل آرام ہو جاتا ہے۔
نسخہ: شیر گاؤ 15 تولہ، روغن گاؤ ایک تولہ، مصری 2 تولہ۔
ترکیب و استعمال: شیر گاؤ رات کو جوش دے کر احتیاط سے رکھ دیں۔ صبح اس میں روغن گاؤ اور مصری ملا کر دن چڑھنے سے پہلے استعمال کریں روزانہ اسی طرح استعمال کریں۔

(22) نسوار شقیقہ

منافع: درد شقیقہ کے لئے بے نظیر ہے اس سے فوری فائدہ ہوتا ہے اور ہمارے مطب میں ہمیشہ تیار رہتی ہے۔
نسخہ: نوشادر 6 ماشہ، کافور ایک ماشہ۔
ترکیب: دونوں ادویہ الگ الگ باریک پیس کر ملا کر خوب کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔
استعمال: ضرورت کے وقت ایک چٹکی بھر ناک میں بطور نسوار پھونکیں۔

(23) لخلخہ شقیقہ

منافع: یہ لخلخہ اگر درد کی نوبت سے پہلے استعمال کیا جائے تو درد نہیں ہوتا اگر ہو تو کم ہوتا ہے اس کو دو تین دن تک متواتر استعمال کرنا چاہئے اور ساتھ مناسب علاج جاری رکھنا چاہئے مجرب ہے۔
نسخہ: روغن کدو، روغن گل، روغن خشخاش، روغن بادام، سرکہ، کافور ہر ایک 2 ماشہ، افیون 7 رتی۔
ترکیب: افیون اور کافور کو باریک پیس لیں پھر سب کو ایک کھلے منہ والی شیشی میں ڈال کر شیشی کا منہ بند رکھیں۔

استعمال: درد شروع ہونے سے پہلے شیشی کا منہ کھول کر مریض کو سونگھائیں۔ تھوڑی دیر کے بعد تین دفعہ استعمال کریں۔

(24) ضماد زنجبیل

منافع: ہر قسم درد سر کے لئے مجرب اور آزمودہ ہے۔
نسخہ: کشنیز خشک 2 ماشہ' زنجبیل (سونٹھ)' پوست بیخ ارنڈ' بورہ صندل سفید ہر ایک 6 ماشہ۔
ترکیب: سب دوائیں باریک پیس کر بقدر ضرورت پانی ملا کر ضماد تیار کریں۔
استعمال: موسم گرما ہو تو یونہی ماتھے پر ضماد کریں اور سردیوں میں گرم کر کے لگائیں۔

(25) سفوف بادیان

منافع: جو درد سر قبض اور ضعف معدہ کی وجہ سے ہو اس کے لئے معمول ہے اور قبض کی عادت کے لئے عمدہ چیز ہے۔ تبخیر کو فائدہ کرتا ہے۔ معدہ کو طاقت دیتا ہے۔
نسخہ: بادیاں' برگ سناء' مصری ہر ایک ایک تولہ' زیرہ سفید 9 ماشہ' نمک لاہوری 3 ماشہ۔
ترکیب: تمام ادویہ باریک پیس کر ملا لیں۔
استعمال: 6 ماشہ ہمراہ گرم پانی استعمال کریں۔

(26) خمیرہ درد سر

منافع: جو درد سر ضعف معدہ اور تبخیر کے سبب سے ہو اس کے لئے مفید ہے۔ مندرجہ بالا سفوف کے ہمراہ ایک وقت اکثر یہ خمیرہ استعمال کرایا جاتا ہے۔ مجرب ہے۔
نسخہ: مربہ ہلیلہ' مربہ آملہ ہر دو پانچ عدد' مغز کشنیز دو تولہ' گل سرخ' بورہ صندل سفید' دانہ الائچی خورد ہر ایک ایک تولہ تولہ مصری دس تولہ۔
ترکیب: سب دوائیں الگ الگ باریک پیس کر حسب دستور خمیرہ تیار کریں۔
استعمال: 9 ماشہ سے ایک تولہ تک ہمراہ عرق سونف دس تولہ استعمال کریں۔

(27) دوائے درد سر

منافع: ہر قسم درد سر کو پانچ منٹ میں زائل کرتی ہے مگر جو درد قبض کی وجہ سے ہو اس کے لئے قبض کشائی کرنا ضروری ہے۔ علاوہ ازیں درد دانت' درد اعصاب وغیرہ تمام دردوں کے لئے مفید ہے۔ پسینہ لا کر تپ کو اتارتی ہے اور ہمارے مطب میں تیار رہتی ہے۔
نسخہ: فنسٹین' کے فین' انٹی فیرین' اسپیرین' سوڈا سلی سلاس ہر ایک ایک تولہ' ورق سونا 3 عدد' گیرو 3 ماشہ۔
ترکیب: گیرو کو باریک پیس لیں پھر سوائے ورق سونا کے تمام دواؤں کو ملا کر کھرل کریں اور ورق سونا

ایک ایک کر کے ملاتے جائیں۔ جب خوب مل جائیں تو شیشی میں رکھیں۔

استعمال: 4 رتی ہمراہ دودھ گرم استعمال کریں۔ اگر پوری طرح فائدہ نہ ہو تو پندرہ منٹ کے بعد دوسری خوراک دیں۔

(28) درد شقیقہ و درد سردائی

منافع: درد شقیقہ اور درد سردائی جو کسی دوا سے اچھا نہ ہو اس سے اکثر فائدہ ہو جاتا ہے آپ بھی اس کا تجربہ فرما کر اس کا اثر دیکھیں ہمارا آزمودہ ہے۔

نسخہ: انٹی پائرین، جوہر نوشادر ہر ایک 4 رتی، پلورہائی کو 8 رتی۔

ترکیب: یہ تمام ایک خوراک کا وزن ہے۔ وقت ضرورت جتنی خوراکیں ضرورت ہو تیار کر لیں۔

استعمال: ایک خوراک صبح ایک شام ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔ اور اس کے ساتھ نسوار کافور و نوشادر والی جس کا نسخہ پہلے لکھا گیا ہے استعمال کرائیں۔

(29) حب اکسیر لقوہ

منافع: بے نظیر نسخہ لقوہ کے لئے اکسیر الاثر ہے۔ اس کے سامنے تمام کشتہ جات منضج، مسہل، معجونیں وغیرہ اور ڈاکٹری علاج ہیچ ہیں۔ جہاں یہ تدابیر ناکام ثابت ہوں۔ اس نسخہ سے کامیابی حاصل کریں۔ اس سے کئی دیرینہ مریض شفایاب ہوئے ہیں۔ نیز فالج، وجع مفاصل و پرسوت کے لئے مفید ہے۔

نسخہ: میٹھا تیلیہ، جائفل، فلفل دراز، اجوائن، مرچ سیاہ، زنجبیل، جلوتری ہر ایک 2 ماشہ قند سیاہ کہنہ 2 تولہ 4 ماشہ۔

ترکیب: سوائے قند سیاہ کے باقی تمام دوائیں کوٹ چھان کر قند سیاہ ملا کر ہاون دستہ میں خوب کوٹیں ضرورت ہو تو تھوڑا پانی کا چھینٹا دے لیں۔ پھر چنے کے دانہ کے برابر گولیاں تیار کریں۔ اگر آب ادرک میں کھرل کر کے گولیاں تیار کی جائیں تو بہتر ہے۔ میٹھا تیلیہ مدبر کرنے کی ضرورت نہیں۔ پرسوت کے لئے عرق جوائن سات تولہ کے ہمراہ اور وجع مفاصل کے لئے دودھ گائے کے ساتھ کھلائیں۔

استعمال: دو دو گولیاں صبح و شام ہمراہ ماء العسل 2 تولہ، عرق خاص 2 تولہ استعمال کریں۔

ہدایات: غذا شوربہ کبوتر یا مرغ، یخنی گوشت، نخود آب دیں، تمام سرد اور باد انگیز چیزوں سے پرہیز رہے۔

نسخہ عرق خاص: گاؤزبان، سونف، منقہ ہر ایک ایک پاؤ حسب دستور دو بوتل عرق کشید کریں۔

(30) معجون اکسیر فالج

اسناد: ہمارے محترم طبیب فاضل جناب حکیم مولوی شمس الدین صاحب ساکن چوکنانوالی ضلع گجرات کا معمول خاص ہے۔ آپ نے ازراہ شفقت یہ نسخہ اور کئی عمدہ عمدہ مجرب نسخہ جات ہمیں عطا فرمائے۔

منافع: فالج کے لئے خاص چیز ہے، لقوہ، استرخا، تشنج، کزاز، خدر، درد و ضعف اعصاب وغیرہ کے لئے

نہایت مفید ہے۔

نسخہ: عقرقرحہ، قسط شیریں، شیطرج ہندی (چترہ) جندبید ستر، فلفل دراز، جلوتری، جائفل، الائچی خورد، مغز بھلاوہ، ست لوبان، مومیائی، مغز تخم کونچ، تمال پتر، بوزیدان، زرنب عود سعد کوفی ہر ایک 9 ماشہ لونگ 1 تولہ، جنطیانہ ایک تولہ، گل دار چینی، تخم سداب، میٹھا تیلیہ مدبر، شنگرف، زعفران، کشتہ فولاد ہر ایک چھ ماشہ، ورق سونا، مشک خالص، عنبر اشہب ہر ایک تین ماشہ پوست خرما 4 تولہ، شہد خالص 22 تولہ، مصری 45 تولہ، آب برگ پان تین تولہ، آب ادرک 4 تولہ۔

ترکیب: تمام خشک دوائیں باریک پیس رکھیں۔ آب برگ پان، آب ادرک اور آب خالص بقدر ضرورت مصری میں ملا کر قوام تیار کریں۔ آخر قوام میں شہد ملا کر باقی دوائیں ملالیں اور چمچہ سے خوب آمیز کریں پھر کسی روغنی یا چینی کے برتن میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: دو دو ماشہ صبح و شام ہمراہ عرق سونف 10 تولہ استعمال کریں۔

(31) کشتہ سم الفار برائے رعشہ و فالج وغیرہ

منافع: یہ بے نظیر نسخہ ایک سنیاسی سے حاصل ہوا رعشہ کے لئے خاص طور پر مفید ہے اور فالج، لقوہ، استرخاء، تشنج، کزاز، خدر، درد ریح اور ہر قسم کی دردوں کے لئے عمدہ چیز ہے۔ چند منٹوں میں آسانی سے تیار ہو سکتا ہے۔ خاص الخاص مخفی کشتہ ہے۔

نسخہ: سم الفار سفید، پھٹکڑی، نوشادر ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب: تینوں اشیاء پیس لیں مگر زیادہ باریک نہ پیسیں پھر ایک چھوٹے سے کوزہ گلی (کجہ) میں ڈال دیں اور ایک ٹین کا باریک پترہ لے کر کوزہ گلی کے منہ کے برابر کتر لیں جو کہ ٹھیک طور پر کوزہ کے منہ پر آ جائے اور پترہ مذکور کے درمیان ایک سوراخ کر لیں اور پترہ کو کوزہ گلی کے منہ پر رکھ کر اس کے اردگرد چکنی مٹی خوب لگا دیں پھر اس کو سلگتے ہوئے کوئلوں پر رکھ دیں۔ آگ متوسط ہو۔ جب سوراخ سے دھواں نکلنے لگے تو اس میں ایک آہنی سیخ ہلانی شروع کر دیں۔ جب دھواں سفید نکلنا شروع ہو تو کوزہ کو اتار لیں جب سرد ہو جائے سب دوا پیس کر شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: ایک چاول بھر مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کریں۔

(32) روغن برق

اسناد: طبیب فاضل جناب حکیم مفتی فہیم اللہ خان صاحب خلف الرشید جناب استاد گرامی استاذ الاطبا حضرت حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کا خاص معمول مطب ہے۔

منافع: فالج، لقوہ، تشنج، رعشہ، استرخاء، کزاز، خدر، درد ریاحی و اعصابی اور امراض اعصابی کے لئے مجرب و زود اثر ہے۔ ہر قسم کی دردوں اور عضو مخصوص کی کمزوری کو زائل کرتا ہے اور ہمارا آزمودہ ہے۔

نسخہ: انیسون، سنبل الطیب، قسط تلخ شیریں ہر ایک 9 ماشہ، پوست بیخ کبر، زیرہ کرمانی، فلفل سیاہ، عقر

تخم ترہ تیزک، تخم سداب، سورنجان تلخ، دارچینی ہر ایک 6 ماشہ، پوست بیخ کرفس
قرحہ، فرفیون، گل کیسو، اکلیل الملک عنب الثعلب ہر ایک ایک تولہ روغن کنجد 40 تولہ۔
کیلہ، عشبہ، بابونہ، ڈیڑھ سیر پانی میں بھگو رکھیں پھر جوش دیں۔
ترکیب: تمام خشک دواؤں کو جوکوب کر کے 24 گھنٹہ تک ڈیڑھ سیر پانی میں بھگو رکھیں پھر جوش دیں
جب تیسرا حصہ رہ جائے تو مل چھان کر ایک لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر روغن کنجد ڈال دیں اور آگ پر
چڑھائیں جب تمام پانی جل کر صرف روغن رہ جائے تو شیشی میں محفوظ رکھیں۔
استعمال: وقت ضرورت گرم کر کے آہستگی سے مالش کیا کریں۔

(33) معجون رعشہ وفالج

اسناد: یہ بے مثل نسخہ برادرم حکیم سید رحمت اللہ شاہ صاحب نے عطا فرمایا ہے ان کو حکیم مفتی نعیم اللہ خاں صاحب خلف الصدق عالی جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خاں صاحب سے ملا۔
منافع: رعشہ، فالج، لقوہ، تشنج، کزاز، استرخا، خدر وغیرہ تمام عصبی امراض کے لئے نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔ اعصاب کو طاقتور کرتا ہے۔ میرا اور کئی ہم درس احباب کا معمول ہے۔ تنقیہ کے بعد اس سے خوب فائدہ ہوتا ہے۔
نسخہ: عقر قرحہ، فلفل سفید، دارچینی، زنجبیل ہر ایک 2 ماشہ، مصطگی، عود ہندی، عود صلیب، الائچی خورد، الائچی کلاں، جدوار ہر ایک 6 ماشہ، جلوتری، جائفل زعفران، مشک اصلی ہر ایک ایک ماشہ، قرنفل، زنجبیل ترکی ہر ایک تین ماشہ، سعد کوفی کندر، اسارون ہر ایک 4 ماشہ، اسطوخودوس، مغز چلغوزہ، مغز پستہ ہر ایک 9 ماشہ، مویز منقہ 5 تولہ، شہد خالص 15 تولہ، روغن بادام 12 تولہ، اسٹرکنیا 3 رتی، ورق طلا کلاں 20 عدد
حسب دستور معجون تیار کریں۔
استعمال: 4 ماشہ صبح 4 ماشہ ہمراہ دودھ گائے استعمال کریں۔

(34) دوائے رعشہ مجرب

اسناد: یہ نسخہ میرے محترم ومکرم دوست جناب حکیم مولوی شمس الدین صاحب ساکن چوکناں والی ضلع گجرات کا آزمودہ ہے۔ انہوں نے ازراہ شفقت عنائت فرمایا۔
منافع: رعشہ کے لئے مجرب اور عمدہ چیز ہے۔
نسخہ: شیر گاؤ، مصری ہر ایک ایک سیر، آب کنوار گندل (گھیکوار) آدھ سیر، روغن زرد ایک پاؤ، دارچینی 1 تولہ۔
ترکیب: اول کنوار گندل (گھیکوار) کا پانی چاقو سے چھیلنے لگا کر بنا لیں پھر شیر گاؤ میں ملا دیں اور آگ پر رکھ کر کھوا بنا دیں اور کھوا کو روغن زرد ملا کر بھون لیں جب سرخ ہو جائے مصری کی چاشنی (جو پہلے تیار ہو) میں ڈال دیں۔ پھر نیچے اتار کر دار چینی کا سفوف ملا دیں۔ بس تیار ہے۔
استعمال: ایک تولہ سے تین تولہ تک صبح وشام کھلائیں۔

(35) صلابیہ سم الفار

منافع: رعشہ کا مجرب نسخہ ہے۔ نیز مقوی باہ وہاضم طعام ہے۔ امراض معدہ اور ریاح کے لئے مفید ہے۔

نسخہ: سم الفار سفید ایک تولہ، نمک شیشہ 8 تولہ۔

ترکیب: الگ الگ باریک کر کے ملالیں اور آٹھ پہر تک کھرل کرتے رہیں۔ تیار ہے۔

استعمال: صبح 2 چاول، پتاشہ میں رکھ کر کھالیں اور اوپر بکری کا دودھ آدھ سیر پی لیں۔ مگر پہلے کوئی چیز کھا لینی چاہئے۔

(36) اکسیر رعشہ ولقوہ

منافع: رعشہ، لقوہ، استرخا، وجع مفاصل، عرق النساء، نقرس، درد ریاحی بلغمی کے لئے مجرب ہے اور آسان خصوصاً بلغمی مزاج کے لئے ازحد مفید ہے۔

نسخہ: میٹھا تیلیہ مدبر در شیر ایک تولہ، مرچ سیاہ، عقر قرحہ، لونگ، گوگل، سونٹھ، اسگند ناگوری، فلفل دراز ہر ایک 2 تولہ، جند بید ستر 6 ماشہ، روغن گاؤ 5 تولہ، شہد تین پاؤ۔

ترکیب: خشک دوائیں باریک کر کے روغن گاؤ میں چرب کر کے شہد میں ملالیں۔

استعمال: 2 ماشہ صبح 2 ماشہ شام ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

(37) حب لقوہ وفالج

اسناد: عالی جناب طبیب فاضل حکیم مفتی مقیم اللہ خان صاحب خلف الصدق جناب لقمان زمان حضرت استاذیم حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کا مجرب ہے انہوں نے مجربات سلطانی حصہ سوم کے لئے دیا ہے۔

منافع: لقوہ، فالج کے لئے مفید ہے۔ نیز درد معدہ، یورک ایسڈ کو نفع بخشتا ہے۔

نسخہ: مصبر 2 ماشہ، رائی، مرچ سیاہ، پوست ریٹھہ، زنجبیل ہر ایک ایک ماشہ۔

ترکیب: سب کو باریک پیس کرپانی کی مدد سے حبوب بقدر نخود بنائیں۔

استعمال: ایک ایک گولی صبح وشام ہمراہ عرق سونف یا پانی استعمال کریں۔

(38) معجون لقوہ مجرب

اسناد: حضرت استاذ علامہ جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کا نسخہ ہے۔

منافع: لقوہ اور فالج کے لئے معمول ہے۔

نسخہ: ملٹھی، فلفل دراز، چترہ ہر ایک تین ماشہ، نمک لاہوری، جوائن دیسی، مرچ سیاہ، ترنجبین، پودینہ ہر ایک 6 ماشہ، گل سرخ مصفا ایک تولہ، شہد 12 تولہ۔

ترکیب: خشک ادویہ کوٹ چھان کر شہد میں ملالیں۔

استعمال: 6 ماشہ صبح 6 ماشہ شام ہمراہ عرق سونف استعمال کریں۔

(39) روغن فالج و جھولہ

اسناد: یہ بھی حضرت استاذ گرامی کا معمول مطب ہے۔
منافع: فالج، لقوہ، استرخا، وجع مفاصل (جھولہ) کے لئے نہایت مفید اور عضو مخصوص کے نقائص کو نفع بخشا ہے۔
نسخہ: ہڑتال ورقی، مال کنگنی بھلاوہ، تخم دھتورہ، کچلہ ہر ایک 5 تولہ۔
ترکیب: سب دوائیں الگ الگ باریک پیس کر چوبیس گھنٹہ تک بھیڑی کے دودھ میں تر کریں پھر موٹی موٹی ولیاں بنا کر خشک کر لیں اور آتشی شیشی میں روغن کشید کریں اور چینی کے برتن میں رکھیں۔
استعمال: یہ روغن دو ماشہ لے کر اس میں روغن کنجد ڈیڑھ تولہ ملا کر گرم کر کے مالش کریں۔

(40) روغن خدر

اسناد: مطب سلیمی میں استعمال ہوتا رہا ہے۔
منافع: خدر یعنی کسی عضو کے سن ہو جانے کے لئے نہایت آسان روغن اور ہمارا آزمودہ ہے۔
نسخہ: جائفل، جلوتری، زعفران اصلی ہر ایک تین ماشہ، روغن کنجد تین تولہ۔
ترکیب: خشک دوائیں الگ الگ خوب باریک پیس کر روغن میں ملا لیں تیار ہے۔
استعمال: وقت حاجت گرم کر کے مالش کریں۔

(41) روغن عصب

اسناد: حضرت استاذ علامہ جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کے معمولات سے ہے۔
منافع: پٹھوں کی تمام امراض مثلاً فالج، تشنج، وجع مفاصل، درد ریح کے لئے مخصوص ہے۔
نسخہ: سورنجاں ایک تولہ، بابونہ تین تولہ، جلوتری، فلفل دراز ہر ایک 6 ماشہ، روغن کنجد 8 تولہ۔
ترکیب: خشک دوائیں باریک پیس کر روغن کنجد میں ملا لیں۔
استعمال: وقت ضرورت گرم کر کے دو وقت مالش کیا کریں۔

(42) نسوار اکسیر مرگی

منافع: مرگی کا منتخب اطمینانی نسخہ ہے اور نہایت سریع التاثیر ایک دوست نے عطا فرمایا۔
نسخہ: رتکاں سفید ایک تولہ، آب برگ عشق پیچہ بقدر ضرورت۔
ترکیب: برگ عشق پیچہ کو کوٹ کر اس کا پانی نچوڑ لیں۔ رتکاں سفید باریک پیس کر اس پانی میں رات کو بھگو دیں۔ پانی عشق پیچہ اس قدر ہو کہ سفوف رتکاں خوب تر ہو جائے۔ صبح کھرل کریں حتیٰ کہ خشک ہو کر باریک سفوف تیار ہو جائے۔ جب خشک ہو جائے تو شیشی میں محفوظ رکھیں۔
استعمال: جس وقت مرگی کا دورہ ہو بذریعہ پھکنا ناک میں پھونک دیں۔

(43) دیگر

منافع: سخت سے سخت مرگی کو زائل کرتی ہے اس سے کیڑا مر کر نکل جاتا ہے۔ کئی دفعہ کی مجرب ہے۔
نسخہ: آک کی جڑ کا چھلکا ارنڈ کی جڑ کا چھلکا' آملہ سار ہر ایک 4 ماشہ۔
ترکیب: سب کو باریک پیس کر ایک کوزہ گلی میں ڈال کر اس کا منہ خوب بند کر دیں اور اس چولھے کی نیچے دفن کریں جس میں دن رات آگ جلتی رہتی ہو تین دن کے بعد نکال لیں دوائی جل کر راکھ ہو گئی ہو گی۔ پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔
استعمال: جب مرگی کا دورہ ہو تو ایک رتی کی مقدار لے کر ناک میں پھونکیں۔

(42) دیگر

منافع: یہ نسوار دورہ کے وقت استعمال کی جاتی ہے اور دورہ فوراً رک جاتا ہے۔ ایک ماہ تک متواتر استعمال کرائی جائے تو بالکل آرام ہو جاتا ہے۔
نسخہ: کافور ایک ماشہ' تخم سرس 6 ماشہ' نوشادر 5 ماشہ' اسطوخودوس 3 ماشہ' مرچ سفید 2 ماشہ' طوطا دار (ڈڈاک خشک شدہ) ایک عدد' سب دوائیں باریک پیس کر نسوار بنالیں۔
استعمال: جب دورہ پڑ جائے نسوار دیں اور دورہ موقوف ہونے کے بعد متواتر ایک ماہ تک استعمال کرائیں۔ یعنی ہر روز بطور نسوار استعمال کریں۔

(45) معجون برائے مرگی

اسناد: حضرت استاذیم علامہ جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کے معمولات سے ہے۔
نسخہ: اسطوخودوس ایک تولہ' سفائج' عقرقرحہ' افتیمون ولائتی ہر ایک 2 تولہ' شہد 4 تولہ۔
ترکیب: خشک دوائیں الگ الگ کوٹ کر شہد میں ملا لیں۔
استعمال: 6 ماشہ صبح 6 ماشہ شام' ہمراہ دودھ استعمال کیا کریں۔

(46) مطبوخ برائے مرگی

منافع: مرگی کے لئے مجرب المجرب نسخہ ہے۔ زیادہ عرصہ تک استعمال کرنا ضروری ہے۔
نسخہ: بادر نجبویہ' برنجاسف ہر ایک 4 ماشہ' اسطوخودوس' اصل السوس کوفتہ ہر ایک 6 ماشہ' انیسون کوفتہ تین ماشہ' شہد تین تولہ۔
ترکیب و استعمال: سب ادویہ آدھ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب تہائی رہ جائے مل چھان کر شہد ملا کر پلا دیں۔ یہ تمام ایک خوراک ہے۔

(47) ام الصبیان (بوجھ شکم)

منافع: ام الصبیان کے لئے نہایت مفید ہے۔ بچہ کے بوجھ شکم' پیٹ کی تمام بیماریوں کو زائل کرتا ہے۔

خون صاف کر کے بد ہضمی کو دور کرتا ہے۔ اسہال لاتا ہے۔ مجرب ہے۔

نسخہ: بیخ حنظل (جڑ تمہ) 5 تولہ، عرق گلاب ایک پاؤ، نوشادر 6 ماشہ۔

ترکیب: تمہ کی جڑ کے باریک باریک ٹکڑے کرلیں اور عرق گلاب میں 24 گھنٹہ تک بھگو رکھیں۔ پھر جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے مل چھان کر نوشادر باریک کر کے ملا دیں اور دوبارہ آگ پر رکھیں۔ جب سب پانی جل جائے اور صرف نوشادر لعاب دار رہ جائے اتار کر سرد کر کے پیس لیں۔ دوائی دیگچی قلعی شدہ میں تیار کرنی چاہئے۔

استعمال: صبح و شام ایک رتی سے دو رتی تک دو تین قطرہ شہد میں ملا کر چٹائیں۔

(48) معجون نسیان

منافع: نسیان کے لئے مجرب ہے۔ کچھ عرصہ کے استعمال سے یہ عارضہ دور ہو جاتا ہے۔

نسخہ: کندر، زنجبیل (سونٹھ) جدوار اصلی ہر ایک ایک تولہ، شہد 4 تولہ۔

ترکیب: خشک دوائیں الگ الگ باریک پیس کر شہد میں ملا لیں۔

استعمال: تین تین ماشہ صبح، دوپہر، شام کھلائیں۔

نوٹ: معجون بلادر ایک ماشہ صبح و شام کھلانا مفید ہے۔

(49) روغن منوم

منافع: جب کسی وجہ سے نیند ٹھیک نہ آتی ہو۔ اس روغن کے استعمال سے بخوبی آتی ہے۔

نسخہ: کوکنار ایک تولہ، روغن خشخاش 10 تولہ، آب خالص آدھ سیر۔

ترکیب: کوکنار کوٹ کر پانی میں جوش دیں۔ جب دس تولہ رہ جائے تو روغن خشخاش ملا کر دوبارہ آگ پر پکائیں۔ جب پانی جل کر صرف تیل رہ جائے محفوظ رکھیں۔

استعمال: دونوں کانوں میں پانچ پانچ قطرہ صبح و شام ڈالیں۔

(50) سفوف نزلہ دائمی

منافع: جن لوگوں کو نزلہ ہمیشہ دامن گیر رہتا ہو ان کے لئے بہت مفید پایا گیا ہے۔ اس سے معدہ اور دماغ طاقتور ہو کر دائمی نزلہ کی شکایت رفع ہو جاتی ہے۔ مجرب ہے۔ زیادہ عرصہ استعمال کرنا چاہئے تاکہ مزاج کی اصلاح ہو کر شکایت دور ہو جائے۔

نسخہ: تخم کاہو، کشنیز خشک، خشخاش ہر ایک 5 تولہ، ملٹھی، دارچینی، سونف ہر ایک 2 تولہ، کھانڈ سفید 10 تولہ، سب اشیاء الگ الگ پیس کر ملا لیں۔

استعمال: 6 ماشہ صبح 6 ماشہ شام ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔

نوٹ: افیون، برگ برگد بقدر دانہ مونگ صبح و شام ہمراہ پانی کھلانا مجرب ہے۔ اگر قبض ہو تو اطریفل زمانی 6 ماشہ یا ایک تولہ رات کو سوتے وقت ہمراہ دودھ گرم کھائیں۔

(51) حب نزلہ کہنہ

منافع: نزلہ کہنہ کو زائل کرتی ہیں اور نزلہ تازہ کے لئے بھی مفید ہیں۔ دماغ کو طاقت دیتی ہی۔

نسخہ: پوست ہلیلہ زرد، پوست بلیلہ، ہلیلہ سیاہ، آملہ، فلفل سیاہ، فلفل سفید اجوائن خراسانی ہر ایک ایک تولہ شہد بقدر ضرورت۔

ترکیب: سب کو الگ الگ باریک پیس کر اور شہد ملا کر حبوب بقدر کو کن بیر تیار کریں۔

استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام کھانا کھانے کے بعد ہمراہ پانی نگلوائیں۔ نزلہ کہنہ میں صحت کے بعد ہر ماہ میں ایک ہفتہ استعمال کیا کریں۔ کچھ عرصہ تک یہ دستور جاری رکھنا چاہیے تاکہ نزلہ کی بیخ کنی ہو جائے۔

ہدایات: ترش، گرم بادانگیز اور تیل والی اشیاء سے پرہیز ضروری ہے۔

(52) حب زکام و نزلہ

اسناد: حضرت استاذ صاحب قبلہ جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کی مجرب ہیں۔ یہ نسخہ انہوں نے ازراہ شفقت عطا فرمایا۔

منافع: نزلہ، زکام کہنہ اور تازہ ہر قسم کے لئے حاوی ہیں۔ نیز امساک پیدا کرتی ہیں۔

نسخہ: فلفل سفید ایک ماشہ دارچینی، فلفل دراز ہر ایک 2 ماشہ، قرنفل 3 ماشہ، جدوار جائفل، زعفران، کباب، مصطگی، ثعلب مصری ہر ایک 5 ماشہ، افیون ایک تولہ۔

ترکیب: یہ سب ادویہ الگ الگ خوب باریک کر کے ملا کر کھرل کریں اور صمغ عربی کے لعاب سے گولیاں بقدر نخود تیار کریں۔

استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ گرم استعمال کریں۔

(53) تریاق نزلہ و زکام

منافع: نزلہ و زکام کے لئے بہترین چیز ہے۔ انفلوائنزا، کھانسی، درد گلو کو فوری فائدہ بخشتی ہیں۔

نسخہ: کونین ہیڈرو برومائیڈ 24 گرین، انٹی فیبرین 12 گرین، کافور 6 گرین، ایکسٹریکٹ یوکلپٹس 3 گرین، ایکسٹریکٹ کیکارا بارہ گرین، پلواپیاک سمپل 4 گرین۔

ترکیب: سب دوائیں خوب ملا کر اس کی 12 گولیاں تیار کریں۔

استعمال: ہر چار گھنٹہ کے بعد ایک گولی ہمراہ شربت بنفشہ تین تولہ استعمال کریں۔

(54) نسوار زکام

منافع: زکام کو بہت جلد فائدہ دیتی ہے اور نزلہ کو بھی چند دنوں میں نابود کر دیتی ہے۔ اس سے بگڑا ہوا زکام چند دنوں میں دور ہو جاتا ہے۔ نہایت موثر اور آزمودہ ہے۔ ہر مطب کے لئے ضروری ہے۔

نسخہ: گل کنیر سفید، کچور، کشمیری پتر، سنبل الطیب، اسطوخودوس ہر ایک ایک تولہ، کافور 3 ماشہ۔

ترکیب: سب ادویہ الگ الگ باریک کر کے ملا کر خوب کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔
استعمال: ایک یا دو رتی بھر حسب دستور نسوار لیں۔

(55) دوائے ام الصبیان

منافع: ام الصبیان (بچوں کی مرگی) کے لئے مجرب دوا ہے۔ تجربہ شرط ہے۔ اس سے ایک ہفتہ میں یہ عارضہ دور ہو جاتا ہے۔
نسخہ: زعفران' جدوار خطائی ہر ایک ایک ماشہ تربد' پودینہ' پوست ہلیلہ زرد ہر ایک ایک تولہ سب کو الگ الگ باریک پیس کر ملا کر خوب کھرل کریں۔
استعمال: ایک سال کے بچہ کو ایک ماشہ ایک وقت ہمراہ آب خالص استعمال کرائیں۔ دو سال کے بچہ کو 2 ماشہ اسی طرح ایک ایک ماشہ ہر سال کے لئے اضافہ کرتے جانا چاہئے۔

(56) دیگر

منافع: ام الصبیان کے لئے نہایت مستند مجرب اور سریع الاثر نسخہ ہے۔ بہت جلد آرام بخشتا ہے۔
نسخہ: جندبید ستر ایک ماشہ' مرچ سیاہ تین ماشہ۔
ترکیب: دونوں ادویہ الگ الگ باریک پیس کر ملا کر خوب کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔
استعمال: ایک سال کے بچہ کو ایک چاول پانی یا کسی عرق میں حل کر کے حلق میں ڈالیں ہر سال زائد کے لئے ایک چاول بڑھاتے جائیں یعنی آٹھ سال کے بچے کو ایک رتی دیں۔

(57) حب اکسیر صرع

منافع: صرع (مرگی) خواہ چھوٹے بچے کو ہو خواہ جوان مرد یا عورت کو تمام کے لئے نہایت زود اثر ہیں۔ لطف یہ کہ نہایت آسان ہیں۔
نسخہ: عود صلیب' جدوار' کندر' مصبر ہر ایک ایک ماشہ' عرق گلاب بقدر ضرورت۔
ترکیب: خشک دوائیں باریک کھرل کر کے عرق گلاب میں کھرل کریں پھر گولیاں بقدر دانہ مونگ تیار کریں۔
استعمال: بچوں کو ایک سے دو تک اور بڑوں کو 4 گولیاں دودھ یا پانی میں حل کر کے دیں۔

(58) نسوار سکتہ و بے ہوشی

منافع: سکتہ اور صرع و بے ہوشی اور تمام دماغی امراض کے لئے اکسیر ہے۔ یہ نسوار ہماری مجرب ہے۔ آسانی سے تیار ہو سکتی ہے۔
نسخہ: کافور' سہاگہ' نوشادر' فلفل دراز' زعفران کشمیری پوست ریٹھہ ہر ایک 6 ماشہ۔
ترکیب: تمام دوائیں الگ الگ باریک کر کے ملا کر خوب کھرل کر لیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: بوقت ضرورت تھوڑی سی نسوار لیں۔

(59) ٹوٹکا برائے صرع

منافع: چھوٹے شیر کا پس اگندہ پاس رکھیں۔ مریض صرع کو دورہ کے وقت اس کی دھونی دیں۔ ہوش میں آجائے گا چند دفعہ ایسا کریں پھر دورہ نہ ہو گا۔

(60) دوائے زکام

نسخہ و ترکیب استعمال: ہلدی ایک دھکتے ہوئے کوئلہ پر ڈال کر اس کا دھواں ناک میں پہونچانے سے فوراً زکام بند ہو جاتا ہے۔

(61) دوائے درد سر مجرب

نسخہ و ترکیب استعمال: انٹی پائیرین، فنسٹین، کیفین سائٹراس ہر ایک تین گرین یہ ایک پڑیہ ہے۔ سب کو مل کر ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔ ایسی تین پڑیہ دن میں دیں۔

نوٹ: سلفیورک ایتھر مقام درد پر لگائیں۔ پسینہ آکر فوراً آرام ہو جائے گا۔

(62-63) نسوار اکسیر صرع

منافع: صرع یعنی مرگی کے لئے نہایت مفید ہے۔ لطف یہ کہ بالکل آسان ہے۔ اس کے ساتھ خوردنی دوائی بھی استعمال کی جائے۔ جو نسوار کے نسخہ کے بعد لکھی جائے گی اور اس علاج کو متواتر کچھ عرصہ تک جاری رکھا جائے تو یقینی فائدہ ہوتا ہے۔ معمول مطب ہے۔

نسخہ: عقر قرحا، فلفل سیاہ، کرم بنی شتر، کرم مدار یعنی جھتی شدہ مکڑی و مکڑہ کا پھل پوٹاسی پرمگناس تمام ادویہ مساوی الوزن۔

ترکیب: سب کو پہلے الگ الگ باریک کریں پھر سب کو ملا کر نہایت باریک مانند غبار کرلیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: دوپہر کے وقت دو دفعہ بیمار کو نسوار دیں۔

خوردنی دوا: پوٹاسی برومائیڈ 2 رتی، صبح دوپہر و شام ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔

(64) علاج سدر و دوار

منافع: سدر اور دوار کے عارضہ کے لئے مجرب اور آزمودہ آسان دوا ہے۔

نسخہ: پوست ہلیلہ زرد، پوست بلیلہ، پوست ہلیلہ کابلی، آملہ، ہلیلہ سیاہ ہر ایک 2 تولہ، کشنیز خشک 5 تولہ روغن بادام حسب ضرورت، مصری 9 چھٹانک۔

ترکیب: سب دوائیں کوٹ چھان کر سفوف بنائیں اور روغن سے چرب کرلیں پھر مصری کا قوام تیار کر کے خشک دوائیں اس میں خوب ملالیں۔

استعمال: پہلے منضج اور مسہل کر کے 1 تولہ معجون میں کشتہ مرجان ایک رتی ملا کر صبح کھا کر بعد میں عرق
گلاب 10 تولہ یا دودھ بکری ایک پاؤ پلا دیں اسی طرح شام کو استعمال کرائیں۔

(65) دوائے صرع

منافع: صرع یعنی مرگی کے لئے سریع الاثر مجرب علاج ہے۔ اس دوا کے ہمراہ نسوار اور دھونی بھی
استعمال کرنی چاہئے۔
نسخہ: انسان کے سر کی ہڈی سوختہ عود صلیب مساوی الوزن سفوف بنا دیں۔
استعمال: ایک ماشہ صبح کھلا کر اوپر سے پوٹاسی برومائیڈ ایک ماشہ 4 تولہ پانی میں حل کر کے پلا دیں۔ ساتھ
مندرجہ ذیل نسوار اور دھونی استعمال کراتے رہیں۔ عموماً دو تین ہفتہ یہ علاج کرنا پڑتا ہے۔

(66) نسوار صرع

نسخہ و ترکیب استعمال: نڈا مدار، کرم دماغ شتر، مرچ سیاہ، نوشادر مساوی الوزن لے کر نسوار بنائیں
اور دن میں دو تین بار سونگھائیں۔

(67) دھونی صرع

نسخہ و ترکیب استعمال: جوان تندرست عورت کے سب سے پہلے خون حیض کا کپڑا لے کر اس سے
تھوڑا سا لے کر بتی بنا کر آگ لگا کر دھونی دیں تاکہ مریض کے ناک تک دھواں پہنچے۔ دن میں تین بار
دھونی چاہئے۔

(68) نسوار ام الصبیان مجرب

منافع: ام الصبیان کے دورہ کے وقت اس نسوار کے استعمال کرنے سے شرطیہ فائدہ ہوتا ہے۔
نسخہ و ترکیب استعمال: مرچ سیاہ حسب ضرورت لے کر دو ہفتہ تک تھوہر کے دودھ میں تر رکھیں۔
جب خشک ہو جائے باریک کھرل کر لیں اور مرض کی حالت میں قدرے نسوار دیں۔

(69) شربت منوم

منافع: یہ طلسمی شربت سہر یلبسی کا خاص علاج ہے۔ یعنی اگر خشکی کی وجہ سے نیند نہ آتی ہو تو اس کو فائدہ
کرتا ہے۔ اس کے علاوہ ہر قسم کے دردوں، مرگی اور جوش جنون (دیوانگی) کے لئے اچھی چیز ہے۔
نسخہ: مغز بادام، مغز کدو شیریں، مغز خیارین، پوٹاشی برومائیڈ ہر ایک 2 تولہ، کلورل ہیڈریٹ 6 ماشہ، عرق
گاؤزبان، عرق بید مشک ہر ایک ایک پاؤ، مصری تین پاؤ۔
ترکیب: مغزیات کا عرقیات میں شیرہ نکالیں اور کپڑے میں چھان کر باقی دونوں دوائیں اس میں حل کر
کے مصری اور قدرے پانی ملا کر شربت تیار کریں۔
استعمال: 2 تولہ صبح 2 تولہ شام سے چند پانی ملا کر پئیں۔

(70) روغن منوم نمبر②

منافع: سر بسی اور عام بے خوابی اور سدر دوار اور دماغ کی تمام گرم خشک امراض کے لئے نہایت مفید ہے۔ مقوی دماغ عمدہ ہے۔

نسخہ: روغن بادام خالص 5 تولہ، روغن مغز کدو شیریں خانہ ساز دو تولہ، رومان خشخاش سفید 2 تولہ، کلورل ہیڈریٹ کافور کوفتہ ہر ایک چھ ماشہ۔

ترکیب: آخری دونوں دواؤں کو ایک جگہ کھرل کریں۔ جب خوب حل ہو جائے سب اشیاء کو ملالیں۔

استعمال: سر پر ملیں، نیز پیشانی اور کنپٹی پر مالش کریں۔

(71) معجون نسیان

منافع: نسیان کے لئے نہایت مفید مجرب اور آزمودہ ہے۔

نسخہ: مغز بادام مقشر 5 تولہ، زیرہ سفید، فلفل سیاہ، فلفل سفید، وج ترکی، سعد کوفی، مصطگی رومی ہر ایک 2 تولہ، ہلیلہ سیاہ، زعفران، جدوار خطائی ہر ایک ایک تولہ، مغز پنبہ دانہ تین تولہ جند بید ستر 3 ماشہ بلادر مدبر 5 تولہ، نبات سفید 5 چھٹانک، شہد خالص 10 چھٹانک۔

ترکیب: خشک دواؤں کو باریک کر کے کھانڈ اور شہد کے قوام میں ملالیں۔

استعمال: 6 ماشہ صبح 6 ماشہ ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

(72) معجون درد سر ہر قسم مجرب

نسخہ و ترکیب استعمال: ایک عدد ہلیلہ زرد رات کو پانی کے برتن میں ڈال دیں۔ صبح اس کی گٹھلی دور کر کے گلقند 2 تولہ، مغز بادام 7 عدد، گل بنفشہ، کشنیز خشک، سونف، برگ سنا مصفی ہر ایک 6 ماشہ ملا کر خوب گھوٹ کر ملالیں۔ چھ ماشہ صبح چھ ماشہ شام کھلائیں اور ساتھ دو تین دن تک یہ ضماد کریں۔

(73) ضماد درد سر

منافع: یہ ضماد درد سر ہر قسم (خصوصاً جو گرمی کے مواد سے ہو) کے واسطے مفید ہے۔

نسخہ و ترکیب استعمال: زنجبیل (سونٹھ) پوست بیخ بید انجیر (ہرنولی) کشنیز خشک، بورہ صندل سفید ہر ایک 6 ماشہ سب کو باریک گھوٹ کر عرق گلاب کو ملا کر ضماد تیار کریں اور پیشانی پر لگائیں۔

(74) روغن اعصاب

منافع: یہ روغن اعصاب (پٹھوں) کی سستی کو دور کرنے اور ان کو طاقت دینے میں لاثانی ہے۔ اگر تشنج وغیرہ سے ٹانگیں جڑ گئی ہوں یا درد ہو یا استرخاء، خدر، فالج، لقوہ، کزاز کا عارضہ ہو۔ ان سب عوارض کے لئے نہایت ہی مفید ہے۔ حتی کہ سستی قضیب کو بھی فائدہ کرتا ہے۔ سستی اعصاب دور کر کے ان کی طاقت کو بیدار کرنے میں بے مثل ہے۔ چند روز میں فائدہ کر دیتا ہے۔

نسخہ: مال کنگنی تین تولہ، قسط، زنجبیل، گل بابونہ، جائفل، لونگ، مٹھا تیلیہ، کچلہ، عقرقرحہ، تخم دھتورہ، بیخ کنیر سفید، گھونگچی سفید، مجیٹھ، زرنچور، تج، کائپھل ہر ایک ایک تولہ، دارچینی، زردچوب، میدہ لکڑی، زعفران، کلونجی، سنبل الطیب، سعد کوفی، ہڑتال ورقی، افیون، سم الفار سفید ہر ایک 6 ماشہ، روغن کنجد تین پاؤ، روغن ہر نولی ایک پاؤ۔

ترکیب: ہڑتال اور سم الفار کو باریک کھرل کریں۔ باقی خشک دوائیں جوکوب کرلیں۔ پھر سب کو ملا کر دو سیر پانی میں رات کو بھگو دیں۔ صبح نرم آگ پر جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے روغن داخل کریں اور بدستور پکائیں۔ جب تمام پانی جل جائے آگ سے اتار لیں اور روغن نتھار کر بوتل میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: حسب دستور مالش کریں۔

(75) حب بنفشہ

منافع: سبات، سہری کے لئے مفید ہے۔ نیز بے ضرر ملین ہے۔

نسخہ: گل بنفشہ اعلیٰ 2 تولہ، پوست ہلیلہ زرد 1 تولہ، نمک لاہوری، بادیاں، تخم کرفس ہر ایک 6 ماشہ، سقمونیا تین ماشہ۔

ترکیب: سب کو باریک پیس کر پانی کی مدد سے چنے کے برابر گولیاں بنالیں۔

استعمال: ایک ماشہ صبح ایک ماشہ شام ہمراہ عرق سونف 5 تولہ نگل لیا کریں۔

(76) نخلخہ دردسر

منافع: دردسر کے لئے نہایت موثر و نہایت مفید اور کئی بار کا آزمودہ ہے۔

نسخہ: چونہ بجھا ہوا، نوشادر ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب: دونوں ادویہ الگ الگ باریک کر کے ملا کر کھرل کر کے کھلے منہ والی شیشی میں ڈال کر مضبوط کارک لگا دیں۔ دوائی خشک رہے پانی نہ ڈالنا چاہئے۔

استعمال: شیشی کا منہ کھول کر تھوڑا تھوڑا سونگھائیں۔

مجربات امراض چشم

(77) سرمہ بھیم سینی (صندوقچہ)

تعارف: ہمارے شاگرد حکیم ویشنودار صاحب کا معمول مطب اسراری نسخہ ہے جو اپنے فوائد کے لحاظ سے اس قابل ہے کہ اس کو بنا کر ہر ایک مطب میں رکھا جائے۔

اسناد: یہ نسخہ ایک گوسائیں صاحب پانچ روپیہ فی تولہ کے حساب سے عام فروخت کرتے تھے۔ یہ سرمہ بہت لوگ خرید کرتے تھے۔ ان کو ایک کامل فقیر سے حاصل ہوا تھا۔ گوسائیں صاحب سے حکیم صاحب نے بعد مشکل حاصل کیا۔ خاص منتخب نسخہ ہے۔ ہمارے ہاں تیار رہتا ہے۔

منافع: یہ بے نظیر نسخہ تمام امراض چشم کے لئے اکسیر اور بوڑھوں کی ضعف بصارت کے لئے ایک نعمت ہے۔ اس کے روزانہ استعمال سے بصارت میں کمی نہیں آتی بلکہ بصارت تیز ہو کر قائم رہتی ہے۔ نہایت مقوی بصر ہے۔ دھند، جالا، پھولا، ناخنہ، پڑبال، ککرے، سرخی، پانی جانا، آنکھ دکھنا، خارش چشم وغیرہ تمام امراض چشم کے لئے اکسیر ہے۔ اس سے ضرور فائدہ اٹھائیں۔

نسخہ: مروارید ناسفتہ تین ماشہ، کافور بھیم سینی، زعفران اصلی، افیون دیسی ہر ایک 9 ماشہ، سرمہ سفید، کشتہ جست ہر ایک 2 تولہ، سرمہ سیاہ 5 تولہ سمندر جھگ صاف، طباشیر کبود، شیشہ نمک، الائچی خورد، پوست بیلہ زرد سوختہ ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب: پہلے مروارید کو روح کیوڑہ تین ماشہ میں خوب کھرل کریں۔ کھرل پختہ ہونا چاہئے۔ جب مروارید خشک ہو جائیں تو چاقو وغیرہ سے کھرچ کر الگ رکھیں۔ باقی سب دوائیں الگ الگ باریک پیس کر پھر سب کو ملا کر اس حد تک کھرل کریں کہ سرمہ باریک تیار ہو جائے۔ یاد رہے کشتہ جست کو کپڑے میں چھان لیں اور سمندر جھاگ کا اوپر والا چھلکا اتار لیں۔

استعمال: حسب دستور رات کو سوتے وقت ایک یا دو سلایاں آنکھ میں لگائیں۔

(78) سرمہ اکسیر چشم

اسناد: ہمارے ایک ہم درس دوست کا صندوقچہ کا نسخہ ہے۔ ان کا اسم گرامی ان کی ناراضگی کی وجہ سے ظاہر نہیں کیا گیا۔

منافع: سلاق، سبل، دمعہ (پانی جانا) خارش چشم، ضعف بصر، مور سرج، دھند، قروح قرنیہ، موتیا بند وغیرہ تمام امراض چشم کے لئے اکسیر ہے۔

نسخہ: سرمہ سیاہ مصفی 5 تولہ، بیخ مرجان، صدف کلاں ہر ایک 2 تولہ، تخم نیل، سمندر جھگ ہر ایک تولہ تولہ۔

ترکیب: سب دواؤں کو الگ الگ باریک پیس کر عمدہ پختہ کھرل میں ڈال کر دو روز تک عرق گلاب اور ایک روز عرق کیوڑہ سے ایک روز آب لیموں سے دو روز تک آب نیم سے متواتر کھرل کریں۔ پھر خشک کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: دو سلائی رات کو اور ایک صبح آنکھ میں لگائیں۔

سرمہ صاف کرنے کی ترکیب: سرمہ کو گرم کر کے پانی میں ڈالیں نکال کر پھر گرم کر کے پانی میں ڈالیں۔ اسی طرح تین دفعہ عمل کریں صاف ہو جائے گا پھر وزن کر کے ملائیں۔

(79) سرمہ برائے دھند وغیرہ

اسناد: حکیم ویشنو دار صاحب فیض یافتہ دار الصحت سلطانیہ کا معمول ہے۔ آپ نے ہمیں مجربات سلطانی حصہ سوم کے لئے عنائت کیا ہے۔ ان کو ایک کہنہ مشق طبیب سے ملا ہے خود بھی تیار کرتے ہیں۔

منافع: دھند، جالا، پڑبال، جرب الاجفان (کگرے) آنکھ دکھنا وغیرہ تمام امراض چشم کے لئے نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔ نہایت آسان اور سستا سرمہ ہے۔ ہر مطب اور ہر گھر میں تیار رہنا چاہئے۔

نسخہ: زنک آکسائیڈ 4 تولہ، سرمہ سیاہ 2 تولہ، نیلہ تھوتھہ، افیون، کافور بھیم سینی ہر ایک ایک ماشہ، زنگار، سرمہ سفید ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب: سرمہ سیاہ و سفید اور نیلہ تھوتھہ کو باریک پیس کر تمام اشیاء ملا کر خوب کھرل کر کے سرمہ تیار کر لیں۔

استعمال: رات کو سوتے وقت سلائی سے لگائیں۔

(80) سرمہ امراض چشم

اسناد: حضرت استاذ علامہ زماں جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کا عطیہ ہے۔

منافع: تمام امراض چشم خصوصاً ضعف بصارت کے لئے نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔

نسخہ: سرمہ سیاہ دو تولہ، مامیراں چینی، شادنج عدسی ہر ایک 3 ماشہ، ورق نقرہ 1 ماشہ، ورق طلا 2 رتی، مروارید ناسفتہ، عقیق، کہربا، جوہر صدف آبدار، شاخ مرجان، یاقوت ہر ایک ایک ماشہ۔

ترکیب: سب دوائیں الگ الگ پیس کر پختہ کھرل میں خوب کھرل کر کے سرمہ تیار کریں۔

استعمال: رات کو سوتے وقت یا صبح و شام دو دو سلائیاں استعمال کریں۔

(81) سرمہ برائے دھند

منافع: دھند کے لئے مفید ہے۔ غبار، پڑبال، خارش چشم کو دور کرتا ہے۔ بصارت کو تیز کرتا ہے۔ مجرب المجرب ہے۔

نسخہ: جست شیریں 5 تولہ، سیماب ایک تولہ، فلفل دراز، شورہ قلمی ہر ایک 3 ماشہ، سرو چینی 6 ماشہ۔

ترکیب: سیماب کو کسی برتن میں ڈالیں اور جست کو کڑچھی وغیرہ میں گلا کر سیماب پر آرام سے ڈالیں دونوں مل جائیں گے۔ اسی وقت گرم گرم ہی کوٹ لیں اور کھرل کریں پھر اس میں باقی دوائیں خوب باریک پیس کر کپڑ چھان کر کے ملائیں اور آب لیموں تھوڑا تھوڑا ملا کر کھرل کرتے رہیں۔ جب باریک ہو جائے خشک کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔ یہ دوا سرمہ سیاہ باریک کھرل کردہ دونوں کو ملا کر اس حد تک کھرل کریں کہ آنکھ میں لگانے کے قابل ہو جائے یعنی خوب باریک سرمہ تیار ہو جائے۔

استعمال: حسب دستور سلائی سے لگایا کریں۔ پڑبال کے لئے سرمہ ملانے کی ضرورت نہیں۔ پہلی دوائی ہی باریک کر کے پڑبال نکال کر سلائی سے دو وقت لگاتے رہیں۔

(82) اکسیر پھولا

اسناد: ممتاز الحکماء حکیم مولوی امیر علی شاہ صاحب سکنہ گانگی ضلع میاں والی نے عنایت فرمایا ہے۔ آپ کا مجرب ہے۔

منافع: سوائے پھولا چیچک یا چوٹ کے داغ کے دیگر ہر قسم کے پھولا کو وہ ہفتہ میں دور کر دیتا ہے خواہ نیا ہو یا پرانا ہر حال میں مفید ہے۔

نسخہ: نمک لاہوری، پھٹکڑی سفید، نوشادر، قلمی شورہ، لوٹا بجی ہر ایک دس تولہ۔ آب سرس بقدر ضرورت۔

ترکیب: سب دوائیں باریک کریں اور ایک کوری ہانڈی میں سرس کے پتوں کا رس بھر کر دوائیں کا سفوف اس میں ڈال دیں اور منہ بند کر کے رکھ دیں۔ چند روز میں سفید سفید جو ہر ہانڈی سے پھوٹ کر باہر کی طرف نکل آئے گا۔ اسے اتار کر شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: سلائی کے سرے کو ذرا سا لعاب لگا کر بقدر ایک چاول جو ہر مذکور چبا کر سرمچو پر لگا کر پھولا پر رکھیں اور آنکھ کھول دیں۔

فائدہ: ناخن فیل سرس کے پانی میں پتھر پر گھس کر سلائی سے ایک ماہ تک متواتر لگانے سے پھولا دور ہو جاتا ہے۔

(83) دیگر

منافع: دھند، جالا، غبار کے لئے اکسیر ہے۔

نسخہ: پھٹکڑی بریاں، سنڈھ، نمک شیشہ ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب: اس حد تک کھرل کریں کہ سرمہ کی طرح ہو جائے۔

استعمال: حسب دستور ایک وقت سلائی سے تھوڑی مقدار میں لگائیں۔

(84) اکسیر جرب الاجفان

منافع: یہ دوا جرب الاجفان (ککرہ) کو چند ہی روز میں فائدہ کر دیتی ہے۔

نسخہ: پھٹکڑی بریان، کشتہ جست بازاری، مصری کوزہ ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب: تینوں دوائیں باریک سرمہ کی طرح کھرل کریں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: روزانہ سلائی سے صبح و شام آنکھوں میں لگائیں۔ اگر ککرے زیادہ خراب ہوں تو پلک الٹ کر روئی کے پھاہے سے دوائی ککروں پر چھڑکیں۔

(85) دیگر

منافع: اس سے جرب الاجفان (ککرے) کو پورا فائدہ ہوتا ہے۔

نسخہ: سرمہ سفید 2 تولہ، پھٹکڑی سفید بریان، سمندر جھگ ہر ایک تین ماشہ، کشتہ جست 2 ماشہ، نیلہ تھوتھہ ایک ماشہ، مرچ سفید 2 دانہ، قلفل دراز 1/4 دانہ۔

ترکیب: تمام ادویہ باریک کر کے اول عرق لیموں 5 تولہ میں کھرل کریں پھر عرق گلاب میں تین روز تک کھرل کریں پھر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: سوتے وقت ایک ایک سلائی آنکھ میں لگائیں۔

(86) اکسیر پڑبال

اسناد: ہمارے فاضل دوست ممتاز الحکماء حکیم مولوی امیر علی شاہ صاحب سکنہ گانگی والا کا عطیہ ہے۔
منافع: پڑبال کے لئے مفید ہے۔ دو ہفتہ متواتر استعمال کرنے سے پڑبال کو آرام ہو جاتا ہے۔
نسخہ: بھنگرہ، نوشادر، قلمی شورہ ہر ایک 5 تولہ۔
ترکیب: ہر ایک چیز کو ایک ایک پاؤ پانی میں الگ الگ بھگو رکھیں۔ آٹھ پہر کے بعد پانی نتھار لیں اور لوہے کی کڑاہی میں پکائیں۔ جب زرد رنگ کا سفوف رہ جائے۔ آگ پر سے اتار کر دوائی کھرچ لیں اور باریک پیسیں۔
استعمال: بالوں کو موچنے سے اکھاڑ کر یہ دوائی سلائی سے دن میں چند بار لگائیں۔ دو ہفتہ متواتر استعمال کریں۔

(87) اکسیر رمد چشم

منافع: رمد چشم آنکھ دکھنا سخت تکلیف دہ عارضہ ہے۔ اس کا یہ نہایت مفید دوا ہے۔ فائدہ تو پہلے ہی دن ہو جاتا ہے۔ مگر دو تین دن تک کلی آرام ہو جاتا ہے۔ کسی قسم کی تکلیف نہیں رہتی اور آسان ہے۔
نسخہ: افیون خالص 3 رتی، عرق گلاب 3 تولہ، بھنگرہ، سمندر جھگ، رسوت خالص ہر ایک تین ماشہ، سب کو الگ الگ خوب پیس کر عرق گلاب میں ملا لیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔
استعمال: تین چار قطرے صبح اور تین چار قطرے شام کو آنکھ میں ڈالیں۔

(88) سرمہ ضعف بصر

منافع: اگر کسی وجہ سے بینائی کمزور ہو جائے تو اس سرمہ سے بخوبی درست ہو سکتی ہے۔ سابقہ نسخہ جات سے آسان اور سستا ہے۔
نسخہ: سکہ، سنگ بصری، سرمہ سیاہ ہر ایک ایک تولہ، کافور 3 ماشہ، آب لیموں 10 عدد۔
ترکیب: سکہ کا باریک بورہ بنا لیں پھر سب کو ایک پختہ کھرل میں آب لیموں کے ساتھ خوب کھرل کرکے محفوظ رکھیں۔
استعمال: حسب دستور رات کو سوتے وقت سلائی سے لگایا کریں۔

(89) سرمہ دھند و غبار وغیرہ

منافع: یہ نسخہ دھند، غبار، جالا، ککرے، پڑبال، ضعف بصر کے لئے لاجواب چیز ہے۔ چند روزہ استعمال سے مندرجہ بالا سب شکایات کافور ہو جاتی ہیں۔ یہ نسخہ بڑی مشکل سے ملا ہے۔
نسخہ: سکہ، جست شیریں ہر ایک 4 تولہ، سیماب 2 تولہ، نیلا تھوتھا 6 ماشہ۔

ترکیب: زمین میں ایک فٹ کے قریب گڑھا کھود کر گوبر اور مٹی ملا کر اس کے اندر لیپ کر دیں۔ جب خشک ہو جائے اس میں پارہ ڈال دیں اور جست و سکہ کو اکٹھے ہی کٹھالی میں گلا کر آرام سے پارہ پر ڈال دیں۔ تینوں اشیاء مل جائیں گی پھر ان کو نکال کر جلدی جلدی ہاتھ سے توڑ کر باریک کر لیں پھر کھرل میں ڈال کر نیلہ تھوتھہ ڈالیں اور خوب کھرل کر کے سرمہ کی طرح تیار کریں۔

استعمال: چاندی کی سلائی سے رات کو سوتے وقت لگائیں پڑبال کے لئے استعمال کرنا ہو تو پہلے پڑبال کو موچنا سے اکھاڑ لیں اور پھر لگانا شروع کریں۔ ہر ہفتہ کے بعد جو پڑبال نکلیں انہیں اکھاڑ دیا کریں۔

(90) سرمہ اکسیر بیاض چشم

منافع: بیاض چشم (پھولا) کا مستند نسخہ ہے۔ اس سے ایک ہفتہ میں پورا پورا فائدہ ہوتا ہے۔ یہ ایسے نسخہ جات سے ہے جن کے ساتھ شرطیہ علاج کیا جا سکتا ہے۔ جالا اور پڑبال کو بین فائدہ دکھاتا ہے۔ مگر چیچک اور چوٹ کے پھولا کا علاج نہیں۔

نسخہ: برادہ جست، برادہ تانبہ ہر ایک 6 ماشہ، آب لیموں 5 تولہ۔

ترکیب: برادہ تانبو اور جست کو کانسی کے کٹورہ میں ڈال کر اس پر آب لیموں ڈال دیں اور کٹورہ کا منہ ڈھانپ کر حفاظت سے رکھ دیں۔ جب آب لیموں نصف خشک ہو جائے تو اسی کٹورہ میں کانسی کے دستہ سے دو تین دن تک خوب کھرل کریں تاکہ باریک ہو کر خشک ہو جائے۔

استعمال: حسب دستور سلائی سے استعمال کریں۔ غذا مرغن کھائیں۔ دودھ گھی زیادہ استعمال کریں۔ تمام گرم خشک اور ترش چیزوں سے پرہیز ضروری ہے۔

(91) سرمہ جملہ امراض چشم

منافع: بہت سستا، آسان اور بہت مفید سرمہ ہے اور ممیرہ کے سرمہ سے افضل ہے۔ تمام امراض چشم کے لئے مفید ہے۔

نسخہ: زعفران، پھٹکڑی، زنک سلفاس ہر ایک 6 رتی، کاپر سلفاس 2 رتی، سرمہ سیاہ 4 تولہ، بورک ا۔سڈ 12 رتی، عرق گلاب درجہ اول نصف بوتل، افیون 4 رتی۔

ترکیب: سرمہ کو جوکوب کر کے لوہے کی کڑچھی میں آگ پر بھون لیں پھر تمام ادویہ پختہ کھرل میں عرق گلاب کے ساتھ کھرل کریں تھوڑا تھوڑا عرق ڈالتے اور کھرل کرتے جائیں جب تمام عرق ختم ہو کر سرمہ خشک ہو جائے۔ شیشی میں رکھیں۔

استعمال: عام دستور کے مطابق دو سلائی رات کو سوتے وقت لگایا کریں۔

(92) سرمہ اکسیری

منافع: جملہ امراض چشم کے لئے بے نظیر سرمہ ہے۔ دھند، جالا، پڑبال، ککرہ، خارش چشم، کمی بصارت، آنکھ دکھنا، ناخنہ، پھولا، پانی وغیرہ شکایات کا واحد علاج ہے۔ اس کے فوائد تجربہ پر معلوم ہوں گے۔

نسخہ: کشتہ جست 9 ماشہ، کف دریا 6 ماشہ، شورہ قلمی 2 ماشہ، بھنگڑہ نیلہ تھوتھہ، مرچ سیاہ ہر ایک ایک ماشہ سرمہ سیاہ ایک تولہ عرق گلاب اعلیٰ 10 تولہ۔

ترکیب: جملہ خشک دوائیں الگ الگ باریک پیس کر عرق گلاب تھوڑا تھوڑا ملا کر کھرل کریں۔ جب تمام عرق ختم ہو جائے۔ سرمہ خشک کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: حسب دستور رات کو سوتے وقت سلائی سے آنکھ میں لگائیں۔

(93) سرمہ پڑبال و نزلہ

منافع: پڑبال کی بیخ کنی کر کے پلکوں کے بالوں کو گرنے سے روکتا ہے۔ نزلہ کی وجہ سے آنکھوں کو جو شکایات لاحق ہو جاتی ہیں۔ ان کے لئے عمدہ چیز ہے۔ چالیس یوم متواتر استعمال کرنے سے سب شکایات دور ہو جاتی ہیں۔

نسخہ: روئی کو آک کے دودھ سے پانچ دفعہ تر و خشک کریں پھر اس کی بتی بنا کر دیسی چراغ میں تیل اور بتی ڈال کر چراغ کو جلا دیں اور مٹی کا پیالہ دو انچ چراغ سے اوپر لٹکائیں تاکہ کاجل پیالہ کے اندر جمع ہوتا رہے جب کاجل جمع ہو جائے اس کو وزن کر کے اس کے مساوی سرمہ سیاہ ملا کر پانی سے کھرل کر کے خوب باریک پیس کر حسب دستور سرمہ تیار کریں۔

استعمال: اول پڑبال اکھاڑ کر ہر روز دو دو سلائیاں صبح و شام لگائیں۔ ہفتہ کے بعد جو پڑبال تازہ پیدا ہوں ان کو اکھاڑ دیا کریں اور سرمہ لگاتے رہیں۔

(94) سرمہ قادری

منافع: جملہ امراض چشم کے لئے مفید ہے۔ خصوصاً رمد، ککرے، خارش چشم، دھند، دمعہ یعنی آنکھوں سے پانی جانا کے لئے خاص چیز ہے۔

نسخہ: سمندر جھگ، کشتہ جست، بورک ا۔سڈ ہر ایک ایک تولہ سرد چینی، تخم سرس یعنی شیریں کافور بھنگڑہ شگفتہ ہر ایک ایک ماشہ، عرق گلاب 15 تولہ۔

ترکیب: جملہ دوائیں الگ الگ باریک پیس کر وزن کر کے پختہ کھرل میں عرق گلاب تھوڑا تھوڑا ملا کر کھرل کرتے رہیں۔ جب تمام عرق ختم ہو جائے۔ خشک کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: رات کو سوتے وقت سلائی سے آنکھوں میں لگائیں۔

(95) حب سیاہ

منافع: آنکھوں کے درد سبل اور سرخی کے لئے نہایت مفید ہیں۔ مواد کو تحلیل کرتی ہیں۔ خصوصاً آشوب چشم کے لئے مخصوص ہیں۔

نسخہ: رسوت عمدہ دو تولہ 9 ماشہ، افیون ایک تولہ 2 ماشہ، زعفران 5 رتی، برگ نیم 5 عدد، بھنگڑہ بریان سوا دو تولہ سب کو باریک کر کے پانی کی مدد سے لمبی لمبی گولیاں تیار کریں۔

استعمال: کوکنار کے پانی میں گھس کر پپوٹوں پر لیپ کریں۔

(96) سرمہ بے نظیر

تعارف: ایک طبی کارخانہ لاکھوں کی تعداد شیشیاں فروخت کر چکا ہے اور ہزاروں سندات حاصل کی ہیں۔ اس کی فروخت کثرت سے ہو رہی ہے۔

اسناد: ہمارے ایک مہربان نے بہت محنت سے یہ نسخہ حاصل کر کے ہمیں عطا فرمایا ہے۔ جس کے ہم مشکور ہیں۔ نسخہ نہایت مفید اور بے نظیر ہے۔

منافع: آنکھوں کی تمام امراض مثلاً خارش، دھند، پھولا، پانی جانا، آشوب چشم، رتوندی، جالا، کی بصارت وغیرہ کو دور کرنے کے علاوہ عینک کو چھڑا دیتا ہے اور ابتدائی موتیا بند کر دور کر دیتا ہے۔

نسخہ: سرمہ سیاہ 10 تولہ تمباکو خوردنی (جو پان میں کھایا جاتا ہے)، شورہ قلمی، سہاگہ بریاں، پھٹکڑی بریاں، سرد چینی ہر ایک ایک تولہ عرق سونف 10 تولہ۔

ترکیب: پہلے سرمہ سیاہ کو عرق سونف میں کھرل کریں جب سرمہ خشک ہو جائے تو باقی دوائیں باریک شورہ ملا کر دوبارہ دو گھنٹہ تک خوب کھرل کر کے کپڑ چھان کر لیں اور ایک ایک سلائی آنکھوں میں لگائیں۔

مجربات امراض گوش

(97) روغن ورم و درد گوش

منافع: کان میں ورم اور درد ہو۔ درد کان کے ساتھ آواز بھی سنائی نہ دیتا ہو تو اس روغن سے آرام ہو جاتا ہے۔

نسخہ: لسن (تھوم) کی تریاں 10 عدد، روغن کنجد 5 تولہ۔

ترکیب: تھوم کی تریاں جن سے چھلکا اتار دیا گیا ہو۔ روغن کنجد میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب تریاں جل کر سیاہ ہو جائیں تو روغن کو کپڑے میں چھان کر نگاہ رکھیں۔

استعمال: صبح و شام تین تین قطرہ نیم گرم کان میں ڈالیں۔

(98) روغن درد گوش

منافع: درد کان کی ہر حالت میں مفید و مجرب نہایت سریع النفع ہے۔

نسخہ: آب برگ مدار، آب برگ دھتورہ، آب پیاز، سرکہ انگوری ہر ایک 5 تولہ، روغن کنجد 10 تولہ، کافور 6 ماشہ، افیون 3 ماشہ۔

ترکیب: روغن کنجد اور پانی کو آگ پر جوش دیں جب پانی جل کر صرف تیل رہ جائے۔ افیون اور کافور باریک پیس کر شراب میں حل کر کے ڈال دیں اور خوب ملا کر شیشی میں رکھیں۔

استعمال: دو تین قطرہ نیم گرم صبح و شام کان میں ڈالیں۔

(99) دیگر

منافع: درد کان ہر قسم کے لئے مجرب ہے۔ درد کو فوری تسکین بخشتا ہے۔
نسخہ: گائے کے پتہ کا پانی ایک حصہ، روغن کنجد 2 حصہ۔
ترکیب: دونوں اشیاء کڑچھی میں ڈال کر جوش دیں جب پانی جل کر صرف تیل رہ جائے تیار ہے۔
استعمال: وقت ضرورت ایک یا دو قطرہ نیم گرم کان میں ڈالیں۔

(100) دیگر

منافع: درد کان ہر قسم کے لئے اکسیر ہے۔ خصوصاً جو درد ورم اور پھنسی کی وجہ سے ہو اس کا موثر دوا ہے۔ کئی دفعہ کا مجرب و معمول ہے۔
نسخہ: زیری سیاہ، کوڑ ہر ایک ایک تولہ، روغن کنجد 5 تولہ، پانی 1 پاؤ۔
ترکیب: زیری اور کوڑ باریک پیس کر پانی میں 24 گھنٹہ تک بھگو رکھیں پھر جوش دیں۔ جب تیسرا حصہ رہ جائے تو مل چھان کر روغن کنجد ملا کر دوبارہ جوش دیں جب پانی جل کر صرف تیل رہ جائے بس تیار ہے۔ شیشی میں محفوظ رکھیں۔
استعمال: ایک یا دو قطرہ نیم گرم کان میں ڈالیں۔ دن میں دو یا تین وقت استعمال کریں۔

(101) بچہ کے کان سے رطوبت بہنا

منافع: بچہ کے کان سے رطوبت جاری رہتی ہو تو اس کے لئے عمدہ دوا ہے۔ اس سے جلد صحت ہو جاتی ہے۔
نسخہ: برگ نیم دو تولہ، گل روغن ایک تولہ، پانی 15 تولہ۔
ترکیب: نیم کے پتوں کو چار پہر تک پانی میں تر رکھیں۔ پھر جوش دیں جب 5 تولہ پانی رہ جائے، مل چھان کر گل روغن ملائیں اور دوبارہ جوش دیں۔ جب صرف تیل رہ جائے شیشی میں نگاہ رکھیں۔
استعمال: ایک ایک قطرہ نیم گرم صبح و شام کان میں ڈالیں۔

(102) دوائے زخم و پیپ و درد کان

منافع: کان کے زخم کے لئے بے مثل ہے۔ زخم اور پیپ کی وجہ سے کان میں درد ہو تو فوری زخم وغیرہ درست ہو کر درد کو آرام ہو جاتا ہے۔ کان اور تمام بدن کی خارش کے لئے نہایت مفید دوا ہے۔
نسخہ: نیلہ تھوتھہ 6 ماشہ، آب لیموں بقدر ضرورت۔
ترکیب: نیلہ تھوتھہ کو باریک پیس کر آب لیموں میں حل کر کے نگاہ رکھیں۔ آب لیموں اس قدر ہونا چاہئے کہ دوائی سیال رہے۔

استعمال: ایک ایک قطرہ صبح و شام کان میں ڈالیں اگر پیپ زیادہ ہو تو پچکاری سے کان کو صاف کر لیں پھر دوائی ڈالیں دن میں صرف ایک وقت ہی پچکاری سے کان دھو کر دوائی ایک وقت ڈال دی جائے اگر تمام بدن پر خارش ہو تو وہی میں ملا کر مالش کریں۔

(103) دوائے درد گوش

نسخہ و ترکیب استعمال: گھوڑے کی لید کا پانی نکال کر گرم کر کے کان میں ڈالیں یا برگ تمباکو سبز آگ میں گرم کر کے پانی نکال کر چند قطرے کان میں ڈالیں۔ انشاء اللہ فوری آرام ہو گا۔

(104) کان بہنا

نسخہ و ترکیب استعمال: گلیشیا سلفاس بورک ایسڈ مساوی الوزن ملا کر کان میں ڈال کر بعد میں روئی سے بند کر دیں۔

(105) روغن امراض گوش

منافع: تمام امراض کان مثل ثقل سماعت کم سنائی دینا' طنین (کان بجنا) درد کان' پھنسی وغیرہ کے لئے اکسیر ہے۔
نسخہ: روغن گاؤ' کافور ہر ایک ایک تولہ' افیون 4 رتی۔
ترکیب: روغن گاؤ اور کافور کو ملا کر آگ پر رکھیں۔ جب کافور روغن میں حل ہو جائے۔ افیون ملا کر حل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔
استعمال: ایک یا دو قطرے نیم گرم کان میں ٹپکائیں۔

(106) روغن بہرا پن وغیرہ

منافع: درد کان' ٹیس' بہرا پن' پھنسی وغیرہ کے لئے نہایت مفید ہے۔
نسخہ: آب برگ جوز ماثل' روغن کنجد ہر ایک 10 تولہ' سرکہ انگوری 5 تولہ' افستین' مغز بادام تلخ نیم کوب ہر ایک ایک تولہ آب پیاز تین تولہ' برگ مدار نرم تازہ سات عدد۔
ترکیب: سب کو نرم آگ پر جوش دیں جب پانی جل جائے اس میں کاربالک آئل دو تولہ ملا لیں۔
استعمال: ایک یا دو قطرے، نیم گرم کان میں ڈالیں۔

(107) عرق درد گوش

منافع: درد کان کو فی الفور بند کرتا ہے اور آسان ہے۔
نسخہ: شراب خالص' آب پیاز ہر ایک ایک تولہ ٹنکچر اوپیم تین ماشہ۔
ترکیب و استعمال: سب کو ملا کر شیشی میں رکھیں۔ ایک دو قطرہ نیم گرم کان میں ڈالیں۔ درد فوراً ہو گا۔

مجربات امراض بینی (ناک)

(108) دوائے نکسیر

منافع: نکسیر بند کرنے میں بے مثل چیز ہے۔ وقت ضرورت استعمال کریں۔ مجرب ہے۔

نسخہ: کافور 2 ماشہ، سنگجراحت، صندل سفید، کشنیز خشک ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب و استعمال: سب کو باریک پیس کر دہی میں ملا کر ماتھے پر ہر روز لیپ کریں اور کشتہ سنگ جراحت ایک ماشہ ہر روز مکھن میں رکھ کر یا پانی کے ساتھ کھلایا کریں۔

نوٹ: زیادہ تکلیف ہو تو اس کے ہمراہ مندرجہ ذیل نسخہ بھی استعمال کریں۔

(109) سعوط برائے نکسیر مجرب

منافع: نکسیر بند کرنے میں عجیب الاثر اور مجرب ہے۔

نسخہ: مازو، دھنیاں، غبار، آسیا، کندر، مصبر، خون سیاوشاں، بھنگڑہ ہر ایک ایک ماشہ۔

ترکیب: سب کو کھرل کر کے نگاہ رکھیں۔

استعمال: تھوڑی سی دوائی لے کر پانی میں حل کر کے ناک میں ٹپکائیں۔

(110) سفوف نکسیر و نفث الدم

اسناد: حضرت استاذ مکرم جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کا عطیہ اور مجرب ہے۔

منافع: نکسیر کی ہر حالت میں مفید ہے۔ نکسیر کو بہت نفع بخشتی ہے۔ نیز نفث الدم کے لئے مجرب ہے۔

نسخہ: دم الاخوین، طباشیر، الائچی خورد، کہربا ہر ایک 2 تولہ الگ الگ باریک کر کے سفوف تیار کریں۔

استعمال: 4 ماشہ صبح 4 ماشہ شام ہمراہ شیرہ تخم خیارین 2 تولہ استعمال کریں۔ زیادہ تکلیف ہو تو آملہ اور ملتانی مٹی مناسب مقدار لے کر پانی میں گھوٹ کر پیشانی اور تالو پر لیپ کریں خصوصاً گرمی کی وجہ سے نکسیر ہو تو زیادہ مفید ہے۔

نوٹ: تالو کے بال کتر کر سرد پانی سر پر دھار باندھ کر ڈالنے سے نکسیر کا خون بند ہو جاتا ہے۔

مجربات امراض دندان

(111) منجن اکسیر ماخورہ

اسناد: ہمارے محترم ہم درس دوست جناب حکیم مولوی مقبول الرحمٰن صاحب سکنہ ریاست پھولڑہ علاقہ مانسہرہ کا مشہور و معروف معمول مطب ہے۔

منافع: ملسخوودہ (پائیوریا) کے لئے اکسیر ہے۔ دانتوں اور مسوڑھوں کی تمام امراض کے لئے بے مثل ہے۔ دانتوں کے خون کو فوراً بند کرتا اور مضبوط کرتا ہے۔ روزانہ استعمال کیا جائے تو دانت خوب صاف اور تمام آفات سے محفوظ رہتے ہیں۔ میرے دوست کا خاص الخاص صندوقچہ کا نسخہ ہے۔

نسخہ: بیخ کچنال' پوست بیخ اخروٹ' پوست بیخ درخت نیم ہر ایک 2 تولہ۔

ترکیب: تینوں دوائیں الگ الگ باریک پیس کر کپڑ چھان کر کے ملالیں۔

استعمال: رات کو سوتے وقت یا جب ضرورت ہو دانتوں پر مل کر لعاب نیچے گرائیں۔ زیادہ تکلیف کی حالت میں دن میں دو تین دفعہ استعمال کریں۔

(112) دیگر

منافع: ملسخوودہ دندان کا بہترین مجرب اور آزمودہ دوا ہے۔ چند دنوں میں مکمل فائدہ کرتا ہے۔

نسخہ: کشتہ صدف ایک تولہ کشتہ نیلہ تھو تھہ 6 ماشہ۔

ترکیب: صدف (سیپ) بقدر ضرورت ایک کوزہ گلی میں بند کر کے 6 سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ سرد ہونے کے بعد نکال کر پیس لیں۔ نیلہ تھو تھہ کے باریک ٹکڑے کر کے توے پر رکھ کر نیچے آگ روشن کریں۔ جب پھول کر سفید ہو جائے۔ اتار کر پیس لیں پھر دونوں چیزوں کو باریک پیس کر ملالیں۔

استعمال: رات کو سوتے وقت دوائی انگلی سے مسوڑھوں پر مل دیں اور لعاب نیچے گرائیں۔

(113) دیگر

اسناد: حضرت استاذ علامہ جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کا عطیہ خاص اور آپ کے مطب کا معمول ہے۔ ماخورہ کے لئے زود اثر و مجرب ہے۔

نسخہ: مازو' مائیں' بھنگرہ' کافور' مسور' پوست انار ہر ایک 3 ماشہ' نیلہ تھو تھہ بریاں 3 رتی۔

ترکیب: سب کو باریک پیس کر ملا کر اچھی طرح کھرل کر لیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: دو وقت دانتوں پر ملیں اور لعاب دہن نیچے گراتے رہیں۔ بعد میں جلدی کلی نہ کریں۔

(114) دیگر

منافع: ماخورہ کو دور کرتا' ہلتے دانتوں کو مضبوط کرتا اور ان کو مثل موتیوں کے سفید کرتا ہے۔ دانتوں کی تمام بیماریوں کے لئے اکسیر اور آزمودہ ہے۔

نسخہ: سپاری تیلیہ ایک عدد' مازو بے سوراخ 2 عدد' بھلاوہ رس دار 4 عدد' روغن گاؤ تین ماشہ۔

ترکیب: سپاری بھلاوہ کو کوزہ گلی میں بند کر کے دو تین اوپلہ کی آگ دیں۔ مازو کو روغن زرد میں بریاں کریں۔ پھر سب کو ملا کر خوب باریک کر کے کپڑ چھان کر لیں۔

استعمال: حسب دستور دانتوں پر ملیں۔ ماخورہ کی تکلیف ہو تو آرام سے لگا دیں۔ دوائی لگا کر منہ ڈھیلا چھوڑ دینا چاہئے۔ گائے کا گوشت' لال مرچ' گڑ' تیز دار چیزوں سے پرہیز کریں۔

(115)دوائے درددنداں

استاد: علامہ زمان لقمان دوراں حضرت استاذ جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کا معمول مطب ہے۔

منافع: دانتوں کا درد خواہ جس قدر ہو اس کے استعمال سے دور ہو جاتا ہے۔
نسخہ: نوشادر' افیون ہر ایک ڈیڑھ ماشہ' عقر قرحہ 3 ماشہ' تینوں چیزیں الگ الگ باریک پیس کر ملالیں۔
استعمال: حسب دستور تھوڑا سالے کر دانتوں پر ملیں۔ اگر دانتوں میں سوراخ ہو تو سوراخ میں رکھیں۔

(116)دیگر

منافع: دانتوں کا درد خصوصاً جو سردی کی وجہ سے ہو اس کے استعمال سے دور ہو جاتا ہے۔ مطب سلمی کا فیض ہے۔
نسخہ: فلفل سیاہ' لونگ' رائی ہر ایک 3 ماشہ نمک لاہوری ایک ماشہ' سب دوائیں خوب باریک پیس کر ملا لیں۔
استعمال: دن میں دو یا تین دفعہ درد کرنے والے دانتوں پر ملیں۔

(117)دیگر

منافع: درد دانت کو نفع بخشا اور مسوڑھوں کے درد کو زائل کرتا ہے۔ پانی لگنا دانتوں سے خون آنا وغیرہ عوارض کے لئے عجیب و غریب دوا ہے۔
نسخہ: اجوائن دیسی 2 تولہ گیرو' نیلا تھوتھ ہر ایک 6 ماشہ۔
ترکیب: سب کو باریک پیس کر سفوف کرلیں اور شیشی میں نگاہ رکھیں۔
استعمال: دو وقت حسب دستور دانتوں پر ملیں۔

(118)دیگر

منافع: درد دانت نیز درد سر کو چند منٹ میں دور کرتی ہے۔ نہایت سریع الاثر مسیحائی دوا ہے۔
نسخہ: نوشادر تین تولہ' کافور دیسی ایک تولہ' افیون تین ماشہ۔
ترکیب: تینوں ادویہ الگ الگ باریک پیس کر ملالیں اور دوبارہ باریک کریں۔ پھر کپڑ چھان کر کے شیشی میں مضبوط ڈاٹ لگا کر رکھیں۔
استعمال: جس دانت کو درد ہو وہاں مل دیں اور منہ ڈھیلا چھوڑ دیں تاکہ رطوبت آسانی سے نیچے بہہ سکے درد سر میں ڈاٹ اتار کر اسے خوب سونگھیں۔

(119)درد داڑھ

منافع: درد داڑھ کے علاوہ ہر قسم کے خارجی درد مثلاً درد کان' درد سر' درد شقیقہ کے لئے اکسیر ہے۔

نسخہ: کلورل ہیڈریٹ' کافور ہر ایک 4 ماشہ' کوکین 2 رتی۔

ترکیب: سب کو ملا کر انگریزی کھرل میں کھرل کریں۔ جب تیل بن جائے شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: دانت کے ارد گرد لگائیں۔ دیگر دردوں میں بھی درد کی جگہ لگائیں۔ ساتھ نسوار' چاول اور دودھ آک والی (مندرجہ مجربات سلطانی حصہ اول) بھی دو وقت استعمال کی جائے تو زیادہ فائدہ ہوگا۔

(120) روغن درد داڑھ

منافع: درد داڑھ اور درد دانت کے لئے اکسیر ہے۔ فوری فائدہ ہوتا ہے۔

نسخہ: آئیل آف کلوز (روغن لونگ ولائتی) کاربالک ایسڈ' کریازوٹ' ٹنکچر آیوڈین' ٹنکچر اوپیم ہر ایک برابر وزن لے کر شیشی میں ملا لیں۔

استعمال: تھوڑا سا روئی پر لگا کر احتیاط سے درد کرنے والے دانت پر لگائیں۔

(121) منجن اکسیر دندان

منافع: ایک جامع الفوائد دوا ہے یعنی دانتوں کی تمام امراض کو زائل کرنے میں بے مثل ہے۔ مثلاً دانتوں سے خون و پیپ بہنا' پانی لگنا' دانتوں سے بدبو آنا' دانتوں کا ہلنا کیڑا لگ جانا' مسوڑھے پھول جانا' درد دانت' ورم لثہ وغیرہ' ہفتہ میں تین چار دن استعمال کرنے سے دانت مضبوط اور صاف رہتے ہیں اور دانتوں کو تمام امراض سے محفوظ رکھتا ہے۔ نہایت آسان اور قابل تعریف منجن ہے۔ جو ہر گھر اور ہر مطب میں تیار رہنے کے قابل ہے۔ ہمارے ہاں ہمیشہ تیار رہتا ہے۔ ہمارا خاندانی نسخہ ہے۔

نسخہ: نیلا تھوتھ 6 ماشہ' کتھ سفید' مرچ سیاہ' مجیٹھ' باؤبڑنگ' مازو' سعد کوفی' سنبل الطیب' دانہ الائچی کلاں ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب: نیلا تھوتھ کڑچھی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب پھول کر سفید ہو جائے اتار لیں پھر سب کو الگ الگ باریک پیس کر ملا کر شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: رات کو سوتے وقت آہستہ آہستہ انگلی سے دانتوں پر ملیں اور منہ ڈھیلا چھوڑ کر رال نیچے گرائیں پھر ایک پان کھا کر سو رہیں صبح اٹھ کر پانی سے غرغرا کر لیں جہاں پان نہ ملے کوئی مضائقہ نہیں البتہ بعد میں پانی نہیں پینا چاہئے اور نہ ہی کلی کرنی چاہئے۔

(122) منجن عجیب

منافع: دانتوں کی جملہ امراض مثلاً گوشت خورہ (پائیوریا) درد دندان' دانتوں سے خون آنا' مسوڑھوں کا پھول جانا دانتوں کا میلے کچیلے رہنا وغیرہ کے لئے موثر چیز ہے اور نہایت مجرب ہے۔

نسخہ: کتھ سفید' سپاری ہر ایک 2 تولہ گیرو' کھڑیا مٹی ہر ایک 5 تولہ' کافور ایک تولہ' ست پودینہ 3 ماشہ۔

ترکیب: سب کو الگ الگ باریک پیس کر ملا لیں پھر کاربالک آئیل یوکلپٹس آئیل ہر ایک ایک تولہ اچھی طرح ملا کر محفوظ رکھیں۔

استعمال: تھوڑی مقدار صبح وشام دانتوں پر احتیاط سے ملیں اور منہ ڈھیلا چھوڑ کر لعاب نیچے گرائیں۔

(123) منجن دانت خوشبودار

نسخہ و ترکیب استعمال: گل سرخ تین تولہ کبابہ 1 تولہ' متھرا ان ایک تولہ' باریک پیس کر دانتوں پر ملیں۔ دانت مثل موتیوں کے چمکیں گے۔

(124) سفوف حابس خون لثہ

منافع: اگر مسوڑھوں سے خون جاری ہو تو اس نسخہ سے جلد آرام ہو جاتا ہے۔ نہایت سریع الاثر ہے۔

نسخہ: طباشیر' کتھ گلابی' پھٹکڑی بریاں' سرد چینی ہر ایک 2 تولہ کافور' نیلہ تھوتھہ ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب: سب دوائیں الگ الگ باریک کر کے ملا کر خوب کھرل کریں۔

استعمال: مسوڑھوں پر بار بار لگاتے رہیں حتی کہ خون بند ہو جائے جس جگہ سے خون آتا ہو بار بار لگانے سے آرام ہو جاتا ہے۔

(125) منجن اکسیری

اسناد: میرے پیارے دوست چودھری علی احمد صاحب منشی محکمہ نہر نے عنائت فرمایا اور اسے پیٹنٹ کرانے کے لئے ہدایت کی۔

منافع: پائیوریا کا اکسیری علاج ہے۔ منہ کی بدبو' مسوڑھوں سے خون آنا' رطوبت آنا' مسوڑھے پھول جانا اور کمزور ہو جانا وغیرہ شکایات کے لئے اکسیر ہے۔ یہ نسخہ آج تک جب بھی تجربہ کا موقعہ ہوا کبھی خطا نہیں گیا پہلے دن اثر دکھانا اس کا کام ہے۔

نسخہ: کرٹا پرپٹا' سوڈا بائیکارب' پھٹکڑی بریاں ہر ایک 6 ماشہ' راکھ چھلکا کیکر 2 تولہ کاربالک آئیل' یوکلپٹس آئیل ہر ایک 10 بوند' منتھول 3 رتی۔

ترکیب: پہلی چار چیزیں باریک پیس کر ملا لیں بعد ازاں باقی چیزیں ان میں خوب ملا کر سفوف بنا لیں اور شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: صبح نہار اور دوپہر کا کھانا کھانے کے بعد اور رات کو سوتے وقت انگلی یا برش سے دانتوں پر ملیں۔ تکلیف زیادہ ہو یعنی منہ میں زخم ہو گئے ہوں۔ اور تمام رگوں وغیرہ میں درد ہو تو دوائی کو شہد خالص میں ملا کر انگلی سے لگا دینا چاہئے اور اس کے بعد پھٹکڑی والے پانی سے غرغرے کریں اس کے بعد زیری سیاہ گھی میں جلا کر صاف کر کے اس گھی کو گرم کر کے غرغرے کریں اور منہ بند کر لیں تاکہ ہوا نہ لگے اسی وقت تکلیف کو آرام ہو جائے گا۔

نوٹ: دوائی کے بعد منہ ڈھیلا چھوڑ کر لعاب نیچے گراتے رہنا چاہئے چھلکا کیکر کا اوپر والا سخت حصہ اور اندرونی نرم حصہ اتار کر پھینک دینا چاہئے۔ باقی کو خشک کر کے کوٹ لینا چاہئے دوا نہایت احتیاط سے تیار کر کے باقاعدہ استعمال کی جائے۔

(126) منجن دندان

منافع: دانتوں کی جملہ امراض کے لئے بے نظیر اور نہایت آسان ہے۔ آزمائیں اور داد دیں۔
نسخہ و ترکیب: کچلہ کو جلا کر کوئلہ بنا لیں پھر فی کچلہ کے حساب سے پھٹکڑی بریاں نیلہ تھوتھہ بریاں، کالی مرچ ہر ایک ایک ماشہ باریک کر کے ملا لیں اور شیشی میں نگاہ رکھیں۔
استعمال: حسب دستور تھوڑا سا صبح و شام یا رات کو سوتے وقت دانتوں پر ملیں۔ لعاب نیچے گراتے رہیں۔

مجربات امراض حلق و دہن

(127) استرخاء لہات (کوے کا لٹک جانا)

منافع: استرخاء لہات (کوے کا لٹک جانا) کے لئے جس میں بچہ سوکھ جاتا ہے۔ خصوصاً گردن کمزور اور تالو بیٹھ جاتا ہے۔ کان پتلے ہو جاتے ہیں۔ کبھی کبھی سبز یا سفید دست بھی جاری ہو جاتے ہیں نہایت مجرب ہے۔
نسخہ: مغز کنول ڈوڈہ تین تولہ، طباشیر، مغز تخم بنق دانہ، الائچی خورد ہر ایک 6 ماشہ، جائفل 2 رتی۔
ترکیب: تمام دوائیں الگ الگ کوٹ کر سفوف تیار کریں۔
استعمال: 4 رتی سے ایک ماشہ تک ماں کے دودھ یا شربت حب الاس میں ملا کر پلائیں۔

(128) دیگر

نسخہ: انار کی ڈوڈی ایک عدد، طباشیر، دانہ الائچی خورد، کتھ سفید، مازو ہر ایک تین ماشہ۔
ترکیب: تمام دوائیں خوب باریک کوٹ کر کپڑ چھان کر لیں اور شیشی میں نگاہ رکھیں۔
استعمال: ایک ماشہ دوا لے کر والدہ کے دودھ میں گھول کر پلا دیں۔
یادداشت: انار کی ڈوڈی سے مراد، انار کے پھل کی ڈوڈی ہے۔ اسے خشک کر کے کام میں لائیں۔

(129) گلا صاف کرنے کی گولیاں

منافع: واعظوں، لیکچراروں بلند آواز سے قصے اور غزلیں پڑھنے والوں گانے کے شائقین کے لئے مجرب ہیں۔ ان سے گلا صاف ہو جاتا ہے۔ آواز زور سے اور صاف نکلتی ہے۔
نسخہ: سہاگہ بریاں، گوند کیکر، سنبل الطیب ہر ایک تین ماشہ، مرچ سیاہ، جوکھار، پپلا مول ہر ایک 6 ماشہ، ملٹھی کا آٹا، شکر تری (کھانڈ) ہر ایک ایک تولہ۔
ترکیب: سنبل الطیب کو قینچی سے باریک کتر لیں پھر سب کو ملا کر باریک کریں اور کپڑ چھان کر لیں۔ پھر پانی کی مدد سے چنے کے برابر گولیاں تیار کریں اور سایہ میں خشک کریں۔

استعمال: ایک گولی منہ میں رکھ کر لعاب چوستے رہیں۔

(130) اکسیر خناق

اسناد: محترم دوست حکیم جمال دین صاحب جراح کا مایہ ناز مجرب نسخہ ہے۔

منافع: اگر حلق میں ورم ہو یعنی ابتدائی درجہ ہو تو اس کو جلا دیتی ہے۔ اگر پیپ بن گئی ہو تو پھاڑ دیتی ہے۔ خناق کے واسطے عمدہ چیز ہے۔

نسخہ و ترکیب: سیاہ سانپ کو کسی برتن گلی میں ڈال کر برتن کا منہ چینی سے بند کر کے گل حکمت کریں اور خشک کر کے 25 سیر اوپلوں کی آگ میں پھونک لیں۔ جب سرد ہو جائے پیس کر شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: بقدر ایک رتی دوا لے کر شہد میں ملا کر چٹائیں۔ دن میں دو بار دیں۔

یادداشت: خناق کے لئے ایک تیر بہدف نسخہ مجربات سلطانی حصہ دوم میں درج ہو چکا ہے۔

(131) غرغرہ برائے خناق مجرب

منافع: خناق (یعنی تالو، حلق، حنجرہ وغیرہ کے اندر جو ورم ہو جاتا ہے جس سے مریض کوئی چیز نہیں نگل سکتا) کے لئے نہایت نافع ہے۔ کئی دفعہ کا آزمودہ ہے۔

نسخہ: گل سرخ ایک تولہ، کشنیز خشک، تکو خشک ہر ایک 2 تولہ عدس یعنی مسور 4 تولہ، گودہ املتاس 5 تولہ۔

ترکیب و استعمال: سوائے گودہ املتاس کے باقی دوائیں تین پاؤ پانی میں جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے مل چھان کر گودہ املتاس اس میں حل کر کے دوبارہ چھان لیں۔ نیم گرم دوا سے غرغرہ کرتے رہیں۔ تکرار عمل سے غافل نہ رہیں۔ ساتھ ہی گودہ املتاس 3 تولہ کو ایک پاؤ شیر بز گرم میں حل کر کے چھان لیں اور مصری سے میٹھا کر کے پلائیں۔ مندرجہ ذیل نسخہ کا ضماد کریں۔

(132) ضماد برائے خناق

منافع: خناق کی ورم پختہ کرتا ہے۔ نیز ورم کو پھاڑ دیتا ہے اور درد کو تسکین دیتا ہے۔

نسخہ: بنفشہ، بابونہ، اکلیل الملک، تخم کنوچہ، مویز منقہ ہر ایک ایک تولہ، تخم خطمی، تکو خشک ہر ایک 5 تولہ آرد جو نیم پاؤ روغن گل 6 تولہ۔

ترکیب و استعمال: سب کو کوٹ کر مناسب پانی ملا کر ضماد تیار کر کے لگائیں۔

مجربات امراض سینہ و پھیپھڑے وغیرہ

(133) حریرہ خشک کھانسی

منافع: خشک کھانسی کے لئے بہترین نسخہ ہے اور مقوی دماغ اور مجرب ہے۔

نسخہ: سبوس گندم 5 تولہ، مغز تخم کدو، مغز تخم خیارین، مغز تخم خربوزہ، مغز تخم تربوز ہر ایک ایک تولہ

[illegible] کاٹمی 2 تولہ، کھانڈ تین تولہ۔

ترکیب: سبوس گندم کو تین پاؤ پانی میں جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے مل چھان کر رکھ دیں۔ مغزیات کو پیس لیں پھر سوائے کھانڈ کے سب اشیاء کو دیگچہ قلعی شدہ میں ڈال کر جوش دیں۔ جب گاڑھا ہو جائے تو کھانڈ ملا کر اتار لیں۔

استعمال: نیم گرم ہی ایک ایک گھونٹ کر کے پلا دیں یا چمچہ سے کھلائیں۔ دن کی نسبت رات کو سوتے وقت استعمال کرانا بہتر ہے۔ یہ سب دوا ایک دفعہ کے لئے ہے۔

(138) شربت برائے امراض سینہ و شش

منافع: تپدق، سل، کھانسی ہر قسم پختہ و خام کے لئے اکسیر ہے۔ دمہ نزلی کو فائدہ بخشتا ہے۔

نسخہ: مغز تخم خیارین 4 تولہ، ملٹھی، تخم کتان ہر ایک 1 تولہ، خشخاش سفید 15 تولہ، گل بنفشہ ایک تولہ، بیخ سوسن، بیخ پان، گاؤزبان، گل گاؤزبان ہر ایک 2 تولہ، لسوڑیاں 25 عدد، عناب 30 عدد، کوکنار 6 تولہ، بورہ صندل سفید، ابریشم خام ہر ایک تین تولہ، قند سفید 3 پاؤ۔

ترکیب: کوٹنے والی دوائیں کوٹ کر پھر سب کو چار پہر تک ایک سیر پانی میں بھگو دیں۔ پھر جوش دیں جب نصف رہ جائے مل چھان کر مصری ملا کر شربت تیار کریں۔

استعمال: دو دو تولہ صبح و شام تین حصہ پانی ملا کر استعمال کریں۔

(135) دوائے ضیق النفس و سعال

منافع: ضیق النفس (دمہ) اور کھانسی کا دورہ روک دیتی ہے۔ خصوصاً دمہ نزلی میں مفید ہے۔ عام طور پر دمہ اور کھانسی کے لئے مفید ہے۔ کئی دفعہ کی مجرب ہے۔

نسخہ: سبوس گندم 2 تولہ، کوکنار ایک عدد، صمغ عربی 2 ماشہ، لسوڑیاں 11 عدد، ملٹھی 7 ماشہ، تخم کتان ایک تولہ، مصری تین تولہ۔

ترکیب: سوائے صمغ عربی کے باقی دوائیں آدھ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب نصف یا تہائی رہ جائے تو مل چھان کر صمغ عربی باریک پیس کر اس پر چھڑک دیں اور مصری ملا کر ہمراہ سفوف مندرجہ ذیل تین ماشہ استعمال کریں۔

نسخہ سفوف: ملٹھی، بہدانہ، خشخاش ہر ایک 6 ماشہ، مغز بادام 11 عدد، کتیرا 2 ماشہ، مویز منقہ 11 عدد، مصری تین تولہ سب کو باریک کر کے سفوف کر لیں۔

(136) سفوف اکسیر تپ دق

استاد: شمس الحکماء حکیم مولوی شمس الدین صاحب کا معمول مطب اور مجرب ہے۔

نوٹ: اس کے بعد جو تین نسخے لکھے جا رہے ہیں۔ یہ بھی علامہ ممدوح کے عطیہ و مجرب ہیں اور دستور العمل بنانے کے قابل ہیں۔ حکیم صاحب ممدوح سل دق کے مشہور معالج تھے۔

اعضاء رئیسہ شریفہ کو طاقت دیتا ہے۔

منافع: تپدق کے لئے اکسیر ہے۔ اعضاء رئیسہ شریفہ کو طاقت دیتا ہے۔

نسخہ: طباشیر، الائچی خورد، ست گلو، آرد گلو، رب السوس، صمغ عربی، نشاستہ، شکر تیغال، آرد ملٹھی، مغز تخم کدو، خشخاش سفید، تخم خرفہ، تخم کاہو، سبوس اسبغول، ورق نقرہ، کشتہ مرجان، کشتہ عقیق ہر ایک تین ماشہ، مصری کوزہ چھ ماشہ۔

ترکیب: الگ الگ باریک پیس کر ملالیں۔ بس تیار ہے۔

استعمال: تین ماشہ صبح تین ماشہ شام ہمراہ شربت اعجاز، عرق گاؤزبان، عرق گلو، عرق کاسنی، عرق مکو ہر ایک تین تولہ استعمال کریں۔

(137) عرق تپ مرکبہ

منافع: تپ خلطی مرکب، تپ کہنہ (جو دق کے مشابہ ہو اور کئی مہینوں سے دامن گیر ہو اور معمولی علاجوں سے نہ جاتا ہو) کے لئے نہایت مفید ہے۔ عام مرکب تپوں اور دق میں مفید ہے۔ نہایت عمدہ و مجرب ہے۔ اور کئی دواخانوں میں مستعمل ہے۔

نسخہ: تخم کاسنی، تخم خیارین، تخم کدو، تخم خربوزہ، تخم تربوز، تخم کاہو ہر ایک 10 تولہ، گل نیلوفر، گل سرخ، برادہ صندل سفید، برادہ صندل سرخ، مکو خشک، خطمی خبازی، ملٹھی، گلو سبز، عناب، پوست بیخ کاسنی، تخم خرفہ، بادیاں، خوب کلاں ہر ایک 4 تولہ، برگ گاؤزبان 6 تولہ، برگ بید سائیدہ آب خیار، آب کدو شیریں ہر ایک 15 تولہ، پانی 10 سیر۔

ترکیب: کوٹنے والی دوائیں کوٹ کر سب کو ملا کر 24 گھنٹہ تک بھگو رکھیں پھر دس بوتل عرق کشید کریں۔ نیچے کے منہ پر کافور، طباشیر، زہر مہرہ ہر ایک 3 ماشہ پوٹلی باندھ کر لٹکائیں۔

استعمال: 5 تولہ سے 8 تولہ تک روزانہ صبح و شام پلادیں۔

(138) سفوف سل ودق

منافع: سل دق میں ایسے موقع پر دیا جاتا ہے جب کھانسی شدید ہو اور بلغم کا نکلنا مقصود ہو مرض دوسرے درجہ پر ہو اور کمزوری بہت ہو پسینہ زیادہ اور پیشاب و پاخانہ میں رسوب اور دہنیت ظاہر ہو تو بھی نفع مند ہے۔

نسخہ: مغز تخم خیارین، گل سرخ ہر ایک 16 ماشہ، مغز تخم کدو شیریں، مغز بیہدانہ، مغز تخم خربوزہ، تخم خرفہ، زہر مہرہ اصلی، سنگ یشب سبز، صندل سفید ہر ایک 4 ماشہ، طباشیر، کتیرا، زعفران، شادنہ عدسی مغسول رب السوس، تخم خشخاش سفید، افیون خالص ہر ایک 5 ماشہ، گل ارمنی، کافور ہر ایک 6 ماشہ سرطان سوختہ 1 ماشہ۔

ترکیب: سب کو جدا جدا باریک پیس کر سفوف کرلیں۔ گاہے لعاب اسبغول میں قرص تیار کرلئے جاتے ہیں۔

استعمال: تین ماشہ سے 5 ماشہ تک ہمراہ آب خالص یا عرق گاؤزبان استعمال کریں۔

(139) شربت سل ودق

منافع: سل دق کے لئے مجرب و آزمودہ ہے۔ اگر کھانسی زیادہ ہو اور بلغم کا پکانا مطلوب ہو تو ایسے موقع پر زیادہ زیر معمول ہے۔ عام کھانسی اور زکام کے لئے بھی مفید ہے۔ بلغم کو پکا کر خوب خارج کرتا ہے۔

نسخہ: بنفشہ، گل نیلوفر، زوفا ہر ایک تین تولہ عناب 20 دانہ، پرساؤشاں، تخم خبازی تخم خطمی، گاؤزبان، بہدانہ، تخم کتان، تخم حلبہ، سونف، مغز کدو، ملٹھی، منقہ ہر ایک دو تولہ، انجیر 7 دانہ، لسوڑیاں 5 تولہ، بیخ سوسن ایک تولہ مصری ایک سیر، حسب دستور شربت تیار کرلیں۔

استعمال: 5 تولہ صبح و شام ہمراہ عرق گاؤزبان یا پانی استعمال کریں مگر پہلے لعوق خیار شنبر 7 ماشہ کھالیں۔

نسخہ لعوق: لسوڑیاں کوفتہ 30 دانہ، عناب 50 دانہ، مویز منقہ 40 دانہ کو آدھ سیر پانی میں جوش دیں جب ایک تہائی رہ جائے مل چھان کر اس میں مغز فلوس، خیار شنبر 2 تولہ خوب مل کر چھان کر مصری 1 پاؤ شامل کر کے لعوق تیار کریں۔

(140) سفوف سل دق دیگر

منافع: سل دق کے لئے نہایت مجرب ہے۔ خصوصاً خون آرہا ہو تو اس کو بلا تکلیف بند کر دیتا ہے۔

نسخہ: بہدانہ، گل خطمی، گل ارمنی، تخم خرفہ، دارچینی، صمغ عربی، کتیرا، نشاستہ، شاخ گوزن سوختہ، خشخاش سفید، برادہ دندان فیل ہر ایک نصف درم، مغز تربوز، مغز خربوزہ ہر ایک ایک درم، سب کو الگ الگ باریک کر کے ملالیں۔

استعمال: تین ماشہ سے 7 ماشہ تک ہمراہ پانی یا شربت مناسب استعمال کریں۔

(141) حب اکسیر سل

منافع: جب کہ سل کے مریض کو خون آرہا ہو ایسے موقعہ پر نہایت سریع التاثیر ہیں۔ ان سے دوسرے تیسرے روز ہی بلا تکلیف خون بند ہو جاتا ہے۔ اور کامیابی کے آثار ظاہر ہونے لگتے ہیں۔ چند روز کے بعد اور مناسب دوا ساتھ شروع کر دینا چاہئے۔ مجرب و تیر بہدف ہیں۔

نسخہ: کشتہ سکہ 2 رتی، افیون خالص 8 رتی۔

ترکیب: دونوں دواؤں کو آپس میں کھرل کر کے پانی کی مدد سے اس تمام دوا کی 16 گولیاں بنائیں۔

استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ عرق خاص 2 تولہ استعمال کریں۔ طاقت کے لئے دواء المسک معتدل یا کشتہ سونا یا مالتی بسنت استعمال کریں۔

ترکیب کشتہ سکہ: سکہ حسب ضرورت لے کر باریک پترے کر کے لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں جب گل جائے تو اس میں آکسن بوٹی کی جڑ ہلاتے رہیں۔ آگ تیز جلائیں۔ جب سکہ خاک ہو جائے تو اتار لیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

نوٹ: سکہ کے باریک پترے کر کے کتر لینا چاہیے۔
نسخہ عرق خاص: کشتہ 2 تولہ تیزاب نمک 30 قطرہ، کشتہ کو باریک پیس کر ایک بوتل پانی میں حل کر لیں تیار ہے۔

(142) سفوف اکسیر سل ودق

منافع: سل میں ایسے موقع پر استعمال کرایا جاتا ہے۔ جب پیپ آ رہی ہو اور مایوسی ہو سل کی آخری حالت میں تیر بہدف ثابت ہوتا ہے۔ اور یقینی و فوری فائدہ ظاہر ہونے لگتا ہے۔ اس سفوف کی قدر استعمال کے بعد بخوبی معلوم ہوگی۔ مجرب المجرب ہے۔ مریض کو ایک ہفتہ میں افاقہ ہو جاتا ہے۔

نسخہ: پوست بیخ پدماکھ، آرد گلو خشک، کشنیز خشک، گل نیلوفر، برگ نیم ہر ایک ایک تولہ، سب ادویہ الگ الگ باریک پیس کر ملا کر خوب کھرل کر لیں۔

استعمال: تین ماشہ سفوف میں حب کریازوٹ ایک عدد رکھ کر پھانک لیں اوپر سے کوئی عرق یا پانی چند گھونٹ پی لیں۔

نسخہ حب کریازوٹ: کونین سلفاس، کریازوٹ ہر ایک ایک تولہ، کافور، آیوڈوفارم ہر ایک تین ماشہ سب کو ملا کر پانی کی مدد سے گولیاں بقدر 2 رتی تیار کریں۔

(143) مفرح تپ دق

منافع: دق کے لئے اکسیر ہے۔ جب مریض کمزور ہو رہا ہو اور کسی طاقتور دوا کی ضرورت ہو اس حالت میں نہایت عمدہ اثر دکھاتا ہے۔ چند روز میں ہی مریض کی حالت بہتر ہونے لگتی ہے۔ مجرب ہے۔

نسخہ: مروارید ناسفتہ، طباشیر کبود، کہربا شمعی، ست گلو، کیرا، دانہ الائچی خورد، صندل سفید ہر ایک 4 ماشہ، سرطان سوختہ 3 ماشہ، رب السوس، ابریشم خام ہر ایک 2 ماشہ، مغز تخم کدو شیریں، مغز تخم خیارین، مغز تربوز، تخم خرفہ، تخم کاہو، گل سرخ، تخم خشخاش ہر ایک 9 ماشہ، گل بنفشہ 5 ماشہ، کافور قیصوری 2 ماشہ زعفران ایک ماشہ، مصری ایک پاؤ۔

ترکیب: ابریشم، گل بنفشہ، گل سرخ، تخم کاہو، صندل سفید کو ایک پاؤ پانی میں رات کو تر کریں۔ صبح جوش دے کر مل چھان لیں اور مصری ملا کر قوام بنائیں۔ پھر باقی دوائیں باریک پیس کر ملا دیں اور ورق نقرہ 25 عدد ملا کر رکھ لیں۔

استعمال: چار ماشہ سے 6 ماشہ تک کسی عرق یا شربت مناسب کے ساتھ استعمال کریں۔

(144) قرص مخفی برائے سل ودق

منافع: یہ بے نظیر نسخہ سل دق کے مخفی نسخہ جات میں سے ہے اگر اس مرض کی کسی خاص دوا کی تلاش ہو تو اس نسخہ کو استعمال کرنا چاہیے۔ اس سے جراثیم کا قلع قمع ہو جاتا ہے۔ شروع مرض میں تو بہت جلد کامیابی ہوتی ہے۔ یہ نسخہ بڑی دقت سے حاصل کیا گیا ہے۔

نسخہ: مروارید ناسفتہ' یشب سبز' یاقوت سرخ' زہر مہرہ خطائی' کہربا شمعی' ورق طلا' ورق نقرہ' کافور ہر ایک ایک ماشہ' ست گلو' طباشیر' الائچی خورد' شکر تیغال' سرطان نہری سوختہ' سریش ماہی' بکرے کی آنکھ کے دونوں موتی' کیرا سفید' خشخاش سفید' ابریشم مقرض' ریشہ برگد ہر ایک 3 ماشہ' صمغ عربی' رب السوس ہر ایک 1 ماشہ' مغز کدو' مغز تربوز' مغز پیٹھہ' مغز تخم خیارین' مغز تخم خربوزہ' تخم خرفہ تخم پالک ہر ایک 6 ماشہ۔

ترکیب: پہلی سات دواؤں کو عرق کیوڑہ یا دودھ میں خوب کھرل کریں مگر کہربا کو پہلے کوئلوں کی آگ میں سرخ کر کے تین دفعہ عرق کیوڑہ یا دودھ میں خوب کھرل کریں۔ جب یہ اشیاء کھرل کرنے کے بعد خشک ہو جائیں تو ان میں کافور باریک شدہ ڈال کر ایک گھنٹہ تک پھر کھرل کریں۔ پھر باقی اشیاء الگ الگ باریک پیس کر ملا کر دوبارہ خوب پیسیں اور کھرل شدہ دواؤں میں اچھی طرح ملالیں اور آب پیٹھہ آدھ سیر میں مصری آدھ سیر کا قوام کر کے تمام باریک شدہ دواؤں کو اچھی طرح ملالیں۔

استعمال: تین ماشہ سے 6 ماشہ تک ہمراہ عرق گاؤزبان 12 تولہ یا عرق ہرا بھرا 12 تولہ۔

(145) دیگر

منافع: یہ قرص بھی سل دق درجہ اول و دوم کے لئے نہایت مفید و مجرب ہیں۔ ان سے طاقت پیدا ہوتی ہے۔ اور تپ وغیرہ عوارض کو جلد نفع ہو جاتا ہے۔ اس میں تمام فوائد پائے گئے ہیں۔ جراثیم کا قلع قمع کرتا ہے۔ یہ نسخہ مندرجہ بالا نسخہ سے ارزاں ہے۔ مطب کا معمول ہے۔

نسخہ: کشتہ مرگانگ' کشتہ ابرک سفید' خوب کلاں مدبر' ست گلو' طباشیر کبود' الائچی خورد' کافور' کشتہ صدف ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب: سب دواؤں کو خوب کھرل کر کے لعاب بہدانہ ملا کر قرص بقدر دو دو ماشہ تیار کریں۔

استعمال: نصف قرص صبح نصف شام ہمراہ عرق شیر یا عرق نمبر 137 استعمال کریں۔

خوب کلاں مدبر کرنے کی ترکیب: دونیاں' چونیاں' اٹھنیاں روپے ہر ایک 5 عدد خوب دھو کر ایک کٹورہ میں ڈالیں اور اس میں خوب کلاں 5 تولہ ڈال کر پانی سے بھر دیں۔ اور ہاتھ سے خوب ملیں۔ جب خوب کلاں کا چھلکا اتر کر سفید نکل آئے تو تیار سمجھیں پھر نکال کر چاول الگ کر کے خشک کریں۔

کشتہ مرگانگ: پارہ' آملہ سار' قلعی' نوشادر مساوی الوزن لے کر حسب دستور مرگانگ تیار کریں۔ جس کا طریقہ عام ہے۔ جو مجربات سلطانی حصہ دوم امراض مخصوصہ مردمان میں بھی درج ہے۔

کشتہ ابرک سفید: گدھی کے دودھ یا مولی کے پانی میں تیار کیا گیا ہو تو بہتر ہے۔

(146) حب کھانسی

منافع: کھانسی کے ہر درجہ اور ہر قسم میں مفید ہیں۔ خواہ تر ہو یا خشک نہایت موثر و مجرب ہیں۔

نسخہ: خشخاش' شکر تیغال' کیرا' مغز بادام مقشر' خطمی' گل گاؤزبان' افیون ہر ایک 2 ماشہ' زعفران ایک

ماشہ، صمغ عربی تین ماشہ، رب السوس، مغز تخم کدو ہر ایک 6 ماشہ۔

ترکیب: سب ادویہ الگ الگ پیس کر ملا لیں اور لعاب اسبغول و لعاب بیہدانہ ملا کر چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

استعمال: ایک گولی منہ میں رکھ کر لعاب چوسیں۔

(147) دیگر

منافع: کھانسی ہر قسم خصوصاً کھانسی خشک کے لئے نہایت مفید ہیں۔ ایک ہی دن میں فائدہ کر دیتی ہیں۔ مطب کا معمول و مجرب نسخہ پیش کیا جاتا ہے۔ جو بالکل بے ضرر اور آسان ہے۔

نسخہ: تخم کاہو، تخم خرفہ، رب السوس، تخم خطمی، بیہدانہ، کتیرا ہر ایک تین ماشہ، مغز تخم کدو، مغز تخم خیارین، مغز بادام ہر ایک 6 ماشہ۔

ترکیب: تمام ادویہ الگ الگ باریک کر کے ملا کر خوب پیسیں اور اسبغول کے لعاب سے چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

استعمال: ایک یا دو گولیاں منہ میں رکھ کر لعاب چوسیں۔ کھانسی زیادہ ہو تو گھنٹہ گھنٹہ کے بعد ایک ایک گولی منہ میں رکھیں۔

(148) حب کھانسی اطفال

منافع: چھوٹے بچوں کی کھانسی کے لئے نہایت مجرب اور معمول مطب بنانے کے قابل ہیں۔

نسخہ: صمغ عربی، نشاستہ، رب السوس، خشخاش ہر ایک ایک ماشہ افیون ایک رتی۔

ترکیب و استعمال: الگ الگ باریک پیسیں اور پانی میں کھرل کر کے گولیاں بقدر نصف نصف رتی تیار کریں۔ ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ پانی استعمال کریں۔

(149) لعوق کالی کھانسی

منافع: یہ لعوق ہوپنگ کف یعنی کالی کھانسی اطفال کے لئے ہمارے مطب میں ہمیشہ تیار رہتا ہے۔ یہ نسخہ مستند اور ہمیشہ کا معمول و مجرب ہے۔ زود اثر و مجرب ہونے کے لحاظ سے قابل قدر ہے۔

نسخہ: اتیس، شکر تیغال، کاکڑہ سنگی، نمک سونچر، ناگر موتھ، دانہ الائچی کلاں، سہاگہ شگفتہ ہر ایک 6 ماشہ۔

ترکیب: سب کو الگ الگ باریک پیس کر شہد اس قدر ملائیں کہ لعوق تیار ہو جائے۔

استعمال: تھوڑی تھوڑی مقدار میں بچہ کو دن میں چار بار چٹائیں۔

(150) چٹنی برائے کھانسی ہر قسم

اسناد: حضرت استاذ علامہ حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کی معمول ہے۔

منافع: کھانسی ہر قسم، نزلہ، زکام کے لئے مفید ہے۔ بلغم کو آسانی سے نکالتی اور کھانسی کی شدت میں آرام

ہمارے بہت دوستوں کی معمول ہے۔

رب السوس 9 ماشہ، طباشیر، دانہ الائچی خورد ہر ایک تین ماشہ، کتیرا، صمغ عربی ہر ایک 6 ماشہ، سفید 7 ماشہ، مغز تخم کدو، مغز بادام مقشر، روغن بادام ہر ایک تولہ۔

سب دوائیں کوٹ پیس کر شہد میں چٹنی بنا لیں۔

دن رات میں ضرورت کے مطابق کئی دفعہ چٹائیں مناسب ہو تو کسی شربت کے ہمراہ دیں۔

(151) دیگر

ہمارے محترم دوست جناب حکیم مولوی شمس الدین صاحب چوکناں وال ضلع گجرات کے ۔۔۔ سے ہے۔

کھانسی ہر قسم کے لئے بلا لحاظ مزاج و اسباب مفید و مجرب ہے۔

تخم خطمی 15 ماشہ، ملٹھی کوفتہ، بہدانہ ہر ایک 7 ماشہ، خشخاش سفید و سیاہ ہر ایک 10 ماشہ، صمغ کتیرا ہر ایک 5 ماشہ مصری ایک پاؤ۔

پہلی تینوں دوائیں رات کو آدھ سیر پانی میں تر کریں۔ پھر جوش دیں جب آدھ پاؤ رہ جائے تو مل کر مصری ملا کر قوام بنائیں پھر باقی دواؤں کا سفوف "جو پہلے تیار پڑا ہو" ملا دیں۔ بس تیار ہے۔ تین ماشہ دن میں تین چار دفعہ پلائیں۔

(152) سفوف کھانسی ہر قسم

اس نسخہ کے متعلق اسی قدر عرض کر دینا کافی ہے کہ یہ ہمارے ہاں کئی مطبوں میں ہمیشہ تیار اور ۔۔۔ سے استعمال ہوتا ہے۔ ہر قسم کی کھانسی کے لئے مفید ہے۔

ملٹھی، آرد خطمی، گل بنفشہ، گاؤزبان، کتیرا، مغز تخم کدو، مغز تخم تربوز ہر ایک 8 تولہ، الائچی ۔۔۔ ہر ایک 4 تولہ، برگ بانسہ، لسوڑیاں ہر ایک 2 تولہ۔

سب دوائیں الگ الگ کوٹ کر وزن کر کے ملا لیں۔

ایک ایک ماشہ صبح، دوپہر و شام ہمراہ عرق گاؤزبان استعمال کریں یا شہد یا شربت بنفشہ یا شربت ۔۔۔ ملا کر چٹنی بنا کر استعمال کریں۔

(153) شربت شفاء

کھانسی خشک و تر، ذات الجنب، نزلہ، زکام پختہ و خام انفلوئنزا کے لئے بہت مفید ہے۔ نزلہ، زکام کے ساتھ تپ ہو تو اس کو بھی فوری فائدہ کرتا ہے۔ بلغم کو پکاتا، غلبہ صفرا کو دور کرتا ہے۔ ہم صفت ۔۔۔ آسان اور ارزاں شربت ہے۔

لسوڑیاں، عناب ہر ایک 10 تولہ، خطمی، خبازی، نیلوفر، گاؤزبان ہر ایک 2 تولہ، مصری 3 پاؤ۔

لسوڑیاں، عناب کو کوٹ کر باقی اشیاء کے ساتھ ملا کر چوبیس گھنٹہ تک سیر پانی میں بھگو رکھیں اور

جوش دیں۔ جب تیسرا حصہ رہ جائے تو مل چھان کر مصری ملا کر شربت تیار کریں۔

استعمال: تین تولہ صبح تین تولہ شام سے چند پانی ملا کر پلائیں یا دن میں تین چار بار استعمال کرائیں۔ موسم سرما میں گرم کر لینا ضروری ہے۔

(154) شربت مرکب ابریشم والا

منافع: نزلہ، زکام، کھانسی ہر قسم میں مفید ہے۔ نزلہ دماغی کو روکتا ہے۔ رقیق مواد کو غلیظ کر کے نزلہ، زکام اور کھانسی کو فائدہ کرتا ہے۔ ذات الجنب، پرانی کھانسی ہر قسم نزلہ و زکام ہر قسم کے لئے نہایت کارآمد ہے۔

نسخہ: بنفشہ، زوفا، گاؤزبان، تخم کتان، بیخ سوسن، کوکنار، ملٹھی خبازی ہر ایک 2 تولہ، لسوڑیاں 30 دانہ، عناب 40 دانہ، ابریشم خام 8 تولہ، مصری تین پاؤ، خشخاش 15 ماشہ۔

ترکیب: کوٹنے والی دوائیں کوٹ لیں۔ ابریشم کو کتر کر صاف کر لیں پھر سب کو چار پہر ایک سیر پانی میں تر کریں اور جوش دیں۔ جب تیسرا حصہ رہ جائے مل چھان کر مصری ملا کر شربت تیار کریں۔

استعمال: تین تین تولہ صبح و شام یا دن میں تین چار دفعہ ضرورت کے مطابق پانی یا عرق گاؤزبان ملا کر استعمال کریں۔

(155) حب اکسیر ذات الجنب

منافع: ذات الجنب (درد پسلی) کا ایک اکسیری نسخہ بنام سفوف اکسیر اوجاع حصہ دوم میں درج ہو چکا ہے۔ اب یہ نسخہ حاصل کر کے ناظرین کی خاطر درج کیا جاتا ہے۔ جو ذات الجنب نمونیہ کے لئے نہایت مفید ہے۔ ایک مخلص دوست نے مطب کے لئے عطا فرمایا تھا۔ جو لوگوں کے فائدہ کے لئے شائع کیا جاتا ہے۔ درد ریح، درد ہر قسم کے لئے مخصوص چیز ہے۔

نسخہ: اسٹرکنیا تین ماشہ، ہیرا ہینگ ایک تولہ، عرق گلاب دو آتشہ 15 تولہ۔

ترکیب: پہلے اسٹرکنیا کو پانچ منٹ تک کھرل کریں پھر ہیرا ہینگ ڈال دیں اور عرق تھوڑا تھوڑا ڈال کر کھرل کرتے رہیں۔ جب تمام عرق خرچ ہو جائے حبوب مقدار دانہ باجرہ تیار کریں۔

استعمال: ایک گولی دودھ گرم یا کسی جوشاندہ یا شربت کے ساتھ استعمال کرائیں۔ بہتر ہے پہلے کوئی چیز کھلا دی جائے۔ عام دردوں میں ہمراہ گھی گرم شدہ پانچ تولہ استعمال کرائیں۔

نوٹ: گولی کا وزن زیادہ نہ ہو اس نسخہ میں اسٹرکنیا سخت زہریلی دوا ہے اس لئے استعمال میں احتیاط لازمی ہے۔

(156) سفوف اکسیر ذات الجنب

منافع: ذات الجنب، ذات الریہ، ذات العرض، درد ریح، درد سینہ شوصہ کے لئے اکسیر ہے جہاں فصد سے آرام نہ ہو اس کے استعمال سے فائدہ ہو جاتا ہے۔

نسخہ: چونہ 'افیون ہر ایک تین تین ماشہ شورہ قلمی 8 تولہ۔
ترکیب: الگ الگ پیس کر خوب ملا لیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔
استعمال: چار چار رتی صبح و شام ہمراہ دودھ گرم استعمال کرائیں۔ اگر درد زیادہ ہو تو تین تین گھنٹہ کے بعد دیں۔ اگر ساتھ کھانسی کی شکایت ہو تو ہمراہ شربت بنفشہ تین تولہ عرق گاؤزبان 10 تولہ استعمال کرائیں۔ دردِ ریح میں ہمراہ عرق سونف' عرق پودینہ' عرق الائچی ہر ایک تین تولہ دیں' درد کی جگہ پر کسی قسم کی مالش بھی کریں۔ سردی سے اجتناب کریں۔

(157) یونانی لال شربت

منافع: کھانسی ہر قسم' دق و سل کے لئے نہایت مفید ہے۔ تمام امراض سینہ و شش میں بہت موثر ثابت ہوا۔ خون ریہ کو بند کرتا ہے۔ انگریزی لال شربت سے زیادہ مفید ثابت ہوا ہے۔ دیسی شربت کی طرح تیار ہوتا ہے۔
نسخہ: زخم حیات بوٹی خشک آدھ سیر' گل گاؤزبان' ملٹھی' صندل سفید' صندل سرخ' بنفشہ' خطمی' خبازی ہر ایک 2 تولہ' انجبار' گلو خشک ہر ایک 5 تولہ' پرسیاؤشان 1 تولہ' انجیر 5 عدد' مویز منقیٰ 30 عدد' برگ بانسہ 3 تولہ۔
ترکیب: زخم حیات بوٹی کو تین روز تک ڈیڑھ سیر پانی میں بھگو دیں پھر دو جوش دیں اور مل چھان کر اس کے پانی میں باقی تمام دوائیں تین پہر تک تر کریں اور خوب جوش دے کر مل چھان کر مصری تین پاؤ ملا کر قوام شربت تیار کریں۔ تیار شدہ شربت میں کشتہ ابرک سفید "گدھی کے دودھ میں تیار کیا گیا ہو تو زیادہ مفید ہے" ایک تولہ ملا کر محفوظ رکھیں۔
استعمال: ایک ایک تولہ' صبح' دوپہر' شام عرق گاؤزبان 5 تولہ میں ملا کر بغیر عرق کے استعمال کریں۔

(158) دیگر

منافع: سل اور دق کی خاص دوا ہے۔ کھانسی وغیرہ تمام امراض سینہ و شش کے لئے مفید اور سستی ہے۔
نسخہ: گاؤزبان' نیلوفر' لسوڑیاں ہر ایک ایک پاؤ ملٹھی 10 تولہ' برگ بانسہ ایک سیر' سرطان نہری 3 تولہ' کشتہ سنگ جراحت ایک تولہ' کچنیل اصلی یا رنگ سرخ شیریں بقدر ضرورت۔
ترکیب: سوائے کچنیل اور کشتہ سنگجراحت کے باقی تمام دواؤں کا ایک بوتل عرق تیار کریں اور پھر اس میں مصری ایک سیر اور کچنیل یا رنگ سرخ شیریں ایسی بقدر ضرورت ملا کر شربت تیار کریں بعد میں کشتہ سنگ جراحت خوب ملا لیں۔
استعمال: چار چار ماشہ صبح' دوپہر' شام شربت مرکب 2 تولہ یا شربت اعجاز 2 تولہ عرق گاؤزبان میں ملا کر یا ویسے ہی استعمال کریں۔
نوٹ: کچنیل انگریزی دوا فروشوں سے مل سکتا ہے جو حل شدہ لال رنگ ہے اگر کسی جگہ یہ نہ مل سکے تو

جو میٹھا رنگ شربتوں اور چاولوں میں استعمال ہوتا ہے استعمال کرنا چاہئے رنگ اس قدر ہو کہ شربت کا رنگ لال ہو جائے۔

(159) دوائے ضیق النفس

منافع: ضیق النفس (دمہ) کے بہت نسخہ جات مجربات سلطانی حصہ اول و دوم میں درج ہو چکے۔ یہ دوا دمہ کی ہر حالت میں بہت مفید ثابت ہوا ہے۔ کھانسی کہنہ اور دمہ کا دورہ روکنے کے لئے عجیب چیز ہے۔ بلغم کو پکانے میں مجرب ہے۔ ہر مزاج اور ہر خلط کے لئے مناسب ہے۔ خواہ جس مادہ سے مرض ہو موافق پڑتا ہے۔ خاص مجربات سے ہے۔ آپ بھی معمول مطب بنائیں۔

نسخہ: ہڑتال ورقی ایک تولہ، کوئلے بقدر ضرورت۔

ترکیب: کوئلے کسی انگیٹھی وغیرہ میں ڈال کر روشن کریں پھر ان پر ابرک کا ٹکڑا رکھ کر اس پر ہڑتال کی ڈلی رکھ دیں اور نگاہ رکھیں تاکہ ہڑتال نیچے نہ گر جائے۔ جب ہڑتال کا ایک طرف سرخ ہو جائے تو الٹ کر دوسرا رخ اوپر کر دیں۔ آگ زیادہ تیز نہیں ہونی چاہئے۔ جب ہڑتال کا دھواں بند ہو جائے تو ابرک کا ٹکڑا بمعہ ہڑتال احتیاط سے نکال کر باہر رکھ دیں۔ جب سرد ہو جائے ہڑتال کو باریک پیس لیں۔ سرخ رنگ کا کشتہ ہو گا۔

استعمال: ایک ایک چاول صبح و شام پتاشہ میں رکھ کر ہمراہ شربت دمہ 3 تولہ، عرق گاؤزبان 6 تولہ استعمال کریں۔

نسخہ شربت دمہ: بنفشہ، زوفا، پرسیاؤشان، عناب، لسوڑیاں، ملٹھی، منقہ، بیہدانہ، خشخاش سفید، صمغ عربی، کیرا، تخم حلبہ، تخم کتان، ابریشم خام، انجیر، خطمی، خبازی، بیخ سوسن نیلگوں ہر ایک ایک تولہ مصری تین پاؤ، حسب دستور شربت تیار کریں۔ صمغ عربی اور کیرا کو شربت تیار ہو جانے کے بعد باریک کر کے ملانا چاہئے۔

(160) اکسیر دمہ

منافع: دمہ کے تمام نسخہ جات کا سرتاج بڑی محنت سے حاصل کیا ہوا۔ نہایت اطمینانی نسخہ ہے۔ ہر قسم کے دمہ کو بیخ و بن سے اکھاڑ دیتا ہے۔ ایک مخفی اسراری دوا ہے۔ آپ بھی معمول مطب بنا کر داد دیں۔

نسخہ: سم الفار سفید ایک تولہ، بادام روغن اپنا تیار کیا ہوا پانچ تولہ۔

ترکیب: پہلے سم الفار کو خوب کھرل کریں پھر بادام روغن تھوڑا تھوڑا ملا کر کھرل کرنا شروع کریں جب تمام روغن بادام جذب ہو کر دوائی اس قابل ہو جائے کہ گولیاں بن سکیں تو گولیاں نہایت احتیاط سے بقدر دانہ باجرہ تیار کریں۔

استعمال: ایک گولی ملائی میں رکھ کر بعد غذا استعمال کریں۔ غذا مرغن ہونی چاہئے مثل روٹی مرغن یا شوربہ گوشت بزیا تیتر یا چوزہ مرغ۔

پرہیز: تمام گرم ترش تیل دار اشیاء سے پرہیز کریں مثل اچار ہر قسم' بینگن دال مسور' لال مرچ' مچھلی' قند سیاہ' گوشت گائے وغیرہ۔

انتباہ: یہ دوائی موسم گرما میں جلدی تیار ہو سکتی ہے۔ کھرل متواتر کرنا چاہئے گھسنے والا نہ ہو۔

(161) شربت ضیق النفس

منافع: ضیق النفس (دمہ) کی ہر حالت میں مفید و مجرب ہے۔ گرم مزاج مریض کے لئے اور موسم گرما میں زیادہ مناسب ہے۔ بلغم کو پکا کر خارج کر کے دمہ کو رفع کرتا ہے۔

نسخہ: عناب ولائتی 20 دانہ' لسوڑیاں 15 دانہ' بہدانہ' ملٹھی' گل نیلوفر ہر ایک 2 تولہ' برگ بانسہ' خطمی' خبازی' زوفا' انجبار' کیترا ہر ایک ایک تولہ' مصری 3 پاؤ' بیخ کاسنی 5 تولہ۔

ترکیب: سوائے کیترا کے باقی دواؤں کا شربت تیار کریں بعد میں کیترا باریک پیس کر ملائیں۔

استعمال: تین تین تولہ صبح و شام سہ چند پانی ملا کر استعمال کرائیں۔

ہدایات: تمام گرم' ترش اور تیل دار اشیاء سے پرہیز لازم ہے۔

(162) دوائے دمہ

منافع: دمہ کی خاص دوا ہے۔ زیادہ تعریف کی محتاج نہیں بہت زود اثر ثابت ہوئی ہے۔

نسخہ: سم الفار سفید بلوری' سہاگہ چوکیہ' شہد اصلی ہر ایک ایک تولہ' کٹوری مسی 5 تولہ۔

ترکیب: سم الفار اور سہاگہ کو الگ الگ خوب کھرل کر کے شہد میں ملا لیں (شہد اس قدر ہونا چاہئے کہ لیپ تیار ہو سکے) پھر کٹوری مسی میں لیپ کریں اور دھوپ میں رکھیں۔ دوائیں گرمی سے پگھل کر کٹوری کی تہہ میں آجائیں گی پھر لگا دیں یہی سلسلہ جاری رکھیں۔ بار بار لگانے سے دوائی کٹوری میں سوکھ جائے گی اور پگھل کر نیچے نہیں جائے گی۔ پھر کٹوری مذکور کو جس میں دوائی خشک ہو چکی ہے' ایک کوزہ گلی میں اوندھا کر کے رکھ دیں اور کوزہ کا منہ چینی سے بند کر کے دس سیر اوپلہ جنگلی کی آگ دیں۔ جب سرد ہو جائے تو نکال کر دیکھیں جو جوہر کوزہ کے منہ پر لگے ہوئے ہوں۔ آرام سے اتار لیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: ایک چاول بھر مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کرائیں۔ غذا میں گھی زیادہ استعمال کرائیں۔ دوائی کھاتے وقت پہلے کوئی چیز کھا لینی چاہئے۔

ہدایات: تمام گرم ترش اور تیل دار اشیاء سے پرہیز کریں۔ مثل اچار ہر قسم دال مسور' قند سیاہ' مچھلی' گوشت گائے' سرخ مرچ وغیرہ' دودھ اور لسی سے پرہیز ہے۔ غذا شوربہ گوشت بز' شوربہ نخود' شلغم' مولی' پالک' دال مونگ' کدو' توری یا روٹی پر گھی اور کھانڈ ڈال کر کھالیں۔

(163) منضج ضیق النفس

منافع: جب مادہ زیادہ ہو مرض کہنہ ہو گیا ہو منضج کا استعمال کرنا سونے پر سہاگہ کا کام دیتا ہے۔ ہم دمہ میں منضج و مسہل استعمال کراتے ہیں اور علاج میں جلدی کامیابی ہوتی رہتی ہے وہ بعینہ درج کیا جاتا ہے۔

نسخہ: انجیر تین عدد، پرسیاؤشان، گاؤزبان ہر ایک 6 ماشہ، لسوڑیاں 17 عدد، مویز منقہ 10 عدد۔

ترکیب: تمام ادویہ سیر بھر پانی میں جوش دیں۔ جب تیسرا حصہ رہ جائے تو مل چھان کر مصری تین تولہ ملا کر استعمال کریں۔ اسی طرح روزانہ تازہ تیار کر کے استعمال کریں 9 دن کے بعد مسہل ذیل دیں۔

نسخہ مسہل: مغز فلوس خیار شنبر یعنی گودہ املتاس 7 تولہ، تربد 6 ماشہ، مغز کدو دو تولہ، شہد خالص، شکر تری 3 تولہ، مغز فلوس کو ایک پاؤ گرم پانی میں خوب مل کر چھلنی میں چھان لیں اور تربد باریک کوٹ چھان کر ملائیں اور شکر تری و شہد ملا دیں۔ بعد میں مغز کدو کو پانچ تولہ پانی میں خوب گھوٹ کر ڈال دیں اور پلا دیں۔

تبرید: سہ پہر کے وقت جب مسہل سے فراغت ہو جائے عرق گاؤزبان 15 تولہ میں تخم ریحان 6 ماشہ، مصری 3 تولہ ملا کر پلائیں۔ اگر برف مل جائے تو ڈال لیں۔

(164) اکسیر سوء تنفس

منافع: جب ضیق النفس (دمہ) کا دورہ شروع ہو اور سانس تنگ ہو رہا ہو سوء تنفس سے مریض جان بلب ہو اس وقت یہ جوشاندہ مفید ثابت ہوتا ہے۔ دورہ کو بند کر دیتا ہے۔

نسخہ: انیسون ایک تولہ، خمیرہ بنفشہ 4 تولہ، گلقند آفتابی 3 تولہ۔

ترکیب: تمام ادویہ تین سیر پانی میں جوش دیں۔ جب ایک سیر رہ جائے مل چھان کر رکھیں۔

استعمال: ایک ایک گھونٹ تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد پلاتے رہیں۔

(165) کشتہ ہڑتال برائے دمہ

اسناد: قبلہ حکیم مولوی سید محمد امیر علی شاہ صاحب گانگی ضلع میاں داد نے مجربات سلطانی حصہ سوم کے لئے عنایت فرمایا ہے۔

منافع: ضیق النفس کہنہ اور تازہ ہر قسم کے لئے نہایت مجرب و مفید ہے۔

نسخہ: ہڑتال ورقی، ہڑتال گاؤدنتی ہر ایک ایک تولہ، آب برگ ترب، لعاب گھیکوار، آب بادنجان دشتی (موکری) ہر ایک 10 تولہ، بیخ کیلا 30 تولہ۔

ترکیب: ہڑتال ہر دو قسم کو باریک کھرل کر کے آب ترب لعاب گھیکوار آب بادنجان سے ترتیب وار کھرل کریں پھر بیخ کیلا کا نغدہ بنا کر اس میں قرص خشک شدہ رکھ کر گل حکمت کرے پانچ سیر اپلے دشتی میں پھونک لیں۔

استعمال: نصف رتی بھر مکھن میں یا ایک چاول بھر منقہ میں رکھ کر استعمال کریں۔

(166) حب نفث الدم

منافع: نفث الدم (خون تھوکنا) نہایت تکلیف دہ مرض ہے اس کے لئے یہ گولیاں مجرب ثابت ہوئیں۔

نسخہ: مغز تخم ہیٹھہ 4 ماشہ، صمغ عربی، کہربا، انجبار، خون سیاؤشاں، گیرو ہر ایک 2 ماشہ۔

ترکیب: تمام ادویہ الگ الگ باریک پیس کر اچھی طرح ملالیں اور لعاب بہدانہ سے کھرل کر کے حبوب بمقدار نخود تیار کریں۔

استعمال: دو دو گولیاں صبح، دوپہر، شام ہمراہ عرق گاؤزبان یا پانی استعمال کریں۔

(167) کشتہ سکہ برائے نفث الدم

ترکیب: سکہ ایک تولہ کی گولی بنا کر داڑھی پیپل 8 تولہ کوٹ کر اس کے درمیان رکھ کر اوپر پرانا کپڑا لپیٹ کر گل حکمت کریں اور خشک کر کے 25 سیر اوپلہ دشتی کی آنچ دیں جب سرد ہو جائے نکال کر حاصل کریں اگر ایک آنچ سے کشتہ ٹھیک تیار نہ ہو تو دوسری آگ دے دیں۔

استعمال: ایک رتی بتاشہ یا کھانڈ میں رکھ کر ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

(168) دمہ کا مجرب نسخہ

نفع: دمہ (ضیق النفس) ہر قسم کہنہ اور تازہ کے واسطے بہت مجرب ہے۔ ایک دوست کا عطیہ ہے۔

نسخہ: اجوائن دیسی 5 تولہ، شیر مدار بقدر ضرورت، انار پختہ ایک عدد۔

ترکیب: اجوائن کو شیر مدار میں اچھی طرح تر کر کے رکھ دیں جب خشک ہو جائے تو انار کے دانے نکال کر ان کا پانی نچوڑ کر اسی انار میں ڈال دیں اور جوائن کو بھی انار مذکور میں بھر کر ایک ہلکے کوزہ گلی میں بند کر کے پانچ سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر نگاہ رکھیں۔

استعمال: ہر روز صبح 4 رتی سے ایک ماشہ تک ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔

(169) دوائے دمہ مجرب

نفع: دمہ ہر قسم کے لئے نہایت سریع الاثر اور مجرب ہے نیز بلغمی کھانسی کے لئے مفید ہے۔

نسخہ: گل مدار، تھوم مقشر ہر ایک 15 تولہ، دہی گائے ایک پاؤ۔

ترکیب: گل مدار اور تھوم کو باریک کر کے دہی میں ملا کر ایک کوزہ گلی میں ڈال دیں اور چپنی سے منہ بند کر کے گل حکمت کریں اور خشک کر کے پانچ سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر باریک پیس لیں۔

استعمال: دو دو رتی صبح و شام شہد میں ملا کر چٹائیں۔

(170) مسہل برائے نمونیا اطفال

نفع: بچوں کے ذات الریہ (نمونیہ) میں نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔ اس سے دو تین اجابتیں ہو کر اور اسہال صاف ہو کر آرام ہو جاتا ہے۔ ہر وقت کا معمول ہے۔

نسخہ: عرق سونف 10 تولہ، گلقند، مغز فلوس خیار شنبر ہر ایک 2 تولہ۔

ترکیب: گلقند کو عرق میں جوش دیں جب نصف رہ جائے تو مغز فلوس خیار شنبر اس میں چھلنی سے چھان

استعمال: تمام دن رات میں تھوڑا تھوڑا پلاتے رہیں۔ بچہ کی عمر کے مطابق دوائی استعمال کریں۔

(171) مطبوخ کھانسی کہنہ

منافع: کھانسی کہنہ کے لئے مجرب ہے اس کا اثر بہت جلد ہوتا ہے۔
نسخہ: طباشیر، صمغ عربی، مستیارہ، آرد ملٹھی ہر ایک تین ماشہ، مغز بادام 4 عدد، بکری کا دودھ ایک پاؤ، مصری تین تولہ۔
ترکیب و استعمال: خشک دوائیں باریک کر کے بکری کے دودھ میں جوش دیں اور مصری ملا کر پلائیں۔ یہ ایک خوراک ہے اسی طرح صبح و شام تازہ تیار کر کے استعمال کریں۔

(172) حب سرفہ

منافع: کھانسی کہنہ کے لئے نہایت مجرب ہیں۔ کالی کھانسی نیز دیگر ہر قسم کی کھانسی میں مفید ہیں۔
نسخہ: فلفل دراز 7 تولہ، فلفل سیاہ 3 تولہ، جوکھار 1 تولہ، پوست ہلیلہ زرد 4 تولہ، قند سیاہ 28 تولہ۔
ترکیب: خشک دوائیں کوٹ چھان کر قند سیاہ کے قوام میں ملا کر بقدر دانہ نخود حبوب تیار کریں۔
استعمال: ایک گولی صبح ایک شام ہمراہ پانی یا عرق گاؤزبان استعمال کریں۔

(173) دوائے ہچکی

نوشادر کی ایک ٹکیہ پانی سے تر کر کے کاغذ سفید پر تھوڑی سی گھس کر اس کی بتی بنالیں اور سگریٹ کی طرح ایک طرف آگ لگا کر پئیں فوراً آرام ہو گا۔

(174) اکسیر دمہ سخت

منافع: اس کا بارہا تجربہ کیا جا چکا ہے۔ خواہ کیسا ہی سخت دمہ ہو چند روز کے استعمال سے دور ہو جاتا ہے۔ کئی مریض اس کی تصدیق کر چکے ہیں۔
نسخہ: نمک لاہوری تین تولہ، لعاب گھیکوار ایک پاؤ۔
ترکیب: نمک پیس کر لعاب گھیکوار میں ملا کر ایک کوزہ گلی میں ڈال کر منہ بند کر کے اس پر خوب گل حکمت کر دیں اور ایک گڑھے میں چار سیر اوپلہ کے درمیان رکھ کر آگ دے دیں۔ جب سرد ہو جائے نکال کر پیس لیں اور شیشی میں نگاہ رکھیں۔
استعمال: دو دو ماشہ صبح، شام منقہ میں لپیٹ کر استعمال کریں۔

(175) جوہر کھانسی سخت

منافع: کھانسی سخت خواہ خشک ہو خواہ بلغمی اور دمہ کے لئے نہایت زود اثر ہے۔ پانچ دن میں کافی فائدہ [illegible] جاتا ہے۔
نسخہ: نمک لاہوری یعنی نمک ولیی 4 تولہ، نوشادر 8 تولہ۔

ترکیب: نمک کو باریک پیس کر نصف تابہ آہنی یعنی توے پر بچھا کر اس پر نوشادر جو کوب کر کے پھیلا کر رکھ دیں۔ اس پر باقی نمک ڈال کر اس پر مٹی کا پیالہ اوندھا رکھ دیں اور پیالہ پر گیلا کپڑا رکھ کر نیچے بیری کی لکڑی دس سیر و زنی جلائیں۔ آنچ نرم رکھیں اور چھ گھنٹہ تک جلا کر بند کر دیں۔ جب سرد ہو جائے جوہر زرد رنگ جو اوپر کے پیالہ میں ہو گا اتار کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: دو دو رتی صبح، شام خشک کھانسی والے کو مکھن میں اور بلغمی کھانسی اور دمہ والے کو پتاشہ میں رکھ کر استعمال کریں۔

(176) گولیاں کھانسی ہر قسم

استاد: علامہ زمان افلاطون دوران حضرت استاذ مکرم جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کا اور ہمارا معمول ہے۔

نسخہ: مرچ سیاہ، زنجبیل، فلفل دراز ہر ایک ایک تولہ، پوست ہلیلہ زرد دو تولہ، شہد خالص بقدر ضرورت۔

ترکیب: خشک دوائیں الگ الگ باریک کر کے ملالیں اور شہد کی مدد سے گولیاں بقدر مرچ سیاہ بنائیں۔

استعمال: وقت ضرورت منہ میں رکھ کر لعاب چوسیں بعد میں دو گھنٹہ تک پانی نہ پئیں۔ 24 گھنٹہ میں دس بارہ گولیوں تک استعمال کی جا سکتی ہیں۔

(177) مخزن اسرار

تعارف: ہمارے فاضل دوست علامہ حاذق العصر حکیم محمد یحییٰ خان صاحب کا معمول مطب نسخہ ہے جو اپنے فوائد و منافع کے لحاظ سے اس قابل ہے کہ اس کو بنا کر ہر مطب میں رکھا جائے۔

استاد: یہ نسخہ آپ کو اپنے جلیل القدر اور ماہر فن استاذ حضرت علامہ نعیم قاضی عبدالواحد صاحب خان پوری سے حاصل ہوا تھا اور آپ نے ازراہ محبت و شفقت ہمیں عنائت فرمایا۔

منافع: یہ بے نظیر نسخہ امراض سینہ اور پھیپھڑوں کے تمام عوارض کو پوری کامیابی سے رفع کرتا ہے۔ زکام و نزلہ کہنہ، ضیق النفس اور سل جیسے خطرناک امراض اس کے استعمال سے دور ہو جاتے ہیں۔ امراض بلغم کو دور کرتا ہے۔ ضعف جگر کے لئے اکسیر الاثر ہے۔ مولد خون صالح ہے۔ عام صحت بدنی کی حفاظت اور بدن کو فربہ و خوش رنگ کرتا ہے۔ باہ اور دماغ کو تقویت پہنچاتا ہے۔ ایک لاجواب بے مثل اور مفید ترین تحفہ ہے۔

نسخہ: نمک خوردنی ایک ماشہ، زعفران، کشتہ شاخ مونگہ، کشتہ فولاد آفتابی ہر ایک 2 ماشہ، ورق نقرہ 12 عدد، کاکڑا سینگی، رب السوس، دم الاخوین، طباشیر کبود، قرنفل، عقر قرحہ، مصطگی رومی، ہلیلہ سیاہ، بلیلہ، آملہ، تخم دانہ الائچی خورد، سمندر جھاگ، کلیجن، فلفل گرد، مغز بادام ہر ایک تین ماشہ۔

ترکیب: سب کو عرق تنبول میں کھرل کر کے بمقدار فلفل گرد گولیاں باندھیں۔

استعمال: دو دو گولیاں صبح و شام پانی کے ساتھ کھلائیں۔

ہدایات:

1 **ترکیب کشتہ شاخ مونگہ:** ایک تولہ شاخ مونگہ ظرف گلی میں رکھ کر اس پر تین تولہ مغز کیکوار ڈال دیں اور ایک تولہ اجوائن بھر کر منہ بند کر کے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔

2 **ترکیب کشتہ فولاد آبی:** برادہ فولاد خالص ایک تولہ کو ظرف گلی میں رکھ کر اوپر عرق جامن تین تولہ ڈال دیں اور دھوپ میں رکھ کر خشک کر لیں۔ اسی طرح سات مرتبہ عمل کریں اگر چٹکی میں مسلنے سے ذرہ ریگ معلوم نہ ہو تو تیار ہے ورنہ ایک آدھ مرتبہ اور یہی عمل کریں۔

(178) اکسیر تپ دق نمبر ①

منافع: تپ دق جیسی نامراد مرض کے لئے نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔ اس کے باقاعدہ استعمال سے انشاء اللہ صحت ہو جاتی ہے۔ کوڑیوں کی دوا اور نہایت مفید۔

نسخہ: کافور، کہربا، بیخ مرجان، طباشیر کبود، رب السوس، مروارید، زیرہ گلاب مرکی، چہار مغز، بہدانہ، خشخاش ہر ایک مساوی الوزن۔

ترکیب: سب کو الگ الگ باریک پیس کر خوب ملا لیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔ مروارید کو روح کیوڑہ میں کھرل کر کے ملانا چاہئے۔

استعمال: صبح کے وقت 5 ماشہ ہمراہ دودھ گدھی دس تولہ استعمال کرائیں اور دوپہر کو بوٹی دھماں کا سفوف 6 ماشہ لے کر اس کا گھوٹہ یعنی شیرہ بنا کر پلائیں۔

(179) اکسیر تپ دق نمبر ②

منافع: تپ دق کی ہر حالت میں مفید ہے بنا کر اور آزما کر دیکھیں مجرب ہے۔

نسخہ: کافور 5 تولہ، روغن سرسوں حسب ضرورت، مٹی کی کوری ہانڈی ایک عدد۔

ترکیب: کافور کو جوکوب کر کے مٹی کی ہانڈی میں ڈال کر اوپر مٹی کا ہی سرپوش جو کہ درمیان سے اونچا ہو۔ ہانڈی کے منہ پر الٹا رکھ کر اچھی طرح گل حکمت کر کے خشک ہونے پر ہانڈی کو چولھے پر رکھ کر نیچے سرسوں کے تیل کا چراغ جلائیں جس میں بتی کافی موٹی ہو جب دیکھیں کہ اب جوہر اڑ کر اوپر لگ گیا ہو گا تو احتیاط سے اتار کر رکھ دیں۔ سرد ہونے پر جوہر سرپوش پر موجود ہو چاقو وغیرہ سے اتار کر پیس کر شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: صبح 4 رتی جوہر ایک تولہ کھانڈ کے درمیان رکھ کر کھلائیں۔ غذا زود ہضم دیں۔

(180) دوائے قے آور برائے دمہ

منافع: دمہ بلغمی کے مریض کو قے سے بہت عرصہ تک افاقہ رہتا ہے۔ اس غرض کے لئے یہ نسخہ نہایت مفید و موثر ہے۔ بخلاف عام زہریلی دواؤں کے کسی قسم کی تکلیف یا ضرر کا اندیشہ نہیں۔

نسخہ: ریوند عصارہ اصلی ایک ماشہ، گلقند 2 تولہ۔

ترکیب واستعمال: ریوند کو باریک کر کے گلقند میں ملا کر کھلائیں یا پانی گرم میں ملا کر پلائیں۔ تھوڑی دیر میں قے ہو جائے گی۔ پھر گرم پانی پلائیں اور قے کرائیں۔ ساتھ ہی اسہال بھی شروع ہوں گے۔ جب بند کرنا چاہیں۔ سفوف مفرح دو ماشہ گلقند میں ملا کر کھلائیں جس کا نسخہ امراض قلب میں درج ہے۔

مجربات امراض معدہ وامعاء ومقعد

(181) سفوف معدہ

منافع: قوت ہاضمہ کو بڑھاتا اور غذا اچھی طرح ہضم کرتا ہے۔ کھٹے ڈکار، پیٹ میں ریح کا چکر لگاتے رہنا اور بوجھ معلوم ہونا۔ پیٹ میں درد معلوم ہونا، بھوک کم لگنا وغیرہ۔ تمام امراض و عوارض معدہ کے لئے اکسیر و ہیضہ کے لئے بھی مفید ہے۔ ہر گھر اور ہر شفاخانہ میں اس کا تیار رہنا ضروری ہے۔ نہایت سریع الاثر و خوش ذائقہ ہے۔

نسخہ: نمک لاہوری، نمک سیاہ، نمک سانبھر، نمک تلی ہر ایک 1. تولہ (یعنی ڈیڑھ تولہ)، سونٹھ، سفوف کچور، اجوائن، پودینہ، کرفس، زیرہ سیاہ، دارچینی، مرچ سیاہ، الائچی کلاں، گل سرخ، ساذج ہندی ہر ایک ایک تولہ، مصطگی رومی، نوشادر، شورہ قلمی ہر ایک 6 ماشہ، ٹاٹری 2 ماشہ، ست پودینہ، ست اجوائن ہر ایک ایک ماشہ۔

ترکیب: سب کو کوٹ کر پیس کر ملا لیں۔

استعمال: ایک ماشہ یا 2 ماشہ تک کھانا کھانے کے بعد استعمال کیا جائے تو غذا کو بخوبی ہضم کرتا ہے۔ نہار صبح و شام استعمال کیا جائے تو ہاضمہ کو درست کرے گا۔ پیٹ درد کے لئے دو دو ماشہ پندرہ پندرہ منٹ کے بعد ہمراہ عرق سونف استعمال کرنا چاہئے۔ ہیضہ کے لئے بھی اسی طرح برتیں۔

(182) سفوف مقوی قوائے اربعہ معدہ

منافع: معدہ کی چاروں قوتوں یعنی ہاضمہ، ماسکہ، جاذبہ، دافعہ کو قوت دیتا ہے۔ جملہ شکایات متعلقہ ہضم کے لئے اکسیر ہے۔ بھوک پیدا کرتا ہے۔ درد شکم، کثرت ریاح، ہیضہ، بد ہضمی، کمی اشتہاء کے لئے نہایت مجرب اور معمول ہے۔

نسخہ: نوشادر، الائچی کلاں، نمک لاہوری، مرچ سیاہ، فلفل دراز ہر ایک ہم وزن۔

ترکیب: سب کو الگ الگ باریک کر کے ملا لیں۔

استعمال: دو دو ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ استعمال کرنا چاہئے۔ بد ہضمی، درد شکم، ہیضہ کے لئے پندرہ پندرہ منٹ کے بعد ہمراہ عرق سونف دس تولہ استعمال کرائیں۔ غذا بخوبی ہضم نہ ہوتی ہو تو بعد غذا استعمال کرائیں۔

(183) سفوف ہاضم خوش ذائقہ

منافع: غذا کو خوب ہضم کرتا اور معدہ کو طاقت دیتا' اشتہا پیدا کرتا ہے۔ ثقیل غذا کو جلد ہضم کرتا ہے۔ جملہ شکایات متعلقہ ہضم کے لئے معمول ہے۔ ہر گھر اور ہر مطب میں اس کا تیار رہنا لازمی ہے۔

نسخہ: نوشادر' مرچ سیاہ' نمک سیاہ' سونف' زیرہ سفید' الائچی کلاں' الائچی خورد' پودینہ' گل سرخ' انار دانہ' نمک لاہوری' اجوائن دیسی ہر ایک ایک تولہ' لیموں 2 ماشہ۔

ترکیب: سب ادویہ الگ الگ باریک پیس کر ملا کر کھرل کر کے شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: دو دو ماشہ صبح و شام ہمراہ عرق سونف یا عرق گلاب یا پانی یا خشک استعمال کریں۔ غذا ہضم نہ ہوتی ہو تو غذا کے بعد استعمال کریں۔ ہیضہ' درد شکم' بدہضمی کے لئے 20 منٹ کے بعد ہمراہ عرق سونف استعمال کرائیں جب تک آرام نہ ہو۔

(184) سفوف ہاضم شیریں

منافع: ہاضم و خوش ذائقہ ہے۔ ضعف معدہ' ضعف ہضم' بھوک نہ لگنا' ریح کا پیدا ہونا' ترش ڈکار آنا وغیرہ تمام امراض و عوارض معدہ کے لئے نہایت مجرب و معمول ہے۔ اگر خوش ذائقہ ہاضم دوا کی ضرورت ہو تو اس کو تیار کیجئے۔ ہمارے مطب میں تیار رہتا ہے۔

نسخہ: گل سرخ' سونف ہر ایک 4 تولہ' الائچی کلاں' اجوائن دیسی ہر ایک 3 تولہ' زیرہ سیاہ' زیرہ سفید ہر ایک 1 تولہ' پودینہ خشک' آملہ' پوست ہلیلہ زرد' مرچ سیاہ' زنجبیل ہر ایک 2 تولہ' فلفل دراز ایک تولہ مصری 11 چھٹانک۔

ترکیب: تمام اشیاء الگ الگ باریک پیس کر خوب ملالیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: غذا ٹھیک طور پر ہضم نہ ہوتی ہو تو بعد غذا نصف گھنٹہ ٹھہر کر اور نہار صبح و شام بقدر 3 ماشہ استعمال کریں۔ باقی ضرورت کے لئے جب دل چاہے 3 ماشہ کھالیں۔

(185) سفوف دار چینی

منافع: اعلیٰ درجہ مقوی معدہ اور مصلح جگر ہے یعنی جگر و معدہ کی اصلاح کرتا اور ان کو طاقت دیتا ہے۔ ضعف معدہ کی شکائت کو دور کرتا ہے۔ بچہ کو دودھ ہضم نہ ہوتا ہو تو اس کی والدہ کو استعمال کرایا جاتا ہے اور دودھ کی اصلاح کرتا ہے۔ مدت کا معمول مطب خاص الخاص نسخہ ہے۔ جس کے فوائد بعد تجربہ معلوم ہوں گے نسخہ صدری ہے۔

نسخہ: دار چینی' الائچی کلاں' سوڈا بائی کارب' سہاگہ بریاں ہر ایک 5 تولہ' مصری 5 چھٹانک۔

ترکیب: سب دوائیں الگ الگ باریک پیس کر ملالیں۔

استعمال: تین ماشہ صبح' تین ماشہ شام استعمال کریں۔

(186) سفوف پنج رتن

اسناد: استاد مکرم علامہ حضرت حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کا معمول مطب ہے۔

منافع: معدہ کی جملہ شکایات متعلقہ ہضم کے لئے نہایت سریع الاثر ہے۔

نسخہ: شورہ قلمی، مرچ سیاہ ہر ایک 3 ماشہ، جوکھار 6 ماشہ، فلفل دراز، نوشادر ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب: سب کو الگ الگ باریک کوٹ کر ملا کر سفوف تیار کریں۔

استعمال: بوقت ضرورت ایک ماشہ سے دو ماشہ تک ہمراہ عرق سونف یا عرق پودینہ استعمال کریں۔

(187) سفوف ریوند

منافع: بچوں کے معدہ کو طاقت دیتا اور ہضم کو درست کرتا ہے۔ جوانوں اور بوڑھوں کے لئے بھی معمول ہے۔ جس قدر آسان ہے اسی قدر مفید ہے۔ معمول مطب ہے۔

نسخہ: زنجبیل 2 تولہ، ریوند چینی، سوڈا بائی کارب ہر ایک 5 تولہ۔

ترکیب: تمام دوائیں الگ الگ باریک پیس کر ملالیں۔

استعمال: بچہ کو 4 رتی سے ایک ماشہ تک عرق سونف میں ملا کر استعمال کریں جوان کو تین ماشہ تک دیں۔ صبح وشام استعمال ہونا چاہئے۔

(188) سفوف درد شکم و قبض

منافع: درد شکم، قبض، ریح بواسیر، کثرت ریاح، ضعف معدہ کے لئے ہر وقت کا معمول مطب اور مجرب ہے۔ جن مریضوں کو قبض کی وجہ سے تیسرے چوتھے روز درد شکم ہو جاتا ہو۔ عام ہاضم دواؤں سے آرام نہ ہوتا ہو ان کے لئے خصوصاً بہت مفید چیز ہے۔ یعنی درد شکم دودی اور معدہ کے نقائص ہضم کے لئے منتخب نسخہ ہے۔

نسخہ: مرچ سیاہ 3 ماشہ، زنجبیل 6 ماشہ، نمک سونچل تولہ، افسنتین، ریوند چینی ہر ایک 2 تولہ۔

ترکیب: تمام ادویہ الگ الگ باریک پیس کر ملا کر شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: تین ماشہ صبح ہمراہ سرد پانی استعمال کریں۔ ضرورت ہو تو شام کو بھی دیں۔

(189) عرق مرکب ہاضم و مشتہی

منافع: ضعف معدہ، ضعف ہضم، کثرت ریاح، نفخ، ہیضہ، درد شکم، متلی قے غذا کے بعد یا نہار درد شکم ہونا، غذا کا اچھی طرح ہضم نہ ہونا، کھٹے ڈکار آنا، بھوک نہ لگنا، تمام شکایات جو ضعف معدہ و امعاء وغیرہ کے لئے ایک جامع اور اکسیر الاثر دوا ہے۔

نسخہ: سونف ایک سیر الائچی کلاں، زیرہ سفید، پودینہ ہر ایک آدھ سیر، طباشیر 2 تولہ، انار دانہ، پوست اترج، دارچینی، آب لیموں ہر ایک ایک پاؤ، خولنجان، درونج عقربی، سماق ہر ایک 5 تولہ، زرشک 6 تولہ، مصطگی ایک تولہ، زعفران تین تولہ۔

ترکیب: حسب دستور ان کا عرق بقدر چار سیر کشید کریں۔
استعمال: تین تین تولہ صبح و شام بعد غذا یا نہار استعمال کریں۔

(190) عرق گھیکوار ہاضم

منافع: ہاضم و مقوی معدہ ہے۔ قبض دائمی، بواسیر ریحی، ضعف معدہ، ریح الامعاء، درد شکم، نفخ، قراقر، وغیرہ عوارض کے لئے عمدہ چیز ہے۔ معدہ اور انتڑیوں کو پوری طرح طاقت دے کر ان کے فعل کو درست اور جگر کی اصلاح کرتا ہے اور ریح شکم خرابی ہضم کے لئے بہت موثر ہے۔
نسخہ: گھیکوار، عنب الثعلب خشک، سونف دیسی، تخم کاسنی ہر ایک ایک سیر، تخم کنوث در پارچہ بستہ 10 تولہ گائے یا بکری کا دودھ آٹھ سیر۔
ترکیب: گھیکوار کے ٹکڑے کر کے قدرے کوٹ لیں باقی دوائیں سوائے تخم کنوث کے کوٹ کر سب کو دودھ میں 24 گھنٹہ تک بھگو رکھیں پھر اس کا عرق بقدر 8 بوتل کشید کریں۔
استعمال: پانچ پانچ تولہ صبح شام مصری ملا کر پلا دیا کریں۔ عام دیر ہضم اور قابض اشیاء سے پرہیز۔

(191) دوائے درد شکم

منافع: درد شکم، بدہضمی، نفخ، ہیضہ، متلی، قے، کھٹے ڈکار آنا، کمی اشتہا وغیرہ تمام امراض و عوارض شکم متعلقہ ہضم کے لئے نہایت سریع الاثر ہے۔ عموماً پہلی خوراک سے اثر ہوتا ہے۔
نسخہ: سوڈا بائی کارب ایک تولہ، ست لیموں 6 ماشہ، سرکہ، عرق سونف، سکنجبین، عرق پودینہ، عرق گلاب ہر ایک 5 تولہ۔
ترکیب: ست لیموں کو باریک پیس لیں پھر سب اشیاء کو ایک بوتل میں بھر کر پلائیں تاکہ یکذات ہو جائیں۔
استعمال: تمام دوا کی چار خوراک بنائیں اور گھنٹہ گھنٹہ کے بعد پلائیں۔ بچوں کو عمر کے مطابق کم مقدار میں دیں۔ سخت طبیعت آدمی کو درد شکم ہو تو تمام دوا نصف نصف گھنٹہ کے بعد دو دفعہ پلائیں۔ آرام ہو گا۔

(192) سفوف اکسیر قبض دائمی و بدہضمی وغیرہ

اسناد: پنجاب کے نامی طبیب حکیم سید عالم شاہ صاحب مرحوم لاہوری کا معمول مطب ہے جو ان کے ایک شاگرد نے عطا کیا ہے۔ حکیم صاحب مرحوم کا چلتا ہوا مخفی نسخہ ہے۔
منافع: قبض دائمی، بدہضمی، درد شکم، بواسیر، درد گردہ، احتباس، حیض اختناق الرحم، مالیخولیا مراقی، نزلہ دائمی کے لئے بہت مفید ہے۔ اس مایہ ناز نسخہ کی قدر استعمال کرنے والوں کو بعد تجربہ ہی معلوم ہوگی۔
نسخہ: برگ سناء 5 تولہ، انار دانہ، نمک سیاہ ہر ایک 4 تولہ، پوست ہلیلہ زرد، پوست ہلیلہ کابلی، آملہ، منقی، چترو، ساذج ہندی، مرچ سیاہ، فلفل دراز، زنجبیل، دارچینی، ہلیلہ سیاہ ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب: تمام ادویہ الگ الگ باریک کو ٹکر اور کپڑ چھان کر ملالیں۔
استعمال: چھ ماشہ سے ایک تولہ تک ہمراہ سوڈا واٹر کھارا یا دودھ میں سوڈا واٹر ملا کر استعمال کریں۔ اس کے بعد بھی دودھ اور سوڈا واٹر ملا کر پیتے رہیں۔ ثقیل دیر ہضم چیزوں سے پرہیز کریں۔ روزانہ اسی طریق سے استعمال کریں۔ اگر کسی جگہ سوڈا کھارا نہ مل سکے تو شربت لیموں 3 تولہ عرق پودینہ 10 تولہ کے ساتھ ست لیموں کو پانی میں حل کر کے صرف ایک وقت صبح استعمال کرنا چاہیے۔

(193) دوائے معدہ

منافع: معدہ کی تمام شکایات متعلقہ ہضم مثلاً درد شکم، نفخ، ضعف ہضم تے ثقل معدہ وغیرہ کے لئے نہایت سریع التاثیر مجرب اور آزمودہ ہے۔ نیز درد دندان کے لئے مفید ہے اسے ہر گھر میں تیار رہنا چاہیے۔
نسخہ: نوشادر 5 تولہ، مرچ سیاہ، ہرمچی ہر ایک تین تولہ ست پودینہ، ست اجوائن، ست الائچی، کافور ہر ایک 3 ماشہ۔
ترکیب: سب دوائیں الگ الگ باریک پیس کر ملا کر کھرل کریں تاکہ یکذات ہو جائیں۔
استعمال: ایک ایک ماشہ صبح و شام استعمال کرائیں۔ اگر غذا ہضم نہ ہوتی ہو تو غذا کے بعد کھائیں۔

(194) دیگر

منافع: تمام مذکورہ بالا فوائد اس میں بھی موجود ہیں اور نہایت سستا تیار ہوتا ہے تجربہ شرط ہے۔
نسخہ: نوشادر، مرچ سیاہ، نمک سیاہ ہر ایک ایک تولہ مصری 6 تولہ۔
ترکیب: سب کو الگ الگ کوٹ پیس کر ملا کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔
استعمال: دو ماشہ بعد غذا یا جس وقت ضرورت ہو استعمال کریں۔

(195) حب ہاضم اکسیری

منافع: یہ گولیاں ہاضم طعام مقوی معدہ، مشتہی اور مخرج ریاح ہیں اور کئی دفعہ کی مجرب ہیں۔
نسخہ: کاکڑہ سنگی، نوشادر، سہاگہ، ہینگ، باؤ برنگ، نمک سونچل، نمک تلی، نمک شیشہ، نمک سیاہ، نمک سانبھر، فلفل دراز، پوست ہلیلہ زرد، پوست بلیلہ، پوست آملہ، اجوائن، زنجبیل ہر ایک 2 تولہ لعاب گھیکوار ایک سیر۔
ترکیب: تمام خشک دوائیں الگ الگ ہاون دستہ میں کوٹ کر ملالیں اور کپڑ چھان کر کے لعاب گھیکوار تھوڑا تھوڑا ملا کر کھرل کرتے رہیں۔ جب لعاب ختم ہو جائے گولیاں بقدر نخود تیار کریں۔
استعمال: ایک سے 5 گولی تک صبح و شام ہمراہ پانی یا عرق سونف استعمال کریں۔

(196) سفوف قاطع قبض

منافع: یہ نسخہ تمام قبض کشا نسخہ جات کا سرتاج ہے۔ اس کی زیادہ تعریف کی ضرورت نہیں۔ ہر مزاج

کے موافق اور ہر حال میں مفید ثابت ہوتا ہے۔ معدہ کی اصلاح کرتا اور ریح و قبض کا قاطع ہے۔ قبض دائمی کا استیصال اور قبض سے جو عوارض پیدا ہو گئے ہوں ان کی بیخ کنی کرتا ہے۔

نسخہ: زنجبیل یعنی سونٹھ نمک سونچل' برگ سناء مصفی پوست ہلیلہ کابلی ہر ایک 2 تولہ۔

ترکیب: سب کو جدا جدا باریک پیس کر آپس میں خوب ملا لیں۔

استعمال: 6 ماشہ ہمراہ پانی رات کو سوتے وقت استعمال کریں۔

(197) سفوف شہریاران

منافع: قبض' ریح گردہ' ریح امعاء' ریح معدہ' پیچش کے لئے مفید ہے۔ دماغ اور بصارت کو طاقت دیتا ہے اور قبض کشاء کے ساتھ معدہ کو طاقت دیتا ہے۔ کسی قسم کی تکلیف نہیں پہنچاتا' قبض یا قبض کے عوارض کو زائل کرنے میں نہایت موثر ہے۔ ہمیشہ استعمال میں رہتا ہے۔

نسخہ: سناء مکی' سونف' مغز بادام ہر ایک تین تولہ' قند سفید 9 تولہ۔

ترکیب: سب کو باریک کر کے ملا کر خوب کھرل کریں۔

استعمال: پانی گرم 5 تولہ گھی' کھانڈ سفید ہر ایک ایک تولہ ملا کر اس کے ساتھ ایک تولہ سفوف عصر کے وقت استعمال کریں۔

(198) سفوف اکسیر قبض و پیچش

منافع: قبض ہر قسم عارضی ہو یا دائمی اور پیچش سدی کے لئے مجرب ہے۔ جسم پر رونق لاتا اور انتڑیوں کو طاقت دیتا ہے۔ انتڑیوں کی خشکی کو زائل کر کے قبض کی عادت کو دور کرتا ہے۔ ہمہ صفت موصوف ہے۔ اس سے قبض دائمی کا عارضہ دور ہو جاتا ہے۔

نسخہ: مغز بادام 100 عدد' الائچی خورد ایک تولہ' مغز کدو' مغز خیارین' مغز تخم خربوزہ' مغز تخم تربوز ہر ایک 6 ماشہ' برگ سناء مصفی تین تولہ کھانڈ دیسی 10 تولہ۔

ترکیب: سب ادویہ جدا جدا باریک پیس کر سفوف کر لیں۔

استعمال: پیچش کاذب سدی کے لئے ایک تولہ ہمراہ شیر یا آب نیم گرم قبض کے لئے 9 ماشہ سے ایک تولہ تک اور قبض دائمی کے لئے 9 ماشہ روزانہ ہمراہ دودھ رات کو سوتے وقت استعمال کریں مگر 15 یوم کے بعد 6 ماشہ خوراک کر دیں۔ قبض دائمی کے لئے ایک ماہ کافی ہے پھر کچھ عرصہ تک مہینہ میں پندرہ خوراک استعمال کریں یعنی ایک دن استعمال کریں اور ایک دن ناغہ کریں جب قبض کی عادت نہ رہے آہستہ آہستہ بند کر دیں۔

(199) سفوف معدہ و اسہال معدی

منافع: معدہ اور جگر کو از حد طاقت دیتا ہے۔ ضعف معدہ یا بد ہضمی سے اسہال ہوں' قوت ہاضمہ کمزور ہو تو سو فیصدی فائدہ کرتا ہے۔ معمول و مجرب ہے۔ اسہال معدی کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے۔

نسخہ: پوست ساق (چھلکا تنتڑی) زرشک، انار دانہ، پودینہ خشک، سونف پوست، ترنج ہر ایک ایک تولہ، سب ادویہ الگ الگ باریک کوٹ کر سفوف کر لیں۔

استعمال: ایک ایک تولہ صبح و شام غذا کے بعد یا نہار صبح و شام استعمال کریں۔

(200) سفوف اسہال و پیچش

منافع: اسہال اور پیچش کے لئے بہت مفید قابل قدر دوا ہے۔ ایک بیاض کہنہ کا نسخہ ہے۔ مجرب ہے۔

نسخہ: پوست ہلیلہ زرد، زیرہ سفید، اجوائن خراسانی ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب: تینوں دوائیں الگ الگ مٹی کی ٹھیکری یا کسی مٹی کے برتن میں بریان کر لیں۔ آنچ نرم ہو۔ پوست ہلیلہ کو جوکوب کر لینا چاہئے۔ باقی دواؤں کو نہ کوٹیں۔ جب بریاں ہو جائیں پھر سب کو کوٹ کر سفوف بنا لیں۔

استعمال: چار چار ماشہ صبح و شام ہمراہ دہی یا لسی کھائیں۔ غذا مونگ کی کھچڑی۔

(201) سفوف اکسیر پیچش

منافع: پیچش کے تمام نسخہ جات سے فائق ہے۔ اکثر جہاں اور کوئی نسخہ کار آمد ثابت نہ ہو اس سے فوری عمل ہو جاتا ہے۔ اس سے کہنہ اسہال کا عارضہ بھی دور ہوتا ہے۔

نسخہ: کرکس، موچرس ہر ایک 9 ماشہ، دارچینی ایک تولہ۔

ترکیب: سب دوائیں الگ الگ باریک پیس کر خوب ملا لیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: ڈیڑھ ماشہ سفوف میں 2 چاول افیون ملا کر خوب کھرل کر لیں اور ہمراہ لسی خام استعمال کریں۔ ایک ایک خوراک صبح و شام دیں۔ اگر آرام نہ ہو تو کوئی ہلکا سا مسہل دے کر دوبارہ ایک یا دو دن استعمال کریں۔ بچے کی عمر کے مطابق دہی پر ڈال کر چٹا دیا کریں۔ دال مونگ اور چاول کی مرغن کھچڑی کے سوا اور کچھ نہ کھلائیں۔

(202) حب برائے پیچش

مرسلہ: علامہ دوراں جناب حضرت استاد حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کے مطب کا نسخہ ہے۔

نسخہ: جدوار خطائی ایک ماشہ، افیون، صمغ عربی، چونہ ہر ایک 2 ماشہ۔

ترکیب: سب کو الگ الگ پیس کر پانی کی مدد سے گولیاں بقدر دانہ موٹھ تیار کر لیں۔

استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ لعاب بہدانہ یا پانی استعمال کریں۔

(203) سفوف مغص امعاء

منافع: جب اسہال کے ساتھ انتڑیوں میں درد ہو اس کے لئے مفید ہے۔ عام اسہال کو پورا فائدہ کرتا

نسخہ: بیلگری 2 ماشہ' پوست سماق' انار دانہ' طباشیر' گل سرخ' تخم کاسنی' زرشک شیریں' تخم لیموں' تخم خرفہ' جامن' کشنیز خشک' مغز خستہ انبہ ہر ایک ایک ماشہ۔

ترکیب: سب دوائیں الگ الگ باریک کر کے سفوف کر لیں۔

استعمال: دو دو ماشہ صبح و شام ہمراہ پانی استعمال کریں۔

(204) سفوف اسہال و پیچش

منافع: اسہال اور پیچش و نفث الدم کے لئے معمول و مجرب ہے۔

نسخہ: کہربا' دم الاخوین' بارتنگ' سبوس اسبغول' گل ارمنی ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب: سب کو الگ الگ باریک پیس کر ملا کر سفوف تیار کریں۔

استعمال: تین تین ماشہ صبح و شام ہمراہ پانی دیں۔

(205) سفوف اسہال و پیچش اطفال

منافع: یہ سفوف بچوں کے اسہال اور پیچش ضعف معدہ بچوں کی تمام معدی امراض کے لئے ہمارے مطب میں تیار رہتا ہے۔ بڑوں کے لئے بھی مفید ہے۔ ایک دو دن میں فائدہ بخشتا ہے۔

نسخہ: دار چینی' کھریا مٹی ہر ایک ایک تولہ' جائفل 9 ماشہ' قرنفل 6 ماشہ' دانہ الائچی خورد' سیماب ہر ایک تین ماشہ' گل ارمنی 2 تولہ' کھانڈ 6 تولہ۔

ترکیب: پہلے سیماب اور کھریا مٹی کو ملا کر کھرل کریں پھر گل ارمنی ڈال کر کھرل کریں پھر باقی اشیاء پیس کر ملا کر خوب کھرل کریں۔

استعمال: ایک ماشہ سے تین ماشہ تک ہمراہ پانی صبح و شام یا دن میں تین چار دفعہ ضرورت کے مطابق استعمال کریں۔

(206) سفوف حابس اسہال و مقوی معدہ

منافع: اسہال کے لئے عمدہ ہے۔ معدہ کو طاقت دیتا ہے اور ضعف ہضم کے لئے سریع الاثر ہے۔ خصوصاً گرم مزاجوں کے لئے نہایت موزوں اور موافق ہے۔ جو اسہال ضعف معدہ کی وجہ سے ہوں ان کے لئے مفید ہے۔

نسخہ: کہربا' طباشیر کبود' سنگ یشب' پوست بیرون پستہ ہر ایک 6 ماشہ' زہر مہرہ' آملہ سار مدبر ہر ایک 9 ماشہ' دانہ الائچی خورد 7 ماشہ' پوست اندرون سنگدانہ مرغ تین ماشہ۔

ترکیب: سب دوائیں الگ الگ باریک کر کے سفوف تیار کر لیں۔

استعمال: تین تین ماشہ صبح و شام ہمراہ پانی استعمال کریں۔

(207) درد شکم کا مجرب نسخہ

نسخہ: سوڈا بائی کارب 10 رتی' ٹنکچر کارڈکو' ٹنکچر جنجر' کلوروڈین ہر ایک 15 بوند امرت دھارا' ٹنکچر بلاڈونا

تمی بو نمپانی 2 تولہ۔

ترکیب: سب دوائیں پانی میں ملا کر خوب ہلائیں تاکہ یکذات ہو جائیں۔

استعمال: سب ایک دفعہ پلا دیں۔ ایک خوراک سے آرام نہ ہو تو تھوڑی دیر کے بعد دوسری خوراک دیں اور پیٹ پر بوتل میں گرم پانی ڈال کر ٹکور کرتے رہیں۔

(208) نمک سلیمانی کا مستند نسخہ

فوائد: نمک سلیمانی کا مستند نسخہ ہے جس کو اکثر دوا خانے فروخت کرتے ہیں اور اشتہاری لوگ اس کا اشتہار دے کر کافی نفع حاصل کرتے ہیں۔ فی الواقعہ اگر یہ نسخہ باقاعدہ تیار کی جائے تو بہت نفع مند ثابت ہوتا ہے۔ یہ مرکب معدہ کے ضعف، بدہضمی، درد شکم، جی متلانا، ضعف اشتہائے طعام کے لئے نہایت سریع الاثر ہے۔ اس کے علاوہ دائمی قبض اسہال، پیچش، بواسیر، درد گردہ، ضعف دماغ، جریان، ضعف بصر، ضعف باہ اور ہر قسم کی زہروں کے لئے مفید ہے۔ ہر موسم اور ہر مزاج میں استعمال ہو سکتا ہے۔ اس کی تجلی کرنے والا پانی لاگ سے نجات پاتا ہے۔ اسے بدہضمی کی کبھی شکایت نہیں ہوتی۔ ہمارے مطب میں نمک ملح کے نام سے بک رہا ہے۔

نسخہ: نمک دیسی، نوشادر ہر ایک 6 تولہ، نمک اندرانی، مرچ سیاہ ہر ایک 4 تولہ، نمک سانبھر آدھ سیر، تخم کرفس 2 تولہ، مرچ سفید 1 تولہ، اذخر 9 ماشہ، افتیمون، ہینگ اصلی، زیرہ سیاہ، سنبل الطیب، زیرہ سفید، زوفا، سوف رومی ہر ایک چھ ماشہ، ملٹھی، دارچینی، مغز تخم کنب ہر ایک 4 ماشہ۔

ترکیب: نمک سانبھر کو جوکوب کرکے کڑاہی میں ڈال کر تیز آگ پر خوب بھون لیں پھر پیس کر کسی مٹی کے کوزہ میں ڈال کر گرم تنور میں رکھیں جب تنور کی آگ سرد ہو جائے نکال کر پیس لیں اور باقی تمام دوائیں بھی باریک کرکے اس میں ملا لیں۔ چینی یا مٹی کے روغنی مرتبان میں ڈال کر آٹے سے منہ بند کر کے اور کپڑے سے باندھ کر جو کے غلہ میں دفن کریں۔ چالیس دن کے بعد نکال کر نگاہ رکھیں۔

استعمال: معدہ کی بیماریوں کے لئے ایک ماشہ کھانا کھانے کے بعد طاقت مردی کے لئے زردی بیضہ مرغ نیم برشت میں ملا کر کھائیں۔ ہر قسم درد جسم اور ورم کے لئے شہد میں ملا کر مل دیں۔ مگر تدکورہ تکالیف کے لئے ناشتہ منہ ہمراہ پانی استعمال کریں۔ خوراک ہر حال میں ایک ماشہ کافی ہے۔ بچوں کو کم مقدار میں عمر کے مطابق دیں۔

(209) حب صغیر قبض کشاء

فوائد: یہ گولیاں عمدہ قبض کشاء ہیں۔ زیادہ استعمال کرنے سے اسہال لاتی اور بے ضرر ہیں۔

نسخہ: سقمونیا ولائتی، ریوند عصارہ ہر ایک 9 ماشہ، صبر 2 تولہ، صمغ عربی 4 ماشہ۔

ترکیب: سب دوائیں الگ الگ باریک کھرل کرکے ملا کر دوبارہ خوب کھرل کریں اور پانی کی مدد سے گولیاں بقدر نخود تیار کریں۔

استعمال: ایک یا دو گولیاں سوتے وقت ہمراہ دودھ یا عرق گلاب یا عرق گاؤزبان استعمال کریں۔ اسہال کے لئے دو گولیاں دیں۔

مسہل اکسیری (210)

منافع: یہ مسہل ثقیل اخلاط کو بآسانی خارج کرتا ہے۔ خصوصاً سخت طبیعت کے لئے قابل اعتماد ہے اور قولنج کا نہایت عمدہ علاج ہے۔ بفضل ایزدی اس کے بعد حقنہ کی حاجت نہیں رہتی۔ ہر مطب میں تیار رہنے کے قابل ہے۔

نسخہ: جلاپہ، گل سرخ، گل بنفشہ، ترنجبین، سناء مکی، پوست ہلیلہ زرد، پوست بلیلہ، آملہ ہر ایک تولہ، مغز جمالگوٹہ مدبر 3 تولہ، روغن بادام اصلی یا گائے کا گھی 5 تولہ شہد حسب ضرورت۔

ترکیب: پہلی آٹھ دوائیں الگ الگ باریک کوٹ چھان کر سفوف بنالیں پھر مغز جمال گوٹہ کو ایک کونڈی ڈنڈہ میں بالکل باریک پیس کر سفوف مذکورہ ملا کر شہد اس قدر ملائیں کہ دوائیں آپس میں مل جائیں پھر بادام روغن یا گھی ڈال دیں اور دو گھنٹہ تک خوب زور سے گھوٹیں اور کھلے منہ والی شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: قولنج کے لئے دو ماشہ سے تین ماشہ تک ہمراہ دودھ استعمال کریں۔ مسہل ہو جانے کے بعد ایک دن مونگ کی کھچڑی کھلائیں۔ عام مسہل کے لئے ضرورت ہو تو ایک ماشہ سے 1 ماشہ تک پانی یا دودھ ایک پیالہ میں گھی 2 تولہ کھانڈ 3 تولہ ملا کر اس کے ہمراہ کھلا دیں۔ اسہال بند کرنے مطلوب ہوں تو اسبغول ایک تولہ مصری کے شربت کے ساتھ استعمال کرائیں۔ مسہل سے قبل اور مسہل کے بعد ایک دن صبح شام مونگ کی کھچڑی کھلائیں۔

مسہل عجیب (211)

منافع: تیز مسہل ہے۔ سخت مزاجوں اور قولنج کے مریضوں کو استعمال کرایا جاتا ہے۔ اس کے علاوہ وجع مفاصل، نقرس، عرق النساء، وجع الورک، درد کمر، درد ریاحی اور تمام بلغمی و ریاحی امراض میں استعمال ہوتا ہے اس سے مواد خوب خارج ہوتے ہیں اور مذکورہ امراض کو نفع ہوتا ہے نیز آتشک، جذام، پھوڑے پھنسیاں وغیرہ تمام جلدی امراض کے لئے مفید ہے۔ نہایت زود اثر قلیل المقدار مفید مسہل ہے۔ نازک مزاجوں کو احتیاط سے دینا چاہئے۔

نسخہ: مغز جمال گوٹہ مدبر، مغز بادام، مغز کدو، مغز ارنڈ ہر ایک 5 تولہ۔

ترکیب: سب کو ملا کر کونڈہ ڈنڈہ میں گھوٹ کر بادام روغن کی طرح روغن نکالیں یا بادام روغن والی مشین میں نکال لیں پھر اس میں اجوائن دیسی جس قدر تر ہو سکے تر کر کے رکھ دیں۔

استعمال: ایک ماشہ ہمراہ پانی گرم استعمال کریں۔ نازک مزاجوں کو تھوڑی مقدار میں دیں۔

دیگر (212)

منافع: اس میں بھی مندرجہ بالا مسہل کے خواص موجود ہیں۔ البتہ یہ آسان ہے۔ فوری ضرورت کے

وقت جلدی آسانی سے تیار ہو سکتا ہے۔ قولنج' درد گردہ' قبض وغیرہ کے لئے مفید ہے۔ حمائل گولہ بھی بہت
ملے تو خام بھی استعمال ہو سکتا ہے۔

نسخہ: مغز جمالگوٹہ' زنجبیل' نوشادر ہر ایک تولہ تولہ تینوں چیزیں جدا جدا باریک پیس کر خوب ملالیں۔

استعمال: چار رتی سے ایک ماشہ تک ہمراہ پانی استعمال کریں۔ نازک مزاج کو اعتیاط سے تھوڑی مقدار میں استعمال کرائیں۔ مسہل کے بعد کوئی تبرید ضرور استعمال کرائیں مثلاً تخم ریحان ہ ماشہ کو تھوڑی دیر تک پانی میں بھگو کر شربت صندل 5 تولہ' عرق گلاب 10 تولہ' روح کیوڑہ چھ ماشہ میں ملا کر پلائیں یا صرف اسبغول ایک تولہ صاف کر کے پانی سے دھو کر سادہ شربت میں ملا کر پلا دینا چاہئے۔

نوٹ: اس مسہل اور مسہل نمبر 211 کے ہر اسہال کے بعد عرق گاؤزبان 5 تولہ پلاتے رہیں تو بہتر ہے۔

(213) مسہل بے ضرر

اسناد: حضرت استاذ مکرم علامہ جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کے معمولات سے ہے۔

منافع: نازک مزاج امراء کے لئے موزوں ہے۔ ہر ایک مرض میں منضج کے بعد یا بغیر منضج کے بھی استعمال کرایا جاتا ہے۔ اس سے کسی قسم کی تکلیف یا گھبراہٹ وغیرہ نہیں ہوتی۔ آسانی سے مواد خارج کرتا ہے۔ عام پرانی و نئی امراض میں ہر قسم کے مریضوں کو استعمال کرایا جاتا ہے۔ ہمارا معمول مطب سے ہے۔ مرکب پرانی امراض میں یہی مسہل استعمال کرایا جاتا ہے۔

نسخہ: فلوس خیار شنبر (گودہ املتاس)' ترنجبین ہر ایک 5 تولہ' بادام روغن ایک تولہ' عرق گلاب' عرق سونف' عرق کاسنی ہر ایک 14 تولہ۔

ترکیب و استعمال: عرقیات کو ملا کر خوب گرم کر کے نصف املتاس اور نصف ترنجبین پر ڈال کر مل چھان لیں۔ املتاس کو چھلنی میں چھاننا چاہئے۔ پھر ملا کر روغن بادام ملا کر پلا دیں۔ ہر اجابت کے بعد عرق گاؤزبان ایک ایک چھٹانک پلاتے رہیں۔ شام کو مسہل کے بعد عرق گاؤزبان 15 تولہ میں مصری تین تولہ ملا کر پلائیں۔ رات کو نرم کھچڑی کھلائیں۔ دوسرے دن صبح بھی عرق گاؤزبان پلائیں۔

(214) مسہل جامع

منافع: اس کی زیادہ تعریف کی ضرورت نہیں۔ بنانے میں آسان سستا اور ہر مزاج کے موافق ہے۔ کسی قسم کا ضرر یا تکلیف نہیں پہنچاتا۔ بلا تکلیف اسہال آجاتے ہیں۔ ہر مرض میں استعمال کیا جاتا ہے۔ عام حالتوں میں ہمارا یہی معمول ہے۔ اس سے اسہال خوب کھل کر ہوتے ہیں اور جسم ہلکا ہو جاتا ہے۔ تینوں اخلاط نکالتا ہے۔

نسخہ: کمیلا 2 تولہ' گلقند 4 تولہ' برگ سناء 6 ماشہ' عرق سونف ایک پاؤ۔

ترکیب و استعمال: گلقند و سناء اور عرق کو ملا کر ایک جوش دیں پھر اتار کر کوزے میں خوب گھوٹ لیں اور کمیلا ملا کر چھان کر پلا دیں پہلے ایک دن صبح و شام اور مسہل کے بعد ایک دن نرم کھچڑی

استعمال کرانی چاہئے۔

(215)حب کبیر

منافع: یہ گولیاں نہایت جامع الاوصاف اور اکسیر الاثر ہیں۔ تمام امراض شکم مثلاً درد شکم، قبض، بدہضمی کہنہ، "باؤ گولہ" "نفخ شکم" "سوء ہضم معدی کے دور کرنے میں اکسیر ہیں۔ اسی طرح ورم جگر، تپ نوبتی، تپ اللازم، "سر درد" "بلغمی و صفراوی" ضیق النفس ام الصبیان کے لئے معمول ہیں۔ اور فالج، لقوہ، خدر، تمدد، کزاز کو کمال فائدہ کرتی ہیں۔ ایک ہمدرد دوست کا صندوقچہ کا معمول عام نسخہ ہے جو بڑی محنت سے حاصل ہوا ہے اور خود تجربہ کیا ہے۔ آپ بھی ایک دفعہ تجربہ کریں۔

نسخہ: بچوک معدنی، شنگرف جا الگوٹھہ مدبر، سیماب مصفیٰ، آملہ سار مدبر ہر ایک 5 تولہ، مٹھ تیلیہ مدبر بہ شیر ایک تولہ۔

ترکیب: پہلے سیماب اور آملہ سار کو کھرل کر کے کجلی بنالیں باقی دواؤں کو باریک پیس لیں پھر سب کو ملا کر چار دن تک آب لیموں میں کھرل کر کے گولیاں بقدر مرچ سیاہ تیار کریں۔

استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ یا چائے یا پانی یا کسی عرق کے ساتھ نگلوا دیں۔ تجربہ کار طبیب بدرقہ مناسبہ سے موقعہ و محل دیکھ کر استعمال کر سکتا ہے۔ قبض کشائی کے لئے ایک یا دو گولیاں رات کو سوتے وقت ہمراہ دودھ گرم استعمال کرائیں۔

(216)حب قبض کشاء

استاد: عطائی جناب حکیم مفتی مقیم اللہ خان صاحب خلف الرشید حضرت استاد جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب نے عطا فرمایا ہے نیز حب ملین 217 بھی آنجناب کی ہی معمول ہیں جو اس نسخہ کے بعد درج ہو گئی۔

منافع: یہ دافع قبض اور مسہل ہیں۔ معدہ کو خوب صاف اور ریاح خارج کرتی ہیں۔ بلغمی امراض کے لئے مفید ہیں۔

نسخہ: صبر سقوطری ایک تولہ 8 ماشہ، ہلیلہ زرد 10 ماشہ، کتیرا، مصطگی، سقمونیا، زعفران ہر ایک تین ماشہ، گل سرخ 15 ماشہ۔

ترکیب: سب ادویہ الگ الگ باریک پیس کر شہد کی مدد سے گولیاں بقدر جنگلی بیر تیار کریں۔

استعمال: قبض کے لئے ایک گولی ہمراہ عرق گلاب یا دودھ یا پانی معمولی اسہال لانے کے لئے 4 گولیاں اور مسہل مکمل کے لئے 10 گولیاں استعمال کرائیں۔

(217)دیگر

منافع: معدہ قبض کشاء ہیں۔ اسہال بافراغت لا کر مواد بلغمی کو خوب نکالتی ہیں۔ ایک گولی سے دو اور دو گولی سے پانچ اسہال آتے ہیں۔

نسخہ: کیلومل 'عصارہ ریوند' سقمونیا' رب حنظل' رب نانخواہ' رب جلابہ ہر ایک ہم وزن۔
ترکیب: خشک ادویہ کو باریک پیس کر رب ملائیں اور قدر ضرورت پانی ملا کر خوب حل کر کے بقدر نخود گولیاں تیار کریں۔
استعمال: ایک سے 4 گولی تک ہمراہ دودھ گرم استعمال کریں۔

(218) اکسیر سنگرہنی

منافع: سنگرہنی کے عارضہ کے لئے نہایت مفید ہیں اس کے علاوہ معدہ اور انتڑیوں کی کمزوری دور کرتی ہضم کے فتور کے لئے بے نظیر ہے۔ اس سے معدہ اور انتڑیوں کا فعل درست ہو جاتا ہے۔
نسخہ: سنکھ 10 تولہ' پارہ' آملہ سار' چترہ' لوٹہ کھار سونٹھ' نمک طعام' نمک سیاہ نمک تلی' نمک سانبھر ہر ایک ایک تولہ۔
ترکیب: سنکھ کو گرم کر کے لیموں کے پانی میں بار بار بجھائیں۔ سات آٹھ دفعہ سے سب سنکھ کشتہ ہو کر لیموں کے پانی میں جمع ہو جائے گا پھر اس کو نکال کر باریک پیس لیں۔ پارہ اور آملہ سار کو کھرل کریں۔ جب خوب یک جان ہو جائیں تو الگ رکھیں۔ باقی اشیاء کو باریک پیس لیں پھر سب کو ملا کر لیموں کے پانی میں دو تین گھنٹہ کھرل کر کے خشک کر لیں بس تیار ہے۔
استعمال: ایک ایک ماشہ صبح و شام دہی کے گھرڑا ایک گلاس کے ساتھ استعمال کریں۔ اگر اسہال زیادہ آ رہے ہوں تو ایک وقت گنگا دھر رس دیا جاتا ہے جس کی ترکیب عام ہے اور ایک وقت یہ اکسیر سنگرہنی استعمال ہوتا ہے۔

(219) کشتہ سنکھ برائے سنگرہنی

منافع: سنگرہنی اور اسہال ہر قسم کے لئے قابل تعریف ہے۔ سنگرہنی اور اسہال کہنہ جیسے عارضہ کو چند خوراک سے آرام ہو جاتا ہے۔ مجرب اور نہایت بے ضرر ہے۔ معدہ اور انتڑیوں کو طاقت دیتا ہے۔
نسخہ: سنکھ 5 تولہ' آب لیموں ایک پاؤ۔
ترکیب: سنکھ کو باریک پیس کر آب لیموں سے کھرل کریں پھر اس کی پانچ ٹکیہ تیار کر لیں اور خشک کر کے ایک کوزہ گلی میں ڈال کر اس کا منہ چینی سے بند کر کے گل حکمت کر لیں اور خشک کر کے 15 سیر اوپلہ میں آنچ دیں۔ جب سرد ہو نکال کر دوا باریک پیس کر شیشی میں نگاہ رکھیں۔
استعمال: ایک ماشہ معجون مربہ جات ایک تولہ میں رکھ کر صبح کو کھلا دیں۔
نسخہ معجون مربہ جات: مربہ آملہ خستہ بر آوردہ' مربہ ہلیلہ خستہ بر آوردہ' مربہ بہی' مربہ سیب' مربہ گزر ہر ایک 5 تولہ سب کو کونڈہ ڈنڈہ میں خوب گھوٹ کر ملا لیں تیار ہے۔

(220) سفوف سنگرہنی

منافع: یہ سفوف سنگرہنی کے عارضہ کے لئے نہایت مفید ہے۔ ہضم کو طاقت بخشتا ہے۔ اسہال کو بہت

جلد روک دیتا ہے۔
نسخہ: بل کتھ، گل دھاوا، موچرس رال، گلنار، مازو، مائیں، اندرجو، ہلیلہ سیاہ، کشنیز خشک، کچور، صمغ عربی، کیرا، طباشیر نقرہ، تخم خرفہ، تخم کاسنی، برادہ صندل سفید، مغز کدو، مغز خیارین، مغز خربوزہ، بیدانہ، تخم اسبغول، تخم پیٹھ، مغز تخم آم، گل ارمنی، کاتخ، اقاقیا، گل سرخ، تج، نشاستہ گندم ہر ایک 6 ماشہ، کوکنار 2 تولہ تمام چیزیں جدا جدا باریک پیس کر سفوف بنالیں۔
استعمال: چار چار ماشہ صبح و شام ہمراہ آب سرد دیں۔ غذا مونگ کی کھچڑی دال مسور اور چپاتی دیں۔

(221) عرق اکسیر ہیضہ

منافع: مرض ہیضہ کے لئے مفید ہے۔ ہیضہ کے دنوں میں ہر مطب میں تیار رہنا چاہئے۔ معدہ کی اصلاح کر کے طبیعت کی گھراہٹ وغیرہ کو دور کرتا ہے۔ پیاس کو تسکین بخشتا ہے۔ عمدہ مفرح ہے۔
نسخہ: زرشک شیریں، برادہ صندل سفید ہر ایک تین پاؤ، الائچی خورد نیم کوفتہ، دار چینی ہر ایک 15 تولہ، طباشیر 7 تولہ، آلو بخارا 40 تولہ، پودینہ ایک سیر، انار تازہ ترش ایک پاؤ، کافور 4 تولہ۔
ترکیب: سوائے کافور کے باقی دوائیں کوٹ کر 24 گھنٹہ تک ایک سیر پانی میں بھگو رکھیں۔ پھر اس کا عرق بقدر چار سیر کشید کریں۔ عرق نکالتے وقت کافور کو ململ کے کپڑے میں باندھ کر نیچہ کے منہ پر باندھ دیں۔
استعمال: دو دو تولہ ہر تین گھنٹہ کے بعد پلائیں۔ زیادہ تکلیف ہو تو عرق کی مقدار زیادہ کریں۔

(222) ہیضہ وغیرہ کی مجرب گولیاں

منافع: یہ گولیاں ہیضہ کے لئے جادو اثر ہیں۔ بشرطیکہ ردی حالت سے قبل استعمال کی جائیں نیز بدہضمی قے، اسہال، درد شکم وغیرہ کے لئے نہایت مفید و قابل تعریف ثابت ہوئی ہیں۔
نسخہ: آملہ سار صاف، تھوم، زیرہ سفید، فلفل دراز، سنڈھ، نمک سیندھا، ہیرا ہینگ ہر ایک ایک تولہ آب لیموں بقدر ضرورت۔
ترکیب: سب دوائیں جدا جدا باریک پیس کر آب لیموں میں چار پہر تک کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔
استعمال: بچہ کو ایک گولی اور بڑے کو دو یا تین گولیاں دو دو گھنٹہ کے بعد ہمراہ عرق لیموں یا عرق سونف استعمال کریں۔
آملہ سار مدبر کرنے کا طریقہ: آملہ سار حسب ضرورت باریک کر کے گھی میں ملا کر ایک کڑچھے میں آگ پر پگھلا کر دودھ میں ڈالیں جب سرد ہو جائے نکال لیں اور باریک پیس لیں۔

(223) گھٹی اطفال

منافع: بچوں کی بدہضمی، قے، اسہال، خرابی خون کے لئے نہایت عجیب الاثر ہے۔ تندرستی کی حالت میں بچہ کو وقتاً فوقتاً استعمال کرائی جائے۔ تو اس کا ہاضمہ ٹھیک رہتا اور صحت قائم رہتی ہے۔

نسخہ: کشنیز خشک، برگ نیم، نوشادر، گلو خشک، خوب کلاں، کوڑ، کچور ہر ایک چھ ماشہ۔
ترکیب: سب کو جدا جدا باریک پیس کر سفوف کریں۔
استعمال: چار رتی کی مقدار پانی میں حل کر کے حلق میں ڈالیں۔

(224) حب بواسیر خونی

منافع: بواسیر خونی کے لئے مجرب اور قبض کشا ہیں۔ ریح خارج کرتی ہیں۔ یہ نسخہ ایک قلبی دوست کا معمول مطب ہے۔ جوانہوں نے ازراہ عنائت ہمیں مطب کے لئے عطا فرمایا۔
نسخہ: مغز تخم بکائن، مغز تخم اندرائن ہر ایک تولہ تولہ اجوائن خراسانی، تخم گندنا ہر ایک 6 ماشہ، رسوت مصفیٰ، مصبر ہر ایک 1 تولہ۔
ترکیب: سب دوائیں جدا جدا باریک پیس کر مولی کے پانی سے کھرل کر کے گولیاں بقدر نخود بنالیں۔ مولی کا پانی نہ مل سکے تو خالص پانی سے گولیاں بنالیں۔
استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ باسی پانی کھائیں اور ایک گولی لعاب دہن میں گھس کر مسوں پر طلا کریں۔

(225) دیگر

اسناد: ایک دوست کا عطیہ ہے جو خود اس کا اشتہار دیتے ہیں۔
منافع: بواسیر خونی کے لئے نہایت سریع الاثر اور مجرب المجرب و آزمودہ ہیں۔ بواسیر کے تمام عوارض کو جلد آرام بخشتی ہیں۔ خون بند کرتی ہیں۔
نسخہ: نیلا تھوتھہ، سرمہ سفید ہر ایک 6 ماشہ بکائن یعنی دھریک کے تازہ پھل کا چھلکا، برگ نیم ہر ایک 1 تولہ۔
ترکیب: سب ادویہ الگ الگ پیس کر لعاب گھیکوار یعنی کنوار گندل کے پانی سے کھرل کر کے نخود کے برابر گولیاں تیار کریں۔
استعمال: ایک گولی صبح ہمراہ پانی استعمال کریں۔ اور دودھ گھی زیادہ استعمال کریں۔

(226) بواسیری مسوں کا مکمل علاج

منافع: اگر مسے پھول گئے اور درد کرتے ہوں تو اس تدبیر سے درد کو بہت جلد آرام ہو کر مسے خشک ہو جاتے ہیں اور کسی قسم کی تکلیف نہیں رہتی۔ کئی دفعہ کا مجرب و آزمودہ ہے۔ اس سے پہلے دن آرام آتا ہے۔
نسخہ: پیاز 5 تولہ، روغن زرد، برگ بھنگ ہر ایک 2 تولہ، ہڑتال ورقی ایک ماشہ، زردی بیضہ مرغ ایک عدد۔
ترکیب: پہلے درد کے لئے پیاز کو کتر کر گھی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب پیاز گل جائے تو بھنگ کو

باریک پیس کر ملا دیں اور ہلاتے رہیں۔ جب گاڑھا ضماد تیار ہو جائے نیم گرم مسوں پر رکھ کر لنگوٹ باندھ دیں۔ چند دن صبح و شام یا صرف ایک وقت ضرورت کے مطابق تازہ تیار کر کے باندھتے رہیں۔ جب درد کو خوب آرام ہو جائے تو ہڑتال کو باریک پیس کر زردی بیضہ مرغ میں ملا کر مسوں پر دن میں دو دفعہ لیپ کر دیا کریں جب سب سے خشک ہو جائیں بند کر دیں ہر روز ایک ماشہ ہڑتال اور ایک زردی بیضہ مرغ استعمال کرنی ہوگی۔

(227) بخور برائے بواسیر

منافع: اس بخور یعنی دھونی کے استعمال سے مسوں کی تکلیف کو آرام ہوتا ہے۔ درد اور خارش وغیرہ دور ہو جاتے ہیں اور مسے خشک ہو جاتے ہیں۔

نسخہ: سرگین ابابیل، بھینس کے سینگ کا برادہ، تخم بھنگ ہر ایک 2 ماشہ بیری کی لکڑی کا برادہ 6 ماشہ، برادہ کچلہ 2 تولہ، سب چیزیں باریک پیس کر ملا کر رکھ لیں۔

استعمال: ہر روز صبح و شام ایک ماشہ آگ پر ڈال کر دھونی دیں۔ دھونی دیتے وقت کمر تک کپڑا اوڑھ لینا چاہئے۔ آنکھوں اور منہ کو کپڑے سے باہر رکھنا چاہئے تاکہ آنکھوں کو نقصان نہ پہنچائے۔

(228) اکسیر ریح البواسیر و مالیخولیا مراقی

منافع: ریح البواسیر اور مالیخولیا مراقی مجرب المجرب ہے۔ اس کا بارہا تجربہ ہو چکا ہے۔ ضعف معدہ کو مفید اور ریاح کو خارج کرتی ہے۔ سرد مزاج کو زیادہ مفید ثابت ہوئی ہے۔

نسخہ: افسنتین 2 تولہ، ہینگ اصلی ایک تولہ، مشک خالص 5 رتی۔

ترکیب: افسنتین اور ہینگ کو باریک پیس کر مشک ملا کر باریک کر کے اچھی طرح ملا لیں اور اس کی 24 پڑیہ باندھ لیں۔

استعمال: روزانہ صبح و شام ایک پڑیہ ہمراہ آب خالص دیں۔ بادی اور قابض چیزوں سے پرہیز۔

(229) دوائے بواسیر ریحی

منافع: بواسیر ریحی کے لئے اس جلیل القدر دوا کا کئی دفعہ تجربہ ہوا ہے۔ آپ بھی ایک دفعہ تجربہ کریں۔

نسخہ: گوگل 6 ماشہ، لاجورد مغسول تین ماشہ، مربہ ہلیلہ 24 عدد۔

ترکیب: گوگل کو باریک کوٹیں، مربہ ہلیلہ کی گٹھلیاں نکال کر باریک پیس لیں پھر تینوں کو خوب ملا کر اس کی 12 خوراک بنا لیں۔

استعمال: ایک خوراک صبح ایک شام ہمراہ عرق مکو، عرق گاؤزبان، عرق سونف ہر ایک پانچ تولہ دیں۔

پرہیز: تمام بادی اور ثقیل اور تیل دار اشیاء مثلاً اچار ہر قسم مچھلی بینگن دال مسور و چنے گوشت گائے وغیرہ سے پرہیز لازم ہے۔

(230) حب بواسیر ریحی

نافع: بواسیر ریحی کے لئے نہایت موثر مجرب المجرب اور معمول مطب ہیں۔ سریع الاثر اس قدر کہ تین دن میں ہی اثر دکھاتی ہیں۔ عرصہ سے زیر استعمال ہیں۔ معمولی نسخہ نہیں۔

نسخہ: شگوفہ کریر، رسوت مصفی، سناء مکی، مویز منقہ، سرخ مرچ تازہ، لونگ مدار ہر ایک 2 تولہ۔

ترکیب: سب دوائیں الگ الگ باریک پیس کر ملا کر کونڈہ ڈنڈہ میں خوب باریک گھوٹ لیں اور کنار دشتی (جنگلی بیر) کے برابر گولیاں تیار کریں۔

استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ پانی نگلوا دیں۔

(231) شربت ریح البواسیر و مالیخولیا مراقی

نافع: ریح البواسیر اور مالیخولیا مراقی کے لئے عجیب الاثر ہے۔ معدہ کو طاقت دیتا اور بخارات کو روکتا اور غذا کو ہضم کرتا ہے۔ طبیعت کی گھبراہٹ، گرمی، قبض وغیرہ کے لئے مفید ہے۔

نسخہ: ترنجبین اعلیٰ 20 تولہ، گل سرخ، تخم کاسنی، افسنتین ہر ایک 4 تولہ، تمر ہندی 10 تولہ، مصری 40 تولہ۔

ترکیب: سوائے ترنجبین کے باقی سب دوائیں رات کو ایک سیر پانی میں بھگو دیں۔ صبح جوش دیں جب ایک پاؤ رہ جائے تو ترنجبین جو نصف بوتل عرق گلاب میں بھگویا گیا ہو چھان کر اور مصری بھی ملا کر شربت تیار کریں۔

(232) سفوف ریح بواسیر

نافع: ضعف معدہ، ریح البواسیر، مالیخولیا مراقی کے لئے نہایت نافع ہے نیز ضعف قلب، ضعف دماغ اور بخاروں کو فائدہ کرتا ہے۔

نسخہ: افسنتین، گل سرخ ہر ایک ایک تولہ، گل گاؤزبان 9 ماشہ، مصطگی رومی 6 ماشہ، عود خام 4 ماشہ، زیرہ 5 ماشہ، الائچی خورد 2 ماشہ۔

ترکیب: سب دوائیں الگ الگ باریک پیس کر ملا لیں۔

استعمال: دو دو ماشہ صبح و شام ہمراہ پانی استعمال کریں۔

(233) سفوف قبض کشاء

نافع: نہایت عمدہ قبض کشاء ہونے کے علاوہ مقوی معدہ و امعاء ہے۔ ریاح کو تحلیل کرتا اور ہضم درست کرتا ہے اور ریح بواسیر کے لئے نافع ہے۔ مصفی خون اور شیر خوار بچوں کے لئے مفید ہے۔

نسخہ: آرد ملٹھ، برگ سناء ہر ایک 10 تولہ، سونف، گندھک مصفی ہر ایک 5 تولہ، مصری 30 تولہ۔

ترکیب: سب کو الگ الگ باریک پیس کر ملا کر سفوف تیار کریں۔

استعمال: 9 ماشہ رات کو سوتے وقت ہمراہ دودھ گاؤ استعمال کریں۔

(234) سفوف دیدان شکم

منافع: دیدان (پیٹ کے کرم) خواہ کدودانہ خواہ چھوٹے (چمونے) خواہ لمبے ہوں اس سفوف کے چار روزہ استعمال سے بالکل نابود ہو جاتے ہیں۔ تمام اقسام کے لئے مجرب ہے۔

نسخہ: اجوائن، مغز کرنجوہ، مغز پلاس پاپڑا، باؤبڑنگ، کُٹ تلخ ہر ایک تین ماشہ کمیلہ، آرد تربد سفید ہر ایک 6 ماشہ، نمک دیسی 5 ماشہ۔

ترکیب: سب ادویہ جدا جدا باریک پیس کر خوب ملالیں۔ بس تیار ہے۔

استعمال: اول تین روز آدھ سیر دودھ میں مصری ملا کر پلاتے رہیں چوتھے روز سفوف 6 ماشہ ہمراہ عرق مکو 20 تولہ استعمال کریں۔ اسی طرح چار دن کریں پھر کسٹر آئل 2 تولہ عرق مکو ایک پاؤ مصری 6 تولہ ملا کر نیم گرم کر کے پلائیں۔ بچہ کو عمر کے مطابق کم مقدار میں دیں۔

(235) سفوف عطاش اطفال

منافع: عطاش یا علت عطاشہ جس میں پیاس اسہال قے کے علاوہ اکثر ساتھ تپ بھی ہو جاتا ہے۔ آنو بیٹھ جاتا ہے۔ بچہ دن بدن سوکھتا جاتا ہے۔ بہت موذی مرض ہے اس کے لئے یہ سفوف اور اس کے بعد کے نسخہ جات مجرب اور منتخب ہیں۔

نسخہ: طباشیر تین ماشہ کہربا، ستو جو ہر ایک ایک ماشہ زمرد 2 چاول، مروارید 4 چاول، زرورد 4 رتی۔

ترکیب: مروارید زمرد کو روح کیوڑہ میں کھرل کر کے باقی دوائیں باریک پیس کر ملالیں۔

استعمال: دو رتی سے چار رتی تک حسب عمر عرق گلاب میں حل کر کے صبح و شام یا تین وقت استعمال کرائیں۔

(236) نقوع عطاش

منافع: مغز کول ڈودہ ایک تولہ، زیرہ سفید، بیکری، خس ہر ایک 6 ماشہ، گل دھاوا ابریشم مقرض، گاؤزبان، طباشیر ہر ایک تین ماشہ، الائچی خورد 4 ماشہ، ریت ٹھی بریاں 5 تولہ، پھلیاں برنج 2 تولہ، پانی تین سیر۔

ترکیب: ابریشم کو کتر لیں باقی دوائیں کوٹنے والی کوٹ لیں پھر سب کو پانی میں بھگو لیں۔

استعمال: بچہ کو تھوڑا تھوڑا پانی کی جگہ پلاتے رہیں۔

(237) دوائے عطاش

نسخہ: طباشیر 3 ماشہ، مغز کنول گٹہ ایک تولہ، زرشک شیریں، کشنیز خشک، الائچی خورد، تخم خرفہ ہر ایک 6 ماشہ، زرورد 2 ماشہ، عرق بید مشک، عرق کیوڑہ ہر ایک 12 تولہ۔

ترکیب: سب دوائیں کوٹ کر عرقیات میں بھگو رکھیں۔

استعمال: پیاس کے وقت اس کا زلال لے کر اس میں زہر مہرہ خطائی گھس کر پلاتے رہیں۔

(238) حب اکسیر سنگرہنی

فوائد: سنگرہنی کے لئے مفید ہے۔ کئی بار تجربہ میں آچکا ہے۔

نسخہ: شنگرف رومی، مصطگی رومی، کتھ، گیرو، افیون ہر ایک 3 ماشہ۔

ترکیب: سب دوائیں خوب باریک کر کے سفوف بنا کر لعاب اسبغول میں حل کر کے حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ لعاب اسبغول 6 ماشہ، آدھ پاؤ پانی میں نکلے ہوئے کے ساتھ نگل لیا کریں۔

پرہیز: غذا کھچڑی، چاول، دہی استعمال کریں۔ روٹی یا کوئی اور ثقیل غذا نہ دیں۔

(239) مرہم مسہ ہائے بواسیر

انتساب: عالی جناب محترم حکیم ڈاکٹر مقصود احمد خاں صاحب سکنہ موئی ضلع بارہ بنکی کا عطیہ ہے۔ آپ نے یہ مجرب صدری مخفی نسخہ خاص طور پر میری درخواست پر مجربات سلطانی حصہ سوم کے لئے دیا ہے۔

منافع: بواسیری مسے خواہ اندر ہوں یا باہر تین یوم میں آرام بخشتی ہے اور درد کو فوری آرام دیتی ہے۔ یہ لاجواب نسخہ ان نسخہ جات میں سے ہے جنہیں اطباء مخفی رکھنا پسند کرتے ہیں اور یہ نسخہ ہر ایک مطب میں تیار رکھنے کے قابل ہے۔

نسخہ: آب برگ لگرونده سبز، آب برگ گندنا سبز، آب برگ نیم سبز، آب برگ بھنگ سبز، آب مکو سبز، آب برگ حنا سبز ہر ایک تین تولہ گوگل، رسوت ہر ایک 9 ماشہ، گل کنجد، گل بابونہ، مغز تخم خوبانی، مردہ سنگ، سفید کاشغری ہر ایک 6 ماشہ، سفیدی بیضہ مرغ ایک عدد، روغن گل 5 تولہ۔

ترکیب: بوٹیوں کے پانی مذکور میں رات کو گوگل اور رسوت بھگو دیں۔ صبح خوب مل چھان کر گل کنجد، گل بابونہ، مغز خوبانی باریک پیس کر ملا دیں۔ اور گل روغن ملائیں پھر مردہ سنگ اور سفیدہ کاشغری باریک پیس کر ملائیں اور آگ پر چڑھائیں۔ جب پانی جل جائے ٹھنڈا کریں اور سفیدی بیضہ مرغ ملا کر رکھ لیں۔

استعمال: تھوڑا سا مسوں پر صرف رات کو یا دو وقت لگا دیا کریں۔

مجربات امراض قلب

(240) جواہر مہرہ سلیمی

انتساب: حضرت علامہ استاذ فاضل جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب مرحوم لاہوری کے معمولات میں سے ہے جو انہوں نے ازراہ لطف و کرم مطب کے لئے عنائت فرمایا تھا۔

منافع: دل، دماغ، معدہ جگر کو نہایت طاقت بخشتا ہے۔ حرارت غریزی کی حفاظت اور طاقت کے لئے بے

نظیر ہے اور مدت تک کسی مرض میں مبتلا رہنے کے بعد جو کمزوری لاحق ہو جاتی ہے۔ اس کے لئے نہایت مفید ہے۔ اعضاء رئیسہ و شریفہ کو طاقت بخشتا ہے۔ ضعف عامہ کے لئے مفید ہے۔

نسخہ: فاد زہر حیوانی 6 درم، مروارید بسد، لاجورد، یاقوت احمر، یاقوت کبود، یاقوت زرد، یشب سبز، زمرد، عقیق، ورق نقرہ، مصطگی ہر ایک 4 درم، ورق طلاء، جدوار بنفسجی، نارجیل دریائی، عنبر اشہب، مشک خالص، مومیائی ہر ایک ایک درم۔

ترکیب: تمام دوائیں جدا جدا باریک پیس کر عرق گلاب میں تین پہر کھرل کریں۔

استعمال: 2 رتی سے 4 رتی تک خمیرہ گاؤزبان سادہ ایک تولہ یا دواء المسک معتدل جواہر والی 5 ماشہ میں ملا کر استعمال کریں۔

(241) دیگر

اسناد: استاذ الاطباء حضرت استاذیم جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کا عطیہ مجرب ہے۔

منافع: اسکے منافع جواہر مہرہ سلیمی نمبر 240 کے مطابق ہیں۔

نسخہ: یاقوت زرد، فاد زہر حیوانی، ورق نقرہ، ورق طلا ہر ایک ڈیڑھ ماشہ، عنبر اشہب 4 رتی، طباشیر، مروارید ہر ایک تین ماشہ۔

ترکیب: تمام ادویہ جدا جدا کھرل کر کے عرق گلاب قسم اول میں تین پہر تک کھرل کر کے بقدر دانہ مسور گولیاں بنادیں۔

استعمال: ایک گولی ہمراہ یخنی گوشت یا شیر گاؤ یا دیگر بدرقہ کے ساتھ استعمال کریں۔

(242) سفوف مقوی قلب

منافع: ضعف قلب، تپش و حرارت، قلب توحش خفقان کے لئے مفید ہے۔ اور نہایت آسانی سے تھوڑے داموں میں تیار ہو جاتا ہے۔

نسخہ: سنگ یشب، زہر مہرہ خطائی، کہربا شمعی ہر ایک ایک تولہ، دانہ الائچی خورد 6 ماشہ، عرق گلاب، عرق گاؤزبان ہر ایک 5 تولہ۔

ترکیب: خشک دوائیں جدا جدا باریک پیس کر عرقیات سے آہستہ آہستہ کھرل کریں اور خشک کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: ایک ایک ماشہ صبح و شام شربت صندل 3 تولہ عرق گاؤزبان 12 تولہ کے ساتھ کھائیں۔

(243) شربت مفرح و مقوی قلب

منافع: دل کو فرحت اور طاقت بخشتا ہے اور تپش و حرارت قلب، دل کی گرم امراض مثلاً خفقان، دل دھڑکنا، ضعف دل و دماغ حفاظت حرارت غریزی کے لئے مفید اور آسان ہے۔

نسخہ: بورہ صندل سرخ، آب انار ترش ہر ایک 6 تولہ، مغز بادام مقشر 5 تولہ، دانہ الائچی خورد، روح کیوڑہ

ہر ایک 2 تولہ' عرق گلاب ایک پاؤ' مصری ایک سیر۔

ترکیب: بورہ صندل کو ایک سیر پانی میں رات کو بھگو کر صبح جوش دیں۔ جب چوتھا حصہ باقی رہ جائے تو مل چھان کر نگاہ رکھیں۔ پھر مغز بادام' الائچی خورد کا ڈیڑھ پاؤ پانی میں شیرہ نکال کر چھان لیں اور بمعہ مصری و آب انار ترش صندل والے پانی میں ملا کر جوش دیں۔ پھر عرق گلاب ملا کر خوب جوش دے کر شربت تیار کریں۔ قدرے سرد کر کے بوتلوں میں بھر دیں۔ اور روح کیوڑہ ملا کر کارک لگا دیں۔

استعمال: چار چار تولہ صبح و شام ٹھنڈا پانی ملا کر استعمال کریں۔

(244) حلوہ مقوی اعضاء رئیسہ

منافع: دل' دماغ' معدہ' جگر کو نہایت طاقت بخشتا ہے۔ قوت باہ اور قوت بدن کے لئے مفید ہے۔ دماغی محنت کرنے والوں اور جسمانی طاقت کے لئے عجیب چیز ہے اور عورتوں کے لئے بہت مفید ہے۔

نسخہ: آرد ماش مقشر آدھ سیر' گوند پھلاہ پندرہ تولہ روغن گاؤ ایک سیر' ثعلب مصری' موصلی سفید ہر ایک 5 تولہ' دارچینی 3 تولہ' دانہ الائچی خورد 4 تولہ' مغز بادام مقشر ایک پاؤ' مغز پستہ 10 تولہ' شکر سفید ایک سیر' گل گاؤزبان' بھیلرا' گل سرخ' بادرنجبویہ ہر ایک 2 تولہ' صندل سرخ' صندل سفید ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب: ثعلب' موصلی سفید' دارچینی' دانہ الائچی خورد کو باریک کر کے سفوف کر لیں اور گل گاؤزبان' گل سرخ' بادرنجبویہ' بھیلرا' صندل سرخ' صندل سفید کو ایک سیر پانی میں 24 گھنٹہ تک بھگو رکھیں پھر اس کا منہ بند کر کے جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے مل چھان کر اس میں شکر سفید ملا کر چاشنی تیار کریں۔ روغن گاؤ کو آگ پر چڑھا کر سرخ کریں اور گوند پھلاہ ملا کر ہلاتے رہیں۔ جب گوند سرخ ہو جائے تو نکال کر روغن کو رومال وغیرہ سے چھان کر الگ رکھیں۔ احتیاط رہے کہ گوند کچی نہ رہے اور نہ ہی سیاہ ہو جائے پھر اس روغن میں آرد ماش ڈال کر نرم آگ پر بریاں کریں۔ جب آٹے کی خوشبو بدل جائے اور ٹھیک بریاں ہو جائے تو ثعلب و موصلی وغیرہ کا سفوف اس میں ڈال کر دو چار منٹ تک اور آگ پر رکھیں پھر چاشنی ڈال کر چمچہ کے ساتھ زوردار ہاتھوں سے پھرتی کے ساتھ ہلانا شروع کر دیں اور مغز بادام مغز پستہ کو جو کوب کر کے ساتھ ساتھ ملاتے جائیں۔ جب سب اشیاء آپس میں بخوبی مل کر یکجان ہو جائیں تو سرد کر کے کسی قلعی دار برتن یا مرتبان میں ڈال لیں۔

استعمال: روزانہ صبح و شام تین یا چار تولہ تک نہار منہ کھائیں۔

(245) سفوف مفرح بارد

منافع: ضعف و گرمی اعضاء رئیسہ کے لئے نہایت مفید ہے۔ دل دھڑکنا' خفقان' غشی' کمزوری' بزدلی' بخاروں کے بعد کی گرمی' آگ یا دھوپ وغیرہ سے جگر کو تاؤ لگ جانا' گرمی کا شانا' تھوڑا چلنے سے ہانپنا اور زبان رہنا وغیرہ وغیرہ تمام ایسے عوارض کے لئے عجیب و غریب اور مجرب المجرب نیز نہایت آسان اور ارزاں ہے اور غریب طبقہ کے لئے ایک نعمت ہے۔

نسخہ: گلاب کے تازہ پھول 5 تولہ' یاقوت رمانی' طباشیر' دانہ الائچی خورد ہر ایک ایک تولہ' کافور 5 ماشہ' سنگ یشب سبز' روح کیوڑہ' روح بید مشک ہر ایک 6 ماشہ' زہر مہرہ خطائی 9 ماشہ۔

ترکیب: گلاب کے پھول کوٹ کر نغدہ بنالیں اور یاقوت سنگ یشب زہر مہرہ کو چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے نغدہ مذکور کے درمیان رکھ کر اس پر آدھ سیر کپڑا کہنہ خوب زور سے لپیٹ کر ایک سیر اوپلے توڑ کر اس کے اردگرد رکھ کر آگ لگا دیں۔ سرد ہونے پر دوائیں نکال کر باقی دواؤں کے ساتھ خوب کھرل کریں پھر روح کیوڑہ و روح بید مشک تھوڑا تھوڑا ملا کر کھرل کیں اور خشک کر کے شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: ایک رتی سے دو رتی تک ہمراہ دودھ استعمال کریں یا شربت انار یا شربت سیب میں ملا کر چٹائیں۔ زیادہ گرمی کی حالت میں ہمراہ شربت بزوری یا شربت صندل 4 تولہ' عرق گاؤزبان 3 تولہ استعمال کریں۔ گرم چیزوں سے پرہیز کریں۔

(246) سفوف مفرح

منافع: یہ دوا دل کی تمام امراض کے لئے نہایت جامع الاوصاف ہے۔ دل' دماغ' معدہ' جگر وغیرہ اندرونی اعضاء کو طاقت و تسکین بخشتی ہے اور نفث الدم نکسیر' کثرت خون' حیض یا نفاس اسہال خونی مروڑ کو مفید ہے۔ بچوں کے اسہال کو بند کرتی ہے۔ تپوں کی گرمی' بے چینی' خفقان' گھبراہٹ اور وبائی امراض کے لئے اچھی چیز ہے۔ دل کو طاقت اور پیاس دور کرنے اور ہر طرح کے اضطراب خفقان' دل دھڑکنے اور غشی وغیرہ میں بہت موثر ہے۔

نسخہ: طباشیر کبود' بورہ صندل سفید' مغز کشنیز' الائچی خورد' زہر مہرہ خطائی کہربا ہر ایک 5 تولہ' نارجیل دریائی تین تولہ' کشتہ عقیق 2 تولہ' کشتہ مرجان ایک تولہ' ورق نقرہ تین ماشہ۔

ترکیب: سب کو باریک پیس کر خوب کھرل کر کے ملالیں۔

استعمال: ایک ماشہ سے 2 ماشہ تک ہمراہ شربت صندل یا مربہ ہی۔

مجربات امراض جگر و طحال

(247) شربت فولاد اکسیر جگر

منافع: معدہ اور جگر کے لئے اکسیر ہے۔ معدہ اور جگر کی کمزوری اور گرمی کو زائل کر کے طاقت دیتا اور ان کے فعل کو درست کر کے خون وافر پیدا کرتا ہے۔ جس سے غذا جزو بدن ہو کر بدن طاقتور ہوتا ہے اور بدن سرخ ہو جاتا ہے۔ بھوک خوب پیدا کرتا ہے۔ ہر قسم کی کمزوری بدن کے لئے مفید ہے۔ بھس کی خون کو دور کرتا اور تفریح بخشتا ہے۔ یہ نسخہ بڑی مشکل سے حاصل ہوا ہے۔ قابل قدر تحفہ ہے۔

نسخہ: پوست ہلیلہ زرد' پوست ہلیلہ کابلی' آملہ' مجیٹھ' مویز منقہ ہر ایک 30 تولہ' بورہ آہن 20 تولہ' بورہ

صندل سفید 10 تولہ۔

ترکیب: کوٹنے والی دوائیں کوٹ کر اور بورہ آہن کو کپڑے میں نرم پوٹلی باندھ کر سب کو لوہے کی کڑاہی میں ڈال دیں اور سولہ سیر پانی ڈال کر دھوپ میں رکھیں۔ ہر روز بورہ آہن کی پوٹلی کو ہاتھ سے مل دیا کریں اور دوائیں کسی لکڑی وغیرہ سے خوب ہلا دیا کریں۔ پندرہ دن کے بعد اگر ضرورت ہو تو پانی اور ڈال کر بذریعہ انبیق اس کا 8 بوتل عرق کشید کریں۔ وقت ضرورت ایک بوتل عرق میں مصری پانچ پاؤ رنگ سرخ شیریں یا چکنیل بقدر ضرورت ملا کر شربت تیار کریں۔ قدرے ٹھنڈا ہونے کے بعد بوتلوں میں بھر کر عرق کیوڑہ دو دو تولہ ہر ایک بوتل میں ملا کر منہ بند کر کے رکھ لیں۔

استعمال: چار چار تولہ شربت میں پانی ملا کر صبح و شام استعمال کرنا چاہیے۔ گرمیوں میں برف مل سکے تو ملا لیں۔ اس شربت کے ساتھ گرم و ترش اشیاء مثل لال مرچ اچار وغیرہ سے پرہیز ضروری ہے۔

(248) دیگر

منافع: اس کے فوائد شربت فولاد نمبر 247 کے برابر ہیں۔ یہ نسخہ بھی ہم نے اپنے ہاتھ سے تیار کیا ہے۔ نہایت مفید ترکیب ہے۔ جو صحیح صحیح درج کر دیا جاتا ہے۔ امید ہے اہل قدر اس سے فائدہ اٹھائیں گے۔

نسخہ: بورہ فولاد دیسی' پوست ہلیلہ زرد' پوست ہلیلہ کابلی' پوست آملہ ہر ایک ایک پاؤ' سرکہ انگوری اصلی ایک پاؤ' الائچی خورد' بورہ صندل سفید ہر ایک 5 تولہ' زرنجور' سنبل الطیب' زیرہ سیاہ درجہ اول ہر ایک 2 تولہ' دار چینی' اجوائن دیسی ہر ایک 6 ماشہ' شیر گاؤ تازہ 16 سیر۔

ترکیب: بورہ فولاد اور سرکہ کو ایک آہنی ڈول میں ڈال کر رکھ دیں۔ دوسرے روز ہلیلہ اور آملہ کوٹ کر ڈال دیں اور دھوپ میں رکھ دیں اور دو سیر پانی بھی ڈال دیں۔ ہر روز کسی لوہے کی چیز سے دن میں تین بار ہلا دیا کریں۔ گرمی کے موسم میں ایک ہفتہ اور سردیوں میں دو ہفتہ تک یہ عمل جاری رکھیں۔ پھر اس کو ایک بڑے برتن میں ڈال کر باقی اشیاء کوٹ کر ملائیں۔ صبح اس کا 8 بوتل عرق نکالیں۔

نوٹ: اگر عرق بوتلوں میں نکالا گیا ہو تو سب کو دوبارہ ملا لینا چاہیے۔ وقت ضرورت ڈیڑھ پاؤ عرق میں 2 سیر مصری اور بقدر ضرورت رنگ سرخ شیریں یا چکنیل ملا کر شربت تیار کریں اور سرد کر کے بوتل میں بھر کر عرق کیوڑہ 2 تولہ ملا کر کارک سے منہ خوب بند کر دیں۔

استعمال: تین تولہ صبح و شام ٹھنڈا پانی ملا کر پئیں۔

(249) حب خبث الحدید

منافع: جگر کے تمام امراض و عوارض مثلاً بھس' کمی خون' یرقان' سوء القنیہ' ضعف جگر وغیرہ کے لئے مفید ہے۔ ضعف معدہ کے لئے عمدہ چیز ہے۔ معدہ اور جگر کے فعل کو درست کر کے بھوک اور خون بڑھاتی ہیں۔ جس سے بدن میں طاقت پیدا ہو جاتی ہے۔ سدہ جگر صلابت جگر کے لئے مفید ہیں۔

نسخہ: پوست ہلیلہ زرد' پوست ہلیلہ' آملہ مصفی ہر ایک ایک تولہ' خبث الحدید مدبر 5 تولہ' دہی گائے دو

ترکیب: پہلی خشک دوائیں باریک کوٹ چھان کر خبث الحدید ملا کر ایک لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر گلے کی وہی تھوڑی تھوڑی ملا کر آہنی دستہ سے گھوٹتے رہیں۔ جب تمام وہی جذب ہو جائے پھر سرکہ انگوری ایک بوتل اسی طرح جذب کریں پھر دوائی خشک کر کے قدرے عرق گلاب ملا کر گولیاں بقدر نخود کابلی تیار کریں اور خشک کر کے شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: دو دو گولی صبح و شام ہمراہ شربت دینار یا شربت بزوری 5 تولہ استعمال کریں۔

(250) دوائے سوء القنیہ مجرب

نسخہ: فری ایٹ کونین سائٹراس یعنی کونین فولادی ایک تولہ، مکنیشیا 7 تولہ، عرق سونف ایک بوتل۔

ترکیب: پہلے نصف بوتل عرق سونف میں دونوں اشیاء باریک پیس کر ملا کر بوتل کو خوب ہلائیں۔ جب یکجان ہو جائیں باقی عرق ڈال دیں اور کارک لگا کر رکھ دیں۔

استعمال: 2 تولہ صبح 2 تولہ شام خوب ہلا کر پلائیں۔ دودھ، گھی کثرت سے استعمال کرائیں۔ لی، لال مرچ، ترش اشیاء سے پرہیز واجب ہے۔

(251) اکسیر استسقاء زقی وغیرہ

منافع: استسقاء زقی کے لئے نایاب اکسیر ہے اور استسقاء لحمی و طبلی کے لئے بھی نہایت مفید ہے۔ یہ نسخہ بے شک اسراری چیز ہے۔ بڑی محنت سے حاصل کیا گیا ہے۔

نسخہ: ہڑتال ورقی ڈلی سالم ایک تولہ، نمک شور 20 تولہ۔

ترکیب: نمک شور نصف آہنی توے پر بچھا کر اس پر ہڑتال کی ڈلی رکھ کر باقی نمک اوپر ڈال کر ہاتھ سے خوب دبا دیں۔ پھر توے کو آگ پر رکھ کر نیچے نرم آگ جلائیں۔ جس جگہ سے درز آنے لگے اس جگہ اور نمک ڈال دیا کریں تاکہ دھواں نہ نکلنے پائے۔ تین پہر تک آگ جلاتے رہیں پھر بند کر دیں۔ سرد ہو جائے تو ہڑتال کو باریک پیس کر نگاہ رکھیں۔

استعمال: چار چار رتی صبح و شام ہمراہ شربت افسنتین تین تولہ استعمال کریں۔

(252) امروزہ

منافع: ضعف جگر کے لئے اکسیر ہے۔ ضعف جگر کے تمام عوارض مثلاً سوء القنیہ، استسقاء بھی کو شرطیہ حکمیہ فائدہ کرتا ہے۔ خون پیدا کر کے بدن کو سرخ و طاقتور بنا دیتا ہے۔ نیز ضعف معدہ کے لئے مفید ہے۔ یہ نسخہ بھی بڑی مشکل سے حاصل ہوا اور مخفی چیز ہے۔

نسخہ: بورہ آہن 20 تولہ، بول شتر بقدر ضرورت روغن تارا میرا 5 تولہ۔

ترکیب: بورہ آہن کو کڑچھی آہنی میں ڈال کر آگ پر خوب گرم کر کے بول شتر میں بجھائیں پھر نکال کر دوبارہ گرم کر کے بول شتر میں بجھاؤ دیں اسی طرح ایک سو ایک دفعہ عمل کریں۔ اور دھولیں پھر روغن تارا

ہر املا کر کسی کوزہ گلی میں بند کر کے 41 دن تک گوبر کے ڈھیر کہنہ (اروڑی) میں دفن رکھیں۔ پھر نکال کر باریک پیس کر شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: ایک ماشہ صبح پھانک کر بعد میں دہی کا گھڑ یعنی ادھ رڑکہ ایک پیالہ پئیں۔

(253) اکسیر طحال

منافع: طحال کے چند عمدہ نسخے مجربات سلطانی حصہ اول و دوم میں درج ہو چکے ہیں۔ یہ نسخہ ان سے بیگانہ طرز کا ہے۔ طحال کے لئے نہایت بے ضرر و مفید تر ثابت ہوا ہے۔ عظم طحال، نفخ طحال، صلابت طحال کو نہایت مفید ثابت ہوتا اور طحال کو اپنی اصلی حالت پر لے آتا ہے۔

نسخہ: کونین سلفاس 7 ماشہ، فرائی سلفاس 4 ماشہ، ٹنکچر سٹیل 3 ماشہ، ا۔سڈ سائٹرک 15 ماشہ، مگنیشیا 12 ا۔

ترکیب: پینے والی دوائیں باریک پیس کر سب کو نصف بوتل پانی میں ڈال کر خوب ہلائیں۔ جب حل ہو جائیں بوتل کو پانی سے بھر لیں۔

استعمال: 2 تولہ صبح و شام بوتل کو ہلا کر پئیں۔

پرہیز: تمام گرم ترش اور تیل دار اور میٹھی اشیاء سے پرہیز کریں۔

(254) عرق طحال

منافع: اس سے بڑھی ہوئی طحال، صلابت، نفخ دور ہو کر طحال (تلی) اپنی اصلی حالت پر آجاتی ہے۔ معمولی حالت میں ایک بوتل اور زیادہ کے لئے تین بوتلیں استعمال کرانی پڑتی ہیں۔

نسخہ: سبز کاہی، کونین سلفاس ہر ایک 3 ماشہ، شورہ قلمی دو تولہ، نوشادر ایک تولہ، تیزاب گندھک 14 [illegible]، مگنیشیا 12 تولہ۔

ترکیب: سوائے کونین اور تیزاب کے باقی دوائیں باریک پیس کر نصف بوتل پانی میں بمعہ تیزاب و کونین ڈال کر خوب ملائیں پھر بوتل کو پانی سے بھر لیں۔

استعمال: 2 تولہ صبح 2 تولہ شام پلایا کریں۔

ہدایات: مونگ کی کھچڑی، چاول اور دودھ استعمال کریں۔ سیب، انگور، ناشپاتی، انار کھا سکتے ہیں۔ دودھ کی خوب استعمال کریں۔

(255) سفوف ورم طحال

منافع: ورم طحال، عظم طحال، نفخ طحال کے لئے مجرب و آزمودہ ہے۔ اس سے بھوک پیدا ہوتی ہے اور آہستہ آہستہ مکمل فائدہ ہو جاتا ہے۔ تلی کے لئے عمدہ دیسی ترکیب کا نسخہ ہے جو آہستہ آہستہ تلی کو اپنی اصلی حالت پر لاتا ہے۔

نسخہ: نوشادر، سہاگہ، شورہ قلمی، جوکھار، نمک سونچل ہر ایک 2 تولہ پوست ہلیلہ زرد، پوست آملہ، زیرہ

سیاہ، زیرہ سفید، پودینہ مرچ سیاہ ہر ایک 5 تولہ۔

ترکیب: سب کو الگ الگ باریک پیس کر خوب ملالیں۔

استعمال: دو یا تین ماشہ صبح و شام ہمراہ سکنجبین 3 تولہ، عرق سونف و کاسنی ہر ایک 5 تولہ۔

(256) پلستر برائے ورم طحال و جگر وغیرہ

منافع: ورم طحال و جگر و معدہ و ماساریقا و امعا کے لئے نہایت مفید اور مجرب ہے۔

نسخہ: خطمی، خبازی، عنب الثعلب، سنبل الطیب، گل بنفشہ، جو مقشر، بابونہ ہر ایک ایک تولہ، گودہ املتاس 3 تولہ، روغن کنجد 4 تولہ، عرق گلاب 5 تولہ۔

ترکیب: گودہ املتاس کو عرق گلاب میں بھگو کر ہاتھ سے خوب مل کر چھلنی میں چھان لیں پھر اس میں باقی اشیاء باریک پیس کر ملادیں اور کڑچھے میں گرم کر کے لیپ کریں اسی طرح چند روز تازہ تیار کر کے لیپ کیا کریں۔

(257) معجون مقوی جگر وغیرہ

منافع: جگر کو طاقت دیتی ہے۔ اسہال جگری و معدی کے لئے ازحد مفید ہے اور نہایت آسانی سے تیار ہو سکتی ہے۔ مطب سلیمی کی معمول ہے۔

نسخہ: مربہ آملہ، مربہ ہی ہر ایک 8 تولہ، طباشیر، مصطگی رومی، بل کتھ، الائچی خورد ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب: خشک دوائیں، خوب باریک پیس کر اور مربہ جات کو علیحدہ باریک کر کے سب کو کونڈہ ڈنڈہ میں ملا کر خوب پیس لیں اور ڈبہ میں احتیاط سے رکھیں۔

استعمال: ایک ایک تولہ صبح و شام استعمال کرائیں۔

(258) دوائے اسہال جگری

نسخہ: ابریشم خام تین ماشہ، گل دھاوا، مغز کنول ڈوڈہ ہر ایک 6 ماشہ، عرق مکو 10 تولہ، عرق کاسنی 7 تولہ۔

ترکیب و استعمال: کول ڈوڈہ باریک کرلیں پھر تینوں دوائیں عرقیات میں ڈال کر دو جوش دے کر چھان کر شیرہ مربہ آملہ 3 تولہ ملا کر پلادیں۔

(259) دوائے عظم طحال

منافع: یہ دوا عظم طحال کو بذریعہ اسہال نیست و نابود کرتی ہے۔ ساتھ ہی جگر کو طاقتور کر دیتی ہے۔ ضعف جگر کے لئے نہایت مفید ہے۔ زیادہ گرم مزاج کو یہ دوا استعمال نہیں کرانی چاہئے۔

نسخہ: حنظل یعنی اندرائن جسے پنجابی میں تماں کہتے ہیں۔ پختہ شدہ پانچ سیر، پوست ہلیلہ زرد سالم 40 تولہ، کھانڈ 40 تولہ۔

ترکیب: حنظل کو کاٹ کر ٹکڑے ٹکڑے بنائیں اور کڑاہی آہنی صاف شدہ میں ڈال کر پانی پانچ سیر ڈال

رس اور پوست ہلیلہ زرد بھی ڈال دیں (پوست ہلیلہ زرد کو ٹا نہ جائے) نیچے آگ جلائیں جب پانی خشک ہونے کے قریب ہو اتار کر پوست ہلیلہ زرد حفاظت سے نکال کر سایہ میں خشک کریں اور کوٹ چھان کر کھانڈ ملالیں۔

استعمال: تین ماشہ سے چھ ماشہ تک بقدر طاقت مریض ہمراہ دودھ رات کو استعمال کرائیں۔ صبح کشتہ فولاد جو رس جامن میں تیار کیا گیا ہو ایک رتی مکھن میں رکھ کر استعمال کرائیں۔

غذا: چوری مرغن۔

(260) اچار انجیر

منافع: اس کے چوبیس دن استعمال کرنے سے ورم طحال اور عظم طحال کو کافی آرام ہو جاتا ہے۔ بھوک پیدا کرتا ہے اور روز بروز مریض کی حالت رو بہ صحت ہوتی جاتی ہے۔ مجرب ہے۔

نسخہ: انجیر 24 عدد، نوشادر، خوب کلاں، ریوند چینی، زیرہ سیاہ، زیرہ سفید، پودینہ، الائچی کلاں، ناڑی ہر ایک ایک تولہ، سرکہ عمدہ 36 تولہ۔

ترکیب: سوائے انجیر کے باقی دوائیں باریک کوٹ کر چینی یا شیشہ کے مرتبان میں ڈال دیں اوپر سرکہ ڈال کر انجیر ڈال دیں اور منہ بند کر کے بیس دن تک رکھ دیں۔ بیس دن کے بعد تیار ہو جائے گا۔

استعمال: روزانہ ایک انجیر استعمال کریں۔ تیل اور بادی اشیاء سے پرہیز کریں۔

مجربات امراض گردہ ومثانہ

(261) دوائے درد گردہ

منافع: درد گردہ کے لئے مجرب ہے۔ دورہ کو روک دیتی ہے اور کچھ عرصہ تک متواتر استعمال کی جائے تو آئندہ ہمیشہ کے لئے دورہ موقوف ہو جاتا ہے۔

نسخہ: شورہ قلمی 11 چھٹانک، نوشادر ٹھیکری 3 تولہ، خرگوش خواہ جنگلی ہو خواہ پالتو ایک عدد۔

ترکیب: خرگوش کو ذبح کر کے شورہ قلمی اور نوشادر کو باریک پیس کر اس کے شکم میں ڈال کر ایک مٹی کے برتن میں رکھ دیں اور اس کے منہ پر چپنی دے کر اور روئی دار مٹی سے خوب گل حکمت کر کے خشک کر لیں اور گڑھے میں ایک من کی آنچ دیں۔ جب سرد ہو جائے نکال کر تھوڑی سی دوائی انگاروں پر ڈالیں۔ اگر دھواں دے تو دوبارہ بدستور بارہ سیر اوپلہ کی آگ دیں اور سرد ہونے کے بعد باریک پیس کر نگاہ رکھیں۔

استعمال: وقت ضرورت ایک ماشہ لسی پختہ میں حل کر کے استعمال کریں۔ اگر آرام نہ ہو تو تھوڑی دیر کے بعد دوسری تیسری خوراک اسی طرح دیں۔ لسی نہ مل سکے تو پانی یا کسی بدرقہ مناسب سے استعمال

کرائیں۔ دورہ بند ہو جانے کے بعد ہر ماہ میں یہ دوا ایک ہفتہ استعمال کرانی چاہئے تاکہ ہمیشہ کے لئے آرام ہو جائے۔

نوٹ: خرگوش کی آنتیں اور کھال نہ اتاریں۔ دوبارہ آگ دیتے وقت دوسرے خرگوش کی ضرورت نہیں۔

(262) اکسیر درد گردہ

منافع: یہ نسخہ درد گردہ کے لئے اکسیر ہے۔ سنگ گردہ اور مثانہ کے لئے نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔ سنگ گردہ و مثانہ اور ریگ کی وجہ سے درد ہو تو اس کو بھی کمال نفع بخشتا ہے۔ منتخب نسخہ ہے جو درد گردہ کے ایک ماہر اور مشہور معالج سے حاصل کیا ہے۔

نسخہ: شورہ قلمی 40 تولہ، نونگ ایک تولہ، پھٹکری، نوشادر ہر ایک 2 تولہ، سہاگہ 1 تولہ۔

ترکیب: شورہ قلمی کو ایک مٹی کے فراخ برتن میں (مثلاً صحنک جس میں آٹا گوندھتے ہیں) رات کو ڈال کر پانی سے بھر دیں اور لکڑی سے ہلائیں پھر اس صحنک پر سرکنڈے کی تیلیاں ایک دوسری سے ملا کر رکھ دیں مگر پانی تیلیوں کے ساتھ ملا ہوا ہو۔ شورہ تیلیوں پر لگ جائے گا۔ تیلیوں کے ساتھ جو شورہ لگا ہوا ہو اس کو اتار کر اس میں سے تیسرا حصہ لے کر اس میں باقی چاروں دوائیں باریک شدہ ملا کر برگ مدار یعنی اک، برگ سانجنہ سبز، گل جھاؤ یعنی بوراکاہ سبز، برگ حرمل سبز ہر ایک ایک سیر کوٹ کر نغدہ بنا کر ایک گلی برتن میں اس نغدہ کے درمیان خشک دواؤں کا سفوف رکھ کر برتن کا منہ چپنی سے بند اور گل حکمت کر کے ایک من اوپلہ کی آگ دیں۔ سرد ہونے پر برتن کا منہ کھول کر اس میں جو سفید دوا ہو نکال کر پیس کر شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: گھی گرم شدہ دو تولہ، شیر گاؤ 20 تولہ، مصری 3 تولہ اس کے ساتھ ایک رتی دوائی استعمال کریں۔ زیادہ تکلیف ہو تو چار پہر میں دو تین دفعہ حسب ضرورت استعمال کرائیں۔ درد گردہ ریحی کے لئے پھکی میں رکھ کر استعمال کریں۔ سنگ گردہ و مثانہ و ریگ گردہ و مثانہ کے لئے استعمال کرنا ہو تو مندرجہ بالا طریق سے دودھ اور گھی گرم شدہ کے ساتھ استعمال کرا کر پانی کا ٹب یا دیگ بھر کر اس میں بٹھائیں اور درمیان میں ایک یا دو دفعہ کھڑا ہو جائے۔ پیشاب آ کر سنگ گردہ و مثانہ خارج ہو گا۔ پتھری یعنی سنگ گردہ کی وجہ سے درد گردہ ہو اور تکلیف زیادہ ہو تو بھی پانی میں بٹھانا مفید ہو گا اگر دوائی قے سے خارج ہو جائے تو دوبارہ دے دیں۔ درد گردہ میں درد کے دورہ کے بعد چند روز تک کشتہ عقیق استعمال کرائیں۔ جس دن درد کا دورہ ہو اس دن غذا بند رکھیں۔ ٹب کا پانی گرمیوں میں تازہ ہو اور سردیوں میں گرم۔

(263) درد گردہ ریحی وغیرہ

منافع: درد گردہ کے لئے خواہ ریحی ہو خواہ پتھری کی وجہ سے ہو) نہایت مفید ہے۔

نسخہ: جنگلی کبوتر کی بیٹ ایک ماشہ ' نمک مولی ' شورہ قلمی ' سنگ یسود ہر ایک 6 ماشہ۔
ترکیب: سب کو کوٹ کر سفوف بنالیں۔
استعمال: ایک ماشہ سے تین ماشہ تک پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

(264) سوزاک کا ہمروزہ علاج

اسناد: حکیم مفتی مقیم اللہ خان صاحب خلف الرشید حضرت استاذیم حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کا عطیہ و مجرب و معمول ہے۔ آپ نے مطب کے لئے عنائت فرمایا تھا۔
منافع: سوزاک کو ایک دن میں دور کرتا ہے۔ شاذ و نادر ہی دوسرے دن استعمال کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ اگر مرض کہنہ ہو تو پہلے اندری جلاب استعمال کر کے استعمال کرنا چاہئے۔
نسخہ: سرد چینی 2 تولہ ' بالسم آئل 1 تولہ۔
ترکیب: سرد چینی باریک پیس کر بالسم آئل میں ملا کر 60 گولیاں تیار کریں۔
استعمال: یہ تمام گولیاں پندرہ پندرہ منٹ کے بعد تھوڑی تھوڑی ہمراہ پانی کھلاتے رہیں اور ایک دن میں ختم کر دیں خواہ دو گھنٹہ میں ختم کر دی جائیں۔ درست ہے۔ کچھ کسر باقی رہ جائے تو دوسرے دن پھر تازہ تیار کر کے اسی طرح استعمال کریں۔

(265) پچکاری سوزاک

اسناد: یہ نسخہ بھی حضرت ممدوح کا عطیہ ہے جو سوزاک کے لئے نہایت مفید ہے۔
منافع: سوزاک کہنہ سے کہنہ کے لئے مجرب ہے اور حضرت مفتی صاحب کا معمول ہے۔
نسخہ: دہی کا زلال یعنی صاف پانی ایک بوتل رسوت 2 تولہ ' کتھ 6 ماشہ ' نیلہ تھوتھہ ایک ماشہ ' مردار سنگ 6 ماشہ۔
ترکیب: خشک دوائیں باریک کھرل کر کے دہی کے پانی میں ملا کر چار پہر تک دھوپ میں رکھیں۔
استعمال: حسب دستور دن میں تین دفعہ پچکاری کریں۔

(266) پچکاری اکسیر سوزاک

منافع: سوزاک کہنہ کے لئے مفید ہے۔ ایک صدری و اطمینانی نسخہ ہے۔ ہمارے ایک دوست نے اس کا تجربہ کر رکھا ہوا ہے۔ اور اس نسخہ سے بہت نفع حاصل کر رہے ہیں۔
نسخہ: رسوت ' کتھ ' ست اسبغول ' بھنگڑی بریاں ' گیرو ہر ایک ایک تولہ۔
ترکیب: سب دوائیں الگ الگ باریک پیس کر ملا کر خوب کھرل کریں۔
استعمال: تین ماشہ دوائی لے کر 2 تولہ پانی میں پندرہ منٹ تک بھگو رکھیں۔ پھر اس کا زلال لے کر حسب دستور پچکاری کریں۔ دو منٹ تک پانی اندر رہنا چاہئے پھر گرا دینا چاہئے۔ پچکاری ڈراپر سے "جو آنکھ میں دوائی ڈالنے کا مشہور آلہ ہے" کرنی چاہئے۔

(267) اکسیر سوزاک

منافع: سوزاک خواہ نیا ہو خواہ پرانا دونوں کے لئے مفید ہے۔ مرض دوبارہ عود نہیں کرتا اور سات یوم میں کلی شفا ہو جاتی ہے۔ ایک دوست کا معمول مطب ہے اور آسانی سے تیار ہو سکتا ہے۔

نسخہ: سنگ جراح، رال سفید، ست سلاجیت، الائچی خورد، طباشیر ہر ایک ایک تولہ، کافور 2 تولہ، [illegible] سفید 10 تولہ۔

ترکیب: سب دوائیں خوب باریک پیس کر سفوف بنالیں۔

استعمال: چھ ماشہ سے 9 ماشہ تک صبح بھیڑی کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

ہدایات: تمام ترش و گرم اشیاء مثلاً مرچ لال، دال مسور، بینگن اچار ہر قسم مچھلی، شراب، میتھی، قند سیاہ وغیرہ سے پرہیز ضروری ہے۔ غذا دودھ چاول استعمال کریں۔

(268) سوزاک کا مجرب نسخہ

منافع: سوزاک کی ہر حالت میں مفید ہے۔ اس سے سوزش بول کی شکایت پہلے ہی دن دور ہو جاتی ہے۔ باقی شکایات مثلاً درد، پیپ، پیشاب بار بار آنا وغیرہ جلدی دور ہو جاتے ہیں۔

نسخہ: طباشیر، الائچی خورد، سرد چینی، ریوند خطائی، گل مغیل ہر ایک تولہ تولہ، روغن صندل اصلی، روغن بیروزہ ہر ایک تین تولہ۔

ترکیب: خشک دوائیں جدا جدا باریک پیس کر روغن صندل و بیروزہ میں خوب ملالیں۔

استعمال: تین تین ماشہ صبح و شام ہمراہ شیرہ چار مغز چار تولہ استعمال کریں۔

ہدایات: چار مغز یہ ہیں۔ مغز تخم خربوزہ، مغز تربوز، مغز تخم کدو، مغز تخم خیارین۔

(269) دیگر

نسخہ: طباشیر، دانہ الائچی خورد، ست بیروزہ، مصطگی رومی ہر ایک ایک تولہ، پوست ریٹھہ 2 تولہ، روغن صندل تین تولہ۔

ترکیب: تمام خشک دوائیں الگ الگ باریک پیس کر روغن صندل میں ملالیں۔

استعمال: تین تین ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت بزوری تین تولہ (جس میں تین گنا پانی ملایا گیا ہو) استعمال کریں۔

(270) دیگر

نسخہ: قلمی شورہ، جوکھار، کتھ سفید، ست بیروزہ، طباشیر ہر ایک ایک تولہ، روغن صندل، روغن بیروزہ ہر ایک تین ماشہ۔

ترکیب: تمام خشک دوائیں باریک پیس کر روغن میں خوب آمیز کریں۔

استعمال: تین تین ماشہ صبح و شام ہمراہ لسی خام استعمال کریں۔

(271) اکسیر پتھری

منافع: سنگ گردہ و مثانہ کے لئے ایک مستند و اطمینانی چیز ہے۔ نیز ریگ گردہ و مثانہ کے لئے نہایت مفید سینکڑوں دفعہ کا مجرب نسخہ ہے۔ جو بلا بخل درج کیا جاتا ہے۔

نسخہ: کشتہ سنگ یہود (جو آب مولی میں تیار کیا گیا ہو) جوکھار' مولی کھار' اظفار الطیب' حب القلت' چاکسو پوست خربوزہ ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب: تمام ادویہ الگ الگ باریک کر کے سفوف کرلیں۔

استعمال: تین تین ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت بزوری صندل والا یا ہمراہ پانی استعمال کریں۔ شربت بزوری ایک بوتل تیار کرتے وقت بورہ صندل سفید 2 تولہ ڈالنا چاہئے یہی شربت بزوری صندل والا ہے۔

ترکیب کشتہ سنگ یہود: سنگ یہود 5 تولہ کو آب بیخ مولی 10 تولہ میں کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر کوزہ گلی میں بند اور گل حکمت کر کے دس سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر دوبارہ اسی قدر پانی میں کھرل کر کے آگ دیں اسی طرح تین آنچیں دیں۔ بس تیار ہے۔ پیس کر نگاہ رکھیں۔

(272) دیگر

اسناد: جناب حاذق الحکماء حکیم مولوی امیر علی شاہ صاحب ساکن گانگی والا ضلع میاں والی نے اس کتاب کے لئے عنایت کیا ہے۔

منافع: پتھری کو دو ہفتہ میں انشاء اللہ تعالیٰ پرزے پرزے کر کے نکال دیتا ہے۔ بہت آسان اور ارزاں ہے۔

نسخہ: کشتہ سنگ یہود ایک تولہ' جوکھار' مولی کھار ہر ایک 2 تولہ۔

ترکیب: سب کو خوب ملا کر شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: پانچ پانچ رتی صبح و شام ہمراہ شربت بزوری تین تولہ استعمال کریں۔ جب تک پتھری کے پرزے نکلتے رہیں اور پیشاب صاف نہ ہو جائے استعمال کرتے رہیں۔

ترکیب سنگ یہود: ایک کوزہ گلی میں 5 تولہ قلمی شورہ ڈال کر اوپر سنگ یہود 5 تولہ رکھیں اور اوپر پھر شورہ قلمی 5 تولہ ڈال دیں اور آب مولی آدھ سیر ڈال کر گل حکمت کر کے پانچ سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ سرد ہو جائے تو سنگ یہود کو نکال کر دوبارہ دس تولہ شورہ قلمی کے درمیان رکھ کر اس پر آب مولی آدھ سیر ڈال کر پھر آدھ سیر ڈال کر منہ چکنی مٹی سے بند اور خشک کر کے 5 سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ اسی طرح دس آنچیں پوری کریں پھر تیار سمجھیں۔

(273) سفوف کاسنی

منافع: سوزاک کی بقایا گرمی' پیشاب جلن' تپ کی بقایا حرارت گھبراہٹ ہر قسم کے لئے مفید ہے۔ جگر کی

اصلاح کرتا ہے۔ ہر قسم کی سوزش، پیشاب، گھبراہٹ اور گرمی تپ کے لئے مجرب و معمول ہے۔ تپ صفراوی، سردرد گرم کو مفید ہے۔

نسخہ: سفوف تخم کاسنی 10 تولہ، الائچی کلاں ایک تولہ، سرد چینی 6 ماشہ، کھانڈ 11 تولہ۔

ترکیب: سب کو خوب باریک کر کے ملالیں۔

استعمال: چھ چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ یا شربت، بزوری تین تولہ عرق گاؤزبان 12 تولہ استعمال کریں۔

(274) دوائے سوزاک

منافع: سوزاک کی ہر حالت میں اکسیر ہے اور زیادہ معتبر دوا ہے۔ ایسے مریض جو مدت سے نہایت خراب حال تھے۔ پیپ بکثرت خارج ہوتی تھی۔ کئی مختلف علاج کرا چکے تھے اور آرام نہیں ہوا تھا وہ اس اکسیر سے شفایاب ہو گئے ہیں۔ نہایت ہی مفید اور فقیرانہ معتبر دوا ہے۔

نسخہ: شورہ قلمی 5 تولہ، آب کیلہ ایک سیر۔

ترکیب: ایک گڑھا کھود کر اس میں اوپلہ جنگلی ڈال کر سلگا دیں۔ جب دھواں موقوف ہو جائے تو ایک کوزہ گلی میں شورہ ڈال کر ان انگاروں پر رکھ دیں اور تھوڑا تھوڑا آب کیلہ ڈالتے جائیں۔ جب تمام آب کیلہ ختم ہو جائے تو دوائی خشک شدہ کھرچ کر باریک پیس کر نگاہ رکھیں۔

استعمال: 2 ماشہ صبح 2 ماشہ شام ہمراہ کچی لسی استعمال کریں۔ مگر پہلے اندری جلاب تین دن استعمال کر لیا جائے تو بہتر ہے۔

(275) اندری جلاب

منافع: سوزاک کے علاج سے پہلے اس کا تین دن استعمال کرنا نہایت مفید ثابت ہوتا ہے اور علاج میں جلد کامیابی حاصل ہوتی ہے۔ اس سے پیشاب بکثرت آتا ہے اور مثانہ صاف ہو جاتا ہے۔

نسخہ: شورہ قلمی، ریوند خطائی ہر ایک 7 ماشہ، جوکھار 6 ماشہ، زیرہ سفید 3 ماشہ، شکر سفید 2 تولہ پیس کر سفوف بنالیں۔

ترکیب و استعمال: ایک تولہ صبح ایک تولہ دو بجے دن دودھ کی لسی سے استعمال کریں اور دودھ کی لسی بار بار پیتے رہیں۔ سب کو باریک پیس کر سفوف بنالیں۔

(276) کشتہ نقرہ اکسیر سلسل بول

اسناد: یہ اکسیری نسخہ ایک سیاح سے حاصل ہوا ہے۔ ہم نے اپنے ہاتھ سے تیار کیا ہے۔

منافع: اس سے سلسل بول کا عارضہ دور ہو جاتا ہے۔ ضعف گردہ کثرت بول کے لئے اکسیر ہے۔ ضعف گردہ کی وجہ سے جتنے عوارض مثلاً پیشاب بار بار آنا، زیادہ آنا، جریان، ضعف باہ خصوصاً جو ضعف گردہ کی وجہ سے ہو درد کمر وغیرہ کے لئے نہایت مفید ہے۔ ذیابیطس اور حرارت مزاج اور جریان کے لئے مفید ہے۔

نسخہ: برادہ چاندی، کشتہ قشر بیضہ مرغ ہر ایک 2 تولہ، گھیکوار بقدر ضرورت۔
ترکیب: برادہ نقرہ اور کشتہ قشر بیضہ مرغ کو آب گھیکوار سے دوپہر تک کھرل کریں پھر قرص بنا کر ایک کوزہ گلی میں بند اور گل حکمت کر کے دس سیر اوپلہ کی ہوا سے بچا کر آگ دیں۔ سرد ہونے پر نکال کر دوبارہ آب گھیکوار سے دوپہر کھرل کر کے دس سیر اوپلہ کی آگ دیں۔ اسی طرح سات آنچیں دیں۔
استعمال: ڈیڑھ رتی کشتہ ہذا میں ڈیڑھ رتی کشتہ صدف جو بہ ترکیب ذیل تیار کیا گیا ہو ملا کر صبح مکھن میں رکھ کر استعمال کریں۔ گرم ترش اشیاء سے پرہیز کریں۔

(277) کشتہ صدف

نسخہ: صدف اصلی 4 تولہ، گل سرخ اصلی پشاوری، لعاب گھیکوار ہر ایک دس تولہ۔
ترکیب: گل سرخ کو باریک کر کے لعاب گھیکوار کے ساتھ گھوٹ کر نغدہ بنا کر اور صدف کو اس میں رکھ کر اس پر پارچہ کہنہ لپیٹ کر دس سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ جب سرد ہو جائے نکال کر باریک پیس کر شیشی میں ڈال کر رکھیں۔

(278) دوائے کثرت بول

منافع: کثرت بول، سلسل بول، بول فی الفراش، ذیابیطس کے لئے نہایت سریع الاثر ہے۔ جب ذیابیطس میں پیشاب پر چیونٹیاں بیٹھتی ہوں۔ مفید ثابت ہوا ہے۔
نسخہ: ناریل یعنی کھوپہ گری کدوکش کیا ہوا تین ماشہ سبوس اسبغول 2 ماشہ، کشتہ قلعی 1 ماشہ، مصطگی رومی ایک ماشہ، مصری 4 ماشہ۔ سب دوائیں ملا کر سفوف تیار کریں۔
استعمال: 1 ماشہ صبح ہمراہ دودھ گائے ایک پاؤ استعمال کریں۔
ہدایات: تمام گرم ترش اشیاء مثل لال مرچ، تیل، دال مسور وغیرہ سے پرہیز کریں۔

(279) کثرت بول و سلسل بول

منافع: کثرت بول و سلسل بول کے لئے مفید ہے۔ گردہ کو طاقت بخشتا اور نہایت آسان ہے۔
نسخہ: آروز نجیل، مغز بادام، مغز نارجیل (کھوپا گری) ہر ایک 5 تولہ، شکر تری 15 تولہ۔
ترکیب: سب کو باریک پیس کر ملا لیں۔
استعمال: دو دو تولہ صبح و شام ہمراہ دودھ گائے استعمال کریں۔

(280) دیگر مجرب غائت درجہ مفید

نسخہ: عدس (مسور) بریاں، کنجد سیاہ (تل سیاہ) بریاں، خشخاش بریاں ہر ایک 5 تولہ، قند سیاہ بقدر ضرورت۔
ترکیب: خشک دوائیں الگ الگ باریک پیس کر قند سیاہ اس قدر ملائیں کہ آپس میں خوب مل جائیں اور

استعمال: دن میں تین بار ایک ایک ماشہ ہمراہ جوشاندہ حب القلت یعنی کلتھی استعمال کریں۔ ہربار کلتھی
۵ ماشہ ہونی چاہئے۔

(285) اکسیر ذیابیطس

منافع: ذیابیطس جیسی عسرالبرء مرض کے لئے نہایت مفید ثابت ہوئی ہے۔ یہ متبرک نسخہ مجھے بہت محنت
کے ساتھ ایک مخلص دوست سے حاصل ہوا ہے جو بلا بخل نفع رسائی مخلوق کے لئے درج کر دیا جاتا ہے۔
یہ اکسیر اس موذی مرض کے ہر درجہ میں مفید ثابت ہوئی ہے۔ مزید براں سلسل بول، ضعف باہ اور جریان
کے لئے بھی فائدہ مند ثابت ہوئی ہے بنا کر دعائے خیر سے یاد کریں۔ 80 فی صدی تو یقینی فائدہ بخشتی ہے۔
نسخہ: پوست بیضہ مرغ 10 تولہ، شنگرف رومی، عصارہ غافث ہر ایک 5 تولہ، طباشیر تین تولہ، پوست سماق
دو تولہ۔
ترکیب: پوست بیضہ مرغ کو اول پانی سے خوب دھوئیں جس میں نمک ملایا گیا اور گرم کیا گیا ہو پھر
باریک کر کے ایک کوزہ گلی میں ڈال کر منہ چینی سے بند اور گل حکمت کر کے آوہ کمہاراں میں برتنوں کے
ساتھ رکھادیں۔ جب آوہ سرد ہو جائے تو نکال کر باریک پیس لیں یا ایک من اوپلہ کی آنچ دے کر کشتہ کر
لیں پھر شنگرف رومی کو دو گھنٹہ تک شیر زقوم مثلث (ڈنڈا تھوہر) میں کھرل کر کے گولی بنا کر ایک کوزہ گلی
کشتہ قشر بیضہ مذکور کے درمیان رکھ کر منہ بند اور گل حکمت کر کے بیس سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ سرد ہو
جانے پر جو کچھ کوزہ گلی سے نکلے اس میں پوست سماق طباشیر، عصارہ غافث باریک کر کے ملا دیں۔ بس
اکسیر تیار ہے۔
استعمال: ایک ماشہ سے دو ماشہ تک صبح مکھن میں رکھ کر استعمال کریں۔ دودھ، گھی، مکھن، گوشت
بکثرت استعمال کریں۔ ترش اور تیل دار اشیاء سے پرہیز کریں۔

(286) دیگر

منافع: ذیابیطس خواہ سادہ ہو خواہ شکری ہر حال میں مفید ہے۔
نسخہ: سکہ شیریں 2 تولہ، کشنیز خشک 40 تولہ کیکر کی سبز لکڑی بقدر ایک ہاتھ ایک عدد۔
ترکیب واستعمال: سکہ کا باریک پترا بنا کر باریک باریک کتر لیں اور کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں
جب پگھل جائے تو کشنیز کی ایک ایک چٹکی ڈالتے جائیں اور کیکر کی لکڑی سے خوب ہلاتے رہیں۔ چار گھنٹہ
کے اندر سبز رنگ کا کشتہ تیار ہو جائے گا۔ ایک رتی صبح گائے کے دہی کے ساتھ کھلائیں۔

(287) دیگر

منافع: ذیابیطس کے ہر درجہ میں مفید و مجرب ثابت ہوا ہے۔
نسخہ: کشتہ قشر بیضہ مرغ، کشتہ فولاد بارو جامن والا ہر ایک تین ماشہ خشت کہنہ دو تولہ، افیون 20 ماشہ،
زہر مہرہ خطائی، کہربا شمعی، برگ ببول سبز، مغز تخم جامن ہر ایک 6 ماشہ، کافور ایک ماشہ، زعفران کشمیری 4

ماشہ۔
ترکیب: سب کو جدا جدا باریک پیس کر پانی کی مدد سے کل دوا کی چالیس 40 گولیاں بنائیں۔
استعمال: مغز پنبہ دانہ دو تولہ رات کو ایک پاؤ گرم پانی میں بھگو دیں۔ صبح ذلال لے کر اس میں شربت بزوری 4 تولہ ملا کر اس کے ساتھ ایک گولی کھلا دیں پھر اسی میں ایک پاؤ اور پانی ڈال کر رکھ دیں۔ شام کو اس کا ذلال لے کر شربت بزوری 4 تولہ ملا کر اس کے ہمراہ ایک گولی کھلا دیں۔

(288) اکسیر حرقت البول

منافع: سوزاک تازہ اور کہنہ کے لئے مجرب المجرب ہے۔ پیشاب کی جلن، درد کو فوراً فائدہ کرتی ہے اور عسر البول میں بھی بہت نفع مند ثابت ہوئی ہے۔ سوزاک کو دو تین خوراک سے ہی کافی آرام ہو جاتا ہے۔ معمول مطب بھروسہ کا نسخہ ہے۔
نسخہ: زیرہ سفید، ریوند چینی، کباب چینی، قلمی شورہ، دانہ الائچی خورد، جوکھار ولائتی ہر ایک تین تولہ، مصری 12 تولہ، جملہ ادویہ جدا جدا باریک کر کے ملا کر سفوف بنالیں۔
استعمال: 4 ماشہ سے 5 ماشہ تک صبح، دوپہر، شام شربت بزوری یا لسی خام یا پانی سے استعمال کرائیں۔

(289) آبشار

اسناد: فاضل محترم علامہ حاذق العصر صاحب خان پوری مدظلہ کا مجرب و معمول ہے۔ اس لئے فیضان شفاء کا آئینہ دار ہے۔ تجربہ کیجئے آپ بھی اس کے حیرت انگیز فوائد دیکھ کر اپنے صندوقچہ میں رکھنے پر مجبور نہ ہوئے تو سہی بڑے
منافع: مثانہ کی تمام بیماریوں کو چند دن میں کافور کر دیتا ہے۔ عسر البول اور بول فی الفراش میں بدرجہ غائت مفید ہے۔
نسخہ: برگ سرو خشک ایک تولہ، مرکی تین ماشہ خوب باریک کر لیں۔
استعمال: نصف ماشہ بدرقہ مناسبہ کے ساتھ استعمال کریں۔

(290) دوائے ذیابطیس شکری

منافع: ذیابطیس شکری کے لئے نہایت کام کی چیز ہے۔ کمزور جسم کو طاقت دیتی، اعضاء رئیسہ و شریفہ کی قوت کو زیادہ کرتی ہے۔
نسخہ: ورق طلا تین ماشہ زمرد، سبز چھ ماشہ۔
ترکیب: زمرد کو باریک پیس کر پھر دونوں چیزیں ملا کر آب ثمر جامن سے چار پہر تک کھرل کر کے قرص بنائیں اور خشک کر کے مغز تخم جامن کے نیم پاؤ نغدہ میں رکھ کر کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ دوسری دفعہ چار پہر ذلال املی میں کھرل کر کے نیم کی نرم کونپلوں کے نغدہ میں بدستور آگ دیں۔ تیسری دفعہ آب پوست نیم میں چار پہر کھرل کر کے نیم کی نرم کونپلوں میں آگ دیں۔ چوتھی

بعدہ چار پہر تک آب گلو میں کھرل کر کے نغدہ مغز کدل ڈوڈہ میں دس سیر کی آگ بدستور دیں پھر باریک پیس لیں۔

استعمال: نصف رتی سے ایک رتی تک مکھن میں رکھ کر استعمال کریں۔

مجربات امراض مخصوصہ مردان

(291) کشتہ شنگرف اکسیری

اسناد: ایک نواب صاحب نے اپنے مرشد بزرگوار کی خدمت میں بطور تحفہ پیش کیا تھا۔

منافع: اعلیٰ درجہ محرک و مقوی باہ ہونے کے باوجود مولد خون صالح ہے اور بدن کو طاقتور بنا کر جوانمرد بناتا ہے جو فیض عام کے لئے درج کیا جاتا ہے۔ بالکل آسان مجرب اور قابل قدر نسخہ ہے۔

نسخہ: شنگرف رومی سالم ڈلی ایک تولہ، سم الفار سفید 4 تولہ، زردی بیضہ مرغ 100 عدد۔

ترکیب: ایک دیگچہ قلعی شدہ (جس میں دو سیر پانی سما سکے) لے کر اس میں زردی بیضہ مرغ سب ڈال کر سم الفار کو جوکوب کر کے ڈال دیں یعنی زیادہ باریک نہ کریں اور شنگرف کی ڈلی پر چاندی کی باریک تار بقدر ایک گز مضبوط لپیٹ کر اور کچھ حصہ تار کا بچا کر اس کے ذریعہ ڈلی شنگرف کو دیگچہ میں لٹکا دیں اور دیگچہ کے منہ پر لکڑی رکھ کر تار کو اس کے ساتھ باندھ دیں مگر ڈلی دیگچہ کے پیندے سے ذرا اوپر ہی رہے نیچے نہ لگے پھر دیگچہ کے منہ پر چپنی دے کر اس پر مضبوط گل حکمت کر دیں اور نیچے بیری کی لکڑی کی دو چوبی آنچ جلا دیں۔ لکڑی پانچ سیر ہونی چاہئے جس پر کل تین گھنٹے کے قریب وقت خرچ ہوتا ہے اور آنچ نرم ہونی چاہئے جو لگاتار جلائی جائے پھر سرد کر کے شنگرف کو نکال کر باریک پیس کر نگاہ رکھیں۔

استعمال: ایک دانہ باجرہ کے برابر مکھن میں رکھ کر صبح استعمال کریں۔ غذا مرغن اور دودھ زیادہ استعمال کرنا چاہئے۔

(292) کشتہ پارہ قائم النار

منافع: جریان کے لئے نہایت مفید ہے۔ مغلظ اور مقوی باہ ہے۔ دودھ، گھی ہضم کر کے بدن کو طاقت بخشنے میں حد درجہ موثر ہے۔ امید ہے کشتہ پارہ کے شائق اسے تیار کر کے نسخہ کی قدر کریں گے۔ خاص کر صدری قابل قدر نسخہ ہے۔

نسخہ: کشتہ قشر بیضہ مرغ، ایک پاؤ قلعی، پارہ ہر ایک 2 تولہ۔

ترکیب: قلعی کو گلا کر آرام سے پارہ اس میں ڈالیں تاکہ قرص بن جائے پھر ایک کوزہ گلی میں کشتہ بیضہ کا نصف ڈال کر اس پر قرص مذکور رکھیں۔ اس پر باقی کشتہ ڈال کر مضبوط گل حکمت اور خشک کر کے اوپر سے بچا کر دس سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر قرص کو نکال کر دیکھیں اس کے کناروں پر جو پھولا ہوا کشتہ تیار ہوا ہے چاقو سے احتیاط کے ساتھ اتار لیں پھر اس قرص کو احتیاط سے دوبارہ کشتہ بیضہ مرغ میں رکھ کر بدستور سابق دس سیر کی آگ دیں۔ سرد کر کے کناروں پر جو پھولا ہوا ہے اسے اتار لیں اور پھر اسی

طرح آگ دیں اسی طرح دس بارہ آنچوں میں تمام تیار ہو جائے گا جو ڈیڑھ تولہ کے قریب ہوگا اسے شیشی میں نگاہ رکھیں جو عجیب چیز ہوگی۔

استعمال: دانہ مونگ کے برابر مکھن میں رکھ کر صبح استعمال کریں۔

(293) سفوف اکسیر جریان حار

منافع: جریان کے لئے نہایت مفید ہے۔ ذکاوت حس، احتلام، رقت کو نافع ہے۔ گرم مزاج جوانوں کی شکایات کے لئے نہایت آسان کم خرچ اور مفید ہے جو ہدیہ ناظرین ہے۔ خصوصاً ذکاوت کو دفع کر کے جریان رقت کے دور کرنے میں نہایت مفید ہے اور کم خرچ ہے۔

نسخہ: خشخاش، کشنیز خشک ہر ایک 2 تولہ، آرد پستان کلاں، کوکنار ہر ایک 4 تولہ، مصری 12 تولہ۔

ترکیب: تمام ادویہ الگ الگ باریک کوٹ کر ملا کر سفوف بنا لیں۔

استعمال: ایک ایک تولہ صبح و شام ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

(294) نکور برائے مجلوق

منافع: یہ نسخہ مجلوق اور نامرد کے لئے نہایت مفید ہے ایک کہنہ مشق نامی طبیب کا معمول ہے جو آپ کو بالکل مفت میں حاصل ہو رہا ہے۔ مجلوق و نامرد کے علاج میں ابتدا میں اس نکور کا استعمال کرنا نہایت مفید ثابت ہوتا ہے۔ مجرب المجرب نسخہ ہے جو بلا بخل درج کرتا ہوں اس کے بعد طلا شباب استعمال کرایا جاتا ہے جو بعد میں درج کیا جائے گا اور اندرونی استعمال کے لئے سفوف اکسیر جریان حار نمبر 293 اور اس کے بعد کوئی کشتہ وغیرہ مقوی و محرک باہ دوا استعمال کرانی چاہئے۔

نسخہ: عقر قرحہ، قرنفل، کنجد سیاہ، خردل، مال کنگنی، آرد نخود ہر ایک 5 تولہ، آب پیاز سفید 10 تولہ، روغن تلخ، قند سیاہ کہنہ ہر ایک 20 تولہ۔

ترکیب: پہلی پانچ دواؤں کو الگ الگ باریک پیس کر سفوف بنا کر جدا رکھیں اور آرد نخود و آب پیاز روغن تلخ اور قند سیاہ کہنہ کو ملا کر پکائیں۔ جب خوب مل جائیں باقی دواؤں کا سفوف ملا لیں اور دو دو تولہ کی پوٹلیاں بنا کر رکھ لیں۔

استعمال: بھیڑی کا دودھ یا روغن سرسوں ایک برتن میں ڈال کر آگ پر گرم کریں اور دو پوٹلیاں اس میں گرم کر کے باری باری سے آلہ تناسل پر ایک گھنٹہ تک نکور کریں۔ بیڑو اور اوپر بھی نکور کریں اور نکور کے بعد ایک پوٹلی آلہ تناسل پر باندھ کر سو رہیں اور اس کے بعد سرد ہوا نہ لگنے دیں۔ پوٹلی کھولنے کے بعد اوپر ململ کا کپڑا باندھ دینا چاہئے۔ اسی طرح تمام دوائی ختم کر دیں۔

(295) طلائے شباب

منافع: عضو مخصوص کی کجی باریکی، ناہمواری، کمزوری، کوتاہی وغیرہ مجلوق کے تمام عوارض کے لئے نہایت عجیب الاثر اور اطمینانی چیز ہے۔ ایک ہفتہ سے زیادہ استعمال کرانے کی ضرورت نہیں رہتی ایک

نہایت مہربان درویش سے بصد کوشش اپنے مطب کے لئے حاصل کیا گیا تھا جو درج کتاب کر کے اپنے فرض منصبی سے سبکدوش ہوتا ہوں۔ ایسی چیزیں آسانی سے نہیں ملا کرتیں۔ اس کے علاوہ اور بھی کئی اعلیٰ سے اعلیٰ مشکل کے ساتھ حاصل کئے ہوئے مجربات صدریہ اس کتاب کی زینت و رونق کو چار چاند لگانے کے لئے درج ہوں گے۔ اب نسخہ کے اجزا ملاحظہ فرمائیے۔

نسخہ: کچلہ 5 تولہ' شک سیاہ (سم الفار سیاہ)' قرنفل' مٹھا تیلیہ' جلوتری بھلاوہ ہر ایک ایک تولہ زعفران 6 ماشہ' شاہ دیمک 2 عدد' زردی بیضہ مرغ 21 عدد۔

ترکیب: تمام خشک دوائیں الگ الگ باریک کھرل کر کے زردی بیضہ مرغ میں کھرل کریں۔ جب گولیاں بننے کے قابل ہو جائیں۔ لمبی لمبی گولیاں بنا کر خشک کر کے آتشی شیشی میں تیل کشید کریں۔

استعمال: حسب دستور رات کو تین رتی کے قریب حشفہ اور سیون چھوڑ کر مالش کر کے بھوج پتر یا برگ پان لپیٹ کر اوپر کپڑا لپیٹ دیا کریں۔ اسی طرح روزانہ استعمال کریں۔ جب دانے نکل آئیں تو روغن چنبیلی یا روغن زرد میں پیاز جلا کر اس سے چپڑتے ہیں۔ جب دانے درست ہوں اگر ضرورت ہو پھر اسی طرح استعمال کریں۔

(296) سفوف دافع جریان

تعارف: یہ نسخہ علامہ حضرت استاذیم جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب مرحوم کے استاذ بزرگوار جناب سلطان الاطباء عالی جناب حکیم محمد بخش صاحب مرحوم لاہوری کے معمولات سے ہے۔

اسناد: میرے استاد بھائی جناب حکیم سید رحمت اللہ شاہ صاحب لاہوری نے ازراہ شفقت و عنائت مرحمت فرمایا جو فیض رسانی خلائق کے لئے درج کر دیا جاتا ہے۔

منافع: قاطع جریان ہونے کے باوصف مقوی باہ ہے۔ ذکاوت حس' رقت منی' سرعت انزال کے لئے مجرب چیز ہے۔ منی کی اصلاح کر کے عمدہ طاقت باہ پیدا کرتا ہے۔ اس میں تمام اوصاف موجود ہیں۔

نسخہ: کوکنار 5 تولہ' نخود سیاہ' ثعلب مصری' شقاقل مصری' خولنجاں' ستاور' موصلی سیاہ' موصلی سفید' قضیب گاؤ' سوہان کردہ ہر ایک تین تولہ الائچی خورد' طباشیر گل سرخ' بہمن سفید ہر ایک ایک تولہ۔

ترکیب: کوکنار کو کوٹ کر اس کے تین حصے کریں۔ ایک حصہ کو مناسب پانی میں 24 گھنٹہ تک تر رکھیں پھر مل چھان کر اس میں نخود سیاہ مذکور کو تر کریں۔ جب پانی خشک ہو جائے دوسرے حصہ کو اسی طرح تر کر کے اس میں نخود سیاہ کو تر اور خشک کریں۔ اسی طرح کوکنار کے تینوں حصوں میں نخود کو تر اور خشک کر کے باریک کوٹ لیں اور باقی تمام دواؤں کو بھی باریک کر کے سب کو خوب ملا لیں۔

استعمال: چھ چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ آدھ سیر استعمال کریں۔

(297) سفوف اکسیر جریان

منافع: جریان کی ہر قسم کے لئے معمول مطب و مجرب ہے اور سریع الاثر اس قدر کہ پہلے دوسرے دن

بی اپنا اثر دکھاتا ہے۔ منی کو غلیظ کر کے طاقت باہ پیدا کرتا ہے۔ آسان ہے۔

نسخہ: طباشیر کبود، دانہ الائچی خورد، ثعلب مصری، مصطگی رومی، دارچینی، کبابہ، بہمن سرخ و سفید، برگ گاؤ زبان، گوند پلاس، ست بیروزہ، تودری سفید و سرخ، ست گلو، ست سلاجیت، مغز تخم املی، تالمکھانہ، بیج بند، گوند، سنبل، موچرس ہر ایک 6 ماشہ، کشتہ قلعی یا نقرہ ایک تولہ۔

ترکیب: سوائے کشتہ کے باقی دوائیں الگ الگ باریک پیس کر کشتہ ملا کر خوب کھرل کر کے یکجان کر لیں بس تیار ہے۔

استعمال: چھ ماشہ صبح مکھن میں رکھ کر استعمال کریں۔

(298) دوائے سیاہ اکسیر جریان

اسناد: عالی جناب قاضی فقیر محمد صاحب لیہ والے کا مستند و مجرب مشہور عام و خاص نسخہ ہے جو ان کے کسی شاگرد نے میرے ایک دوست کو بتایا اور تجربہ پر ہمہ صفت موصوف پا کر درج کتاب کرتا ہوں۔ جناب قاضی صاحب کا صندوقچہ کا خاص الخاص نسخہ ہے اور دوائے سیاہ کے نام سے مشہور ہے۔

منافع: جریان منی و مذی و ودی، کثرت احتلام، رقت منی، گرمی مثانہ کے لئے نہایت مفید ہے۔ میں نے اسے خود تیار کیا ہے۔

نسخہ: سیماب، جست، قلعی، سکہ، بورہ چاندی ہر ایک ایک تولہ، آب حنا سبز بقدر ضرورت۔

ترکیب: سکہ، جست، قلعی کو اکٹھا کر کے کٹھالی میں گلا کر اور پارہ کو ایک برتن میں ڈال کر پارہ پر ڈالیں۔ سب مل کر یکجان ہو جائیں گے پھر ان کو گرم گرم ہی کوٹ کر بمعہ بورہ چاندی کھرل میں ڈال کر آب برگ حنا سبز کے ساتھ چھ دن تک کھرل کریں۔

استعمال: ایک رتی مکھن میں رکھ کر صبح استعمال کریں اور مضرات سے پرہیز کریں۔

(299) اکسیر شباب

اسناد: ایک دوست کی پیٹنٹ شدہ دوا ہے جس کو وہ پیکٹوں میں بند کر کے اشتہار کے ذریعہ اور مقامی مطب میں کثرت سے فروخت کرتے ہیں۔ ان کا مستند و مجرب صدری نسخہ ہے جو تجربہ کرنے پر نہایت سریع الاثر ثابت ہوا۔ خصوصاً دل دھڑکہ کے لئے جن کو جریان کے ساتھ دل کی کمزوری ہو اکسیر ثابت ہوا ہے۔

منافع: ہر قسم جریان، کثرت احتلام کے لئے اکسیر ہے۔ منی کو غلیظ کر کے مردمی طاقت پیدا کرتا ہے۔ گرم مزاج، کمزور مریضوں اور مجلوقوں کے لئے خصوصیت سے زیادہ مفید ہے۔ اسی لئے اس کا نام اکسیر شباب رکھا گیا ہے۔ خصوصاً اعضاء رئیسہ کو طاقت دیتا ہے۔

نسخہ: موصلی سفید، موصلی سیاہ، ستاور، شقاقل، تالمکھانہ، موچرس، کیرا، تخم اٹنگن ہر ایک تولہ تولہ، ثعلب مصری، بہمن سرخ، بہمن سفید، تخم کونچ، سیوس اسبغول ہر ایک 9 ماشہ، کشتہ قلعی، کشتہ مرجان، ست سلاجیت ہر ایک تین ماشہ، اکسیر نقرہ 5 ماشہ، سب دوائیں باریک کوٹ پیس کر سفوف تیار کر لیں۔

استعمال: چھ چھ ماشہ صبح وشام گائے کے تازہ دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ تمام گرم ترش اور تیل دار اشیاء سے پرہیز کریں۔ اکسیر نقرہ کی ترکیب ذیل میں درج کی جاتی ہے۔

(300) اکسیر نقرہ

منافع: جریان، کثرت احتلام، رقت منی، ضعف اعضاء رئیسہ، ضعف باہ مجلوق کے عوارض کے لئے نہایت مفید ہے۔

نسخہ: قلعی 4 تولہ، سیپ اصلی 8 تولہ، چورہ ورق نقرہ چھ ماشہ، لعاب گھیکوار بقدر ضرورت۔

ترکیب: قلعی کو باریک کوٹ کر پترا بنالیں اور قینچی وغیرہ سے باریک باریک کتر لیں پھر اس کے ساتھ سیپ ہاون دستہ میں خوب کوٹ کر کپڑ چھان کر لیں پھر چورہ ورق نقرہ ملا کر لعاب گھیکوار سے خوب کھرل کر کے ٹکیہ بنالیں اور ایک کوزہ گلی میں بند اور گل حکمت کر کے دس سیر اوپلوں کی آنچ دیں۔ اسی طرح تین آنچیں دیں۔ نہایت ملائم سرخی مائل نفیس کشتہ تیار ہو جائے گا۔ شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: ایک رتی صبح مکھن میں رکھ کر یا اکسیر شباب میں شامل کر کے استعمال کریں۔

(301) حب مقوی و ممسک تحفہ

اسناد: عالی جناب قبلہ حضرت استاذیم حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب مرحوم و مغفور کا عطیہ اور خاص الخاص تحفہ ہے نیز اس کے بعد جو دو نسخہ جات درج ہوں گے یہ بھی حضرت ممدوح کے عطیہ خاص ہیں۔

منافع: نہایت مقوی باہ، ممسک، مقوی اعضاء رئیسہ و مفرح ہے۔ ذیابطیس کے لئے بھی مفید ہے۔ بدن کی پرورش کرتا اور دودھ، گھی خوب ہضم کرتا، طاقت بدنی پیدا کرتا ہے۔

نسخہ: مروارید 4 رتی، افیون خالص تین ماشہ، کشتہ ابرک سیاہ، کشتہ نقرہ ہر ایک ایک ماشہ، کشتہ سونا 4 رتی۔

ترکیب: مروارید کو روح کیوڑہ تین ماشہ میں کھرل کریں پھر باقی دوائیں ملا کر خوب کھرل کر کے کیرا کے پانی کی مدد سے حبوب بقدر مسور تیار کریں۔

استعمال: ایک گولی صبح ایک گولی شام ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

(302) دیگر

نسخہ: کشتہ ابرک سیاہ سو آتشہ سرخ رنگ، کشتہ عقیق، کشتہ مرگانگ، کشتہ چاندی، کشتہ فولاد، کشتہ سکہ، کشتہ مرجان، کشتہ شنگرف، کشتہ یشب، افیون ہر ایک تین ماشہ، سٹرکنیا تین رتی، شہد خالص بقدر ضرورت۔

ترکیب: افیون کو باریک کر کے کشتہ جات ملا کر خوب کھرل کر کے آمیز کریں اور شہد کی مدد سے حبوب بقدر ایک ایک رتی تیار کریں۔

استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ آدھ سیر استعمال کریں۔ دودھ زیادہ استعمال کریں۔

(303)دیگر

نسخہ: کشتہ طلا 4 رتی، کشتہ نقرہ، برق حیات ہر ایک 6 رتی، کشتہ ابرک سیاہ سو آتشہ، کشتہ مرگانگ، کشتہ فولاد سو آتشہ، کشتہ سکہ، کشتہ شنگرف، افیون ہر ایک ایک ماشہ، مارفیا 5 رتی، سٹرکنیا نصف رتی کے فین 1 ماشہ، جائفل 2 ماشہ۔

ترکیب: افیون اور جائفل کو خوب باریک پیس کرپانی کی مدد سے گولی بنائیں اور گندم کے آٹے میں لپیٹ کر گرم بھوبھل میں دفن کریں۔ جب سرخ ہو جائے تو نکال کر گولی دوائی کی نکال لیں اور باقی دواؤں کے ساتھ خوب کھرل کر کے قدرے شہد ملا کر حبوب بقدر دانہ مونگ تیار کریں۔

استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ آدھ سیر استعمال کریں۔ وقتی امساک کے لئے ایک گولی عصر کے وقت ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔ اس دن روٹی نہ کھائیں۔ صرف دودھ پر گزارہ کریں اگر کھانا کھانا ہو تو بہت کم کھائیں یا فراغت کے بعد کھائیں۔ ان تینوں نسخہ جات کے متعلق صرف اسی قدر لکھ دینا ہی کافی ہے کہ یہ ایک بہت نامور ہستی کے مخفی صندوقچہ کے تحائف ہیں اور ان سے فائدہ یقینی ہوتا ہے بشرطیکہ مزاج اور طبیعت دیکھ کر استعمال کئے جائیں۔

(304)برق حیات

اسناد: استاذ الاطباء ارسطوئے زمان عالی جناب حضرت حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کا خاص الخاص مخفی تحفہ ہے جو آج تک پوشیدہ ہی رہا ہے۔ آج اسے شائع کیا جاتا ہے۔ امید ہے ناظرین اس نسخہ کی قدر کریں گے اور دعائے خیر سے یاد فرمائیں گے۔

منافع: اعلیٰ درجہ ہاضم نیر ہے۔ بدن کو طاقت دیتا ہے۔ ہاضم طعام اور دافع ریح ہے۔ اس کے ساتھ جس قدر دودھ، گھی استعمال کیا جائے ہضم ہو کر جزو بدن بن جاتا ہے اور بدن کی پرورش کرتا ہے۔ اس میں اشتہا طعام اور قوت باہ پیدا کرنے کی بہت طاقت ہے اور آسانی سے تیار ہو سکتا ہے۔

نسخہ: سنکھیا سفید ایک تولہ، بھنگڑی سفید، نمک دیسی ہر ایک 3 تولہ، روغن زرد 2 تولہ۔

ترکیب: بھنگڑی کو باریک پیس کر روغن زرد میں ملا لیں اور اس کی دو پڑیہ بنا لیں اور نمک باریک کر کے اس کی بھی دو پڑیہ باندھ لیں اب ایک کوزہ گلی لیں اس میں پہلے نمک کی ایک پڑیہ بچھا کر اس پر بھنگڑی کی ایک پڑیہ بچھا دیں اور اس پر سنکھیا کی ڈلی رکھ کر اوپر پھر بھنگڑی کی دوسری پڑیہ بچھا دیں اور اس پر نمک کی دوسری پڑیہ بچھا دیں اور ہاتھ سے خوب درست کر کے کوزہ کے منہ پر چپنی رکھ کر چکنی مٹی سے بند کر دیں اور تمام کوزہ پر گل حکمت کر کے خشک کریں اور ہوا سے بچا کر سات سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ سرد ہو جائے تو نکال کر باریک پیس کر نگاہ رکھیں۔

استعمال: نصف رتی سے ایک رتی تک ملائی یا پیڑے میں رکھ کر صبح صرف ایک ہی وقت کھلائیں۔ دودھ، گھی زیادہ استعمال کریں اور دوائی کھانے سے پہلے کوئی چیز ضرور کھالیں۔

(305) اکسیر طاقت مردمی

منافع: ہیجان قوت مردی کے لئے ایک تسلی بخش چیز ہے۔ معمولی کمزور کو سات دن میں اور نامرد کو بارہ دن میں فائدہ ہو جاتا ہے۔ یہ اکسیر اپنا اثر دوسرے تیسرے دن بخوبی دکھا دیتی ہے۔ اس سے دودھ، گھی خوب ہضم ہو کر بدن سرخ ہو جاتا ہے۔

نسخہ: شنگرف رومی، ہڑتال ورقی سم الفار سفید، رسکپور ہر ایک تولہ تولہ، زردی بیضہ مرغ 12 عدد۔

ترکیب: خشک دواؤں کو الگ الگ کھرل کر کے زردی بیضہ مرغ ملا کر کھرل کریں۔ ویسے تو 12 زردیاں جلدی جذب ہو جاتی ہیں مگر اس دوا کو کم از کم پانچ دن ضرور کھرل کرنا چاہئے اور زیادہ نہیں تو دوپہر تک روزانہ ضرور کھرل کیا جائے۔ پتھر کے کونڈہ ڈنڈا میں دوائی تیار کی جائے تو زیادہ آسانی ہوتی ہے کیونکہ دوائی کو زیادہ کوٹنا پڑتا ہے پھر اس کی گولیاں بنا کر پتال جنتر کے ذریعہ تیل کشید کریں اور کھلے منہ والی شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: ایک یا دو قطرہ صبح مکھن میں رکھ کر کھائیں اور دودھ گھی زیادہ استعمال کریں۔

نوٹ: ایک یا دو قطرہ صبح مکھن میں رکھ کر کھائیں اور دودھ گھی زیادہ استعمال کریں۔

نوٹ: پہلے دن چار انڈوں کی زردی ملا کر کھرل کریں پھر دو دو زردیاں روزانہ ڈال کر کھرل کرتے رہیں اور دوائی پتھر کے کونڈہ میں تیار کریں گے تو آسانی ہو گی زیادہ کھرل کرنے یا کوٹنے سے عمدہ تیل سرخی مائل برآمد ہوتا ہے۔

(306) حب مقوی و ممسک عنبری

اسناد: ہمارے ایک مخلص برادران گولیوں کا اشتہار دیتے ہیں اور ان کے ہاں بکثرت بکتی ہیں۔

منافع: مقوی باہ و محرک ہیں۔ اعضاء رئیسہ کو طاقت دے کر بدن کو طاقت و توانائی بخشتی اور کمزوروں کی جان ہیں۔ دودھ، گھی خوب ہضم کر کے از حد طاقت مردمی پیدا کرتی ہیں اور ممسک بھی ہیں۔ امراء و رؤسا کے لئے مناسب ہیں۔

نسخہ: کشتہ طلا اعلیٰ، مشک خالص، مروارید ناسفتہ، عنبر اشہب ہر ایک ایک رتی، کشتہ نقرہ، سٹرکنیا، لونگ، جائفل، جلوتری ریگ ماہی نر ہر ایک 2 رتی۔

ترکیب: مروارید کو روح کیوڑہ میں کھرل کر کے خشک کریں باقی دواؤں کو باریک پیس لیں پھر سب کو ملا کر خوب کھرل کر کے شہد کی مدد سے حبوب بقدر دانہ مونگ تیار کریں۔

استعمال: ایک گولی صبح ہمراہ دودھ آدھ سیر استعمال کریں۔ صرف ایک وقت کافی ہے۔ بہتر ہے پہلے کوئی چیز کھا کر استعمال کریں اور ان کے ساتھ دودھ، گھی زیادہ استعمال کریں۔

(307) حب ممسک دافع سرعت

منافع: امساک اور سرعت انزال کے لئے نہایت مفید ہیں۔ طاقت بھی پیدا کرتی ہیں جن کو کمزوری کے

ساتھ سرعت کا عارضہ ہو ان کے لئے یہ گولیاں بہت موزوں ہیں ایک دوست کا معمول مطب نسخہ ہے۔

نسخہ: افیون، سم الفار سفید ہر ایک 6 ماشہ، ہو گل بھینسیا ایک تولہ، شیر بڑ بقدر ضرورت۔

ترکیب: خشک دوائیں جو کوب کر کے شیر بڑ میں خوب تر کریں، ایک ہفتہ کے بعد جب دودھ خوب جذب ہو جائے اسے آہرن پر ایک سو ضرب لگائیں ورنہ ہاون دستہ میں دو سو ضرب لگا دیں پھر دانہ مونگ کے برابر حبوب تیار کریں۔

استعمال: سرعت کے لئے عصر کے وقت پہلے کچھ غذا کھلا کر ایک گولی ہمراہ دودھ آدھ سیر صرف ایک وقت ہی استعمال کریں۔ جب گرمی خشکی محسوس ہو دودھ استعمال کریں ان کے دوران استعمال میں دودھ، گھی بہت مقدار میں استعمال کرنا ضروری ہے۔ جو ہضم ہو جاتا ہے اور وقتی امساک کے لئے ایک گولی رات کا کھانا کھانے سے ایک گھنٹہ بعد ہمراہ دودھ آدھ سیر نگل لیں۔

(308) دوائے دافع سرعت

منافع: یہ دوا سرعت جیسی عسر البرء مرض کا شافی علاج ہے۔ قوت باہ بعض دفعہ اس قدر پیدا کرتی ہے کہ ضبط مشکل ہوتا ہے۔ سرعت انزال اور ضعف باہ کے شاکیوں کے لئے نہایت مفید ہے۔ مادہ تولید کو غلیظ کرتی اور امساک پیدا کرتی ہے۔ اس مرض کا مفید ترین علاج ہے۔

نسخہ: سیماب، آملہ سار، بیہدانہ، کوکنار (جس سے خشخاش دور کر دیا گیا ہو) ہر ایک 2 تولہ۔

ترکیب: سیماب اور آملہ سار کو خوب کھرل کریں تاکہ کجلی تیار ہو جائے یعنی سیاہ رنگ کا سفوف بن جائے مگر کم از کم چار گھنٹہ ضرور کھرل کریں باقی دواؤں کو باریک کوٹ لیں پھر سب کو ملا کر خوب کھرل کرے اس کے چار حصے بنائیں۔

استعمال: عصر کے وقت ایک حصہ کو ململ کے کپڑے میں باندھ کر ایک سیر گائے کے دودھ میں جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے پوٹلی کو نکال کر محفوظ رکھیں اور دودھ میں مصری ملا کر پی لیں۔ دوسرے دن پھر اسی پوٹلی کو آدھ سیر دودھ میں عصر کے وقت جوش دے کر جب نصف رہ جائے دودھ میٹھا کر کے پی لیں اور پوٹلی کو رکھ لیں اسی طرح ایک پوٹلی کو چار دن استعمال کریں اسی طرح چاروں حصوں کو 16 دن استعمال کریں۔

نوٹ: پوٹلی کو ابال چکنے کے بعد نچوڑنا نہیں چاہئے۔

(309) حب مقوی باہ

منافع: یہ گولیاں نہایت مقوی باہ ہیں۔ ضعف اعضاء رئیسہ اور ضعف بدن کے لئے بہت اچھا اثر پیدا کرتی ہیں جن لوگوں کی طاقت باہ اور طاقت بدنی بہت کمزور ہو بدن میں خون کی کمی ہو کچھ کھا پی نہ سکتے ہوں ان کے لئے آب حیات ہیں۔ غذا کو جزو بدن بناتی اور حد درجہ طاقت مردی پیدا کر کے رنگ سرخ کر دیتی ہیں۔ نہایت عجیبہ ہمہ صفت موصوف مقوی گولیاں ہیں۔ شائقین کو اس نسخہ کی قدر کرنی چاہئے۔

نسخہ: سم الفار سفید' برادہ نقرہ' برادہ طلا ہر ایک تین ماشہ شراب برانڈی یا آب لیموں ا پاؤ۔
ترکیب: سم الفار کو باریک پیس کر سب کو پختہ کھرل میں ملا کر شراب یا آب لیموں تھوڑا تھوڑا ملا کر کھرل کرتے رہیں۔ جب سب جذب ہو جائے بقدر دانہ مونگ گولیاں تیار کریں۔
استعمال: ایک گولی صبح یا شام ہمراہ شیر تازہ آدھ سیر استعمال کریں۔ پہلے کوئی چیز کھا لینی چاہئے۔ دوران استعمال میں دودھ' گھی اور مرغن اغذیہ بکثرت استعمال کرنی چاہئے۔

(310) دیگر

فوائد: مقوی باہ ہیں۔ غذا کو جزو بدن بنا کر بدن کو طاقت دیتی ہیں۔ ہر قسم کی مردی' کمزوری اور مجلوق کے لئے آب حیات ہیں۔ اعضاء رئیسہ اور پٹھوں کو طاقت بخشتی ہیں۔ نہایت قابل قدر نسخہ ہے۔ اس نسخہ میں تمام صفات موجود ہیں۔ قدردان اطبا اس کی قدر ضرور کریں گے۔
نسخہ: سم الفار سفید' ورق نقرہ' مروارید ہر ایک 13 رتی' آب لیموں 63 عدد۔
ترکیب: پختہ کھرل میں الگ الگ کھرل کر کے ملا لیں اور تمام آب لیموں کھرل کے ذریعہ جذب کر کے حب بقدر دانہ موٹھ تیار کریں۔
استعمال: ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ آدھ سیر نگل لیں۔ صرف ایک وقت کافی ہے۔ پہلے کوئی تھوڑی سی چیز کھا کر استعمال کریں۔ ان گولیوں کے دوران استعمال میں مرغن غذا کھائیں۔

(311) معجون مقوی باہ

فوائد: نہایت مقوی باہ ہے۔ کمزور کو طاقتور اور طاقتور کو شہ زور بناتی ہے۔ مغلظ منی ہونے کے علاوہ عمدہ ممسک ہے۔ عام شائقین قوت باہ کے لئے نہایت مفید تحفہ ہے اور موسم سرما کے لئے زیادہ موزوں ہے۔
نسخہ: زردی بیضہ مرغ 20 عدد' آرد مال کنگنی 2 پاؤ' لونگ' جائفل' دارچینی' مرچ سیاہ' مرچ سفید' قلفل دراز' پیپلا مول' موصلی سفید' موصلی سیاہ' مصطگی رومی' زعفران' ثعلب مصری ہر ایک 2 ماشہ' شہد خالص ڈیڑھ پاؤ۔
ترکیب: حسب دستور معجون تیار کریں۔
استعمال: ایک ایک تولہ صبح و شام ہمراہ دودھ گائے آدھ سیر (جس میں جلیبی ملا لی جائے تو بہتر ہے) استعمال کریں۔
ہدایات: تمام گرم ترش اشیاء اور مجامعت سے پرہیز کریں۔

(312) کھیر مقوی باہ

فوائد: یہ کھیر مقوی باہ ہونے کے علاوہ مغلظ منی اور دافع جریان ہے۔ یہ نہایت آسان اور ارزاں نسخہ ہے جو تجربہ پر قابل قدر ثابت ہو گا۔
نسخہ: بہمن سرخ' بہمن سفید' موصلی سفید' موصلی سیاہ' ستاور' ثعلب مصری' تودری سرخ' تودری سفید ہر

ایک 2 تولہ ، سب کو الگ الگ پیس کر سفوف تیار کریں۔

استعمال: آدھ سیر دودھ میں دو تولہ سفوف اور سات تولے مصری ملا کر آگ پر جوش دیں۔ جب کھیر تیار ہو جائے اتار کر سرد کر کے کھالیں بہتر طریق یہ ہے کہ رات کو تیار کر کے رکھ دی جائے اور صبح استعمال کی جائے۔

(313) کشتہ شنگرف آسان

منافع: ضعف باہ کے لئے معمول ہے۔ موسم و مزاج کا خیال رکھ کر استعمال کرایا جائے تو نہایت مفید ثابت ہوتا ہے اور لطف یہ کہ محنت طلب نسخہ جات کا مقابلہ کرتا ہے۔

نسخہ: مغز تخم ہرنولی ایک سیر، شنگرف رومی ایک تولہ۔

ترکیب: مغز تخم ہرنولی کو باریک کر کے آہنی توے پر نصف بچھا دیں۔ اس پر شنگرف کی ڈلی رکھ کر اس پر باقی ہرنولی بچھا کر ہاتھ سے خوب دبا دیں اور نیچے آگ متوسط جلائیں۔ جب مغز ہرنولی کو آگ لگ جائے تو آگ بند کر دیں۔ جب سرد ہو جائے شنگرف کو نکال کر باریک پیس کر شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: صبح دو چاول سے چار چاول تک مسکہ یا ملائی میں رکھ کر استعمال کریں۔

(314) تریاق باہ

منافع: یہ دوا نامردی، سستی، کمزوری کے لئے اکسیر ہے جو ایک سادھو فقیر کے سینہ کا راز ہے۔ زیادہ تعریف فضول ہے۔ تجربہ پر پوری حقیقت معلوم ہو گی اور پھر قدر بھی ہو گی۔ یہ نسخہ بڑی منت و خوشامد سے حاصل کیا گیا ہے۔

نسخہ: سم الفار سفید، تخم دھتورہ سیاہ ہر ایک ایک تولہ اونٹنی کے بچہ کا پیشاب۔

ترکیب: دونوں اشیاء الگ الگ باریک کھرل کر کے پختہ کھرل میں ڈالیں اور اونٹنی کے بچہ کا پیشاب تھوڑا تھوڑا ملا کر کھرل کرتے رہیں جب تمام جذب ہو جائے دوائی کو خشک کر کے شیشی میں حفاظت سے رکھیں۔

استعمال: صبح ایک چاول مسکہ یا ملائی میں رکھ کر استعمال کریں اور ساتھ دودھ گھی زیادہ استعمال کریں۔ مقدار سے زیادہ نہ دیں اور پہلے کوئی چیز کھا کر استعمال کریں۔

نوٹ: پیشاب بچہ نر کا چاہئے اور جب بچہ پیدا ہو اس کا پہلا پیشاب تمام حفاظت سے جمع کر کے شیشی میں رکھا جائے۔

(315) طلائے اعلیٰ

منافع: یہ طلا عضو مخصوص کے نقائص کے لئے نہایت مفید ہے۔ عضو کی کجی کوتاہی، ناہمواری، سستی، لاغری کو درست کرتا اور ازحد طاقت بخشتا ہے۔ پہلے دن ہی عموماً اثر دکھلاتا ہے۔ ایک محسن کا مخفی نسخہ ہے۔ لطف یہ کہ آسان اور خوشبودار بھی ہے اور باندھنے کی ضرورت نہیں۔ آبلہ وغیرہ پیدا نہیں کرتا۔

نسخہ: قضیب خرس ریتی سے سوہان کیا ہوا، روغن لونگ ولائتی، روغن دار چینی ولائتی ہر ایک تین ماشہ، عطر کستوری، عطر خس، چربی ریچھ اصلی، چربی شیر اصلی ہر ایک 6 ماشہ۔

ترکیب: بورہ قضیب خرس کو خوب کھرل کریں۔ پھر باقی اشیاء ملا کر خوب کھرل کر کے یکذات کر لیں اور کھلے منہ کی شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: دو رتی کے قریب عضو مخصوص پر حشفہ اور سیون بچا کر پانچ منٹ تک مالش کریں حتیٰ کہ جذب ہو جائے۔ باندھنے کی ضرورت نہیں۔

(316) طلائے خاص الخاص

اسناد: ارسطوئے زمان عالی جناب حکیم مفتی فہیم اللہ خان صاحب خلف الصدق حضرت استاذیم مدظلہ جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کا معمول خاص ہے جو آسانی سے تیار ہو سکتا ہے اور مخفی نسخہ ہے۔

منافع: آلہ تناسل کے تمام نقائص کے لئے نہایت سریع الاثر ہے۔ مجلوق کے لئے ایک مستند علیہ دوا ہے۔ عضو مخصوص کے نقائص کو دور کر کے نئی طاقت اور نئی زندگی بخشتا ہے۔ نہایت آسان ہے۔ بدبودار نہیں سستا بنتا ہے۔ ہمارا معمول مطب خاص الخاص مخفی نسخہ ہے۔

نسخہ: خراطین مصفیٰ 6 ماشہ، کستھر پڈیز پلاسٹر ایک ماشہ، روغن برق 2 تولہ، بیر بہوٹی، چربی شیر ہر ایک تولہ، روغن جمالگوٹہ، روغن دار چینی ہر ایک تین ماشہ۔

ترکیب: اول الذکر دونوں اشیاء کو روغن برق میں جوش دیں پھر اس میں باقی اشیاء ملا کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: حسب دستور رات کو حشفہ و سیون چھوڑ کر مالش کر کے اوپر برگ پان یا ارنڈ باندھ دیں۔ جب دانے نکل آئیں تو بند کر دیں اور روغن چنبیلی یا گھی جلا کر لگاتے رہیں۔ کچھ کسر باقی ہو تو زخم وغیرہ درست ہونے کے بعد پھر اسی طرح استعمال کریں۔ روغن برق کا نسخہ امراض سر میں درج ہو چکا ہے۔

(317) طلائے بے آبلہ

اسناد: میرے دوست و استاذ بھائی جناب حکیم رحمت اللہ شاہ صاحب کا عطیہ ہے۔ آپ کے مطب میں بکثرت استعمال ہوتا ہے۔ آپ اس کی بہت تعریف فرماتے ہیں۔

منافع: عضو مخصوص کی کمزوری، کوتاہی، ناہمواری کجی کو دور کر کے نہایت طاقت بخشتا ہے اور نہایت مقوی اعصاب ہے۔ مجلوق کے لئے معمول مطب ہے۔ لطف یہ کہ نہایت آسان اور سستا ہے۔ اس سے آبلہ یا زخم پیدا نہیں ہوتا۔ فاسد رطوبات کو خشک کر کے عضو کو سخت کر دیتا ہے۔

نسخہ: روغن کنجد خالص ایک پاؤ، مال کنگنی، جائفل ہر ایک تولہ تولہ، مغز بادام 5 تولہ، بسباسہ، افیون ہر ایک تین ماشہ، بیر بہوٹی 2 تولہ۔

ترکیب: سوائے بیر بہوٹی کے باقی خشک دوائیں باریک کوٹ کر روغن کنجد میں جوش دیں۔ جب خوب پختہ ہو جائے تو آگ سے اتار کر سرد کر کے ہاتھ سے مل کر تیل کو باریک کپڑے میں چھان لیں پھر اس میں بیر بہوٹی باریک پیس کر ملا کر شیشی میں ڈال دیں اور مضبوط کارک لگا کر ایک ہفتہ تک گندم کے ڈھیر میں دفن کریں پھر نکال لیں۔

استعمال: رات کو حشفہ و سیون بچا کر عضو مخصوص پر خوب مالش کر کے برگ پان یا ارنڈ باندھ دیں۔ صبح نیم گرم پانی سے دھو دیا کریں۔ اسی طرح روزانہ عمل کریں۔ سرد پانی سے پرہیز۔

(318) طلائے سلیمی بے ضرر

منافع: عضو مخصوص کے نقائص کے لئے معمول و مجرب ہے۔ نہایت سریع الاثر طلاء ہے۔ آبلہ وغیرہ پیدا نہیں کرتا۔ ہمہ صفت موصوف مطب سلیمی کا معمول ہے۔ بے ضرر اور مقوی اعصاب ہے۔

نسخہ: مغز پستہ 10 تولہ، شنگرف 3 تولہ، ہڑتال ورقی زرد، تخم دھتورہ ہر ایک تولہ تولہ، جائفل 6 ماشہ، مال کنگنی 5 تولہ۔

ترکیب: تمام ادویہ جدا جدا باریک پیس کر پانی کی مدد سے کوکن بیر کے برابر گولیاں بنا کر پتال جنتر کے ذریعہ تیل کشید کریں پھر اس طلا میں اس کے مساوی روغن بیضہ ملا کر شیشی میں رکھیں۔

استعمال: حسب دستور متعارف رات کو طلا کریں۔ صبح کھول دیا کریں۔ حد دو ہفتہ کافی ہے۔

(319) طلائے اسرار

اسناد: ایک سیاح کی منت سماجت سے اس شرط پر حاصل ہوا کہ اسے کسی پر ظاہر نہ کیا جائے اور یہ نسخہ مطب میں تیار رکھیں۔ اس کا قصہ بہت طویل ہے جس کی ضرورت نہیں۔ نسخہ بہت اعلیٰ ہے جو صحیح درج کیا جاتا ہے۔ ناظرین تیار کر کے استعمال کر کے فائدہ اٹھائیں۔

منافع: مجلوق کے لئے واقعی اسرار سے کم نہیں۔ عضو مخصوص کے نقائص مثلاً کجی، کوتاہی، لاغری، باریکی، ناہمواری، رگوں میں پانی بھر جانا وغیرہ کے لئے معتبرو مستند والا ہے۔ طاقت خوب پیدا کرتا اور ہمیشہ کے لئے بے پروا کر دیتا ہے۔ معمول مطب بنانے کے قابل ہے۔

نسخہ: شنگرف رومی، زرنیخ ورقی، قرنفل کلاہ دار، مغز حب الملوک ہر ایک 2 تولہ، شیر میش (بھیڑی کا دودھ) آدھ سیر۔

ترکیب: خشک ادویہ باریک پیس کر شیر میش کے ذریعہ کھرل کریں اور کنار دشتی کے برابر گولیاں تیار کر کے بذریعہ پتال جنتر تیل کشید کریں۔

استعمال: رات کو دو قطرہ حشفہ اور سیون بچا کر مالش کریں اوپر برگ پان یا ارنڈ یا بھوج پتر باندھ دیں۔ روزانہ طلا کریں۔ جب دانے نکل آئیں طلا موقوف کر کے روغن چنبیلی وغیرہ لگاتے رہیں۔ جب تک مکمل آرام نہ ہو اسی طریق پر طلاء استعمال کرتے رہیں۔

(320) طلائے مخفی مجرب (صندوقچہ)

منافع: مجلوق اور نامرد کو ایک دو ہفتہ میں تندرست کرتا ہے۔ عضو مخصوص کے تمام نقائص کا شرطیہ علاج ہے۔ اسناد اور اجزاء کے لحاظ سے نہایت قابل قدر چیز ہے۔ تجربہ عمدہ کسوٹی ہے۔

نسخہ: بلاس پارہ 5 تولہ، تخم بینگن دیسی، عقرقرحہ، فرفیون، فلفل دراز، مال کنگنی، تخم کونچ، جائفل، دارچینی، افیون، مغز بنولہ، چوب چینی، خراطین، بیربہوٹی، مغز جمال گوٹہ، پوست بیخ کنیر سفید، ہڑتال ورقی، میٹھا تیلیہ، کچلہ، سم الفار سفید سیماب، چربی شیر، سمندر سوکھ، تخم پنواڑ، تخم ترب، بیخ نرگس، بیخ چنبیلی ہر ایک تولہ تولہ، بیخ کیوڑہ، لونگ، تخم دھتورہ در شیر مدار تر و خشک کردہ، عقرب ہر ایک 4 عدد، مغز سر کنجشک نر، سر چام چٹہ، زردی بیضہ مرغ ہر ایک 5 عدد، مشک خالص 1 ماشہ، روغن کنجد، روغن ارنڈ ہر ایک 15 تولہ۔

ترکیب: خشک دوائیں جدا جدا باریک پیس کر سوائے روغن کنجد اور روغن ارنڈ کے تمام اشیاء کو پختہ فراخ کھرل میں ڈال کر روغن کنجد اور روغن ارنڈ تھوڑی تھوڑی مقدار میں ملاتے جائیں اور کھرل کرتے رہیں۔ جب پارہ اور تمام دوائیں آپس میں مل جائیں تو بقایا روغن ڈال کر خوب ملا کر ایک فراخ منہ بوتل میں ڈال دیں اور دو ہفتہ تک دھوپ میں لٹکائے رکھیں۔ جو تیل مقطر ہو جائے اسے اتار کر شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: حسب دستور رات کو حشفہ اور سیون و خصیتین بچا کر عضو مخصوص پر مالش کر کے برگ ارنڈ وغیرہ باندھیں۔

(321) حب قوت باہ و امساک

اسناد: ایک سیاح نے کمال محبت سے عطا فرمایا جو تجربہ پر صحیح اترا۔

منافع: دائمی قوت باہ و امساک پیدا کرتا ہے۔ سرعت انزال کے عارضہ کا خاص علاج ہے۔ دودھ، گھی خوب ہضم کرتا اور ایک ہفتہ میں نہایت طاقت پیدا کرتا ہے۔

نسخہ: برادہ نقرہ، ہڑتال ورقی، افیون، زعفران کشمیری، شنگرف رومی ہر ایک تولہ تولہ، شیر بڑ 5 تولہ، مرغ جوان ایک عدد۔

ترکیب: برادہ نقرہ اور ہڑتال کو ایک جگہ خوب کھرل کریں پھر افیون ملا کر اس حد تک کھرل کریں کہ چمک نہ رہے پھر زعفران و شنگرف ملا کر خوب کھرل کریں اس کے بعد شیر بڑ ڈال کر کھرل کر کے قرص بنالیں اور تھوڑے خشک کر کے مرغ جوان (جس نے ابھی اذان نہ دی ہو) کو ذبح کر کے اس کے پر اتار دیں اور اس کا پیٹ چاک کر کے آلائش سے صاف کر کے اس میں یہ قرص رکھ کر اس کے پیٹ کو سی دیں اور ایک کڑاہی آہنی میں رکھ کر اس پر گھی اس قدر ڈالیں کہ مرغ بخوبی بریاں ہو جائے۔ جب بریاں ہو کر سرخ سیاہی مائل ہو جائے نکال کر سرد ہونے کے بعد قرص نکال کر باریک پیس کر شہد بقدر ضرورت ملا کر نخود

کے برابر گولیاں تیار کریں۔
استعمال: ایک گولی صبح ہمراہ دودھ آدھ سیر نگلوا دیں۔ دوران استعمال میں دودھ، گھی زیادہ استعمال کریں۔ وقتی امساک کے لئے ایک گولی عصر کے وقت ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

(322) حب امساک

منافع: شائقین امساک ان کا تجربہ کریں۔ انشاء اللہ بے حد فائدہ دکھانے والا اعلیٰ نسخہ ہے۔
نسخہ: افیون ایک ماشہ کافور دیسی 4 رتی، زعفران کشمیری 2 ماشہ، چھوہارے شیر بڑ بقدر ضرورت۔
ترکیب: افیون، کافور، زعفران کو باریک پیس کر سفوف بنا دیں اور چند چھوہارے لے کر ان کی گٹھلیاں نکال کر سفوف مذکور کو چھوہاروں میں ڈال کر ان پر آٹا گندم لگا کر گرم بھوبھل میں دفن کریں۔ جب آٹا سرخ سیاہی مائل ہو جائے تو نکال کر آٹا اتار دیں اور دوائی بمعہ چھوہارے خوب باریک کر کے شیر بڑ ملا کر گولیاں بقدر کنار دشتی بنالیں۔
استعمال: عصر کے وقت ایک گولی ہمراہ دودھ گائے نگلوا دیں۔

(323) حب قوت باہ

اسناد: میرے دوست حکیم محمد حیات صاحب قادری نے اس نسخہ کی شہرت سن کر صاحب نسخہ کے پاس پہنچ کر کوشش سے حاصل کیا اور مجھے عنایت کیا جو کمزور کے لئے نہایت مفید ہے۔
منافع: یہ گولیاں کمزور سے کمزور مریض کو بہت جلد مرد بنا دیتی ہیں اور پھر تمام عمر میں کسی دوا کی ضرورت مطلق نہیں رہتی غرض اشتہا و باہ بے انداز پیدا کرتی ہیں۔ دودھ، گھی خوب ہضم کرتی ہیں۔
نسخہ: سم الفار سفید ایک تولہ، آب لیموں کاغذی 360 عدد، کتھ سفید، آرد سنگھاڑا ہر ایک 2 تولہ۔
ترکیب: سم الفار کو پختہ کھرل میں ڈال کر آب لیموں ملا کر کھرل کرتے رہیں۔ جب تین سو لیموں کا پانی جذب ہو جائے تو کتھ، آرد سنگھاڑہ باریک پیس کر ملا دیں اور بقایا 60 عدد لیموں کاغذی کا پانی ملا ملا کر کھرل کریں۔ جب گولیاں بن سکیں تو گولیاں بقدر دانہ نخود تیار کریں اور خشک کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔
استعمال: ایک گولی صبح ناشتہ کے بعد ہمراہ دودھ گائے استعمال کریں۔ دوران استعمال میں گائے کا گھی اور مکھن کس قدر کھا سکیں ضرور کھائیں خواہ روٹی پر ڈال کر خواہ ہانڈی میں خواہ دودھ میں ملا کر استعمال کریں۔

(324) سفوف اکسیر جریان

اسناد: یہاں ایک مشہور طبیب کا ہمیشہ کا معمول مطب اور مجرب نسخہ ہے جو ایک طبیب کے ذریعہ سے حاصل ہوا ہے۔
منافع: یہ نسخہ جریان کے لئے لاجواب چیز ہے۔ ذکاوت حس، کثرت احتلام، رقت منی کو دور کرتا ہے۔ گرمی، دل دھڑکہ وغیرہ وغیرہ تمام عوارض متعلقہ جریان کو جو جوانوں کو لاحق ہو جاتے ہیں۔ زائل کرکے

کامل صحت و تندرستی بخشتا ہے۔
نسخہ: سنگھاڑا، طباشیر، الائچی خورد، تال مکھانہ، مازو سبز، موصلی سفید ہر ایک تولہ تولہ، مصطگی رومی 6 ماشہ، گوند کیکر 1 تولہ، سبوس اسبغول 9 ماشہ، کشتہ فولاد ایک ماشہ، کشتہ سہ دھاتہ 2 ماشہ۔
ترکیب: جملہ ادویہ جدا جدا باریک پیس کر کشتہ جات ملا کر کھرل کر کے خوب ملا لیں۔
استعمال: چھ ماشہ ہر صبح ہمراہ دودھ گاؤ آدھ سیر استعمال کریں۔

(325) سفوف جریان

منافع: جریان کے لئے بارہا کا مجرب ہے۔ ذکاوت حس کو فائدہ کرتا ہے۔ منی پیدا کرتا اور منی کو گاڑھا کرتا ہے۔ آسانی سے تیار ہو سکتا ہے۔ خصوصاً گرم مزاجوں کے لئے نہایت موزوں و مجرب ہے۔
نسخہ: سمندر سوکھ، تخم سریالہ، بیج بند، تخم لاجونتی، تال مکھانہ، تخم کاہو ہر ایک تولہ تولہ۔
ترکیب: سب کو الگ الگ باریک پیس کر ملا لیں۔
استعمال: ایک تولہ صبح ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔ گرم ترش اشیاء سے پرہیز ضروری ہے۔
غذا: دال مونگ دال ماش، کدو، توری، پالک تمام سرد سبزیاں دودھ گھی کا استعمال جائز ہے۔

(326) سفوف اکسیر جریان

اسناد: ایک محترم دوست کا مستند و مشہور عام مجرب نسخہ ہے۔ اس کو وہ اپنے مطب میں اور اشتہارات کے ذریعہ عام فروخت کر کے کافی پیسہ کما رہے ہیں۔ میرے دوست نے مجھے بڑی مہربانی سے اپنے مطب کے لئے یہ نسخہ عنائت فرمایا ہے۔ جو مفید سمجھ کر درج کیا جاتا ہے۔
منافع: جریان کے ہر درجہ اور ہر حالت میں مفید ثابت ہوتا ہے۔ منی غلیظ کر کے قوت باہ بھی پیدا کرتا ہے۔ بے ضرر اور خاص الخاص جامع ترکیب ہے۔ کثرت احتلام کے لئے مفید ہے۔
نسخہ: تج، تال مکھانہ، ثعلب مصری، موصلی سفید، شقاقل مصری، اندرجو، تودری سرخ، تودری سفید، اندر جو شیریں، بیج بند، کمرکس، بہمن سرخ، بہمن سفید، تخم انگن، تخم کونچ، سمندر سوکھ، بوپھلی تخم سروالی، کتھ سفید ہر ایک تولہ تولہ تخم دھتورہ سیاہ 2 ماشہ، کھانڈ سفید ہم وزن۔
ترکیب: سب ادویہ جدا جدا کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔ اگر تمام سفوف میں شیر برگد 2 تولہ اور کشتہ مرجان 6 ماشہ ملا لیا جائے تو زیادہ قوی الاثر بن جاتا ہے۔
استعمال: ایک تولہ صبح ہمراہ شیر گاؤ آدھ سیر استعمال کریں۔ گرم ترش اشیاء اور جماع سے پرہیز۔

(327) گولیاں دافع جریان

منافع: ہر قسم جریان کے لئے مجرب و آزمودہ ہیں۔ ان کی تصدیق ہو چکی ہے۔ نہایت مغلظ منی اور دافع گرمی ثابت ہوئی ہیں۔ لہٰذا گرم مزاج جوانوں کے لئے خصوصیت سے مفید ہیں۔ جریان، کثرت احتلام کو یقینی فائدہ کرتی ہیں۔ میری مجرب ہیں۔

نسخہ: تالمکھانہ 5 تولہ' شیر برگد 15 تولہ' کشتہ قلعی' کشتہ فولاد آبی ہر ایک تولہ تولہ۔

ترکیب: تالمکھانہ کو صاف کر کے کوٹ لیں اور شیر برگد تھوڑا تھوڑا ملا کر کھرل کریں پھر کشتہ جات کو ملا کر تھوڑی دیر کھرل کر کے گولیاں بقدر نخود تیار کریں۔

استعمال: دو دو گولیاں صبح و شام ہمراہ شربت مندرجہ ذیل 5 تولہ استعمال کریں۔

نسخہ شربت: برگ نرم درخت' پیپل ایک پاؤ' لیتہ الیس (داڑھی بوہڑ) ایک پاؤ کو نیم کوب کر کے ڈیڑھ سیر پانی میں رات کو تر کر کے صبح جوش دیں۔ جب آدھ سیر رہ جائے مل چھان کر مصری تین پاؤ ملا کر شربت تیار کریں۔ خوراک تین تولہ پندرہ تولہ پانی میں ملا کر دیں۔

(328) سفوف جریان

اسناد: شمس الاطباء حکیم مولوی شمس الدین صاحب ساکن چوکنانوالی ضلع گجرات کا عطیہ جو مجرب ہے۔

منافع: جریان کے لئے مفید ہے۔ جریان کے ساتھ سوزاک کی شکایت ہو تو اس کو بھی نفع بخشتا ہے۔ منی کو غلیظ کر کے اس کی اصلاح کرتا ہے۔ مجرب اور آسان و کم خرچ ہے۔

نسخہ: تج' تالمکھانہ' کیرا' شورہ قلمی ہر ایک 2 تولہ' گوکھرو' اسبغول ہر ایک 4 تولہ۔

ترکیب: تمام دوائیں الگ الگ باریک پیس کر ملا لیں۔

استعمال: 6 ماشہ ہر صبح ہمراہ دودھ استعمال کرنا چاہئے۔

(329) سفوف اکسیر جریان و قوت باہ

منافع: کم خرچ بالا نشین کا مصداق ہے۔ جریان ضعف باہ کے لئے نہایت مفید اور مادہ تولید کو غلیظ کرنے میں بے عدیل ہے۔ اس سے گرمی کے عوارض بھی زائل ہو جاتے ہیں۔ جوانوں کے لئے خصوصیت سے مفید ہے۔ یہ خاص صدری راز ہے۔ اسے ہر مطب میں تیار رکھنا چاہئے جو ایک فاضل طبیب کا تمام عمر کا بایہ ناز و مجرب نسخہ ہے۔

نسخہ: لیتہ الیس (داڑھی بوہڑ) خشک' سبوس اسبغول ہر ایک 5 تولہ' موصلی سفید 2 تولہ' مصری کوزہ دس تولہ۔ سب ادویہ جدا جدا باریک کوٹ چھان کر ملا لیں۔

استعمال: چھ چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ گائے آدھ سیر استعمال کریں۔

(330) شیر مقوی باہ

منافع: نہایت مقوی باہ ثابت ہوا ہے۔ جریان کو دفع کرتا اور امساک پیدا کرتا ہے۔ ایک جامع ترکیب ہے جس کی موجودہ زمانہ میں نہایت ضرورت ہے۔ موسم سرما میں خصوصیت سے زیادہ مفید و مستعمل ہے۔

نسخہ: گوند چھوارہ چھ ماشہ دودھ ایک سیر مصری بقدر ضرورت۔

ترکیب و استعمال: گوند چھوہارہ کو باریک پیس کر دودھ میں ملا کر جوش دیں۔ جب دودھ کا رنگ گلابی

ہو جائے اتار کر مصری ملا کر رات کو سوتے وقت تیار کر کے نوش فرمایا کریں۔

(331) حبوب امساک وغیرہ اعلیٰ

اسناد: یہ نسخہ محترم حکیم فتح محمد صاحب ساکن راجوری نے کمال فراخ دلی اور مہربانی سے عنایت فرمایا ہے۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔

منافع: ممسک ہونے کے علاوہ عمدہ طاقت پیدا کرتی ہیں۔ سرعت انزال کے لئے مفید ہیں۔ وقتی ضرورت کے لئے مناسب ہیں۔ امساک کے علاوہ ازحد طاقت باہ پیدا کرتی ہیں۔ اگر کچھ عرصہ تک متواتر ایک گولی استعمال کی جائے تو ان سے سرعت انزال کا عارضہ دور ہو جاتا ہے۔ مجرب و معمول اور قابل قدر ہیں۔

نسخہ: سیماب، آملہ سار ہر ایک تولہ تولہ، شنگرف رومی مدبر، مصطگی رومی، زعفران، دارچینی افیون، تخم جوز ماثل سیاہ، جلوتری، جائفل، دانہ الائچی خورد، لونگ ہر ایک تین ماشہ، مشک خالص تین رتی۔

ترکیب: پہلے آملہ سار اور سیماب کو ملا کر کھرل کریں۔ جب کجلی تیار ہو جائے باقی دوائیں باریک پیس کر ملا کر خوب کھرل کریں تاکہ یکجان ہو جائیں پھر قدرے شہد یا سفیدی بیضہ مرغ ملا کر حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

استعمال: ایک گولی جماع سے دو گھنٹہ پہلے ہمراہ دودھ آدھ سیر استعمال کریں۔ بہتر ہے کہ اس دن روٹی نہ کھائیں۔ صرف دودھ ہی پئیں۔ اگر غذا کھائیں تو بہت کم اور دودھ زیادہ پئیں۔ گولی کے بعد اگر کوئی خشکی محسوس ہو تو دودھ پینا چاہیے۔ غذا سے بعد کھائی جائے تو غذا سے ڈیڑھ گھنٹہ بعد کھانی چاہیے۔

شنگرف مدبر کرنے کی ترکیب: شنگرف رومی 2 تولہ، بھلاوہ، مال کنگنی، شہد، روغن گاؤ ہر ایک 20 تولہ، مال کنگنی کوٹ کر ایک کڑاہی میں بچھا کر اس پر شنگرف رکھیں۔ اس پر بھلاوہ کوٹ کر رکھیں۔ پھر اوپر شہد و روغن زرد ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب آگ بھڑک اٹھے اور سب اشیاء جل جائیں تو اتار کر سرد کر کے پیس لیں۔

(332) دیگر

اسناد: استاذ الاطباء جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کی معمول و مجرب ہیں۔

منافع: قوت باہ اور امساک پیدا کرنے میں نہایت موثر و مفید ہیں۔

نسخہ: تخم الفار سفید 4 رتی، افیون، صمغ عربی ہر ایک ایک ماشہ دھتورہ سیاہ تین ماشہ۔

ترکیب: تمام ادویہ خوب کھرل کر کے قدرے پانی ملا کر حبوب بقدر دانہ مسور تیار کریں۔

استعمال: دو سے تین گولی تک جماع سے تین گھنٹے پہلے ہمراہ دودھ آدھ سیر جس میں روغن زرد، مصری ہر ایک تین تولہ ملائے گئے ہوں نگل لیں۔ اور پہلے کوئی چیز کھلا کر استعمال کریں۔ گرمی محسوس ہو تو دودھ پئیں۔

(333) معجون مقوی باہ

اسناد: شمس الاطباء جناب حکیم سید عالم شاہ صاحب لاہوری مرحوم و مغفور کا خاص الخاص معمول مطب نسخہ ہے، جو میرے محترم ہم درس بھائی حکیم سید رحمۃ اللہ شاہ صاحب نے عطا کیا ہے۔

منافع: تقویت باہ کے لئے مخصوص ہے۔ مولد و مغلظ مفرح و مقوی اعضاء رئیسہ مقوی اعصاب و مقوی گردہ وغیرہ نہایت عمدہ ہمہ صفت موصوف قابل قدر اور معمول مطب بنانے کے قابل ہے۔

نسخہ: آب گاجر، مصری ہر ایک 1 سیر، ابریشم خام ایک تولہ، خشخاش سفید، مغز تخم خیار ہر ایک تین تولہ، آرد خرما خشک، مغز بادام، مغز نارجیل، ثعلب مصری، بہمن سفید، شقاقل، خار خشک ہر ایک 6 تولہ، آرد نخود، آرد برنج ہر ایک 11 تولہ، صمغ عربی، روغن گاؤ، عرق گاؤزبان، گلاب ہر ایک 15 تولہ، دانہ الائچی خورد، دارچینی ہر ایک 10 ماشہ، زنجبیل 14 ماشہ، زردی بیضہ مرغ 25 عدد، مشک خالص 2 ماشہ، ورق نقرہ ایک دفتری۔

ترکیب: ابریشم کو کتر کر صاف کر کے رات کو 1 پاؤ پانی میں تر کریں۔ صبح جوش دیں۔ جب آدھ پاؤ رہ جائے تو مل چھان کر رکھیں۔ آرد نخود، آرد برنج کو روغن زرد میں بریاں کریں۔ بیضہ مرغ کو پانی میں جوش دے کر ان کی زردیاں الگ کر لیں۔ باقی خشک دواؤں کو جدا جدا پیس کر سفوف بنا لیں۔ اب آب گاجر اور ابریشم کا پانی آگ پر چڑھا کر مصری ملا کر قدرے جوش دیں۔ پھر عرقیات ملا کر جوش دیتے رہیں۔ تاکہ قوام تیار ہو جائے پھر باقی تمام ادویہ ملا کر ہلائیں۔ ورق نقرہ نیچے اتار کر ڈال دیں اور چمچہ سے خوب ہلائیں تاکو یک ذات ہو جائیں۔

استعمال: ایک ایک تولہ صبح و شام ہمراہ دودھ گاؤ استعمال کریں۔

نوٹ: گاجریں سفید رنگ عمدہ کوٹ کر ان کا پانی کپڑے میں نچوڑ کر استعمال میں لائیں۔

(334) ماء اللحم خاص الخاص

اسناد: شمس الحکماء استاذ الاطباء جناب حضرت استاذیم حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کے معمولات خاص سے ہے۔

منافع: طاقت باہ اور تفریح کے لئے خاص الخاص چیز ہے۔ اعضاء رئیسہ کو طاقت دیتا اور بدن کو طاقتور بناتا ہے۔ ہمہ صوفت موصوف ہے۔

نسخہ: گوشت بکرا آٹھ سیر، تیتر، مرغ، بٹیر ہر ایک دو عدد، آب پیاز ڈیڑھ سیر، دار چینی 2 تولہ، ادرک 7 تولہ، زیرہ سیاہ دو تولہ، کشنیز خشک 5 تولہ، الائچی خورد دو تولہ، گھی دو سیر، گل گاؤزبان، تودری سفید، تودری سرخ، بہمن سرخ، بہمن سفید، دارچینی، صندل سفید، موصلی سیاہ ہر ایک 5 تولہ، ثعلب مصری، خولنجان ہر ایک 7 تولہ، کشنیز سبز، عرق کیوڑہ ہر ایک آدھ سیر، الائچی کلاں، الائچی خورد ہر ایک تین تولہ، زعفران، عشبہ، عود ہندی ہر ایک تولہ تولہ، عرق بید مشک تین سیر، تخم شلغم 2 تولہ، حب القرطم، تخم گزر، شقاقل مصری، خوشہ

ورق زر ہر ایک 4 تولہ‘ عنبر اشہب‘ مشک خالص ہر ایک ایک ماشہ۔
ترکیب: پہلی دس چیزوں کو الائچی خورد تک گھی مذکور میں بریاں کر کے یخنی نکال کر باقی دواؤں کے ساتھ حسب دستور عرق بقدر 20 بوتل کشید کریں مگر عنبر اور مشک کو نیچہ کے منہ پر باندھیں۔
استعمال: پانچ پانچ تولہ صبح و شام مصری ملا کر پلائیں۔

(335) معجون مقوی باہ و دافع جریان

منافع: اس میں تمام فوائد پائے جاتے ہیں۔ مولد و مغلظ منی ہے۔ جریان کو دور کرتی اور احتلام کو روکتی اور قوت باہ پیدا کرتی ہے۔ قبض نہیں ہونے دیتی بلکہ قبض کشاء ہے جو ضعف باہ جریان وغیرہ کے مریض قبض میں مبتلا ہوں ان کو خاص طور پر مفید ہے۔ نہایت مجرب ہے۔
نسخہ: بیج تال مکھانہ‘ کیرا‘ تخم انگن‘ تخم کونچ‘ ثعلب مصری‘ شقاقل‘ بہمن سفید‘ بہمن سرخ‘ موصلی سفید‘ موصلی سیاہ‘ تودری زرد‘ تودری سفید‘ تخم سریالہ‘ بیجبند‘ ستاور ہر ایک تولہ تولہ‘ ترنجبین 32 تولہ۔
ترکیب: سوائے ترنجبین کے باقی دوائیں باریک کوٹ کر سفوف بنا دیں اور ترنجبین کو عرق گلاب خالص ایک بوتل میں ایک جوش دیں۔ پھر اتار کر کپڑے میں چھان لیں اور تھوڑی دیر تک رکھ دیں۔ جب صاف پانی اوپر آجائے تو احتیاط سے نتھار لیں اور دوبارہ آگ پر پکائیں۔ جب قوام تیار ہو جائے دواؤں کا سفوف ملا کر خوب ملا لیں اور شیشہ یا مٹی کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔
استعمال: ایک ایک تولہ صبح و شام ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

(336) سفوف کثرت احتلام

منافع: کثرت احتلام کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔
نسخہ: بیج‘ دار چینی ہر ایک 7 تولہ۔
ترکیب: دونوں دوائیں جدا جدا باریک پیس کر خوب ملا لیں اور نگاہ رکھیں۔
استعمال: ایک تولہ صبح گائے کے دہی پر ڈال کر استعمال کریں۔
ہدایات: تمام گرم ترش اور تیل کی بنی ہوئی اشیاء سے پرہیز کریں۔

(337) حب ذکاوت حس مجرب

منافع: جب جلق وغیرہ قبیحہ عادات سے ذکاوت حس یعنی جھوٹی شہوت کا عارضہ پیدا ہو جائے کثرت احتلام‘ جریان کی شکایات دامن گیر ہوں۔ اس حالت میں سب سے پہلے یہ گولیاں استعمال کرا کر بعدہ ہیں سفوف مغلظ استعمال کرانا چاہئے۔ اس کے بعد مقوی و محرک ادویہ استعمال کی جائیں۔ تجربۃً "یہ علاج مفید ثابت ہوا ہے۔ اس غرض کے لئے یہ گولیاں بہت مفید ہیں۔ طبیعت میں اعتدال پیدا کرتی اور جریان احتلام کے عارضہ کو فائدہ بخشتی اور تسکین پیدا کرتی ہیں۔
نسخہ: کافور ایکسٹریکٹ بلاڈونا‘ کشتہ قلعی‘ پارہ شورہ والا‘ کشتہ سہ دہاتہ ہر ایک چھ ماشہ‘ افیون 3 ماشہ۔

ترکیب: کافور کو باریک پیس لیں پھر سب کو ملا کر خوب کھرل کریں۔ تاکہ یکجان ہو جائیں پھر پانی کی مدد سے دو دو رتی کی گولیاں بنالیں۔

استعمال: ایک ایک گولی صبح، دوپہر، شام ہمراہ شربت نیلوفر 5 تولہ یا صرف پانی کے ساتھ استعمال کرائیں۔ ایک ہفتہ حد دو ہفتہ کافی ہیں۔

(338)سونا محلول مقوی باہ

اسناد: ایک دوست کا مشہور عام معمول ہے وہ اشتہارات کے ذریعہ بھی فروخت کرتے ہیں اور اس کی بہت تعریف ہے۔

منافع: مقوی باہ ہے۔ ضعف اعضاء رئیسہ، ضعف عامہ کے لئے مخصوص ہے۔ خون صالح پیدا کرتا اور جسم میں طاقت و توانائی پیدا کرتا ہے۔ ضعف اعصاب، ضعف دماغ کے لئے مفید ہے۔ غذا کو جزو بدن بناتا ہے۔

نسخہ: ورق طلا 6 ماشہ، تیزاب گندھک، تیزاب شورہ ہر ایک تولہ تولہ۔

ترکیب: تینوں اشیاء ایک شیشی میں ڈالیں جس کا کچھ حصہ خالی رہے پھر اس پر مضبوط کارک لگا کر دو گھنٹہ تک ایک صندوق میں رکھ دیں اور صندوق کو اندھیرے میں بند کر کے رکھیں۔

استعمال: اس میں سوئی کا سر ڈبو کر چائے کی پیالی میں ڈبو کر پلائیں۔ صرف ایک وقت کافی ہے۔

(339)حب اکسیر جریان و قوت باہ

منافع: نہایت جامع ہمہ صفت موصوف سو فیصدی مفید نسخہ ہے۔ جریان ضعف باہ، ضعف دل، دماغ، معدہ، گردہ، مثانہ، اعصاب کو دور کر کے از حد طاقت پیدا کرتی ہیں۔ دودھ، گھی ہضم کرنے میں بے مثل ہیں۔ اسی لئے ان سے خون صالح پیدا ہو کر بدن موٹا اور طاقتور ہو جاتا ہے۔ آج کل کی مردانہ شکایات کے لئے بے حد مفید و مجرب ہیں۔

نسخہ: ایکسٹریکٹ بلاڈونا 8 گرین، ایکسٹریکٹ نکس وامیکا 16 گرین، کونین سلفاس 30 گرین، فاسفیٹ آف آئرن 20 گرین، گولڈ کلورائیڈ، سوڈیم 15 گرین، ایکسٹریکٹ جنشن ایک ڈرام۔ سب کو اچھی طرح ملا کر اس کی 60 گولیاں بنالیں۔

استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام کھانا کھانے سے ایک گھنٹہ بعد دودھ کے ساتھ نگل لینی چاہئے اور دودھ گھی زیادہ استعمال کرنا چاہئے۔

(340)حب مقوی و ممسک عجیبہ

منافع: بے حد قوت پیدا کرتی ہیں اور ممسک بھی ہیں۔ دودھ، گھی خوب ہضم کرتی اور اپنا اثر خوب دکھاتی ہیں۔ تجربہ کر کے اس کا اثر دیکھیں۔

نسخہ: مشک خالص، عنبر اشہب، مروارید ناسفتہ، ورق طلاء، ورق نقرہ، زعفران، افیون خالص، اسٹرکنیا

2 رتی۔

ترکیب: مروارید کو عرق گلاب میں کھرل کریں اور باقی دواؤں کے ساتھ ملا کر عرق گلاب میں کھرل کر کے 64 گولیاں تیار کریں۔

استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ غذا سے ایک گھنٹہ بعد نگل لیں۔

(341) حب اکسیر الاجسام (صندوقچہ)

منافع: قوت اور امساک پیدا کرتی ہیں اعضاء رئیسہ و شریفہ اور اعصاب کو طاقت دیتی ہیں۔ غذا جزو بدن کر طاقت بخشتی ہیں۔ بھوک پیدا کرتی اور طبیعت کی سستی کو زائل کرتی ہیں۔ قوت باہ اور امساک کے علاوہ نہایت درجہ مقوی بدن اور بدن پرور و حافظ صحت ہیں۔ کئی دفعہ کی تجربہ شدہ اعتباری چیز ہے۔

نسخہ: مروارید ناسفتہ، مشک خالص، عنبر اشہب، پنیر مایہ شتر اعرابی، ست سلاجیت، ورق طلا، ورق نقرہ، ابریشم مقرض، زعفران ہر ایک ایک ماشہ، اسٹرکنیا 3 رتی، مارفیا 6 رتی۔

ترکیب: ابریشم کتر کر صاف کر لیں اور دوبارہ خوب باریک کتر لیں۔ مروارید عرق گلاب میں آدھ گھنٹہ تک کھرل کریں۔ جب خشک ہو جائے باقی سب دوائیں ملا کر خوب کھرل کر کے یکجان کر لیں۔ شہد اس قدر ملائیں کہ گولیاں بن سکیں پھر بقدر دانہ جوار گولیاں تیار کریں۔

استعمال: پہلے کوئی چیز کھا کر صبح ایک گولی ہمراہ دودھ کھائیں۔ غذا مرغن کھائیں۔

نوٹ: اگر مارفیا اور اسٹرکنیا کے بغیر یہ گولیاں تیار کی جائیں تو ضعف قلب تمام اقسام کے لئے دواء المسک اور مفرحات ہر قسم سے زیادہ قوی ثابت ہوئی ہیں۔ اعضاء و قویٰ کو ازحد طاقت بخشتی ہیں۔ قوت و حرارت پیدا کرتی ہیں اور فوری اثر ہوتا ہے۔ ہر قسم کی کمزوری بدنی اور ضعف اعضاء رئیسہ کے لئے بدرجہ اکسیر ہیں۔

(342) حب مقوی باہ دیگر

منافع: ضعف باہ کے لئے نہایت سریع النفع ہیں۔ مردی طاقت کے خواہش مند کو تھوڑے دن میں فائدہ پہنچاتی ہیں۔ کمزوری بدن اور امساک کے لئے بہت مفید ہیں۔ دودھ گھی اور مقوی غذاؤں کو عمدہ طور پر ہضم کر کے جزو بدن بناتی اور طاقت بکثرت پیدا کرتی ہیں۔ تجربہ میں آ چکی ہیں۔ موسم سرما کے لئے عمدہ استعمال چیز ہے۔ ایک دوست کا معمول ہے۔ میں نے اسے تیار کیا مفید پایا۔

نسخہ: شنگرف رومی ایک تولہ، پھل دھتورہ جو پختہ ہونے کے قریب ہوں 9 عدد، کشتہ سم الفار 3 ماشہ، افیون ایک تولہ۔

ترکیب: پھل دھتورہ تین عدد کوٹ کر پانی نکال لیں۔ اور شنگرف میں تھوڑا تھوڑا ملا کر کھرل کریں۔ جب سب پانی جذب ہو کر ٹکیہ بن سکے تو ٹکیہ بنا کر خشک کر لیں اور پھل دھتورہ کے اسی فضلہ میں لپیٹ کر اوپر آٹا گندم کا انگلی بھر لیپ کر دیں اور گھی میں بریاں کریں۔ آگ زیادہ نہ ہو۔ جب سیاہی مائل ہو جائے

تو گولہ نکال کر سرد کر کے شنگرف نکال لیں اور پھر تین عدد پھل دھتورہ کے پانی میں بدستور کھرل کر کے یہی عمل کریں۔ اسی طرح تین بار بریاں کریں۔ پھر اس میں کشتہ سم الفار اور افیون ملا کر کھرل کر کے پانی کی مدد سے گولیاں بقدر نصف رتی تیار کریں۔ گولیاں مقدار سے موٹی نہ ہوں۔

استعمال: ایک گولی صبح 5 تولہ گھی کے ساتھ یا مکھن میں رکھ کر کھالیں۔ جب خشکی گرمی کا اثر معلوم ہو دودھ پئیں۔ غذا خوب مرغن کھائیں۔ اور دوائی کھانے سے پہلے کوئی چیز کھالینی چاہیے۔

نوٹ: کشتہ سم الفار خواہ جس ترکیب سے بنا ہوا ہو جائز ہے۔

(342) حب امساک و قوت باہ

منافع: ہمہ صفت موصوف ہیں یعنی عیش پسند حضرات جو طاقت اور امساک کے شائق ہوں ان کے لئے نہایت عجیب و غریب ہیں اور لطف یہ کہ مادہ تولید میں غلظت پیدا کر کے قوت مردمی میں اضافہ کرتی ہیں۔ وقتی امساک کے لئے عمدہ چیز اور بے ضرر ہیں۔

نسخہ: گولہ نارجیل جو وزن میں 5 تولہ کے قریب ہو ایک عدد ہو تال مکھانہ افیون ہر ایک 6 ماشہ، زعفران 1 ماشہ۔

ترکیب: گولہ نارجیل میں سوراخ کر کے باقی تینوں دوائیں باریک کر کے اس میں ڈال کر شیر بڑے پر کر دیں اور اس کا منہ کارک سے بند کر کے اوپر آٹا گندم ایک پاؤ کے قریب گوندھ کر لگا دیں اور غلہ گندم میں اکیس دن تک دفن رکھیں پھر نکال کر آٹا دور کر کے گولہ نارجیل معہ ادویہ خوب کوٹ کر جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔

استعمال: جماع سے ایک گھنٹہ پہلے ایک گولی ہمراہ دودھ آدھ سیر نگل لیں۔ دائمی طاقت و امساک کے لئے ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

(344) اکسیر قوت باہ و امساک

اسناد: یہ نسخہ فاضل دوست حکیم مولوی شمس الدین صاحب سکنہ چوکناں والی ضلع گجرات کا معمول و مجرب ہے۔

منافع: قوت باہ اور امساک کے لئے نہایت مفید ہے۔ ضعیفوں کی جان ہے اور دودھ گھی ہضم کرنے میں لاجواب چیز ہے۔ نامردی کے لئے نہایت مفید ہے۔

نسخہ: برادہ چاندی، برادہ تانبہ، ہڑتال ورقی، سنکھیا سفید، گندھک آملہ سار، پارہ ہر ایک 2 تولہ، لیموں 120 عدد۔

ترکیب: تمام ادویہ 40 عدد لیموں کے رس میں کھرل کر کے ٹکیہ بنالیں اور مٹی کے کوزہ میں ڈال کر گل حکمت کریں اور دوسیر اوپلہ کی آگ دیں پھر نکال کر 40 عدد لیموں کے رس میں کھرل کر کے آگ دیں۔ اسی طریق سے تیسری دفعہ آگ دیں پھر خوب کھرل کر کے نگاہ رکھیں۔ سیاہ رنگ کی دوا تیار ہوگی۔

استعمال: نصف رتی مکھن یا ملائی میں لپیٹ کر استعمال کریں۔ صرف ایک وقت کافی ہے۔ اس کے ساتھ
گھی جس قدر ہضم ہو سکے کھالیں۔

(345) سفوف اکسیر جریان حار

منافع: جریان کے گرم مزاج مریضوں کے لئے نہایت مفید ہے۔ جن کی طبع سخت گرم ہو تھوڑی سی گرم
دوا یا غذا بھی برداشت نہ کر سکیں۔ ان کے لئے مناسب ہے۔ اس سے جریان کے علاوہ دل دھڑکہ وغیرہ
بھی دور ہو کر دس بارہ دن میں فائدہ ہو جاتا ہے۔ بنانے میں بھی آسان اور سستا ہے۔ مغلظ و مولد منی اور
مقوی باہ بھی ہے۔ مجرب ہمہ صفت موصوف ہے۔

نسخہ: کیرا، موصلی سفید، ثعلب مصری، سبوس اسبغول ہر ایک 2 تولہ، طباشیر کبود 6 ماشہ، دانہ الائچی
خورد ایک تولہ، مصری 10 تولہ۔

ترکیب: سبوس اسبغول کے علاوہ باقی دوائیں کوٹ کر سفوف بنا دیں پھر سبوس اسبغول بغیر کوٹے
ملا دیں۔

استعمال: ایک ایک تولہ صبح و شام ہمراہ دودھ گائے ایک پاؤ استعمال کریں۔

(346)

اسناد: یہ اکسیری نسخہ میرے محب و مخلص جناب حکیم ڈاکٹر مقصود احمد خاں صاحب سکنہ موئی ضلع بارہ
بنکی نے عنایت فرمایا ہے۔ اور اپنے فوائد اور خواص کے لحاظ سے اس قابل ہے کہ اسے ہر مطب میں تیار
کر کے رکھا جائے۔

منافع: مجلوق کے لئے آب حیات ہے۔ اس سے تین ہی دن میں کجی، کمزوری، سستی، ڈھیلا پن وغیرہ
عضو کے عوارض دور ہو جاتے ہیں۔ خوب طاقت پیدا ہوتی ہے۔ ایک ہفتہ تک استعمال کرانا چاہئے۔

نسخہ: دودھ تھوہر خاردار 5 تولہ، ہڑتال ورقی ایک تولہ۔

ترکیب: ہڑتال کو خوب کھرل کریں پھر دودھ تھوہر تھوڑا تھوڑا ملا کر کھرل کرتے رہیں۔ جب تمام دودھ
جذب ہو کر دوائی گاڑھی ہو جائے تو ایک کپڑے پر لیپ کر کے اس کی بتی بنا کر ذرا خشک کریں پھر ایک سیخ
سے پکڑ کر آگ لگا دیں۔ نیچے ایک طشتری رکھیں جو تیل نکلے اس میں جمع کرتے جائیں۔ اخیر میں یہ تیل
کسی شیشی میں ڈال کر نگاہ رکھیں۔

استعمال: تھوڑا سا تیل دو تین رتی کے قریب لے کر حشفہ و سیون چھوڑ کر مالش کریں اوپر برگ پان یا
باندھ دیں۔ روزانہ رات کو یہ عمل کریں۔ صبح کھول دیا کریں اگر چھوٹے چھوٹے دانے نکل آئیں تو
ایک دن لگا کر پھر نہ لگائیں اور روغن چنبیلی یا روغن زرد سے دن میں دو دفعہ چپڑ دیا کریں۔ جب دانے
درست ہو جائیں پھر طلاء لگانا شروع کریں۔

(347)دوائے ممسک و مقوی آسان

منافع: مقوی باہ و ممسک ہے۔ سرعت انزال کے لئے مفید اور محرک باہ ہے۔ ضرورت کے وقت آسانی سے تیار ہو سکتا ہے۔ نہایت سستا نسخہ ہے۔ دو ہفتہ تک متواتر استعمال کرنا چاہئے۔ کم خرچ بالا نشین کا مصداق ہے۔

نسخہ: تخم حرمل بریاں، کنجد سیاہ، کوکنار ہر ایک تین تولہ۔

ترکیب: سب کو الگ الگ باریک پیس کر ملالیں۔

استعمال: سات ماشہ ہمراہ شیر گاؤ عصر کے وقت استعمال کریں۔

(348)دوائے محرک باہ و ممسک

منافع: یہ دوائی اعلیٰ درجہ کی ممسک و مقوی باہ ہے۔ دیکھنے میں معمولی اور فوائد کے لحاظ سے نہایت عمدہ چیز ہے۔

نسخہ: بیر بہوٹی خشک شدہ، افیون، عقر قرحہ ہر ایک 6 ماشہ، تینوں دوائیں الگ الگ باریک پیس کر ملالیں۔

استعمال: نصف رتی صبح مکھن میں رکھ کر استعمال کریں۔ زیادہ ضرورت ہو تو دونوں وقت دیں۔

(349)طلائے آسان

منافع: مندرجہ بالا دوا کے ساتھ اکثر استعمال کرایا جاتا ہے۔ بہت زود اثر کم خرچ بالا نشین کا مصداق ہے۔

نسخہ: آسگند، عقر قرحہ، فرفیون، سرسوں سفید، پوست بیخ کنیر سفید، پوست بیخ مدار، دردی بول خر ہر ایک تولہ تولہ۔

ترکیب: خشک دوائیں باریک پیس کر دردی بول خر ملا کر خوب کھرل کر کے شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: وقت ضرورت قریباً دو ماشہ لے کر پانی میں حل کر کے حشفہ و سیون بچا کر عضو مخصوص پر ضماد کریں اور اوپر برگ پان یا ارنڈ باندھ دیں۔ چھ گھنٹہ کے بعد کھول دیں۔ تین روز استعمال کر کے تین دن ناغہ کریں۔ پھر استعمال شروع کریں۔ اسی طرح تین بار عمل کریں۔ غسل منع ہے۔

دردی بول خر: گدھے کا پیشاب دو دن تک ایک برتن میں حفاظت سے رکھیں۔ جو چیز نیچے تہ نشین ہو یہ دردی بول خر ہے۔

نوٹ: یہ تینوں نسخہ جات ایک طبیب کے معمول مطب قابل اعتبار اور مجرب ہیں۔

(350)دوائے اکسیر احتلام

اسناد: عالی جناب محترم حکیم سید امیر علی شاہ صاحب گانگی ضلع میاں والی کا عطیہ اور آپ کا مجرب ہے۔

منافع: اکسیر کثرت احتلام کے لئے ازحد مفید ہے۔ اس کا بہت دفعہ تجربہ کیا گیا ہے۔ جریان کو فائدہ کرتی اور منی کو غلیظ کرتی ہے۔ طاقت باہ اور امساک میں مدد دیتی ہے۔ مجرب ہے۔

نسخہ: افیون، مغز کنوچہ ہر ایک تین ماشہ، شقاقل، کشتہ قلعی ہر ایک 6 ماشہ، گوند کیکر، الائچی سبز، کتیرا،
رل، موچرس، تخم ریحان، چھال کیکر ہر ایک تولہ تولہ۔
ترکیب: سب دوائیں کوٹ پیس کر خوب ملالیں۔
استعمال: تین ماشہ صبح ہمراہ دودھ ڈیڑھ پاؤ استعمال کریں۔

(351) دیگر

منافع: کثرت احتلام کے لئے عجیب الاثر ٹوٹکا ہے۔ احتلام خواہ جتنا پرانا ہو چند خوراک سے دور ہو جاتا ہے۔
نسخہ: غنچہ ڈھاک، قند سیاہ کہنہ ہر ایک دو تولہ۔
ترکیب: دونوں کو پہلے جدا جدا کوٹ لیں پھر ملا کر اس حد تک کوٹیں کہ گولی بننے کے قابل ہو جائے پھر گولیاں بقدر نخود بنائیں۔
استعمال: دو گولیاں رات کو سوتے وقت روزانہ ہمراہ دودھ یا پانی استعمال کریں۔

(352) سفوف عجیبہ برائے جریان

منافع: جریان کے لئے بہت عجیب دوا ہے۔ مزاج کی گرمی کو دور کرتی ہے۔ کثرت احتلام سرعت انزال دور کر کے منی کو غلیظ کرتی ہے۔ دو ہفتہ کا استعمال کافی ہے۔
نسخہ: ریش برگد، مغز کنول گٹہ، تالمکھانہ، صمغ عربی، کیرا سفید، بوٹی ہزارداں کا سفوف ہر ایک 5 تولہ، کشتہ فولاد، موچرس ہر ایک تولہ تولہ، ثعلب مصری 3 تولہ، مصری کوزہ 35 تولہ۔ تمام ادویہ جدا جدا باریک کوٹ چھان کر کشتہ فولاد خوب ملا کر نگاہ رکھیں۔
استعمال: 4 ماشہ سے 6 ماشہ تک صبح ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

(353) حبوب اکسیر جریان

مجرب: عالی جناب حکیم مولوی امیر علی شاہ صاحب گانگی والا ضلع میاں والی کا عنائت کردہ مجرب نسخہ ہے۔
منافع: جریان ہر قسم نئے اور کہنہ کے لئے نہایت عجیب صفت ہیں۔ منی کو نہایت غلیظ کر کے اس کی اصلاح کرتی ہیں اور گرمی مزاج دور کر کے طاقت وصحت اور منی پیدا کرتی ہیں۔
نسخہ: مغز تخم املی، ست برگد، موچرس، ست بہوپھلی، کشتہ سہ دھاتہ، کیرا سفید، صمغ عربی ہر ایک 2 تولہ، مروارید، سلاجیت ہر ایک تولہ تولہ، کشتہ قلعی 6 ماشہ۔
ترکیب: سب کو باریک کر کے شیر برگد 10 تولہ کے ساتھ کھرل کریں اور چار چار رتی کی گولیاں تیار کریں۔
استعمال: ایک ایک گولی صبح وشام دودھ کے ہمراہ۔

(354) دیگر

نسخہ: گوند کیرا، برگ بھنگرہ خشک، دودھی خورد سایہ میں خشک کی ہوئی ہر ایک 2 تولہ۔

ترکیب: سب کو الگ الگ باریک پیس کر ملالیں۔

استعمال: چھ چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ شیرِ گاؤ استعمال کریں۔

(355) اکسیر جریان حار و ضعف جگر

منافع: جریان حار (جو جریان گرمی کی وجہ سے ہو یا مریض گرم مزاج ہو) اور ضعف جگر کے لئے اکسیر ہے۔ اگر جریان کے ساتھ گرمی اور ضعف جگر کا عارضہ ہو تو یہ نسخہ نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔ ویسے جریان ہر قسم کے لئے نہایت مفید اور مجرب ہے۔

نسخہ و ترکیب: سیسہ یعنی سکہ حسب ضرورت لے کر کوٹ کر کاغذ کی مانند باریک باریک ورق بنا دیں پھر مقراض سے اس کے باریک باریک ٹکڑے کرلیں اور کھرل میں ڈال کر لعاب اسبغول کے ساتھ یہاں تک کھرل کریں کہ اس پر دودھ کی مانند سفید جھاگ نمودار ہو جائے پھر اسے خشک کر کے شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: دو سے چار رتی تک صبح مکھن میں رکھ کر استعمال کریں۔

(356) حب مقوی باہ بے نظیر

اسناد: جناب محترم دوست حکیم سید مولوی امیر علی شاہ صاحب کا عطیہ ہے۔

منافع: تقویت باہ کے لئے بے نظیر ہیں۔ دو ہفتہ کھانے سے بدن میں نئی روح پھونک دیتی ہیں۔

نسخہ: کشتہ شنگرف، کشتہ سم الفار ہر ایک 6 ماشہ، زعفران، افیون، مومیائی ہر ایک 9 ماشہ، گوند چھوہارہ، بہمن سفید، ثعلب مصری، کشتہ قلعی ہر ایک ایک تولہ، کشتہ فولاد، مایہ شتر اعرابی ہر ایک 8 ماشہ۔

ترکیب: کوٹنے والی ادویہ کوٹ کر چھان لیں پھر سب کو ملا کر پہلے تین روز آب ادرک میں پھر تین روز آب لیموں میں پھر تین روز آب برگ پان میں کھرل کریں۔ خشک ہونے پر حبوب بقدر نخود بنا دیں۔

استعمال: ایک گولی صبح ہمراہ پانی یا دودھ نگل لیں اوپر مکھن یا ملائی کھا کر دودھ پئیں۔

(357) مقوی باہ دیگر

اسناد: عالی جناب حکیم مولوی امیر علی شاہ صاحب کانگی والا ضلع میانوالی کا عطیہ اور مجرب ہے۔

منافع: نہایت مقوی باہ ہے۔ منی کو گاڑھا کرنے اور طاقت بخشنے میں اعلیٰ ثابت ہوئی ہے۔

نسخہ: ثعلب مصری، سپاری سرخ، ہلدی، گوند چھوہارہ، کشتہ قلعی، سلاجیت ہر ایک تولہ تولہ، کشتہ فولاد 6 ماشہ۔

ترکیب: سب کو جدا جدا باریک پیس کر خوب ملالیں اور اس کی 24 پڑیہ بنالیں۔

استعمال: روزانہ صبح ایک پڑیہ پھانک کر بعد میں مرغی کا ایک انڈا خام پئیں۔ اوپر بقدر ایک چھٹانک

ہیں۔ اسی طرح روزانہ عمل کریں۔

(358) دوائے ملذذ

منافع: نہایت اعلیٰ درجہ ملذذ ہے۔ مجرب المجرب اور آزمودہ ہے۔
نسخہ: زعفران، کافور، روغن گاؤ ہر ایک پونے دو ماشہ۔
ترکیب: ایک چائے کی چھوٹی پیالی میں ڈال کر: انگلی سے حل کرتے رہیں۔ حتیٰ کہ یکجان ہو جائیں بس تیار ہے۔
استعمال: وقت حاجت ایک گھنٹہ پیشتر طلا کریں۔

(359) دیگر

نسخہ: بیر بہوٹی، خراطین ہر ایک تین ماشہ خاکستر موئے سر عورت ایک ماشہ، عرق گلاب بقدر ضرورت عطر موتیا 2 رتی۔
ترکیب: پہلی تینوں دوائیں عرق گلاب میں پیس لیں تاکہ پتلا سا ضماد بن جائے پھر اس میں عطر موتیا ملا کر رکھ لیں۔
استعمال: وقت ضرورت قدرے اس میں سے لے کر عضو مخصوص پر طلا کریں۔ جب خشک ہو جائے مشغول ہوں۔

(360) حبوب مقوی باہ عجیبہ

منافع: نہایت ہی مقوی باہ ثابت ہوئی ہیں۔ اعضاء رئیسہ کو طاقت دیتی اور ہاضم طعام ہیں۔ خصوصاً بلغم کے لئے عمدہ چیز ہے۔ مجرب و آزمودہ اور قابل قدر نسخہ ہے۔
نسخہ: شنگرف، سنکھیا، مشک اصلی ہر ایک تین ماشہ، عرق پیاز سفید، عرق لیموں کاغذی، عرق ادرک ہر ایک ایک پاؤ، دارچینی، مصطگی رومی ہر ایک 9 ماشہ، جائفل جلوتری، عقرقرحہ، تخم دھتورہ ہر ایک 6 ماشہ، ثعلب مصری، شقاقل، دانہ الائچی خورد ہر ایک تولہ تولہ مغز بادام شیریں 15 دانہ، اسٹرکنیا 2 رتی۔
ترکیب: شنگرف اور سنکھیا کو عرق پیاز، عرق لیموں، عرق ادرک میں ترتیب وار کھرل کریں۔ پھر باقی اشیاء باریک کوٹ کر چھان کر ملا دیں اور بقدر نخود حبوب بنائیں۔
استعمال: صبح حلوہ مرغن کھا کر اوپر ایک گولی حلوہ میں رکھ کر نگل لیں پھر ایک سیر دودھ پئیں۔ دوران استعمال میں غذا خوب مرغن مرطوب کھائیں۔

(361) طلائے نامردی

اسناد: حضرت استاذیم قبلہ حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب مرحوم و مغفور لاہوری کا معمول مطب ہے۔ حضرت ممدوح کے مطب میں میں نے اپنے ہاتھ سے تیار کیا ہے۔

منافع: عضو مخصوص کے تمام نقائص کے لئے عجیب الصفت اور جلق و نامرد کا اعلیٰ ترین علاج ہے۔

نسخہ: سیماب، آملہ سار، ہڑتال ورقی، سم الفار سفید، سم الفار زرد، قسط تلخ، شنگرف رومی، زہر ہلدیہ، زعفران ہر ایک ایک تولہ، عقر قرحا، کچلہ سیاہ، مغز جمال گوٹہ ہر ایک 5 تولہ، بھنگرہی بریان، کمیلہ، ساگر بریاں، زردچوبہ، درج ہر ایک 2 تولہ، مال کنگنی، کنجد سیاہ ہر ایک 10 تولہ، زردی بیضہ مرغ 14 عدد۔

ترکیب: خشک ادویہ جدا جدا باریک پیس کر زردی بیضہ مرغ ملا کر کھرل کر کے کوکن بیر کے برابر گولیاں تیار کریں۔ خشک ہونے پر آتشی شیشی میں ڈال کر تیل کشید کریں۔

استعمال: رات کو چار قطرہ حشفہ و سیون بچا کر مالش کر کے برگ پان یا ارنڈ باندھیں۔ جب دانے نکل آئیں۔ روغن چنبیلی یا گھی جلا کر لگاتے رہیں۔ جب دانے درست ہو جائیں پھر طلا شروع کریں۔ تاصحت یہی دستور جاری رکھیں۔

(362) حب دردر منی و مذی

منافع: جریان منی اور جریان مذی کے لئے مفید ہیں اور آسانی سے تیار بھی ہو سکتی ہیں۔ مجرب ہیں۔

نسخہ: تج 2 تولہ، افیون 6 ماشہ۔

ترکیب: تج کو پیس کر چھان لیں اور افیون ملا کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام دودھ سے کھائیں۔

ہدائت: دوران استعمال میں ترش و بادی اشیاء سے پرہیز کریں۔

(363) حلوائے جریان

منافع: جریان اور رقت منی کے لئے نہایت عمدہ چیز ہے۔ سات دن میں جریان کی بیخ کنی کرتا ہے۔ پورے 15 دن تک استعمال کیا جائے تو امساک اور طاقت باہ پیدا کر کے منی کو غلیظ کرتا ہے۔ اور انشاء اللہ نطفہ میں اولاد نرینہ کی صلاحیت پیدا ہو جاتی ہے۔ نہایت قابل قدر اور مجرب المجرب نسخہ ہے۔

نسخہ: دال ماش یعنی ماہنہ، تخم املی خورد، موصلی سفید، سنگھاڑہ ہر ایک آدھ سیر۔

ترکیب: دال ماش رات کے وقت گائے کے تازہ دودھ میں تر کریں۔ صبح چھان کر سایہ میں خشک کر لیں۔ تخم املی کو پانی میں تر کریں۔ صبح بھٹی میں جس طرح دانے بھونے جاتے ہیں۔ بھون لیں۔ مگر سیاہی مائل نہ ہونے پائے۔ موصلی سفید کو بھی بھٹی میں بھون لیں۔ پھول جاتی ہے۔ پھر سنگھاڑہ سمیت سب کو باریک پیس کر سفوف بنالیں۔

استعمال: اس سفوف میں سے ہر صبح تین تولہ لے کر اس میں گھی 5 تولہ ملا کر نرم آگ پر بھونیں پھر اس میں کھانڈ سفید 5 تولہ اور ایک پاؤ کے قریب پانی ملا کر آگ پر رکھیں اور ہلاتے رہیں۔ جب حلوہ کا قوام بن جائے اتار لیں اور نیم گرم کھالیں خواہ صبح خواہ شام۔

ہدایات: دوران استعمال میں ترش اور بادی اشیاء اور جماع سے پرہیز کریں۔

(364) حب ممسک

منافع: سرعت، رقت، جریان کو دور کر کے عجیب امساک پیدا کرتی ہیں۔ مقوی باہ بھی ہیں۔ غرض مذکورہ شکایات کے لئے نہایت عمدہ جامع دوائی ہے۔ کچھ عرصہ متواتر استعمال کرنے سے سرعت رقت جریان دور ہو کر امساک اور قوت باہ پیدا ہو جاتی ہے۔

نسخہ: افیون، جوزبوا، جلوتری، بسباسہ، قرنفل، نخود بریان، زعفران ہر ایک 6 ماشہ، مشک ایک ماشہ، ورق نقرہ 30 عدد، منقہ، ورق طلا 1 عدد، ست سلاجیت ایک تولہ۔

ترکیب: سوائے افیون کے باقی دوائیں باریک پیس کر رکھیں۔ افیون کو روح کیوڑہ میں حل کر کے باقی دوائیں ملادیں۔ اور شہد بقدر ضرورت ملا کر حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

استعمال: تین گولی صبح ہمراہ دودھ استعمال کریں۔ گرمی خشکی محسوس ہو تو دودھ لیں۔

(365) دیگر

اسناد: یہ نسخہ جناب حکیم مولوی سید امیر علی شاہ صاحب گانگی ضلع میاں والی کا عطیہ ہے۔ آپ نے مجربات سلطانی حصہ سوم کے لئے ارسال فرمایا ہے۔

منافع: وقتی اور دائمی امساک کے لئے مجرب المجرب ہے۔ اس سے خاصہ امساک پیدا ہو جاتا ہے اور بے ضرر ہے۔

نسخہ: نخود بریاں مقشر، عقر قرحا ہر ایک 2 تولہ، پوست بیخ کونچ، مغز بادام شیریں ہر ایک 4 تولہ، جائفل، اسگند ناگوری، تخم بھنگ ہر ایک تولہ تولہ، زعفران خالص 6 ماشہ۔

ترکیب: سب کو باریک کر کے شہد کی مدد سے جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔

استعمال: بوقت ضرورت جماع سے دو گھنٹہ پیشتر ہمراہ شیر گاؤ ایک گولی نگل لیں اور بعد میں دودھ پئیں اور کوئی چیز نہ کھائیں۔ روزانہ استعمال کے لئے ایک گولی ہر صبح ہمراہ دودھ گاؤ استعمال کیا کریں۔

(366) ٹکور برائے مجلوق

منافع: نہایت مفید سریع الاثر نسخہ ہے۔ ہفتہ عشرہ میں خوب اثر ہو جاتا ہے۔ جلق زدہ بحکم خالق اس کے استعمال سے یقیناً فائدہ حاصل کرتا ہے۔

نسخہ: بیر بہوٹی، قرنفل، کنجد سیاہ، میدہ سک، انبہ ہلدی، جلوتری، اسپند، ہکڑ چھڈی، پوست بیخ کنیر سفید ہر ایک 2 تولہ، عرق پیاز، نرگس، عرق ادرک، روغن مال کنگنی ہر سہ ادویہ بقدر ضرورت۔

ترکیب: خشک دواؤں کو جدا جدا باریک پیس کر ملالیں اور آخری تینوں اشیاء حسب ضرورت ملا کر اچھی طرح گھوٹ لیں اور محفوظ رکھیں۔

استعمال: دو تولہ لے کر ململ کے کپڑے میں پوٹلی باندھ لیں اور تابہ آہنی کو آگ پر چڑھا کر پوٹلی کو اس پر گرم کر کے عضو پر آہستہ آہستہ ٹکور کریں۔ جب ٹھنڈی ہو جائے پھر گرم کر لیا کریں نیز پیڑو اور کنج ران

اور خصیتین پر بھی تکور کریں۔ روزانہ رات کو نصف گھنٹہ تکور کر کے اوپر کپڑا باندھ دیا کریں تاکہ ہوا سرد سے محفوظ رہے۔ اس کے بعد کوئی عمدہ طلا استعمال کریں۔ 9 دن تک ضرور استعمال کرنا چاہئے۔
نوٹ: روغن مال کنگنی اس قدر ملائیں کہ دوا خوب مرغن ہو جائے۔

(367) طلائے غربا

منافع: عضو مخصوص کے نقائص کو رفع کر کے عمدہ طاقت بخشتا ہے۔ مجلوق و نامرد کے لئے عمدہ چیز ہے۔ غریب مریض کے لئے مناسب ہے جو زیادہ قیمت صرف نہ کر سکتا ہو۔
نسخہ: پتہ روہو مچھلی ایک عدد، شنگرف، عقرقرحہ ہر ایک تولہ تولہ، روغن دارچینی تین تولہ۔
ترکیب: خشک دوائیں باریک پیس کر خوب کھرل کریں اور پتہ کا پانی اور روغن دارچینی ملا کر کھرل کر کے یکجان کریں۔
استعمال: حسب دستور مالش کر کے اوپر ارنڈ یا پان کا پتہ باندھیں۔ چند دن رات کو اسی طرح استعمال کریں۔

(368) طلائے فیض عام

منافع: اس سے سینکڑوں مریض صحت یاب ہوئے ہیں۔ عضو کی رگوں میں از سر نو برقی طاقت پیدا کرتا ہے۔ مجلوق و نامرد کے لئے نہایت عجیب ہے۔ نہایت مختصر جامع الاوصاف مجرب طلا ہے۔
نسخہ: برادہ کچلہ، سم الفار سفید، خراطین، زلو خشک، رتک سفید، قرنفل، مال کنگنی ہر ایک 2 تولہ۔
ترکیب: خشک دوائیں جدا جدا باریک کر کے رکھیں اور سانڈہ کا قیمہ کر کے سب اشیاء کو خوب ملا کر پاتال جنتر کے ذریعہ روغن کشید کریں۔
استعمال: عضو مخصوص پر رات کے وقت تین رتی کے قریب مالش کر کے اوپر برگ پان یا ارنڈ یا بھوج پتر باندھ دیں۔ صبح کھول دیا کریں۔ جب دانے باریک نکل آئیں طلاء کا استعمال ترک کر کے روغن چنبیلی یا گھی جلا کر حشفہ اور سیون بچا کر لگایا کریں۔

(369) طلائے اعلیٰ

اسناد: محترم دوست حکیم سید امیر علی شاہ صاحب گانگی والا ضلع میاں والی کا عطیہ خاص ہے اور آپ کا مجرب و آزمودہ ہے۔
منافع: آلہ تناسل کے تمام نقائص کو دور کر کے از سر نو زندگی بخشتا ہے۔ اس کے استعمال سے ناکارہ مریض بھی جماع پر قادر ہو جاتا ہے۔ مگر مادر زاد نامرد نہ ہو۔
نسخہ: سنکھیا سفید سالم ڈلی 2 تولہ، شیر میش تین سیر، مغز تخم ارنڈ، عقرقرحہ ہر ایک تین تولہ، بیر بہوٹی، خراطین ہر ایک تولہ تولہ۔
ترکیب: سنکھیا کی ڈلی کو ململ کے کپڑے میں باندھ کر شیر میش میں لٹکا کر ہانڈی میں جوش دیں۔ جب دو

ہر دودھ رہ جائے تو ہانڈی کو نیچے اتار کر سرد کر کے ڈلی سم الفار نکال کر اور کام میں لائیں اور صرف دودھ کو رات کے وقت ضامن لگا کر رکھ دیں۔ صبح بلو کر مسکہ حاصل کریں۔ پھر اس مسکہ میں باقی ادویہ جدا جدا باریک کر کے ملا کر پانچ روز تک کھرل کرتے رہیں۔ تیار ہو جائے گا پھر کسی شیشی میں نگاہ رکھیں۔ مسکہ تھوڑا تھوڑا ملا کر کھرل کرتے رہیں۔

استعمال: چار رتی کے قریب لے کر ہر روز رات کو بطریق معروف طلا کر کے برگ پان وغیرہ باندھیں۔

(370) کشتہ روپیہ سالم الحروف

منافع: جریان کے لئے نہایت مفید ہے۔ گردوں کو طاقت دیتا اور قوت باہ پیدا کر کے منی کو غلیظ کرتا۔ بدن کو سرخ اور طاقتور کرتا ہے۔

نسخہ: روپیہ (یا خالص چاندی کا پترہ بقدر روپیہ) ایک عدد، سفوف بھو پھلی دو سیر۔

ترکیب: بھو پھلی بوٹی تازہ لے کر خشک کر کے باریک سفوف کر لیں پھر ایک پاؤ سفوف میں روپیہ یا پترہ چاندی جو روپیہ کے برابر ہو رکھ کر کپڑا میں خوب لپیٹ لیں اور اوپر چکنی مٹی کو روئی میں کوٹ کر انگل بھر لیپ کریں۔ جب خشک ہو جائے ہوا سے بچا کر گڑھے میں دس سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ سرد ہو جائے تو نکال کر دوبارہ ایک پاؤ سفوف بھو پھلی میں رکھ کر کپروٹی کر کے آگ دیں۔ اسی طرح آٹھ دفعہ آگ دیں۔ سفید کشتہ تیار ہو گا اگر کچھ کسر باقی رہ جائے تو ایک دو آنچ اور دیں پھر پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: ایک رتی صبح مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کریں۔

(371) کشتہ نقرہ اکسیری

منافع: جریان احتلام کے لئے نہایت مفید ہے۔ گرمی اور سانس پھول جانا زردی رنگ بدن کی طاقت کا واحد علاج ہے۔ جوانوں کے لئے عمدہ چیز ہے۔ یہ نسخہ بہت زود اثر اور اطمینانی ثابت ہوا ہے۔ جو افادہ عام کے لئے شائع کیا جاتا ہے۔ اور ہمارے ہاں ہمیشہ تیار رہتا ہے۔

نسخہ: بورہ نقرہ ایک تولہ، ابرک سیاہ باریک شدہ دو تولہ، عرق گلاب عمدہ ڈیڑھ پاؤ، آب انار 10 تولہ، شیر میش ایک پاؤ۔

ترکیب: بورہ نقرہ کو لوہے کی کڑاہی میں ڈال کر عرق گلاب تھوڑا تھوڑا ملا کر آہنی دستہ سے رگڑنا شروع کریں۔ جب تمام عرق جذب ہو جائے آب انار کابلی اور شیر میش اسی طرح رگڑ کر ختم کر دیں پھر خشک کر کے کپڑ چھان کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: تین رتی صبح مکھن میں رکھ کر استعمال کریں۔

نوٹ: ابرک کو محلوب کر لینا چاہئے۔

(372) جوان مرد

مشاہدہ: یہ نسخہ اپنے اثرات و فوائد کے اعتبار سے مجربات باہ میں فی الواقعہ بے نظیر حیثیت رکھتا ہے۔ حافظ

رمضان پشاوری کے معمولات سے ہے۔ ان سے حضرت مولانا قاضی محمد صاحب خان پوری کو ملا اور انہوں نے ہمارے محترم دوست رسالہ معین الاطبا کے مدیر اعزازی حضرت مولانا حاذق العصر حکیم محمد یحیی خاں صاحب شفاء کو عطا کیا۔

منافع: باہ و امساک کے لئے مجرب بلا تخلف ایک لاجواب اور قابل قدر تحفہ ہے۔

نسخہ: ریگ ماہی، جوہر لوبان، مروارید ناسفتہ، خراطین، عروسک مصفی، مشک عنبر، ورق نقرہ، ورق طلا جملہ مساوی الوزن۔

ترکیب: سب کو باریک کھرل کریں حتی کہ غبار سا ہو جائے پھر اس میں شہد مصفی بقدر ضرورت ڈال کر فلفل و نخود کے درمیان گولیاں باندھ لیں۔

استعمال: ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ تازہ صبح و شام استعمال کریں۔

ہدایات: دوران استعمال میں جماع، تیل اور ترشی وغیرہ سے محترز رہیں۔ وقتی امساک و نعوظ کے لئے شام کو ایک گولی دودھ کے ساتھ کھائیں اور اوپر کھانا نہ کھائیں۔ صرف دودھ پیتے رہیں۔

(373) محلول لفاح

منافع: جریان، احتلام، ذکاوت حس مجلوق کے لئے مجرب ہے اور قبض دائمی بواسیر بادی و خونی کے لئے مفید ہے۔ ہمارے مطب میں کثرت سے استعمال ہوتا ہے۔ اور مجلوق کے عوارض کے لئے مجرب ہے۔

نسخہ: سپرٹ ایمونیا ارومیٹک ایکسٹریکٹ کاسکارا سگریڈا لیکوئیڈ ہر ایک چار اونس ٹنکچر بلاڈونا ایک اونس، ایکسٹریکٹ آف لیکرس 6 اونس، گلیسرین 2 اونس۔

ترکیب: سب کو ایک شیشی میں ڈال کر خوب ہلائیں تاکہ یکجان ہو جائے۔

استعمال: 9 ماشہ دوائی میں قدرے پانی ملا کر رات کو سوتے وقت استعمال کریں۔

مجربات امراض مخصوصہ زنان

(374) عرق شیر مدر حیض

منافع: نہایت اعلیٰ مدر حیض ہے اور عام مدر حیض دواؤں کی طرح گرم خشک نہیں جس سے اور تکلیف کا خطرہ ہو بلکہ حیض کھولنے کے باوجود سڑے ہوئے خون کو درست اور صاف کر کے مزاج کی اصلاح کرتا ہے۔ ہر مزاج کے موافق ہے۔ بندش بے قاعدگی حیض درد، کمی حیض کو دور کر کے باقاعدہ طور پر جاری کر دیتا ہے اور کسی قسم کی تکلیف ہرگز نہیں دیتا۔ نہایت قابل قدر مخفی نسخہ ہے جو آج پیارے ناظرین کی خاطر شائع کیا جاتا ہے۔ ہم اس کی ایک بوتل ایک روپیہ آٹھ آنہ کو فروخت کرتے ہیں۔ آپ بھی بنائیں اور فائدہ حاصل کریں۔ نفیس و نازک مزاج عورتوں کے لئے یہی عرق موزوں ہے۔

نسخہ: زہعلہ ایک پاؤ، عشبہ مغربی ایک تولہ، چوب چینی، گاؤزبان، الائچی خورد ہر ایک 5 تولہ، جدوار، تخم شبت (سوئے) ہاؤبیر، بابرنگ، زیرہ سیاہ، دارچینی، سنبل الطیب، الائچی کلاں، ریوند خطائی ہر ایک تین تولہ، ...ڈنگ 2 تولہ، مصری کوزہ دس تولہ، عرق گلاب آدھ سیر۔

ترکیب: سوائے ریوند خطائی اور عرق گلاب کے باقی تمام دواؤں کو آٹھ پہر تک مناسب پانی میں بھگو رکھیں اور شیر گاؤ دو سیر ملا کر اس کا 5 بوتل عرق نکالیں۔ ریوند خطائی باریک پیس کر عرق گلاب میں ملا کر جس برتن میں عرق جمع ہو گا اس میں ڈال دیں تاکہ اس میں عرق جمع ہوتا رہے۔

استعمال: پانچ تولہ صبح پانچ تولہ شام پلا دیا کریں۔

(375) مطبوخ مدر حیض

منافع: حیض کو بخوبی کھولتا ہے۔ خصوصاً سرد مزاج کے لئے زیادہ مناسب و معمول ہے۔

نسخہ: پودینہ جنگلی، تخم خربوزہ، کاکنج، کلو، تخم گزر، تخم شبت (سوئے) ہاؤبیر، بیخ اذخر ہر ایک 4 ماشہ، قند سیاہ ...2 تولہ۔

ترکیب و استعمال: کوٹنے والی ادویہ کوٹ لیں پھر سب کو آدھ سیر پانی میں جوش دیں جب تہائی باقی رہ جائے مل چھان کر روغن زرد ایک تولہ ملا کر پلائیں۔ کمی حیض اور درد حیض کے لئے حیض سے ایک دن پہلے شروع کر کے تین دن پلائیں۔ بندش کی حالت میں جب دل چاہے استعمال کر سکتے ہیں۔ دوران استعمال میں آب دست اور غسل سے پرہیز ضروری ہے۔

(376) شربت مدر حیض

منافع: احتباس حیض، درد ہونا، بے قاعدہ آنا، تھوڑا آنا اور ان کے تمام عوارض مثلاً سستی، کاہلی، دوران سر، درد کمر، بے خوابی، نفخ شکم وغیرہ تمام تکالیف کے لئے معمول و مجرب ہے۔ کسی قسم کی تکلیف ...رتا پورا فائدہ کرتا ہے۔ مگر نقصان رساں کسی طرح بھی نہیں۔ ہر مزاج کے موافق ہے۔ خصوصیت ...گرم مزاج عورتوں کے لئے یہی شربت زیادہ مناسب ہے۔

نسخہ: تخم کاسنی، تخم بادیاں (سونف) تخم خربوزہ تخم کدو، حب قرطم، پوست بیخ کاسنی، بیخ بادیاں ہر ایک 2 ...گل غافث، تخم خطمی، تخم خبازی، تخم کرفس، انیسون ہر ایک 9 ماشہ، سنبل الطیب، گاؤزبان، بنفشہ، ...کرفس، بیخ کبر، مغز تخم تربوز، نیلوفر، مغز بادام، تخم کاہو ہر ایک ایک تولہ، مویز منقہ 1 تولہ، مصری ایک ...

ترکیب: کوٹنے والی دوائیں کوٹ لیں پھر سب کو ملا کر رات کو ڈیڑھ سیر پانی میں تر کریں۔ صبح جوش دیں ...سیر رہ جائے مل چھان کر مصری ملا کر شربت تیار کریں۔

استعمال: چار چار تولہ صبح و شام حسب منشا پانی ملا کر پلائیں۔

(377) معجون مدر حیض

منافع: بندش حیض کی تمام اقسام مثلاً بندش' بے قاعدگی' درد' کمی حیض وغیرہ کے لئے مجرب اور آزمودہ ہے۔ ہمارے ایک دوست اسی طریقہ پر علاج کرتے ہیں۔

نسخہ: ہاؤبیر 4 تولہ' شہد 8 تولہ۔

ترکیب: ہاؤبیر کوٹ کر شہد میں ملا کر محفوظ رکھیں۔

استعمال: تین تین ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت ادرار حیض نمبر 378 تین تولہ (جس میں پانی حسب ضرورت ملایا گیا ہو) استعمال کریں۔

(378) شربت ادرار حیض

منافع: ادرار حیض کے لئے نہایت مجرب و آزمودہ ہے۔ حیض کی بے قاعدگی درد سے اور کم آنا وغیرہ تمام عوارض کے لئے عمدہ چیز ہے۔

نسخہ: مغز تخم خیارین' انجیر' تخم کاسنی ہر ایک تین تولہ' پوست نارنج' تخم کاکنج ہر ایک 4 تولہ' تخم کرنب' تخم کرفس ہر ایک 2 تولہ' مصری تین پاؤ۔

ترکیب: انجیر کے سوائے باقی کوٹ لیں پھر سب ادویہ کو ڈیڑھ سیر پانی میں رات کو بھگو دیں۔ صبح جوش دیں۔ جب آدھ سیر رہ جائے مل چھان کر مصری ملا کر شربت کا قوام بنائیں۔

استعمال: تین تولہ شربت میں دس تولہ پانی ملا کر پہلے معجون مدر حیض نمبر 377 تین ماشہ کھا کر پلائیں۔ اسی طرح صبح و شام استعمال کریں۔

(379) سفوف مدر حیض

منافع: احتباس حیض کے لئے مجرب ہے۔ اس کے استعمال سے حیض باقاعدہ درست حالت میں آنا شروع ہو جاتا ہے۔ خصوصاً گرم مزاج کے لئے نہایت مفید ہے۔ ایک دوست کا عام دستور العمل ہے۔

نسخہ: ریوند چینی' زیرہ سفید' شورہ قلمی' جوکھار ہر ایک 6 ماشہ' جوہر نوشادر تین ماشہ۔

ترکیب: سب کو باریک کوٹ پیس کر سفوف بنا لیں۔

استعمال: 4 ماشہ صبح 2 ماشہ شام ہمراہ شربت پلچھی تین تولہ' عرق گاؤزبان عرق کاسنی ہر ایک 5 تولہ استعمال کریں۔

(380) شربت پلچھی

نسخہ: درخت پلچھی جسے پنجابی میں لئی کہتے ہیں جو درخت اکاہ کی قسم کا چھوٹا درخت ہوتا ہے۔ اس کا بور یعنی پھول 5 تولہ' تخم گندر 2 تولہ' تخم سوئے 2 تولہ' مصری تین پاؤ۔

ترکیب: تمام ادویہ رات کو ڈیڑھ سیر پانی میں بھگو دیں۔ صبح جوش دیں۔ جب آدھ سیر رہ جائے مل چھان کر مصری ملا کر شربت تیار کریں۔

(381) ایام حیض میں درد شکم

منافع: جن مستورات کو ایام حیض میں درد شکم ہو جاتا ہو ان کے لئے یہ گولیاں نہایت مفید ہیں اور ان کے استعمال سے بدہضمی، باؤ گولہ، کمزوری رحم، غلبہ ریاح کی تکلیف بھی دور ہو جاتی ہے۔

نسخہ: چاول سونف، اجوائن دیسی، نوشادر ہر ایک تولہ تولہ، نمک دیسی 2 تولہ، ہینگ اصلی ایک ماشہ، لعاب گھیکوار ایک پاؤ۔

ترکیب: تمام خشک دوائیں باریک پیس کر لعاب گھیکوار تھوڑا تھوڑا ملا کر کھرل کرتے رہیں۔ جب تمام لعاب گھیکوار ختم ہو جائے اور گولیاں بننے کے قابل ہو جائے بقدر دانہ نخود گولیاں بنالیں اور سایہ میں خشک کریں۔

استعمال: جب درد شروع ہو جائے ایک ایک گولی صبح و شام پانی سے نگل لیں۔

(382) اکسیر اختناق الرحم

منافع: عارضہ اختناق الرحم کے لئے نہایت مجرب الجرب ہے۔ ایک ڈاکٹر صاحب کا معمول ہے۔

نسخہ: ایمونیا برومائیڈ دس گرین، سپرٹ ایمونیا ایرومیٹک، سپرٹ ایتھرس کمپونڈ، ٹنکچر کارڈم کو، ٹنکچر ویلریان ایمونی ایٹا ہر ایک 10 بوند، سوڈا برومائیڈ 15 گرین، پوٹاسی برومائیڈ 5 گرین، سیرپ ار شیائی ایک ڈرام، ایکوا کلورافارم ایک اونس۔

ترکیب و استعمال: سب کو ملالیں اور پلادیں۔ یہ ایک خوراک ہے۔ دن میں ایسی تین خوراک استعمال کریں۔

(383) سفوف کثرت حیض

منافع: اگر حیض زیادہ مقدار میں آنے لگ جائے تو اس کے لئے نہایت مجرب ثابت ہوا ہے۔

نسخہ: خون سیاؤشاں، بیخ انجبار، مجیٹھ، کہربا، اتیس، تخم موڑیوں، گل ارمنی ہر ایک تولہ تولہ۔

ترکیب: سب ادویہ جدا جدا باریک پیس کر ملالیں اور محفوظ رکھیں۔

استعمال: ایک ماشہ ہمراہ شربت انجبار یا شربت بارتنگ تین تولہ استعمال کریں۔ اسی طرح دن میں تین خوراک استعمال کریں۔

(384) حب اسقاط حمل و اٹھرا

منافع: اگر حمل گر جاتا ہو یا بچہ پیدا ہو کر مر جاتا ہو تو اس کے لئے یہ گولیاں استعمال کرائیں۔ نہایت عمدہ ترکیب ہے۔

نسخہ: فری ایٹ ایمونیا سائٹراس، جدوار ہر ایک تین ماشہ، مشک خالص 6 ماشہ۔

ترکیب: سب کو باریک پیس کر پانی کی مدد سے حبوب بقدر نخود تیار کریں۔

استعمال: جب حمل قرار پائے ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ پانی نگلوانی شروع کریں۔ متواتر چھ ماہ تک استعمال کریں۔

(385) دیگر

منافع: حمل کو اسقاط سے بچاتی ہے۔ اس عارضہ کے لئے نہایت چوٹی کا نسخہ ہے۔
نسخہ: مشک خالص ایک ماشہ، طباشیر، زعفران، گل سرخ دیسی، زیرہ سفید ہر ایک 4 ماشہ، برگ تلسی 3 تولہ، جلوتری 2 تولہ، برگ شہدیوی 4 تولہ۔
ترکیب: ایک ایک رتی کی گولیاں تیار کریں۔
استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام و دوپہر ہمراہ پانی استعمال کرائیں۔ ایام حمل سے شروع کر کے وضع حمل تک استعمال کرائیں۔

(386) دیگر آسان

منافع: اسقاط حمل و اٹھرا کے لئے نہایت مفید اور تمام اوصاف سے متصف ہے۔ نیز سستی چیز ہے۔
نسخہ: پوست ہلیلہ زرد، پوست بلیلہ، پوست آملہ، فلفل سیاہ، فلفل دراز، گیری، صندل سفید، صندل سرخ، برگ نیم، برگ حنا، مجیٹھ، کچور، ملٹھی، اجوائن دیسی، ہرمچی ہر ایک تین تین ماشہ۔
ترکیب: جدا جدا باریک پیس کر سفوف تیار کریں۔
استعمال: حمل ٹھہر جانے کے بعد شروع کر کے بچہ پیدا ہونے تک ایک ایک رتی صبح و شام روزانہ پانی کے ساتھ کھلائیں۔
تنبیہہ: جب بچہ پیدا ہو حب تریاق الاطفال مندرجہ مجربات سلطانی حصہ اول ماں کے دودھ یا عرق گلاب میں حل کر کے استعمال کراتے رہنا چاہئے۔ شروع میں گولی کا چوتھا حصہ دیا جائے پھر آہستہ آہستہ عمر کے مطابق بڑھائی جائے۔ جب تک بچہ دودھ پیتا رہے استعمال کرائی جائے۔ اخیر میں ایک گولی سالم دی جایا کرے۔ صبح و شام استعمال کرائی جائے۔ یا انہی تینوں نسخہ جات میں سے جو نسخہ استعمال کرایا جائے اس سے عمر کے مطابق تھوڑی مقدار سے شروع کر کے روزانہ صبح و شام بچہ کو بھی استعمال کرایا جائے۔ انشاء اللہ بچہ تندرست ہو گا۔
نوٹ: جب تک بچہ دودھ پیتا رہے تب تک استعمال کراتے رہنا چاہئے۔

(387) دوائے ترقی شیر عورت

منافع: جس عورت کا دودھ کم ہو اور بچہ بھوک سے تنگ ہو اس کے لئے اول درجہ کی مجرب دوا ہے۔ اس سے عورت کو دودھ ایک ہفتہ کے استعمال سے ازحد اتر آتا ہے۔
نسخہ: چاول سٹھی، پھمائی لودھ، زیرہ سفید ہر ایک 7 ماشہ، روغن زرد تین تولہ، شیر گائے ایک پاؤ، مصری حسب ضرورت۔

ترکیب استعمال: پہلی تینوں دوائیں آدھ پاؤ پانی میں رگڑ کر کپڑے میں چھان لیں پھر دودھ، گھی ملا کر اچھی طرح پکائیں پھر مصری بقدر مٹھاس ملا کر سوتے وقت نیم گرم پلا دیں۔ اسی طرح صبح یعنی تازہ تیار کر کے استعمال کرائیں۔

(388)علاج عقر مجرب

منافع: جس عورت کی اولاد نہ ہوتی ہو یا دو تین ماہ یا چھ سات ماہ کا حمل ضائع ہو جاتا ہو اس کے لئے یہ علاج نہایت کامیاب ثابت ہوا ہے۔ چھ ماہ تک استعمال کرنے سے ضرور اولاد ہوتی ہے۔ نہایت آسان اور سادہ علاج ہے۔

حب معین حمل ①

نسخہ: بن پھل، پوست ہلیلہ زرد ہر ایک تولہ تولہ، قند سیاہ کہنہ 4 ماشہ۔

ترکیب: پہلی ہر دو ادویہ باریک پیس کر قند سیاہ ملا کر خوب کوٹیں۔ جب اچھی طرح مل جائیں گولیاں بقدر جنگلی بیر تیار کریں۔

استعمال: اخیر چاند میں یعنی جب چاند سے تین دن باقی رہ جائیں ایک گولی ہر صبح ہمراہ پانی نگلوا دیا کریں۔ اسی طرح چھ ماہ تک جاری رکھیں۔ ہر ماہ کے آخری تین دنوں میں استعمال کریں۔ اور ساتھ ہی چھ ماہ تک حب معین حمل نمبر② استعمال کراتے رہیں۔ جس کا نسخہ ذیل میں درج ہے۔

حب معین حمل ②

نسخہ: مغز تخم کرنجوہ، تخم سرسوں ہر ایک تین ماشہ، شیر عورت 9 ماشہ۔

ترکیب: پہلی دونوں دوائیں باریک پیس کر شیر عورت ملا کر کھرل کریں اور گولیاں بقدر گٹھلی سیو بیر تیار کریں۔ سیو بیر کی گٹھلی خرما یعنی کھجور کی گٹھلی سے کچھ موٹی ہوتی ہے۔

استعمال: ہر ماہ میں فراغت حیض سے بعد ایک ایک گولی روزانہ تین دن تک کسی لائق دایہ سے رکھایا کریں۔ یہ بھی چھ ماہ تک استعمال کرتے رہیں۔ جب حمل ہو جائے علاج بند کر دیں۔

(389)حب معین حمل

منافع: رحم کی جملہ خرابیاں دور کر کے بانجھ پن کو دور کر کے قابل اولاد بناتی ہے۔ مجرب ہے۔

نسخہ: مشک خالص 2 رتی، جائفل، زعفران ہر ایک ایک ماشہ، بھنگ 1 ماشہ، سپاری تین عدد، قرنفل 4 عدد، [illegible] 5 ماشہ۔

ترکیب: خشک دواؤں کو کوٹ کر قند سیاہ میں ملا کر کوٹیں اور جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنائیں۔

استعمال: ایک گولی معجون موچرس سات ماشہ کے ہمراہ بوقت صبح کھائیں۔ فراغت حیض کے بعد شروع کر کے ساتھ یوم استعمال کریں۔

(390) دوائے عقر نمبر ①

منافع: عقر (بانجھ پن) کے لئے نہایت مجرب و آزمودہ علاج ہے۔ اس سے بہت بے اولاد عورتیں بامراد ہوئی ہیں۔ اس کے ساتھ دوائے عقر نمبر ② اور اوبھاس کا نسخہ و سفوف استقرار حمل استعمال کرانے سے پورا فائدہ ہوتا ہے۔ نہایت آسان اور سستا علاج ہے۔

نسخہ: اسبغول، تخم کتان یعنی السی ہر ایک تولہ تولہ، شہد حسب ضرورت۔

ترکیب و استعمال: دونوں دوائیں باریک پیس کر شہد خالص میں ملا کر روئی یا نرم کپڑے کی بتی بنا کر اس دوا میں آلودہ کر کے رات کو کسی لائق دایہ سے رکھائیں۔ صبح نکال کر دوسرے دن پھر اسی طرح رکھائیں۔ چار روز یہ عمل کریں۔ چار روز کے بعد دوائے عقر نمبر 2 چار دن استعمال کریں۔

(391) دوائے عقر نمبر ②

نسخہ: شیر گاؤ آدھ سیر، شہد 4 تولہ۔

ترکیب: دونوں دوائیں ملا کر جوش دیں۔ جب قوام گاڑھا ہو جائے اس کی بتیاں حسب دستور بنالیں۔

استعمال: ہر روز رات کو دایہ سے رکھائیں۔ چار روز کے بعد مندرجہ ذیل اوبھاس چار دن استعمال کریں۔

نسخہ اوبھاس: برگ نیم پانچ تولہ کو آدھ سیر پانی میں جوش دے کر کپڑا اوڑھ کر مریضہ کو اوبھاس لینے کی ہدایت کریں۔ پھر انہی پتوں کو گرم کر کے ناف کے نیچے ٹکور کی جائے۔ پھر لنگوٹ باندھ لی جائے۔ یہ عمل رات کو کیا جائے۔

(392) سفوف استقرار حمل

منافع: یہ استقرار حمل کے لئے مجرب و آزمودہ ہے۔ مندرجہ بالا خارجی علاج کے ساتھ استعمال کرایا جاتا ہے۔ اور علیحدہ بھی استعمال کرایا گیا ہے۔ پورا نفع بخشتا ہے۔

نسخہ و ترکیب استعمال: اسگند 5 تولہ باریک پیس کر نگاہ رکھیں۔ ہر روز تین ماشہ صبح حلوہ میں رکھ کر کھلائیں۔ بیس دن تک استعمال کرائیں۔ مگر جب 14 دن کھا چکیں تو اس وقت جماع کی اجازت دے دیں۔ 14 دن سے پہلے جماع منع ہے۔

نوٹ: مرد کی طاقت مردی ٹھیک ہونی ضروری ہے۔

(393) دوائے جریان زنان

منافع: جن عورتوں کو جریان یا سیلان الرحم کی شکایت ہو یعنی سفید پانی جاری رہتا ہو ان کے لئے یہ دوائی نہایت فائدہ مند ثابت ہوئی ہے۔ یہ عارضہ دور ہو کر عورت کی کمزوری درد کمر وغیرہ کو آرام ہو جاتا ہے۔ اور مرض کی بیخ کنی ہو کر رحم طاقتور ہو جاتا اور اقرار حمل کے قابل ہو جاتا ہے۔ 21 یوم استعمال کرنے

ے تمام شکایات دور ہو جاتی ہیں۔ میرے مطب کی مجرب دوا ہے۔

نسخہ: سمندر سوکھ، گوند ڈھاک، بھکڑا، کیکر کی پھلی کا آٹا، موچرس ہر ایک 9 ماشہ، پوست ہلیلہ زرد، موصلی سفید، پٹھانی لودھ، سونف، بیج پان ہر ایک تولہ تولہ، روغن زرد آدھ سیر، کھانڈ سفید ایک پاؤ۔

ترکیب: تمام خشک ادویہ کوٹ چھان کر ملالیں پھر روغن زرد ملا کر احتیاط سے بھونیں تاکہ جل نہ جائے۔ جب خوشبو بدل جائے تو کھانڈ ملا کر چار منٹ تک چولھے پر رکھیں۔ پھر اتار کر کسی برتن میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: 1 تولہ صبح 1 تولہ شام نہار ہمراہ دودھ کھلائیں۔ گرم اشیاء سے پرہیز کرائیں۔

نسخہ: گل سپاری، گل انبہ، گل پستہ، صمغ ڈھاک ہر ایک تولہ تولہ، پوست بیروں پستہ 2 تولہ، مصری 6 تولہ۔

ترکیب واستعمال: سب کا سفوف بنا کر چھ چھ ماشہ صبح وشام ہمراہ دودھ گاؤ کھائیں۔

(395) اکسیر سیلان الرحم

منافع: سیلان الرحم (لیکوریا) کے لئے اکسیر ہے۔ چند روز متواتر استعمال کرنے سے آرام ہو جاتا ہے۔ نیز ہر قسم کے جریان خون کو روکتی ہے۔ مثلاً خون دندان، بواسیر خونی، نفث الدم، سیلان خون و رطوبت وغیرہ اس کے علاوہ جریان اور کثرت احتلام کے لئے مفید ہے۔ نہایت سستی اور آسان چیز ہے جو ہر مطب میں تیار رہنی چاہئے۔

نسخہ: گل ببول یعنی کیکر کے پھول 15 تولہ، بھنگرہ بریاں 5 تولہ۔

ترکیب: دونوں دوائیں الگ الگ باریک پیس کر ملالیں اور محفوظ رکھیں۔

استعمال: دانتوں اور مسوڑھوں پر دن میں تین بار انگلی سے ملیں۔ دوسری امراض کے لئے دن میں تین بار دو دو ماشہ تازہ پانی سے چند روز استعمال کریں اور سیلان الرحم میں کھلانے کے علاوہ تھوڑی سی دوا پانی میں حل کر کے آب دست کرائیں۔

(396) حب بے قاعدگی حیض

منافع: یہ گولیاں بے قاعدگی حیض کے لئے مفید ثابت ہوئی ہیں۔ ان کے استعمال سے حیض باقاعدہ اپنے وقت پر آنے لگ جاتا ہے۔ اور باؤ گولہ کے لئے مفید ہیں۔ قبض رفع کرتی اور جگر کو طاقت بخشتی ہیں۔ حیض کو بھی جاری کرتی ہیں۔ میرے مطب میں ہر وقت تیار رہتی ہیں۔

نسخہ: دار چینی 4 تولہ، ایلوا، ہیرا کسیس ہر ایک 1 تولہ، شہد حسب ضرورت۔

ترکیب: تینوں دوائیں الگ الگ باریک پیس کر ملا کر خوب کھرل کریں۔ پھر شہد اس قدر ملائیں کہ گولیاں بن سکیں پھر دو دو رتی کی گولیاں تیار کریں۔

استعمال: دو دو گولیاں صبح وشام ہمراہ پانی استعمال کریں۔

(397) حب درد حیض وغیرہ

منافع: یہ گولیاں درد حیض کے لئے نہایت مفید ہیں اور تسہیل ولادت کے لئے بھی مجرب ہیں اور اسقاط حمل کے لئے بھی موثر و مفید ہیں۔ نہایت مفید ترکیب ہے۔

نسخہ: کچلہ مدبر، تخم دھتورہ، افیون ہر ایک تین ماشہ۔

ترکیب: تینوں دوائیں باریک پیس کر پانی کی مدد سے گولیاں بقدر نصف رتی تیار کریں۔

استعمال: حیض درد سے آتا ہو تو ایک ایک گولی صبح و شام حیض کے دنوں میں ہمراہ دودھ گرم استعمال کرائیں۔ تسہیل ولادت کے لئے ایک گولی درد زہ کے وقت ہمراہ چائے استعمال کرائیں۔ اسقاط حمل کے لئے ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ یا چائے کھالیں۔

(398) دوائے کرنگ

منافع: کرنگ کے لئے نہایت عمدہ دوا ہے۔ اس سے اگر بچہ زندہ ہونے کے قابل ہو تو زندہ اور تازہ ہو جاتا ہے۔ اور اگر زندہ ہونے کے قابل نہ ہو تو ساقط ہو جاتا ہے۔

نسخہ: زیرہ سیاہ، مغز تخم گاجر، قند سیاہ کہنہ ہر ایک 12 تولہ۔

ترکیب: جدا جدا کوٹ کر پھر سب کو ملا کر ہاون دستہ میں خوب کوٹیں پھر سب دوا کے سات حصے کریں۔

استعمال: ہر روز رات کے وقت آدھ سیر گائے کے دودھ میں ایک حصہ ڈال کر رکھ دیں۔ صبح دو جوش دے کر پلا دیں۔

(399) اکسیر سیلان الرحم و کثرت حیض

منافع: سیلان الرحم یعنی سفید رطوبت کا جاری رہنا اور کثرت حیض یعنی حیض کا مقدار میں زیادہ آنا اور استحاضہ یعنی حیض کا مقررہ دنوں سے زیادہ آنا تینوں عوارض کے لئے مجرب ہے۔

نسخہ: گوند ڈھاک، موچرس، کشتہ سنگ جراحت ہر ایک 2 تولہ، مائیں خورد، گل دھاوا، کشتہ بیضہ مرغ ہر ایک تولہ تولہ، گل ارمنی 6 ماشہ۔

ترکیب و استعمال: سفوف بنا کر صبح و شام سات سات ماشہ ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔

مجربات حمیات (تپ ہر قسم)

(400) شربت اکسیر شفا

منافع: تپ ہر قسم کے لئے اکسیر ثابت ہوا ہے۔ موتی جھرہ (مبارکی) اور پرانے بخاروں کے لئے ازحد مفید ہے۔ ہمارے مطب میں ہمیشہ تیار رہتا ہے۔ تپ موسمی کے لئے معمول ہے۔

نسخہ: گاؤزبان، گل نیلوفر، عناب ہر ایک 4 تولہ، گل گاؤزبان 5 تولہ، گل بنفشہ، تخم کاسنی، گلو خشک ہر ایک

تین تولہ، مصری ایک سیر۔

ترکیب: گلو خشک اور تخم کاسنی کوٹ لیں پھر سب کو ملا کر ڈیڑھ سیر پانی میں تر کریں۔ صبح جوش دیں۔ جب آدھ سیر رہ جائے تو مل چھان کر مصری ملا کر شربت تیار کریں۔

استعمال: چار چار تولہ صبح و شام پانی ملا کر استعمال کریں۔ ضرورت کے وقت دن میں تین دفعہ استعمال کریں۔ بچوں کو کم مقدار میں مطابق عمر دیں۔

(401) سفوف اکسیر تپ

اسناد: ایک سیاح کا عطیہ خاص ہے جو محض مطب کے لئے مرحمت ہوا تھا اور تجربہ پر مفید پایا۔

منافع: سوائے تپ دق اور موتی جھرہ (مبارکی) کے باقی تمام اقسام تپ کے لئے اکسیر ہے۔ تپ خواہ بلغمی ہو خواہ ملیریا اس سے تین چار یوم میں اتر جاتا ہے۔ خصوصاً ملیریا کے لئے نہایت نایاب چیز ہے۔ مجربات سلطانی حصہ دوم میں تپ کے جس نسخہ کے اظہار کے متعلق وعدہ کیا گیا تھا وہ یہی نسخہ ہے۔ یہ نایاب نسخہ ہر ایک مطب میں تیار رہنا چاہئے۔ لطف یہ کہ بالکل سستا اور بہت آسان ہے۔ پس قدر شناس ناظرین پر مجربات سلطانی کی تہ دل سے قدر کرنی واجب ہے۔ کیونکہ وہ اس کے ذریعہ نہایت نایاب تحائف حاصل کر رہے ہیں۔

نسخہ: افستین، سوڈا اسلی سلاس، مغز تخم کرنجوہ ہر ایک 2 تولہ۔

ترکیب: افستین اور مغز کرنجوہ جدا جدا باریک پیس کر سوڈا ملا کر خوب کھرل کر لیں تاکہ یکجان ہو جائیں۔

استعمال: چار چار رتی صبح و شام ہمراہ دودھ یا پانی گرم استعمال کریں۔

پرہیز: مونگ کی دال، کدو، توری، پالک وغیرہ۔

(402) جورنگس برائے تپ ہر قسم

منافع: تپ ہر قسم کے لئے مفید ہے۔ نیز سوزاک، درد گردہ ضعف ہضم کو فائدہ کرتا ہے۔ اختلاج القلب کے لئے فائدہ مند ہے۔ پیشاب بافراغت لاتا ہے۔ اور قدرے پسینہ آور ہے۔

نسخہ: شورہ قلمی، پھٹکری، نوشادر ہر ایک تولہ تولہ مرچ سیاہ 4 تولہ۔

ترکیب: پہلی تینوں دواؤں کو باریک کر کے کڑچھی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب پگھل جائیں۔ مرچ باریک شدہ کی چٹکیاں دیتے رہیں اور کسی تیغ آہنی سے ہلاتے رہیں حتی کہ مرچ سیاہ ختم ہو جائے پھر گرم ہی کڑچھی سے نکال کر باریک پیس لیں۔

استعمال: تپ کے لئے ہمراہ شربت شربت بنفشہ یا نیلوفر یا بزوری تین تولہ (جس میں عرق گاؤزبان 6 تولہ، عرق 6 تولہ ملایا گیا ہو) استعمال کریں۔ اسی طریق سے صبح و شام استعمال کرائیں۔ اختلاج القلب کے ہمراہ شربت صندل تین تولہ عرق گلاب 6 تولہ، عرق گاؤزبان 6 تولہ، سوزاک و درد گردہ کے لئے ہمراہ

لسی خام اس کی مقدار خوراک دو ماشہ ہونی چاہئے اور دو وقت دیا جائے۔

(403) عرق تپ کہنہ

منافع: یہ نسخہ بظاہر معمولی معلوم ہو گا۔ مگر فوائد کے لحاظ سے نہایت عمدہ ہے۔ خواہ بیس سالہ پرانا تپ ہو اس سے دور ہو جاتا ہے۔ صرف پرانے تپ کے لئے مستعمل ہے۔ ایک صاحب نے حصہ سوم کے لئے بھیجا ہے۔

نسخہ: زیرہ سیاہ درجہ اول، چرائتہ ہر ایک 5 تولہ، قند سیاہ کہنہ 10 تولہ، پانی 1 سیر۔

ترکیب: سب کو باریک کر کے پانی میں 12 گھنٹہ تک بھگو رکھیں پھر جوش دیں۔ جب تین پاؤ رہ جائے اتار کر کپڑے میں چھان لیں اور بوتل میں ڈالیں۔

استعمال: پانچ تولہ صبح پلا دیں۔

غذا: چرب مثل چوزی، کدو، توری، پالک، دال مونگ وغیرہ گھی زیادہ استعمال کریں۔

پرہیز: قابض اور بادی ترشی اور تیل دار اشیاء سے پرہیز واجب ہے۔

(404) قرص تپ مطبقہ وغیرہ

اسناد: شمس الحکما عالی جناب حکیم مولوی شمس الدین صاحب چوکناں والی ضلع گجرات نے نہایت وثوق سے عطا فرمایا ہے ان کا مجرب و معمول ہے۔

منافع: تپ مطبقہ، تپ مرکب، شطرا لغب اورام سینہ و جگر کے لئے نہایت عمدہ ہے۔ جگر و معدہ وغیرہ کی اصلاح کرتا ہے۔ بلکہ ورم معدہ و جگر وغیرہ کے لئے مفید ہے اور پرانے تپ کے لئے نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔ جگر اور معدہ کو طاقت دیتا ہے۔

نسخہ: گل سرخ، افسنتین، طباشیر، صمغ عربی، کیرا ہر ایک 6 ماشہ، ملٹھی، سنبل الطیب، مصطگی، دانہ الائچی خورد، گل غافث ہر ایک تولہ تولہ۔

ترکیب: تمام ادویہ جدا جدا باریک پیس کر ملا لیں اور چار چار ماشہ کے قرص بنائیں۔

استعمال: ایک ایک قرص صبح و شام توڑ کر کھا لیں اور اوپر شربت بزوری تین تولہ، عرق گاؤزبان 9 تولہ پئیں۔

(405) حبوب تپ موسمی وغیرہ

منافع: تپ موسمی، تپ صفراوی، تپ نائبہ خلطیہ ہر قسم کے لئے عجیب الاثر ہیں۔ کونین کا کام دیتی اور بے ضرر ہیں۔ تپ کو بہت جلد رفع کرتی ہیں۔ مجرب و آزمودہ ہیں۔

نسخہ: طباشیر، زہر مہرہ خطائی، ست گلو، دانہ الائچی خورد، مغز تخم کرنجوہ، بورہ صندل سفید، گل ارمنی، صمغ عربی ہر ایک 6 ماشہ، سنکونا فیری فیوج 1 تولہ۔

ترکیب: سب دوائیں الگ الگ باریک پیس کر ملا کر خوب کھرل کریں پھر پانی کی مدد سے چنے کے برابر

گولیاں تیار کریں۔
استعمال: ایک ایک گولی صبح و دوپہر و شام ہمراہ شربت بنفشہ یا شربت نیلوفر تین تولہ استعمال کریں۔

(406) حبوب تپ موسمی

اسناد: یہ نسخہ استاذ الاطباء رئیس الحکماء حضرت استاذیم حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کے معمولات خاص سے ہے۔ آپ نے ازراہ شفقت مطب کے لئے عنائت فرمایا تھا۔
منافع: تپ موسمی کے لئے مجرب و معمول ہے۔
نسخہ: برگ شفتالو، برگ مغیل، بھنگڑہ سرخ، زیرہ سفید ہر ایک تولہ تولہ، مرچ سیاہ ایک ماشہ، پوٹاسی آیوڈائیڈ 6 ماشہ۔
ترکیب: سب کو جدا جدا باریک پیس کر پانی کی مدد سے بقدر نخود گولیاں بنالیں۔
استعمال: دو دو گولیاں صبح و شام ہمراہ آب خالص استعمال کریں۔

(407) حبوب تپ کہنہ وغیرہ

اسناد: یہ نسخہ بھی عالی جناب حضرت استاذیم حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کے معمولات سے ہے۔
منافع: ہر قسم تپ خلطی کے لئے معمول ہیں۔ خصوصاً تپ کہنہ کے لئے زیادہ مستعمل ہیں۔ اخلاط کی اصلاح کرکے تپ کو فوراً توڑ دیتی ہیں اور بالکل بے ضرر ہر مزاج کے موافق ہیں۔
نسخہ: طباشیر، ست گلو، کہربا، تخم شاہترہ، تخم خرفہ، تخم خیارین، دانہ الائچی خورد، کتیرا سفید، صمغ عربی، مغز تخم کدو، گل نیلوفر، آرد ملٹھی ہر ایک تولہ تولہ۔
ترکیب: سب کو باریک کرکے عرق مکو سے خوب کھرل کرکے بقدر نخود گولیاں بنالیں۔
استعمال: دو دو گولیاں صبح، دوپہر و شام ہمراہ شربت بزوری 3 تولہ، چار گنا پانی ملا کر استعمال کریں۔

(408) جوشاندہ تپ لرزہ مجرب

نسخہ و ترکیب استعمال: زرنباد، گلو خشک، صندل سرخ، کشنیز خشک، زنجبیل ہر ایک 4 ماشہ کوٹ کر رات کو ایک پاؤ پانی میں بھگو کر صبح جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے تو مل چھان کر مصری سے میٹھا کرکے تپ سے ایک گھنٹہ پہلے پلانا چاہئے۔ روزانہ اسی طرح استعمال کریں۔

(409) حبوب ملیریا کہنہ وغیرہ

منافع: تپ ملیریا کہنہ کے لئے خصوصاً اور عام تپ خلطی کے لئے عموماً مفید ہیں۔ معمول مطب ہیں اور بے ضرر۔
نسخہ: کونین سلفاس، کشتہ ابرک، سفید ہر ایک 6 ماشہ، گوند کیکر 4 ماشہ۔
ترکیب: سب کو ملا کر کھرل کرکے پانی کی مدد سے چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

استعمال: دو دو گولی صبح و شام ہمراہ سکنجبین تین تولہ استعمال کریں۔

(410) دوائے اطفال

منافع: بچوں کو خرابی جگر و معدہ کی وجہ سے پرانا تپ ہو یا نیا اس کے لئے نہایت عمدہ دوا ہے۔ اگر جگر و معدہ کمزور ہوں۔ ہاضمہ خراب ہو پیٹ بڑھ گیا ہو۔ خون کی کمی ہو تو یہ دوا نہایت فائدہ مند ثابت ہو گی۔ بچوں کے پرانے تپ کے لئے بہت مفید ہے۔ ایک کہنہ مشق طبیب کا مجرب و معمول مطب ہے۔ منڈو قچہ کا نسخہ ہے۔

نسخہ: کونین فولادی، ریوند خطائی، نوشادر ہر ایک 4 رتی۔

ترکیب: سب کو الگ الگ باریک پیس کر ملا کر خوب کھرل کر کے شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: دو دو رتی صبح، دوپہر، شام ہمراہ عرق مکو، عرق گاؤزبان ہر ایک تولہ تولہ استعمال کریں۔ یہ وزن ایک سال کے بچہ کے لئے ہے۔

(411) اکسیر موتی جھرہ

منافع: موتی جھرہ (مبارکی) کے لئے نہایت مفید ہے۔ مبارکی کے دانے خوب نکالتا اور دل کو طاقت بخشتا ہے۔ اور ارواح و قویٰ کی حفاظت کرتا ہے۔ اسہال کی حالت میں بھی مفید و مجرب ہے۔

نسخہ: مروارید ناسفتہ ایک ماشہ، ورق طلا 1 عدد، ورق نقرہ 30 عدد، کشتہ مرجان، استخوان سرطان، کشتہ سنکھ ہر ایک تین ماشہ۔

ترکیب: مروارید کو روح کیوڑہ تین ماشہ میں کھرل کر کے خشک کریں پھر استخوان سرطان کو باریک پیس کر ملا لیں۔ بعدہ کشتہ جات اور ورق ملا کر خوب کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: ایک ایک رتی صبح و شام بتاشہ یا کھانڈ یا منقہ میں رکھ کر کھلا دیں اوپر عرق گلاب 7 تولہ پلائیں۔ بچہ کو چوتھائی خوراک کھلائیں۔

(412) تپ چوتھیہ مجرب

نسخہ: کافور، ہینگ ہر ایک 6 ماشہ، کونین سلفاس تین ماشہ۔

ترکیب: تینوں دوائیں باریک کھرل کر کے گوند کیکر کے لعاب سے ایک ایک رتی گولیاں تیار کریں۔

استعمال: ہر روز صبح کے وقت ایک گولی سے دو گولی تک ہمراہ شربت بزوری تین تولہ استعمال کریں۔

(413) سفوف اکسیر تپ صفراوی

منافع: تپ صفراوی اور تپ محرقہ کے لئے بہت مفید ہے۔ چند خوراک سے ہی بخار رک جاتا ہے اور گرمی مزاج زائل ہو جاتی ہے۔ مجرب، مصدقہ اور نہایت آسان ہے۔

نسخہ: کافور، کیرو ہر ایک تولہ تولہ، طباشیر کبود، دانہ الائچی خورد ہر ایک 6 ماشہ۔

ترکیب: تمام ادویہ باریک پیس کر سفوف بنالیں۔
استعمال: دن میں چار مرتبہ دو دو رتی ہمراہ عرق صندل یا عرق کیوڑہ یا عرق بید مشک استعمال کرائیں۔

(414) اکسیر بخار ملیریا وغیرہ

منافع: ملیریا بخار اور دیگر ہر قسم کے پرانے بخاروں کے لئے نہایت مفید ہے۔ اعلیٰ درجہ مصفی خون ہے۔ داد، چنبل، پھوڑے، پھنسیاں، آتشک، جذام وغیرہ ہر قسم کی خرابی خون کے لئے اکسیر ہے۔ بخار موسمی کے دنوں میں دو خوراک استعمال کی جائیں تو ملیریا سے نجات ملتی ہے۔ مجرب و معمول ہے دو تین دن میں بخار ٹوٹ جاتا ہے۔
نسخہ: گل غافث، منڈی، چرائتہ کوفتہ، شاہترہ، گلو خشک کوفتہ، خوب کلاں، اجوائن دیسی نیم کوفتہ، تخم کاسنی نیم کوفتہ ہر ایک 5 تولہ، بھنگڑہ سفید 6 ماشہ، نوشادر 4 تولہ، سلفیورک ایسڈ 9 ماشہ۔
ترکیب: پہلی آٹھ دوائیں 24 گھنٹہ تک پانچ سیر پانی میں بھگو چھوڑیں پھر جوش دیں۔ جب دو سیر رہ جائے مل چھان کر اس میں بھنگڑہ حل کر کے رات بھر پڑا رہنے دیں۔ صبح میل نیچے بیٹھ جائے گی۔ آہستہ آہستہ نتھار لیں اور اس میں نوشادر سلفیورک ایسڈ ملا کر محفوظ رکھیں۔
استعمال: 2 تولہ صبح 2 تولہ شام پلائیں اگر ساتھ قبض ہو تو میگنیشیا سلفاس ایک تولہ 2 تولہ پانی میں حل کریں۔ اور عرق تلخ کی ایک خوراک ملا کر صبح دے دیں۔ اسہال ہو کر صحت ہو جائے گی۔

(415) دوائے غب غیر خالص وغیرہ

منافع: غب غیر خالص جس میں مادہ صفرا کے ساتھ بلغم شامل ہو اور غب خالص یعنی تپ باری یا صفراوی کے لئے نہایت بے نظیر ہے۔ تپ کو بہت جلد توڑ دیتی ہے۔ نیز دل دھڑکہ کے لئے مفید ثابت ہوئی ہے۔
نسخہ: بنفشہ، گل نیلوفر، گاؤزبان، سونف کوفتہ، ملٹھی کوفتہ ہر ایک 6 ماشہ، آلو بخارا، سات دانہ گلقند 3 تولہ۔
ترکیب: سب کو ایک سیر پانی میں جوش دیں۔ جب چوتھائی رہ جائے مل چھان کر پلائیں اسی طریق سے صبح و شام استعمال کرائیں۔

(416) تپ مرکب کا مجرب نسخہ

منافع: یہ بے نظیر و قابل قدر نسخہ مرکب و تپ کہنہ کے لئے سینکڑوں دفعہ کا مجرب و آزمودہ ہے۔ اس سے مشابہ دق بخار تین ہفتہ میں کافور ہو جاتا ہے۔
نسخہ: خطمی، خبازی ہر ایک 6 ماشہ، تخم کاسنی، بیخ کاسنی، بادیاں، بیخ بادیان ہر ایک 1 تولہ، اصل السوس مقشر، بال چھڑ، گل سرخ، تخم خرفہ، گلو خشک، گل غافث، تخم کشوث در پارچہ بستہ، منقہ، گاؤزبان، گل نیلوفر ہر ایک تولہ تولہ، عناب، لسوڑیاں ہر ایک 18 دانہ، مغز تخم کدو، مغز تخم تربوز، مغز تخم خربوزہ، مغز تخم خیارین ہر ایک تین تولہ، کھانڈ سفید دو سیر۔

ترکیب: کوٹنے والی دوائیں کوٹ لیں پھر سب کو ملا کر تین سیر پانی میں رات کو بھگو دیں۔ صبح جوش دیں جب نصف رہ جائے مل چھان کر کھانڈ ملا کر شربت تیار کریں۔

استعمال: تین تین تولہ صبح و شام پانی ملا کر اس سفوف سے تین ماشہ پہلے کھا کر پئیں۔

نسخہ سفوف: طباشیر، ست گلو، دانہ الائچی خورد ہر ایک 6 ماشہ افسنتین، کشتہ ابرک سفید ہر ایک تین ماشہ، مصری کوزہ 2 تولہ سب کو باریک پیس کر سفوف کریں۔

(417) تپ کا خارجی علاج

منافع: یہ نسخہ بجائے اندرونی استعمال کے بیرونی استعمال سے ہی تپ کو فائدہ کرتا ہے۔ مجرب و آزمودہ ہے۔

نسخہ: آملہ، بھنگ، بادیان تینوں ہم وزن شیر بز حسب ضرورت۔

ترکیب: خشک دوائیں باریک کوٹ کر شیر بز تھوڑا تھوڑا ملا کر خوب پیس لیں حتیٰ کہ پتلا ضماد بن جائے۔

استعمال: ہر دو کف دست و پا پر خوب مالش کریں۔

(418) تپ چوتھیہ کا خارجی علاج

منافع: تپ ربع جو چوتھے دن چڑھتا ہے اس کے لئے یہ خارجی علاج مفید ثابت ہوا ہے۔ اس سے تپ رک جاتا ہے۔ آناً "فاناً" مسیحائی اثر دکھاتا ہے۔

نسخہ: نوشادر، پھٹکری، گیرو ہر ایک تولہ تولہ، فلفل سیاہ چھ ماشہ۔

ترکیب: سب کو باریک پیس کر کپڑے میں چھان لیں اور کسی شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: تپ چڑھنے سے پہلے 1 ماشہ یہ دوا لے کر سرکہ میں حل کر کے انگشت شہادت یعنی کلمہ کی انگلی پر لیپ کریں اور اوپر پیپل کا پتہ باندھ دیں۔ مگر انگلی کا سرا کھلا رہے اور انگلی کو پانی سے تر کرتے رہیں۔ نوبت کے وقت یہ انگلی گرم ہو جائے گی اور تپ رک جائے گا۔

(419) سفوف بخار اکسیری

منافع: یہ اکسیر جہاں سستی ہے اور آسانی سے تیار ہو سکتی ہے۔ ایسے ہی نہایت موثر اور مفید بھی ہے۔ چڑھتے ہوئے بخار کو اتارتی اور اترے ہوئے میں قبل از نوبت دینے سے بخار رک جاتا ہے۔ بے حد موثر و مستند دوا ہے۔

نسخہ: مغز کرنجوہ آٹھ ماشہ گیرو، نوشادر ہر ایک ایک ماشہ، شورہ قلمی 2 ماشہ۔

ترکیب: سب کو خوب باریک کوٹ کر سفوف تیار کریں۔

استعمال: ایک ماشہ شربت بنفشہ یا آب تازہ یا لسی اور شربت یا عرق کے ساتھ صبح، دوپہر، شام استعمال کرائیں۔ اترے ہوئے بخار میں نوبت سے قبل ایک ایک گھنٹہ کے فاصلہ سے ایک ایک ماشہ استعمال کرائیں۔ نفیس مزاجوں کو کیچیٹ میں بند کر کے دے دیں۔ کیونکہ یہ دوا سخت کڑوی ہے۔

(420) حبوب بخار

منافع: موسمی اور نوبتی بخاروں کے لئے نہایت مفید اور تجربہ شدہ ہیں۔ ہمارے مطب میں ہر وقت تیار رہتی ہیں۔
نسخہ: کونین سلفاس، فنسٹین، دانہ الائچی خورد کوفتہ، ست گلو ہر ایک 6 ماشہ، طباشیر کوفتہ 2 تولہ، آب لیموں ایک پاؤ۔
ترکیب: خشک دواؤں کو باریک پیس کر آب لیموں تھوڑا تھوڑا ملا کر کھرل کرتے رہیں۔ جب گولیاں بن سکیں بقدر نخود گولیاں تیار کریں۔
استعمال: ایک ایک گولی صبح، دوپہر، شام ہمراہ دودھ یا پانی استعمال کریں۔

مجربات امراض جلد و عام امراض متعلقہ ظاہر بدن

(421) اکسیر آتشک

اسناد: ہمارے فاضل دوست جناب حکیم ڈاکٹر مقصود احمد خان صاحب ساکن موئی ضلع بارہ بنکی کا صدری مجرب معمول نسخہ ہے۔ آپ نے ازراہ شفقت عنائت فرمایا ہے۔
منافع: آتشک کے لئے بے خطا نسخہ ہے اور صرف تین ہی دن میں اس مرض کا استیصال کر دیتا ہے۔ یہ ایک سینہ کا راز ہے جو افادہ عام کے لئے طشت ازبام کیا جاتا ہے۔ کتابی نہیں احباب بنائیں اور تجربہ کر کے دعائے خیر سے یاد فرمائیں۔ اس دوا سے اسہال آتے ہیں اور مرض کی بیخ کنی ہو جاتی ہے اور تین اسہالوں کے بعد کسی دوا کی ضرورت نہیں رہتی۔
نسخہ: مغز ریندی یعنی ارنڈ جسے ہرنولی بھی کہتے ہیں۔ پانچ تولہ مغز جمالگوٹہ ایک تولہ، رسکپور تیلیہ 6 ماشہ۔
ترکیب: سب کو باریک پیس کر ایک ٹکیہ بنالیں۔ اس کے بعد ایک دیگچی میں پانی بھر کر اس کے اوپر ایک کپڑا باندھ دیں۔ اس پر ٹکیہ رکھ دیں۔ نیچے آگ جلائیں۔ جب ٹکیہ میں کچھ سرخی آجائے تو وہ ٹکیہ اٹھا کر ایک موٹے کپڑے میں رکھ کر گرم گرم ہی خوب نچوڑیں جو تیل برآمد ہو رکھ لیں اور اس کے بعد اسے پھر پیس کر ٹکیہ بنا کر دوبارہ اسی طرح عمل کریں اور نچوڑیں جو تیل نکلے جمع کرلیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔
استعمال: مریض کو پہلے تین دن مونگ کی کھچڑی کھلائیں اس کے بعد چوتھے دن علی الصبح پان جس میں کل مصالحہ کے علاوہ تمباکو نہ ہو آٹھ قطرہ سے بارہ قطرہ تک حسب قوت مریض پان میں چھوڑ کر کھلا دیں۔ دوا استعمال کرنے کے بعد پان اور حقہ خوب استعمال کریں۔ بروقت پیاس گلو کا ابالا ہوا پانی نیم گرم پلائیں اور اگر اسہال اچھی طرح نہ ہوں کمک کی ضرورت ہو تو جلابہ کوفتہ ایک تولہ قند سیاہ یعنی گڑ دو تولہ

پانی مناسب مقدار میں ابال کر دیں بعد دست آنے کے چاول اور دہی کھلا دیں۔ چاول خوب ابلے ہوئے ہوں اس کے بعد ایک دن ناغہ کر کے پھر تیسرے دن دیں۔ اسی طرح تین مسہل دیں۔

(422) جوہر اکسیر آتشک

اسناد: ایک سیاح کا عطیہ خاص ہے ان کا نہایت اطمینانی، مخفی خاص الخاص راز تھا جو ظاہر کیا جاتا ہے۔

منافع: ہر قسم اور ہر درجہ کے آتشک کا یقینی علاج ہے۔ آتشک کو ایک ہفتہ میں اور جذام کو دو ہفتہ میں آرام بخشتا ہے۔ اس کے مفید ہونے میں کوئی شک نہیں۔ نسخہ آسان ہے۔

نسخہ: رسکپور 2 تولہ، شراب برانڈی آدھ سیر۔

ترکیب: رسکپور کو شراب تھوڑا تھوڑا ملا کر کھرل کرتے رہیں۔ جب تمام شراب جذب ہو جائے ٹکیہ بنا کر دو مٹی کے پیالوں میں حسب دستور جوہر اڑائیں لکڑی بیری کی جلانی چاہئے اوپر والے پیالہ پر کپڑا تر کر کے رکھیں۔ جب خشک ہو جائے پھر تر کر دیا کریں۔ آگ صرف دو گھنٹہ تک جلانی چاہئے۔ سرد ہونے کے بعد اوپر والے پیالہ میں جو جوہر موجود ہو وہ اتار کر شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: صبح مویز منقہ میں نصف چاول لپیٹ کر نگلوا دیں۔ پہلے کوئی چیز تھوڑی سی کھلا دینی چاہئے۔

غذا: روٹی بیسنی زیادہ بہتر ہے یا گندم کی روٹی پر گھی ڈال کر یا اس کی چوری بنا کر کھلائیں۔

پرہیز: تمام گرم، ترش اور تیل دار اشیاء سے پرہیز کریں۔ جو یہ نہ کھا سکے دال مونگ، آب نخود یا کوئی سبزی گھی زیادہ ڈال کر پکا کر کھا سکتا ہے۔

(423) حبوب اکسیر آتشک

منافع: آتشک خواہ تر ہو یا مادہ نیا ہو یا پرانا ان گولیوں کے باقاعدہ استعمال سے قطعاً دور ہو جاتا ہے۔ ان کا ایک خاصہ یہ ہے کہ آتشک کو جڑ سے اکھیڑ دیتی ہیں۔ مرض پھر عود نہیں کرتا۔ مجرب و آزمودہ ہیں۔ یہ نسخہ میرے ایک دوست نے خاص مہربانی سے عطا کیا ہے جو کہ ان کا ہمیشہ کا معمول خاص ہے۔ بالکل آسان و بے خطا ہے۔

نسخہ: مغز کرنجوہ، مغز جمالگوٹہ مدبر ہر ایک 6 ماشہ، افیون ایک ماشہ گوکل بھینسہ 9 ماشہ، سم الفار سفید 1 ماشہ، بیضہ مرغ ایک عدد۔

ترکیب: تمام ادویہ جدا جدا کھرل کر کے ملا لیں اور بیضہ میں تھوڑا سا سوراخ کر کے اس سے نصف کے قریب زردی اور سفیدی نکال ڈالیں اور دوائی اس میں ڈال کر کسی چیز سے خوب ملا دیں پھر بیضہ مرغ مذکور پر گندم کا آٹا گوندھ کر لگا دیں مگر بیضہ کے منہ پر آٹا نہ لگائیں اور کوئلوں کی آگ پر رکھیں۔ آگ درمیانہ ہو جب آٹا سرخ ہو جائے تو بیضہ کو اتار کر سرد کر کے دوائی نکال کر باریک کھرل کر کے مونگ کے دانہ سے قدرے چھوٹی گولیاں تیار کر لیں اور خشک کر کے شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: ایک یا دو گولیاں مطابق طاقت مریض صبح بکری کے تازہ دودھ کے ساتھ نگلوا دیں۔ بہتر ہے

پہلے کوئی چیز کھلا دی جائے اور گولی کھلا کر بکری کا دودھ پلاتے رہنا ضروری ہے۔ اگر خشکی زیادہ معلوم ہو تو دودھ میں گھی بھی ملا لیا جائے۔

غذا: مرغن روٹی یا چوری مناسب ہے جو مریض یہ نہ کھا سکے اس کو دال مونگ کدو' توری' پالک' آب نخود وغیرہ زیادہ گھی ڈال کر خشک پھلکہ کے ساتھ کھلائیں۔

نوٹ: اگر دوائی ایک بیضہ میں نہ آ سکے تو دو عدد بیضہ میں ملا لیں۔

(424) آتشک کی بے خطا گولیاں

منافع: آتشک ہر قسم کے لئے سینکڑوں دفعہ کی مجرب المجرب بے خطا گولیاں ہیں۔ ان کا ایک خاصہ یہ بھی ہے کہ ان میں تیز یا زہریلی چیز کوئی نہیں اور کسی قسم کی تکلیف یا نقصان نہیں ہوتا۔ آہستہ آہستہ مرض کی بیخ کنی ہو جاتی ہے۔ مزاج کو اعتدال پر لاتی اور خون صاف کرتی ہیں۔ ایک دوست ان گولیوں کو اشتہار کے ذریعہ فروخت کرتے ہیں۔ روسا اور نازک مزاج مریضوں کے لئے زیادہ مناسب ہیں۔

نسخہ: کشنیز خشک' دانہ الائچی خورد' ہریاول' کتھ سفید ہر ایک دو تولہ۔

ترکیب: تمام ادویہ جدا جدا باریک پیس کر ایک پختہ کھرل میں ڈال کر لعاب گھیکوار تھوڑا تھوڑا ملاتے جائیں۔ اور کھرل کرتے رہیں۔ دن میں صرف دو تین گھنٹہ تک کھرل کرنا ضروری ہے۔ اسی طرح پندرہ دن کھرل کر کے گولیاں بقدر دانہ جوار تیار کریں۔

استعمال: ایک گولی صبح ہمراہ دودھ گائے نگلوا دیا کریں۔ اور ہر روز ایک ایک گولی بڑھاتے جائیں پھر سات دن کے بعد ایک ایک گولی روزانہ کم کرتے جائیں۔ جب ایک گولی پر پہنچ جائیں بند کر دیں۔

ہدایات: غذا مرغن روٹی یا چوری یا سبزی کے ساتھ روٹی کھلائیں۔ گرم ترش اور تیل دار اشیاء مثلاً گوشت' اچار' سرخ مرچ وغیرہ سے پرہیز کریں۔

(425) حب اکسیر آتشک و جذام

اسناد: ایک سنیاسی کا نسخہ ہے۔

منافع: آتشک ہر نوع کے لئے نہایت بے خطا ہے۔ سات دن سے زیادہ استعمال کرنے کی کبھی ضرورت نہیں رہی۔ جذام کا خاص علاج ہے۔

نسخہ: پارہ' آملہ سار' مصبر' رسکپور' دار چکنا' آرد ملٹھی ہر ایک 3 ماشہ' آب لیموں 25 عدد۔

ترکیب: پہلے پارہ اور آملہ سار کو کھرل کریں۔ جب خوب مل جائیں۔ دوسری خشک دوائیں ملا کر خوب کھرل کریں پھر لیموں کے پانی سے کھرل کرتے رہیں۔ جب لیموں کا آب پانی خرچ ہو کر گولیاں بنانے کے لائق ہو جائے تو بقدر دانہ مرچ سیاہ گولیاں تیار کر لیں۔ اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: ایک گولی صبح مکھن میں رکھ کر نگلوا دیا کریں۔

ہدایات ضروریہ: دوران استعمال میں سرد پانی سے ہاتھ نہ دھوئیں۔ سردی کے موسم میں سردی سے

بچیں اور کپڑا گرم رکھیں۔ روٹی مکھن یا گھی سے کھلائیں اس کے سوا سب چیزوں سے پرہیز ہے۔

(426) دوائے مصفی خون

منافع: خون صاف کرتی ہے۔ تمام جلدی بیماریوں کے لئے نہایت عمدہ چیز ہے۔ یعنی آتشک نر و مادہ ہر قسم نیا اور پرانا ہر قسم کے پھوڑے پھنسیاں، جذام، خارش بدن وغیرہ کو چند دنوں میں نیست و نابود کر کے بدن کو مثل کندن بنا دیتی ہے۔ مجرب ہے۔

نسخہ: ہڑتال ورقی ایک تولہ، مرچ سیاہ چار تولہ، حنظل یعنی اندرائن پختہ تازہ ایک عدد۔

ترکیب: پہلی دونوں دوائیں جدا جدا باریک کھرل کر کے ملالیں اور 12 گھنٹہ تک خوب کھرل کریں۔ پھر اندرائن کا چھلکا اور بیج الگ کر کے پھینک دیں اور صرف گودا لے کر ملائیں اور کونڈا ڈنڈہ میں خوب گھوٹیں حتیٰ کہ پانی خشک ہو جائے خوب زوردار ہاتھوں سے گھوٹیں پھر خشک کر کے اس کے برابر صندل پوڈر ملا کر رکھ دیں۔

استعمال: صبح ایک ماشہ سے 2 ماشہ تک مطابق عمر و طاقت مریض موسم وغیرہ کا لحاظ رکھ کر ہمراہ جوشاندہ مندرجہ ذیل استعمال کرائیں۔ دوران استعمال میں گھی زیادہ استعمال کرائیں۔ اگر اسہال زیادہ آجائیں تو مونگ کی کھچڑی یا چاول یا ڈبل روٹی دودھ استعمال کرائیں چھوٹے بچوں کو قلیل مقدار میں دیں۔

نسخہ جوشاندہ: برگ نیم خشک، برگ بکائن خشک، برگ سپستاں (لسوڑہ) خشک ہر ایک 6 ماشہ (اگر سبز ہوں تو ایک ایک تولہ چاہئے) ڈیڑھ پاؤ پانی میں جوش دیں۔ جب آدھ پاؤ رہ جائے تو مل چھان کر شہد 2 تولہ ملا کر پلائیں۔

نوٹ: صندل پوڈر کا نسخہ مجربات سلطانی حصہ دوم میں درج ہو چکا ہے۔

(427) اکسیر مرہم آتشک وغیرہ

منافع: ہر قسم کے زخم آتشک کے لئے اکسیر ثابت ہوئی ہے۔ خواہ کیسے ہی گلے سڑے اور بدبودار خراب زخم ہوں۔ اس کے استعمال سے شفا حاصل ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ چنبل، گنبھیر، پھوڑہ، پھنسی ہر قسم کے لئے نہایت مفید ہے۔ آتشک کے زخم صرف ایک یا دو دفعہ لگانے سے دور ہو جاتے ہیں۔

نسخہ: پارہ، زنگار، شنگرف، مردار سنگ، برگ نیم، صدف سوختہ، پیاز ہر ایک 4 ماشہ، رال 6 ماشہ، روغن زرد 5 تولہ۔

ترکیب: پہلی چھ دواؤں کو ایک جگہ کھرل کریں پھر ان میں پیاز باریک کر کے ملا دیں پھر رال کو فتہ اور روغن زرد کو ملا کر آگ پر گرم کر کے پہلی دواؤں کو اس میں ملالیں مرہم تیار ہے۔

استعمال: جس قدر زخم ہو اس کے برابر کپڑے کا پھاہہ کتر کر مرہم لگا کر زخم پر لگائیں۔

نوٹ: صدف پر گیلی مٹی لگا کر کوئلہ کی تیز آنچ میں رکھیں۔ جب جل جائے نکال کر پیس لیں اور صدف یعنی سیپی اصلی ہونی چاہئے۔ جسے صدف صادق کہتے ہیں۔

(428) دوائے جذام

بیاض: عالی جناب حکیم مولوی شمس الدین صاحب سکنہ چوکناں والی ضلع گجرات کے مجربات سے ہے۔

فوائد: جذام کو چالیس دن میں شفا بخشتی ہے۔ نئے اور پرانے مرض کے لئے مفید ہے۔

نسخہ: ہڑتال ورقی، بچھناک ہر ایک 5 ماشہ نربسی، جدوار خطائی ہر ایک 9 ماشہ، خاکستر مار سیاہ تولہ۔

ترکیب: سب ادویہ جدا جدا باریک کھرل کر کے پانی کی مدد سے ایک ایک رتی کی گولیاں تیار کریں۔

استعمال: صبح ایک گولی ہمراہ عرق کیوڑہ بارہ تولہ نگلوا دیں۔ اور ہر روز ایک ایک گولی زیادہ کرتے جائیں۔ جب سات گولیوں تک پہنچ جائیں پھر ہر روز سات گولیاں استعمال کرایا کریں۔ دوران استعمال میں دودھ، گھی زیادہ استعمال کرائیں۔ 40 دن کافی ہے۔

(429) اکسیر برص و چنبل

فوائد: برص و چنبل کے لئے نہایت اکسیر ہے اور نہایت آسان اور سستی دوا ہے۔ کچھ عرصہ تک متواتر استعمال کرنی چاہئے۔ اس سے کئی مریض شفایاب ہو چکے ہیں۔ منتخب دوا ہے۔

نسخہ: تخم پنواڑ، آملہ سار، خرمہرہ زرد سوختہ ہر ایک 5 تولہ، گھی گائے 10 تولہ۔

ترکیب: خشک دوائیں جدا جدا باریک کھرل کر کے روغن زرد میں ملا لیں اور کپڑے پر لیپ کر کے ایک شاخ پر لٹکا کر نیچے سے آگ لگا دیں اور نیچے برتن رکھیں۔ جب سب تیل نکل آئے۔ شیشی میں محفوظ رکھیں۔ کپڑا نصف بالشت چوڑا اور بالشت سے کچھ لمبا چاہئے۔

استعمال: ایک ماشہ کھانڈ میں ملا کر کھلائیں۔ غذا مونگ کی دال اور سبزی کسی قسم کی استعمال کرائیں۔ مگر گھی اور تیل کی بنی ہوئی اشیاء سے پرہیز کریں۔

(430) معجون دافع برص

فوائد: برص جیسی مشکل مرض کے لئے مفید ثابت ہوئی ہے۔ ایک بیاض خاص کا مجرب نسخہ ہے۔

نسخہ: پوست ہلیلہ زرد، پوست بلیلہ، آملہ، مرچ سیاہ، فلفل دراز، تخم کرفس، بسفائج، گل سرخ، گاؤزبان، اسطوخودوس، تخم پنواڑ، بابچی، برگ نیم، برگ حنا، سناء مکی تربد موصوف مصبر، مدہ ہر ایک 6 ماشہ، زعفران [...]شہ، آملہ سار 7 ماشہ، تخم حنظل 2 ماشہ، شہد 1 پاؤ۔

ترکیب: خشک ادویہ جدا جدا باریک پیس کر شہد میں ملا لیں۔

استعمال: ڈیڑھ ڈیڑھ ماشہ صبح و شام ہمراہ دودھ گاؤ استعمال کریں۔

(431) اکسیر چنبل

فوائد: چنبل کا شرطیہ حکمیہ نسخہ ہے۔ جلن، خارش، زرد پانی جاری ہونا، پیپ کا خارج ہونا، چنبل کے عوارض کو تھوڑے عرصہ میں دور کر دیتا ہے۔ بہت زود اثر اور مجرب و آسان نسخہ ہے ایک دوست کا

عام معمولی ہے۔
نسخہ: گندھک آملہ سار، مردار سنگ، زنک آکسائیڈ ہر ایک ایک تولہ، ا۔سڈ کاربالک 2 ماشہ، وسلین 5 تولہ۔
ترکیب: گندھک اور مردار سنگ کو باریک کھرل کریں پھر سب اشیاء کو آپس میں ملالیں۔
استعمال: دن میں دو دفعہ چنبل پر لگائیں۔

(432) دیگر

منافع: چنبل کے لئے شرطیہ مفید و مجرب ہے۔ اس سے کسی قسم کی تکلیف وغیرہ نہیں ہوتی۔ ہر قسم کی خارش کو فائدہ کرتا ہے۔ ورم خصیہ پر لگانے سے ایک دو دن میں پورا فائدہ کرتا ہے۔ مجرب اور اطمینانی ہے۔ مشکل سے حاصل کیا ہے۔
نسخہ: دیسی کھدر (جس کا عرض نصف گز ہوتا ہے) ایک بالشت، شیر مدار بقدر ضرورت، تیل کنجد بقدر ضرورت، آملہ سار 5 تولہ۔
ترکیب: کھدر کو شیر مدار سے خوب تر کر کے سایہ میں خشک کریں۔ اسی طرح تین دفعہ تر و خشک کریں پھر روغن کنجد سے خوب تر کر کے آملہ سار باریک پیس کر اس کپڑا پر چھڑک دیں۔ پھر ایک سیخ آہنی پر لٹکا کر نیچے سے آگ لگادیں۔ اور نیچے برتن رکھیں۔ تیل ٹپک ٹپک کر جمع ہوتا رہے گا۔ جب سب تیل نکل آئے اس کو نگاہ رکھیں۔
استعمال: پہلے کاربالک یا نیم کے صابن یا نیم کے جوشاندہ سے زخموں کو دھو کر روئی کے پھاہہ سے لگا دیں۔

(433) روغن ضربہ و سقطہ

اسناد: استاذ الاطباء جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب لاہوری کے بیاض خاص کا نسخہ ہے۔
منافع: ضربہ و سقطہ یعنی چوٹ کے لئے مجرب اور آزمودہ ہے۔ چوٹ سے جو درد ورم وغیرہ ہو گیا ہو۔ اس کو جلد آرام بخشتا ہے۔ اور آسان ہے۔
نسخہ: لونگ، مال کنگنی، بھنگرہی، نمک دیسی، موم دیسی، رتن جوت، انجبار، قند سیاہ، سونٹھ، اجوائن دیسی سب دوائیں ایک ایک پیسہ کی لیں۔ افیون تین ماشہ روغن کنجد 1 پاؤ۔
ترکیب: تمام خشک ادویہ خوب باریک کپڑچھان کر کے روغن کنجد میں ملالیں۔
استعمال: حسب دستور گرم کر کے مالش کریں۔ اگر زیادہ تکلیف ہو تو روئی سے لگادیں۔

(434) روغن چوٹ

منافع: جس جگہ کسی قسم کی چوٹ لگ جائے اس روغن کی مالش سے کلیتہً آرام ہو جاتا ہے۔ درد ورم اور سرخی وغیرہ کو فی الفور آرام دیتا ہے۔

نسخہ: لونگ، بین کا تیل، جائفل ہر ایک 2 تولہ، چربی شیر، چربی ریچھ ہر ایک 5 تولہ، صابن آدھ پاؤ، روغن کنجد ایک سیر، تخم حرمل ایک پاؤ۔

ترکیب: خشک دوائیں باریک کپڑچھان کر کے سب چیزیں خوب ملا کر محفوظ رکھیں۔

استعمال: حسب دستور گرم کر کے مالش کریں۔ اگر درد اور ورم کی تکلیف زیادہ ہو تو دن میں دو یا تین دفعہ استعمال کریں اوپر روئی گرم کر کے باندھنی چاہئے۔

(435) فساد خون و چھپاکی

منافع: ہر قسم کے فساد خون و چھپاکی کے لئے مفید ہے۔ مطب سلیمی کا فیض ہے۔

نسخہ: گیری، پوست نخود، صندل سرخ ہر ایک 2 تولہ، ورق طلا 12 عدد، شہد 12 تولہ۔

ترکیب: پہلی تینوں دوائیں جدا جدا باریک پیس کر ورق طلا ایک ایک کر کے ڈالتے جائیں اور کھرل کر کے یکجان کر لیں پھر شہد میں ملا لیں اور ڈبیہ میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: ڈیڑھ ڈیڑھ تولہ صبح و شام چٹائیں۔

(436) اطریفل مصفی خون

منافع: تمام جلدی امراض کے لئے مجرب ہے۔ آتشک، خارش، پھوڑے، پھنسیاں وغیرہ تمام جلدی امراض کے لئے معمول ہے۔

نسخہ: پوست ہلیلہ زرد، سناء مکی، پارہ ہر ایک 4 تولہ، پوست ہلیلہ کابلی پانچ تولہ، ہلیلہ سیاہ تولہ، پوست آملہ، پوست بلیلہ، افتیمون ہر ایک تین تولہ، گل سرخ، بنفشہ ہر ایک 2 تولہ، کشمش سبز 6 تولہ، شہد 35 تولہ حسب دستور اطریفل تیار کریں۔

استعمال: ایک ایک تولہ صبح و شام ہمراہ شربت عناب 5 تولہ استعمال کریں۔

(437) دوائے چھپاکی (شری)

نسخہ و ترکیب استعمال: پودینہ 6 ماشہ، مصری ایک تولہ، پانی ایک پاؤ میں پیس کر چھان کر پلائیں۔ دن میں دو تین خوراک دینے سے آرام ہو جاتا ہے۔

(438) دوائے کھرالی

نسخہ و ترکیب استعمال: روئی 2 ماشہ کو شیر برگد 6 ماشہ میں تر کر کے کھرالی پر باندھ دیں۔ 24 گھنٹہ کے بعد اسی طرح پھر تازہ پھاہہ بنا کر باندھیں۔ صرف تین چار یوم میں آرام ہو گا۔

(439) عرق برص

منافع: برص کے لئے مجرب و آزمودہ ہے۔

نسخہ: زرد چوب، پوست اندرون درخت نیم، ہالون، قند سیاہ کہنہ ہر ایک ایک سیر۔

ترکیب: سب کو کوٹ کر ایک مٹکے میں ڈال کر دس سیر پانی ڈالیں اور منہ بند کر کے گھوڑے کی لید میں دو ہفتہ تک دفن کریں پھر نکال کر عرق کشید کریں۔

استعمال: دس دس تولہ صبح و شام کو پلادیں۔

(440) ضماد اکسیر رسولی

منافع: رسولی خواہ جیسی ہو اس سے پھٹ کر نابود ہو جاتی ہے۔ مجرب و آزمودہ ہے۔

نسخہ: نیلا تھوتھہ، بچی کبوتری رنگ، چوک گانٹھ، مین پھل ہر ایک تین ماشہ، بیٹ کنجشک، بیٹ کبوتر ہر ایک ۶ ماشہ، چونہ 2 تولہ، روغن کنجد 5 تولہ۔

ترکیب: پہلی چھ چیزوں کو باریک پیس لیں اور چونہ کو پانی میں چار پہر تک بھگو رکھیں۔ پھر اس کا زلال یعنی صاف پانی لے کر اس میں روغن کنجد ملا کر دو گھنٹہ تک خوب کھرل کریں۔ جب تیل مکھن کی طرح سفید اور گاڑھا ہو جائے تیل کو پانی سے الگ کر کے اس میں پسی ہوئی چھ ادویہ مذکورہ ملا لیں۔ بس تیار ہے۔

استعمال: ہر روز رسولی پر لگائیں جب ہفتہ عشرہ کے بعد رسولی پھٹ کر زخم بن جائے تو کوئی مرہم لگاتے رہیں حتیٰ کہ زخم مندمل ہو جائے۔

(441) مرہم سعفہ یعنی گنج

منافع: سعفہ یعنی سر کے گنج کے لئے تیر بہدف ہے۔ سر کا گنج خواہ جس قدر پرانا ہو اس مرہم سے دور ہو کر نشان تک نہیں رہتا۔ مجرب اور منتخب عجیبہ نسخہ ہے۔

نسخہ: آملہ سار تولہ، کشتہ جست، تیل نارجیل یعنی گری کا تیل ہر ایک 2 تولہ، نیلہ تھوتھ 6 ماشہ۔

ترکیب: خشک ادویہ کو باریک کھرل کر کے تیل نارجیل میں ملا لیں۔

استعمال: بقدر ضرورت لے کر سر پر لیپ کریں۔ دس گھنٹہ کے بعد گرم پانی سے دھو کر اتار دیں اور پھر لیپ کر دیں۔

(442) مرہم اکسیر ناسور

منافع: خواہ کیسا ہی کہنہ اور سخت ناسور کیوں نہ ہو اس کے چند روزہ استعمال سے دور ہو جاتا ہے۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔

نسخہ: آب برگ سداب تازہ، روغن کنجد ہر ایک ایک پاؤ، چھپکلی مردہ تازہ ایک عدد، مردہ سنگ 2 تولہ۔

ترکیب: تمام اشیاء کو ایک لوہے کے برتن میں ڈال کر جلا دیں پھر کھرل میں اس حد تک کھرل کریں کہ جملہ اشیاء یکجان ہو جائیں۔ بعدہ کسی شیشی میں ڈال کر محفوظ رکھیں۔

استعمال: ضرورت کے وقت کپڑے کا ٹکڑا لے کر بتی بنا کر روغن کو ملا کر اس میں بتی تر کر کے سلائی سے ناسور کے اندر پہنچا دیں یا اوپر باندھ دیا کریں۔ جیسا موقعہ ہو عمل کریں جب بتی خشک ہو جائے تبدیل کر

(443) معجون وجع المفاصل

منافع: یہ نسخہ وجع مفاصل (جوڑوں کے درد) وجع الورک' عرق النساء (ر ینگن) کے لئے نہایت مفید ہے۔ امراض بلغمی اور درد ریح کے لئے نہایت عمدہ موثر ثابت ہوا ہے۔ اس سے روزانہ ٹٹی بافراغت آتی ہے اور ساتھ ساتھ مواد خارج ہوتے رہتے ہیں۔ بے ضرر سریع الاثر اور آسان ہے۔

نسخہ: آرد سونف' تخم حنظل' اجوائن خراسانی' سقمونیا' سورنجاں شیریں' تربد سفید' ایارج فیقرا ہر ایک ...ماشہ' کونین فولادی 3 ماشہ' شہد خالص 8 تولہ۔

ترکیب: سوائے شہد کے باقی دوائیں خوب باریک کوٹ چھان کر شہد میں ملالیں۔

استعمال: تین ماشہ صرف صبح کے وقت یا دونوں وقت ہمراہ آب نیم گرم کھائیں۔

(444) حب اکسیر عرق النساء

منافع: عرق النساء یعنی ر ینگن کے لئے مفید ثابت ہوا ہے۔ اس کے علاوہ امراض ریاحی سرد اور وجع مفاصل کے لئے مفید ہے۔ تپ باردہ لازمہ کو رفع کرتا ہے۔ بھوک بڑھاتا ہے۔ ہاضم مقوی معدہ دافع ریاح ہے۔ مجرب المجرب ہے۔

نسخہ: سم الفار سفید' نمک شیشہ ہر ایک 5 ماشہ' شیر آک حسب ضرورت' فلفل سیاہ' فلفل دراز' تخم ...' اجوائن دیسی' اجوائن خراسانی ہر ایک 3 تولہ' آب لیموں حسب ضرورت۔

ترکیب: سم الفار اور نمک شیشہ کو باریک کھرل کر کے ایک کوزہ گلی میں ڈال کر اس پر آک کا دودھ اس قدر ڈالیں کہ دوا تر ہو جائے پھر اس کا منہ چینی سے خوب بند کر کے تمام کوزہ پر گل حکمت کر کے خشک کریں اور دس سیر اوپلہ کی آنچ دیں۔ جب سرد ہو جائے نکال کر باقی دوائیں باریک کوٹ چھان کر ملالیں اور آب لیموں سے کھرل کر کے حبوب بقدر نخود بنالیں۔

استعمال: ایک یا دو حبوب صبح و شام ہمراہ دودھ کھائیں۔

(445) حبوب اکسیر وجع مفاصل

منافع: یہ بے نظیر گولیاں وجع مفاصل یعنی جوڑوں کے درد کے لئے نہایت موثر و مفید ہیں۔ نیز ریحی درد کے لئے (خواہ جوڑوں میں ہو خواہ تمام بدن میں نہایت اکسیر ہیں۔ غلبہ ریح ضعف معدہ کے لئے نہایت سود مند ثابت ہوئی ہیں۔ درد اعصابی کو فائدہ کرتی ہیں۔ ان حبوب کا کئی بار تجربہ ہوا ہے۔

نسخہ: کچلہ ایک پاؤ' شیر میش یعنی دودھ بھیڑی' کشمش' گھی یہ تینوں حسب ضرورت۔

ترکیب: کچلے ایک چینی کے برتن میں ڈال کر ان پر شیر میش اس قدر ڈالیں کہ کچلے ڈوب جائیں۔ آٹھ گھنٹے بعد دودھ گرا کر کچلے پانی سے دھو کر پھر شیر میش اسی قدر ڈال دیں یہی دستور جاری رکھیں۔ ہر روز دودھ ڈال دیا کریں۔ جب کچلوں سے چھلکا اترنے لگے۔ دودھ ڈالنا بند کر دیں اور دھو کر ایک آہنی

کڑچھی وغیرہ میں ڈال کر ان پر گھی اس قدر ڈالیں کہ اوپر آجائے آگ درمیانہ جلاتے رہیں جو کچلہ پھول کر اوپر آجائے اسے باحتیاط چمچے سے پکڑ کر نکال لیا کریں۔ جب اسی طرح تمام کچلے بریاں ہو جائیں۔ ان کو ہاون دستہ میں اسی وقت گرم گرم ہی باریک کوٹ لیں۔ پھر ان کو وزن کر کے ان کے برابر کشش باریک کوٹ کر ملالیں۔ پھر دوبارہ خوب کوٹیں تاکہ یکجان ہو جائیں پھر جنگلی بیر کے برابر گولیاں تیار کریں۔

استعمال: ایک ایک گولی صبح وشام کھانا کھانے کے بعد ہمراہ گھی یا شیر بز کھائیں۔

(446) سفوف سورنجان

منافع: دردمفاصل یعنی جوڑوں کے درد کے لئے اکسیر ہے۔ اور عرق النساء، نقرس، دردمفاصل ریاحی وغیرہ کے لئے معمول ہے۔ مواد کو خارج اور قبض کو رفع کرتا ہے۔ میرے مطب میں ہر وقت تیار رہتا ہے۔ اس سے روزانہ ایک دواجابتیں ہو کر فائدہ ہوا شروع ہوتا ہے۔

نسخہ: سورنجان شیریں 2 تولہ، گل سرخ، برگ سناء ہر ایک 1 تولہ، پوست ہلیلہ زرد، آرد تربد، مغز بادام مقشر، رب السوس، مصطگی ہر ایک 7 ماشہ، سقمونیا 3 ماشہ، زعفران 1 ماشہ، کھانڈ 8 تولہ۔

ترکیب واستعمال: سب کو باریک کر کے ملالیں۔ ایک تولہ رات کو سوتے وقت ہمراہ دودھ پھانک لیں۔

(447) روغن وجع مفاصل اکسیری

منافع: یہ روغن وجع مفاصل یعنی جوڑوں کے درد کے لئے نہایت مفید ہے۔ نیز تمام اعصابی وبلغمی امراض مثلاً فالج، لقوہ، استرخا، کزاز، تشنج رعشہ کے لئے عجیب الاثر ہے۔ نہایت مفید اور آسان قابل اعتماد نسخہ ہے۔

نسخہ: تخم دھتورہ، اجوائن خراسانی ہر ایک 9 ماشہ، مٹھ تیلیہ، مال کنگنی ہر ایک 6 ماشہ، جائفل، زنجبیل، کٹھ تلخ، عقرقرحہ، تخم کرفس، سونف رومی ہر ایک تولہ تولہ، روغن بابونہ، روغن گل، روغن ارنڈ، روغن کنجد ہر ایک 10 تولہ، جندبیدستر 6 ماشہ۔

ترکیب: پہلی دس دوائیں نیم کوب کر کے دو سیر پانی میں آٹھ پہر تک بھگو رکھیں۔ پھر جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے مل چھان کر چاروں روغن ملا کر دوبارہ آگ پر پکائیں۔ جب پانی جل کر صرف تیل رہ جائے اتار کر جندبیدستر نہایت باریک پیس کر ملا کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: رات کو اور دوپہر کے وقت گرم کر کے مالش کیا کریں۔

(448) دوائے گنٹھیہ

اسناد: حضرت استاذ علامہ جناب حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب مرحوم لاہوری کا معمول مطب ہے۔

منافع: گنٹھیہ یعنی جوڑوں کے درد اور درد ریح کے لئے مفید ہے۔ نیز جریان کو فائدہ بخشتا ہے۔ نہایت آسان وموثر ہے۔

نسخہ: شنگرف رومی تولہ، بھنگرہ دو تولہ۔

ترکیب: دونوں دوائیں ایک جگہ باریک کر کے تابہ آہنی پر ڈال کر نیچے آگ جلائیں۔ جب پھول جائے آگ بند کر دیں اور سرد ہونے کے بعد باریک پیس لیں۔

استعمال: ایک ایک رتی صبح و شام پتاشہ یا کھانڈ میں ملا کر کھالیں اور اوپر سے دودھ پئیں۔ دوران استعمال میں دودھ، گھی زیادہ استعمال کریں۔ مقدار کی کمی بیشی طبیب کی مرضی پر ہے۔

(449) حب برائے درد زانو

فوائد: یہ نسخہ درد زانو کے لئے مجرب ہے۔ روزانہ اجابت ہو کر مواد خارج ہوتے رہتے ہیں۔ نیز درد مفاصل کو فائدہ کرتا ہے۔

نسخہ: گوگل 5 تولہ چھوہارے دس عدد برگ سنا، سورنجاں شیریں، مصبر عمدہ، مویز منقہ ہر ایک 2 تولہ، مغز ... تولہ۔

ترکیب: سب ادویہ جدا جدا باریک کر کے ملا کر دوبارہ خوب کھرل کریں۔ اور پانی کی مدد سے بقدر نخود گولیاں بنائیں۔

استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ دودھ کھائیں، ترش چیزوں سے پرہیز کریں۔

(450) حب درد کمر

فوائد: درد کمر کے لئے مفید ہے۔ جوڑوں کے درد، ریاحی اور بلغمی امراض کو فائدہ کرتی ہے۔ درد زانو کے لئے مجرب ہے۔

نسخہ: موصلی سفید، فلفل دراز، اجوائن دیسی پپلا مول، ہر ایک تولہ تولہ، میدہ لکڑی، زنجبیل آسگند ناگوری ہر ایک 2 تولہ، قند سیاہ کہنہ بقدر ضرورت۔

ترکیب: دواؤں کو باریک پیس کر قند سیاہ اس قدر ملا کر کوٹیں کہ گولیاں بن سکیں۔ پھر گولیاں بقدر دانہ نخود تیار کریں۔

استعمال: دو دو گولی صبح و شام ہمراہ عرق سونف دس تولہ استعمال کریں۔

(451) دوائے عرق مدنی یعنی نارووا

فوائد: عرق مدنی (نارووا) کے لئے نہایت عجیب الاثر اور مجرب المجرب ہے۔ ایک دو مرتبہ لگانے سے آرام ہو جاتا ہے۔

نسخہ: کافور، مرچ سیاہ، ہر ایک ماشہ ماشہ، پانی حسب ضرورت۔

ترکیب و استعمال: دونوں دوائیں باریک کر کے پانی میں کھرل کر کے ضماد تیار کریں۔ حسب دستور لگایا کریں۔

(452)دیگر

نسخہ: کافور، نرکچور ہر ایک دو تولہ، قند سیاہ تین تولہ۔
ترکیب: کافور اور نرکچور باریک پیس کر قند سیاہ ملا کر خوب کوٹیں تا کہ یکذات ہو جائیں۔
استعمال: فلالین کا گولا بنا کر درمیان سے سوراخ کر کے اس پر دوائی لگا کر ناروا پر چسپاں کریں جب از
جائے پھر تازہ تیار کر کے لگا دیں۔

(453) معجون اکسیر خنازیر

منافع: خنازیر کے لئے معمول ہے اور نہایت آسان و سستی دوا ہے۔
نسخہ: مغز تخم سرس یعنی شیریں، مغز نارجیل یعنی گری کھوپہ ہر ایک 5 تولہ 1 تولہ۔
ترکیب: سرس کی پختہ پھلیاں لے کر ان سے بیج نکال لیں اور بادام کی طرح توڑ کر ان کے مغز حاصل
کریں پھر ان کو ہاون دستہ میں خوب باریک کوٹ کر گری کھوپہ بلا کر خوب کوٹیں تا کہ یکجان ہو جائے بعد
شہد ملا کر ڈبیہ میں نگاہ رکھیں۔
استعمال: چار چار ماشہ صبح و شام نہار ہمراہ پانی استعمال کریں۔
نوٹ: خنازیر کے لئے مرہم کا ایک اکسیری نسخہ مجربات سلطانی حصہ اول میں درج ہے اور چند کھانے او
لگانے کے اعلیٰ نسخہ جات حصہ دوم میں درج کئے گئے ہیں۔ وہاں سے ملاحظہ کریں ان نسخہ جات کے
استعمال سے آپ خنازیر کا علاج شرطیہ کر سکتے ہیں۔

(454)دانہ گرمی یعنی پت

منافع: دانہ گرمی جس کو پنجابی میں پت کہتے ہیں۔ اس اکسیری نسخہ کے استعمال سے اکثر ایک دن میں
معدوم ہو جاتے ہیں۔ کئی مرتبہ تجربہ میں آچکا ہے۔
نسخہ: کافور، مردہ سنگ، سوڈا سلی سلاس، سفیدہ کاشغری ہر ایک 3 ماشہ، سرکہ 2 تولہ۔
ترکیب: خشک دواؤں کو سرکہ میں باریک پیس کر ضماد تیار کریں۔
استعمال: بوقت خواب جہاں پت ہو ضماد کریں۔

(455)دیگر مجرب

نسخہ و ترکیب استعمال: کافور، کشنیز خشک ہر ایک 3 ماشہ، صندل سرخ، ہلدی ہر ایک 6 ماشہ، عر
گلاب میں پیس کر ضماد کریں۔

(456)دیگر مجرب

نسخہ و ترکیب استعمال: کافور 3 ماشہ، سرکہ، روغن گل ہر ایک 2 تولہ سب کو اچھی طرح کھل کر
طلا کریں۔

(457) ہاتھ پاؤں پھٹ جانا

منافع: سردیوں میں عموماً ہاتھ پاؤں پھٹ جاتے ہیں اور بہت تکلیف ہوتی ہے۔ اس کے لئے یہ نسخہ مفید ثابت ہوا ہے۔

نسخہ: نمک لاہوری، روغن کنجد ہر ایک 10 تولہ، پانی ایک سیر۔

ترکیب: نمک کوٹ کر سب کو ملا کر کڑاہی آہنی میں جوش دیں۔ جب پانی جل کر صرف تیل باقی رہ جائے اتار لیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: حسب دستور ہر روز ہاتھوں اور پاؤں پر مالش کیا کریں۔

(458) مرہم برائے سوختہ

منافع: آگ سے جلے ہوئے زخموں کو مندمل کرنے میں لاجواب مرہم ہے۔ تازہ تکلیف ہو یا جل جانے کے بعد زخم ہو چکے ہوں۔ دونوں حالتوں میں بے خطا ثابت ہوئی ہے۔ تین دن کافی ہے۔

نسخہ: رال سفید 2 تولہ، روغن کنجد ایک چھٹانک۔

ترکیب: رال کو باریک پیس کر روغن کنجد میں ڈال کر خوب ملا لیں اور تھوڑا سا پانی ڈال کر ہاتھ سے تھوڑی دیر تک ملیں اور یہ پانی گرا کر دوبارہ ڈال کر دھوئیں اور گرا دیں۔ اسی طرح سو مرتبہ عمل کریں۔ بس تیار ہے۔

استعمال: کاغذ پر لگا کر زخموں پر لگا دیں اور اوپر پٹی باندھ دیں۔

(459) دیگر مجرب

منافع: آگ سے جلے ہوئے زخموں کے لئے بے نظیر مرہم ہے۔ ہفتہ بھر کے استعمال سے گندے اور بگڑے ہوئے زخم اچھے ہو جاتے ہیں۔

نسخہ: کافور ایک تولہ، موم سفید 5 تولہ، سفیدہ کاشغری 6 ماشہ، سفیدی بیضہ مرغ 3 عدد، پانی حسب ضرورت۔

ترکیب: اول موم کو گرم کر کے پانی میں ڈال دیں۔ جب سفید ہو کر اوپر آجائے اتار لیں اور باقی اشیاء کو ملا کر کھرل کریں۔ مرہم سی بن جائے گی۔ ڈبیہ میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: زخموں کو نیم کے پانی سے صاف کر کے صبح و شام بطور مرہم لگایا کریں۔

(460) دیگر آسان

منافع: آگ سے جلے ہوئے زخموں کے لئے نہایت آسان و نہایت مجرب دوا ہے۔ خصوصاً تازہ ساڑے کے لئے زیادہ مفید ہے اور زخموں کو بھی چند بار لگانے سے بھر کر مکمل شفا بخشتی ہے۔

نسخہ: کافور، کتھ، مردار سنگ ہر ایک تولہ تولہ، مکھن 5 تولہ۔

ترکیب: مکھن کو ایک سو مرتبہ پانی میں دھولیں اور باقی دوائیں باریک کھرل کر کے اس میں ملالیں اور ڈبیہ میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: بوقت ضرورت جلی ہوئی جگہ پر ضماد کریں۔

(461) اکسیر چھپاکی

منافع: چھپاکی (شری) کے لئے اکسیر ہے۔ ایک وقت کھانے سے بفضلہ تعالیٰ صحت ہوتی ہے۔ مجرب ہے۔

نسخہ و ترکیب استعمال: نوشادر 2 رتی باریک کر کے سکنجبین سرکہ میں ملا کر اور پانی بقدر ضرورت ملا کر استعمال کرائیں۔ یہ ایک خوراک ہے۔ ایسی ایک ایک خوراک صبح و شام پلائیں۔ اچار آم کا تیل بدن پر ملیں۔

(462) شری مزمن کا نسخہ مجرب

منافع: شری یعنی پتی اچھلنا جسے پنجابی میں کہن کہتے ہیں۔ مادہ صفراوی کے جوش سے تمام بدن پر سرخ سرخ دانے یک دم نکل آتے ہیں۔ بے حد سوزش اور کھجلی ہوتی ہے۔ اس کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔

نسخہ و ترکیب و استعمال: چوب چینی، عشبہ مغربی، سناء مکی تینوں ہم وزن لے کر باریک کر کے سفوف بنا دیں۔ ہر روز رات کو تین ماشہ دودھ یا پانی سے کھالیں اور سجی کھار و نمک سیندھا ہر ایک چھ چھ ماشہ باریک کر کے سرسوں کے تیل میں ملا کر بدن پر مالش کریں۔ تین گھنٹہ کے بعد صابن یا گرم پانی سے دھو ڈالیں۔

(463) نقوع مصفی اعلیٰ

منافع: یہ نقوع تصفیہ خون کے لئے بے عدیل ثابت ہوا ہے۔ بہت سے طویل اور مشکل نسخہ جات سے زیادہ موثر ہے۔ لطف یہ کہ نہایت آسان اور بہت سستا ہے۔ کم خرچ بالا نشین کی مثال اس پر صادق آتی ہے۔

نسخہ: چاکسو، رسوت، کتھ، کچور ہر ایک تین ماشہ شہد 2 تولہ۔

ترکیب: پہلی خشک دواؤں کو اتنا کوٹیں کہ زیادہ باریک نہ ہوں رات کو دس تولہ پانی میں بھگو رکھیں۔ صبح آرام سے اس کا زلال لے کر شہد ملا کر پی لیں۔ ہر روز اسی طرح تازہ تیار کر کے پیا کریں۔

ہدایات: گرم، ترش اور تیل کی بنی ہوئی چیزوں سے پرہیز۔

(464) مطبوخ مصفی اعلیٰ

تعارف: اس علاقہ میں ایک شخص یہ نسخہ تیار کر کے استعمال کرتا اور کافی روپیہ کماتا تھا اس کا یہ نسخہ دور

مشہور تھا اور اس سے بہت خراب حالت کے مریض شفایاب ہوتے تھے۔ وہ نسخہ ظاہر کرنے کا
نہیں لیتا تھا۔ ہمارے ایک دوست حکیم صاحب نے یہ نسخہ کسی طرح سا سے حاصل کر لیا اور تجربہ
پر صحیح پایا۔

اعلیٰ درجہ مصفی خون اور نہایت موثر ثابت ہوا ہے۔ اس سے خارش پھوڑے ہر قسم اور چھوٹی
پھنسیاں، برص، دہدری، فساد خون ہر قسم، آتشک، جذام شرطیہ کافور ہو جاتے ہیں۔ ردی سے ردی
ان امراض سے شفایاب ہو جاتا ہے اور اس کا خون صاف ہو جاتا ہے۔ بدن میں کسی قسم کی ریح یا
نہیں رہ جاتا اور بدن مثل کندن کے ہو جاتا ہے۔ اس سے ایک دو اسہال یومیہ ہو جاتے ہیں۔
سوداوی آتشک، جذام وغیرہ کے لئے معتبر دوا ہے۔ عمدہ مسہل سودا اور مصفی خون ہے۔

بیخ حنظل (اندرائن)، پھلی کیکر خشک، قند سیاہ کہنہ، کٹائی خورد بمعہ برگ و شاخ خشک شدہ (اس بوٹی
کو ... اور کنڈیاری بھی کہتے ہیں) برادہ شیشم کہنہ، پوست درخت کچنال، پوست درخت نیم ہر ایک پاؤ
... برگ نیم، عشبہ، چرائتہ، منڈی، بورہ صندل سفید، الائچی خورد ہر ایک 5 تولہ، پوست ہلیلہ زرد
...۔

ترکیب: سب کو نیم کوب کر کے دیگچہ قلعی شدہ میں ڈالیں اور بیس سیر پانی ڈال دیں اور اس کے منہ پر
... کر تین دن تک رکھ دیں۔ پھر آگ پر چڑھا کر جوش دیں جب دس سیر پانی رہ جائے اتار کر مل
کر بوتلوں میں ڈالیں اور مضبوط کارک لگا کر رکھ دیں۔ قند سیاہ کو جب دوا آگ پر چڑھائیں اس وقت
...

استعمال: آدھ پاؤ صبح کے وقت پلائیں۔ اگر تین دن مسلسل دینے سے اسہال ایک دو نہ آئیں تو مقدار
بڑھائیں۔ صبح و شام دس دس تولہ پلا دیا کریں۔ پہلے چرب لقمہ کھلایا جائے۔
... چاول جن میں گھی زیادہ ڈالا گیا ہو بلکہ اگر چاول دودھ میں پکائے جائیں اور گھی بھی ڈال دیا جائے تو
... نان نخود و نان گندم بے نمک مرغن اور چاول و دال نخود مخلوط گائے کا گھی زیادہ ڈال کر بے نمک
... جب چاہے کھا سکتا ہے۔ مسلمان گوشت بکری معہ جملہ مصالحہ بغیر نمک مرغن استعمال کر سکتا ہے اور
... نخود مرغن کھا سکتا ہے۔ جذامی زیادہ عرصہ قریباً اڑہائی ماہ استعمال کرے یعنی جب تک مادہ ختم ہو
... تمام خارج نہ ہو تب تک استعمال کرتا رہے۔ بعض کو روزانہ پانچ سے بارہ اسہال تک آجاتے
... ضعف نہیں ہوتا۔ نہایت عمدہ و موثر دوا ہے۔

(465) خارش تر و خشک کا مجرب نسخہ

... خارش یعنی کھجلی تر اور خشک دونوں قسم کو تین روز میں دور کر دینے والی مجرب دوا ہے۔
پارہ، گندھک ہر ایک 6 ماشہ، طوطیا 3 ماشہ، کمیلہ تولہ، مسکہ شستہ 1 پاؤ۔
ترکیب: پارہ اور گندھک کو ملا کر کھرل کریں۔ جب سرمہ کی طرح سیاہ سفوف بن جائے۔ طوطیا ملا کر
کھرل کریں۔ جب خوب یکجان ہو جائیں کمیلہ ڈال کر خوب کھرل کریں۔ پھر مسکہ ڈالیں۔

استعمال: مقام خارش پر مالش کر کے دو گھنٹہ بعد صابن اور گرم پانی سے دھو ڈالیں۔ اگر مرض کی اندرونی خرابی سے پیدا ہوا ہو یا پرانا ہو تو ساتھ داخلی طور پر مصفیات خون استعمال کریں۔ مثلاً اطریفل شاہترہ، معجون مصفی خون یا کوئی عرق یا شربت مصفی خون وغیرہ۔

(466) شربت مصفی خون

منافع: نہایت درجہ مصفی خون ہے۔ پھوڑے پھنسی اور پتی کو نافع ہے۔ ہر قسم کی خرابی خون کو دور کر کے خون کو صاف کرتا ہے۔ آتشک تک مفید ہے۔ ہر مزاج اور ہر عمر کے موافق ہمہ صفت موصوف ہے۔

نسخہ: ہلیلہ سیاہ کوفتہ عشبہ نیم کوفتہ، برادہ چوب چینی، سناء مکی، گل سرخ، عناب ولائتی ہر ایک 1 تولہ، برگ شاہترہ، برگ بادر نجبویہ، برادہ چوب شیشم، گل منڈی، برگ گاؤزبان، تخم شاہترہ، افتیمون در پارچہ بستہ، تخم کاسنی، برادہ صندل سرخ، ہر ایک 8 ماشہ، شیر گاؤ 3 سیر، ست لیموں حسب ضرورت، مصری آدھ سیر۔

ترکیب: شیر گاؤ کو جوش دے کر ست لیموں ڈال کر پھاڑ لیں اور کپڑے میں احتیاط سے چھان کر فضلہ پھینک دیں اور صاف پانی میں سب دوائیں رات کو بھگو دیں۔ صبح جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے چھان کر مصری ملا کر شربت تیار کریں۔

استعمال: دو دو تولہ صبح و شام گنا پانی ملا کر پلا دیں۔

(467) دوائے ضربہ و سقطہ مجرب

منافع: یہ دوا ضربہ و سقطہ یعنی چوٹ کے لئے نہایت مجرب ہے۔ درد کو فوراً تسکین کرتا ہے۔

نسخہ: بھنگ ہی سرخ سالم ڈلی ایک ماشہ، گائے کا گھی 4 تولہ، قند سفید و آرد گندم حسب ضرورت۔

ترکیب و استعمال: گھی کو کڑچھی وغیرہ میں ڈال کر بھنگ ہی ڈال دیں۔ جب بھنگ ہی پھول جائے اس کو گھی سے نکال لیں اور گھی میں قند سفید اور آرد گندم حسب ضرورت ملا کر حلوہ حسب دستور تیار کریں۔ پھر اس سے ایک لقمہ لے کر اس میں بھنگ ہی مذکور باریک کر کے ملا کر کھا لیں باقی حلوہ بھی کھا لیں۔ اسی طرح چند روز تازہ تیار کر کے استعمال کریں۔

(468) مرہم پھوڑا پھنسی و بوائی

منافع: پھوڑا پھنسی ہر قسم کے لئے نہایت مفید ہے۔ نیز موسم سرما میں جو نمازی مسلمانوں وغیرہ کے پاؤں پھٹ جاتے ہیں جسے بوائی کہتے ہیں۔ اس کے لئے بے نظیر ہے۔ جل جانے سے جو زخم ہو اس کے لئے عمدہ ہے۔

نسخہ: رال، تیل کڑوا ہر ایک 5 تولہ، مردہ سنگ، نیلا تھوتھ، دانہ الائچی خورد ہر ایک تین ماشہ۔

ترکیب: تمام ادویہ کو جدا جدا باریک پیس کر ملا لیں پھر تھوڑا تھوڑا کڑوا تیل ڈالتے جائیں اور کھرل کرتے رہیں۔ حتیٰ کہ سب تیل جذب ہو جائے پھر سرد پانی پاؤ بھر ملا کر خوب زور سے گھوٹیں پانی جذب ہو جائے گا اسی طرح پانی ملاتے اور رگڑتے جائیں۔ جو پانی فالتو نکلتا رہے اس کو نکال دیا کریں۔ مرہم پھول

سبزی مائل ہو جائے گی۔ چینی یا کانچ کے برتن یا ڈبے میں رکھیں۔

استعمال: پھوڑا پھنسی وغیرہ کے برابر کپڑا کتر کر اس پر مرہم لگا کر لگایا کریں۔

(469) مرہم اکسیری

فوائد: ہر قسم کی خارش، مہاسے، چھایاں، جلد کے داغ، دھبے، خشکی اور کھردرا پن، پسینہ کی بدبو، ہتھیلی، پاؤں کی جلن وغیرہ تمام جلدی شکایات کے لئے بہترین چیز ہے۔

نسخہ: رال، کیلا مصفی ہر ایک تولہ تولہ، سیماب 4 ماشہ، نیلہ تھوتھہ بریاں 2 ماشہ، روغن چنبیلی عمدہ 6 تولہ، عرق گلاب دو آثار ایک پاؤ، عطر گلاب، عطر چنبیلی، عطر موتیا، عطر خس عمدہ ہر قسم ہر ایک ماشہ ماشہ، گلسرین 5 تولہ۔

ترکیب: پہلی چاروں دوائیں جدا جدا باریک کھرل کر کے روغن چنبیلی میں خوب حل کریں۔ پھر عرق گلاب تھوڑا تھوڑا ڈال کر کف مال کریں۔ جب تمام دوا مسکہ کی طرح ہو جائے تو اس میں چاروں عطر ملا کر خوب کف مال کریں (برتن بڑا چینی یا تام چینی کا ہونا چاہئے) اس کے بعد گلسرین ملا کر کف مال کر کے رکھ لیں۔

استعمال: وقت ضرورت تھوڑی سی دوائی لے کر دن میں دو دفعہ مالش کر دیا کریں۔

(470) مرہم اکسیر لاہور سور

ارشاد: ہمارے محترم دوست حکیم محمد عبداللہ صاحب سکنہ روڑی ضلع حصار کا عطیہ ہے۔

فوائد: لاہور سور جسے لاہوری پھوڑہ، مونگری پھوڑہ اور جڑوں والا پھوڑہ کہا جاتا ہے۔ مشکل سے جانے والا مرض ہے۔ جس کے لئے یہ مرہم مفید ہے۔ لطف یہ کہ بالکل بے ضرر اور آسان مرہم ہے۔

نسخہ: مغز حب الملوک 6 ماشہ، کاربالک ایسڈ 3 ماشہ، ویزلین 2 تولہ۔

ترکیب: مغز حب الملوک خوب باریک پیس کر اس میں کاربالک ایسڈ ملائیں۔ بعدہ ویزلین خوب ملا کر تیار کر لیں۔

استعمال: ہر روز صبح و شام پھوڑے پر لگایا کریں۔ چند روز میں پھوڑے میں پیپ پڑ کر آرام ہو جائے گا۔ ضرورت ہو تو بعد میں کوئی مرہم مندمل دو دن لگائیں۔

(471) اکسیر داد و چنبل

ارشاد: داد اور چنبل کا مستند و معتبر علاج ہے جو ہمارے محترم و معزز دوست عالی جناب حکیم مولوی محمد عبداللہ صاحب روڑی ضلع حصار کا عطیہ خاص ہے۔

فوائد: داد یعنی دہدری اور چنبل کے لئے نہایت مفید اور نہایت آسان و سہل ہے۔ پرانے سے پرانے داد کو جلد جڑ سے اکھیڑ دیتا ہے۔

نسخہ و ترکیب: کٹھ تلخ، فلفل سیاہ، نیلہ تھوتھہ، بکری کی پشم سوختہ ہر ایک برابر وزن لے کر سفوف بنا

لیں۔

استعمال: گائے کا مکھن ایک سو ایک بار پانی سے دھو کر اوپر سفوف چھڑک دیں اگر داد اور چنبل خشک ہو تو پہلے کسی چیز سے کھجلا کر جب خون نکلنے کے قریب ہو مکھن لگا کر سفوف چھڑکنا چاہیے۔ اگر تر ہو تو کھجلانے کی ضرورت نہیں۔

یادداشت: عموماً اونٹوں کے بورے بکری کی پشم سے بنائے جاتے ہیں۔ اگر کہیں سے ایسے ردی اور پرانے بورے کا ٹکڑا میسر ہو جائے اور اس کو جلا کر یہ خاکستر نسخہ میں استعمال کی جائے تو زیادہ مفید ہو گا۔

(472) چہرہ کی چھائیاں صاف کرنا

منافع: چہرہ کی چھائیاں، مہاسے، داغ، خشکی بے رونقی وغیرہ دور کر کے چہرہ کو صاف و خوش رنگ کرتا ہے۔

نسخہ: گلسرین، روغن زیتون ہر ایک دو تولہ۔

ترکیب: دونوں دوائیں آپس میں اچھی طرح ملا کر شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: حسب دستور چہرہ پر ملیں اور کچھ دیر کے بعد صابن سے دھو چھوڑیں۔

(473) حبوب مصفی خون

منافع: نہایت مصفی خون ہیں۔ داد، خارش، پھوڑا، پھنسی وغیرہ تمام جلدی امراض کو دفع کرتی ہیں۔ بہترین مصفی خون گولیاں ہیں۔

نسخہ و ترکیب و استعمال: ایکسٹریکٹ نیم، ایکسٹریکٹ چرائتہ، ست تر بھلہ، رسوت مصفی، ریوند خطائی سب کو ہم وزن ملا کر گولیاں بقدر نخود تیار کریں۔ ایک سے دو گولی تک صبح و شام ہمراہ پانی استعمال کریں۔

متفرقات

(474) بال عمر بھر نہ اگنے کا مجرب نسخہ

نسخہ و ترکیب و استعمال: جس جگہ کے بال عمر بھر کے لئے ناپید کرنے مطلوب ہوں۔ استرہ سے خوب صاف کر دیں اور درخت جنڈ کے کچے پھل یعنی سانگر کو خوب گھوٹ کر اس جگہ ضماد کریں۔ یہ عمل تین چار دن تک روزانہ کریں۔ بال عمر بھر نہ نمودار ہوں گے۔ بعض شخصوں کے کچھ قلیل باقی رہ جاتے ہیں ان کو بعد میں موچنے سے اکھاڑ دینا چاہیے۔ اگر اس تکلیف سے بچنا ہو تو پہلے ہی سانگر میں قدرے مدار یعنی آک ڈال کر ضماد کر دیں۔ پھر مقصد بخوبی حل ہو جائے گا۔ کوئی بال نہیں رہے گا۔

(475) کشتہ خام خارج کرنا

منافع: اگر کسی شخص نے کچا کشتہ کھایا ہو اور بدن میں تکلیف ہو گئی ہو تو اس نسخہ کے استعمال سے ایک

عدد دس یوم میں خارج ہو جاتا ہے اور مکمل صحت ہو جاتی ہے۔ مجرب ہے۔

نسخہ وترکیب واستعمال: تلسی ایک مشہور پودا ہے۔ جس کو پوجا پاٹھ کرنے والے برہمن بخوبی جانتے ہیں۔ اس کے پتوں کا پانی ایک تولہ اور مکو سبز کا پانی ایک تولہ نکال کر اس میں خالص پانی دس تولہ ملا کر روزانہ نہار منہ پلائیں۔ امتحان کرنے کا خیال ہو تو پیشاب کو برتن میں جمع کرتے جائیں۔ اخیر میں نیچے بیٹھا ہوا نمک الگ کر کے شہد سہاگہ، گھی یعنی ماء الحیات کے ذریعہ چرخ دے کر معلوم کر سکتے ہیں۔ دھات کھائی ہوئی دوبارہ زندہ ہو جائے گی۔

(476) بالوں کی جوئیں دفع کرنا

منافع: اس اکسیری نسخہ سے بالوں کی جوئیں صرف تین چار دفعہ لگانے سے دور ہو جاتی ہیں۔ کئی دفعہ کا تجربہ ہے۔

نسخہ وترکیب واستعمال: تازہ برگ جوزماثل یعنی دھتورہ کوٹ کر کپڑے میں نچوڑ کر اس کا پانی حاصل کریں۔ ایک تولہ پانی میں ایک تولہ پارہ ملا کر کسی کھرل میں خوب کھرل کریں۔ تاکہ یکذات ہو جائیں۔ بس تیار ہے۔ بالوں کو صابن وغیرہ سے دھو کر بالوں کی جڑوں پر اچھی طرح مل دیں۔ اسی طرح ہفتہ میں دو دفعہ لگایا کریں۔

(477) معجون سمن مفرط

منافع: سمن مفرط یعنی موٹاپا کے لئے معمول و مجرب ہے۔

نسخہ: ہلیلہ سیاہ، پوست ہلیلہ کابلی، پوست بلیلہ، آملہ، زیرہ سیاہ مدبر در سرکہ ساذج ہندی، تخم کرفس، دھنیا ہر ایک 3 ماشہ، زنجبیل، فلفل مویہ، اندرجو، چترہ، سعد کوفی، الائچی خورد، دار چینی، قرنفل، برنگ کابلی، پودینہ جنگلی، کلونجی ہر ایک 2 ماشہ، نمک سیاہ، نمک اندرانی، نمک لاہوری ہر ایک ماشہ ماشہ، تربد سفید 8 ماشہ، مغز فلوس خیار شنبر، شیرہ آملہ منقہ ہر ایک 3 ماشہ، روغن بادام، روغن کنجد ہر ایک 2 تولہ نبات سفید ہم وزن ادویہ شہد مصفی دو چند ادویہ۔

ترکیب: آملہ کو آدھ سیر پانی میں جوش دیں۔ جب خوب گل جائیں تو غربال یعنی چھلنی میں ڈال کر خوب ملیں (چھلنی ویسی ہونی چاہئے جس کے سوراخ موٹے ہوں) تاکہ آملہ کا رب چھلنی سے نکل جائے پھر اس میں مغز فلوس خیار شنبر ملا کر گرم کر کے خوب ملیں پھر دوبارہ چھلنی سے نکال کر نبات اور روغن بادام اور روغن کنجد ڈال کر جوش دیں۔ جب قوام تیار ہو جائے شہد داخل کر کے باقی ادویہ کا سفوف (جو پہلے تیار ہو) شامل کریں۔ اور خوب حل کر کے آگ سے اتار لیں۔

استعمال: تین تولہ صبح ہمراہ دودھ استعمال کریں۔ درمیان میں ایک دن ناغہ کریں۔

غذا: شوربہ گوشت بز میں چپاتی تر کر کے یا مونگ کی کھچڑی کھلائیں۔

(478) سگ گزیدہ کا مجرب علاج

منافع: یہ علاج سگ گزیدہ یعنی دیوانہ کتے کے کاٹے ہوئے کے لئے نہایت مفید و مجرب ثابت ہوا ہے۔ اس سے سگ گزیدہ کو ایسا مکمل آرام ہوتا ہے۔ کہ ذرا بھر اثر باقی نہیں رہتا۔ ہمارا کبھی خطا نہیں گیا۔

مجرب و معمول ہے۔

نسخہ: برگ لسوڑہ یعنی پستان ایک تولہ، مرچ سیاہ 15 عدد، چھاچھ یعنی لسی آدھ سیر۔

ترکیب: برگ لسوڑہ اور مرچ سیاہ کو کونڈہ ڈنڈہ میں باریک رگڑ کر لسی ملا کر کپڑے میں چھان لیں۔

استعمال: مندرجہ بالا ایک خوراک ہے۔ سگ گزیدہ کو پلائیں۔ روزانہ اسی طرح ایک خوراک تیار کر کے پلایا کریں اور ایک تولہ لال مرچ پانی سے رگڑ کر زخم پر تین روز باندھے رکھیں۔ نیز ستھے کے پتے آدھ سیر لے کر پانی میں جوش دے کر اس سے ہر روز غسل کرا دیا کریں۔ اگر ممکن ہو سکے تو جس کتے نے کاٹا ہو اس کو مار کر اور لکڑیوں میں جلا کر اس کی راکھ ہوا میں اڑا دیں۔ تین دن کے بعد مریض کو کسی قسم کی تکلیف نہ رہے گی اور نہ ہی کسی قسم کا خطرہ رہ جائے گا۔

نوٹ: ستھے کا درخت بعض علاقوں میں خودرو عام ملتا ہے۔ نیز اکثر باغوں میں بھی ہوتا ہے۔ مالی اور عام لوگ اسے اچھی طرح جانتے ہیں۔

(479) تریاق مار گزیدہ

منافع: مار گزیدہ کے لئے نہایت سریع الاثر ہے۔ اس سے چار گھنٹہ میں صحت ہو جاتی ہے۔ ایک سادھو صاحب کا عطیہ ہے۔

نسخہ: ریٹھا سفید، سیل چلم حقہ ہر ایک تولہ تولہ، سنکھیا سفید، نیلہ تھوتھہ ہر ایک ماشہ ماشہ۔

ترکیب: تمام ادویہ جدا جدا باریک پیس کر پانی کی مدد سے گولیاں بقدر نصف نخود تیار کریں۔

استعمال: بوقت ضرورت ایک گولی پیس کر قدرے پانی ملا کر ٹکیہ بنا لیں اور جہاں سانپ نے کاٹا ہو وہاں پچھنے لگا کر ٹکیہ اس جگہ رکھ کر خوب پٹی باندھ دیں اور گرم ریگ سے ٹکور کرتے رہیں۔ زخم سے خون سیاہ رنگ نکلتا رہے گا جب خون صاف آنا شروع ہو جائے تو زخم پر ہینگرہ کوٹ کر باندھیں تاکہ خون بند ہو جائے اس عمل سے تین چار گھنٹہ تک صحت ہو جائے گی۔

نوٹ: مریض کو ساتھ ہی کوئی مسہل دے دینا چاہئے۔

(480) دوائے عقرب گزیدہ

منافع: عقرب گزیدہ یعنی بچھو کاٹے کا مجرب علاج ہے۔ اس کے علاوہ جسے زنبور یعنی بھڑ نے کاٹا ہو اس کے لئے بھی مفید ہے۔ ایک دو دفعہ لگانے سے آرام ہو جاتا ہے۔

نسخہ: مغز جمالگوٹہ دو عدد، فلفل سیاہ 5 عدد، پوٹاسی پر مینگنیٹ تیرہ ماشہ۔

ترکیب و استعمال: مغز جمالگوٹہ اور فلفل سیاہ کو کھرل کر کے پوٹاسی پر مینگنیٹ ملا دیں اور آہستہ آہستہ

ٹمل کریں (تیزی سے کھرل کیا جائے تو آگ لگ جاتی ہے) جب سب اشیاء اچھی طرح مل جائیں۔
ٹی میں نگاہ رکھیں۔ قدرے ڈنگ والی جگہ پر ڈال کر اوپر چند قطرے پانی کے ڈال دیں۔

(481) دیگر

نسخہ و ترکیب استعمال: درخت نیم کی چھال جو پرانی اور بوسیدہ نہ ہو تین چار ماشہ لے کر چلم (حقہ)
تماکو کی جگہ ڈال کر پلائیں۔ چند منٹ میں بچھو کا زہر دور ہو جائے گا۔ نیم کی چھال خواہ تازہ ہو خواہ
ے سوکھی ہوئی ہو ہر طرح درست ہے۔ اگر عقرب گزیدہ تمباکو پیتا ہو تو چھال مذکور سے نصف وزن
کو بھی ڈال لیں۔ اگر چھال نیم کے ساتھ مور جانور کا ایک عدد پر بھی چلم میں رکھ لیا جائے تو اور بھی
ہے۔

(482) افیون چھڑانے کی ترکیب

فع: اس ترکیب سے افیون کی عادت چھوٹ جاتی ہے اور بدن میں طاقت و توانائی پیدا ہو جاتی ہے۔
نسخہ: ارنڈ کی جڑ باریک شدہ افیون' جائفل' زعفران ہر ایک تولہ تولہ' برگ ارنڈ دو تولہ شہد حسب
ضرورت' تمام ادویہ باریک پیس کر شہد سا قدر ملائیں کہ گولیاں بن سکیں پھر چنے کے برابر گولیاں تیار
کریں۔
استعمال: جس قدر روزانہ افیون کھائی جاتی ہو اس میں سے روزانہ چنے کے برابر چھوڑتے جائیں اور
اس کی جگہ یہ گولی ساتھ استعمال کرتے رہیں۔ یعنی افیون کی کمی ان گولیوں سے پوری کرتے جائیں۔ مثلاً
دن افیون کی پوری خوراک سے ایک چنے برابر کم برابر کم کریں اور اس کی جگہ ایک گولی پانی سے کھا
۔ دوسرے دن دو چنے برابر افیون کم کریں اور دو گولیاں کھالیں۔ یہی دستور جاری رکھیں۔ حتیٰ کہ تمام
ن کی مقررہ خوراک کی بجائے یہ گولیاں کھائی جائیں یعنی صرف گولیوں پر گزارہ کیا جائے۔ جب یہ تمام
یاں ختم ہو جائیں تو پھر اس گولیوں کے نسخہ میں افیون کی بجائے گوکل بھینسہ ملا کر دوبارہ گولیاں تیار
۔ بدستور کھاتے رہیں۔ افیون کی عادت چھوٹ جائے گی۔

(483) میٹھی کونین

فائدہ: جو رنگ اور ذائقہ کے لحاظ سے انگریزی کونین کی طرح ہے اور فائدہ بھی کرتی ہے۔ لطف یہ کہ
نہیں کرتی اور فوری اثر دکھاتی ہے۔ ہر قسم کے تپ خصوصاً ملیریا کے لئے مفید ہے۔ چڑھے ہوئے
اتارتی اور اترے ہوئے کو روکتی ہے۔ ہر حال میں مفید ہے۔
نسخہ: ہڑتال گاؤدنتی اعلیٰ قسم حسب ضرورت کشتہ سم الفار حسب ضرورت۔
ترکیب: ہڑتال گاؤدنتی کو شیر گائے میں تر کر دیں۔ دوسرے روز نیا دودھ تبدیل کر دیں۔ اسی طرح
روز تک دودھ تبدیل کرتے رہیں۔ اس کے بعد کوئلے انگیٹھی میں سلگا کر اوپر ہڑتال مذکور رکھ دیں۔
نے پر ہڑتال پھول شدہ کے ٹکڑے نکال کر باریک پیس کر اس میں سے پانچ تولہ لے کر اس میں کشتہ

سم الفار 4 رتی اور سگرین بقدر مٹھاس ملا کر خوب کھرل کر کے یکجان کرلیں اور محفوظ رکھیں۔

استعمال: دو رتی سے چار رتی تک دن میں تین دفعہ ہمراہ دودھ یا شربت نیلوفر یا شربت بزوری ہیں۔

(484) دافع زہر سنکھیا

منافع: جس شخص نے سنکھیا کھالیا ہو قے خون آمیز آرہی اور بے ہوشی طاری ہو اسہال مروڑ کے ساتھ کثرت سے آرہے ہوں۔ ہاتھ پاؤں میں تشنج ہو رہا ہو اس وقت یہ آسان دوا نہایت مفید ثابت ہوئی ہے۔

نسخہ و ترکیب و استعمال: ارنڈ یعنی ہرنولی کی کونپل اور نرم پتوں کو کوٹ کر پانی میں جوش دے کر اور مل چھان کر یہ عرق مروق بقدر ایک پاؤ پلادیں اور تمام جسم و سر اس سے تر کردیں تا صحت مکمل اسی طرح یہ عرق تیار کر کے فاصلہ سے پلاتے رہیں۔ مگر اس سے پہلے رائی ایک تولہ کو باریک کر کے 3 تولہ پانی میں جوش دے کر پلائیں۔ اس سے قے ہوگی۔ اس کے بعد عرق مذکور پلائیں۔

(485) دافع زہر افیون

منافع: اگر کسی شخص نے افیون بہت کھالی ہو اور زہر نے اثر کردیا ہو تو اس دوا کے استعمال سے قے آکر افیون کے زہریلے اثرات زائل ہو جاتے ہیں۔

نسخہ و ترکیب استعمال: بندق ہندی یعنی ریٹھہ ایک یا دو عدد کو باریک کر کے پانی میں جوش دیں۔ جب جوش آکر جھاگ آنے لگے نیچے اتار کر افیون خوردہ کو پلائیں۔ یہ ایک خوراک ہے مگر یہ دوا دینے سے قبل رائی سے قے کرالیں۔ جس کا طریقہ نسخہ نمبر 484 میں درج ہے۔

(486) دیگر مجرب

نسخہ و ترکیب و استعمال: مین پھل پیس کر پانی کے ساتھ پلائیں۔ افیون کی زہر کو بالخاصہ دور کرتی ہے۔ پہلے رائی سے قے کرالیں۔

نوٹ: افیون خوردہ کو سونے سے روک رکھیں۔ ہوشیار کرتے رہیں۔ اس غرض کے لئے ایمونیا سونگھائیں اور پانی سرد منہ پر چھڑکیں۔

(487) ضماد گنج وغیرہ

نسخہ و ترکیب و استعمال: برگ شہتوت باریک گھوٹ کر دن میں دو بار ضماد کیا کریں۔ سر کے گنج بالوں کے جھڑنے خارش و سر کی پھنسیوں وغیرہ کے لئے نہایت مفید ہے۔

(488) اکسیری علاج برص

منافع: برص کا نادر و نایاب مستند علاج ہے جو منضج اور مسہل کے بعد مسیحائی اثر دکھاتا ہے۔ ایک شخص کے جسم کا اکثر حصہ سفید ہو چکا تھا۔ اس کے استعمال سے شفایاب ہو گیا۔ سینکڑوں میں سے منتخب

ہے۔

نسخہ: منڈی بوٹی 2 سیر ایک پاؤ، شاہترہ ایک سیر، پوست درخت نیم سبز ایک پاؤ، پوست درخت انجیر دشتی ایک پاؤ، ہلیلہ سیاہ، چرائتہ، ریوند چینی عمدہ، چوب چینی ہر ایک 15 تولہ، عناب 10 تولہ۔

ترکیب: سب ادویہ نیم کوب کر کے ایک مٹکے میں مناسب پانی ڈال کر تر کر کے رکھیں۔ چار دن کے بعد دس سیر عرق کشید کریں۔

استعمال: بابرنگ، گیرو ہر ایک تولہ تولہ، بابچی مدبر دو تولہ پیس کر سفوف بنا کر رکھ لیں۔ ہر روز صبح 4 ماشہ اس سفوف کو پھانک کر اوپر سے عرق مذکور بقدر تین چھٹانک پی لیا کریں۔ اسی مقدار میں شام کو استعمال کریں۔

(489) اکسیری علاج چنبل

اسناد: ایک سیاح فقیر کا مجرب اور عطیہ خاص ہے۔

منافع: چنبل نئے اور کہنہ ہر قسم کا مجرب علاج ہے۔ اکثر ایک ہفتہ میں آرام ہو جاتا ہے۔

نسخہ: آملہ سار 2 تولہ، سیماب 3 ماشہ دونوں ادویہ ملا کر خوب کھرل کریں حتیٰ کہ بالکل سیاہ کجلی تیار ہو جائے۔

استعمال: بقدر ضرورت کجلی لے کر اس میں مکھن دو سو دفعہ پانی سے دھویا ہوا اس قدر ملائیں کہ مرہم بن جائے۔ اس مرہم کو چنبل پر ہر روز لگایا کریں۔ اور اسی کجلی سے 2 ماشہ لے کر اس کی چالیس پڑیہ بنا کر ہر روز صبح ایک پڑیہ مکھن میں رکھ کر استعمال کیا کریں۔

مجربات سلطانی

مصنفہ

حکیم مولوی محمد یار خان زبدۃ الحکماء علوی للیانوی

مجربات سلطانی نادر و نایاب مخفی صدری رازوں کا ایک لاجواب مجموعہ ہے۔

تھوڑے ہی عرصہ میں اس لاجواب مقبول عام تصنیف کے چار حصے شائع ہو چکے ہیں۔ اور شائقین مجربات نے اسے ہاتھوں ہاتھ خرید کیا ہے۔

ملک بھر کے ممتاز طبی اخبارات اور رسائل اور نامور اطباء نے مجربات سلطانی کے نایاب طبی جواہر پاروں کی انتہائی تعریف و ستائش لکھی ہے۔ بے شمار اطباء نے اسے اپنے مطب کا بہترین اور قابل اعتبار فارما کوپیا قرار دے لیا ہے۔ غرض اس لاجواب طبی ذخیرہ کو جس نے دیکھا حرز جان بنا کے رکھا ہے۔ یہ نادر تصنیف بھارت و پاکستان کے ہر گوشہ میں پہنچ چکی ہے۔ ہر صاحب نظر اس کے عالی ہمت مولف کی بخل شکنی، ایثار و صداقت پسندی اور نیک نیتی کی داد دینے پر مجبور ہوا ہے اور یہ واقعہ ہے کہ اس کتاب میں ایک نسخہ بھی فضول اور بھرتی کا نہیں۔ اس سے ایک معمولی اردو خواں بھی علاج کر سکتا ہے۔ مصنف کی سب سے پہلی قابل قدر و عزت تصنیف ہے اور نہایت تیزی سے بغیر اشتہار کے ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو رہی ہے۔ مکمل کتاب کی قیمت صرف ایک ہی مستند نسخہ کا ادنیٰ ہدیہ بھی نہیں۔ سچے مجربات کے متلاشیوں کو اس سے بہتر کتاب ہرگز نہیں مل سکتی۔

انسان تمام عمر میں صرف چند نسخے ہی تجربہ کر سکتا ہے۔ اگر آپ

مجربات سلطانی

ہر چہار حصہ خرید لیں گے

تو آپ کو معمولی داموں سے صدری مجربات کا ایک مستند فارما کوپیا ہاتھ آ جائے گا

شیخ محمد بشیر اینڈ سنز اردو بازار لاہور

طبیب اور غیر طبیب کے لئے

معمولات مطب سلیمی اور صدری اکسیری مخفی نسخہ جات و سچے مجربات کا نایاب مجموعہ

مجربات سلطانی

حصہ چہارم

مصنفہ

زبدۃ الحکما حکیم مولوی محمد یار خان کھوکھر قریشی علوی نقشبندی

سند یافتہ مدرسہ طبیہ سلیمیہ لاہور مصنف کتب طبیہ متعددہ

شیخ محمد بشیر اینڈ سنز اردو بازار لاہور

کیا آپ سو فیصدی مجرب بے خطا اور معرکہ انگیز نسخوں کے متلاشی ہیں

اگر آپ اپنے فن کی اعجاز نمائی اور اپنے دست شفاء کی سچائی کا لوہا منوانا چاہتے ہیں تو

طبی شہ پارے

مصنفہ زبدۃ الحکماء حکیم مولوی محمد یار خان علوی للیانوی

آج ہی حاصل کیجئے جس میں انتہائی فراخدلی' صداقت پسندی اور بے مثال دیانتداری کے ساتھ 379 لاجواب طبی اسرار اور تجارتی مجربات کو پیش کر کے بے نقاب کر دیا گیا ہے۔ اس کا ایک ایک نسخہ موتیوں میں تولنے کے قابل ہے۔ ہمارا دعویٰ ہے کہ طبی مجربات کے موضوع پر اتنی دریا دلی اور اس حد تک سچائی کا اظہار اس سے پہلے کبھی کسی نے نہیں کیا۔ حکیم مفتی سلیم اللہ خان ؒ کے منتخب جواہر پارے۔ ماہرین فن کے نادرہ کار تحفے اور دار الصحت سلطانیہ للیانی کے 40 عدد مشہور و مقبول تجارتی نسخہ جات مثلاً حب شاہی' حب سلطانی' طلائے عنی' طلائے شاہی' اکسیر سوزاک وغیرہ وغیرہ جن کی مفصل تعریف فہرست ادویہ میں درج ہے۔ جس پر ہماری تمام تر تجارت کا انحصار ہے۔ پورے اخلاص اور سچائی کے ساتھ پیش کر دیئے گئے ہیں۔ غرض اپنے تجارتی نسخہ جات کے علاوہ پچاس کے قریب اور صدری مخفی خاندانی نسخہ جات ایسے درج کئے گئے ہیں جو آج تک پوشیدہ رہے ہیں۔ ان تمام طبی اور تجارتی جواہرات خاص کو ظاہر کر کے بڑی قربانی کی گئی ہے۔ اگر انصاف کی نگاہ سے دیکھا جائے تو طبی دنیا میں اس کی نظیر ملنی محال ہے۔ طبی شہپارے کی مجوزہ قیمت فی الواقعہ اس کے ایک نسخہ کے بھی پاسنگ نہیں۔ اس میں بعض ایسے مخفی اسرار درج ہیں جو 100 سے لے کر 500 روپے نذرانہ دینے پر بھی ہاتھ نہیں آسکتے۔

آئیں کدھر ہیں آج قدر دان کمال کے
کاغذ پہ رکھ دیا ہے کلیجہ نکال کے

کتابت طباعت عمدہ کاغذ سفید ولائتی سرورق اعلیٰ مجلد لیمینیشن قیمت:- 60/

ملنے کا پتہ: منیجر دار لصحت سلطانیہ للیانی براستہ بھلوال ضلع شاہ پور پنجاب

فہرس

...ے متلاشی ہیں
...نا چاہتے ہیں تو

...لیانوی

...تداری کے ساتھ 379
...ں کا ایک ایک نسخہ موتیوں
...دلی اور اس حد تک سچائی
...جواہر پارے۔ ماہرین فن
...جارتی نسخہ جات مثلاً حب
...مفصل تعریف فہرست ادویہ
...ور سچائی کے ساتھ پیش کر
...دری مخفی خاندانی نسخہ جات
...ں جواہرات خاص کو ظاہر کر
...س کی نظیر ملنی محال ہے۔ طبی
...س میں بعض ایسے مخفی اسرار

...ھ دیا ہے کلیجہ نکال کے

...: 60/-

...ضلع شاہ پور پنجاب

مقدمہ

الحمد للہ شائقین طب اور ماہرین کی خدمت میں "مجربات سلطانی" کی چوتھی اور آخری جلد پیش کرنے کی سعادت حاصل ہو رہی ہے۔ 1923ء میں اس تالیف کی ابتدا ہوئی اور آج تک حصہ اول کے چار ایڈیشن، حصہ دوم کے دو ایڈیشن، حصہ سوم کے دو ایڈیشن شائع ہو کر اہل نظر سے خراج تحسین حاصل کر چکے ہیں۔ اشاعت کی اس رفتار سے بخوبی اندازہ ہو سکتا ہے کہ ہماری بے لوث طبی خدمات کو پذیرائی اور مقبولیت کے اعتبار سے کہاں تک کامیابی ہوئی۔

طبی دنیا کے مشاہیر زمانہ اور پاکستان کے حکمائے حاضرہ نے ہماری مخلصانہ کوششوں کی جس مربیانہ اسلوب سے داد دی اور حوصلہ افزائی فرمائی اس سے واضح ہو جاتا ہے کہ اس سلسلہ تالیف کی افادی حیثیت کس قدر اہمیت اور وقعت رکھتی ہے اور ہمارے لئے کس حد تک مایہ ناز و افتخار ہے۔

مجربات سلطانی حصہ چہارم کی ترتیب و اشاعت گوناگوں مشکلات کے سبب معرض تاخیر و التوا میں پڑی رہی اور اب خدا خدا کر کے اسے طبع کرانے کی نوبت آئی ہے۔ اس تاخیر و التوا کے سبب جہاں احباب اور شائقین کو زحمت انتظار اٹھانا پڑی وہاں ہمیں ایسے بہترین نسخہ جات کی آزمائش کا موقع ملا جن کی بدولت قارئین کرام نہ صرف خدمت خلق کے پاکیزہ مقصد کو حاصل کر سکتے ہیں۔ بلکہ موجودہ دور انقلاب اور کساد بازاری میں ہزاروں روپے کما کر اپنی اقتصادی حالت اور شہرت کو چار چاند لگا سکتے ہیں۔

حال ہی میں منتخب و معیاری مجربات اور اپنے تجارتی خاص پیٹنٹ نسخہ جات کی نادر و نایاب کتاب موسومہ "طبی شہ پارے" تالیف کی گئی ہے جو نومبر 1950ء میں زیور طباعت سے آراستہ ہو کر منصۂ شہود پر آچکی ہے اور طبی دنیا میں نہایت مقبول ہو رہی ہے۔

اب بفضلہ تعالیٰ بلا خوف تردید کہا جا سکتا ہے کہ مجربات سلطانی ہر چہار حصص اور طبی شہ پارے طبی دنیا میں منتخبہ اور چوٹی کے مجربات کی ایک مکمل اور معرکۃ الاراء قرابادین (فارما کوپیا) کی حیثیت اختیار کر چکی ہے۔

توقع ہے کہ اہل نظر انشاء اللہ تعالیٰ اس بے نظیر مجموعہ کی صحیح قدر فرماتے ہوئے ہماری خدمات کا اعتراف کریں گے۔ **وذالک فضل اللہ یوتیہ من یشاء**

اب انشاء اللہ العزیز طبی شہ پارے جلد دوم اور **کتاب العلاج** کی ترتیب زیر تجویز ہے۔

وما توفیقی الا باللہ۔

مخلص

حکیم ملک محمد یار خان علوی

اپریل 1951ء

مجربات سلطانی حصہ چہارم

مجربات امراض سر

(1) معجون برائے نزلہ دائمی و تقویت دماغ

منافع: نزلہ دائمی کا خاص علاج ہے۔ ضعف دماغ کو دور کرتا اور ضعف حافظہ، قوت بصر، خشکی دماغ کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔ اس کے تین چار ہفتہ کے استعمال سے دماغ خوب طاقتور ہوتا۔ حافظہ تیز ہو جاتا اور قوت بینائی کو طاقت حاصل ہوتی ہے۔ مجرب ہے۔

اجزاو ترکیب: خشخاش سفید 15 تولہ دھو کر صاف کر لیں۔ اس کا شیرہ کشید کر کے آگ پر رکھیں۔ جب پت جائے اوپر سے صاف پانی نتھار دیں اور پکہ کو تین تولہ نشاستہ گندم کے ہمراہ آدھ سیر گھی میں بریاں کریں تاکہ سرخ ہو جائے پھر اس میں ایک کلو چینی ملا کر حل کریں۔ بعدہ آگ سے اتار کر ادویہ ذیل کا سفوف ملا دیں۔ معجون تیار ہے۔ وہ ادویہ یہ ہیں۔ پوست ہلیلہ زرد، پوست بلیلہ، پوست آملہ، گل سرخ، گل بنفشہ، گل نیلوفر مصفیٰ، کیرا، صمغ عربی ہر ایک ڈیڑھ تولہ مغز سونف، مغز کشنیز ہر ایک تین تولہ مغز بادام مقشر، مغز پستہ، مغز اخروٹ، مغز چلغوزہ ہر ایک 5 تولہ، مغز پنبہ دانہ ڈھائی تولہ سب کو پیس کر سفوف تیار کر لیں۔

استعمال: 2 تولہ یا 3 تولہ صبح نہار استعمال کریں۔ بصورت قبض کوئی قبض کشا دوا رات کو استعمال کرنی چاہئے۔

(2) حلوائے مقوی دماغ

اسناد: حکیم محمد غوث صاحب کھوکھر چک نمبر 156 تحصیل چنیوٹ (جھنگ) کا عطیہ ہے۔

منافع: نہایت مقوی دماغ، قوت بصارت، قوت حافظہ، خشکی دماغ کو مفید ہے۔ منی پیدا کر کے اسے گاڑھا کرتا ہے۔ مقوی باہ اور ملذذ ہے۔ گردوں کو طاقت دیتا ہے جو درد کمر گردوں کی کمزوری سے ہو اس کے لئے مفید ہے۔ کثرت مطالعہ اور دماغی محنت اور کثرت جماع سے جب افعال دماغی میں کمی ہو کر ضعف دماغ کے آثار شروع ہو جائیں یا قوت بصارت میں کمی واقع ہو جائے ان حالات میں نہایت نافع و مجرب ہے۔ بدنی طاقت میں اضافہ کرتا ہے۔ خوش ذائقہ ہمہ صفت موصوف چیز ہے۔ مجرب المجرب۔

اجزا: کھویہ شیر ایک کلو 750 گرام، نشاستہ گندم، گوند ببول کوفتہ ہر ایک 5 تولہ، بالائی شیر ایک کلو مکھن بھینس دو کلو 250 گرام، مغز بادام کوفتہ ایک کلو، مغز پستہ کوفتہ آدھ پاؤ، کھانڈ سفید اڑھائی کلو۔

ترکیب: نشاستہ، کھویہ، گوند ببول، بالائی شیر علیحدہ علیحدہ مکھن میں بریاں کریں مگر گوند ببول کو بریاں کرنے سے پہلے مکھن کا پانی جلا لیں ورنہ گوند خراب ہو جائے گا۔ چینی کا قوام کریں جو زیادہ گاڑھا نہ ہو اس میں پہلے کھویہ بریاں شدہ ملائیں پھر دیگر اشیاء ملا لیں بس تیار ہے۔ پھر کسی مرتبان میں ڈال لیں۔

استعمال: ڈھائی تولہ سے 5 تولہ تک صبح و شام حسب برداشت طبع استعمال کریں۔

(3) معجون نزلہ و زکام دائمی

منافع: دماغ کو طاقت بخشتی ہے۔ نزلہ و زکام دائمی کے لئے مفید ہے۔ نسیان ضعف دماغ کو مفید ہے۔ قوت باہ میں اضافہ کرتی اور بدن کو طاقت دیتی ہے۔ عجیب الاثر نسخہ ہے۔

اجزا: کیرا، موصلی سفید، ثعلب مصری، گل بابونہ، کشتہ فولاد، کشتہ مرجان، کشتہ عقیق ہر ایک 6 ماشہ، کچلہ مدبر در شیر گاؤ ایک تولہ، ورق نقرہ، دار فلفل، زنجبیل، کشنیز خشک، زراوند ہر ایک تین ماشہ، بہمن سفید 2 تولہ، مغز بادام 3 تولہ، مغز چلغوزہ، مغز اخروٹ ہر ایک ڈیڑھ تولہ، ورق طلا ڈیڑھ ماشہ، مویز منقی 2 تولہ، شہد کف گرفتہ 50 تولہ۔

ترکیب: سب ک باریک پیس کر یکجان کر کے شہد میں ملالیں۔

استعمال: تین تین ماشہ صبح و شام شیر گاؤ کے ہمراہ استعمال کریں۔

(4) سفوف مقوی دماغ

منافع: دماغی کمزوری اور دماغی محنت کرنے والوں کے لئے بہترین چیز ہے۔ دل و دماغ کو طاقت بخشتی ہے۔ سر چکراتا ہو۔ آنکھوں کے سامنے اندھیرا چھا جاتا ہو۔ درد سر بوجہ کمزوری دماغ دامن گیر رہتا ہو۔ نسیان کا عارضہ ہو۔ سب کو دور کرتا اور دماغ کو خوب طاقت بخشتا ہے۔ مجرب ہے۔

اجزا: مغز بادام، مغز تخم خربوزہ، مغز تخم تربوز، خشخاش، مغز بادرنگ دانہ الائچی خورد ہر ایک تولہ تولہ، ثعلب مصری، کیرا، زیرہ سفید ہر ایک 6 ماشہ، موصلی سفید 9 ماشہ، سفوف برہمی بوٹی 3 تولہ، کشتہ مرجان، مرچ سیاہ ہر ایک ڈیڑھ تولہ۔

ترکیب: سب کو باریک کر کے سفوف تیار کریں۔

استعمال: 2 ماشہ سے 3 ماشہ تک مکھن میں ملا کر صبح روزانہ استعمال کریں۔

(5) نسخہ دیگر

اسناد: یہ نسخہ حکیم محمد غوث صاحب کا مجرب اور عطیہ خاص ہے۔

منافع: ضعف دماغ، نسیان، خشکی دماغ، ضعف بصر، نزلہ دائمی کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔

اجزا: مغز بادام مقشر، مغز تخم کدو، مغز کشنیز، مغز تخم سونف، خشخاش سفید، دانہ الائچی سفید ہر ایک 5 تولہ، کشتہ مرجان، کشتہ چاندی ہر ایک 4 ماشہ، مصری کوزہ 25 تولہ۔

ترکیب: سب ادویہ پیس کر خوب ملالیں۔

استعمال: 6 ماشہ صبح و شام تازہ دودھ کے ہمراہ جس میں مصری ملائی گئی ہو اگر دودھ میں ایک انڈے کی زردی اور شہد بقدر مٹھاس ملا کر اس کے ہمراہ استعمال کیا جائے تو بہت فائدہ ہوتا ہے۔ خصوصا اس ترکیب سے قوت باہ کو خوب فائدہ ہوتا ہے۔

(6) اطریفل مقوی دماغ

منافع: تقویت دماغ کی عجیب الاثر خاص دوا ہے۔ نزلہ و زکام کو رفع کر کے بصارت کو قوت بخشتی ہے۔ مجرب بارہا۔

اجزا: پوست ہلیلہ زرد' پوست بلیلہ' پوست آملہ' پوست ہلیلہ کابلی' مغز کشنیز خشک' مغز سونف' مغز بادام' مغز زبوز' مغز خربوزہ' مغز خیارین' مغز نارجیل ہر ایک 5 تولہ' گل اسطوخودوس' گل سرخ ہر ایک دو تولہ' طباشیر' دانہ الائچی خورد' دانہ الائچی کلاں' صمغ عربی' کیرا' گاؤزبان' گل گاؤزبان ہر ایک تولہ تولہ ورق نقرہ ایک دفتری' دیسی گھی' مصری تین پاؤ۔

ترکیب: حسب دستور **اطریفل** تیار کریں۔

استعمال: دو دو تولہ صبح و شام ہمراہ عرق گاؤزبان' عرق بادیان ہر ایک چھ چھ تولہ۔

(7) معجون مقوی دماغ و حافظہ

اسناد: ایک حکیم صاحب نے اپنا یہ خاص معمول بتایا ہے جو بہت موثر و مفید ہے۔

منافع: دماغ کو طاقت بخشتی اور قوت حافظہ کو تیز کرتی ہے۔ ضعف بصارت کے لئے عمدہ موثر دوا ہے۔ مغلظ منی' مقوی باہ' دافع نسیان اور طلباء دماغی محنت کرنے والوں کے لئے عجیب چیز ہے۔

اجزا: برادہ چوب چینی' دارچینی' دانہ الائچی خورد' ثعلب مصری' موصلی سفید' موصلی سیاہ' مغز بادام' مغز پستہ' کیرا' خرما ہر ایک دو دو تولہ' چہار مغز ایک پاؤ۔

ترکیب: سب کو جدا جدا باریک پیس کر سفوف تیار کریں۔

استعمال: رات کو سوتے وقت آدھ سیر دودھ کو جوش دے کر جب گاڑھا ہو جائے دو تولہ یہ سفوف ملا کر مصری سے شیریں کر کے پی لیں۔

(8) معجون نزلہ ہر قسم

منافع: نزلہ جدید اور کہنہ میں نہایت مفید و مجرب ہے۔ دو ہفتہ استعمال کرنے سے دماغ کو خوب طاقت حاصل ہوتی ہے اور حافظہ تیز ہو جاتا ہے۔

اجزا: کشنیز خشک 4 تولہ' پوست ہلیلہ زرد' پوست بلیلہ' پوست آملہ اسطوخودوس' مغز بادام ہر ایک 2 تولہ' تخم دھتورہ سیاہ ایک تولہ' روغن بادام خالص خانہ ساز 4 تولہ' شہد خالص تین پاؤ۔

ترکیب: خشک دوائیں کوٹ چھان کر روغن بادام سے چرب کر کے شہد میں ملا لیں۔

استعمال: دو دو ماشہ صبح و شام شیر گاؤ کے ہمراہ استعمال کریں۔

(9) نسخہ دیگر

منافع: نزلہ' زکام دائمی کمزوری دماغ اور نسیان کو نہایت مفید ہے۔

اجزا: کشنیز خشک، مغز بادام مقشر، مغز سونف ہر ایک 16 تولہ، دانہ الائچی خورد 6 تولہ، طباشیر 4 تولہ، مویز منقیٰ 5 تولہ، ورق نقرہ 50 عدد، روغن گاؤ 20 تولہ، مصری سیر۔

ترکیب: خشک ادویہ باریک پیس کر ورق نقرہ ملاتے اور کھرل کرتے جائیں پھر اس سفوف کو روغن زرد میں ڈال کر ہاتھوں سے خوب مل کر چرب کر لیں اور مصری کا مناسب پانی میں قوام بنا کر سفوف ملا لیں۔ معجون تیار ہے۔

استعمال: پانچ پانچ تولہ صبح و شام ہمراہ دودھ گائے نیم گرم استعمال کریں۔

(10) اکسیر جنون و مالیخولیا

منافع: یہ دوا جنون مالیخولیا کے لئے نہایت مفید ہے۔ اس کے علاوہ مرگی، بے خوابی، اختناق الرحم کو بہت فائدہ بخشتی ہے۔

اجزاو ترکیب: پوست ہلیلہ کابلی 4 تولہ، پوست ہلیلہ زرد، آملہ مقشر، ہلیلہ سیاہ ہر ایک تین تولہ، تربد سفید موصوف، بسفائج فستقی، اسطو خودوس ہر ایک ڈیڑھ تولہ، پوٹاشیم برومائیڈ، سوڈیم برومائیڈ ہر ایک 4 تولہ سب دوائیں جدا جدا پیس کر سفوف بنا لیں۔

استعمال: چھ ماشہ ہمراہ عرق سونف 10 تولہ استعمال کریں۔

(11) دوائے جنون

اسناد: ایک مشہور دواخانہ کی مشہور و کامیاب دوا ہے۔ جس کا نسخہ آپ کو آسانی سے حاصل ہو رہا ہے۔

منافع: جنون (دیوانگی) اختناق الرحم (ہسٹیریا) کے لئے نہایت موثر و مفید ہے۔

اجزاو ترکیب: چھوٹی چندن بوٹی کی جڑیں دھو کر سایہ میں خشک کر لیں اور کوٹ کر سفوف بنا لیں۔ 5 تولہ سفوف میں 90 مرچ سیاہ پیس کر ملا لیں۔

استعمال: ایک ایک ماشہ صبح و شام ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔

(12) اکسیر مالیخولیا و جنون

منافع: ہر قسم کے جنون، مالیخولیا، ہذیان، توحش و بے خوابی میں مفید و مجرب ہے۔ دوسرے دن اپنا اثر دکھاتا ہے۔ نہایت مستند نسخہ ہے۔

اجزا: زہر مہرہ خطائی، جدوار خطائی، ابریشم مسحوق، عود صلیب ہر ایک ایک تولہ، افیون خالص 9 ماشہ، تخم کاہو، بادر نجبویہ، گل گاؤزبان ہر ایک 3 تولہ، صندل سفید 2 تولہ۔

ترکیب: سب دوا کوٹ چھان کر سفوف بنا لیں۔

استعمال: ایک ایک ماشہ صبح و شام ہمراہ شیرہ مغز بادام و خیارین یا ماءالجبن شیر بز استعمال کریں۔

(13) جوارش مالیخولیا مراقی

منافع: مالیخولیا مراقی کے لئے (خصوصاً جب گرم مزاج ہو) بہت فائدہ کرتی ہے۔ ہضم کی اصلاح کرتی اور

مفرح طبع ہے۔ مجرب و معمول ہے۔

اجزاو ترکیب: مربہ سنترہ' مربہ سیب ہر ایک 2 تولہ' مربہ ہلیلہ' مربہ آملہ ہر ایک 5 عدد' رب ہلیلہ' رب انار' اطریفل زمانی' عرق گلاب ہر ایک 5 تولہ' الائچی خورد 9 ماشہ' مصطگی 9 ماشہ' مغز کشنیز تین ماشہ' گل سرخ' گل سیوتی' عود خام' طباشیر ہر ایک ڈھائی ماشہ' زیرہ سفید 2 ماشہ' عرق کیوڑہ دو تولہ' عرق بید مشک 4 تولہ' گل گاؤزبان' تخم تلسی ہر ایک 7 ماشہ' مصری 20 تولہ جوارش تیار کریں۔

استعمال: 5 ماشہ سے 9 ماشہ تک صبح و شام استعمال کریں۔

(14) اکسیر عصابہ

اسناد: حکیم محمد عبدالرحمٰن شاہ صاحب قریشی مالک رحمانی دہلی دواخانہ خوشاب کا عطیہ و مجرب ہے۔

منافع: درد عصابہ جو طلوع آفتاب کے وقت شروع ہو کر آہستہ آہستہ بڑھتا جاتا ہے اور دوپہر کے بعد کم ہونا شروع ہو جاتا ہے اور شام تک ختم ہو جاتا ہے۔ اس کی مستند اکسیر ہے۔ زیادہ سے زیادہ تین دن میں درد عصابہ کلی طور پر کافور ہو جاتا ہے۔ مجرب المجرب ہے۔

اجزا: نوشادر تین ماشہ' کونین سلفاس ایک ماشہ' اسپرین 4 رتی۔

ترکیب: سب کو پیس کر سفوف تیار کریں۔ تین خوراک بنالیں۔

استعمال: ایک پڑیہ 12 بجے رات ایک سحری کے وقت اور ایک صبح سورج نکلنے سے نصف گھنٹہ قبل ہمراہ تریاق عصابہ جس کا نسخہ درج ذیل ہے۔ اسطوخودوس 6 ماشہ' کشنیز خشک 4 ماشہ' فلفل سیاہ 6 عدد' ان کو ڈیڑھ پاؤ پانی میں شیرہ نکال کر یعنی گھوٹہ بنا کر تین حصے کر کے تینوں پڑیہ اس کے ہمراہ استعمال کریں۔ درد پہلے دن موقوف ہو جاتا ہے۔ مگر احتیاطاً" دوسرے تیسرے دن بھی اسی طریق پر تازہ نسخہ بنا کر استعمال کرنا چاہئے۔ دوران استعمال میں گرم دودھ میں گھی ملا کر شیریں کر کے دن میں دو دفعہ استعمال کرنا چاہئے یا صرف دودھ ہی استعمال کیا جائے۔ قبض ہو تو رات کو سوتے وقت اطریفل زمانی 9 ماشہ ہمراہ شیر گاؤ یا عرق سونف استعمال کرنا ضروری ہے۔

(15) اکسیر تسکین

اسناد: حکیم جمال دین صاحب جراح شاگرد حکیم احمد الدین صاحب موجد طب جدید کا عطیہ خاص ہے۔

منافع: جنون' مالیخولیا' مراق' اختناق الرحم کی نایاب اکسیر ہے۔ اوجاع عصبی' بے خوابی' صرع' کثرت احتلام' سوزش کابوس' درد سر' ام الصبیان' یاوہ گوئی' ذکاوت حس' جریان کو نہایت مفید ہے۔ جنون کے مریض کو جلد تسکین دیتی ہے۔ دو تین یوم میں ہی اسے نیند آنے لگ جاتی اور وحشت بے قراری کو آرام ہو جاتا ہے۔ نہایت مجرب اطمینانی دوا ہے۔

اجزا: افیون 6 ماشہ' پوٹاسیم برومائیڈ ایمونیم برومائیڈ' سوڈیم برومائیڈ ہر ایک 15 ماشہ' ابریشم مقرض' صندل سفید' جدوار' بادیاں ہر ایک تولہ تولہ' تخم کاہو' بادرنجبویہ ہر ایک 2 تولہ۔

ترکیب: تمام ادویہ علیحدہ علیحدہ کوٹ کر سفوف بنالیں۔
استعمال: 2 ماشہ یا 3 ماشہ حسب مزاج و طاقت مریض ہمراہ پانی یا بدرقہ مناسبہ استعمال کریں۔

(16) حب جدوار

منافع: نزلہ و زکام کہنہ و دائمی کے علاوہ امساک کے لئے بہت مفید ہے۔ باوجودیکہ آسان ترکیب ہے۔ سریع الاثر اور مجرب آزمودہ ہے۔ تازہ نزلہ کو بھی مفید ہے۔
اجزا: جدوار، درونج عقربی، طباشیر، دارچینی، مومیائی ہر ایک 7 ماشہ، زعفران، جاوتری، مصطگی، افیون۔ اجوائن خراسانی ہر ایک ساڑھے تین ماشہ، مشک خالص جند بید ستر ہر ایک 1 ماشہ۔
ترکیب: سب کو باریک پیس کر عرق گلاب میں کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔
استعمال: ایک گولی صبح نہار ہمراہ پانی استعمال کریں۔ امساک کے لئے جماع سے تین گھنٹے پہلے ہمراہ دودھ استعمال کریں۔

(17) حب اکسیر لقوہ

منافع: لقوہ کے لئے ایک حکیم صاحب کا معمول اور مجرب ہے۔ ہم نے بھی اس کا تجربہ کیا۔ واقعی مفید ثابت ہوا۔
اجزا: مٹھ تیلیہ تولہ کوڑ ڈھائی تولہ، مویز منقیٰ حسب ضرورت، باتھوں بوٹی دو کلو۔
ترکیب: باتھوں بوٹی کوٹ کر ایک ہانڈی میں ڈالیں اس کے درمیان مٹھ تیلیہ رکھ کر اوپر چپنی دے کر نیچے نرم نرم آنچ جلائیں۔ جب بوٹی کا پانی خشک ہو جائے آگ بند کر دیں۔ اور سرد کر کے مٹھ تیلیہ بمع کوڑ کوٹ کر مویز منقیٰ اس قدر ملائیں کہ گولیاں بن سکیں۔ سب کو خوب کوٹ کر چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔
استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام چینی میں رکھ کر ہمراہ دودھ استعمال کریں اور دوران استعمال میں دودھ گھی زیادہ استعمال کریں۔ منضج مسہل کے بعد زیادہ فائدہ ہوتا ہے۔

(18) اکسیر فالج

منافع: فالج، لقوہ، رعشہ وغیرہ کے لئے بعد از تنقیہ اکسیر ثابت ہوئی ہے۔ اس کے علاوہ وجع المفاصل (گنٹھیہ) اور ہر قسم کے ریاحی دردوں کے لئے عجیب الاثر مستند نسخہ ہے۔
اجزا: مٹھ تیلیہ مدبر 27 ماشہ، سیماب ممکن شیریں ہر ایک 9 ماشہ، کچلہ مدبر 18 ماشہ، زنجبیل، جائفل ہر ایک 6 ماشہ، فلفل دراز، سہاگہ بریاں، گندھک، آملہ سار مدبر، مال کنگنی ہر ایک تولہ تولہ، زعفران اصلی ... ماشہ، مرچ سیاہ 7 ماشہ، خرمہرہ زرد سوختہ 11 عدد، آب ادرک، آب کیلہ ہر ایک 15 تولہ۔
ترکیب: سیماب و سکہ کو عقد کریں۔ دوسری دواؤں کو کوٹ چھان کر رکھیں۔ پھر سب کو آب ادرک میں کھرل کریں۔ پھر آب کیلہ میں کھرل کریں تاکہ خشک سفوف بن جائے۔ سکہ کے ٹکڑے بنا کر گا

ب میں ملادیں۔ عقد ہو جائے گا۔

عمال: تنقیہ کے بعد دانہ موٹھ کے برابر دوائی لے کر پان میں رکھ کر رات کو سوتے وقت کھائیں۔

یوم بلاناغہ استعمال کریں ارو صبح و شام کھانا کھانے کے بعد 2 تولہ آب اورک ایک پیالی چائے دودھ

میں ملا کر استعمال کیا کریں۔ جہاں پان کا رواج نہ ہو دوائی آب اورک 2 تولہ کے ہمراہ استعمال کریں۔

ران استعمال میں مناسب وقفہ سے مریض کو تین بار مسہل بھی دینا چاہئے۔ سرد، بلغمی اور ریاح انگیز

ے پرہیز کریں۔ معمولی امراض میں تنقیہ کی ضرورت نہیں۔

(19) دوائے سدر دوار

فع: سدر دوار (سر چکرانا) کے لئے مجرب و آزمودہ ہے۔ اس کے استعمال سے اکثر دو دنوں میں ہی

رہو جاتا ہے۔

ا: گل سرخ 5 ماشہ، ہلیلہ سیاہ 4 ماشہ، مغز بادام 11 عدد۔

یب واستعمال: سردائی کی طرح گھوٹ چھان کر استعمال کریں۔ یہی وزن صبح و شام تازہ تیار کر کے

(20) دیگر مجرب

ا: کشنیز خشک، خشخاش سفید ہر ایک تین ماشہ، مغز پنبہ دانہ (بنولہ) 6 ماشہ۔

یب واستعمال: ایک پاؤ پانی میں گھوٹ چھان کر گلقند ڈھائی تولہ ملا کر استعمال کریں۔ یہی وزن صبح

م تازہ تیار کر کے استعمال کرنا چاہئے۔

(21) حب سم الفار

فع: رعشہ کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔

: جوہر سم الفار 10 رتی، ورق نقرہ 40 عدد، ورق طلا 20 عدد، پوست ہلیلہ زرد، کشتہ فولاد ہر ایک تولہ

ب: لعاب گھیکوار میں ایک گھنٹہ کھرل کر کے شہد کی مدد سے تین رتی کی مقدار میں گولیاں بنالیں۔

عمال: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ عرق اسطوخودوس 5 تولہ۔

(22) اکسیر لقوہ

یہ حکیم محمد بخش ستیانہ (جھنگ) کا عطیہ اور معمول مطب ہے۔

فع: لقوہ کے لئے مفید ہے۔ نیز عارضی سردی، ولادت کے بعد پرسوت کا پیدا ہو جانا، شری یعنی کہن،

کی امراض مثل فالج، تشنج، رعشہ، خدر اور ریحی دردوں کو پورا پورا فائدہ کرتی ہے۔ عارضی سردی

بالخصوص مفید ہے۔ بارہا کی مجرب ہے۔

اجزا: ہڑتال ورقی، جائفل، جلوتری، لونگ ہر ایک چھ ماشہ مرغ جوان جس نے اذان نہ دی ہو ایک عدد۔
ترکیب: سب ادویہ جدا جدا باریک پیس کر ملالیں اور چار پہر تک خوب کھرل کریں۔ مرغ کو ذبح کرے اس کے پروبال اور آلائش دور کر کے اس کی سنگدان کو چیر دے کر آلائش سے صاف کریں اور کھرل کی ہوئی ادویہ مذکورہ کو سنگدان میں بھر کر مرغ کے شکم میں ڈال کر سی دیں اور دیگچہ قلعی شدہ میں ایک پاؤ گھی ڈال کر اس میں مرغ کو نرم آنچ پر بریاں کریں۔ ساتھ ساتھ ہلاتے رہنا چاہئے۔ جب خوب سرخ ہو جائے مرغ کو نکال کر رکھ لیں۔ جب سرد ہو جائے سنگدان سے دوائی نکال کر محفوظ رکھیں۔
استعمال: نصف رتی سے ایک رتی تک صبح و شام مویز منقیٰ میں لپیٹ کر دودھ گرم کے ساتھ استعمال کرنا چاہئے۔ اور چھٹانک ڈیڑھ چھٹانک گھی روزانہ اس کے دوران استعمال میں روٹی کے ساتھ یا گوشت وغیرہ میں پکا کر کھانا چاہئے۔ سرد اشیاء تیل آچار سے پرہیز۔

(23) اکسیر مرگی

منافع: مرگی کا خاص اور مجرب نسخہ ہے خواہ جس قدر کہنہ مرض ہو انشاء اللہ کامیابی ہوتی ہے آج کل ایک طبیب کا معمول مطب ہے۔
اجزا: آدمی کی کھوپری کی ہڈی جو عموماً قبرستان میں مل جاتی ہے ڈھائی تولہ، پوست ہلیلہ زرد 2 تولہ، عود صلیب، پوست ہلیلہ کابلی سورنجاں، سنبل الطیب، ہلیلہ سیاہ ہر ایک تولہ تولہ، الائچی خورد 5 ماشہ، عقرقرحا جدوار ہر ایک 8 ماشہ، دارچینی 3 ماشہ سب کو باریک پیس کر سفوف تیار کریں۔
استعمال: چار چار ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت بنفشہ مالیدہ عرق سونف ہر ایک تین تولہ۔

(24) نسخہ دیگر مجرب

منافع: مرگی (صرع) کا سہل الحصول کثیر المنفعت عجیب الاثر نسخہ ہے۔ کچھ عرصہ تک متواتر استعمال کرنا چاہئے تاکہ دورہ رک جائے مجرب ہے۔
اجزا: جند بید ستر 6 ماشہ، اسطوخودوس، عقرقرحہ، پوٹاسیم برومائیڈ ہر ایک ڈھائی تولہ، سرکہ انگوری 5 تولہ شہد ایک پاؤ۔
ترکیب: خشک ادویہ سفوف بنا کر سرکہ میں خوب کھرل کریں پھر شہد میں ملالیں۔
استعمال: 6 ماشہ سے 9 ماشہ تک روزانہ دودھ گائے آدھ کلو کے ہمراہ صبح استعمال کریں۔

(25) نسخہ دیگر مجرب

اجزا: جند بید ستر تین ماشہ، کافور، افیون، ہیراہینگ، اسطوخودوس، سفائج، جدوار خطائی، کندر ہر ایک ماشہ، مصبر، عود صلیب ہر ایک 4 ماشہ۔
ترکیب: سب کو الگ الگ باریک کر کے خوب کھرل کریں اور چنے کے برابر حبوب بنالیں۔
استعمال: ایک گولی صبح ایک گولی دوپہر ایک گولی شام ایک عشاء ہمراہ قہوہ دارچینی استعمال ہو۔

(26) نسوار مرگی مجرب

اجزا: ڈنڈا دار (آک) 2 تولہ گل کنیر سفید، کشمیری پتر ہر ایک تولہ تولہ۔

ترکیب: ڈنڈا دار خشک کر کے سب کو کوٹ کر عرق گلاب خالص میں کھرل کر کے نسوار تیار کر لیں۔

استعمال: دورہ کے وقت ناک میں پھونکیں۔

(27) روغن فالج

منافع: فالج کے بہت تیل ہیں مگر یہ نسخہ باوجود آسان اور ارزاں ہونے کے عمدہ موثر اور مفید ثابت ہو چکا ہے۔ ہمارا کئی بار کا آزمودہ خاص نسخہ ہے۔

اجزا: تخم دھتورہ، اجوائن خراسانی ہر ایک 9 ماشہ، مٹھہ تیلیہ، مال کنگنی ہر ایک 6 ماشہ، جوزبوا، زنجبیل خشک، عقر قرحہ، کرفس، انیسون ہر ایک تولہ تولہ، سب کو نیم کوب کر کے دو کلو پانی میں جوش دیں۔ حتیٰ کہ آدھ کلو رہ جائے پھر مل چھان کر روغن بابونہ روغن گل، روغن کنجد، روغن ارنڈ ہر ایک 10 تولہ اضافہ کر کے دوبارہ جوش دیں۔ جب پانی خشک ہو جائے۔ جند بید ستر ایک تولہ باریک پیس کر ملا دیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: حسب دستور گرم کر کے مالش کیا کریں۔ مریض کو سردی سے بچائیں۔

(28) نسخہ دیگر مجرب

اسناد: حکیم محمد بخش صاحب ستیانہ ضلع جھنگ کا عطیہ خاص ہے۔

منافع: فالج، لقوہ، رعشہ، کزاز، تمدد، استرخاء، اوجاع مفاصل، بلغمی اور ریحی دردوں ضعف اعصاب وغیرہ جملہ امراض باردہ کے لئے بارہا کا آزمودہ مستند نسخہ ہے۔

اجزا: برگ مدار تازہ، روغن السی، روغن سرسوں، روغن زرد ہر ایک 20 تولہ، روغن مال کنگنی 10 تولہ، روغن دارچینی ولائتی 5 تولہ۔

ترکیب: برگ مدار کو آدھ کلو پانی میں تر کریں۔ جب گل جائیں جوش دے کر مل چھان کر اس پانی میں روغن السی روغن سرسوں اضافہ کر کے ابالیں حتیٰ کہ صرف تیل رہ جائے بعدہ روغن زرد، روغن مال کنگنی اور روغن دارچینی ملا کر محفوظ رکھیں۔

استعمال: دن میں دو دفعہ گرم کر کے مالش کیا کریں۔

(29) روغن اکسیر فالج

منافع: فالج، لقوہ، رعشہ وغیرہ تمام اعصابی امراض کے لئے یہ روغن نہایت اکسیر ہے۔ جوڑوں کے دردوں کے لئے بھی بہت فائدہ مند ثابت ہوا اور مجرب ہے۔

اجزا: برگ مدار، برگ دھتورا، برگ ارنڈ، برگ سنبھالو، کنڈیاری افتیمون ہر ایک 5 تولہ، سورنجاں تلخ،

بابونہ خشک 'قسط تلخ' کا لیھل ہر ایک 2 تولہ۔
ترکیب: تمام ادویہ تین کلو پانی میں رات کو بھگو رکھیں۔ صبح جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے تو مل چھان کر روغن کنجد آدھ کلو ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب پانی جل کر صرف تیل باقی رہ جائے تو اتار کر نیم گرم ہی کپڑے میں چھان لیں اور بوتل میں محفوظ رکھیں۔
استعمال: صبح و شام مالش کریں۔

(30) حب فالج وغیرہ

منافع: فالج 'لقوہ' رعشہ' سرسام کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔
اجزا: مرچ سیاہ چار ماشہ' میٹھہ تیلیہ مدبر' جائفل' زعفران' قرنفل' بیر بہوٹی ہر ایک 2 ماشہ۔
ترکیب: پہلے میٹھہ تیلیہ اور مرچ سیاہ کو ملا کر 4 پہر کھرل کریں پھر دوسرے اجزا باریک پیس کر ملا دیں اور خوب کھرل کر کے قدرے دیسی گھی اور شہد ملا کر کھرل کر کے مسور کے برابر گولیاں بنالیں۔
استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ شیر گائے استعمال کریں۔

(31) چٹنی مقوی دماغ

اسناد: یہ نسخہ حکیم محمد بخش صاحب ساکن ستیانہ کا عطیہ ہے۔ آپ نے بڑے دعوے کے ساتھ پیش کیا ہے۔ آپ اس کو کثرت سے استعمال کرتے ہیں۔
منافع: دماغ' جگر اور دل کو طاقت بخشتا ہے۔ مقوی بصارت اس قدر ہے کہ اس کے استعمال سے بفضلہ عینک کی عادت چھوٹ جاتی ہے۔
اجزا: مغز بادام مقشر 7 عدد' دانہ الائچی کلاں 3 ماشہ' مصری کوزہ 2 تولہ سب کو گھوٹ کر مکھن گائے تین تولہ اکسیر مروارید 4 رتی ملا کر نہار صبح استعمال کیا جائے۔
نسخہ اکسیر مرواریدی: مروارید نا سفتہ ماشہ طباشیر' دانہ الائچی خورد ہر ایک تین ماشہ روح کیوڑہ' روح بید مشک ہر ایک تولہ تولہ میں کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

(32) شربت برائے مالیخولیا

منافع: مالیخولیا کا ہمہ صفت موصوف اصولی نسخہ ہے۔ دل' دماغ' جگر کو تقویت اور تفریح بخشتا اور توحش' وسواس سوداوی کو مفید ہے۔ اعضاء رئیسہ کو خصوصیت سے بہت مفید ہے۔ میرا نیز کئی شاگردوں کا معمول ہے۔
اجزا: زرشک شیریں ڈھائی تولہ' گاؤزبان' گل سرخ' ابریشم' بورہ صندل سفید' تخم کاسنی ہر ایک 6 ماشہ' بادرنجبویہ' بہمن سفید' گل بنفشہ' گل نیلوفر ہر ایک تولہ تولہ' چوب عود' کشنیز خشک' الائچی خورد' چھڑیلہ ہر ایک 6 ماشہ' چینی آدھ کلو۔
ترکیب: حسب دستور شربت تیار کریں۔

استعمال: تین تولہ صبح تین تولہ عصر عرق گاؤزبان یا سادہ پانی ملا کر استعمال کیا جائے۔

(33) نسخہ دیگر

منافع: اس میں بھی مذکورہ بالا فوائد پائے گئے ہیں۔ مالیخولیا کو جلد نفع بخشتا ہے۔ اخلاط کی اصلاح خوب کرتا ہے۔ قبض رفع کرتا اور طبیعت کو جلد سکون بخشتا ہے۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔ مالیخولیا صفراوی کو خاص طور پر مفید ہے۔

اجزا: سناء مکی، گل سرخ گل نیلوفر گل گاؤزبان ہر ایک ساڑھے سات ماشہ، تخم کاسنی نیم کوفتہ، تخم خیارین نیم کوفتہ ہر ایک 21 ماشہ، عناب 30 دانہ، آلو بخارا پندرہ دانہ، ترنجبین 9 ماشہ، مصری 750 گرام، عرق گلاب، عرق نیلوفر، عرق بید مشک ہر ایک 750 گرام۔

ترکیب: خشک ادویات کو عرقیات میں رات کو قلعی شدہ دیگچہ میں تر کریں۔ صبح دو تین جوش دے کر اور مل چھان کر مصری اضافہ کر کے شربت تیار کریں۔

استعمال: 2 تولہ صبح 2 تولہ عصر حسب خواہش آب خالص ملا کر استعمال کیا جائے۔

(34) نسخہ دیگر

اسناد: یہ نسخہ ہمارے علاقہ کے مشہور و معروف جید طبیب حکیم الہ دین صاحب مرحوم شیخوپوری کا معمول مطب ہے۔

منافع: مالیخولیا کو جلد نفع بخشتا، وحشت کو دفع کرتا، خلط سودا کو خوب خارج کر کے قبض رفع کرتا ہے۔ مجرب خاص نسخہ ہے۔

اجزا: افتیموں ولائتی در پارچہ بستہ، برگ سناء ہر ایک تین تولہ، گاؤزبان، بادر نجبویہ ہر ایک 2 تولہ، اسطو خودوس ڈھائی تولہ، ابریشم مقرض ایک تولہ، نبات 500 گرام۔

ترکیب: حسب دستور شربت تیار کریں۔

استعمال: 2 تولہ صبح 2 تولہ عصر شیر گاؤ جوشیدہ میں ملا کر استعمال کیا کریں۔

(35) نسخہ دیگر

منافع: مالیخولیا مراقی اور دماغی ہر قسم کے لئے بے حد مفید ہے۔ قبض رفع کر کے جگر اور معدہ کو طاقت بخشتا اور مزاج کی اصلاح کرتا ہے۔ چند دنوں میں ہی اپنا اثر دکھاتا ہے۔ کئی دفعہ کا مجرب اور آزمودہ ہے۔

اجزا: عناب 30 دانہ، آلو بخارا 5 تولہ، تخم کاسنی، گل سرخ ہر ایک 7 تولہ، افستین، تخم خیارین کوفتہ ہر ایک 2 تولہ، تخم خربوزہ نیم کوفتہ 3 تولہ، ترنجبین ایک کلو۔

ترکیب: سوائے ترنجبین کے دیگر ادویہ رات کو سیر بھر پانی میں تر کریں۔ صبح دو تین جوش دے کر اور مل چھان کر گرما گرم میں ترنجبین حل کریں اور دوبارہ کپڑے میں چھان کر قوام تیار کر لیں۔

استعمال: تین تین تولہ صبح اور عصر تازہ پانی ملا کر نوش کریں۔

(36) اکسیر درد ہر قسم

منافع: درد سر ہر قسم کو جلد تسکین بخشتی ہے۔ مزید براں ہر قسم کے دردوں کو مفید ہے۔ عصاب شقیقہ اور اعصابی دردوں کو ازحد مفید ہے۔ ایک حکیم صاحب نے اپنا معمول خاص بتایا تھا جو تجربہ کے بعد عمدہ تسلی بخش ثابت ہوا۔ دل پر خراب اثر نہیں کرتا۔

اجزا: دانہ الائچی خورد، کشنیز خشک، پوٹاسیم برومائیڈ، فنسٹین ہر ایک ہم وزن۔

ترکیب: سب کو باریک پیس کر سفوف بنالیں۔

استعمال: ایک ماشہ عرق بادیان یا گرم دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔ اگر ایک خوراک سے فائدہ نہ ہو تو آدھ گھنٹہ کے بعد دوسری خوراک دے دیں۔

(37) سعوط درد سر کہنہ

منافع: پرانے درد سر کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔

اجزا: بید ماکھ، صندل سفید، پیپل، اصل السوس ہر ایک ساڑھے چار ماشہ آب آملہ تازہ ساڑھے چار تولہ، دہلی ہوئی تلی کا تیل ڈھائی تولہ۔

ترکیب: خشک ادویہ باریک پیسیں اور آب آملہ و روغن کنجد میں ملا کر جوش دیں حتیٰ کہ ادویہ جل جائیں اور خالص تیل باقی رہ جائے۔

استعمال: تین چار قطرے ناک میں ٹپکائیں۔ چند روز کے استعمال سے درد سر جاتا رہے گا۔

(38) نسوار درد سر کہنہ

اسناد: حکیم محمد غوث صاحب کا معمول و عطیہ خاص ہے۔

منافع: کہنہ درد سر کی زود اثر اطمینانی اکسیر ہے۔ اس سے برسوں کے سر درد کو فائدہ ہوتا دیکھا گیا ہے۔

اجزا: نک چھکنی ایک تولہ، لونگ 3 ماشہ، مرچ سیاہ ڈیڑھ ماشہ، کافور 6 رتی۔

ترکیب: سب ادویہ خوب کھرل کریں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: حسب دستور دن میں دو دفعہ نسوار لیں۔

(39) نسوار شقیقہ

منافع: درد سر شقیقہ (آدھا سیسی) کہنہ کو بفضلہ تین دن میں فائدہ بخشتی ہے۔ ہم نے اس کا بارہا تجربہ کیا ہے۔

اجزا: نوشادر، فلفل سفید ہم وزن۔

ترکیب: خوب کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: صبح اور شام تھوڑی سی نسوار لیں۔

(40) نسخہ دیگر

اجزاو ترکیب: سمندر پھل 2 ماشہ، بکری کے دودھ ایک تولہ میں گھس کر مخالف طرف ناک میں نسوار لیں۔ اگر تمام سر میں درد ہو تو دونوں نتھنوں میں ناس لی جائے بہت جلد آرام ہوتا ہے۔

(41) اکسیر ام الصبیان و مرگی

منافع: ام الصبیان اور مرگی کا خاص الخاص نسخہ ہے۔ کچھ عرصہ تک متواتر استعمال کیا جائے تو انشاء اللہ نجات ہو جاتی ہے۔

اجزا: بسفائج، عود صلیب قسم اعلیٰ ہر ایک تولہ تولہ، تربد موصوف با روغن بادام چرب کردہ، برگ سناء ہر ایک ڈیڑھ تولہ، نوشادر ٹھیکری 7 ماشہ، مغز بادام پندرہ عدد، چینی 3 تولہ۔

ترکیب: سب ادویہ علیحدہ علیحدہ پیس کر سفوف بنالیں۔

استعمال: چھ چھ ماشہ صبح و شام پانی کے ہمراہ، بچہ کو حسب عمر کسی عرق میں حل کر کے دیں۔

(42) اکسیر درد سر شدید

منافع: شدید درد سر کو فی الفور زائل کرتی ہے۔ مجرب و مستند چیز ہے۔

اجزا: رسوت 6 ماشہ، افیون ماشہ، تخم کاہو، تخم کاسنی ہر ایک 4 ماشہ، زعفران 4 رتی۔

ترکیب: سب کو باریک کر کے تخم بالنگو کے لعاب میں حل کر کے کپڑے پر لگا کر کنپٹی پر چپکا دیں۔

(43) دوائے شقیقہ

منافع: شقیقہ اور عصابہ کا مشہور نسخہ ہے۔ اس میں نوشادر کا اضافہ کرنے سے زیادہ قوی الاثر اور مفید ثابت ہوا ہے۔ مجرب بارہا۔

اجزا: اسطوخودوس 5 ماشہ، کشنیز خشک تین ماشہ، فلفل سیاہ 5 دانہ، نوشادر 5 رتی۔

ترکیب: طلوع آفتاب سے ایک گھنٹہ قبل آدھ پاؤ پانی میں شیرہ نکال کر پی لیا جائے۔ اسی طرح تین چار یوم تک بلاناغہ استعمال کیا جاتا ہے۔ ساتھ نسوار نمبر 39 یا نسوار عشری مندرجہ حصہ اول مجربات سلطانی استعمال کرنی چاہئے۔

(44) معجون برائے قبض و مراق

اسناد: دار الصحت سلطانیہ میں ہمیشہ تیار ہوتی ہے۔ سہل اور ارزاں ہونے کے باوصف بہت مفید ہے۔

منافع: قبض دائمی کے لئے نہایت مفید ہے۔ آنتوں کی خشکی اور ضعف معدہ کو دور کرتی ہے اور قبض کی عادت دور ہو جاتی ہے۔ ریاح خارج کرتی اور بھوک پیدا کرتی ہے۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔

اجزا: برگ سناء، مغز سونف ہر ایک 3 تولہ، مغز بادام مقشر 5 تولہ، مغز خیارین 2 تولہ، دانہ الائچی خورد تولہ، قند سفید 10 تولہ۔

ترکیب: سب کو کوٹ کر سفوف تیار کریں۔
استعمال: رات کو سوتے وقت 9 ماشہ سے ایک تولہ تک گرم دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

(45) حب نزلہ و سعال

منافع: نزلہ نیا اور کہنہ نیز کھانسی ہر قسم اور زکام کے لئے مجرب اور معمول ہے۔ نیز قوت باہ، امساک اور سرعت انزال کی عجیب الصفت اکسیری دوا ہے۔ ایک حکیم صاحب کی ہر وقت کی معمول ہے۔ سہل الحصول ہونے کے باوصف بہت سریع الاثر ہے۔ اس کا ہر مطب میں تیار رہنا لازم ہے۔
اجزا: شنگرف رومی، کافور، افیون خالص، جائفل ہر ایک برابر وزن۔
ترکیب: سب کو جدا جدا باریک پیس کر ملا کر خوب کھرل کریں۔ حتیٰ کہ نرم ہو کر گولیاں بننے کے لائق ہو جائے پھر چنے سے قدرے چھوٹی گولیاں تیار کرلیں۔
استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ شربت بنفشہ 3 تولہ، عرق بادیان، عرق گاؤزبان ہر ایک 6 تولہ یا دودھ گرم یا چائے کے ساتھ، قوت باہ اور امساک وغیرہ کے لئے دودھ کے ہمراہ وقتی امساک کے لئے جماع سے دو یا تین گھنٹہ قبل دو گولیاں آدھ سیر دودھ کے ساتھ استعمال کی جائیں۔ اس دن غذا کم اور دودھ زیادہ استعمال کریں۔

(46) اکسیر درد سر ہر قسم

منافع: ہر قسم درد سر کو پانچ منٹ میں فائدہ بخشتی ہے۔ مجرب و آزمودہ ہے۔
اجزا: فنسٹین، انٹی فیبرین، شوگر آف ملک ہر ایک تولہ تولہ، کیفین سائٹراس اسپرین، کشنیز خشک ہر ایک 6 ماشہ، مصری تین تولہ۔
ترکیب: مغز کشنیز کوٹ لیں پھر سب اشیاء کو ملا کر سفوف بنالیں۔
استعمال: ایک ماشہ عرق گاؤزبان یا پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

(47) نسوار صداع دودی

منافع: اگر دماغ یا ناک میں کیڑے پڑ جائیں۔ ناک سے چھوہا گرتا ہو تو اس نسوار کے استعمال سے کیڑے نکل جاتے ہیں اور صحت ہو جاتی ہے۔
اجزا و ترکیب: پرانے جوتے کا چمڑا کسی میدان یا جنگل سے لا کر آگ میں جلا کر راکھ بنالیں۔ اس راکھ کو شیشی میں رکھیں۔
استعمال: دن میں دو مرتبہ بطور نسوار استعمال کریں۔

(48) نسوار کرم دماغ مجرب

اجزا و ترکیب: بیخ حرمل سایہ میں خشک کی ہوئی 2 تولہ، مونگ کابلی تولہ باریک کھرل کر کے نسوار تیار

کریں اور بطور نسوار استعمال کریں۔

(49) حب ام الصبیان مجرب

اجزاو ترکیب: انگوزہ' ریوند عصارہ ہم وزن گلقند میں کھرل کر کے دانہ مونگ کے برابر گولیاں تیار کریں۔

استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام عرق سونف کے ہمراہ استعمال کریں۔

(50) شربت ام الصبیان

منافع: ام الصبیان (بچوں کی مرگی) کے لئے مجرب ہے۔

اجزا: ابریشم خام' گل گاؤزبان' تخم تلسی' گاؤزبان' اسطو خودوس ہر ایک دو دو تولہ' تخم خیارین کوفتہ' انیسوں ولایتی در پارچہ بستہ ہر ایک ڈھائی تولہ' برگ سناء 3 تولہ' سفائج کوفتہ ایک تولہ' عرق گلاب 15 تولہ' نبات سفید 2 پاؤ۔

ترکیب: حسب دستور شربت تیار کریں۔

استعمال: مطابق عمر 6 ماشہ سے ڈیڑھ تولہ تک صبح و شام پانی ملا کر استعمال کریں۔

(51) اکسیر ام الصبیان

منافع: ام الصبیان کے لئے ایک طبیب کا معمول مطب نسخہ ہے۔ گو اس کے اجزاء قیمتی ہیں مگر عمدہ سریع الاثر و مجرب ہے۔

اجزا: جدوار خطائی' عود صلیب' فاد زہر حیوانی' اندر جو شیریں' مصبر' مرکی' گاؤ روہن ہر ایک تولہ تولہ' زہر مہو خطائی' مشک خالص ہر ایک 3 ماشہ' جند بید ستر' ہینگ ہر ایک 9 ماشہ' انیسوں 3 تولہ' دانہ الائچی خورد 6 ماشہ۔

ترکیب: سب ادویہ پیس کر عرق گاؤزبان میں کھرل کر کے مرچ سیاہ کے برابر گولیاں تیار کریں۔

استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام شیر والدہ یا عرق گاؤزبان میں حل کر کے استعمال کریں۔

(52) دوائے مسکن

اسناد: ایک دواخانہ میں کثرت سے استعمال ہوتی ہے۔ فی الواقعہ اس کا ہر مطب میں تیار رہنا ضروری ہے۔

منافع: درد سر ہر قسم کو جلد تسکین بخشتی ہے اس کے علاوہ ہر قسم کی دردوں کو نافع و مجرب ہے۔

اجزا: ست پودینہ' ست اجوائن' کافور' ست الائچی ہر ایک 6 ماشہ' ویزلین 1 پاؤ۔

ترکیب: خشک ادویہ شیشی میں ڈال کر تھوڑی دیر تک دھوپ میں رکھیں جب حل ہو جائیں ویزلین میں اچھی طرح ملالیں۔

استعمال: درد سر میں پیشانی پر مالش کریں۔ دیگر دردوں میں درد کی جگہ مالش کریں۔ فی الفور آرام ہو گا۔

(53) اکسیر درد سر ہر قسم

منافع: سخت سے سخت درد سر کو چند منٹ میں تسکین بخشتی ہے۔ دیگر ہر قسم کی دردوں کو مفید ہے۔ نیز تپ اور بخار کو نافع ہے۔ مجرب اور معمول ہے۔

اجزا: خشین 2 تولہ، کیفین سائٹراس، اسپرین ہر ایک تولہ تولہ، قند سفید 6 ماشہ، گیرو 2 ماشہ۔

ترکیب: سب کو پیس کر یکجان کر لیں۔

استعمال: 4 رتی سے 6 رتی تک تازہ پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

(54) ضماد برائے درد سر

منافع: ہر قسم درد سر کو پانچ منٹ میں نفع بخشتی ہے۔ مجرب ہے۔

اجزا: افیون، زعفران ہر ایک 4 رتی، لوبان ماشہ، چاول ساٹھی 4 ماشہ۔

ترکیب: سب کو باریک پیس کر عرق گلاب میں کھرل کر کے پیشانی پر ضماد کریں۔

(55) دوائے عصابہ مجرب

اجزا و ترکیب: کونین سلفاس 10 گرین، فرائی کارب 4 گرین، انٹی فیرین 3 گرین سب کو ملا کر دن چڑھنے سے ایک گھنٹہ پہلے کیپسول میں بند کر کے پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ دو دن میں آرام ہو جائے گا۔ یہ اور کو کنار حسب ضرورت پانی میں پیس کر پیشانی پر ضماد کریں۔

(56) دوائے شقیقہ

اجزا: سونف، مویز منقی، گلسرخ، دانہ الائچی خورد ہر ایک 6 ماشہ، سناء مکی، مغز بادام ہر ایک تولہ تولہ، گلقند 6 تولہ، پوست ہلیلہ زرد 7 ماشہ، گل بنفشہ 9 ماشہ۔

ترکیب: خشک ادویہ کوٹ چھان کر گلقند میں ملا لیں۔

استعمال: چھ چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت بنفشہ استعمال کریں۔

(57) لخلخہ برائے شقیقہ

اجزا: روغن کدو، روغن گل، روغن خشخاش، روغن بادام، سرکہ، کافور ہر ایک 11 ماشہ، افیون 7 رتی۔

ترکیب: افیون پیس کر سب اشیاء کو ایک فراخ منہ شیشی میں ملا لیں۔

استعمال: درد شروع ہونے سے پہلے چند بار شیشی کو ہلا کر سونگھائیں۔

(58) کاغذی درد شقیقہ

منافع: درد سر شقیقہ (آدھا سیسی) کو جلد نفع بخشتی ہے۔

اجزا: گل ارمنی، زعفران، زنجبیل، قرنفل کلاہ دار، افیون ہر ایک تین ماشہ۔

ترکیب: سب کو باریک پیس کر پانی میں کھرل کر کے کنار دشتی کے برابر گولیاں بنالیں۔
استعمال: اٹھنی کے برابر دو سفید کاغذ کتر کر ان میں سوئی سے کئی سوراخ بنالیں۔ ایک گولی کو پانی میں گھس کر ان پر لگا کر دونوں کنپٹیوں پر چپکا دیں۔ خشک ہونے کے بعد درد کو آرام ہو جاتا ہے۔

(59) درد سردائی

منافع: درد سردائی، ریح بواسیر، مراق، قبض کے لئے مفید ہے۔
اجزا: سناء مکی ڈھائی تولہ، زیرہ سفید 4 ماشہ، نمک سوچر 6 ماشہ، بادام روغن حسب ضرورت۔
ترکیب: سناء کو کوٹ کر بادام روغن سے چرب کر کے باقی دوائیں کوٹ کر ملالیں۔
استعمال: چار یا چھ ماشہ رات کو سوتے وقت ہمراہ آب خالص استعمال کریں۔

(60) نسوار طلسمی

منافع: درد سر، شقیقہ، عصابہ، نزلہ، زکام میں برقی اثر دکھاتی ہے۔ مجرب۔
اجزا: پوست ریٹھہ ایک عدد، نوشادر ایک رتی، کائپھل تولہ، پرمنگنیٹ آف پوٹاش 1 رتی۔
ترکیب: سب کو باریک پیس کر نسوار تیار کریں۔
استعمال: بوقت ضرورت تھوڑی سی نسوار لیں۔

(61) نسوار برائے بدبو دماغ

منافع: بدبو دماغ، گرم دماغ، درد سر، بے ہوشی، چکر آنا، نزلہ، زکام کو مفید ہے۔
اجزاو ترکیب: کافور، نوشادر، سہاگہ ہم وزن کھرل کر کے شیشی میں نگاہ رکھیں۔
استعمال: وقت ضرورت تھوڑی سی دوا مکھن میں ملا کر نسوار لیں۔

(62) حب برائے رعشہ

منافع: رعشہ کے لئے مجرب الجرب ہے۔ نیز تمام عصبی امراض کو مفید ہے۔
اجزا: اسطوخودوس، قرنفل ہر ایک دو دو ماشہ، دارچینی، پوست ہلیلہ کابلی، پودینہ ہر ایک ایک تولہ 9 ماشہ، زہد، غاریقون، حلتیت، جند بید ستر ہر ایک تولہ تولہ، زعفران، عقرقرحا ہر ایک 9 ماشہ، سم الفار سفید 4 رتی۔
ترکیب: سب کو کھرل کر کے شہد کے ہمراہ مرچ سیاہ کے برابر گولیاں تیار کریں۔
استعمال: تین تین گولیاں صبح و شام ہمراہ آب گرم بعد از غذا استعمال کریں۔

(63) حریرہ مقوی دماغ مجرب

اجزاو ترکیب استعمال: نشاستہ گندم، نخود بریان، مغز پنبہ دانہ، روغن زرد ہر ایک تولہ تولہ خشخاش سفید، مغز بادام شیریں، مغز کدو شیریں، مغز تخم کاہو ہر ایک 9 ماشہ کھانڈ سفید 2 تولہ حسب دستور حریرہ بنا

کر استعمال کریں۔

(64) دوائے منوم

منافع: بے خوابی کے لئے بہت مفید و مجرب ہے۔
اجزاو ترکیب استعمال: ٹنکچر کلوروفارم ایٹ مارفین 10 بوند، ٹنکچر ہائیوسائمس ٹنکچر کارڈی مم کمپونڈ ہر ایک پانچ پانچ بوند، پوٹاسیم برومائیڈ، سوڈیم برومائیڈ ہر ایک 2 رتی، عرق گاؤزبان 4 تولہ سب کو ملا کر بوتل کو خوب ہلائیں تاکہ حل ہو جائے۔ یہ ایک خوراک ہے۔ ایسی ایک خوراک صبح بعد غذا اور ایک خوراک بوقت خواب پلائیں۔ جتنی خوراکیں مطلوب ہوں۔ اکٹھی تیار کرلیں۔

(65) نسخہ دیگر

اجزاو ترکیب: تخم کاہو بریان، تخم بھنگ بریان، تخم خشخاش ہر ایک 6 ماشہ۔ تینوں کو کوٹ کر پوٹلی بنائیں اور مریض کو سونگھاتے رہیں۔

(66) نسوار اکسیر نزلہ و زکام مجرب

منافع: نزلہ و زکام کے لئے نہایت موثر اور مفید ہے۔ تمام دماغی امراض کے لئے عجیب ہے۔
اجزاو ترکیب استعمال: اسطوخودوس، کائپھل ہر ایک تولہ تولہ، برگ کشمیری، کلونجی ہر ایک دو دو تولہ، چھلکا ریٹھہ، دانہ الائچی خورد، سنبل الطیب ہر ایک 6 ماشہ۔ سب کو کوٹ چھان کر نسوار بنائیں اور بوقت ضرورت استعمال کریں۔

(67) روغن اکسیر اوجاع

منافع: درد سر، شقیقہ، عصابہ، درد دندان کے لئے نایاب تحفہ ہے۔ اس کے علاوہ ہر قسم کی دردوں کے لئے نہایت مفید ہے۔
اجزاو ترکیب استعمال: کافور، کلورل ہائیڈریٹ ہر ایک چار چار ماشہ، کوکین چار رتی سب کو ملا کر کھرل کریں۔ جب حل ہو کر روغن کی شکل میں آجائیں۔ شیشی میں محفوظ رکھیں اور مقام درد پر پھریری سے لگائیں۔

(68) درد اول

منافع: درد اول (جو ایک قسم کا درد سر ہے) کے علاوہ درد شقیقہ درد عصابہ کے لئے بھی مفید و مجرب ہے۔
اجزاو ترکیب: اسطوخودوس 2 ماشہ، جلوتری، بالچھڑ ہر ایک تین ماشہ، کشمیری پتہ 9 ماشہ، کافور ماشہ سب کو باریک پیس کر نسوار تیار کریں۔
استعمال: دن میں دو یا تین دفعہ نسوار لیں۔

(69) دیگر مجرب

منافع: اگر مندرجہ بالا نسخہ سے ٹھیک آرام نہ ہو یا پھر درد شروع ہو جائے تو اس دوا کو استعمال میں لائیں۔

اجزاو ترکیب: نمک شیشہ ایک تولہ ایسی جگہ کا دھواں جہاں صرف دودھ ہی گرم کیا جاتا ہو دونوں کو ملا کر کنپٹی کی تڑپتی ہوئی رگ پر پچھنے لگا کر مل دیں۔ درد بند ہو گا۔

(70) شربت سدر دوار

منافع: سدر دوار (سر چکرانا) کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔ خصوصاً جو گرمی و خشکی سے ہو۔

اجزاو ترکیب: آب آملہ سبز ایک کلو، شیر گاؤ 2 کلو ملا کر دیگچہ قلعی شدہ میں جوش دیں۔ جب دودھ پاؤ رہ جائے نتھار لیں اور چینی ایک کلو ملا کر شربت تیار کریں۔

استعمال: تین تین تولہ صبح و شام تازہ پانی ملا کر استعمال کریں۔

(71) معجون سدر دوار

اجزا: اسطو خودوس تین تولہ کشنیز خشک تولہ، مرزنجوش 9 ماشہ، مصطگی، پوست ہلیلہ کابلی، کندر ہر ایک 4 ماشہ، شہد خالص 17 تولہ۔

ترکیب: سب ادویات کوٹ چھان کر شہد میں ملا لیں۔

استعمال: چھ چھ ماشہ صبح و شام ہمراہ شیر گاؤ یا شیرہ مغز بادام 15 عدد استعمال کریں۔

(72) تریاق نزلہ دماغی

منافع: نزلہ دماغی کے لئے تریاق ہے۔ مزید براں شقیقۃ العین کے لئے مجرب ہے۔

اجزاو ترکیب: ریکپور ساڑھے تین تولہ، مین پھل تین عدد، مین پھل کے دو دو ٹکڑے کر کے ریکپور برابر ان میں داخل کر کے ان کو ملا کر الگ الگ کپڑے میں باندھ لیں۔ تین پوٹلیاں الگ الگ بن گئیں پھر ان کو دیگچہ قلعی شدہ میں لٹکا کر ایک کلو شیر گاؤ ڈال کر آگ پر رکھیں۔ حتیٰ کہ شیر خشک ہو جائے۔ دوبارہ پھر ایک کلو شیر گاؤ ڈال کر وہ بھی اسی طرح خشک کریں۔ بعدہ آب ترہند ایک کلو ڈال کر خشک کریں پھر ریکپور نکال کر اس میں فلفل سیاہ، دارچینی، کتھ سرخ، لونگ ہر ایک ساڑھے چار ماشہ پیس کر ملا کر خوب کھرل کر کے محفوظ رکھیں۔

استعمال: بقدر دو جو مسکہ میں رکھ کر صبح استعمال کریں یا چوری یعنی مالیدہ مرغن یا حلوہ کے لقمہ میں لپیٹ کر استعمال کریں۔ بعدہ وہی مالیدہ یا حلوہ بقدر اشتہا کھالیں۔

پرہیز: ترش و شیرینی و نمک سے ضروری ہے۔ اس دوائی کے ساتھ دودھ، گھی مرغن غذا ضروری ہے۔ ایک ہفتہ کا استعمال کافی ہوتا ہے۔

مجربات امراض چشم

(73) سرمہ سفید

اسناد: ایک انگریز ڈاکٹر کا خاص مخفی نسخہ ہے۔ اس نے اپنے ایک ملازم پر خوش کر اسے بتایا تھا جو پانچ روپیہ فی تولہ عام فروخت ہو رہا ہے۔ نسخہ فی الحقیقت نہایت قابل قدر ہے۔

منافع: آنکھوں کی تمام امراض خصوصاً خارش چشم' دھند' ککرے' ضعف بصارت ابتدائی موتیا بند کے لئے نہایت مفید مجرب اور نہایت سہل و ارزاں ہے۔

اجزا: طوطیا سبز ایک تولہ کے ٹکڑے کر کے ایک کورے ٹھیکرے میں ڈال کر کوئلوں کی آنچ پر رکھیں۔ جب سفید ہو جائے اتار لیں۔ اس سے ایک ماشہ لے کر ایک تولہ بورک ایسڈ ملا کر خوب کھرل کر کے سرمہ بنا لیں۔

استعمال: رات کو سوتے وقت دو یا تین سلایاں استعمال کرنی چاہئے۔

(74) صوفی سرمہ

اسناد: حکیم صوفی عبدالرحمٰن صاحب بھلوال کا خاص نسخہ ہے۔

منافع: دھند' خارش چشم' ککرے' پڑبال' سفیدی' رد کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔ رد کے بعد جو سفیدی ہو جاتی ہے۔ اس کا خاص علاج ہے۔

اجزا: برادہ جست یا کشتہ جست' نوشادر ٹھیکری' کوڑی زرد سوختہ ہم وزن آب لیموں تازہ حسب ضرورت۔

ترکیب: سب کو کوٹ کر آب لیموں تازہ چھان کر اس قدر ڈالیں کہ خوب تر ہو جائے۔ بیس دن کے بعد کھرل کر کے سرمہ بنا لیں اور کپڑے سے چھان کر شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: حسب ضرورت رات کو استعمال کریں۔

(75) نسخہ دیگر

اسناد: یہ نسخہ بھی صاحب ممدوح کا عطیہ اور معمول ہے۔

منافع: سرخی چشم' دھند' غبار' خارش وغیرہ کے لئے نہایت مفید' مقوی بصر اور عام استعمال کے لئے عمدہ سرمہ ہے۔

اجزاو ترکیب: سرمہ سیاہ حسب ضرورت دس گنا عرق گلاب خالص میں کھرل کریں پھر بحساب ایک تولہ سرمہ کے سرد چینی 14 دانہ' کافور ایک ماشہ کوٹ چھان کر ملا دیں اور کچھ دیر کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: حسب دستور سلائی سے استعمال کریں۔

(76) دوائے رمد چشم

منافع: رمد (آنکھ دکھنا) کی سریع الاثر آسان مجرب اور معمول ہے۔ مریض خواہ جس قدر تکلیف میں ہو آنکھیں سرخ ہوں اور ورم آگیا ہو ایک دو دن میں ہی آرام ہو جاتا ہے۔

اجزا: بھنگرہ خام، رسوت مصفی ہر ایک تین ماشہ، مصری 1 ماشہ، افیون چھ رتی، طوطیا سبز بریان شدہ تین رتی، عرق گلاب خالص 5 تولہ۔

ترکیب: خشک ادویہ باریک پیس کر سب کو ایک صاف شیشی میں ملا کر خوب حل کر لیں۔

استعمال: پچکاری کے ذریعہ دو تین بوند آنکھ میں ڈالیں۔ آنکھوں کو سرد ہوا اور سرد پانی سے بچائیں۔ قبض نہ ہونے دیں۔

(77) شیاف ککرہ

منافع: ککرہ (جرب الاجفان) کی مجرب دوا ہے۔

اجزا: توتیا سبز، بھنگرہ سفید، سہاگہ، سون مکھی، زنگار، ہیرا کسیس سبز ولائتی ہر ایک 6 ماشہ، کشتہ جست پیلی تین ماشہ۔

ترکیب: تمام ادویہ باریک کر کے سفوف تیار کریں پھر گوند کیکر کے لعاب میں حل کر کے شیاف بنا لیں اور خشک کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: ایک شافہ لے کر ککروں پر صبح و شام گھس دیا کریں۔

(78) نسخہ دیگر

اجزا و ترکیب: مصری خانہ زنبور، کتھہ گلابی ہر ایک تولہ تولہ، توتیا سبز تین ماشہ باریک پیس کر پانی میں کھرل کر کے شیاف بنائیں۔

استعمال: صبح و شام عرق گلاب میں گھس کر ککروں پر لگائیں۔

(79) سرمہ تریاق چشم

منافع: بصارت کو تیز کرتا اور رمد (آنکھ دکھنا) سبل، جالا، پھولا، ککرہ وغیرہ کو رفع کرتا ہے۔ ہمیشہ استعمال میں رکھا جائے تو قوت بصارت ٹھیک رہتی ہے۔

اجزا: سرمہ سیاہ آٹھ تولہ کافور، افیون ہر ایک ماشہ ماشہ، بھنگرہ بریاں، زنک سلفاس، زعفران خالص ہر ایک ڈیڑھ ماشہ، توتیا سبز بریاں 4 رتی، عرق گلاب 1 پاؤ۔

ترکیب: دوائیں علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر ایک پختہ کھرل میں ڈال کر عرق گلاب تھوڑا تھوڑا ملا کر کھرل کرتے رہیں حتیٰ کہ سب عرق ختم ہو کر سرمہ خشک ہو جائے۔

استعمال: ایک ایک یا دو دو سلائیاں صبح و شام یا صرف رات کو استعمال کریں۔

(80) سرمہ مقوی بصر

منافع: نہایت مقوی بصر اور آنکھوں کی تمام امراض کو مفید ہے۔ اس کے استعمال سے نظر تیز ہو جاتی ہے اور عینک کی عادت چھوٹ جاتی ہے۔ مجرب المجرب۔

اجزاو ترکیب: چیل کے ایک یا دو تازہ انڈے لا کر ان میں سوراخ کر کے سرمہ سیاہ کی چھوٹی چھوٹی ڈلیاں بھر کر سوراخ کے منہ پر مرغی کے انڈے کا ٹکڑا رکھ کر اوپر گل حکمت کر کے محفوظ جگہ رکھ دیں۔ جب انڈوں کا اندرونی پانی سرمہ میں جذب ہو کر خشک ہو جائے انڈوں کا اوپر والا چھلکا اتار کر پھینک دیں اور جو کچھ ان کے اندر رہے معہ سرمہ کھرل کر کے موٹے کپڑے سے چھان کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: روزانہ رات کو سلائی سے آنکھ میں لگایا کریں۔

(81) سرمہ بیاض چشم

منافع: بیاض چشم (پھولا) کو مفید ہے۔ دھند کو رفع کرتا اور بصارت کو تیز کرتا ہے۔ مجرب و آزمودہ ہے۔

اجزا: زنگار چھ ماشہ، سمندر جھگ، کشتہ جست ہر ایک تولہ تولہ، سرمہ سیاہ، پھٹکڑی بریان ہر ایک ماشہ ماشہ، زعفران، افیون ہر ایک 2 ماشہ، توتیا سبز ایک رتی، مرچ سفید تین عدد، عرق گلاب 10 تولہ۔

ترکیب: خشک ادویہ باریک پیس کر عرق گلاب کے ساتھ کھرل کریں۔

استعمال: حسب دستور صبح و شام سلائی سے لگائیں۔

(82) نسخہ دیگر

منافع: پھولا، جالا، رتوندی، ناخنہ، دھند، غبار کے لئے مفید و مجرب ہے۔ نظر تیز کرتا اور عینک کی عادت چھڑا دیتا ہے۔

اجزا: شورہ قلمی، سرمہ سیاہ ہر ایک 7 ماشہ، فلفل دراز 4 ماشہ، برگ سرس، تخم سرس ہر ایک ماشہ ماشہ، کشتہ جست 2 ماشہ، برگ نیم، چاکسو ہر ایک 2 رتی، عرق سونف عمدہ 5 تولہ۔

ترکیب: سرمہ کو گرم کر کے آب ترپھلا میں تین چار دفعہ بجھائیں پھر سب اجزا باریک پیس کر عرق سونف سے پختہ کھرل میں خوب کھرل کریں۔

استعمال: دو سے تین سلائی تک رات کو سوتے وقت استعمال کریں۔

(83) اطریفل سبل

منافع: سبل چشم (جالا) اور جملہ امراض چشم کو مفید ہے۔ مقوی دماغ ہے۔

اجزا: ترپھلہ تین تولہ، کشنیز خشک، سونف ہر ایک تولہ تولہ، گل منڈی 5 تولہ، شہد 20 تولہ۔

ترکیب: خشک ادویات کوٹ چھان کر شہد میں ملا لیں۔

استعمال: چھ ماشہ صبح و شام دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

(84) سرمہ اکسیر العین

منافع: آنکھوں سے پانی جاری ہونے کے لئے نہایت نافع ہے اس کے علاوہ رمد (آنکھیں دکھنا) دھند، سرخی کو مفید ہے۔ مجرب المجرب خاص نسخہ ہے۔

اجزا: کشتہ جست 4 تولہ، بھنگڑی بریان مصری ملتانی ہر ایک 2 تولہ، سونٹھ بے ریشہ 9 ماشہ، افیون تین ماشہ۔

ترکیب: پہلے زنجبیل کو باریک پیس کر بھنگڑی بریاں ملا کر کھرل کریں بعدہ کشتہ جست، مصری اور آخر افیون ملا کر خوب کھرل کر کے سرمہ تیار کریں۔

استعمال: رات کو تین تین سلایاں دونوں آنکھوں میں لگایا کریں۔

(85) پھولا کا اکسیری سرمہ

منافع: پھولا (سفیدی چشم) کا اکسیری سرمہ ہے۔ خواہ کتنی پرانی تکلیف ہو، بہت جلد آرام ہو جاتا ہے۔ احباب کا تجربہ شدہ ہے۔

اجزا: آملہ سار، نوشادر، ٹھیکری اصلی ہر ایک تولہ تولہ، برادہ تانبہ 6 ماشہ، آب لیموں تازہ سات تولہ۔

ترکیب: خشک ادویہ پیس کر چینی یا شیشہ کے برتن میں ڈال کر آب لیموں ڈال دیں جب خشک ہو جائے باریک پیس کر سرمہ تیار کرلیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: صبح و شام ایک ایک سلائی استعمال کریں۔

(86) سرمہ مقوی بصر اعلیٰ

دستیاب: دار الصحت سلطانی للیانی میں تیار رہتا ہے۔

منافع: نہایت اعلیٰ مقوی بصر ہے۔ اگر اس کو ہمیشہ استعمال کیا جائے تو قوت بصارت کبھی کمزور نہیں ہوتی عینک کی عادت بھی دور ہو جاتی ہے۔ عام استعمال کرنے کا عمدہ نسخہ ہے۔ بارہا تجربہ ہو چکا ہے۔

اجزا: کشتہ جست 4 تولہ، سرمہ سیاہ، بھنگڑی بریاں ہر ایک دو تولہ، صدف کلاں سوختہ، مرجان سوختہ، ت سفید کشمیری ہر ایک تولہ تولہ، ورق نقرہ ایک سو دس عدد، عرق گلاب عمدہ، عرق سونف عمدہ ہر ایک حسب ضرورت۔

ترکیب: خشک ادویہ باریک پیس کر عرق گلاب و سونف اس قدر ملا کر کھرل کریں کہ سرمہ آنکھوں میں لگانے کے قابل تیار ہو جائے۔ خشک کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: ہر روز سلائی سے استعمال کریں۔

(87) نسخہ دیگر

منافع: یہ نسخہ بہت ہی مفید قابل قدر ہے۔ اس سے چند روز میں عینک کی عادت ترک ہو جاتی ہے۔

ضعف بصارت، دھند، سرخی چشم اور جالا کے لئے اکسیر سے کم نہیں۔ آنکھوں کو ٹھنڈک پہنچاتا ہے۔ اس کو نظرانداز نہیں کرنا چاہئے۔

اجزا: سرمہ اصفہانی 1 تولہ، جوہر اربعہ 3 ماشہ، مروارید اصلی، میرا اصلی ہر ایک ماشہ ماشہ۔

ترکیب: پختہ کھرل میں خوب کھرل کر کے سرمہ تیار کریں۔

استعمال: صبح و شام یا صرف ایک وقت تین تین سلایاں دونوں آنکھوں میں استعمال کریں۔

جوہر اربعہ: شورہ قلمی، پھٹکڑی، نوشادر، طوطیا سبز ہر ایک 20 تولہ الگ الگ باریک پیس کر ملا کر ایک مٹی کی ایسی کوری ہانڈی میں ڈالیں جو چار حصے خالی رہے۔ اس کو گل حکمت کر کے نیچے دو گھنٹہ تک بیری کی لکڑی کی آگ جلائیں۔ ایک تولہ کے قریب جوہر سرپوش پر لگ جائے گا۔ یہی جوہر اربعہ ہے۔ یہ اکیلا بھی پھولا اور جالا کے لئے اکسیر ہے۔

مجربات امراض گوش

(88) دوائے درد کان

منافع: اس کے استعمال سے شدید درد کان کو بھی تین منٹ میں آرام ہو جاتا ہے۔ مجرب ہے۔

اجزا: بورک ایسڈ، کوکین ہائیڈرو کلور ہر ایک 5 گرین، کاربالک ایسڈ 7 بوند، مارفیہ، ہائیڈرو کلور 3 گرین، سپرٹ ریکٹی فائیڈ 20 بوند، گلسرین 4 ڈرام۔

ترکیب: سب کو شیشی میں ڈال کر خوب ہلائیں تاکہ حل ہو جائیں۔

استعمال: کان کو پہلے ہائیڈروجن سے صاف کر کے دو بوند صبح و شام ڈالیں۔

(89) روغن ثقل سماعت

منافع: کری گوش یعنی بہرہ پن کے لئے مجرب ہے۔ عموماً ایک ہفتہ میں شفا ہو جاتی ہے۔

اجزا: روغن بادام تلخ 4 تولہ، روغن تارپین ولایتی 8 ماشہ دونوں کو ملا کر شیشی میں ڈالیں۔

استعمال: رات کو سوتے وقت دو بوند کان میں ڈال کر روئی سے بند کر دیں۔

(90) روغن گوش

منافع: درد کان کے لئے مفید ہے۔ کان سے پیپ بہتی ہو۔ ورم کان، کان میں پھنسی ہو، بہرہ پن شائیں شائیں کی آواز آنا وغیرہ جملہ امراض کان کو مفید ہے۔ درد کان خواہ جس سبب سے ہو تسکین بخشتا ہے مجرب اور معمول ہے۔

اجزا: پیاز مقشر، لسن یعنی تھوم مقشر ہر ایک 4 تولہ، روغن سرسوں 5 تولہ، کافور 6 رتی، افیون 4 رتی۔

ترکیب: پیاز اور تھوم کوٹ کر روغن میں جلالیں جب سرخ ہو جائے چھان کر کافور اور افیون پیس کر ملا دیں تاکہ حل ہو جائیں۔ شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: تین قطرہ ہر چار گھنٹہ کے بعد نیم گرم استعمال کریں۔

(91) نسخہ دیگر مجرب

اجزاو استعمال: گلسرین کے چند قطرے صبح وشام کان میں ڈالیں۔

(92) روغن گوش اکسیری

منافع: درد گوش کو جلد تسکین بخشتا ہے۔ کان بہنا، پھنسی، بہرہ پن، ٹیس ورم گوش وغیرہ کان کی جملہ امراض کے لئے نہایت مفید ہے۔

اجزا: آب برگ دھتورہ، آب پیاز، آب برگ مدار ہر ایک 5 تولہ، روغن کنجد 8 تولہ، کافور، ٹنکچر اوپیم ہر ایک 6 ماشہ، سرکہ انگوری 5 تولہ۔

ترکیب: تمام پانی اور روغن کو کڑچھے میں ملا کر جوش دیں۔ جب پانی جل جائے چھان کر اس میں کافور اب حل کر کے یکجان کر لیں اور شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: روزانہ چار قطرہ کان میں ڈالیں اور اگر درد کی تکلیف زیادہ ہو تو دن میں دو بار استعمال کیا جائے۔

(93) دوائے درد گوش

منافع: درد گوش خواہ زخم وغیرہ سے ہو خواہ ورم کی وجہ سے فی الفور بند ہو جاتا ہے۔

اجزاو ترکیب: کوڑی زرد سوختہ، سمندر جھگ ہر ایک ماشہ ماشہ باریک پیس کر کان میں ڈال کر اوپر سے لیموں تازہ کا پانی چھ سات قطرے ڈالیں کان میں جوش پیدا ہو کر شور سنائی دے گا تین چار منٹ کے بعد وہ سب پانی کان سے نکال کر روئی ڈال دیں۔

نسخہ دیگر فوری اثر

اجزاو ترکیب: ٹنکچر اوپیم، ٹنکچر بیلے ڈونا ہر ایک 3 ماشہ، گلسرین 2 تولہ سب کو ملا کر شیشی میں ڈالیں۔

استعمال: چار قطرے کان میں ڈالیں۔

مجربات امراض بینی (ناک)

(94) دوائے رعاف

منافع: رعاف یعنی نکسیر کی سریع الاثر مجرب دوا ہے۔ انشاء اللہ ایک دن میں آرام ہو جاتا ہے۔

اجزاو ترکیب: کیلشیم گلوکونیٹ، سنگ جراحت کوفتہ ہر ایک ماشہ ماشہ ملا کر ہمراہ شربت انار 2 تولہ پانی ملا ایسی چار خوراک دن میں استعمال کریں۔ فرائی پر کلورائیڈ سے روئی تر کر کے ایک دو قطرے ناک میں ٹپکائیں۔

(95) نسخہ دیگر مجرب

اجزا: بھنگرہ 2 تولہ، بھیڑی کا دودھ آدھ کلو۔

ترکیب: بھنگرہ کوٹ کر دودھ میں ملا کر ایک قلعی شدہ دیگچی میں ڈال کر آگ پر پکائیں۔ جب دودھ خشک ہو جائے پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: ایک ایک ماشہ صبح و شام پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

(96) نسوار نکسیر مجرب

اجزا: مازو، کشنیز خشک، بھنگرہ، گیرو ہم وزن۔

ترکیب: سب ادویہ الگ الگ پیس کر خوب باریک کر لیں۔

استعمال: جب نکسیر جاری ہو ایک چٹکی بھر ناک میں بطور نسوار استعمال کریں۔

(97) اکسیر حابس الدم

اسناد: تلمیذ رشید حکیم ملک محمد غوث صاحب بخاروی کا معمول و عطیہ خاص ہے۔ نسخہ اس قابل ہے کہ اسے ہر مطب میں تیار کر کے رکھا جائے۔

منافع: نکسیر کو ایک یوم میں بند کرتی ہے۔ اس کے علاوہ جسم کے جس حصہ سے خون آرہا ہو مثلاً نفث الدم، قے الدم، بول الدم، کثرت حیض و نفاس خون بواسیری وغیرہ کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔ پہلی خوراک سے فائدہ معلوم ہو جاتا ہے۔ خون بند کرنے والی سب دواؤں سے یہ اکسیری نسخہ زیادہ موثر اور مجرب ہے۔ اس۔ خاصہ ہے۔ قابض نہیں اور نہ ہی اس سے اور کسی قسم کی تکلیف ہوتی ہے۔ مرف خون کو بند کر دیتی ہے۔ جسم کے جس حصہ سے خون آرہا ہو بلا تکلیف چند خوراکوں سے حکماً "بند ہو جاتا ہے۔ یونانی اور ایلوپیتھی دواؤں کا یہ عجیب و غریب مرکب اس مقصد کے لئے نہایت کامیاب ثابت ہوا ہے۔ تجربہ کے بعد آپ اس اکسیری نسخہ کی خود داد دیں گے خواہ جس قدر خون آرہا ہو بند ہو جاتا ہے۔

اجزا: گیرو، گیلک ایسڈ، کیلشیم لکٹیٹ کہربا شمعی، دم الاخوین ہر ایک 2 تولہ۔

ترکیب: پیسنے والی ادویہ پیس کر سب کو ملا کر سفوف بنا لیا جائے۔

استعمال: انار دانہ ایک تولہ کو آدھ پاؤ پانی میں گھوٹ کر اس کے ہمراہ ایک ماشہ سے 2 ماشہ تک دوائی پھانک لی جائے یا ایک تولہ انجبار کو 10 تولہ پانی میں بھگو کر یا لعاب بیہدانہ ایک تولہ یا شربت انجبار 3 تولہ کے ہمراہ استعمال کی جائے۔ حسب ضرورت دن میں دو یا تین خوراک استعمال کی جائیں۔ شدت مرض کی حالت میں دن میں چار خوراک بھی استعمال کی جا سکتی ہیں۔ ورنہ عام حالتوں میں دو خوراک دی جاتی ہیں۔ غذا سے دو گھنٹہ پہلے یا پیچھے استعمال کرنا چاہئے۔ غذا بہت گرم نہ دی جائے۔

(98) مرہم برائے قروح الانف

اسناد: قبلہ استاذیم حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب کے معمولات خاص سے ہے۔

منافع: ناک کی پھنسیوں اور زخموں کے لئے نہایت مفید ہے۔ خصوصاً اگر بثور اور قروح خبیثہ حازہ ہوں اس کے علاوہ ہر قسم کے زخموں کے لئے بہت مفید و مجرب ہے۔

اجزا: روغن گل 10 تولہ' مردہ سنگ ایک تولہ' شنگرف تین ماشہ' زنگار 2 ماشہ' سفیدہ کاشغری تولہ' موم 4 تولہ' کافور تولہ' سفیدی بیضہ مرغ 2 عدد۔

ترکیب: روغن گل کو خوب گرم کر کے مردہ سنگ کھرل شدہ ڈال کر لوہے کی سیخ سے ہلاتے رہیں۔ جب رنگ سیاہ ہو جائے شنگرف اور زنگار باریک شدہ ڈال دیں اور پانچ منٹ تک ہلاتے رہیں پھر اتار کر سفیدہ ڈالیں۔ پھر موم ڈال دیں تاکہ پگھل کر مل جائے۔ جب ٹھنڈا ہونے کے قریب ہو سفیدی بیضہ میں کافور خوب کھرل کر کے شامل کر دیں۔ اور اچھی طرح حل کر لیں۔

استعمال: حسب دستور زخموں پر لگانا چاہئے۔

(99) دوائے بطلان شامہ

منافع: بطلان قوت شامہ (سونگھنے کی قوت کا زائل ہو جانا) کی مفید دوا ہے۔

اجزا: مرچ سیاہ' مشک خالص' کائپھل' ناگ کیسر' دانہ الائچی خورد' چھڑیلہ' زعفران' زنجبیل ہر ایک ماشہ' بادہ نک چھکنی' روغن گاؤ ہر ایک تولہ تولہ۔

ترکیب: خشک ادویہ کو باریک پیس کر روغن میں ملا لیں۔

استعمال: دن میں چار دفعہ اس کی نسوار لیں۔

مجربات امراض دندان

(100) دوائے درد دندان

منافع: دانتوں کے درد ہر قسم خصوصاً کرم خوردہ دانت کے درد کے لئے بے خطا و مجرب المجرب ہے۔

اجزا: کاربالک ایسڈ 1 ماشہ' کلورل ہائیڈریٹ 6 ماشہ' کافور' تھائی مول ہر ایک 3 ماشہ۔

ترکیب: کافور باریک کر کے سب ادویہ کو ایک شیشی میں ڈال کر تھوڑی دیر تک دھوپ میں رکھیں تاکہ حل ہو جائیں اور شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: روئی سے لگائیں اگر دانت میں سوراخ ہو تو روئی تر کر کے سوراخ میں رکھیں۔

(101) نسخہ دیگر

منافع: درد داڑھ کی خاص اکسیر ہے۔ اس کا اثر فوری اور یقینی ہوتا ہے۔ مجرب ہے۔

اجزا: کلوروفارم پیور' کریزوٹ پیور' ٹنکچر اوپیم' ٹنکچر بنزائین ہر ایک تین ماشہ۔

ترکیب: سب کو ایک شیشی میں ڈالیں اور خوب ہلا کر ملا لیں۔

استعمال: وقت ضرورت روئی پر لگا کر درد کی جگہ لگائیں۔ اگر داڑھ میں سوراخ ہو تو روئی تر کر کے

احتیاط سے سوراخ میں رکھ دیں۔

(102) دوائے پائیوریا

منافع: پائیوریا (ماخورہ) کے لئے بہت مفید اور مجرب ہے۔ اس سے پیپ اور خون آنا بند ہو جاتا اور منہ کی بدبو رفع ہو جاتی ہے۔ ہلتے ہوئے دانت مضبوط ہو جاتے ہیں۔ مطب کا معمول بھروسہ کا نسخہ ہے۔

اجزا: ٹنکچر آیوڈین، ریکٹی فائیڈ ایک ڈرام، یوکلپٹس آئیل، مینتھاپ آئیل ہر ایک 35 بوند، ٹنکچر مرہ ایک ڈرام، ست پودینہ، ست اجوائن ہر ایک 5 گرین، کافور 14 رتی، ایسڈ کاربالک، کریازوٹ ہر ایک 5 بوند۔

ترکیب: سب اشیاء ایک فراخ منہ شیشی میں ڈال کر تھوڑی دیر تک دھوپ میں رکھیں تاکہ حل ہو جائیں۔

استعمال: مسوڑھوں پر دن میں تین مرتبہ روئی سے لگایا کریں۔

(103) منجن دندان مجرب

اسناد: شاگرد رشید حکیم عبدالعزیز صاحب مخدوم سکنہ لنگر مخدوم ضلع جھنگ کا مجرب و عطیہ خاص ہے۔

منافع: دانتوں کی جملہ تکالیف مثل پیپ آنا، درد دنداں مسوڑھوں سے خون اور بدبو آنا، دانتوں کا ہلنا اور میلے کچیلے رہنا وغیرہ کا شافی علاج ہے۔ دانتوں کو خوب صاف کرتا اور ان کی امراض سے محفوظ رکھتا ہے۔ مجرب المجرب ہے۔

اجزا: سہاگ یعنی دنداسہ "جو عام پنساریوں سے مل سکتا ہے" ایک تولہ، سوڈا بائی کارب چھ ماشہ، ست پودینہ 4 رتی۔

ترکیب: سہاگ کو باریک کوٹ چھان کر سب اشیاء باہم ملا کر باریک سفوف بنالیں اور شیشی میں بند رکھیں۔

استعمال: حسب ضرورت دانتوں پر مل کر لعاب نیچے گراتے رہیں۔ بعد میں ایک گھنٹہ تک کھانا یا پانی وغیرہ کوئی چیز استعمال نہ کریں۔

(104) منجن برائے استحکام دندان

اسناد: دارالصحت سلطانیہ للیانی میں اس کا بارہا تجربہ ہو چکا ہے۔

منافع: ہلتے ہوئے دانتوں کو مضبوط کرتا ہے۔ اس کے استعمال کے چند منٹ بعد ایسا محسوس ہوتا ہے کہ دانتوں کو مسوڑھوں میں جکڑ دیا گیا ہے۔ دانتوں کے درد اور میل کچیل کے لئے نافع ہے۔

اجزا: طباشیر کبود 6 ماشہ، مصطگی رومی، الائچی خورد ہر ایک تولہ تولہ، مازو سوختہ، مائیں خورد، سپاری سوختہ، صدف سوختہ ہر ایک تین تولہ، پھٹکڑی سفید 4 تولہ، توتیا سبز بریان تین ماشہ، مرچ سیاہ، گلسرخ، گلنار فارسی، سنگ جراحت، زنجبیل ہر ایک 2 تولہ۔

ترکیب: جملہ ادویہ کوٹ چھان کر سفوف بنالیں۔

استعمال: حسب ضرورت صبح و شام دانتوں پر ملیں اور ایک گھنٹہ تک کوئی چیز کھائیں پئیں نہیں۔

(105) سنون برائے ماخورہ

ماخذ: شاگرد رشید عزیز حکیم ملک محمد غوث صاحب کا معمول و عطیہ خاص ہے۔

فوائد: ماخورہ کا مجرب اور سریع الاثر منجن ہے۔ کئی دفعہ اس کا تجربہ ہوا ہے۔ چند دنوں تک آرام ہو جاتا ہے۔

اجزاء: زنگار، انزروت، لوٹہ کھار ہر ایک تولہ تولہ، بھنگڑی سفید، قلمی شورہ ہر ایک 8 ماشہ، مردار سنگ 16 ماشہ، نوشادر، سہاگہ ہر ایک 4 ماشہ، نیلہ تھوتھ بریان ایک ماشہ۔

ترکیب: سب ادویہ باریک پیس کر شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: رات کو سوتے وقت چھال پیپل اور چھال شہتوت ہر ایک تولہ تولہ پانی میں جوش دے کر کلی کر کے منجن دانتوں پر مل کر لعاب نیچے گراتے رہیں۔ پھر سو رہیں۔

(106) نسخہ دیگر

ماخذ: عزیز حکیم محمد اعظم خان صاحب کھوکھر سکنہ پاہڑیاں والی ضلع گجرات کا عطیہ خاص ہے۔

فوائد: ملسخووہ دندان کا خاص مجرب سریع الاثر نسخہ ہے۔

اجزاء: نیلہ تھوتھ ماشہ ملسخووہ، نمک سیاہ، طباشیر ہر ایک 4 ماشہ، دم الاخوین الائچی خورد، دار چینی ہر ایک دو ماشہ، مازو، سپاری سوختہ ہر ایک ایک عدد۔

ترکیب: تمام اجزا کوٹ پیس کر منجن بنالیں۔

استعمال: حسب ضرورت صبح و شام استعمال کریں۔

(107) دوائے درد داڑھ

فوائد: درد داڑھ اور درد دانت کے لئے عجیب الاثر ہے۔ درد خواہ کیڑا لگ جانے یا نزول وغیرہ سے ہو مجرب ہے۔

اجزاء: عاقر قرحا اصلی، نوشادر، مرچ سیاہ ہر ایک تولہ تولہ، کافور 2 ماشہ۔

ترکیب: سب کو پیس کر ملا کر خوب کھرل کر کے شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: وقت ضرورت دانتوں پر دن میں دو تین بار ملیں۔

(108) نسخہ دیگر

فوائد: دانتوں اور داڑھ کے درد کے لئے حضرت قبلہ استاذیم حکیم مفتی سلیم اللہ خان صاحب مرحوم کے ... سے ہے۔

اجزا: کافور بھنگڑی بریان، عقر قرحا اصلی، مرچ سیاہ، نوشادر ٹھیکری مازو ہر ایک 2 تولہ۔
ترکیب: سب کو الگ الگ پیس کر خوب کھرل کر کے شیشی میں نگاہ رکھیں۔
استعمال: بوقت ضرورت درد کرنے والے دانت پر مل کر لعاب نیچے گراتے رہیں۔

(109) دوائے درد دانت ہر قسم

منافع: درد دانت ہر قسم کو از حد مفید ہے۔ مجرب و آزمودہ ہے۔
اجزا: کونین سلفاس، چونہ سفید ہر ایک ماشہ ماشہ، نیلہ تھوتھہ رتی، مارفیا نصف رتی۔
ترکیب: سب ادویہ کھرل کر کے شیشی میں نگاہ رکھیں۔
استعمال: درد کرنے والے دانت پر مل دیں اگر دانت میں سوراخ ہو تو قدرے روئی میں لپیٹ کر سوراخ میں رکھیں۔

(110) اکسیر درد دندان

منافع: درد دندان کی آسان اور ارزاں اکسیر ہے۔ دانتوں کے ہر قسم درد کو منٹوں میں دفع کر کے صحت بخشتی ہے۔ مجرب ہے۔
اجزا: عقر قرحہ، زیرہ سفید، نمک لاہوری، اجوائن دیسی، نوشادر ہر ایک تین ماشہ، مرچ سیاہ دو ماشہ، بھنگڑی بریاں، خر مہرہ سوختہ ہر ایک 6 ماشہ، افیون سوختہ 4 رتی۔
ترکیب: سب کوٹ پیس کر سفوف تیار کریں۔
استعمال: وقت ضرورت دانتوں پر ملیں۔

(111) دانت چبانا

منافع: جو شخص رات کو نیند کے وقت دانت چباتا ہو اس کے لئے بہت مفید ہے۔ مقوی دماغ اور مقوی اعصاب بھی ہے۔ حافظہ کو طاقت بخشتی ہے۔ مجرب ہے۔
اجزا: مغز نارجیل یعنی گری کھوپا مسکہ گائے اکاس بیل ہر ایک 5 تولہ۔
ترکیب: تینوں ادویہ کوٹ کر نغدہ بنالیں اور کوزہ گلی میں بند کر کے آٹھ سیر اوپلوں کی آنچ دیں۔
استعمال: ایک رتی مکھن کے ہمراہ استعمال کریں۔ بچوں کو دو چاول بھر مکھن میں ملا کر دیں۔

(112) منجن برائے ورم لثہ

منافع: ورم لثہ (مسوڑھوں کے ورم) کے لئے نہایت ہی اکسیر ہے۔
اجزا: مازو، مائیں، بھنگڑی، نیلہ تھوتھہ، سہاگہ، نوشادر، مرچ سیاہ ہر ایک تولہ تولہ۔
ترکیب: سب کو الگ الگ پیس کر ملالیں۔
استعمال: دن میں دو تین مرتبہ مسوڑھوں پر لگا کر منہ ڈھیلا چھوڑ دیں۔

مجربات امراض حلق ودہن

(113) اکسیر استرخاء لہات

جناب حکیم جمال الدین صاحب للیانوی کا عطیہ خاص ہے۔

استرخا لہات (کوے کا لٹک جانا) کے لئے سینکڑوں دفعہ کا مجرب ہے۔ ایک دفعہ تجربہ کر کے

کتھ سفید' طباشیر' دانہ الائچی خورد' سرو چینی' پھٹکڑی سفید بریان ہر ایک تولہ تولہ۔

تمام ادویہ باریک پیس کر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

بوقت ضرورت حلق میں کوے پر لگائیں۔

(114) اکسیر قلاع

قلاع (منہ آنا) کی بہت مفید اور مجرب دوا ہے۔

طباشیر' کباب چینی' الائچی خورد' سنگجراحت' کافور' کتھ پاپڑیہ ہر ایک تولہ تولہ۔

تمام ادویہ جدا جدا کوٹ پیس کر خوب ملالیں۔

دن میں دو تین بار مناسب مقدار منہ میں ملیں۔

(115) حب بحتہ الصوت

یہ گولیاں بحتہ الصوت (گلا بیٹھنا) کے لئے مفید ہیں۔ ان کے استعمال سے آواز صاف ہو جاتی

کیرا' نشاستہ' صمغ عربی' رب السوس' مغز کدو' مغز خیارین' نبات سفید ہر ایک برابر وزن۔

سب کو کوٹ چھان کر کنار دشتی کے برابر گولیاں تیار کریں۔

صبح' دوپہر و شام ایک ایک گولی منہ میں رکھ کر ان کا لعاب چوسیں۔

(116) نسخہ دیگر

بحتہ الصوت اور نفث الدم کے لئے نہایت مفید ہے۔

تخم کتان تین تولہ حلبہ' مغز بادام شیریں مقشر ہر ایک 14 ماشہ' کیرا' اصل السوس مقشر' مغز چلغوزہ'

صمغ عربی ہر ایک 7 ماشہ' شہد حسب ضرورت۔

سب کو کوٹ چھان کر شہد اس قدر ملائیں کہ لعوق بن جائے۔

(117) اکسیر آکلتہ الفم

جب مسوڑھے گل جائیں۔ مسوڑھوں سے خون بہتا ہو اور لب جھڑنے کا خطرہ ہو۔ پائیوریا کی

تکلیف بیزار کر رہی ہو ایسی نازک حالتوں میں یہ ذرور اکسیر کا کام دیتا ہے۔ نہایت مخفی صدر نسخہ ہے۔
اس سے تعفن دور ہو جاتا اور گوشت ٹھیک ہو کر دانت مضبوط ہو جاتے ہیں۔

اجزاو ترکیب: ہڑتال ورقیہ حسب ضرورت لا کر کھرل کریں اور شیر خوار لڑکے کے پیشاب میں تر کر کے نئے کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے آگ دیں۔ جب گل حکمت سرخ ہو جائے نکال کر پیس لیں۔

استعمال: پہلے مسوڑھوں کو سرکہ سے صاف کریں پھر یہ ذرور مسوڑھوں پر لگائیں۔ دوائی لگا کر منہ کو کھلا چھوڑ دینا چاہیے۔ تاکہ لعاب باہر نکلے یہ ذرور حلق میں نہ جانا چاہیے۔

(118) اکسیر خناق

منافع: خناق (ورم حلق) کو ایک روز میں انشاء اللہ مکمل آرام ہوتا ہے۔ خصوصاً خناق بلغمی کے لئے جس میں لیسدار گاڑھی رطوبت آلات حلق پر چمٹی ہوئی ہو نہایت مفید ہے۔ تمام بلغم قطع ہو کر نکل جاتا ہے۔ مجرب و آزمودہ ہے۔

اجزاو ترکیب استعمال: فلفل سیاہ، فلفل دراز، زنجبیل، تخم ہالیون، نمک سنگ، تخم ترب ہر ایک تولہ تولہ کوٹ چھان کر آب ادرک 6 تولہ، سرکہ خالص 3 تولہ ملا کر غرغرے کریں۔

(119) کشتہ سکہ

منافع: سوزش حلق، تپ صفراوی والوں کو بے حد مفید و مجرب ہے۔ ہر قسم کا خون بند کرتا ہے۔

اجزاو ترکیب: سکہ کے ٹکڑے کر کے کڑاہی آہنی میں پگھلا کر اس سے چھ گنا سفوف تج کی چٹکی ڈالتے جائیں اور ہرنولی کی لکڑی سے ہلاتے رہیں۔ جب تج ختم ہو گی سکہ کشتہ ہو جائے گا۔ صاف کر کے نگاہ رکھیں۔

استعمال: ایک رتی ہمراہ بدرقہ مناسبہ استعمال کریں۔

(120) حب برائے بدبوئے دہن

منافع: منہ کی بدبو کو رفع کر کے منہ میں خوشبو پیدا کرتی اور منہ کا ذائقہ عمدہ پیدا کرتی ہیں۔ آواز صاف کرتی ہیں۔ اگر پان میں رکھ کر استعمال کی جائیں تو گلہ صاف کرتی ہیں۔

اجزا: طباشیر 3 ماشہ، گل سرخ، صندل سفید، پوست ہلیلہ زرد ہر ایک 14 ماشہ، سپاری، کبابہ، لونگ، خولنجاں، عقر قرحا ہر ایک سات ماشہ، مشک خالص، کافور ہر ایک ڈیڑھ ماشہ۔

ترکیب: سب کو باریک پیس کر عرق گلاب میں کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

استعمال: ایک گولی منہ میں رکھ کر چوستے رہیں۔ دن میں تین یا چار گولیاں استعمال کریں۔

مجربات امراض سینہ و پھیپھڑہ

(121) اکسیر دق

اسناد: تمیذ رشید حکیم مولوی عمر حیات صاحب (فاضل دیوبند) ساکن دھنی کلاں ضلع گجرات پاکستان کا عطیہ خاص ہے۔ آپ کو حکیم کرم دین صاحب سے حاصل ہوا۔ حکیم صاحب کا مشہور اور مستند نسخہ ہے۔

منافع: تپ دق کا خاص مجرب اور سریع الاثر نسخہ ہے۔ ایک ہفتہ میں کافی فائدہ ہو جاتا اور دو ہفتہ میں آرام ہو جاتا ہے۔ گو نسخہ محنت طلب ضرور ہے مگر تپ دق جیسی عسر البرء مرض کے لئے نہایت مفید ہے۔

اجزاو ترکیب: ابرک سیاہ محلوب کو 1 تولہ گدھی کے دودھ میں خوب تر کر کے کھرل کریں۔ جب قرص تیار ہو جائے ایک کوزہ گلی میں بند اور گل حکمت کر کے خشک ہونے پر ہوا سے بچا کر پانچ سیر اوپلوں کی آنچ دیں۔ سرد ہونے پر ابرک نکال کر دوبارہ گدھی کے دودھ میں تر کریں اور کھرل کر کے قرص بنا کر حسب دستور سابق پانچ سیر اوپلوں کی آنچ دیں۔ اسی طرح ایک سو آنچ پوری کریں۔ پندرہ بیس آنچوں کے بعد کوزہ گلی تبدیل کر لیا کریں۔ جب سو آنچ پوری ہو جائے ابرک کھرل کریں۔

استعمال: صبح ایک رتی ہمراہ شربت مرکب تین تولہ، شربت لال اصلی ایک تولہ حسب منشاء پانی یا عرق گاؤزبان 10 تولہ ملا کر یا مکھن یا گلقند میں ملا کر دیں۔ گرم، ترش اور تیل دار اشیاء سے پرہیز ہے۔

(122) اکسیر دق سل

اسناد: یہ نسخہ بھی حکیم صاحب ممدوح کا عطیہ خاص ہے۔

منافع: تپ دق اور سل کے درجہ اول و دوم میں مفید ہے۔ خاص مخفی صدری نسخہ ہے، بہت جلد اپنا اثر کرتا ہے۔ شائقین تیار کر کے فائدہ حاصل کرنے کی کوشش کریں۔

اجزا: ابرک سیاہ محلوب 10 تولہ، روغن بیخ مدار ایک بوتل۔

ترکیب: ابرک کو بھیڑی کے دودھ میں کھرل کر کے قرص بنا کر کوزہ گلی میں رکھ کر روغن مدار سے تر کریں۔ پھر گل حکمت کر کے پانچ سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہونے کے بعد نکال کر دوبارہ بھیڑی کے دودھ میں کھرل کر کے قرص بنا کر کوزہ گلی میں رکھ کر روغن مذکور سے تر کریں اور کوزہ گلی میں بند اور گل حکمت کر کے خشک ہونے پر پانچ سیر اوپلوں کی آنچ دیں۔ اسی طرح آنچیں دیتے رہیں حتیٰ کہ ایک بوتل روغن بیخ مدار ختم ہو جائے۔ ہر بار پانچ سیر کی آگ دیں۔ کشتہ ابرک سیاہ عمدہ تیار ہو جائے گا۔ پیس کر نگاہ رکھیں۔

استعمال: ایک رتی مسکہ یا ملائی میں رکھ کر صبح یا عصر کو استعمال کریں۔ گرم، ترش اور تیل دار اشیاء سے پرہیز کریں۔

(123) سل دق کا مجرب آسان نسخہ

اسناد: حکیم محمد عبدالرحمٰن صاحب ساکن کوٹلہ مغلاں کا عطیہ خاص ہے۔

منافع: دق سل کا مجرب نسخہ ہے۔ ہفتہ عشرہ میں شفاء ہونی شروع ہو جاتی ہے۔ اس سے کئی مریضوں کو فائدہ ہوا ہے۔ اس سے کئی مریضوں کو فائدہ ہوا ہے۔ لطف کی بات یہ ہے کہ نہایت سہل ترکیب ہے۔ پرانے تپوں میں بھی مفید ہے۔

اجزا: ہڑتال گاؤدنتی 5 تولہ، مین پھل چھ چھٹانک، اپلا صحرائی 25 سیر۔

ترکیب: ہڑتال کے ٹکڑے کر کے رکھ لیں۔ مین پھل کوٹ چھان کر تھوڑا تھوڑا پانی ڈال کر گھوٹے جائیں۔ جب لیس پیدا ہو جائے اس کی دو ٹکیاں بنالیں۔ ایک ٹکیہ پر ہڑتال کے ٹکڑے فاصلہ سے رکھ کر اوپر دوسری ٹکیہ چپکا دیں اور ان کے لب ملا کر اوپر کپڑ اپلیٹ کر خفیف گل حکمت کر کے خشک کر لیں پھر 25 سیر جنگلی اپلوں کی گڑھے میں آنچ دیں۔ سرد ہونے پر ہڑتال نکال کر باریک کھرل کر لیں۔ سفید براق کشتہ تیار ہو گا۔

استعمال: جس کے پھیپھڑے سے ابھی خون آ رہا ہو اسے رات کو 4 رتی سے ایک ماشہ تک ایک تولہ گلقند میں رکھ کر کھلا دیں۔ اگر بعد میں بھی دو تین تولہ گلقند کھالے تو اچھا ہے۔ اوپر عرق کیوڑہ یا عرق گلاب آدھ پاؤ پلایا جائے۔ اگر خون نہ آ رہا ہو تو یہی مقدار کشتہ ملائی میں کھلا کر اوپر سے دودھ گائے نیم جوش دادہ ایک پاؤ سے دو پاؤ تک یا جس قدر دودھ مریض ہضم کر سکے پلائیں۔ انشاء اللہ ہفتہ عشرہ تک فائدہ نظر آئے گا۔ جب تک مکمل شفا نہ ہو جائے کشتہ کا استعمال جاری رکھنا چاہئے۔ باقی پرہیز اور غذا وغیرہ معالج اپنی حسب منشا تجویز کر سکتا ہے۔

(124) دق و سل کا دیگر طریق علاج

منافع: دق و سل کا مفید ترین مجرب علاج ہے۔ اس کے استعمال سے تپ، کھانسی اور کمزوری کو بہت جلد فائدہ ہوتا ہے۔ دق کے جراثیم کا ازالہ کر کے نڈھال سے نڈھال اور کمزور سے کمزور مریض کی جان میں جان آ جاتی ہے۔ عرق ماء اللحم کو مشکل ضرور ہے مگر بن جانے کی صورت میں طب جدید (ڈاکٹری) کی مروجہ دواؤں سے بدرجہا بہتر ثابت ہوا ہے۔ اہل غرض بوقت ضرورت اس عجیب طریق علاج سے ضرور مستفید ہوں۔

اجزا و ترکیب: ابریشم، آلو بخارا، گل سرخ، تخم کرفس، بادر نجبویہ، اسطوخودوس، برگ گاؤزبان، برگ شاہترہ، برگ پودینہ خشک، سورنجان شیریں ہر ایک دو دو تولہ، گل گاؤزبان، گل نیلوفر، گل سیوتی، گل خیرا، گل گڑہل، گل نیم، گل انار، تخم خیارین، دارچینی، کباب چینی، بادیان، زیرہ سفید، درونج عقربی، سنافخ، زرنب، سعد کوفی، سنبل الطیب، بوزیدان، خولنجان، مکو خشک، ثعلب مصری، شقاقل مصری، بہمن سفید، ستاور، موصلی سنبل، موصلی سیاہ، موصلی سفید، تودری زرد، تودری سرخ، حب بلسان، عود بلسان، اسارون، سلیخہ، ملٹھی، زعفران، عود غرقی ہر ایک تولہ تولہ برگ تنبول 400 عدد، چوب چینی، کشنیز مقشر، کشمش سبز، انجیر زرد ہر ایک ایک پاؤ، مویز منقی آب جوش (بڑا منقہ سرخ رنگ کا خوبانی، ریوند چینی، آب انار ترش و شیریں، آب انگور ہر ایک دو دو پاؤ شہد خالص 8 سیر، مشک خالص ایک ماشہ، تیتر 15 عدد،

20 عدد' جوان مرغ تین عدد' گوشت حلوان 12 سیر بدستور عرق کشید کریں۔
استعمال: شام کے وقت 5 تولہ عرق میں اسٹی لین دو یا تین قطرہ ملا کر پلایا جائے۔ صبح کوست گلو خالص ایک تولہ' کشتہ ابرک سیاہ ایک ماشہ' کشتہ ابرک سفید' کشتہ ہڑتال گئودنتی' کشتہ ہڑتال ورقیہ' کشتہ فولاد ہر ایک تین ماشہ باہم ملا کر ایک ماشہ کی مقدار میں ہمراہ شربت عناب 3 تولہ' شیربز 12 تولہ استعمال کریں۔
وقت سہ پہر بہیدانہ 2 ماشہ' گل بنفشہ 6 ماشہ' سپستان 7 دانہ' گاؤزبان' ملٹھی' خاکشی ہر ایک 4 ماشہ پانی میں جوش دے کر مل چھان کر شربت اعجاز تین تولہ شامل کر کے پلائیں۔ اگر کھانسی کی شدت ہو تو حب سعال ایک یا دو منہ میں رکھ کر چوستے رہیں۔
نسخہ حب سعال: طباشیر' زعفران' زہرمہرہ کھرل شدہ ہر ایک 2 ماشہ' افیون ہر ایک 6 ماشہ' الائچی سفید' صمغ عربی' کتیرا' خشخاش' شکر تیغال ہر ایک 1 ماشہ' رب السوس' بسبلسہ' جوزبوا' دارچینی ہر ایک ایک ایک ماشہ سب کو کوٹ پیس کر پانی میں خوب کھرل کریں۔ اور نخود کے برابر حبوب تیار کریں۔

(125) اکسیر ضیق النفس

اسناد: حکیم کرم الٰہی صاحب سکنہ پنج گرائیں ضلع جموں کا عطیہ ہے۔
منافع: ضیق النفس (دمہ) کے لئے نہایت مفید اور مجرب ہے۔
اجزا: سم الفار سفید دودھیہ بے چمک سالم ڈلی 2 تولہ' انڈا مرغی تازہ اسی دن کا' شیر گاؤ چھ لٹر۔
ترکیب: دودھ کڑہائی آہنی میں ڈال کر اس میں سم الفار اور انڈا سالم ایک عدد ڈال کر کڑہائی کے نیچے آگ بیری یا کیکر کی درمیانہ درجہ کی جلائیں۔ حتیٰ کہ دودھ کا کھویہ بن جائے پھر آگ سے اتار کر سرد کر کے انڈا نکال کر اس سے زردی علیحدہ کر کے رکھ لیں یہی زردی کار آمد ہے۔
نوٹ: کھوا کو زمین میں دفن کر دیں۔
استعمال: ایک چاول سے دو چاول تک یہ زردی منقہ میں لپیٹ کر پہلے کچھ ناشتہ کر کے پانی کے ساتھ نگل لیں۔ صرف دن میں ایک بار استعمال کرنا چاہئے۔ اس کے دوران استعمال میں دودھ جوش دیا ہوا اور گھی زیادہ استعمال کرنا چاہئے۔
غذا: شوربہ گوشت بز یا چوزہ مرغ یا مالیدہ یعنی چوری مرغن' شوربہ نخود' کدو' توری' پالک' ٹینڈے' خرفہ دلیہ گندم مرغن۔
پرہیز: ترش' بادی اور قابض اشیاء مثل چاول' لسی اچار سے پرہیز ہے۔ گوشت گائے مچھلی منع ہے۔ یاد رہے اگر مرض زیادہ اور کہنہ ہو تو پہلے قے کرا لیں۔
دوائے مقئی: کاہی سرخ تین ماشہ پیس کر کڑچھی آہنی میں ڈال کر اوپر شورہ قلمی 3 ماشہ ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب پگھل کر پانی کی طرح ہو جائے تو گرم گرم ہی کھرل میں ڈالیں۔ جب سرد ہو جائے کھرل کریں۔ جب قے کرانی ہو دلیہ گندم میٹھا اور مرغن شکم سیر ہو کر کھالے پھر تھوڑی دیر کے بعد دوائے مقئی ایک سے 3 رتی تک کھانڈ سفید دانہ دار میں ملا کر ہمراہ دو گھونٹ پانی گرم دیں۔ اگر تلخی کرے اور گھبراہٹ ہو

تو کچی لسی پلائیں۔ قے شروع ہو جائے گی۔ اس کے بعد اسہال آئیں گے۔ دوسرے دن دوائے ضیق النفس مذکور دیں۔

(126) نسخہ دیگر

منافع: ضیق النفس (دمہ) کے لئے ازحد مفید و مجرب ہے۔ نیا مرض تین چار دن میں اور کہنہ ہفتہ عشرہ میں رفع ہو جاتا ہے۔

اجزا و ترکیب: حسب ضرورت چھوٹی چھوٹی مچھلیاں لے کر ایک برتن میں رکھیں۔ ان پر شیرمدار (آک) اس قدر ڈالیں کہ دو انگل اوپر آ جائے پھر بند جگہ سایہ میں خشک کریں۔ بعدہ مٹی کے توے پر رکھ کر اوپر مٹی کا پیالہ اوندھا رکھ کر نیچے سرکنڈے وغیرہ کی سخت آگ جلائیں۔ جب مچھلیاں جل کر خاک ہو جائیں کھرل کر کے شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: 4 رتی بتاشہ یا کھانڈ میں رکھ کر کھائیں۔ بعد میں ایک سیر گرم دودھ پئیں۔ جس میں 5 تولہ گھی ملایا گیا ہو۔ آہستہ آہستہ حسب طاقت مریض بڑھاتے جائیں۔ صرف ایک وقت ناشتہ کے بعد استعمال کرنا چاہئے۔ گرم، ترش اور قابض تیل دار اشیاء سے پرہیز چاہئے۔

(127) نسخہ دیگر

اجزا و ترکیب: بھنگ کی پیس کر لوہے کی کڑچھی میں ڈال کر شیرمدار سے خوب تر کر کے آگ پر بریاں کریں تاکہ پھول ہو جائے پھر باریک پیس کر نگاہ رکھیں۔

استعمال: 2 رتی سے 3 رتی تک صبح ناشتہ کے بعد مکھن میں رکھ کر استعمال کریں۔

(128) اکسیر ضیق النفس بلغمی

منافع: یہ نسخہ دمہ بلغمی کو چند روز میں اپنا اثر دکھاتا ہے۔ علاوہ ازیں قوت باہ اور اعصابی امراض مثل فالج، لقوہ، گٹھیہ وغیرہ کے لئے ازحد مفید ہے۔ ایک طبیب نے بڑے دعویٰ سے پیش کیا ہے۔ مجرب ہے۔

اجزا و ترکیب: برادہ تانبہ خالص ایک تولہ ڈنڈا تھوہر کے پانی میں چار پہر تک پختہ کھرل میں زوردار ہاتھوں سے کھرل کریں اور گولی بنا کر خشک کریں اور ڈنڈا تھوہر دس فٹ کے قریب لمبا لا کر اس میں سوراخ کر کے گولی تانبہ داخل کریں اور روئی آمیختہ مٹی سے کپڑا لتھیڑ کر سوراخ والی جگہ کو چاروں طرف سے خوب لپیٹ کر محکم کر دیں اور خشک کر کے بیس سیر مینگنی بز کے درمیان گڑھے میں آگ دیں۔ آٹھ یوم کے بعد جب آگ خوب سرد ہو جائے تانبہ کی گولی نکال کر پیس کر نگاہ رکھیں۔

استعمال: ایک چاول بھر بتاشہ یا کھانڈ سفید میں رکھ کر اوپر گھی آمیختہ دودھ گرما گرم پئیں۔ گائے کے گوشت چاول، قند سیاہ، اچار، تیل وغیرہ مضر اشیاء سے پرہیز۔

(129) شربت ضیق النفس

منافع: ضیق النفس (دمہ) بلغمی اور کھانسی بلغمی کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔
اجزا: گل بنفشہ، زوفا، پرسیاؤشان، مویز منقی، بیخ سوسن کوفتہ، ملٹھی خراشیدہ کوفتہ، لسوڑیاں کوفتہ ہر ایک 5 تولہ گاؤزبان، خطمی، خبازی ہر ایک 2 تولہ کویئہ ابریشم تین تولہ قند سفید تین پاؤ۔
ترکیب: سب ادویہ رات کو ایک سیر پانی میں تر کریں۔ صبح جوش دے کر جب ڈیڑھ پاؤ رہ جائے مل کر چھان لیں اور قند سفید ملا کر شربت تیار کریں۔
استعمال: تین تین تولہ صبح و شام عرق گاؤزبان چھ تولہ ملا کر نوش کریں۔

(130) لعوق ضیق النفس بلغمی مجرب

اجزا: السی بریان 5 تولہ، ملٹھی خراشیدہ 2 تولہ، مغز بادام 10 تولہ، شہد 18 تولہ۔
ترکیب: ادویہ باریک پیس کر شہد میں ملالیں۔
استعمال: ایک ایک تولہ صبح و شام استعمال کریں۔

(131) نسخہ دیگر

اجزا و ترکیب: آرد جو شیر مدار میں تر کر کے قرص بنا کر خشک کر لیں اور گائے کے گھی میں بریاں کریں حتیٰ کہ سیاہ ہو جائے پھر پیس کر برابر کھانڈ ملا کر شیشی میں نگاہ رکھیں۔
استعمال: دو ماشہ مکھن یا ملائی میں لپیٹ کر صبح استعمال کریں۔ پہلے کچھ ناشتہ کر لینا چاہئے۔

(132) عرق شیر برائے سل دق

منافع: یہ نسخہ سل دق کے لئے نہایت مفید ہے۔ اس کے علاوہ مالیخولیا مراقی کے لئے معمول و مجرب ہے۔ مرطب دماغ و بدن ہے۔ گرمی و خشکی زائل کرتا ہے۔ مصفی خون ایک طبیب کا عام دستور العمل ہے۔
اجزا: نیلوفر 10 تولہ، تخم کو، بورہ صندل سفید، بورہ صندل سرخ، گاؤزبان، تخم کاہو، مغز کدو، تخم خرفہ، تخم خیارین ہر ایک 2 تولہ، تخم کاسنی، گل گاؤزبان، زہر مہرہ سائیدہ، طباشیر آسمانی ہر ایک تولہ تولہ کشنیز خشک 4 تولہ، گیرو 1 تولہ، برگ کاسنی، برگ کاہو، کدو تازہ ہر ایک 7 تولہ، عرق بید مشک ڈیڑھ بوتل عرق شاہترہ عرق مکو ہر ایک ایک بوتل، شیر بز 15 سیر۔
ترکیب: حسب دستور عرق کشید کریں۔
استعمال: 6 تولہ صبح 6 تولہ عصر استعمال کریں۔

(133) اکسیر نفث الدم

اسناد: عزیز حکیم محمد غوث صاحب کھوکھر بخاروی نے اپنا مجرب نسخہ عنائت کیا ہے۔ نسخہ فی الواقعہ آسان

اور عجیب الاثر ہے۔

منافع: نفث الدم (خون تھوکنا) کا سہل سریع الاثر اور مجرب نسخہ ہے۔ پہلے دن اپنا اثر دکھاتا ہے اور بے ضرر نسخہ ہے۔ کسی مزاج کو مضر نہیں پڑتا۔

اجزا: کیلشیم لکٹیٹ، کشتہ گئودنتی، کشتہ سنگ جراح، کشتہ مرجان، کشتہ بارہ سنگا، کشتہ ابرک سفید، دم الاخوین، گیرو ہر ایک تولہ تولہ۔

ترکیب: آخری دونوں دوائیں پیسکر سب کو خوب کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: دو دو ماشہ صبح و شام تازہ پانی کے ہمراہ استعمال کیا جائے۔

(134) نسخہ دیگر

منافع: نفث الدم (خون تھوکنا) کے لئے نہایت مفید ہے۔ بول الدم، سوزش بول، سوزاک کو مفید ہے۔ کئی دفعہ کا تجربہ شدہ بے ضرر اصولی نسخہ ہے۔

اجزا: گل سرخ، طباشیر، گل ارمنی، گل مختوم، تخم خرفہ، شادنج عدسی مغسول، کہربا شمعی ہر ایک 5 ماشہ، صمغ عربی، گلنار، خشخاش سفید، رب السوس، اقاقیہ، مروارید با صدف سوختہ صندل سفید، صندل سرخ، انجبار، دم الاخوین زہر مہرہ خطائی، سودہ، مغز کدو، مغز خیارین، مغز تربوز ہر ایک تین ماشہ۔

ترکیب: سب دوائیں باریک کوٹ چھان کر سفوف بنائیں۔

استعمال: تین تین ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت مندرجہ ذیل استعمال کرنا چاہئے۔

نسخہ شربت: انجبار، صندل سفید، صندل سرخ ہر ایک 7 تولہ، قند سفید 21 تولہ حسب دستور شربت تیار کریں۔

(135) پرانی کھانسی کا مجرب نسخہ

منافع: کھانسی کہنہ کا سریع الاثر اور منتخب نسخہ ہے جس سے پہلے روز ہی فائدہ ہوتا ہے۔ اور چند روز میں کلی فائدہ ہو جاتا ہے۔

اجزا و ترکیب: وائنم ایپکاک، ٹنکچر سلا ہر ایک 2 ڈرام، ٹنکچر کمفر کمپونڈ 4 ڈرام، سپرٹ کلوروفارم تین ڈرام، پانی بارہ اونس سب کو ایک شیشی میں جمع کر کے خوب ہلائیں تاکہ یک ذات ہو جائیں۔

استعمال: 2 تولہ صبح 2 تولہ دوپہر 2 تولہ شام شیشی کو ہلا کر پلایا کریں۔

(136) حب اکسیر کھانسی کہنہ و دمہ

منافع: کھانسی کہنہ، دمہ بلغمی، نزلہ زکام بلغمی کے لئے مفید ہے۔ ضعف معدہ، ضعف اعصاب، اعصابی امراض، نزلہ کہنہ کی مجرب دوا ہے۔

اجزا: مٹھ تیلیہ، سیماب مصفی، آملہ سار، سہاگہ خام، کباب چینی، زنجبیل ہر ایک 7 ماشہ، فلفل سیاہ، فلفل دراز ہر ایک تولہ تولہ، چترہ 4 ماشہ، عقرقرحہ 11 ماشہ۔

ترکیب: سیماب اور آملہ سار کو باہم کھرل کر کے کجلی تیار کریں۔ باقی ادویہ باریک کوٹ کر چھان لیں پھر سب کو ملا کر آب برگ بھنگرہ میں کھرل کر کے دانہ مونگ کے برابر گولیاں تیار کریں۔

استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔ مضرات سے پرہیز کریں۔

(137) اکسیر نمونیا

منافع: ذات الجنب، ذات الریح کی حکمی دوا ہے۔ اس کی پہلی دوسری خوراک سے فائدہ ہو جاتا ہے۔ بارہا تجربہ ہوا ہے۔

اجزا: جوہر لوبان کافور، افیون، زعفران، اسپرین کشتہ بارہ سنگا ہر ایک 3 ماشہ۔

ترکیب: سب کو باریک پیس کر سفوف تیار کریں۔

استعمال: تین رتی ہمراہ دودھ گرم دن میں دو یا تین بار استعمال کی جائے۔

(138) نسخہ دیگر

منافع: نمونیا و ذات الجنب کی سہل الحصول سریع التاثیر اکسیر ہے۔ تین خوراک سے کافی آرام ہو جاتا ہے۔

اجزا: افیون رتی، کیلومل، کشتہ بارہ سنگا ہر ایک 2 رتی۔

ترکیب: تینوں ادویہ کھرل کر کے اس کی تین پڑیاں بنالیں۔

استعمال: ہر چار گھنٹہ کے بعد ایک پڑیہ گرم چائے کے ہمراہ استعمال کریں۔

(139) اکسیر ذات الجنب

منافع: یہ نسخہ ذات الجنب، نمونیہ، درد سینہ وغیرہ کو جلد نفع بخشتا ہے۔ معمول مطب ہے۔

اجزا: کشتہ بارہ سنگا ایک تولہ، افیون تین ماشہ، زعفران خالص 6 ماشہ۔

ترکیب: سب کو عرق گلاب میں کھرل کر کے اور خشک کر کے رکھیں۔

استعمال: نصف رتی شہد میں ملا کر دیں۔ ایسی تین خوراک یومیہ استعمال کریں۔

(140) نسخہ دیگر سریع الاثر

اجزا: ست تیلیہ، زعفران ہر ایک 2 ماشہ، افیون 4 ماشہ۔

ترکیب: سب کو باریک کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: ایک رتی پانی 5 تولہ میں حل کر کے پلائیں اور بقدر ضرورت گرم پانی میں حل کر کے درد کی جگہ بھی ضماد کریں۔

(141) نسخہ دیگر

اجزا و ترکیب استعمال: افیون ماشہ چونہ ۸ ماشہ، شورہ قلمی 8 ماشہ باریک کھرل کر کے نگاہ رکھیں۔ دو

ماشہ ہمراہ لسی خام دیں۔

(142) کشتہ بارہ سنگا

منافع: یہ نسخہ نمونیا، ذات الجنب، درد سینہ و پشت وغیرہ کے لئے نہایت مفید ہے۔ ایک دن میں آرام ہوتا ہے۔

اجزا: برادہ بارہ سنگا تین تولہ، شیر تھوہر ڈنڈا پانچ تولہ، اپلہ تین کلو۔

ترکیب: برادہ بارہ سنگا کو ایک پیالہ چینی یا مٹی میں ڈال کر شیر تھوہر ڈال دیں اور دھوپ میں رکھ دیں۔ دن میں دو بار ہلا دیا کریں۔ جب خشک ہو کوزہ گلی میں بند کر کے اپلے توڑ کر ان کے درمیان رکھ کر محفوظ الہوا جگہ آگ دے دیں۔ سیاہ رنگ کا کشتہ تیار ہوگا۔ پیس کر نگاہ رکھیں۔

استعمال: ایک رتی کھانڈ میں ملا کر گرم پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔ پہلی دوسری حد تیسری خوراک سے آرام ہو جاتا ہے۔ ایک دن میں دو یا تین خوراک استعمال کرانی چاہیے۔ پانی کی بجائے آب نخود پلا دیں۔ جس میں نمک اور مصالحہ پلایا گیا ہو۔

(143) اکسیر ذات الجنب مجرب

اجزا و ترکیب: مرغی کا انڈا ایک سال تک محفوظ جگہ رکھ دیں۔ بعدہ جو کچھ انڈے سے نکلے باریک پیس کر شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: دو چاول منقہ یا پتاشہ میں رکھ کر کھلائیں بعد میں کوئی عرق یا پانی ایک دو گھونٹ پلا دیں۔

(144) حب سعال خاص

منافع: کھانسی ہر قسم کا مجرب و معمول نسخہ ہے۔ نیز نزلہ زکام کو از حد مفید ہے۔

اجزا: افیون 7 ماشہ، صمغ عربی 14 ماشہ، کندر میعہ سائلہ رب السوس ہر ایک 28 ماشہ۔

ترکیب: سب کو باریک کر کے پانی میں کھرل کریں اور نخود سے قدرے چھوٹی گولیاں تیار کریں۔

استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام پانی کے ہمراہ نگل لی جائے۔

(145) نسخہ دیگر

منافع: کھانسی کہنہ، کھانسی خشک، ضعف صدر اور ریہ کا عجیب الاثر نسخہ ہے۔ مجرب ہے۔

اجزا: صمغ عربی، بہدانہ شیریں، رب السوس اصلی، خطمی، کیرا، تخم خشخاش، تخم خرفہ سیاہ، قند سیاہ کہنہ ہر ایک 5 ماشہ، مغز بادام شیریں، مغز باقلائے مقشر، مغز خیارین، مغز چلغوزہ ہر ایک 9 ماشہ۔

ترکیب: خشک ادویہ کوٹ کر شہد خالص حسب ضرورت ملا کر چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

استعمال: ایک گولی دو گھنٹہ بعد منہ میں رکھ کر چوسیں۔

(146) کشتہ افیون

منافع: کھانسی اور ضیق النفس کے لئے کثیر المنفعت کئی احباب کی معمول ہے۔
اجزا: افیون خالص ایک تولہ شیر مدار ایک پاؤ اپلے 5 سیر۔
ترکیب: افیون شیر مدار میں آمیز کر کے ایک کوزہ گلی میں بند کر کے چار مرتبہ گل حکمت کریں اور 5 سیر اپلادشتی میں ہوا سے بچا کر پھونک لیں۔ جب سرد ہو پیس کر نگاہ رکھیں۔
استعمال: ایک چاول پان میں رکھ کر استعمال کریں۔ اگر پان میسر نہ ہو سکے ملائی یا مکھن میں استعمال کریں۔

(147) بخور برائے دمہ مجرب

اجزا و ترکیب: برگ دتورہ خشک' اجوائن دیسی' اجوائن خراسانی' ہلدی بھنگ خشک ہم وزن لے کر باریک سفوف بنائیں۔
استعمال: ایک چٹکی بھر انگاروں پر ڈال کر دھواں لیں یا حقہ میں رکھ کر بطور تمباکو پئیں۔ دورہ کی حالت میں استعمال کیا جائے تو نفع ہوتا ہے۔

(148) حب سرفہ

منافع: سرفہ (کھانسی) ہر قسم کے لئے سریع الاثر مجرب ہے۔ تین یوم میں آرام ہو جاتا ہے۔ کئی احباب کا معمول نسخہ ہے۔
اجزا: آرد ملٹھی بے ریشہ 2 تولہ' افیون' مغز کشنیز ہر ایک 9 ماشہ' جائفل 6 ماشہ' زعفران ایک ماشہ۔
ترکیب: تمام ادویہ کا سفوف بنا کر آب برگ پان میں کھرل کر کے مرچ سیاہ کے برابر گولیاں تیار کریں۔
استعمال: صبح و شام ایک ایک گولی ہمراہ آب خالص استعمال کریں۔

(149) نسخہ دیگر

منافع: شدید کھانسی کے لئے جس سے رات کو نیند نہ آتی ہو مجرب و آزمودہ ہے۔ انشاء اللہ پہلے دن فائدہ اور تین یوم میں کلی فائدہ ہو جاتا ہے۔
اجزا: افیون مالوی' زعفران' جدوار خطائی تلخ ہم وزن روغن بادام حسب ضرورت۔
ترکیب: ادویہ کھرل کر کے روغن بادام حسب ضرورت اضافہ کر کے دانہ مونگ کے برابر گولیاں بنائیں۔
استعمال: ایک گولی عصر ایک رات کو سوتے وقت ہمراہ پانی نگل لی جائے۔
اغذیہ: غذا مرغن مرطوب استعمال کریں۔

(150) شربت شفا

منافع: تپ موسمی معہ سعال (کھانسی) کھانسی ہر قسم، تپ دق درجہ اول و دوم میں نہایت مفید ہے۔ بارہا کا مجرب خاص مستند نسخہ ہے۔

اجزا: گل بنفشہ، پرسیاؤشاں، تخم خطمی، تخم خبازی، بہیدانہ، زوفا، ملٹھی ہر ایک 2 تولہ، گل نیلوفر، عناب، لسوڑیاں، تخم خشخاش سفید ہر ایک تین تولہ، گاؤزبان ڈھائی تولہ، قند سفید ڈیڑھ کلو۔

ترکیب: حسب دستور شربت تیار کریں۔

استعمال: پانچ پانچ تولہ صبح و شام آب تازہ حسب ضرورت ملا کر استعمال کریں۔

(151) حب نوازل

منافع: نزلہ دائمی اور کھانسی کہنہ کے لئے نہایت مجرب ہے۔

اجزا: تخم دھتورہ سیاہ تین ماشہ، تخم خشخاش سفید، طباشیر، صمغ عربی، بزرالبنج سفید، تخم کاہو، کوکنار، مغز حب الحلب ہر ایک 6 ماشہ، تخم خشخاش سیاہ ایک ماشہ۔

ترکیب: سب کو باریک پیس کر پانی کی مدد سے مرچ سیاہ کے برابر گولیاں تیار کریں۔

استعمال: صبح، دوپہر اور شام دو دو گولیاں منہ میں رکھ کر چوسیں۔

(152) دیسی لال شربت

اسناد: دیسی لال شربت کا ایک نسخہ مجربات سلطانی حصہ دوئم میں درج ہو چکا ہے جو نہایت مفید ہے اور اس کی بہت احباب نے تصدیق کی ہے۔ یہ نسخہ اس سے جداگانہ طرز کا ہے جو بہت مفید ثابت ہوا ہے۔ ہم نے اور ہمارے شاگردوں اور دوستوں نے اس کا بارہا تجربہ کیا نہایت زود اثر اور بے خطا پایا۔

منافع: سل، کھانسی ہر قسم، تپ دق، نزلہ، زکام ہر قسم کے لئے نہایت مفید ہے۔ پھیپھڑوں کی کمزوری، پرانی کھانسی، ضعف جگر، اختلاج القلب کے لئے مفید ہے۔ پہلے دن اپنا اثر دکھاتا ہے۔

اجزا: کوکنار، گاؤزبان، تخم کاسنی، ملٹھی، بورہ صندل سفید ہر ایک دو تولہ گلو خشک، برگ بانسہ، خشخاش سفید ہر ایک 5 تولہ، زوفا، تخم خرفہ، لسوڑیاں، گل بنفشہ ہر ایک تولہ تولہ، ٹنکچر سلا، ٹنکچر سینگا ہر ایک 8 ماشہ۔

ترکیب: خشک ادویہ نیم کوب کر کے رات بھر مناسب پانی میں تر کریں۔ صبح قرعہ انبیق کے ذریعہ ایک بوتل عرق کشید کریں پھر اس میں مصری ایک سیر ملا کر شربت تیار کریں۔ اخیر میں ہر دو ٹنکچر ملا کر ٹنکچر کوچی نیل اس قدر ملائیں کہ رنگ سرخ ہو جائے۔

استعمال: دو دو تولہ صبح اور عصر پانی یا کوئی مناسب عرق ملا کر استعمال کریں۔

(153) نسخہ اکسیر کھانسی

اسناد: دارالصحت سلطانیہ میں ہمیشہ استعمال ہوتا ہے۔

منافع: کھانسی ہر قسم کا بہترین سریع الاثر نسخہ ہے۔ انشاء اللہ پہلے دن اثر دکھاتا ہے۔ مجرب المجرب ہے۔
اجزا: ایمونیا کارب 15 گرین' ایمونیا کلورائیڈ 20 گرین' وائنم اپیکاک 20 بوند' سپرٹ کلوروفارم 30 بوند' ٹنکچر کمفر کمپونڈ 45 بوند' ایکسٹریکٹ گلسرائز لیکوئڈ ایک ڈرام' سیرپ ٹولو 2 ڈرام' آب خالص چار اونس۔
ترکیب: سب کو شیشی میں ملا کر خوب ہلائیں تاکہ یکجان ہو جائیں۔
استعمال: 2 تولہ صبح 2 تولہ شام شیشی ملا کر استعمال کریں۔

(154) لعوق سعال ہر قسم

منافع: کھانسی ہر قسم کا مجرب المجرب اور معمول نسخہ ہے۔
اجزا: آرد ملٹھی' مکوسنگی' گھاس' شکر تیغال' کیرا' اتیس ہر ایک دو دو تولہ' شہد دو چند۔
ترکیب: سب کو کوٹ چھان کر شہد میں ملالیں۔
استعمال: حسب ضرورت دن میں تین چار دفعہ استعمال کریں۔

مجربات امراض معدہ و امعاء و مقعد

(155) دوائے بواسیر ہر قسم

منافع: بواسیر ہر قسم کی مفید ترین لاجواب دوا ہے۔ جو تجربہ میں کامیاب ثابت ہو چکی ہے۔
اجزا: سافٹ سوپ (ایک قسم کا نرم صابن ہوتا ہے جو انگریزی دوا فروشوں سے مل جاتا ہے) چھ ماشہ' قند سیاہ کہنہ (جو کم سے کم دس سالہ ہو) 5 تولہ' آملہ سار مصفی 4 تولہ' کشتہ فولاد 6 ماشہ' سفوف چھلکا' ریٹھہ ایک تولہ' رسوت مصفی 5 تولہ' بادام روغن خانہ ساز حسب ضرورت۔
ترکیب: بادام روغن کے سوا باقی اشیاء ملا کر بادام روغن اس قدر ملائیں کہ معجون کی شکل بن جائے پھر ڈبیہ میں محفوظ رکھیں۔
استعمال: 1 ماشہ صبح 1 ماشہ شام گولیاں بنا کر پانی کے ہمراہ نگل لیا کریں۔
پرہیز: گرم' ترش' تیل دار بادی اور قابض اشیاء مثل گوشت' اچار' چاول' لال مرچ' بینگن' مسور وغیرہ سے پرہیز کریں۔
ترکیب تصفیہ آملہ سار: آملہ سار 8 تولہ پیس کر گھی سے چرب کریں اور آہنی کڑچھی میں گرم کریں۔ جب گل جائے ایک پیالہ چینی میں آدھ کلو شیر گاؤ ڈال کر اس کے منہ پر باریک کپڑا باندھ کر ڈال دیں۔ آملہ سار نیچے چلی جائے گی۔ تھوڑی دیر کے بعد اسے نکال کر دوبارہ پیس کر گھی ملا کر گرم کر کے دودھ میں ڈالیں۔ اسی طرح پانچ چھ دفعہ عمل کریں۔
ترکیب تصفیہ رسوت: رسوت خالص ایک پاؤ کوٹ کر آدھ سیر پانی میں تر کریں۔ چار پہر کے بعد اوپر

سے صاف پانی نتھار کر کڑاہی آہنی میں پکائیں۔ ثفل کو پھینک دیں۔ جب خشک ہو جائے اسے دوبارہ آدھ سیر پانی ملا کر چوبیس گھنٹے تک رکھ دیں۔ پھر اوپر سے زلال الگ کر کے پکائیں۔ ثفل کو پھینک دیں۔ پھر اسی طرح دو دفعہ دودھ گائے میں صاف کریں۔

ترکیب کشتہ فولاد: بورہ فولاد خالص حسب ضرورت ایک چینی کے پیالہ میں ڈال کر آب پھل جامن پختہ اس قدر ڈالیں کہ پانی دو انگل اوپر آ جائے۔ پیالہ کو دھوپ پر رکھ دیں۔ اور دن میں دو بار ہلا دیا کریں۔ جب خشک ہو جائے دوبارہ آب جامن بدستور ملا کر خشک کر لیں اور پیس کر ایک چٹکی بھر پانی پر ڈالیں۔ اگر فولاد پانی پر تیر جائے تو تیار سمجھیں۔ ورنہ پھر آب ثمر جامن ڈالیں حتی کہ پانی پر تیر جائے۔ بس تیار ہے۔ اگر جامن کا موسم نہ ہو تو اس دستور سے لعاب گھیکوار سے تیار کر لیں۔ یہ بھی ناممکن ہو تو عام کشتہ فولاد آبی جو تربھلہ کے پانی، تربوز کے پانی انار لیموں وغیرہ کے ذریعہ تیار کیا گیا ہو شامل ترکیب کریں۔

(156) حب قبض کشاء

منافع: یہ نسخہ قبض دائمی اور عارضی ہر قسم کے لئے مفید ہے۔ تبخیر کو نافع ہے۔ ریاح شکم، باؤ گولہ، درد شکم، اپھارہ، نفخ کے لئے عجیب الاثر ہے۔ تپ کو مفید ہے۔ بارہا کا مجرب ہے۔

اجزاو ترکیب: حنظل یعنی اندرائن پختہ شدہ تازہ پانچ کلو لا کر ان کے ٹکڑے کر کے سات کلو آب تازہ میں جوش دیں۔ جب ایک کلو کے قریب پانی رہ جائے آگ سے اتار کر اندرائن کو مل کر پھینک دیں اور پانی کو کپڑے میں چھان کر دوبارہ آگ پر رکھیں۔ جب قوام گاڑھا ہو جائے ترید موصوف 4 تولہ، ہلیلہ زرد 10 تولہ، زنجبیل بے ریشہ 4 تولہ باریک کوٹ چھان کر ملا دیں اور کونڈا ڈنڈا میں گھوٹ کر چنے کے برابر گولیاں تیار کر لیں اور خشک کر کے شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: ایک یا دو گولیاں پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

(157) روغن مسہل خاص

اسناد: حکیم کرم الٰہی صاحب ساکن پنج گرائیں (جموں) کا عطیہ ہے۔

منافع: آتشک، خارش وغیرہ، خرابی خون کے تمام امراض کے لئے مفید ہے۔ سخت مزاجوں کے لئے عمدہ مسہل ہے۔ زیادہ گرمی گھبراہٹ پیدا نہیں کرتا۔ آزمودہ ہے۔ فقیروں سنیاسیوں کا نسخہ ہے۔

اجزا: مغز جمالگوٹہ، کافور دیسی ہر ایک 5 تولہ، شیر گائے چھ کلو۔

ترکیب: دونوں ادویہ کوٹ کر دودھ میں ملا کر رات کو ضامن لگا کر رکھ دیں۔ صبح حسب دستور اس کا مکھن حاصل کریں اور اس مکھن کو گرم کر کے صاف کر کے شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: تین قطرے دانہ الائچی کوفتہ یا چاول سونف کوفتہ یا کھانڈ میں ملا کر دیں۔ غذا کھچڑی مرغن یا دلیہ گندم مرغن ہونی چاہئے۔

(158)حابس اسہال ہر قسم

منافع: اسہال ہر قسم جدید اور قدیم کے لئے اکسیر ہے۔ معمول مطب ہے۔

اجزا: کشتہ صدف مروارید کشتہ پوست بیضہ مرغ ہر ایک تولہ تولہ' افیون 6 ماشہ۔

ترکیب: سب کو پیس کر یکجان کرلیں اور شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: 1 رتی مربہ آملہ میں ملا کر استعمال کریں۔ اگر زیادہ تکلیف ہو دن میں دو خوراک دینی چاہئے۔

(159)اکسیر ریح البواسیر و مراق

منافع: ریح البواسیر اور مراق کی فوری اثر یقینی اکسیر ہے۔ اس مرض کے بہت نسخے ہیں۔ مگر ہر مزاج ہر حال میں فائدہ بخشنے والے کم دیکھنے میں آئے ہیں۔ ہر دوا کسی خاص حالت میں مفید ثابت ہوا کرتی ہے۔ اس نسخہ کا یہ خاصہ ہے کہ ہر حالت ہر درجہ اور ہر مزاج میں جلد فائدہ بخشتی ہے۔ تجربہ کے بعد حقیقت عیاں ہوگی۔ اس سے قبض کو خوب فائدہ ہوتا ہے۔ ریاح خارج ہوتے ہیں۔ بھوک خوب لگتی اور جسم میں چستی آتی ہے اور دو تین ہفتے کے استعمال کے بعد مریض کو کافی آرام ہو جاتا ہے۔

اجزا: انجیر زرد 4 عدد' گل بنفشہ 9 ماشہ' مویز منقی 9 دانہ' ملٹھی مقشر کوفتہ 17 ماشہ' روغن بادام خالص 6 ماشہ' مغز فلوس خیار شنبر (املتاس) ڈیڑھ تولہ۔

ترکیب و استعمال: پہلی چار ادویہ رات کو دو پاؤ پانی میں تر کریں۔ صبح اس قدر جوش دیں کہ پانی نصف رہ جائے پھر مل چھان کر مغز املتاس حل کر کے چھانی میں چھان کر روغن بادام اور مصری حسب ضرورت ملا کر نوش کریں۔ اگر قبض زیادہ نہ ہو تو مغز املتاس کا وزن کم کر دینا چاہئے۔ دوسرے وقت جوارش مالیخولیا مراقی نمبر 13 یا جوارش اکبر 6 ماشہ' ہمراہ افتیموں عرق گلاب و ماء الجبن جس کا نسخہ مجربات سلطانی حصہ دوئم میں (طریقہ ماء الجبن) کے عنوان سے درج کیا گیا ہے۔ استعمال کرنی چاہئے۔ غذا' گاجر' مولی شلغم' توری سبز' کدو' گوشت بز وغیرہ اگر گندم کو پانی میں جوش دے کر خشک کر کے اور بریاں کر کے اس کا دلیہ قند سیاہ اور گھی ڈال کر پکا کر استعمال کیا جائے تو یہ سب سے اچھی غذا ہے۔ تمام قابض اور ریح پیدا کرنے والی اشیاء سے پرہیز ہے۔ جب کافی فائدہ ہو جائے اور مرض کی شدت نہ رہے اس وقت صرف نسخہ نمبر 34 مندرجہ طبی شہپارے یا جوارش مالیخولیا مراقی نمبر 13 طاقت اور تفریح کے لئے مفید پڑتے ہیں۔

(160)حب اکسیر بواسیر ہر قسم

اسناد: شاگرد رشید حکیم ملک محمد غوث صاحب کھوکھر چک نمبر 156 ڈاک خانہ چک نمبر 30 تحصیل چنیوٹ ضلع جھنگ کا عطیہ خاص ہے۔

منافع: بواسیر ہر قسم کا مستند مجرب اور اعتباری نسخہ ہے۔ اس سے جگر کا فعل درست ہو کر بواسیری شکایات کی بیخ کنی ہو جاتی ہے۔ ریاح خارج ہوتے اور ہضم درست ہو جاتا ہے۔ زیادہ سے زیادہ چالیس

روز تک استعمال کرنے سے مکمل شفاء ہو جاتی ہے۔ اسے بواسیر کا تریاق کہنا بے جا نہ ہوگا۔
اجزا: آملہ سار مصفی، رسوت مصفی، مغز تخم ریٹھہ، جو کھار ہر ایک تولہ تولہ، مغز تخم بکائن، مغز تخم نیم ہر ایک ڈیڑھ تولہ، کشتہ سون مکھی 9 ماشہ۔
ترکیب: سب ادویہ الگ الگ پیس کر پختہ کھرل میں ڈالیں اور آب مولی تازہ 1 پاؤ آب گرونده ایک پاؤ یکے بعد دیگرے کھرل کر کے پانچ پانچ رتی کی گولیاں تیار کریں۔
استعمال: ایک گولی روزانہ صبح مکھن 5 تولہ میں رکھ کر نگل لیں۔
پرہیز: لال مرچ کم کھائیں۔ اچار، تیل، بینگن مسور، مچھلی، قند سیاہ، چاول، گوشت، میتھی وغیرہ تمام گرم ترش اشیاء سے پرہیز لازم ہے۔
غذا: پالک، کدو، توری، ٹنڈا، دال مونگ دال ماش وغیرہ زود ہضم غذائیں کھائیں۔
ترکیب کشتہ سون مکھی: ایک پاؤ برگ حنا کوٹ کر اس کے درمیان سون مکھی کی ڈلی رکھ کر اوپر کپڑا لپیٹ کر گل حکمت کر کے خشک کر لیں اور چار سیر اوپلوں کی آنچ دیں۔ سرخ رنگ کا کشتہ ہوگا۔ پیس کر کام میں لائیں۔
آملہ سار اور رسوت مصفی کرنے کا طریقہ نسخہ نمبر 155 میں درج ہے۔

(161) اکسیر پیچش و سنج

منافع: پیچش و سنج تازہ اور کہنہ کے لئے مفید ہے۔ بشرطیکہ سدہ نہ ہو۔ تین دن میں شفاء ہو جاتی ہے۔ معدہ، جگر اور انتڑیوں کو طاقت دیتا ہے۔ گرم مزاج اور کمزور و نازک طبع مریضوں کے مناسب ہے۔
اجزا و ترکیب و استعمال: آب انار 6 تولہ میں الائچی خورد 3 ماشہ، پودینہ باغی 2 ماشہ کا شیرہ نکال کر اور چھان کر گرم کر کے پلائیں۔ اسی طرح ایک دن میں تین دفعہ تازہ تیار کر کے استعمال کریں۔ اگر سدہ ہو تو کسٹر آئیل 4 تولہ، شیر گاؤ ایک پاؤ گرم شدہ میں ملا کر قدرے کھانڈ سفید ملا کر پلا دیں۔ جب اسہال ہو جائیں۔ بعد میں نسخہ شروع کریں۔

(162) اکسیر کدودانہ

منافع: کدودانہ کی نہایت اکسیری دوا ہے۔ چند خوراک سے ہی کرم شکم (کدودانہ) مر کے خارج ہو جاتے ہیں۔ مجرب ہے۔
اجزا: قلعی، کالا دانہ ہر ایک تولہ تولہ مصری 5 تولہ۔
ترکیب: قلعی کوٹ کر باریک پترہ بنا کر قینچی سے چاول کے برابر باریک باریک ٹکڑے بنا لیں۔ کالا دانہ اور مصری کو ملا کر سفوف کر لیں۔ پھر سب کو ایک کونڈہ ڈنڈہ میں خوب گھوٹیں تاکہ باریک سفوف بن جائے اور قلعی کا نشان نہ رہے۔
استعمال: روزانہ صبح کے وقت کوئی میٹھی چیز کھا کر چھ ماشہ دوائی ہمراہ دودھ شیریں شدہ استعمال کریں۔

ای طرح تین چار دن تک استعمال کرنے سے کیڑے مرجائیں گے۔

(163) نسخہ دیگر مسہل

منافع: کدو دانہ اور کیچوے اور چھوٹے کرموں کے خراج کرنے میں مفید ثابت ہوئی ہے۔

اجزا: کمیلہ، برگ نیم خشک، بابرنگ ہر ایک برابر وزن۔

ترکیب: سب کو کوٹ پیس کر سفوف بنالیا جائے۔

استعمال: روزانہ صبح کے وقت 2 ماشہ دوا میں 2 تولہ شہد خالص ملا کر استعمال کیا جائے۔

(164) دواء القنب

اسناد: مشہور معالج حکیم غلام محی الدین صاحب مرحوم سکنہ جالپ علاقہ کوٹ مومن (شاہ پور) کا عطیہ خاص ہے۔ آپ کا معمول مطب مستند نسخہ ہے۔

منافع: اسہال جدید و کہنہ ہر قسم اور ہضم طعام کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔ بہت احباب کا تجربہ شدہ ہے۔

اجزا: سیماب، آملہ سار، فلفل سیاہ، فلفل دراز، زنجبیل، زیرہ سیاہ، زیرہ سفید، ہینگ، نمک لاہوری، نمک سانبھر، نمک سیاہ ہر ایک 10 ماشہ برگ قنب بریان (بھنگ) ڈھائی تولہ۔

ترکیب: پہلے پارہ اور آملہ سار کو باہم ملا کر کھرل کر کے کجلی تیار کریں۔ بعدہ باقی ادویہ کا سفوف ملا کر خوب کھرل کرلینا چاہئے۔ برگ بھنگ کو نرم آنچ پر بریاں کیا جائے تاکہ جلنے تک نوبت نہ پہنچے۔

استعمال: ایک ایک ماشہ صبح و شام ہمراہ رب بہی یا شربت حب آلاس یا شربت انار استعمال کریں۔

(165) اکسیر سنگرہنی

منافع: سنگرہنی کے دستوں کی بہت مستند اور مفید و مجرب دوا ہے۔ متعدد مریضوں پر تجربہ ہو چکا ہے۔ کبھی بے اثر ثابت نہیں ہوئی۔ پہلے دوسرے روز ہی فائدہ معلوم ہوتا ہے۔ آپ کو اس کا تجربہ ضرور کرنا چاہئے۔

اجزا: اندرجو، مغز تخم کدو، مصطگی، طباشیر، سونف بریاں ہر ایک تولہ تولہ، گل دھاوہ، بھنگ سوختہ ہر ایک دو دو تولہ، پوست ساق، افیون مصفی ہر ایک تین تین ماشہ، کچلہ مدبر 6 ماشہ، کشتہ فولاد ایک تولہ۔

ترکیب: سب کو باریک کوٹ کر سفوف تیار کریں۔

استعمال: ایک ایک ماشہ صبح و شام دہی کے ساتھ استعمال کریں۔

(166) جوارش انگوزہ خاص

اسناد: یہ نسخہ ایک فاضل طبیب کا تمام عمر معمول رہا ہے۔

منافع: ریح البواسیر اور مراق کا مستند نسخہ ہے۔ اعلیٰ درجہ مقوی معدہ اور ریح شکن نیز قبض کشاء اور

ہاضم طعام ہے۔ مفرح، مقوی اعضاء رئیسہ ہمہ صفت موصوف بے ضرر ہر مزاج کے موافق مجرب المجرب ہے۔ ضعف معدہ و امعاء کے لئے نہایت فائدہ مند ثابت ہوا ہے۔

اجزا: مربہ آملہ، مربہ ہلیلہ ہر ایک تین عدد، مربہ بہی ایک عدد، رب ہلیلہ 7 تولہ، رب آملہ 5 تولہ، گل سرخ، گل سیوتی، فلفل سیاہ، دارچینی ہر ایک تین ماشہ، الائچی خورد، پودینہ، سنبل الطیب، گل گاؤزبان، مرچ سفید، زیرہ سفید، مصطگی رومی ہر ایک 5 ماشہ، الائچی کلاں، کشنیز خشک، زنجبیل ہر ایک 7 ماشہ، زیرہ سیاہ 9 ماشہ، انگوزہ خالص ایک تولہ، ٹکیہ پیپر منٹ تین تولہ، عرق گلاب، قند سفید ہر ایک 15 تولہ۔

ترکیب: مربہ جات کی گٹھلیاں نکال کر گھوٹ لیں۔ خشک ادویہ کوٹ پیس کر سفوف بنالیں۔ قند سفید اور رب کا گلاب میں قوام بنا کر سفوف و مربہ جات ملالیں اور مرتبان میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: سات ماشہ سے تولہ تک عرق سونف و عرق پودینہ کے ہمراہ صبح و شام استعمال کریں۔

(167) مسہل عجیب

منافع: قولنج، قبض شدید اور سخت مزاجوں کے لئے نہایت عمدہ مسہل ہے۔

اجزا و ترکیب: مغز جمالگوٹہ مدبر ایک تولہ، قند سفید 8 تولہ، دونوں ملا کر کھرل کریں۔

استعمال: دو رتی تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ سخت مزاج کو چار رتی دینا چاہیے۔

(168) نسخہ دیگر

منافع: بے ضرر ہر مزاج کے موافق ہر عمر میں بلا خوف و خطر استعمال ہو سکتا ہے۔ خصوصاً نازک مزاج امراء وغیرہ کے لئے نہایت عمدہ ہے۔ قے متلی اور گھبراہٹ وغیرہ مطلق نہیں ہوتی۔ اس کا ہر مطب میں تیار رہنا ضروری ہے۔ تمام مسہل نسخہ جات سے اعلیٰ ہے۔ کھانے میں آسان ہے۔ اس سے کسی قسم کی بدبو وغیرہ نہیں آتی۔ مجرب المجرب ہے۔

اجزا: جلابہ نہایت عمدہ "جو ہلکا اور کرم خوردہ نہ ہو" 6 تولہ، سقمونیا ولائتی اصلی 2 تولہ، کیلومل ایک تولہ، بادام روغن خانہ ساز عمدہ چھ تولہ۔

ترکیب: جلابہ اور سقمونیا کو الگ الگ پیس کر کیلومل ملا کر کھرل کریں۔ بعدہ بادام روغن ملا کر خوب کھرل کرکے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: تین ماشہ سے چار ماشہ تک ہمراہ آب تازہ استعمال کریں۔ بچوں کو حسب عمر دینا چاہیے۔

(169) اکسیر ہیضہ

منافع: ہیضہ کی ہر حالت اور ہر درجہ میں اکسیر ثابت ہوئی ہے۔ بارہا تجربہ ہوا ہے۔ بہت جلد فائدہ ہوتا ہے۔

اجزا و ترکیب: آب چونہ تین حصہ، سرکہ خالص ایک حصہ ملا کر بوتل میں ڈال کر خوب ہلائیں اور محفوظ رکھیں۔ اگر تازہ تیار کرکے دیا جائے تو زیادہ فائدہ ہوتا ہے۔

استعمال: تھوڑا تھوڑا پانی کی جگہ پلاتے رہیں۔

مجربات امراض جگر و طحال

(170) اکسیر فولاد

اسناد: شاگرد و برادر حکیم محمد غوث صاحب کھوکھر چک نمبر 152 تحصیل چنیوٹ ضلع جھنگ کا معمول مطب و عطیہ خاص ہے۔ ان کے مطب میں ہروقت تیار رہتا ہے اور عجیب وغریب نسخہ ہے۔

منافع: ضعف جگر، نقرالدم (کمی خون) گرمی جگر، یرقان، بھس، سوء القنیہ، ضعف معدہ و قلب گرمی جگر کی بابت اکسیر ہے۔ خون صالح پیدا کر کے بدن کو سرخ کر دیتا ہے اور خوب طاقت پیدا ہو جاتی ہے۔ دل دھڑکہ، کمزوری عامہ، کمزوری بدن، جریان کو مفید ہے۔ بارہا کا مجرب ہے۔

اجزاو ترکیب: برادہ فولاد اصلی 20 تولہ کو ہاتھی سونڈی بوٹی کے پانی میں کسی چینی یا مٹی کے برتن میں تر کریں۔ پانی فولاد سے ایک انگل بھر اوپر آجائے۔ جب خشک ہو جائے اسی طرح آب انار ترش اور جامن اور لیموں کے رس میں تر و خشک کریں پھر پیس کر ایک چٹکی بھر لے کر پانی پر ڈالیں۔ اگر پانی پر تیر جائے تو بہتر ورنہ ایک یا دو بار پھر جامن کے رس میں تر و خشک کریں تاکہ پانی پر تیر جائے۔ بس تیار ہے۔ تیار شدہ کشتہ فولاد سے چار تولہ لے کر طباشیر، دانہ الائچی خورد ہر ایک دو تولہ، ورق نقرہ ایک تولہ پیس کر ملا کر رکھ لیں۔

استعمال: چار رتی صبح مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کریں۔ گرم، ترش اور تیل دار اشیاء سے پرہیز چاہئے۔

(171) معجون اکسیر جگر

اسناد: حکیم صوفی محمد بخش صاحب ستیانہ ضلع جھنگ کا معمول و عطیہ خاص ہے۔

منافع: جگر کی کمزوری کا عجیب علاج ہے۔ یرقان، کمی خون، ضعف جگر و معدہ، دم پھولنا، رنگ کا زرد اور بے رونق ہونا، ضعف ہضم، کمزوری بدن وغیرہ شکایات جگر و معدہ کا خاص مستند نسخہ ہے۔ اس سے بھوک خوب چمکتی ہے اور کھایا پیا خوب ہضم ہو کر چند دنوں میں ہی بدن کی حالت اچھی ہو جاتی ہے۔ فعل انہضام کو خوب طاقت دیتی ہے۔ خون وافر پیدا ہوتا اور چہرہ کی زردی سرخی سے تبدیل ہو جاتی ہے اور بدن طاقتور ہو کر بارونق ہو جاتا ہے۔ بارہا کا مجرب ہے۔

اجزا: خبث الحدید مدبر 8 تولہ، پوست ہلیلہ زرد، پوست بلیلہ، پوست آملہ، زنجبیل، کشنیز خشک، دانہ الائچی خورد، مغز بادام، مغز نارجیل، مغز کدو ہر ایک چار تولہ، رب بہی، رب سیب، رب آملہ، رب ہلیلہ ہر ایک 5 تولہ، دیسی گھی 30 تولہ، شہد خالص 50 تولہ۔

ترکیب: خشک ادویہ باریک کر لیں۔ چاروں رب قلعی شدہ دیگچی میں ڈال کر گھی اور شہد ملا کر قوام درست کریں اور خشک ادویہ کا سفوف ملا کر نیچے اتار لیں۔ زیادہ جوش نہیں دینا چاہئے۔

استعمال: ایک ایک تولہ صبح و شام دودھ گائے کے ہمراہ استعمال کریں۔

(172) شربت فولاد

منافع: خون صالح پیدا کرتا' مقوی اعصاب' بدن کو طاقت دیتا ہے۔ یرقان' کمی خون' جریان' گرمی اور ضعف جگر کو بے حد فائدہ بخشتا ہے۔ معدہ' جگر' انتڑی کو طاقتور کر کے بھوک خوب پیدا کرتا ہے۔ اس کی ترکیب نہایت جامع ہے۔ اس سے بہت مریضوں کو فیض پہنچا ہے۔ جو لوگ خزانہ منی بوجہ جلق وغیرہ ضائع کر چکے ہوں انہیں محرک دواؤں سے پہلے یہ شربت استعمال کرانا چاہئے۔

اجزا: برادہ فولاد' رس جامن' سرکہ انگوری' دوغ گاؤ ہر ایک 10 تولہ' ترپھلہ کوفتہ 20 تولہ' الائچی خورد کوفتہ 5 تولہ' گوکھرو کوفتہ' کچلہ مدبر' گلو خشک کوفتہ ہر ایک 2 تولہ۔

ترکیب: لوہے کی کڑاہی کو اینٹ کے ٹکڑے سے خوب صاف اور چمکدار کریں اور سب اجزا اس میں ڈال کر رکھ دیں۔ دن میں دو تین دفعہ لوہے کے دستہ سے ہلا دیا کریں۔ آٹھ دن کے بعد چھ لٹر شیر گاؤ شامل کر کے قرعہ انبیق سے تین لٹر عرق کشید کریں۔ اور اس عرق میں رتن جوت تین تولہ کوفتہ ڈال کر دو گھنٹہ تک رکھ دیں۔ پھر کپڑے میں چھان کر چار کلو مصری ملا کر شربت تیار کریں۔

استعمال: یرقان کے لئے 2 تولہ شربت کو چھاچھ میں ملا کر پئیں۔ ورم جگر کے لئے آب برگ کاسنی سبز 10 تولہ' آب برگ مکو سبز 10 تولہ میں ملا کر استعمال کریں۔ قوت باہ کے لئے عرق ابریشم یا عرق ماء اللحم کے ساتھ جریان کے لئے لعاب بہدانہ کے ہمراہ عظم طحال کے لئے دو تولہ شربت میں تیزاب گندھک ولائتی' تیزاب شورہ ولائتی تین تین قطرے عرق سونف 10 تولہ ملا کر گرمی جگر اور ضعف جگر وغیرہ کے لئے پانی ملا کر استعمال کرنا چاہئے۔ اس کے ساتھ دودھ' گھی بقدر ہضم ضروری استعمال کیا جائے۔

(173) عرق اکسیر طحال

منافع: عظم طحال یعنی بڑھی ہوئی تلی کا نہائت سریع الاثر بہت آسان اور ارزاں اکسیری نسخہ ہے۔ سات یوم میں انشاء اللہ تعالیٰ صحت ہو جاتی ہے اور بالکل بے ضرر ہر مزاج کے موافق ہے۔ نازک اور گرم مزاجوں کے لائق ہے۔ جن کو ڈاکٹری دواؤں سے تکلیف ہوتی ہو۔ بارہا کا مجرب ہے۔

اجزا: نوشادر ٹھیکری' آب اکاس بیل یعنی افتیموں دیسی آب لیموں ہر ایک 10 تولہ۔

ترکیب: تینوں ادویہ ایک بوتل میں ڈال کر رکھیں۔ دن میں تین چار بار ہلاتے رہیں اور کارک نرم رکھیں۔ چار دن کے بعد کارک مضبوط لگا کر ایک جگہ رکھ دیں۔ اکیس دن کے بعد سے سیاہ پانی نتھار کر علیحدہ شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: دس دس بوند صبح و شام بتاشہ یا کھانڈ سفید پر ڈال کر استعمال کریں۔ تمام تیل دار بادی اور قابض اشیاء سے پرہیز ہے۔ غذا نرم اور زود ہضم ہونی چاہئے۔

(174) ضماد برائے عظم طحال

اسناد: حکیم محمد حنیف صاحب جلالپوری کا معمول و عطیہ خاص ہے۔
منافع: عظم طحال وورم طحال کا نہایت موثر و مفید ضماد ہے۔ عموماً ایک دفعہ کے استعمال سے فائدہ ہو جاتا ہے۔ مجرب ہے۔
اجزا: سیسہ (سکہ) پارہ ہر ایک 4 تولہ' آہک آب نادیدہ آٹھ تولہ۔
ترکیب: سیسہ کو کڑچھے میں گداز کر کے نیچے اتار کر پارہ ڈال دیں۔ گرہ بن جائے گی۔ اسے پیس کر چونہ ان بجھ تازہ ڈال کر خوب کھرل کر کے کپڑچھان کر لیں اور شیشی میں نگاہ رکھیں۔
استعمال: ایک تولہ کے قریب دوا لے کر سفیدی بیضہ مرغ دو عدد میں ملا کر لٹھ کا کپڑا طحال کے مطابق کتر کر اس پر یہ ضماد لگا کر گرم کر کے طحال پر چسپاں کر دیں اور طحال کو پہلے کسی روغن سے چپڑ لینا چاہئے۔ جتنا ورم کم ہوتا جائے گا اس جگہ سے کپڑا اترتا جائے گا۔ اسے کتر دیا کریں۔

(175) اکسیر الکبد

اسناد: حکیم محمد غوث صاحب بخاروی چک نمبر156 (جھنگ) کا مجرب و معمول ہے۔
منافع: ضعف جگر' عظم جگر کی صحیح معنوں میں اکسیر ہے۔ نفخ' سوء ہضم' کمی اشتہاء' تپ کہنہ جو جگر اور معدہ کے نقص سے ہوں۔ معدہ کے نقص کمی خون وغیرہ کی قلیل الاجزا کثیرالمنفعت اکسیر ہے۔ ہر مطب میں تیار رہنے کے قابل مجرب نسخہ ہے۔
اجزا: نوشادر ٹھیکری' ریوند خطائی' شورہ قلمی ہر ایک دو دو تولہ۔
ترکیب: تینوں ادویہ کوٹ پیس کر سفوف بنالیں۔
استعمال: تین رتی عرق سونف' عرق کاسنی' عرق مکو' عرق گلاب ہر ایک 2 تولہ کے ہمراہ دن میں ایسی دو خوراک استعمال کرنی چاہئے۔

(176) معجون اکسیر جگر

منافع: ضعف جگر' کمی خون کی قابل قدر دوا ہے۔ اس سے جگر کا فعل درست ہو کر خون صالح بکثرت پیدا ہوتا ہے اور بدن طاقتور ہوتا ہے۔ معدہ طاقتور ہو کر قوت ہضم بڑھ جاتی ہے۔ بواسیر خونی و بادی کو مفید ہے۔ عجیب الاثر مجرب نسخہ ہے۔ مقوی باہ بھی ہے۔
اجزا: پوست ہلیلہ زرد' پوست بلیلہ' آملہ' ہلیلہ سیاہ' دارچینی' لونگ' بالچھڑ' چترہ' سعد کوفی' تج' الائچی خورد' فلفل دراز' فلفل سیاہ' اجوائن دیسی' جاوتری' زنجبیل سوئے' تخم گندنا' زیرہ سیاہ ہر ایک تولہ تولہ' کشتہ فولاد دیسی تیار شدہ تمام دواؤں کے ہم وزن شہد خالص سہ چند۔
ترکیب: تمام ادویہ باریک کوٹ چھان کر شہد میں ملا کر معجون تیار کر لیں۔
استعمال: چھ ماشہ سے ایک تولہ تک صبح یا شام دودھ کے استعمال کریں۔

(177) عرق برائے طحال

منافع: عظم طحال تلی بڑھ جانے کی بے خطا اکسیر ہے۔ اس کے علاوہ ضعف جگر سوء القنیہ' استسقاء ورم طحال سدہ جگر' نفخ و ضعف معدہ کے لئے نہایت عجیب الاثر دوا ہے۔ تلی کے عام نسخوں کی طرح گرم نہیں۔ ہر مزاج کے موافق آجاتا ہے۔

اجزا: راکھ برگ جھاؤ چھ سیر' برادہ آہن ایک پاؤ' گنیشیا 2 پاؤ' آب جامن' آب برگ پودینہ ہر ایک 2 لٹر' نوشادر ٹھیکری سہاگہ' لوٹہ کھار' جوکھار ہر ایک پانچ تولہ ہیرا کسیس' کونین سلفاس ہر ایک تولہ تولہ سلفیورک ایسڈ پیور 2 تولہ' پانی 8 لٹر۔

ترکیب: کوٹنے والی ادویات کوٹ کر سب کو ایک مٹی کے برتن میں ڈال کر منہ بند کر کے رکھ دیں۔ بیس یوم کے بعد اس کا ذلال نتھار کر بوتلوں میں بھر لیں۔

استعمال: صبح' دوپہر' شام ایک ایک اونس پلائیں۔

غذا: نرم ہو' دودھ اور گھی استعمال کرنا ضروری ہے۔ ثقیل' قابض اور تیل دار غذاؤں سے پرہیز ہے۔

(178) دوائے یرقان

منافع: یرقان زرد اور سیاہ کے لئے نہایت مفید دوا ہے۔ اکثر اوقات ایک ہفتہ میں ہی حکمی شفاء بخشتی ہے۔

اجزاو ترکیب: بھنگڑہ سفید' توے پر بریاں کر کے پیس کر شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: پہلے دن ایک چٹکی دوسرے دن دو تیسرے دن تین چٹکی دہی کے ہمراہ استعمال کریں۔ تین دن کے بعد تین چٹکیاں روزانہ استعمال کرتے رہیں۔

(179) عرق طحال

اسناد: شاگرد رشید حکیم محمد منظور صاحب ساکن بخاری کا مشہور اور منتخب معمول و عطیہ خاص ہے۔

منافع: بڑھی ہوئی تلی کو سکیڑنے کے لئے نہایت اکسیر ہے۔ عظم جگر' صلابت جگر' ورم جگر' ورم طحال' پیٹ کا بڑھ جانا' کمی خون کے لئے نہایت مشہور و معروف نادر تحفہ ہے۔ بدن کو سرخ اور طاقتور بناتا ہے۔ مجرب ہے۔

اجزا: کونین فولادی ولائتی' ہیرا کسیس ہر ایک 6 ماشہ ایمونیم کلورائیڈ 15 ماشہ' سلفیورک ایسڈ ڈل 240 بوند' عرق گلاب خالص ایک بوتل سالٹ ایک پاؤ' کونین سلفاس 6 ماشہ۔

ترکیب: کونین سلفاس میں قدرے عرق گلاب ملا کر حل کریں۔ پھر سلفیورک ایسڈ ڈال دیں۔ جب کونین خوب حل ہو جائے سب اشیاء کو بوتل میں ڈال کر نصف بوتل عرق گلاب ملا کر خوب ہلائیں۔ تاکہ سب ادویہ یک ذات ہو جائیں پھر بوتل کو عرق گلاب سے پر کر لیں۔

استعمال: 2 تولہ صبح 2 تولہ شام غذا سے بعد بوتل کو ہلا کر پی لینا چاہئے۔ اگر تکلیف زیادہ ہو تو دن میں

نیم دفعہ استعمال کیا جائے۔ غذا مونگ کی کھچڑی، دلیہ گندم دودھ گھی ضرور استعمال کیا جائے۔

مجربات امراض قلب

(180) دواء لمسک معتدل

اسناد: دارالصحت سلطانیہ للیانی میں اکثر تیار رہتی ہے۔

منافع: خفقان اور غشی کے لئے نہایت مفید ہے۔ دق و سل کو نفع بخشتی ہے۔ مراق، تبخیر، توحش، ضعف جگر، معدہ و امعاء و قلب کے لئے مفید ہے۔ بارہا کا مجرب آسان و قابل قدر نسخہ ہے۔

اجزا: مروارید ناسفتہ، کہربا شمعی، بسد سرخ، ابریشم خام ہر ایک 4 ماشہ، طباشیر کبود، گل سرخ، کشنیز خشک ہر ایک 8 ماشہ، مشک خالص 4 رتی، شربت سیب 8 تولہ۔

ترکیب: مروارید کو روح کیوڑہ میں کھرل کریں۔ باقی اجزا باریک پیس لیں پھر سب کو ملا کر خوب کھرل کر کے شربت ملا کر مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: چار چار ماشہ صبح و شام استعمال کریں۔

(181) خمیرہ اکسیر قلب

منافع: خفقان، ضعف قلب کے لئے نہایت مفید ہے۔ اس کے علاوہ مالیخولیا مراقی، اختناق الرحم، ضعف دماغ کے لئے بھی ازحد مفید ہے۔ بارہا کا مجرب اور معمول ہے۔

اجزا: آب سیب شیریں، آب انار شیریں، آب امرود شیریں، آب انگور شیریں ہر ایک ڈیڑھ پاؤ، عرق گلاب خالص، عرق کیوڑہ ہر ایک 10 تولہ، قند سفید 2 پاؤ، طباشیر نقرہ، کہربا اصلی، مروارید ناسفتہ، سنگ یشب، لعل بدخشاں، یاقوت رمانی، ورق نقرہ، ورق طلا ہر ایک تین ماشہ، عنبر اشہب، کافور ہر ایک ماشہ ہر۔

ترکیب: چاروں میوہ جات کے پانی اور عرقیات و مصری ملا کر قوام تیار کریں۔ پھر باقی اشیاء کا سفوف ملا کر حسب دستور گھوٹ کر خمیرہ بنا لیں۔ اور شیشہ یا چینی کے مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: چار چار ماشہ صبح و شام استعمال کریں۔

(182) مفرح دلکشاء

اسناد: حکیم ہربنس لال صاحب مستند بھوپندر اطبیہ کالج پٹیالہ کا معمول و عطیہ خاص ہے۔

منافع: ضعف معدہ، جگر، قلب، دماغ، ضعف اعصاب کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔ اعضاء و قوی کو قوت دیتا ہے۔ مالیخولیا مراقی کو مفید ہے۔ وحشت وسواس اور تبخیر کو نافع ہے۔ تفریح پیدا کرتا ہے۔ ہر طور پر جہاں تقویت اعضاء رئیسہ اور تفریح مطلوب ہو نہایت فائدہ مند ثابت ہوا ہے۔ لطف یہ کہ اس کی ترکیب آسان ہے۔ اجزاء قیمتی نہیں۔ فائدہ میں بھی عجیب الاثر ہے۔ اس کا ہر مطب میں تیار رہنا

ضروری ہے۔ بیماری کے بعدہ کمزوری کو جلد زائل کرتا ہے۔ بخاروں اور گرم بیماریوں میں استعمال کیا جاتا ہے۔

اجزا: شاہترہ، بادر نجبویہ، گل گاؤزبان، بہمن سفید و سرخ ہر ایک ڈھائی ماشہ، لاجورد مغسول، طباشیر، گل مختوم، کشتہ مرجان، زعفران، درونج عقربی، کبابہ، زرنب ہر ایک سات ماشہ پوست ہلیلہ کابلی، ابریشم مقرض پوست بیرون پستہ دانہ الائچی خورد ہر ایک ساڑھے چار ماشہ، بسد، کہربا، مروارید نا سفتہ ہر ایک 2 ماشہ 2 رتی، عود ماشہ یاقوت سرخ، ورق نقرہ ہر ایک ساڑھے چار ماشہ، شربت انار خالص 48 تولہ۔

ترکیب: مروارید، لاجورد یاقوت کو عرق بید مشک میں نصف گھنٹہ تک کھرل کریں۔ دیگر خشک ادویہ باریک، پیس لیں پھر سب کو ملا کر خوب کھرل کر کے شربت میں خوب مخلوط کریں اور شیشہ یا چینی کے برتن میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: تین تین ماشہ صبح و شام ہمراہ عرق گاؤزبان یا دودھ گائے وغیرہ استعمال کریں۔

(183) اکسیر تقویت قلب و خفقان

منافع: تقویت قلب اور خفقان کے لئے نہایت موثر و مفید ثابت ہوا ہے۔

اجزا: یاقوت رمانی تین ماشہ، ورق طلا، عقیق ہر ایک ماشہ ماشہ، سنگ یشب ڈیڑھ ماشہ، زہر مہرہ خطائی اعلیٰ 21 ماشہ، عرق گلاب حسب ضرورت۔

ترکیب: تمام ادویہ باریک پیس کر عرق گلاب کے ساتھ خوب کھرل کریں۔ تاکہ مثل غبار ہو جائے۔

استعمال: صبح 4 رتی سے ایک ماشہ تک خمیرہ گاؤزبان عنبری یا خمیرہ گاؤزبان سادہ یا مربہ سیب یا مسکہ میں ملا کر اگر گرمی کا غلبہ ہو تو ایک ماشہ کافور تمام دوا میں ملالیں۔

(184) دواء النقرہ

منافع: تقویت قلب کے لئے نہایت سریع الاثر ہے۔ دماغ کو طاقت دیتا، خفقان، حفاظت قلب اور تفریح قلب کے لئے عمدہ شے ہے۔ معمول مطب سہل الحصول ہے۔

اجزا: ورق نقرہ، اصلی شاخ مرجان، یاقوت رمانی ہر ایک تولہ تولہ، عرق گلاب ایک پاؤ۔

ترکیب: خشک دوائیں کوٹ کر عرق گلاب کے ساتھ خوب کھرل کریں۔ حتیٰ کہ تمام عرق جذب ہو جائے پھر پیسہ کے برابر قرص بنا کر خشک کر کے ایک کوزہ گلی میں گل حکمت کر کے خشک کریں اور پانچ سیر کلو اپلا دشتی کی آگ دیں۔ سرد ہونے کے بعد باریک کھرل کریں۔

استعمال: ایک رتی سے تین رتی مکھن میں ملا کر صبح استعمال کریں۔

(185) دوائے خفقان

منافع: خفقان کا عجیب الاثر آسان و مجرب المجرب نسخہ ہے۔ ضعف قلب، حرارت قلب، وحشت، دل کا پھڑکنا، دل کا بیٹھ جانا، گھبراہٹ وغیرہ کو تین چار یوم میں کافی فائدہ ہو جاتا ہے۔ کم خرچ بالا نشین کا

صداق عمدہ دوا ہے۔

جزاو ترکیب: مربہ آملہ کلاں جس کی گٹھلی نکالی گئی ہو اور دھولیا گیا ہو ایک عدد' طباشیر نیلگوں ایک
دانہ الائچی خورد 2 ماشہ' باریک پیس کر ملا کر اور ایک عدد ورق نقرہ کلاں میں لپیٹ کر کھائیں۔ بعد میں
گاؤزبان 5 ماشہ' مغز تخم خیارین' مغز تخم تربوز ہر ایک 6 ماشہ' تخم کدو' تخم کاہو ہر ایک 4 ماشہ' کشنیز
' دانہ الائچی خورد ہر ایک 3 ماشہ کا تازہ پانی میں شیرہ یعنی گھوٹہ بنا کر قند سفید 3 تولہ ملا کر پلائیں۔ اسی
ح روزانہ ایک وقت یا دو وقت تازہ تیار کر کے استعمال کریں۔ گرم' تیل دار اور قابض اشیاء سے پرہیز
کریں۔

(186) اکسیر مقوی اعضاء رئیسہ

ستاذ: حکیم محمد افضل صاحب مصنف "ہمارا مطب" وغیرہ فیض یافتہ مطب سلیمی کا عطیہ خاص ہے۔ نسخہ
ی الواقعہ نہایت قابل قدر اور اس قابل ہے کہ ہر طبیب کے صندوقچہ میں ہر وقت موجود رہے۔

افع: اعضاء رئیسہ دل' دماغ' جگر کے لئے نہایت اکسیر ہے۔ دق' سل' خفقان' ضعف باہ جو بوجہ
اعضاء رئیسہ ہو۔ ضعف اعصاب' غشی' دل دھڑکہ وغیرہ کی خاص مستند دوا ہے۔ مرتے ہوئے انسان کے
ہ میں دو چاول ڈال دیئے جائیں تو وہ باتیں کرنے لگ جاتا ہے۔ مفرحات اور یاقوتیوں سے بڑھ کر مفید
جواہر مہرہ کے قائم مقام ہے۔ مرض کے بعد کی کمزوری اور ہر قسم کی کمزوری کی واحد اکسیر ہے۔ مجرب
رب ہے۔

جزا: مرجان ایک تولہ' زمرد سبز' یاقوت اعلیٰ' یشب سبز' عقیق سرخ' مروارید ناسفتہ' ورق طلا' ورق نقرہ ہر
ایک تین ماشہ۔

رکیب: تمام ادویہ کوٹ کر نہ گھسنے والے کھرل میں ڈال کر گل سرخ بہاری تازہ کا پانی کوٹ کر نکال کر
التے اور زوردار ہاتھوں سے کھرل کرتے رہیں حتیٰ کہ بارہ گھنٹہ تک خوب کھرل ہو جائے۔ قرص بنا کر
ک کریں اور گل سرخ تازہ 5 تولہ کوٹ کر نغدہ بنا کر اوپر کپڑا اور تین تہ ٹاٹ کہنہ خوب کس کر لپیٹ دیں
ر گل حکمت کر کے خشک کریں اور گڑھے میں ہوا سے محفوظ جگہ بیس سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ سرد ہونے
قرص نکال کر پانچ چھ گھنٹہ تک روح کیوڑہ یا گلاب میں سحق کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: ایک چاول خمیرہ گاؤزبان عنبری یا مکھن میں استعمال کریں۔

(187) دوائے خفقان القلب

افع: خفقان القلب (دل پھڑکنا) اور ضعف قلب کی مجرب اکسیر ہے۔ حرارت قلب کو مفید ہے۔
اعضاء رئیسہ کی کمزوری' نکسیر' گرمی جگر' ضعف دماغ کے لئے مفید ہے۔

جزا: کشتہ عقیق' کشتہ مرجان' الائچی خورد' زہر مہرہ' کشنیز' طباشیر' صندل سفید' کہربا شمعی' نارجیل دریائی
وزن۔

بخاروں اور گرم بیماریوں میں استعمال کیا جاتا
ر ایک ڈھائی ماشہ' لاجورد مغسول' طباشیر' گل
ب سات ماشہ پوست ہلیلہ کابلی' ابریشم مقرض
' بسد' کہربا' مروارید ناسفتہ ہر ایک 2 ماشہ
' شربت انار خالص 48 تولہ۔
ف گھنٹہ تک کھرل کریں۔ دیگر خشک ادویہ
ں خوب مخلوط کریں اور شیشہ یا چینی کے برتن
ہ گائے وغیرہ استعمال کریں۔

ب و خفقان

ید ثابت ہوا ہے۔
ماشہ' سنگ یشب ڈیڑھ ماشہ' زہر مہرہ خطائی اعلیٰ
خوب کھرل کریں۔ تاکہ مثل غبار ہو جائے۔
نبری یا خمیرہ گاؤزبان سادہ یا مربہ سیب یا مکھن میں
ں۔

النقرہ

۔ دماغ کو طاقت دیتا' خفقان' حفاظت قلب اور
الحصول ہے۔
تولہ تولہ' عرق گلاب ایک پاؤ۔
خوب کھرل کریں۔ حتیٰ کہ تمام عرق جذب ہو جائے
میں گل حکمت کر کے خشک کریں اور پانچ سیر کو
ریں۔
استعمال کریں۔

ئے خفقان

نسخہ ہے۔ ضعف قلب' حرارت قلب' وحشت
ریوم میں کافی فائدہ ہو جاتا ہے۔ کم خرچ بالا نشین

ترکیب: سب کو کوٹ پیس کر سفوف بنا لیں۔
استعمال: دو ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت صندل تین تولہ یا مربہ سیب یا مربہ سفرجل میں ملا کر گرم اشیاء سے پرہیز ہے۔

(188) اکسیر قلب آسان

اسناد: دارالصحت سلطانیہ للیانی میں اکثر تیار رہتا ہے۔
منافع: ضعف قلب، خفقان، دل پھڑکنا، تپش دل، حرارت قلب کی خاص مستند اکسیر ہے۔ دل کی تمام امراض کو مفید ہے۔ ضعف دماغ و جگر اور حرارت جگر کے لئے بے حد مفید ہے۔ ترکیب تیاری سہل ہے اور زیادہ قیمتی نہیں۔ ہمہ صفت موصوف ہے۔
اجزا: بورہ صندل سفید 2 تولہ، طباشیر کبود، گل گاؤزبان، کہربا شمعی، نارجیل دریائی، کشنیز خشک، زہر مہرہ خطائی، ورق نقرہ، کشتہ مرجان، کشتہ عقیق، دانہ الائچی خورد ہر ایک تولہ تولہ، نبات 3 تولہ۔
ترکیب: سب کو الگ الگ پیس کر سفوف تیار کریں۔ اور دو گھنٹہ تک خوب کھرل کریں۔
استعمال: ڈیڑھ ماشہ صبح و شام رب سیب یا بہی یا شربت صندل میں ملا کر چٹائیں یا مکھن میں رکھ کر استعمال کریں۔

(189) شربت خفقان القلب

منافع: خفقان القلب یعنی دل دھڑکہ میں نافع ہے۔ دل کو طاقت اور تفریح بخشتا ہے۔
اجزا و ترکیب: گاؤزبان، بادرنجبویہ، پرسیاؤشاں، صندل سفید، نیلوفر ہر ایک تین تولہ، افتیمون ولائتی، صندل سرخ، اسطوخودوس، تخم کاسنی، گل سرخ ہر ایک 2 تولہ، مصری تین پاؤ۔ حسب دستور شربت تیار کریں۔
استعمال: دو دو تولہ صبح و شام عرق گاؤزبان 6 تولہ ملا کر ہمراہ سفوف مرواریدی ایک ماشہ استعمال کریں۔
نسخہ سفوف مرواریدی: دانہ الائچی خورد، طباشیر آسمانی، زہر مہرہ خطائی ہر ایک 6 ماشہ، مروارید ناسفتہ اصلی تین ماشہ (در روح کیوڑہ ایک تولہ کھرل کردہ) ورق نقرہ 20 عدد، مصری کوزہ تین تولہ سفوف بنائیں۔

(180) سفوف اکسیر قلب

اسناد: دارالصحت سلطانیہ للیانی میں ہر وقت تیار رہتا ہے۔
منافع: خفقان اور ضعف دل کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔ اس کے علاوہ گرمی دل و دماغ و جگر اور ضعف دماغ و جگر کے لئے بھی معمول ہے۔ مجلوق کو ضعف اعضاء رئیسہ اور گرمی کے لئے مغلظ منی ادویہ کے ہمراہ عجیب فائدہ مند ثابت ہوا ہے۔ گرمیوں میں گرم مزاجوں کے لئے نعمت غیر مترقبہ ہے۔
اجزا: کشنیز خشک، زہر مہرہ خطائی ہر ایک 5 تولہ، بورہ صندل سفید، کشتہ عقیق، کشتہ مرجان ہر ایک 2 تولہ، نارجیل دریائی تین تولہ، کشتہ فولاد بارد، ورق نقرہ ہر ایک 6 ماشہ۔

رکیب: پہلی چاروں ادویہ علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر کشتہ جات ملا کر کھرل کریں بعدہ ورق ایک ایک کر کے کھرل کرتے رہیں۔ حتیٰ کہ خوب باریک ہو جائے۔ بس تیار ہے۔

ستعمال: ڈیڑھ ڈیڑھ ماشہ صبح و شام ہمراہ شربت بہار 2 تولہ یا مربہ سیب یا مسکہ میں ملا کر استعمال کریں۔

(191) شربت بہار

نافع: عام گرمی' مجلوق کی گرمی اور ذکاوت حس کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔

جزا و ترکیب: کشنیز خشک 5 تولہ' اجوائن خراسانی ایک تولہ' مصری تین پاؤ' حسب دستور شربت بنائیں۔

ستعمال: تین تین تولہ صبح و شام حسب ضرورت آب خالص ملا کر استعمال کریں۔

(192) شربت مفرح

نافع: اختلاج القلب اور مالیخولیا کے لئے مفید ہے۔ ضعف اعضاء رئیسہ اور امراض سوداوی کے لئے عجیب الاثر۔

جزا: برگ گاؤزبان' گل گاؤزبان' کشنیز خشک' ابریشم خام مصفیٰ' بہمن سفید' تخم بالنگو' تخم فرنجمشک' برگ بادر نجبویہ ولایتی ہر ایک تولہ تولہ' تخم کاسنی' تخم خیارین' گل منڈی ہر ایک دو دو تولہ' عرق بید مشک' عرق کیوڑہ' گلاب اعلیٰ ہر ایک دو دو پاؤ پاؤ۔

ترکیب: کوٹنے والی دوائیں کوٹ کر سب کو عرقیات میں شام کو بھگو دیں۔ صبح جوش دے کر صاف کر لیں اور مصری تین پاؤ شہد ایک پاؤ ملا کر قوام تیار کریں۔ بعدہ عنبر اشہب کو قدرے روغن بادام میں حل کر کے ملائیں اور ورق نقرہ چھ ماشہ شامل کر کے یہاں تک حل کریں کہ یکذات ہو جائے پھر بوتل میں نگاہ رکھیں۔

ستعمال: دو دو تولہ صبح و شام ہمراہ عرق گلاب' عرق گاؤزبان ہر ایک 6 تولہ استعمال کریں۔

(193) معجون مقوی اعضاء رئیسہ

نافع: معدہ' جگر' قلب اور دماغ کو خوب طاقت بخشتی ہے۔ کثرت احتلام' تبخیر' ضعف بصارت' اختلاج قلب کے لئے نہایت مستند چیز ہے۔ مجلوق کو از حد مفید ہے۔ اسہال معدی کو مفید ہے۔

جزا: آب آملہ سبز دو پاؤ' مصطگی رومی' دانہ الائچی خورد' طباشیر ہر ایک 4 تولہ' گل گاؤزبان دو تولہ' ورق نقرہ 40 عدد' نبات 20 تولہ۔

ترکیب: آب آملہ میں نبات کا قوام تیار کریں بعدہ دیگر ادویہ کا سفوف ملا کر معجون بنا لیں۔

ترکیب: ایک ایک تولہ صبح و شام ہمراہ شربت یا عرق مناسب یا دودھ کے ہمراہ استعمال کیا جائے۔

مجربات امراض گردہ ومثانہ

(194) اکسیر ذیابیطس خاص

اسناد: حکیم سید اصغر علی شاہ صاحب (سند یافتہ دہلی) راولپنڈی کا خاص الخاص مشہور عام نسخہ ہے۔ جس کی شہرت سن کر حاصل کیا گیا فی الحقیقت نسخہ ایسا ہے جس کی مثال طبی دنیا میں ملنی مشکل ہے۔

منافع: ذیابیطس (ڈایا بیٹیز) ایک عسر البرء مرض ہے۔ مگر یہ نسخہ بفضلہ اس کے لئے بہت ہی مفید ہے۔ بہت جلد اپنا اثر دکھاتا ہے۔ قوت باہ اور امساک بھی پیدا کرتا ہے۔ تجربہ شرط ہے۔

اجزاو ترکیب: شنگرف، سنکھیا سفید، افیون ہر ایک ایک تولہ علیحدہ علیحدہ کھرل کرکے ایک پختہ کھرل میں ڈال کر ایک ہفتہ پیاز سفید کے رس میں اور ایک ہفتہ ادرک کے مقطر رس میں کھرل کرنا چاہئے۔ ہر دو رس کم از کم ایک ایک پاؤ ہونا ضروری ہے بعدہ برانڈی ایکشاء نمبر 1 ایک بوتل بذریعہ کھرل جذب کردیں اور دوائی کی ٹکیہ بنا کر ماش کے آٹے میں رکھ کر گول گولا بنالیں اور روغن زرد گائے میں بریاں کریں۔ روغن زرد اس قدر ہونا چاہئے کہ گولا ڈوب جائے آنچ آہستہ آہستہ دیں کہ باہر سے سیاہ ہو جائے مگر جلنے نہ پائے۔ سرد کرکے گولا کھول دیکھیں اگر خمیر اٹھ گیا ہو تو درست ہے۔ ورنہ دوبارہ ماش کے آٹے میں ملفوف کرکے بطور سابق گھی میں بریان کریں تاکہ خمیر اٹھ آئے بس تیار ہے پھر اس میں مندرجہ ذیل ادویات شامل کرکے حبوب بقدر مرچ سیاہ تیار کریں۔ مشک خالص، زعفران اصلی، دانہ الائچی خورد، عقر قرحہ، مروارید ناسفتہ مسحوق ہر ایک تولہ تولہ عنبر اشہب تین ماشہ کشتہ سونا یا ورق سونا، عمدہ 6 ماشہ، فیری ایٹ کونین سائٹراس ہاورڈ نمبر 1 تولہ یاد رہے۔ آگ بیری کی لکڑی کی دو چوبی ہونی چاہئے۔

استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام دودھ کے ہمراہ استعمال کریں دوران استعمال میں دودھ گھی وافر استعمال ہونا چاہئے۔

(195) اکسیر سوزاک وقرحہ

منافع: سوزاک اگرچہ 50 سالہ ہو اس اکسیر سے شرطیہ حکمیہ رفع ہو جاتا ہے۔ تجربہ شدہ خاص الخاص نسخہ ہے جو افادۃ الناس کے لئے بلا بخل ظاہر کیا جاتا ہے۔

اجزا: دو سالہ کیکر کی باریک باریک شاخوں کی چھال اتار کر خشک کرلیں۔ یہ چھال 5 تولہ، جوکھار 3 ماشہ باریک پیس کر اس سفوف میں روغن صندل اصلی مسوری روغن بہروزہ ہر ایک تین ماشہ خوب ملا کر رکھ لیں۔

استعمال: چھ ماشہ صبح تازہ پانی کے ساتھ استعمال کریں۔ گرم ترش اشیاء سے پرہیز ہے۔

(196) دوائے ذیابیطس ہر قسم

منافع: ذیابیطس یعنی ڈایا بیٹیز شکری اور سادہ دونوں قسم کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔ اس کا کئی دوستوں نے تجربہ کیا مفید ثابت ہوا ہے۔ نہایت عمدہ سہل الحصول اور ارزاں معمول مطب نسخہ حاضر

اجزا: ست گلو خالص، ست سلاجیت، رب السوس خالص ہر ایک تولہ تولہ، سیماب، قلعی، کہربا، دانہ الائچی خورد ہر ایک 9 ماشہ، مغز بادام، مغز پستہ، نارجیل تازہ، مغز اخروٹ، خشخاش سفید، کنجد مقشر، مغز تخم جامن ہر ایک 2 تولہ، افیون 6 ماشہ۔

ترکیب: قلعی کو گلا کر نیچے اتار کر سیماب ڈال دیں۔ گرہ تیار ہو جائے گی اس گرہ کو چار پہر تک کھرل کریں۔ بعدہ کہربا ملا کر چار پہر کھرل کریں۔ پھر باقی ادویہ پیس کر ملائیں اور کچھ دیر کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: تین تین ماشہ صبح و شام شیر گاؤ کے ہمراہ استعمال کریں۔

(197) نسخہ دیگر مجرب

منافع: ذیابیطس کا سہل اور مجرب نسخہ ہے۔

اجزا: مغز تخم جامن، مغز تخم آم، کشنیز خشک ہر ایک ڈھائی تولہ، برادہ صندل سفید ایک تولہ 9 ماشہ، کشتہ بیضہ مرغ، کشتہ زمرد، کشتہ فولاد ہر ایک تین ماشہ۔

ترکیب: سب کو کوٹ پیس کر سفوف تیار کریں۔

استعمال: تین ماشہ سے پانچ ماشہ تک صبح و شام تازہ پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

(198) اکسیر سوزاک

منافع: سوزاک کا سہل الحصول اور مجرب نسخہ جو کئی دفعہ تجربہ میں آچکا ہے۔

اجزا: قلعی پارہ ہر ایک 6 ماشہ، پارہ بریاں 1 تولہ، دانہ الائچی کلاں 2 تولہ۔

ترکیب: قلعی کو کڑچھی میں گلا کر نیچے اتار کر پارہ ڈال دیں۔ گرہ بن جائے گی۔ سرد ہونے کے بعد کھرل کریں اور باقی ادویہ پیس کر سب کو ملا کر خوب کھرل کر کے یکجان کریں۔

استعمال: ایک ایک ماشہ صبح و شام شام پاؤ بھر دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

(199) دوائے سلسل بول

منافع: یہ دوا سلسل بول کے عارضہ میں بہت مفید ثابت ہوئی ہے۔ شرطیہ حکمیہ جلد شفاء بخشتی ہے۔

اجزا: سعد کوفی، کندر، جفت بلوط، خولنجاں، حب الاس، زیرہ کرمانی ہر ایک دو تولہ۔

ترکیب: سب کو جدا جدا کوٹ کر سفوف بنالیں۔

استعمال: صبح 4 ماشہ یا 5 ماشہ پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

(200) اکسیر سنگ

منافع: گردہ و مثانہ کی پتھری، درد گردہ، بندش بول ریگ گردہ و مثانہ کے لئے نہایت آسان اور مفید نسخہ

ہے۔ بارہا اس کا تجربہ ہوا۔ ہر دفعہ مفید ثابت ہوا ہے۔

اجزا: شورہ قلمی 5 تولہ، گندھک 3 تولہ، مولی کھار، جو کھار ہر ایک تولہ تولہ۔

ترکیب: شورہ کو کڑچھے میں ڈال کر آگ پر رکھیں اور گندھک پیس کر اس کی چٹکیاں دیتے رہیں۔ اس سے رنگ برنگ کے شعلے نکلیں گے۔ جب شعلے نکلنے موقوف ہو جائیں تو دوا کو صاف زمین پر الٹ دیں۔ دوا جم جائے گی اس کے ہمراہ مولی کھار اور جو کھار پیس کر سفوف تیار کریں اور شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: تین رتی پتاشہ یا کھانڈ میں رکھ کر گرم پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

(201) نسخہ دیگر

اسناد: حکیم محمد غوث صاحب کھوکھر کا تجربہ شدہ خاص نسخہ ہے۔

منافع: گردہ اور مثانہ کی پتھری کو ریزہ ریزہ کر کے نکال دیتی ہے۔ قبض رفع کرتی اور ریگ گردہ و مثانہ کو مفید ہے۔

اجزا: خاکستر عقرب تین تولہ، سنگ سرماہی، سنگ یہود ہر ایک تولہ تولہ، حب القلت 6 ماشہ۔

ترکیب: سب کو باریک پیس کر آب ترب یعنی مولی سبز مروق اور روغن بادام شیریں سے تین یوم کھرل کریں پھر ترنجبین خراسانی، نبات ہر ایک 5 تولہ شیر خشت اصلی ایک تولہ باریک پیس کر ملا دیں۔

استعمال: تین ماشہ آب خالص یا کسی اور مناسب بدرقہ کے ہمراہ یومیہ استعمال کریں۔

(202) دیگر سہل

اجزا: جو کھار، کنگنی کھار، سنگ یہود ہم وزن۔

ترکیب: علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر سفوف تیار کر لیں۔

استعمال: تین ماشہ صبح تین ماشہ عصر شربت بزوری تین تولہ کے ہمراہ استعمال کریں۔

(203) ذیابیطس کا مستند علاج

منافع: ذیابیطس کا مکمل و مستند طریق علاج ہے۔ اس سے بہت جلد فائدہ ہوتا ہے۔ بارہا کا تجربہ ہے اسے ہرگز نظرانداز نہ کرنا چاہئے۔

اجزا و ترکیب نمبر 1: سوڈا بائی کارب ایک ماشہ، فرائٹ ایمونیا سائٹراس 5 رتی، لائیکوار آرسنی کیلس، روغن سونف ہر ایک 2 بوند، آب خالص 2 تولہ سب کو ملا لیں۔ یہ ایک خوراک کا وزن ہے۔

نمبر 2 فری آرسی ناس 1/8 گرین، کوڈایا فاس فاس 1/8 گرین، ایکسٹریکٹ نکس وامیکا 1/4 گرین، کونین سلفاس ہاورڈ 2 گرین، ایکسٹریکٹ جنشن حسب ضرورت یہ ایک گولی کا وزن ہے۔ جس قدر مطلوب ہوں بنا لیں۔

استعمال: اگر موسم گرما ہو نمبر 1 غذا سے نصف گھنٹہ بعد صبح و شام ایک ایک خوراک استعمال کریں۔ اور نمبر 2 ایک گولی رات کو سوتے وقت دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔ اگر موسم سرما ہو تو صرف نمبر 2 غذا سے

گھنٹہ بعد صبح وشام ایک ایک گولی پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

غذا: طاقتور مثل گوشت بز، انڈا، سبزی دودھ ملائی زیادہ استعمال کریں۔

پرہیز: چاول، میٹھی چیزیں، پھل (فروٹ) منع ہیں۔

(204) اکسیر درد گردہ

منافع: درد گردہ جو پتھری کے سبب سے ہو اس کی اکسیر ہے۔ آپ سینکڑوں ادویہ استعمال کر کے مایوس ہو چکے ہیں تو اس نسخہ کو استعمال کریں۔ انشاء اللہ درد گردہ کا دورہ ایک دو خوراک سے رفع ہو جائے گا اور دوبارہ پھر نہیں ہو گا۔

اجزا: تخم تلسی، جوکھار، مولی کھار ہر ایک 8 ماشہ۔

ترکیب: سب کو کوٹ پیس کر سفوف تیار کریں۔

استعمال: چھ ماشہ صبح وشام شیر گائے کے ہمراہ استعمال کریں۔

مجربات امراض مردان

(205) حب مقوی وممسک

اسناد: عزیز حکیم محمد اعظم خان صاحب کھوکھر مینجر دواخانہ کیمیائے بدن پاہڑیانوالی ضلع گجرات پاکستان کا عطیہ ہے۔

منافع: عمدہ مقوی باہ اور ممسک ہے۔ سرعت انزال کو رفع کرتا ہے۔ بارہا کا آزمودہ اور مجرب ہے۔ منی غلیظ کرتا اور جریان احتلام ذکاوت حس کو پورا فائدہ کرتا ہے۔ اطباء کرام اسے ضرور معمول بنائیں۔

اجزا: افیون 2 ماشہ، شیر برھ 2 تولہ، آرد تخم سرس یعنی شیریں حسب ضرورت۔

ترکیب: افیون کو شیر برھ میں ملائیں جب خوب حل ہو جائے آرد شیریں اس قدر ملائیں کہ گولیاں بن سکیں پھر کوٹ کر یک ذات کر کے چنے کے برابر گولیاں تیار کر لیں اور سایہ میں خشک کریں۔

استعمال: روزانہ ایک گولی صبح یا عصر ایک چھٹانک گھی کے ساتھ نگل لی جائے کم از کم 21 یوم ضرور متواتر استعمال کرنی چاہئے۔ دوران استعمال میں جماع اور ترش اشیاء سے پرہیز کیا جائے۔ قبض کا خاص خیال رکھا جائے۔

(206) کشتہ شنگرف سفید

منافع: قوت باہ کے لئے بہت سریع الاثر و مجرب المجرب ہے۔ لطف یہ کہ نہایت آسانی سے تیار ہو سکتا ہے۔ ایک سیاح درویش کا عطا کردہ نسخہ حاضر کیا جاتا ہے۔ چند دنوں میں ہی اپنا اثر دکھاتا ہے تجربہ کیجئے۔

اجزا و ترکیب: شیر مدار تازہ 2 چھٹانک ایک کڑچھے میں ڈال کر نمک 6 ماشہ پیس کر ڈال دیں اور آگ دیں۔ جب دودھ پھٹ جائے صاف پانی علیحدہ کر کے اس سے شنگرف رومی 2 تولہ کو کھرل کرتے

رہیں۔ جب سب پانی ختم ہو جائے گولی بنا کر خشک کر لیں۔ اب مرچ سرخ تازہ ایک پاؤ کوٹ کر نغدہ بنا لیں۔ اس میں شنگرف کی گولی لپیٹ کر اوپر پرانا کپڑا سوا سیر خوب کس کر لپیٹ دیں اور ہوا سے محفوظ جگہ پر اس کو آگ لگا دیں۔ جب سرد ہو جائے احتیاط سے نکال کر کھرل کر کے شیشی میں رکھیں۔ یاد رہے کہ ایک پاؤ کپڑا لپیٹ کر اوپر سوتری خوب مضبوطی سے لپیٹ کر گولہ کو پختہ کر لیں۔ اس پر باقی کپڑا لپیٹیں۔

استعمال: دو چاول صبح یا عصر کے وقت مکھن میں رکھ کر استعمال کریں۔

(207) حب برائے ضعف باہ

اسناد: حکیم محمد غوث صاحب کھوکھر بخاروی کا عطیہ خاص ہے۔ اس نسخہ کی بہت تعریف اور شہرت ہے۔ لہٰذا اس کا ہر مطب میں تیار رہنا ضروری ہے۔

منافع: ضعف قوت مردانہ کی مستند اور نہایت موثر عجیب الاثر گولیاں ہیں۔ جریان احتلام، سرعت انزال کو بھی مفید ہیں۔ بارہا کی مجرب اور آزمودہ ہیں۔

اجزا: سٹرکنیا 1/30 گرین، ایکسٹریکٹ کوکا 1/5 گرین، ایکسٹریکٹ ڈمیانہ 1 گرین، فرائی ریڈ کٹم 1 گرین، کونین سلفاس 1 گرین، پل فاسفورس 1 گرین یہ ایک گولی کا وزن ہے۔ اسی مقدار میں جس قدر چاہیں گولیاں تیار کریں۔

ترکیب: سب کو خوب کھرل کر کے یکجان کر کے گولیاں تیار کریں۔

استعمال: ایک گولی صبح و شام دودھ کے ہمراہ بعد غذا استعمال کریں۔ 40 یا 60 گولیاں ضرور استعمال کرنی چاہئے۔ دوران استعمال میں جماع سے پرہیز کیا جائے اور دودھ و مرغن غذا استعمال کی جائے۔

(208) جریان ہر قسم کا مجرب نسخہ

اسناد: حکیم مولوی محبوب الٰہی صاحب سرگودھا کا مجرب معمول مطب اور عطیہ خاص ہے۔

منافع: جریان منی، مذی، ودی، کثرت احتلام، سیلان الرحم، سلسل بول کا اعتباری علاج ہے ایک ہفتہ میں پورا فائدہ ہو جاتا ہے۔ خاص مستند نسخہ ہے۔ جس کی قدر بعد تجربہ معلوم ہو گی۔

اجزا و ترکیب: سکہ، جست، قلعی، چاندی ہر ایک تولہ تولہ لے کر الگ الگ کوٹ کر باریک پترے بنا کر کتر لیں اور کڑھائی میں ڈال کر تیز آنچ جلائیں جب گل جائیں برگ بھنگ کو فتہ کی چٹکی دیتے جائیں اور آہنی دستہ سے رگڑتے جائیں پھر ہلدی 10 تولہ کوٹ کر حسب دستور اس کی چٹکی دیتے رہیں۔ حتیٰ کہ خاکستر ہو جائے اگر کچھ خام رہ جائے تو برگ بھنگ اور ہلدی مزید کوٹ کر عمل کریں۔ جب سب اشیاء خاکستر کی طرح ہو جائیں سرد کر کے کپڑے میں چھان کر آب لیموں تازہ و پختہ میں ایک دن خوب کھرل کریں اور پیسہ کے برابر قرص بنا کر خشک کر لیں اور کوزہ گلی فراخ یا دو ہلکے پیالوں میں بند اور گل حکمت کر کے 15 سیر اپلا کی آگ دیں جب سرد ہو قرص نکال کر دوبارہ دہی میں ایک پہر کھرل کر کے دس سیر اپلا کی آگ محفوظ الہوا بدستور سابق دیں اسی طرح آنچیں دیتے رہیں حتیٰ کہ ملائم کشتہ ہو جائے۔ پیس کر شیشی

میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: کندر، جفت بلوط، مصطگی رومی، گلنار ہر ایک ہم وزن کوٹ چھان کر تین گنا شہد میں ملا کر معجون بنائیں۔ ایک رتی کشتہ کو 6 ماشہ معجون میں ملا کر صبح کھالیں بعد میں آدھ سیر دودھ گائے پی لیں۔ صرف ایک وقت تا استعمال گرم ترش تیل دار اشیاء اور مجامعت سے پرہیز کریں۔ قبض کی صورت میں کوئی قبض کشاء دوا استعمال کریں۔

(209) حب اکسیر سرعت و امساک

منافع: سرعت انزال اور امساک کے لئے نہایت مفید ہے۔ قوت باہ پیدا کرتی ہے۔

اجزا: کچلہ مدبر افیون، زعفران ہر ایک تولہ تولہ۔

ترکیب: زعفران پیس کر سب کو خوب کھرل کر کے یکجان کریں اور چنے کے برابر حبوب تیار کریں۔

استعمال: سرعت انزال کے لئے ایک گولی صبح ایک شام دودھ کے ہمراہ اور امساک کے لئے جماع سے تین گھنٹے پہلے ایک گولی دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ اس دن غذا نہ کھائیں صرف دودھ ہی پئیں۔

(210) طلائے مقوی باہ

منافع: قوت باہ کے لئے نہایت مفید اور آسان ہے۔ عضو مخصوص کی کمزوری کو جلد زائل کرتا ہے۔ کجی کوتاہی لاغری کو زائل کرتا ہے۔

اجزا: ہڑتال ورقی، سم الفار سفید ہر ایک تولہ تولہ، بیر بہوٹی 2 تولہ، مال کنگنی 5 تولہ، زردی بیضہ مرغ سات عدد۔

ترکیب: سب کو کھرل کر کے گولیاں بنا کر جب قدرے خشک ہو جائیں۔ آتشی شیشی میں پتال جنتر کے ذریعہ تیل کشید کریں پھر اس میں پوست بیخ کنیر سفید 6 ماشہ، جند بید ستر، سیماب ہر ایک ساڑھے چار ماشہ شامل کر کے مسلسل ایک دن کھرل کریں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: تین چار قطرے عضو خاص پر حشفہ اور سیون چھوڑ کر مالش کر کے برگ ارنڈ یا پان باندھیں اگر دانے نکل آئیں۔ طلا کا استعمال موقوف کر کے روغن چنبیلی یا گھی سے چپڑتے رہیں۔ دانے درست ہونے پر دوبارہ شروع کر دیں۔ جب پورا فائدہ ہو جائے بند کر دیں۔

(211) حب خاص

اسناد: حکیم سید عبدالرزاق صاحب گیلانی مستند جامع طبیہ دہلی حال سرگودھا کا خاص ہے۔

منافع: قوت باہ کے لئے نہایت نافع ہے۔ اعضاء رئیسہ اور رگوں پٹھوں کو طاقت بخشتا ہے اور دودھ گھی سب ہضم کر کے بدن کو قوت بخشتا ہے۔ حرارت غریزی کو ابھارتا دل و دماغ کو طاقت دیتا ہے۔ ممسک بھی ہے۔ ضعف باہ کا عمدہ مجرب اور آزمودہ خاص نسخہ ہے۔

اجزا: جوہر سلاجیت 1 تولہ، دار چینی، زعفران خالص ہر ایک 6 ماشہ، جوہر کچلہ ڈیڑھ ماشہ، مشک خالص

تین ماشہ، جائفل دو عدد۔
ترکیب: کوٹنے والی اشیاء کوٹ کر خوب یکجان کر کے شہد کی مدد سے رتی رتی کی گولیاں تیار کر لیں۔
استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

(212) حب ممسک خاص

اسناد: یہ نسخہ بھی حکیم صاحب ممدوح کا عطیہ ہے۔
منافع: امساک کے لئے نہایت نافع ہے۔ قوت مردمی میں اضافہ کرتا ہے۔
اجزا: جائفل، مال کنگنی، زعفران، افیون، لونگ، اجوائن خراسانی، اسپند، قند سیاہ سوختہ ہر ایک تین ماشہ۔
ترکیب: قند سیاہ کو کڑھائی میں جلا کر راکھ کر لیں باقی اشیاء الگ الگ پیس کر سب کو ملا کر کھرل کر کے قدرے شہد ملا کر چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔
استعمال: جماع سے دو تین گھنٹے قبل ایک گولی دودھ کے ہمراہ استعمال کریں اور کوئی چیز نہ کھائیں صرف دودھ ہی پئیں۔

(213) معجون خاص

منافع: قوت اور تحریک باہ کے لئے خاص الخاص نہایت سریع الاثر ہے۔ تین خوراک سے ہی اثر دکھاتا ہے۔ اعضاء رئیسہ اور حرارت غریزی کو خوب طاقت بخشتا ہے۔ خاص مستند نسخہ ہے۔ اطباء کرام تیار کر کے فائدہ حاصل کریں۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔
اجزا: ست سلاجیت تین تولہ، زعفران، موصلی سفید ہر ایک تولہ تولہ، مروارید ناسفتہ، خراطین مصفی ہر ایک 9 ماشہ، تخم انگن 2 تولہ، مشک خالص عنبر اشہب ہر ایک دو دو ماشہ، ورق نقرہ، ورق طلا ہر ایک ماشہ ماشہ، انڈے جوش دیئے ہوئے بارہ عدد شہد تین چھٹانک۔
ترکیب: حسب دستور معجون بنالیں۔
استعمال: تین تین ماشہ صبح و شام دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

(214) روغن مقوی خاص

منافع: قوت باہ کے لئے خاص سریع الاثر مجرب المجرب ہے۔ داخلی خارجی دونوں طریق سے استعمال ہو سکتا ہے۔ بہت جلد اپنا اثر دکھاتا ہے۔ سہل الحصول اور سہل الترکیب خوشنما اور خوشبودار برقی اثر رکھنے والا مسیحائی روغن ہے۔
اجزا: سم الفار زرد، سم الفار سفید، ہڑتال تبقی، شنگرف رومی، گھونگچی سفید، عقر قرحا، قرنفل، زعفران کشمیری ہر ایک تین ماشہ، زردی بیضہ مرغ دو عدد، شیر گائے، ملائی شیر ہر ایک دو تولہ، جائفل چھ ماشہ۔
ترکیب: خشک ادویہ خوب کھرل کر کے زردی بیضہ مرغ میں سحق کریں اور شیر و ملائی ملا کر کھرل کر کے ایک چینی کی طشتری میں پھیلا کر رکھ دیں اور اسے ایک طرف سے اونچا کر کے دھوپ میں رکھیں تاکہ

بل صاف علیحدہ ہوتا رہے جو تیل علیحدہ ہو جائے اسے شیشی میں ڈال لیا کریں۔ جب سب روغن برآمد ہو جائے۔ شیشی میں محفوظ کریں۔

استعمال: ناشتہ کے بعد نصف رتی مکھن یا ملائی میں رکھ کر یا پان میں لگا کر استعمال کریں اور پانچ بوند رات کو آلہ تناسل پر حشفہ اور سیون بچا کر مالش کریں اوپر برگ پان یا ارنڈ باندھ دیں۔ صبح کھول دیں۔ اسی طرح روزانہ استعمال کریں۔ جب دانے نکل آئیں استعمال موقوف کر کے روغن زردہ سے دن میں دو تین دفعہ چپڑ دیا کریں۔ حتیٰ کہ دانے وغیرہ درست ہو جائیں اگر ضرورت ہو ایک دفعہ پھر اسی طرح استعمال کریں۔

(215) کشتہ طلا

منافع: ضعف باہ عمدہ اکسیری نسخہ ہے۔ اعضاء و قویٰ کو طاقت بخشتا ہے۔ قوت باہ کے لئے بے حد مفید نامرد کو مرد بناتا ہے۔ حرارت غریزی اور اعضاء رئیسہ و شریفہ کو طاقت دیتا ہے۔ کشتہ طلا کی عام تراکیب سے زیادہ قوی ہے ایک حکیم صاحب نے مجربات سلطانی حصہ چہارم کے لئے عنایت فرمایا ہے۔ مجرب ہے۔

اجزاو ترکیب: برادہ طلا تین ماشہ سے چھ ماشہ تک آب چولائی خاردار میں چار پہر تک کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک کر کے چولائی خاردار کے ایک پاؤ نغدہ میں لپیٹ کر اوپر پرانا کپڑا چار تہ خوب لپیٹ کر اوپر گل حکمت کر کے ہوا سے محفوظ جگہ پانچ سیر اوپلہ خانگی کی آنچ دیں۔ سرد کر کے نکال کر دوبارہ بوٹی مذکور کے پانی میں چار پہر کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر خشک کر لیں اور اس کے ایک پاؤ نغدہ میں حسب دستور سابق آگ دیں اسی طرح تیسری آنچ دیں۔ تیار ہو جائے گا۔ کھرل کر کے شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: ایک چاول صبح مکھن یا ملائی یا لبوب کبیر تین ماشہ میں رکھ کر استعمال فرمائیں۔

(216) کشتہ نقرہ

منافع: مقوی باہ مقوی اعضاء رئیسہ و شریفہ سہل کشتہ ہے۔ کئی مرتبہ تجربہ ہوا ہے۔ صرف ایک آنچ میں ملائم کشتہ تیار ہو جاتا ہے۔

اجزاو ترکیب: ورق نقرہ ایک تولہ کو شیر زقوم مثلث (ڈنڈا تھوہر) میں چار پہر کھرل کر ٹکیہ بنا کر خشک کر کے پانچ سیر اوپلوں کی ہوا سے بچا کر آگ دیں۔ سرد ہونے کے بعد پیس کر نگاہ رکھیں۔

استعمال: ایک رتی صبح مکھن یا ملائی میں رکھ کر استعمال کریں۔

(217) اکسیر باہ

اسناد: برادر عزیز حکیم محمد غوث صاحب کھوکھر کا مستند و معمول خاص ہے۔ فی الواقعہ نسخہ بہت سے مشکل نسخہ جات سے زیادہ مفید ہے۔

منافع: نہایت سریع الاثر مقوی باہ ہے۔ خصوصاً سرد مزاجوں اور بوڑھوں کے لئے بہت مناسب ہے۔

ایک ہفتہ میں کمزور سے کمزور مریض کو شہ زور مرد بنتا ہے۔ بارہا کا تجربہ شدہ اعتباری نسخہ ہے۔ عمدہ ممسی مشتی اور محرک باہ ہے۔ دودھ گھی خوب ہضم کرتا ہے۔ بوڑھوں کے لئے عصائے پیری کہا جائے تو بجا ہے۔

اجزا: سم الفار سفید، ورق طلا، مشک خالص ہر ایک تین ماشہ زعفران خالص جاوتری، جائفل ہر ایک تولہ تولہ۔

ترکیب: سم الفار اور زعفران کو خوب کھرل کریں پھر ورق طلا ایک ایک ڈال کر کھرل کرتے جائیں پھر مشک ملا کر کھرل کریں۔ بعدہ دیگر اجزا علیحدہ علیحدہ پیس کر ملا دیں اور چار پہر خوب کھرل کریں بس شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: صبح ناشتہ کے بعد ایک رتی مکھن میں رکھ کر استعمال کریں۔ اس کے دوران استعمال میں دودھ، گھی، مکھن ملائی کا فی استعمال کرنا چاہئے گرم مزاج کو نہ دیں۔

(218) حب مقوی و ممسک

اسناد: حکیم میاں احمد یار صاحب میانہ ہزارہ (سرگودھا) کا مجرب و معمول ہے۔

منافع: قوت باہ اور امساک کے لئے خاص نسخہ ہے۔ مولد و مغلظ منی ہمہ صفت موصوف دوا ہے۔

اجزا: تخم جوزماثل، بہمن سفید و سرخ، ثعلب مصری، شقاقل مصری، عود غرقی، مصطگی رومی، صندل سفید، طباشیر، کہربا ہر ایک تین ماشہ، اجوائن خراسانی سفید، تخم خشخاش سفید، افیون، تخم کاہو مقشر، زعفران، مغز فندق، مغز بادام شیریں، مغز تخم کدو، مغز نارجیل، صمغ عربی، مغز تخم میٹھہ، مغز تخم تربوز، کیرا، مغز اخروٹ، برگ گاؤزبان، مغز خستہ تمرہندی ہر ایک 6 ماشہ، جوزبوا، بسبلسہ، قرنفل، بسد احمر ہر ایک 2 ماشہ مشک خالص ایک ماشہ۔

ترکیب: افیون کو ڈیڑھ چھٹانک پانی میں حل کریں باقی اجزا کوٹ چھان کر افیون حل شدہ ملا کر خوب کھرل کریں تاکہ سب ادویہ یک ذات ہو جائیں پھر چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام نیم گرم دودھ کے ہمراہ نگل لیا کریں۔ اگر قبض کی عادت ہو تو رات کو ایک عدد حب ملین مندرجہ طبی شپارے دودھ کے ساتھ استعمال کر لینی چاہئے۔ گرم ترش اشیاء اور جماع سے پرہیز ہے۔

(219) سفوف مانع درور منی و مقوی باہ

اسناد: یہ نسخہ بھی صاحب ممدوح کا عطیہ ہے۔ آپ کا معمول و مجرب ہے۔

منافع: جریان منی کے لئے نافع ہے۔ قوت باہ اور منی پیدا کرتی ہے۔ عجیب الاثر مجرب نسخہ ہے۔

اجزا: زرورد موصلی سیاہ و سفید، تال مکھانہ، بیجبند، شقاقل مصری، طباشیر کبود، زہر مہرہ خطائی، گل نوفل، تودرین، بہمن سفید و سرخ، دارچینی، بسو پھلی، گل ببول، دانہ الائچی خورد، خولنجاں ہر ایک 6 ماشہ، مغز بادام

بریاں 'مغز پنبہ دانہ 'مغز تخم کدو 'خشخاش سفید 'مغز حب الزلم ہر ایک تولہ تولہ 'قند سفید دوچند۔
ترکیب: سب کو کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔
استعمال: 6 ماشہ صبح 6 ماشہ شام ہمراہ شیر تازہ استعمال کریں۔

(220) حب مقوی باہ عجیب

منافع: نہایت سریع الاثر مقوی باہ نسخہ ہے۔ لطف یہ ہے کہ آسان اور ارزاں ہے۔ تقویت باہ کے علاوہ دل دماغ اور بدنی کمزوری ہر قسم 'دل دھڑکہ دل کا بیٹھ جانا' ہاتھ پاؤں کا سرد ہونا' سستی اعضاء وغیرہ ہر قسم کی کمزوری کی اعتباری اکسیر ہے۔ امساک پیدا کرتی ہے۔ مجرب المجرب سریع الاثر نسخہ ہے۔
اجزا: دواء المسک معتدل جواہر والی' ایکسٹریکٹ ڈمیانہ ہر ایک تین ماشہ' 6 رتی سٹرکنیا نصف رتی' کونین 'مروارید کھرل شدہ ہر ایک 8 رتی۔
ترکیب: پہلے سٹرکنیا اور کونین کھرل کریں پھر دوسری دونوں ادویہ میں خوب پیس کر یکجان کر لیں اور چنے برابر گولیاں تیار کریں۔
استعمال: ایک ایک گولی صبح اور شام دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

(221) طلائے سستی

اسناد: شاگرد رشید حکیم فضل حسین صاحب ستیانہ ضلع جھنگ کا مخفی نسخہ ہے۔ آپ کو ایک سنیاسی سے حاصل ہوا ہے۔
منافع: مجلوق اور ست کے لئے عجیب الاثر اور سریع الاثر مجرب نسخہ ہے۔ دوسرے تیسرے دن ہی اثر دکھاتا ہے۔ کمزور مریض کو چند یوم میں فائدہ ہو جاتا ہے۔ عضو خاص کی کجی 'کوتاہی 'لاغری اور سستی ایک ہفتہ کے استعمال سے رفع ہو کر پوری طاقت و توانائی پیدا ہو جاتی ہے۔ مجرب و آزمودہ ہے۔
اجزا: لوبان کوڑیہ 'گھونگچی سفید' جائفل 'جونک خشک' قرنفل' دارہلدی 'بورہ صندل سفید' کچلہ کوفتہ' کلونجی نیلہ' چربی خنزیر (اگر نہ مل سکے اس کے عوض چربی ریچھ ملا لی جائے) رتکاں سرخ ہر ایک 14 ماشہ' چربی سانڈہ' چربی شیر نر ہر ایک 2 تولہ' سم الفار سفید تولہ' روغن کنجد حسب ضرورت۔
ترکیب: خشک ادویہ باریک پیس کر چربیوں میں خوب کھرل کر کے روغن کنجد اس قدر ملا کر کھرل کریں کہ گولیاں بن سکیں پھر فلفل دراز کے برابر گولیاں بنا لیں اور سایہ میں خشک کر کے پتال جنتر کے ذریعہ تیل کشید کریں۔
استعمال: حسب دستور رات کو چار پانچ بوند حشفہ اور سیون بچا کر عضو مخصوص پر مالش کریں اوپر برگ پان یا ارنڈ باندھ دیں۔ صبح کھول دیں۔ اسی طرح روزانہ عمل کریں۔ جب دانے نکل آئیں۔ طلا کا استعمال موقوف کر کے مکھن دھو کر چپڑتے رہیں۔ باندھنے کی ضرورت نہیں۔ سرد پانی سے دھونے کی ممانعت ہے۔ غسل کی ضرورت ہو تو گرم پانی استعمال کریں۔ دو تین دفعہ دانے نکلوائے جائیں تو دیرینہ

مرض بھی کافور ہو جاتا ہے۔

(222) سرعت انزال کا مجرب علاج

اسناد: شاگرد رشید حکیم احمد بخش سپر امیانہ ہزارہ (سرگودھا) نے میری فرمائش پر چند مجربات طبی شہپارے کے لئے بھجوائے تھے۔ یہ نسخہ درج نہ ہو سکا جو حصہ چہارم میں درج کیا جاتا ہے۔

منافع: سرعت انزال کا کامیاب علاج ہے۔ اس سے قوت باہ میں اضافہ ہوتا اور منی غلیظ ہو جاتی ہے اور قدرتی امساک پیدا ہوتا ہے۔ خون صالح پیدا ہو کر چہرہ بارونق ہو جاتا اور قوت بدنی میں اضافہ ہوتا ہے۔ مجرب ہے۔

اجزا: مغز تخم املی، اکلیل الملک، خار خشک، سمندر پھل، افیون ہر ایک تین تین ماشہ۔

ترکیب: سب کو کوٹ پیس کر سفوف بنالیں اور شیر برگد میں سحق کر کے چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

استعمال: ایک گولی 2 بجے دن ایک رات کو سوتے وقت آدھ لٹر دودھ کے ہمراہ نگل لی جائے۔ کشتہ فولاد، کچلہ مدبر، کشتہ چاندی، کشتہ قلعی ہر ایک دو دو ماشہ ملا کر کھرل کر کے نگاہ رکھیں۔ دو رتی کی مقدار صبح مکھن میں رکھ کر استعمال کریں اور چربی سوسمار (اگر نہ مل سکے اس کے عوض چربی شیر ملالی جائے) چربی سانڈہ، چربی نیولا یا ریچھ، روغن بیضہ مرغ ہر ایک تولہ تولہ خراطین مصفیٰ، جونک خشک، بیر بہوٹی گھونگچی سفید ہر ایک تین ماشہ، خشک ادویہ باریک کھرل کر کے چربیوں اور روغن بیضہ میں ملا کر نصف گھنٹہ تک آنچ پر رکھیں۔ پھر چھان کر شیشی میں نگاہ رکھیں۔ رات کو تین رتی کا مقدار اعضو مخصوص پر حشفہ بچا کر مالش کر کے اوپر برگ پان وغیرہ باندھ دیا کریں۔ اگر قبض کی شکایت ہو۔ عصر کے وقت معجون خیار شنبر ایک تولہ یا معجون ملین۔ مندرجہ طبی شہپارے چار ماشہ استعمال کرنی چاہئے۔ 21 دن جماع سے پرہیز کر کے یہ ادویہ استعمال کی جائیں۔ اگر طلا کے اجزا میسا نہ ہو سکیں تو کوئی اور مقوی طلا استعمال کیا جا سکتا ہے۔ غذا مرغن استعمال کی جائے۔

(223) حب امساک

اسناد: حکیم احمد یار صاحب سپر امیانہ ہزارہ (سرگودھا) کا معمول اور عطیہ خاص ہے۔

منافع: امساک کے لئے خاص چیز ہے۔ قوت باہ پیدا کرتی ہے۔ کئی دفعہ کی مجرب اور آزمودہ ہے۔

اجزا: جائفل، شنگرف، عقر قرحا اصلی، افیون، دار چینی، زعفران کشمیری، برگ بھنگ ہر ایک 6 ماشہ۔

ترکیب: سب دوائیں الگ الگ پیس کر باہم ملا کر خوب کھرل کر کے شہد کے ذریعہ نخودی گولیاں بنائیں۔

استعمال: جماع سے تین گھنٹے پہلے دو گولیاں شیر گاؤ کے ہمراہ نگل لی جائیں۔ اس دن غذا نہیں کھانی چاہئے۔ صرف دودھ ہی جس قدر خواہش ہو استعمال کیا جائے فراغت کے بعد غذا استعمال ہو سکتی ہے۔

(224) نسخہ دیگر

اسناد: حکیم غلام محمد صاحب مہاجر کا معمول وعطیہ خاص ہے۔

منافع: امساک پیدا کرتی اور سرعت انزال کے عارضہ کو رفع کرتی ہے۔ قوت باہ اور قوت بدن کے لئے عمدہ چیز ہے۔ دودھ، گھی خوب ہضم ہوتا ہے اور قوت مردمی میں کافی اضافہ ہو جاتا ہے۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔

اجزا: مشک خالص، افیون، کشتہ فولاد، کشتہ شنگرف ہر ایک تین ماشہ، عقر قرحا، جوزبوا ہر ایک 5 ماشہ، کچلہ مدبر، تخم بھنگ بریاں ہر ایک ماشہ ماشہ، ورق نقرہ 50 عدد، ورق طلا 30 عدد۔

ترکیب: سفوف بنا کر روح کیوڑہ خالص میں اچھی طرح کھرل کر کے نخودی گولیاں بنالیں۔

استعمال: ایک گولی جماع سے دو گھنٹہ پہلے شیر نیم گرم کے ہمراہ نگل لی جائے۔ غذا کم اور دودھ زیادہ استعمال کریں۔

(225) حب اکسیر جریان

اسناد: یہ نسخہ بھی حکیم صاحب ممدوح کا عطیہ اور معمول مطب ہے۔

منافع: جریان ہر قسم کا مجرب اور سہل الحصول خاص نسخہ ہے۔ مادہ منویہ کو گاڑھا کرتا گرمی اور ذکاوت حس کا دافع ہے۔

اجزا: کافور 2 ماشہ، طباشیر، گل ببول ہر ایک 5 ماشہ، کتھ سفید ایک تولہ، سفوف بہو پھلی 6 ماشہ، کشتہ قلعی تین ماشہ۔

ترکیب: سب کو کھرل کر کے شیر برگد میں کھرل کریں اور چنے کے مطابق گولیاں بنالیں۔

استعمال: ایک ایک گولی صبح وشام شیر گائے کے ہمراہ استعمال کریں۔ روزانہ غسل کرنا چاہئے۔

غذا: زود ہضم مثل کدو، توری، پالک، دال مونگ وماش گاجر، مولی وغیرہ قبض نہ ہونے دیں۔

پرہیز: ترشی، تیل، اچار، مرچ سرخ اور جماع سے پرہیز چاہئے۔

(226) حب مقوی باہ

منافع: ضعف باہ کے لئے نہایت عجیب الاثر ہیں۔ ضعف اعصاب کو دور کرتی اور قوت مردمی میں تحریک پیدا کرتی ہیں۔ دودھ، گھی مرغن غذاؤں کے ہضم میں مدد کرتی ہیں اور قوت بدنی پیدا کرنے نیز بدن کا رنگ سرخ اور چہرہ کے بارونق کرنے میں نہایت سریع الاثر ہیں۔ تجربہ کر کے دیکھیں۔

اجزا: کشتہ فولاد 1 تولہ، جوہر سم الفار 1 ماشہ، کشتہ شنگرف، کچلہ مدبر ہر ایک 6 ماشہ، آب جل دھنیا، آب لیموں ہر ایک 5 تولہ۔

ترکیب: پہلی تینوں ادویہ آب جل دھنیا اور آب لیموں میں ترتیب وار کھرل کر کے کچلہ ملا کر آب پیاز 10 تولہ میں کھرل کریں بعدہ مرچ سیاہ کے برابر گولیاں تیار کریں۔

استعمال: دو گولیاں رات کو سوتے وقت دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ دوران استعمال میں دودھ گھی وافر استعمال کرنا ہوگا۔

جوہر سم الفار: سم الفار چھ ماشہ پیس کر دو پیالوں میں حسب دستور جوہر اڑائیں۔

(227) طلائے خاص الخاص

اسناد: یہ نسخہ ایک والی ریاست نے کسی سنیاسی سے بہت نذرانہ پیش کر کے اور منت خوشامد سے حاصل کیا تھا۔ میرے ایک دوست کو کسی طرح حاصل ہوا اور مجھے عنایت فرمایا۔ نسخہ فی الواقعہ نہایت زود اثر کامیاب اور مخفی ہے۔

منافع: مجلوق اور کمزور کو تین پٹیوں میں صحت بخشتا ہے۔

اجزا: ہڑتال ورقیہ، سنکھیا سفید، مردہ سنگ، آدمی کے کان کی میل ہر ایک تولہ تولہ، آب کثائی خورد، مقطر 2 لٹر۔

ترکیب: خشک ادویہ خوب کھرل کر کے میل کان آدمی ملائیں۔ اور کثائی خورد کا مقطر پانی تھوڑا تھوڑا ملا کر کھرل کرتے رہیں۔ حتی کہ سب خرچ ہو جائے۔ کثائی خورد یعنی موکڑی کے پتے اور نرم شاخیں ہاون دستہ میں کوٹ کر پانی نچوڑلیں اور چار پہر احتیاط سے رکھ دیں۔ پھر آرام سے مقطر پانی نتھار کر بوتل میں ڈالیں اور اوپر سے نتھار کر ملاتے رہیں اور کھرل کرتے رہیں۔ حتی کہ 2 سیر مقطر پانی جذب ہو جائے۔ اخیر میں دوائی لئی کی طرح بن جائے گی۔ اسے ڈبیہ میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: ململ کے کپڑے پر پتلا سا ضماد کر کے حشفہ اور سیون بچا کر لگا دیں۔ 24 گھنٹہ کے بعد اسے اتار کر پھینک دیں اور تازہ لگا دیں جب زخم بن جائے یا دانے نکل آئیں پٹی نہ لگائیں اور شنگرف 4 ماشہ پیس کر روغن چنبیلی تین تولہ میں حل کر کے چپڑتے رہیں یا گھی میں پیاز جلا کر لگاتے رہیں۔ تین دن میں عموماً صحت ہو جاتی ہے۔ اگر دوائی خشک ہو جائے تو بوقت استعمال قدرے کثائی خورد کا پانی ملا کر کھرل کر کے جس قدر دوا کی ضرورت ہو ضماد کی شکل بنا کر استعمال کرنی چاہئے۔

(228) طلائے مجلوق وست

اسناد: حکیم مولوی غلام حسین صاحب اس طلا کو ہمیشہ تیار کرتے ہیں۔ آپ کا عطیہ خاص ہے۔

منافع: عضو مخصوص کے تمام نقائص، کجی، کوتاہی، لاغری، سستی کو رفع کر کے طاقتور کر دیتا ہے۔ آسانی سے تیار ہو سکتا ہے۔ اس کے اجزا آسان اور ارزاں ہیں۔ تھوڑے ہی عرصے میں مکمل شفاء ہو جاتی ہے۔ بارہا تجربہ ہو چکا ہے۔

اجزا: شیرمدار، روغن زرد ہر ایک 5 تولہ، سم الفار سفید 2 ماشہ، جاوتری، جائفل، قرنفل، زعفران، خراطین مصفیٰ، بیر بہوٹی ہر ایک تین ماشہ۔

ترکیب: شیرمدار اور روغن زرد کڑچھے میں ملا کر نرم آنچ پر رکھیں۔ جب شیر جل کر صرف روغن رہ

جائے کھرل میں ڈال کر خشک ادویہ باریک کھرل کر کے ملا دیں اور اچھی طرح کھرل کر کے مرہم بنالیں۔
استعمال: 4 رتی کے قریب رات کو حشفہ اور سیون بچا کر عضو مخصوص پر مالش کر کے برگ پان یا ارنڈ باندھ دیں۔ صبح کھول دیں۔ روزانہ اسی طریق سے استعمال کریں۔ دانے نکل آئیں تو طلا بند کر کے گھی سے چپڑتے رہیں۔ جب دانے معدوم ہو جائیں پھر بطریق مذکور طلا استعمال کریں۔ یہی دستور جاری رکھیں حتیٰ کہ مکمل صحت ہو جائے۔

(229) طلائے ملذذ

اسناد: ایک دوست کا عطیہ خاص نسخہ نہایت عجیب الاثر اور مخفی صدری ہے۔
منافع: اس کے استعمال سے فریقین کو بے حد لذت اور سرور حاصل ہوتا ہے۔ زیادہ تعریف فضول ہے تجربہ کے بعد حقیقت عیاں ہو جائے گی۔
اجزا: عطر گلاب، عطر چنبیلی، اندری ریچھ، شہد، جگنو ہر ایک برابر وزن۔
ترکیب: اندری ریچھ کا بورہ کر کے باریک کھرل کریں۔ جگنو خاص طریقہ سے پکڑے جائیں۔ سب کو کھرل کر کے مرہم سی بنالیں اور ڈبیہ میں محفوظ رکھیں۔
استعمال: جماع سے قبل دو رتی کے قریب حشفہ پر لگا کر مشغول ہوں۔ اگر جماع سے تین گھنٹے پہلے ایک مسک گولی بھی استعمال کرلی جائے تو بہت بہتر ہے۔

(230) نسخہ دیگر سہل

منافع: عمدہ ملذذ ہے اور آسانی سے تیار ہو سکتا ہے۔
اجزا: مشک خالص، آب زہرہ مرغ سفید، عطر گلاب خالص ہر ایک برابر وزن۔
ترکیب: سب کو ملا کر کھرل کر کے ڈبیہ میں محفوظ رکھیں۔
استعمال: قبل از جماع دو تین رتی کے قریب حشفہ پر لگانا چاہیے۔

(231) طلائے خاص

اسناد: حکیم غلام حسین صاحب چک نمبر 13 (بھلوال) کا عطیہ ہے۔ آپ کا یہ نسخہ بہت مشہور ہے۔
منافع: یہ طلا عضو مخصوص کی کجی، لاغری، کوتاہی اور مجلوق کے نقائص کے لئے از بس مفید ہے۔ خاص نسخہ مجرب اور بے خطا نسخہ ہے۔
اجزا: سم الفار سفید، سم الفار تیلیہ، ہڑتال ورقی، سیماب آملہ سار، لونگ منچل، شنگرف ہر ایک تولہ تولہ، عقرقرحا، لگوٹہ، روغن کنجد ہر ایک 5 تولہ، بیر بہوٹی 2 تولہ، زردی بیضہ مرغ 10 عدد، شیر مدار 10 تولہ، کپڑا ریشمی مقرض حسب ضرورت۔
ترکیب: کپڑا ریشمی کو قینچی سے باریک کتر لیں۔ پارہ آملہ سار کو ملا کر خوب کھرل کریں تاکہ سیاہ ہو جائے۔ سم الفار، شنگرف اور منچل کو الگ الگ کھرل کریں پھر سب ادویہ کو ریشمی کپڑے کے ساتھ کو نڈہ

ڈنڈہ میں اس حد تک کھرل کرنا چاہئے کہ گولیاں بن سکیں بعدہ جنگلی بیر کے برابر گولیاں بنا کر دو دن سایہ میں
رکھ کر خشک کریں اور پتال جنتر کے ذریعہ روغن کشید کریں۔
نوٹ: ریشمی کپڑا اس قدر ملانا چاہئے کہ گولیاں بن سکیں۔
استعمال: رات کو تین قطرے آلہ تناسل پر حشفہ اور سیون بچا کر مالش کر کے اوپر برگ پان یا ارنڈ باندھ
دیا کریں۔ جب دانے نکل آئیں یا زخم بن جائے طلا کا استعمال موقوف کر کے گھی یا روغن چنبیلی لگاتے
رہیں۔ دانے وغیرہ درست ہونے پر پھر دستور لگانا شروع کریں۔ اسی طرح ایک دو دفعہ استعمال کرنے
سے آرام ہو جاتا ہے۔

(232) طلائے سرخ کلاں

اسناد: حکیم مولوی عبدالرسول صاحب مرحوم ساکن بکھر ضلع شاہ پور کے خاص معمولات سے ہے۔
نسخہ اپنی خوبیوں کی وجہ سے بہت مشہور اور اس قابل ہے کہ ہر مطب میں تیار رہے۔
منافع: عضو مخصوص کے نقائص کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔ اس میں خاص خوبی یہ ہے کہ آسان
اور ارزاں ہے اور مشکل سے تیار ہونے والے نسخہ جات کا مقابلہ کرتا ہے۔ حکیم صاحب مرحوم کے
سب شاگرد اور عام اطباء اس نسخہ کے عامل ہیں اور کسی کو بتانا نہیں چاہتے ہیں۔ ہمارے مطب میں ہمیشہ
تیار رہتا ہے۔ مجرب اور مستند طلائے۔
اجزا: شنگرف، مغز تخم ارنڈ، بیر بہوٹی ہر ایک دو تولہ، سم الفار سفید، سم الفار زرد، مغز جمالگوٹہ ہر ایک تین
ماشہ، رسکپور 6 ماشہ، مکھن گائے 8 تولہ۔
ترکیب: شنگرف، سم الفار، رسکپور کو خوب سحق کریں باقی ادویات باریک پیس لیں پھر سب کو مکھن میں
ملا کر چار پہر کھرل کر کے شیشی میں نگاہ رکھیں۔
استعمال: روزانہ رات کو سوتے وقت ایک دو رتی بے قریب عضو مخصوص پر حشفہ اور سیون بچا کر مالش
کر کے پان یا ارنڈ کا پتہ باندھ دیا کریں۔ جب دانے نکل آئیں طلا بند کر کے دن میں دو تین دفعہ چپڑتے
رہیں۔ زخم وغیرہ درست ہونے پر دوبارہ طلا لگانا شروع کریں۔ معمولی مریض کو ایک دفعہ اور نامرد کو دو
تین دفعہ دانے نکلوانے کے بعد عضو خاص کے نقائص درست ہو جاتے ہیں۔

(233) طلائے نایاب

منافع: عضو مخصوص کے تمام نقائص، کجی، لاغری، سستی وغیرہ کے لئے کامیاب ثابت ہوا ہے۔ ایک دفعہ
تیار کیا کئی کمزور اور مجلوق صحت یاب ہوئے پہلے دوسرے دن ہی اپنا مسیحائی اثر دکھاتا ہے۔ عضو خاص
کے نقائص رفع کر کے اعصاب کو قوی کر دیتا ہے۔
اجزا: سم الفار سفید، شنگرف رومی ہر ایک تولہ تولہ، مغز جمالگوٹہ، گھونگچی سفید، مغز تخم ریٹھہ، بیر
بہوٹی، مال کنگنی، بھلاوہ، شیر مدار ہر ایک 5 تولہ، زردی بیضہ مرغ 25 عدد۔

ترکیب: پہلے کچلہ دودھ میں تر کریں۔ دودھ روزانہ تبدیل کر دیا کریں۔ جب نرم ہو جائیں ہاون دستہ میں خوب کوٹیں تا کہ باریک ہو جائیں۔ دیگر ادویہ باریک پیس کر سب کو فراخ کھرل میں ڈال کر زردی بیضہ مرغ ایک ایک ملا کر کھرل کرتے رہیں۔ جب گولیاں بن سکیں۔ لمبی لمبی گولیاں بنا کر سایہ میں خشک کریں۔ اور آتشی شیشی میں پتال جنتر کے ذریعہ تیل کشید کریں۔ پھر اس تیل میں بحساب ایک تولہ کے زعفران خالص، کستوری خالص، عنبر اشہب ہر ایک دو دو رتی، بسباسہ، لونگ، جائفل، عقرقرحہ، دارچینی، پوست بیخ کنیر سفید ہر ایک ماشہ ماشہ خوب کھرل کر کے ملا دیں اور ایک یوم خوب کھرل کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: دو تین قطرہ عضو مخصوص پر حشفہ اور سیون بچا کر مطابق طلائے خاص نمبر 231 استعمال کریں۔

(234) طلائے مقوی

نفع: یہ طلا آلہ تناسل کے نقائص، لاغری، کوتاہی، سستی وغیرہ دور کر کے خوب طاقت و توانائی پیدا کرتا ہے۔ خواہ یہ نقائص جلق اغلام خواہ کثرت مباشرت اور بڑھاپے وغیرہ سے پیدا ہو گئے ہوں۔ ہر حال میں مفید و مجرب ہے۔ اس طلاء سے دانے نہیں نکلتے نہ زخم ہوتا ہے۔

اجزا: زعفران اصلی 6 ماشہ، رائی بنارسی، ہیراہینگ خالص، روغن لونگ ولائتی، روغن دارچینی ولائتی، عقرقرحہ، جائفل ہر ایک تین ماشہ، کاڈلور آئیل 2 تولہ۔

ترکیب: خشک ادویات باریک کھرل کر کے تیلوں میں ملا کر ایک دن کامل کھرل کریں۔

استعمال: رات کو 4 قطرے حشفہ اور سیون بچا کر مالش کریں اوپر برگ پان یا ارنڈ باندھ دیا کریں۔

(235) طلائے مطول و مسمن

نفع: اس سے درازی اور فربہی حاصل ہوتی ہے۔ لاغری، سستی وغیرہ دور ہوتی ہے۔ مجرب و آزمودہ ہے۔

اجزا: خراطین خشک مصفی، بیر بہوٹی، ریگ ماہی، جاوتری، جائفل، چربی شیر، چربی ریچھ، جندبیدستر ہر ایک ایک تولہ، زردی بیضہ مرغ 20 عدد۔

ترکیب: خشک ادویات باریک پیس کر چربیوں اور زردی بیضہ مرغ میں کھرل کر کے مرہم سی بنالیں۔

استعمال: رات کو روزانہ حشفہ اور سیون بچا کر مالش کریں اوپر برگ پان یا ارنڈ باندھ دیا کریں۔

(236) طلائے مقوی باہ

نفع: مقوی باہ ہے۔ آلہ تناسل کی کجی لاغری کے لئے مفید ہے۔ عجیب النفع سہل نسخہ ہے۔ اس سے دانے وغیرہ پیدا نہیں ہوتے۔

اجزا: سوئے سرانسان مقرض 20 تولہ، مال کنگنی، تخم حرمل ہر ایک نیم پاؤ، جائفل 5 تولہ، لونگ 2 تولہ۔

ترکیب: بطریق پتال جنتر روغن کشید کیا جائے۔
استعمال: رات کو خشفہ اور سیون بچا کر مالش کریں اوپر برگ پان وغیرہ باندھیں۔

(237) اکسیر جریان

اسناد: الحاج حکیم حافظ قریشی چمن پیر احمد شاہ صاحب شاگرد خاص مسیح الملک حکیم حافظ محمد اجمل خان صاحب مرحوم سکنہ خوشاب کا عطیہ و معمول خاص ہے۔
منافع: دافع جریان ہر قسم نہایت اکسیر ہے۔ کثرت احتلام و رقت میں بھی مفید ہے۔
اجزا: سیماب اور آملہ سار ہر ایک تولہ تولہ، مازو 2 تولہ، سنگ جراحت 12 تولہ۔
ترکیب: سیماب اور آملہ سار کو اس حد تک کھرل کریں کہ خوب سیاہ ہو جائے اور چمک نہ رہے پھر دیگر ادویہ پارچہ بیز کر کے ملا دیں اور خوب کھرل کریں بس تیار ہے۔
استعمال: چار ماشہ صبح ہمراہ شیر گاؤ پاؤ بھر استعمال کریں۔
نوٹ: اگر سنگ جراحت کو تیز کوئلوں میں جلالیں یہاں تک کہ بالکل سفید ہو جائے تو وہ بہتر رہے گا۔

(238) قرص اکسیر جریان

اسناد: تلمیذ رشید حکیم محمد اقبال صاحب کا خاص مستند معمول اور عطیہ خاص ہے۔
منافع: جریان ہر قسم کے لئے اکسیر ہے۔ جریان اور اس کے عوارض مثلاً گرمی، دل دھڑکنا، ضعف اعضاء رئیسہ و شریفہ، زردی رنگ بدن، کمی خون، ضعف قلب، رقت منی، کثرت احتلام، سرعت انزال وغیرہ کو جلد ختم کر دیتا ہے۔ بدن میں طاقت اور رونق آجاتی ہے۔ چند دنوں میں ہی مریض کی حالت بہتر ہو جاتی ہے۔ مجرب ہے۔
اجزا: چاندی خالص، سکہ، قلعی ہر ایک تولہ تولہ، دانہ الائچی خورد 2 تولہ، مصری کوزہ آٹھ تولہ۔
ترکیب: سکہ، قلعی، چاندی کے علیحدہ علیحدہ باریک پترے بنا کر باریک باریک کتر لیں پھر دانہ الائچی خورد کی ایک ایک چٹکی ڈالتے جائیں اور کونڈہ ڈنڈہ میں گھوٹتے جائیں۔ جب الائچی ختم ہو جائے کوزہ مصری کوٹ کر اس کی ایک ایک چٹکی فاصلہ سے ڈالتے اور گھوٹتے جائیں۔ خوب زور سے گھوٹنا چاہئے تاکہ مصری کوزہ ختم ہونے تک ہر سہ اشیاء باریک ہو جائیں۔ اس کے بعد برگ حناء زیرہ سفید ہر ایک 2 تولہ در پارچہ بستہ ایک پاؤ پانی میں بھگو دیں۔ دو دن کے بعد زیرہ کی پوٹلی کو مل کر پانی چھان لیں اور اس پانی کے ساتھ دوا مذکور کو کھرل کرنا شروع کریں حتی کہ سب پانی ختم ہو جائے پھر دو دو ماشہ کے قرص تیار کر لیں اور شیشی میں محفوظ رکھیں۔
استعمال: ایک قرص روزانہ توڑ کر بکری یا گائے کے دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔ بصورت قبض مجود خیار شنبر ایک تولہ یا کوئی مناسب قبض کشاء دوائی استعمال کرنی چاہئے۔ غذا سرد زود ہضم ہو گرم، ترش اور تیل دار اشیاء سے پرہیز واجب ہے۔ جماع سخت مضر ہے۔

(239) سفوف اکسیر جریان

منافع: یہ دوا جریان احتلام کے لئے اکسیر ہے۔ مغلظ منی، دافع ذکاوت حس، اعضاء رئیسہ و شریفہ کو طاقت دیتی خوب صاف پیدا کر کے بدن کو طاقت بخشتی ہے۔ مولد منی اور گرمی دل دھڑکہ وغیرہ کو رفع کرتی ہے۔ اس نسخے کی یہ خصوصیت ہے کہ جریان کی بیخ کنی کر کے دل دماغ معدہ جگر اور گردہ و مثانہ و اعصاب کو طاقت بخشتا ہے اور کمزور سے کمزور اور ناتواں مریض بھی چند دنوں میں ایک نئی برقی طاقت محسوس کرنے لگتا ہے۔

اجزا: تخم خرفہ، موصلی سفید، بہمن سفید ہر ایک 6 ماشہ، سمندر سوکھ، پکھان بید، صمغ عربی ہر ایک تولہ تولہ، کشتہ عقیق، کشتہ قلعی، کشتہ بیضہ مرغ، ہفت آتشہ در شیر مدار ہر ایک تین ماشہ، کشتہ فولاد جامن یا گھیکوار والا 2 ماشہ، کشتہ سنکھ در بھوا تیار شدہ تین ماشہ، کشتہ مرجان در مکھن تیار کردہ تین ماشہ مصری کوزہ دو تولہ۔

ترکیب: پہلی ادویہ کوٹ چھان کر کشتہ جات اور مصری کوزہ خوب کھرل کر کے یکجان کرلیں۔

استعمال: ایک ایک ماشہ صبح و شام مسکہ تازہ میں ملا کر کھائیں۔

(240) اکسیر جریان و احتلام

اسناد: حکیم ملک محمد غوث صاحب کھوکھر بخاروی کا معمول ہے۔ میں نے خود اسے تیار کر کے کئی مریضوں کو دیا کامیاب ثابت ہوا۔

منافع: جریان، احتلام کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔ سرعت انزال، رقت منی، ضعف باہ، ضعف گردہ، سلسل بول، ذیابیطس کو مفید ہے۔ جریان احتلام کو صرف سات خوراک سے آرام ہو جاتا ہے۔

اجزا: قلعی مصفی، قشر بیضہ مرغ مصفی ہر ایک دو دو تولہ، شورہ قلمی 4 تولہ۔

ترکیب: قلعی کو کڑاہی میں ڈال کر آگ پر رکھیں۔ جب پگھل جائے شورہ قلمی باریک شدہ کی چٹکی دیتے اور برگد کے تازہ ڈنڈہ سے رگڑتے جائیں۔ ڈنڈا مذکور سے پانی نکل کر قلعی میں جذب ہوتا جائے گا۔ جب پانی خشک ہو جائے اور شورہ آواز دینی بند کردے اور قلعی پھول کر سفید ہو جائے تب عمل بند کردیں اور باریک پیس کر کسی برتن میں ڈال کر ایک سیر پانی ملا کر ہاتھوں سے مل کر برتن کو ٹیڑھا کر کے رکھ دیں۔ جب پانی صاف ہو جائے اسے آہستہ آہستہ گرا دیں اور پھر اسی قدر پانی ملا کر ہاتھوں سے مل کر رکھ دیں۔ جب تک پانی نتھر جانے کے بعد گرا دیں۔ اسی طرح تین چار دفعہ دھوئیں تاکہ شورہ کا اثر نکل جائے پھر قلعی خشک کر کے قشر بیضہ کوفتہ ملا کر شیر مدار 4 تولہ سے کھرل کر کے ٹکیہ بنا کر کوزہ گلی میں بند اور گل حکمت کریں اور دس سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سرد ہو جائے تو دوا نکال کر دوبارہ 4 تولہ شیر مدار میں کھرل کر کے دس سیر اپلوں کی آنچ دیں۔ اسی طرح گیارہ مرتبہ آنچ دیں تیار ہو جائے گا۔ پیس کر شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: صبح ایک رتی مکھن میں رکھ کر استعمال کیا کریں۔ سات خوراک سے دیرینہ جریان، احتلام ختم ہو جائے گا۔

غذا: سرد، گرم ترش اور تیل دار اشیاء سے پرہیز کریں۔ قبض کی حالت میں کوئی قبض کشاء دوا رات کو ضرور کھائیں۔

ترکیب قلعی مصفی: قلعی 4 تولہ کڑچھی میں پگھلا کر تیل سرسوں میں بجھائیں پھر نکال کر دوبارہ گرم کر کے تیل مذکور میں بجھائیں اسی طرح سات مرتبہ عمل کریں۔

ترکیب تصفیہ قشر بیضہ مرغ: چھلکا بیضہ کو تین دن نمک والے پانی میں تر رکھ کر مل کر دھو ڈالیں چھ سات دفعہ تازہ پانی ملا کر خوب دھوویں اور اندرونی پردہ الگ کر لیں اور خشک کر کے پیس لیں۔

(241) حب اکسیر احتلام

منافع: کثرت احتلام کی خاص مجرب اور مشہور دوا ہے۔ سات روز میں فائدہ ہو جاتا ہے۔ مجرب ہے۔

اجزا: مغز تخم توری تلخ، مغز تخم تمر ہندی یعنی املی، افیون ہر ایک تین ماشہ۔

ترکیب: سب کو باریک پیس کر گوند کیکر کے لعاب سے کھرل کر کے نخودی گولیاں بنائیں۔

استعمال: صبح و شام ایک ایک گولی دوغ یا آب سادہ کے ہمراہ نگل لیں۔

(242) دوائے احتلام

منافع: کثرت احتلام کی خاص مجرب اور اکسیر دوا ہے۔ اس کے علاوہ سیلان الرحم کو مفید ہے۔ جریان کو بھی فائدہ بخشتی ہے۔ ہفتہ عشرہ میں آرام ہو جاتا ہے۔ مجرب المجرب ہے۔

اجزا: رال سفید، مازو، سبوس اسپغول ہر ایک تولہ تولہ، جفت بلوط، شاہدانہ ہر ایک 6 ماشہ، نبات 4 تولہ۔

ترکیب: سب ادویہ الگ الگ پیس کر سفوف بنا لیں۔

استعمال: چھ چھ ماشہ صبح و شام بکری کے دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

(243) کشتہ نقرہ اکسیر جریان

اسناد: حکیم محمد بخش صاحب ستیانہ (جھنگ) کا معمول اور عطیہ ہے۔

منافع: یہ کشتہ جریان، کثرت احتلام رقت کے لئے نہایت مفید ہے۔

اجزا: نقرہ خالص، ٹاٹری ہر ایک تولہ تولہ، تیل سرسوں 10 تولہ چھاچھ ترش ایک لٹر۔

ترکیب: نقرہ کوٹ کر باریک پترہ بنا لیں۔ ٹاٹری کوٹ کر تیل اور چھاچھ میں ملا کر پترہ نقرہ کو کوئلوں کی تخت آگ میں گرم کر کے اس میں بجھاؤ دیتے رہیں۔ جب پترہ پھول جائے اور ٹوٹنے لگے اس کو ہاون دستہ میں پیس کر ایک پختہ کھرل میں عرق گلاب خالص دو آتشہ سے کھرل کرتے رہیں۔ حتیٰ کہ نرم اور ملائم ہو جائے نیلگوں کشتہ تیار ہو گا۔

استعمال: رات کے وقت گائے کے آدھ سیر دودھ میں موصلی سفید کوفتہ، ست اسپغول ہر ایک تولہ تولہ، مصری کوزہ پانچ تولہ ملا کر پکائیں۔ جب غلیظ القوام ہو جائے ایک تھالی میں ڈال کر رکھ دیں۔ صبح اس سے ایک لقمہ علیحدہ کر کے کشتہ نقرہ ایک رتی یا دو رتی ملا کر کھالیں۔ بعد میں باقی چمچہ سے کھالیں روزانہ اسی

طرح تازہ تیار کر کے استعمال کرنا چاہیے۔ گرم، ترش، تیل دار اشیاء اور جماع سے پرہیز ہے۔ قبض نہ ہونے دیں۔

(244) حب لوبان

منافع: سرعت انزال یعنی جماع کے وقت منی جلد خارج ہو جانا ایک مشکل مرض ہے۔ یہ اکسیر اس عارضہ کا شافی علاج ہے۔ سریع الاثر اس قدر کہ اگر تجربہ کے طور پر استعمال کی جائے تو پہلی رات ہی اپنا اثر دکھاتی ہے۔ مگر مناسب یہ ہے کہ جماع سے پرہیز کر کے اسے بیس دن متواتر استعمال کیا جائے۔ انشاء اللہ اس عارضہ سے کلی طور پر نجات حاصل ہوگی۔ قوت باہ بھی خوب پیدا کرتی ہے۔

اجزا: شنگرف، کافور، افیون، لوبان کوڑ، ہر ایک تولہ تولہ۔

ترکیب: پہلے شنگرف کو خوب کھرل کریں۔ پھر اس میں لوبان ملا کر کھرل کریں پھر کافور اور پھر افیون ملا کر ہاون دستہ میں خوب کوٹیں جب نرم ہو جائے چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

استعمال: ایک گولی ہمراہ شیر گائے دوران استعمال میں غذا مرغن استعمال کریں۔

(245) حلوائے گذر

منافع: نہایت مقوی باہ، بدن کو موٹا کرتا اور طاقت بدنی پیدا کرتا ہے۔ گردہ و مثانہ و معدہ اور دماغ کو طاقت بخشتا ہے۔ اعصاب اور دماغ کو طاقت دیتا اور درد گردہ کو مفید ہے۔ موسم سرما کا عمدہ تحفہ نہایت لذیذ ہے۔ کئی دفعہ تیار کیا ہے۔

اجزاو ترکیب: گذر سرخ (جس کا درمیانی سخت حصہ دور کیا گیا ہو) ایک کلو خراختہ دور کردہ آدھ کلو دونوں کو شیر گائے پانچ کلو میں معتدل آگ پر پکائیں حتیٰ کہ حلوا کی طرح ہو جائیں۔ ابھی کچھ دودھ باقی ہو تو اتار لیں۔ پھر ہر دو اشیاء کو تنڈہ ڈنڈہ میں پیس کر بمعہ کھوا شیر روغن زرد 2 پاؤ میں بریاں کر لیں حتیٰ کہ سرخ ہو جائیں۔ بعدہ میدہ گندم، آرد نخود بریاں ہر ایک 4 تولہ، زردی بیضہ مرغ تازہ 20 عدد کو روغن زرد میں علیحدہ بریاں کر کے شامل کر لیں اور قند سفید ڈیڑھ سیر کا قوام کر کے مذکورہ سب اشیاء اچھی طرح ملا لیں۔ پھر مغز بادام شیریں مقشر مغز پستہ، مغز فندق، مغز اخروٹ، مغز چلغوزہ، کشمش سبز، مغز نارجیل ہر ایک تین تولہ، ثعلب مصری، خولنجاں، دارچینی، زنجبیل ہر ایک تولہ تولہ سفوف کر کے ملا دیں۔ آخر میں زعفران عمدہ چھ ماشہ (اگر میسر ہو مشک خالص 3 ماشہ) کو روح کیوڑہ میں حل کر کے مذکورہ تمام اجزا میں خوب ملا لیں اور چینی کی مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: دو یا تین تولہ صبح ہمراہ شیر گائے تازہ استعمال کریں۔

(246) اکسیر باہ و امساک خاص

اسناد: دار الصحت سلطانیہ للیانی میں یہ اکسیر تیار رہتی ہے۔ اور مسلمۃ الفوائد ہر مطب میں تیار رہنے کے قابل ہے۔

منافع: ضعف باہ اور امساک کا خاص نسخہ ہے۔ خواہ شہوت میں کمی ہو خواہ امساک میں خواہ دونوں نقص ہوں۔ یہ اکسیر ہر حال میں مفید پڑتی ہے۔ مردمی کمزوری کے لئے چوٹی کا نسخہ ہے۔ شائقین اسے تیار کر کے فائدہ اٹھائیں زیادہ مشکل نسخہ بھی نہیں۔

اجزا: پارہ، سنکھیا سفید، افیون، کچلہ مدبر، کشتہ فولاد شنگرفی، ورق نقرہ ہر ایک تولہ تولہ، برگ پان ساڑھے تین سو عدد۔

ترکیب: پچاس عدد برگ پان تازہ لا کر ہاون دستہ میں کوٹ کر پانی نکالیں اور پارہ سنکھیا، افیون کو ایک پختہ کھرل میں ڈال کر پان کے پانی سے کھرل کریں۔ جب ختم ہو جائے پھر 50 پتوں کا پانی نکال کر کھرل کریں اسی طرح عمل کرتے رہیں۔ جب تین صد برگ پان کا پانی جذب ہو جائے ورق نقرہ، کشتہ فولاد شنگرفی، کچلہ مدبر ملا کر باقی پچاس عدد برگ پان کا پانی کھرل کریں اور دانہ باجرہ کے برابر گولیاں تیار کریں۔

استعمال: ایک سے دو گولی تک عصر کے وقت حسب طاقت مریض ہمراہ شیر آدھ کلو نگل لی جائیں۔ پہلے کچھ ناشتہ کر لینا چاہئے۔ دوران استعمال میں دودھ گھی، مکھن جس قدر ہضم ہو سکے استعمال کیا جائے۔

نوٹ: کشتہ فولاد شنگرفی اور کچلہ مدبر کی عمدہ ترکیبیں مجربات سلطانی حصہ اول میں درج کی گئی ہیں۔ کشتہ فولاد اکسیری مندرجہ طبی شہپارے بھی بہت عمدہ چیز ہے۔

(247) نسخہ دیگر

اسناد: حکیم محمد عبدالرحمن صاحب خوشاب ضلع شاہ پور کا معمول و عطیہ ہے۔

منافع: مقوی، ممسک اور مفرح ہے۔ آسانی سے تیار ہو سکتا ہے۔ چند روز باقاعدہ استعمال کرنے سے خوب طاقت اور امساک پیدا ہو جاتی ہے۔ مجرب اور آزمودہ نسخہ ہے۔

اجزا: شنگرف، افیون، نار مشک، جوزبوا، مشک خالص، دانہ الائچی خورد، ناگر موتھ، یاقوت ہر ایک ہم وزن شہد حسب ضرورت۔

ترکیب: یاقوت کو عرق گلاب میں کھرل کریں اور باقی اشیاء کوٹ چھان کر ملا کر خوب کھرل کریں تاکہ یکجان ہو جائے پھر حسب ضرورت شہد ملا کر نخودی گولیاں تیار کریں۔

استعمال: صبح و شام ایک ایک گولی دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

(248) سفوف ذکاوت حس

اسناد: یہ نسخہ بھی صاحب ممدوح کا عطیہ ہے۔ آپ کے ہاں کثرت سے خرچ ہوتا ہے۔

منافع: ذکاوت حس، جریان، کثرت احتلام کا خاص نسخہ ہے۔

اجزا: پوست خشخاش، اسگند ناگوری، سبوس اسپغول، کشنیز خشک، تخم کاہو، پوٹاشیم برومائیڈ ہر ایک تولہ تولہ، کھانڈ سفید 5 تولہ۔

ترکیب: کوٹ چھان کر سفوف تیار کر لیں۔

استعمال: پانچ پانچ ماشہ صبح و عصر ہمراہ شیر استعمال کیا جائے۔ قبض ہو تو رات کو کوئی قبض کشاء دوا استعمال ہونی چاہیے۔

(249) نسخہ دیگر

منافع: ذکاوت حس کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔ ڈیڑھ ہفتہ کے استعمال سے بڑھی ہوئی حس جو بچپن کی غلط کاریوں سے پیدا ہو جاتی ہے رفع ہو کر جریان' احتلام کا عارضہ کافور ہو جاتا ہے۔ گرمی اور رقت منی کا عارضہ دور ہو کر منی غلیظ ہو جاتی اور مزاج میں اعتدال پیدا ہو جاتا ہے۔ بارہا کا مجرب ہے۔

اجزا: پوٹاشیم برومائیڈ' برگ ببول' طباشیر کبود' دانہ الائچی خورد' کوکنار' ریش برگد خشک' تخم نیلوفر' بیج بند' تخم سریالہ' اجوائن خراسانی ہر ایک برابر وزن۔

ترکیب: الگ الگ پیس کر سفوف تیار کریں۔

استعمال: تین ماشہ صبح تین ماشہ عصر ہمراہ شربت خشخاش 2 تولہ' آب آمیختہ یا شیر گائے کے ہمراہ بصورت قبض رات کو کوئی قبض کشاء دوائی استعمال کی جائے۔ گرم خشک اور تیل دار اشیاء سے پرہیز واجب ہے۔

مجربات امراض زنان

(250) گولیاں مدر حیض

منافع: یہ گولیاں ادرار حیض کے لئے نہایت مجرب ہیں۔ رحم کی جملہ تکالیف کو مفید ہیں۔ حیض بالکل بند ہو یا بے قاعدگی سے آتا ہو یا کم آتا ہو یا درد سے آتا ہو ہر حال میں مفید ہیں۔ ہر مزاج اور ہر موسم میں کار آمد ہیں نہایت عمدہ جامع نسخہ ہے جو مشکل سے حاصل ہوا ہے۔

اجزا: مصبر' ریوند خطائی' مجیٹھ ہر ایک 8 ماشہ' زعفران 6 ماشہ' افستین ہیرا کسیس' ریوند عصارہ' مرکی' شورہ قلمی' نوشادر' سہاگہ ہر ایک 4 ماشہ' ہینگ تین ماشہ۔

ترکیب: سب کو باریک کر کے پانی کی مدد سے نخودی گولیاں بنائیں۔

استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام نہار استعمال کریں۔ اگر حیض درد سے آتا ہو تو ایام سے چار دن پہلے شروع کی جائیں۔

(251) نسخہ برائے درد حیض

اسناد: استاذیم حکیم مولوی برخوردار صاحب کھوکھر کا خاص معمول نسخہ ہے۔

منافع: اگر عورت کو حیض کے دنوں میں شدید درد ہوتا ہو اس کے لئے ازحد مجرب ہے۔ اس کے صرف تین دن استعمال کرنے سے حیض کھل کر آجاتا ہے اور درد کی تکلیف نہیں ہوتی۔ اگر دوسرے مہینہ میں بھی درد کی تکلیف ہو تو تین دن استعمال کر لینا چاہیے۔

اجزا: سونف' قند سیاہ کہنہ ہر ایک 5 تولہ' چھوہارا کلاں 15 عدد' داڑھی برگد در سایہ خشک کردہ پانچ تولہ۔
ترکیب و استعمال: سب کو کوٹ کر تین حصے کر لیں ایک حصہ روزانہ آدھ سیر شیر گاؤ تازہ میں جوش دے کر مل چھان کر نیم گرم پلایا کریں۔

(252) نسخہ احتباس طمث

اسناد: یہ نسخہ بھی صاحب ممدوح کا عطیہ خاص ہے۔ آپ کو حکیم زین العابدین صاحب نے مرحمت فرمایا تھا۔ نسخہ فی الواقعہ بہت مجرب اور قابل قدر ہے۔
منافع: جن کو حیض بندش اور تکلیف سے اور کم آتا ہو اور ہمیشہ طرح طرح کی تکالیف میں مبتلا رہتی ہوں ان کے لئے مجرب اور معمول ہے۔
اجزا: آب سنگھپرا' آب بیخ حنظل' مصبر' عصارہ ریوند' مرکی ہر ایک تولہ تولہ' آب ڈنڈا تھوہر 6 ماشہ' زعفران خالص 9 ماشہ۔
ترکیب: سب کو ملا کر اس حد تک کھرل کریں کہ گولیاں بن سکیں پھر چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔
استعمال: حیض سے پانچ چھ یوم قبل دو گولی صبح دو گولی شام ہمراہ آب خالص استعمال کریں۔ ایام حیض تک استعمال کرتے رہیں۔

(253) اکسیر کثرت حیض

منافع: کثرت حیض کے سب نسخوں سے زیادہ موثر بے ضرر اور مجرب ہے۔
اجزا: گوند کیکر' کتیرا' مغز کدو' بیخ انجبار ہر ایک تین ماشہ' گل انار' خون سیاؤشان ہر ایک 2 ماشہ' نشاستہ ایک ماشہ۔
ترکیب: سب ادویہ الگ الگ کوٹ چھان کر سفوف تیا کریں۔
استعمال: پانچ ماشہ صبح یا شام سرد پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

(254) سفوف سیلان الرحم

منافع: سیلان الرحم (لیکوریا) کی ارزاں سریع الاثر اور مجرب دوا ہے۔
اجزا: خستہ جامن سوختہ' ریش برگد یعنی داڑھی بوہڑ خشک ہر ایک 10 تولہ' کشتہ بیضہ مرغ دو تولہ۔
ترکیب: سب ادویہ علیحدہ علیحدہ باریک پیس کر سفوف بنالیں۔
استعمال: تین تین ماشہ صبح و شام پانی یا خیساندہ برگ جامن کے ہمراہ استعمال کریں۔

(255) نسخہ دیگر مجرب

اجزا: آرد سنگھاڑا' آرد چھوہارا' تخم سریالہ ہر ایک 10 تولہ' دار چینی 2 تولہ۔
ترکیب: سب کو باریک پیس کر ملالیں۔

استعمال: سات سات ماشہ صبح وشام شیر گاؤ کے ساتھ استعمال کریں۔

(256) سفوف استحاضہ و کثرت حیض

منافع: جب حیض ایام مقررہ سے تجاوز کر جائے یا زیادہ مقدار میں آرہا ہو اس کے لئے بہت مفید و مجرب ہے۔

اجزا: گل ارمنی' گلنار' طباشیر' کہربا' عرق گلاب میں سحق کردہ ہر ایک تولہ تولہ مصری 4 تولہ۔

ترکیب: سب کو باریک پیس کر سفوف بنالیں۔

استعمال: 3 ماشہ سے 7 ماشہ تک صبح وشام پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

(257) اکسیر سیلان الرحم

اسناد: یہ نسخہ دار الصحت سلطانیہ میں کئی دفعہ تیار ہو کر اکسیر ثابت ہو چکا ہے۔ قابل قدر تحفہ ہے۔

منافع: اکیس دن کے باقاعدہ استعمال سے برسوں کا سیلان الرحم (لیکوریا) ختم ہو جاتا ہے۔ عجیب الاثر بارہا کا مجرب ہے۔ سیلان الرحم کی وجہ سے جو شکایات پیدا ہو جاتی ہیں۔ مثلاً کمزوری' ناطاقتی' درد سر' دل دھڑکنا' کمی خون' اسقاط حمل کی عادت کا ہو جانا وغیرہ وغیرہ ان کو آرام ہو جاتا ہے۔ اختناق الرحم' کثرت حیض کو بھی مفید ہے۔

اجزا: کشتہ صدف' کشتہ ابرک سفید' کشتہ حجر الیہود' کشتہ مرجان' کشتہ فولاد ہر ایک تین ماشہ' لودھ پٹھانی' مائیں خورد' چینا گوند' سنگجراحت' کندر' گل پستہ' گل سپاری' تج مصطگی رومی' الائچی خورد' ستاور' طباشیر' ثعلب مصری' موصلی سفید' پاہ گجراتی' سمندر سوکھ' بیج بند' تخم سروالی' بہمن سفید و سرخ' سنگھاڑہ' تخم املی' زیرہ سفید ہر ایک 6 ماشہ' جفت بلوط' گل دھاوا ہر ایک سات ماشہ' مصری دیسی ہم وزن۔

ترکیب: کشتہ جات کے علاوہ سب ادویہ کوٹ چھان کر کشتہ جات ملالیں اور کھرل کر کے یکجان کریں۔

استعمال: چھ ماشہ صبح شیر گاؤ کے ہمراہ استعمال کریں۔

(258) دوائے بثور رحم

منافع: رحم کی پھنسیوں کے لئے بہت سریع الاثر و مجرب ہے۔ ایک دن میں فائدہ ہو جاتا ہے۔

اجزا: گل سرخ' گل ارمنی' مردار سنگ' سفیدہ کاشغری ہر ایک تولہ تولہ' اقلیمیائے فضہ (میل چاندی) موم سفید ہر ایک 6 ماشہ' روغن گل 10 تولہ۔

ترکیب: موم اور روغن گل ملا کر پگھلائیں پھر باقی ادویہ باریک کھرل شدہ ملا کر خوب حل کریں۔

استعمال: دن میں دو یا تین دفعہ لگائیں۔

(259) اکسیر خارش شرمگاہ

منافع: شرمگاہ کی خارش کے لئے سریع الاثر دوا ہے۔ دو یوم میں یقیناً فائدہ ہو جاتا ہے۔ پھر اور دوائی کی

ضرورت نہیں رہتی۔ مجرب المجرب ہے۔

اجزا: برگ نیم 2 تولہ، کمیلہ بعرہ بستہ 6 ماشہ مناسب پانی میں جوش دے کر مل چھان کر نیم گرم پچکاری کریں بعد میں سفیدہ کاشغری 6 ماشہ، مردار سنگ 2 ماشہ، گندھک 1 ماشہ، کافور 2 رتی باریک پیس کر روغن نارجیل ڈھائی تولہ ملا کر اس میں کپڑا تر کر کے حمول کریں۔ روزانہ یہی عمل کیا کریں اگر معمولی تکلیف ہو تو پچکاری کے سوا صرف حمول سے ہی دو تین یوم میں فائدہ ہو جاتا ہے۔

(260)شافہ مدر حیض مجرب

منافع: بند شدہ حیض کو جاری کرتا ہے۔ خواہ بیس سالہ ہو انشاء اللہ چند دنوں میں جاری ہو جاتا ہے۔

اجزا: زعفران خالص، جاوتری، حب بلسان، کتیرا، سونف رومی ہر ایک تین تین ماشے، قرنفل 5 ماشہ۔

ترکیب: سب کو جدا جدا باریک پیس کر حسب ضرورت شہد ملا کر شافے تیار کریں۔

استعمال: حسب دستور بطور شافہ استعمال کریں۔

(261)عمل برائے اٹھراہ

منافع: اٹھراہ کا مجرب عمل ہے اس کے باقاعدہ استعمال سے بچہ تندرست صحیح حالت میں پیدا ہوتا ہے۔ اسقاط نہیں ہوتا اور عموماً لڑکا ہی پیدا ہوتا ہے۔

اجزاو ترکیب: بروز سوموار صبح باوضو اول 11 بار درود شریف پڑھیں پھر سورہ والشمس ایک بار پڑھ کر اجوائن دیسی ایک پاؤ، مرچ سیاہ پانچ تولہ پر دم کریں اسی طرح 41 بار پڑھ کر دم کریں۔ آخر میں پھر 11 بار درود شریف پڑھ لیں۔ جب عورت کو حمل ہو جائے ہر روز ایک چٹکی بھر اجوائن اور دو تین دانہ مرچ سیاہ بلا ناغہ چبا کر کھالے اوپر سے ایک دو گھونٹ پانی پی لیا کریں اور اسم یا اللہ کا تعویذ ہر روز پانی میں گھول کر پیا کرے۔ بچہ پیدا ہونے تک یہ عمل بلا ناغہ کیا جائے۔ سورہ والشمس شروع کرتے وقت اول آخر درود شریف گیارہ گیارہ بار پڑھنا چاہئے ایک دن ہی ایک وقت 41 بار پڑھ کر اجوائن اور مرچ سیاہ پر دم کر کے رکھ دیں اور تاولادت ان سے بطریق مذکور روزانہ لیا کریں۔ تعویذ بھی اکٹھے لکھے جا سکتے ہیں۔ دم کرنے والا اور تعویذ لکھنے والا نیک پرہیز گار شخص ہونا چاہئے۔ انشاء اللہ لڑکا پیدا ہو گا اور نقصان نہ ہو گا۔ اجازت ہے۔

(262)دوائے کثرت حیض

منافع: کثرت حیض کے لئے نہایت سریع الاثر نسخہ ہے اور بالکل ارزاں و سہل بھی ہے۔ بلا کسی قسم کی تکلیف کے جلد فائدہ کرتا ہے۔ خصوصاً جب مریضہ کمزور ہو بہت مفید ہے۔

اجزا: ٹنکچر فرائی، سلفیورک ایسڈ ڈل ہر ایک 10 بوند، شربت لیموں 4 ماشہ، پانی ڈھائی تولہ۔

ترکیب: سب کو ملالیں۔ یہ ایک خوراک ہے۔

استعمال: دن میں ایسی دو خوراک استعمال کریں۔

(263) نسخہ دیگر

منافع: کثرت حیض کے لیئے بالکل آسان اور سستا زود اثر نسخہ ہے۔ پانچ روز میں آرام ہو جاتا ہے۔ مجرب المجرب۔

اجزاو ترکیب: ملٹھی مقشر سفوف بنا کر قدرے گیرو ملا کر رکھ لیں۔

استعمال: تین ماشہ چاول کے پانی کے ساتھ دن میں تین مرتبہ استعمال کریں۔

(264) دوائے اختناق الرحم

اسناد: حکیم احمد یار صاحب سپر امیانہ ہزارہ (سرگودھا) کا عطیہ و مجرب نسخہ ہے۔

منافع: اختناق الرحم کی عجیب الاثر سہل دوا ہے۔

اجزا: طباشیر' الائچی خورد' کشنیز' صندل سفید' الائچی کلاں ہر ایک دس ماشہ' زہر مہرہ' کہربا شمعی' نارجیل دریائی ہر ایک 6 ماشہ' کشتہ عقیق' کشتہ مرجان ہر ایک 2 ماشہ' ورق نقرہ 20 عدد۔

ترکیب: سب کو کوٹ چھان کر سفوف بنا لیں۔

استعمال: تین تین ماشہ صبح و شام ہمراہ عرق گاؤزبان' عرق بید مشک' عرق گلاب ہر ایک تین تولہ۔

(265) دوائے عقر

منافع: عقر یعنی بانجھ پن کی عجیب الاثر دوا ہے۔ اگر حیض باقاعدہ آتا ہو تو اس سے انشاء اللہ حمل قرار پا جاتا ہے۔

اجزاو ترکیب: مغز کرنجوہ چار ماشہ' افیون خام 2 ماشہ دونوں پیس کر پانی میں حل کر کے اس میں ایک نہایت نرم کپڑا آلودہ کر کے اس کے تین حصے کر لیں۔

استعمال: جس دن عورت کو حیض سے فراغت ہو پہلے روز سے شروع کر کے تین روز تک دایہ سے رکھائیں اور ساتھ ہی صبح برادہ دندان فیل ایک ماشہ قلب الحجر 6 رتی ملا کر عرق گاؤزبان عرق بید مشک ہر ایک 5 تولہ کے ساتھ استعمال کریں۔ اگر پہلے ماہ کامیابی نہ ہو تو دوسرے تیسرے ماہ اسی طرح عمل کریں۔ خوردنی دوا بھی تین دن استعمال کرنی چاہئے۔

(266) حب حافظ الجنین

اسناد: تلمیذ رشید برادرم حکیم محمد غوث صاحب کا عطیہ خاص ہے۔

منافع: جن مستورات کا حمل بوجہ اٹھراہ و خرابی خون وغیرہ گر جاتا ہو یا بچے چھوٹی عمر میں مر جاتے ہوں۔ ان کے لئے نہایت مفید نسخہ ہے۔ سہل الحصول اور ارزاں بھی ہے۔ بارہا کا مجرب ہے۔

اجزا: صندل سفید و سرخ' کہربا' طباشیر' ابریشم مقرض' کچور' مجیٹھ' تخم کرفس' پوست بیخ چترہ' بیخ انجبار' صدف مروارید' زیرہ سفید' گل سرخ' تخم دھتر ہر ایک 5 ماشہ' شہد یوی 7 ماشہ' برگ تلسی' دانہ الائچی

خورد ہر ایک 9 ماشہ، درونج عقربی تین ماشہ، تج، فلفل سیاہ، اجوائن، بہمن سفید، بہمن سرخ ہر ایک 2 ماشہ، مشک خالص ایک ماشہ۔

ترکیب: سب ادویہ الگ الگ کوٹ کر ملا کر کھرل کریں اور عرق گلاب و کیوڑہ سے خوب کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

استعمال: ایک گولی ہر روز بلا ناغہ استقرار حمل سے شروع کر کے جب تک بچہ دودھ پیتا رہے۔ پانی کے ساتھ نگل لینی چاہئے۔ بہت گرم تیز اشیاء نیز مسہل سے پرہیز کیا جائے۔

(267) نسخہ دیگر

منافع: کثرت اسقاط کی عادت کو رفع کرنے کے باوجود اس کے استعمال سے عموماً لڑکا پیدا ہوتا ہے اور حمل نہیں گرتا لطف یہ کہ بالکل آسان اور سستی دوا ہے۔

اجزا و ترکیب: قلب الحجر یعنی پتھر کا جیو ایک رتی طباشیر آسمانی ایک ماشہ باریک پیس کر مویز منقہ دو دانہ کوٹ کر ملا کر صبح کے وقت استعمال کریں۔ جب حمل قرار پا جائے شروع کرنا چاہئے اور ہر ماہ کے شروع میں مذکورہ بالا دوا کی ایک خوراک صرف ایک دن استعمال کی جائے۔ نو ماہ تک اسی طرح کھائیں۔ (نو ماہ میں کل نو خوراکیں استعمال کی جائیں گی)۔

نوٹ: قلب الحجر مشہور چیز ہے۔ کالے پتھر کی چٹانیں توڑنے والے اس چیز کو بخوبی جانتے ہیں۔ پتھر کی کانوں میں ایک چیز چمکدار ملائم بے مزہ سفید نکلتی ہے۔ اب اس کا رواج عام ہو رہا ہے۔ اندور وغیرہ عام مقامات پر یہ چیز مل سکتی ہے۔ اکثر مشہور دواخانوں میں بھی فروخت ہوتا ہے۔ اصل چیز تلاش کر کے لینی چاہئے۔

(268) حب پرسوت

منافع: پرسوت (حمی نفاسیہ) کی مجرب دوا ہے۔ عارضی سردی، چھپاکی بچہ پیدا ہونے کے بعد بدن میں درد ہونا، اندام ست رہنا، بھوک بند ہونا، فعل ہضم کا خراب ہو جانا وغیرہ، گنٹھیہ، درد ریح ہر قسم کے لئے نہایت عمدہ ہے، اعصابی امراض کو فائدہ کرتی ہے۔ خاص مستند نسخہ ہے۔

اجزا: کچلہ سوختہ 8 عدد، عقرقرحا، لونگ، جائفل، فلفل دراز، سونٹھ ہر ایک 15 ماشہ، زعفران کشمیری تین ماشہ مشک خالص تین رتی مویز منقی حسب ضرورت۔

ترکیب: سب ادویہ کوٹ پیس کر سفوف تیار کریں اور مویز منقیٰ اس قدر ملا کر کوٹیں کہ گولیاں بن سکیں پھر چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

استعمال: صبح و شام ایک ایک گولی عرق سونف کے ہمراہ استعمال کریں۔

(269) اکسیر الدم

منافع: خون استحاضہ، کثرت حیض، سیلان الرحم کی مجرب المجرب اکسیری دوا ہے۔ نیز نکسیر نفث الدم وغیرہ

جس عضو سے خون آ رہا ہو بلا تکلیف بند کرتی ہے۔ اس کے علاوہ جریان زنانہ و مردانہ، کثرت احتلام، رقت منی گرمی کے لئے بھی مفید ہے۔

اجزا: ہڑتال گاؤدنتی چمکدار 2 تولہ، طباشیر، سبوس اسپغول، انجبار، تخم سروالی ہر ایک 6 ماشہ۔

ترکیب: نیم کی کونپلوں کا 10 تولہ پانی نکال کر اس میں ہڑتال گاؤدنتی کوٹ کر کھرل کریں اور ٹکیہ بنا کر اسی نیم کے ثفل میں لپیٹ کر کوزہ گلی میں بند اور گل حکمت کر کے دس سیر اوپلوں کی آگ دیں۔ سرد کر کے ہڑتال نکال کر اس کے ساتھ دیگر ادویہ کا سفوف ملا کر خوب کھرل کریں۔

استعمال: صبح و شام ایک ایک ماشہ شربت صندل یا انجبار کے ہمراہ استعمال کریں۔

(270) نسخہ دیگر

منافع: کثرت حیض استحاضہ کی سریع الاثر اکسیر ہے۔ **نفث الدم** (خون تھوکنا)، اسہال خونی، خون بواسیر، نکسیر وغیرہ ہر قسم کے اندرونی خون کو خواہ جس عضو سے جاری ہو بہت جلد بند کرتی ہے۔ بہت آسان ارزاں قابل قدر سینکڑوں بار کا مجرب نسخہ ہے۔ اس قسم کے سب نسخوں سے سریع الاثر ہے۔ عموماً ایک یوم میں آرام ہو جاتا ہے۔

اجزا: گیرو سرخ، سنگ جراحت ہر ایک ہم وزن۔

ترکیب: دونوں دوائیں علیحدہ علیحدہ کوٹ چھان کر سفوف بنا لیں۔

استعمال: اس کی خوراک تین ماشہ ہے۔ کثرت حیض کے لئے شربت کوکنار کے ہمراہ دن میں تین خوراک دیں۔ ایک ہی دن میں آرام ہو گا۔ اگر مرض کا غلبہ ہو تو فی خوراک دو رتی، قشر الرمان (چھلکہ انار) ملا لینا چاہئے۔ **نفث الدم** میں بھی شربت کوکنار کے ساتھ تین خوراک یومیہ استعمال کرائی جاتی ہیں۔ اگر نفث الدم کے ساتھ کھانسی ہو تو فی خوراک کیرا ایک رتی، رب السوس ایک رتی کا اضافہ کیا جائے۔ خونی دستوں کے لئے دہی کے ساتھ استعمال کریں۔ بواسیر و نکسیر میں مناسب بدرقہ کے ہمراہ معمولی تکلیف میں دو خوراک روزانہ دینی چاہئے۔

(271) اکسیر مانع اسقاط

منافع: بعض عورتوں کا حمل تیسرے یا چوتھے مہینہ میں ساقط ہو جاتا ہے۔ ان کے اس عارضہ عادتی اسقاط کے لئے مفید ہے۔ اس میں یہ خوبی ہے کہ سہل الحصول اور ارزاں ہونے کے باوجود تمام سال استعمال کرنے کی قید نہیں۔

اجزا و ترکیب: گاؤدنتی چمکدار 5 تولہ کے ٹکڑے کر کے برگ نیم ایک پاؤ کے نغدہ میں رکھ کر اوپر کپڑا لپیٹ کر گل حکمت کریں اور خشک کر کے ہوا سے محفوظ جگہ دس سیر اپلوں کی آنچ گڑھے میں دیں۔ سرد کر کے کشتہ نکال کر باریک کھرل کریں اور اس سے حسب ضرورت لے کر اس کے برابر وزن مینگنی موش ملا کر کھرل کر کے یکجان کریں۔

استعمال: ایک ماشہ صبح گائے کے دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔ زمانہ حمل سے شروع کرکے ایک ہفتہ تک استعمال کریں۔ تین ماہ استعمال کرکے بند کردیں۔ ہر ماہ میں ایک ہفتہ استعمال کریں۔

(272) اکسیر عقر

اسناد: حکیم علی محمد صاحب دہلوی مالک دہلی دواخانہ سرگودھا کا عطیہ مجرب ہے۔

منافع: عقر یعنی بانجھ پن کے لئے مفید ہے۔ انشاء اللہ ویران گھر کو آباد کرتا ہے۔

اجزا: کستوری، عنبر ہر ایک ماشہ ماشہ، زعفران 2 ماشہ، جوزبوا، ہینگ، سپاری، افیون ہر ایک تین ماشہ، چرس 4 رتی۔

ترکیب: سب کو کوٹ پیس کر خوب یک ذات کرکے بقدر ضرورت قند سیاہ ملا کر نخودی حبوب تیار کریں۔

استعمال: بصورت ایام حیض سے فارغ ہو مرد اور عورت دونوں صبح و شام ایک ایک گولی دودھ گائے کے ہمراہ تین دن تک استعمال کریں۔ اس کے بعد مقاربت کی اجازت ہے۔ بشرطیکہ عورت کے ایام ماہواری ٹھیک طور پر ہوں اور مرد میں بھی کوئی نقص نہ ہو۔ بفضلہ کامیابی کی امید ہے۔ اگر پہلے ماہ کامیابی نہ ہو تو دوسرے تیسرے ماہ پھر اسی طرح استعمال کرنی چاہئے۔

(273) مسقط حمل

منافع: بعض اوقات طبی ضروریات کے پیش نظر حمل گرانا ضروری ہوتا ہے۔ بنا بریں اس نسخے کا استعمال مفید پڑتا ہے۔ مجرب المجرب ہے۔

اجزاو ترکیب: پوست بنولہ کوفتہ، برگ بانس ہر ایک 2 تولہ، قند سیاہ کہنہ بیس سالہ 4 تولہ، سب کو ایک سیر پانی میں جوش دیں۔ جب ایک پاؤ رہ جائے مل چھان کر پلا دیں۔

غذا: کھچڑی، دودھ، چاول، دال مونگ اور چپاتی، دودھ، ڈبل روٹی وغیرہ نرم غذا دیں۔ اس کے ساتھ ہی لوٹہ کھار، مصبر، جوکھار، ہر ایک 6 ماشہ، لونگ 4 ماشہ جدا جدا نہایت باریک کرکے اس سے قدرے لے کر منہ کے لعاب سے تر کریں اور اٹ سٹ بوٹی کی جڑ آٹھ انگل لمبی لا کر اس کے ایک پہلو پر یہ لگا کر سایہ میں خشک کریں اور کسی سمجھ دار دایہ سے رات کو سوتے وقت جڑ کا دوائی والا پہلو رحم کے منہ میں رکھوائیں۔ پہلے دوسرے حد تیسرے دن خون آنا شروع ہو جائے گا۔ ہر روز نئی جڑ لے کر اس کے ایک پہلو پر دوائی لگا کر بطور مذکور استعمال کرنا چاہئے۔ جوشاندہ مذکورہ بالا بھی روزانہ دن میں ایک دفعہ پلاتے رہنا چاہئے۔

(274) سفوف اکسیر سیلان الرحم و جریان منی

منافع: سیلان الرحم (لیکوریا) کا نہایت موثر بیخ خطا اور مجرب نسخہ ہے۔ جریان منی کے لئے اکسیر ہے جب بھی استعمال کرنے کا اتفاق ہوا۔ یقینی شفا ہوئی۔

اجزا: طباشیر کبود، گل پستہ، ثعلب مصری، پنجہ دار، گل سپاری، موصلی سفید، دانہ الائچی خورد، سنگھاڑا خشک

مائیں خورد، چھنیا گوند، گوند ببول، لودھ پٹھانی، ندر جو شیریں، تج قلمی ستاور ہر ایک 7 ماشہ، کشتہ بیضہ مرغ، کشتہ مرجان، کشتہ قلعی ہر ایک 3 ماشہ۔

ترکیب: سب کو کوٹ پیس کر سفوف بنالیں۔

استعمال: دو ماشہ سے تین ماشہ تک ایک پاؤ دودھ کے ہمراہ صبح استعمال کیا جائے۔ گرم اشیاء سے پرہیز ضروری ہے۔

(275) دوائے اولاد نرینہ

منافع: جس عورت کے ہمیشہ لڑکیاں پیدا ہوتی ہوں۔ اس کے استعمال سے انشاء اللہ لڑکے پیدا ہوں گے یہ دوا مقوی قلب بھی ہے۔

اجزا: بیخ مرجان، صدف صادق، زہر مہرہ خطائی، نارجیل دریائی ہر ایک تین ماشہ، مروارید نا سفتہ اصلی ایک ماشہ، ورق نقرہ 32 عدد۔

ترکیب: تمام ادویہ کوٹ پیس کر کھرل کر کے نخودی گولیاں بنائیں۔

استعمال: استقرار حمل کے دوسرے مہینے کے بعد ایک گولی یومیہ پانی کے ساتھ کھلاتے رہیں تا ولادت ناغہ نہ کریں۔

(276) اکسیر برائے ادرار حیض

اسناد: حکیم شیخ فضل حسین صاحب بھلوال کا عطیہ خاص ہے۔

منافع: اس نسخہ سے عرصہ کا بند شدہ حیض چند یوم میں ہی کھل جاتا ہے۔ دیکھنے میں تو ایک حقیر نسخہ ہے مگر اس کے فوائد کثیر ہیں۔ اکثر تین چار روز میں خون جاری ہو جاتا ہے۔ مزید براں یہ نسخہ مصفی خون اور [illegible]ری (چھپاکی) کے لئے بھی مفید ہے۔ بلا قیمت چیز ہے۔ اسے تیار کر کے نفع حاصل کرنا چاہئے۔

اجزا و ترکیب: برگ و شاخ دناں تازہ دس کلو لا کر چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کر کے دگنے پانی میں چوبیس [illegible] تک بھگو رکھیں۔ دوسرے روز آگ پر چڑھائیں۔ جب تین کلو کے قریب پانی رہ جائے اتار کر ٹھنڈا [illegible]ریں اور ہاتھوں سے خوب ملیں تا کہ دوائی کا اثر بخوبی نکل آئے بعدہ کپڑے سے چھان کر ثفل پھینک [illegible]ریں اور صاف پانی میں نصف پاؤ قند سیاہ کہنہ جو کم سے کم پانچ سال کا ہو ملا کر دوبارہ نرم آگ پر پکائیں۔ [illegible] قوام گاڑھا ہو جائے اتار کر مرتبان میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: ایک ایک ماشہ صبح و شام ہمراہ ایک پاؤ دودھ جس میں 2 تولہ گھی ملایا گیا ہو دوائی کی گولیاں بنا کر [illegible]لنی چاہئے کیونکہ دوائی بہت تلخ ہوتی ہے۔

(277) دوشیزہ

اسناد: عزیز حکیم غلام محمد صاحب کھوکھر چک 156 تحصیل چنیوٹ (جھنگ) کا عطیہ خاص ہے۔ نسخہ واقعی [illegible] قدر ہے۔

منافع: بکارت پیدا کرنے کے لئے نہایت عجیب الاثر ہے۔
اجزا: مازو ایک تولہ، بھنگرہ، مائیں، گوند ڈھاک، کچور، موچرس، گل دھاوا، اقاقیہ، گلنار، جفت بلوط، خستہ جامن ہر ایک 6 ماشہ۔
ترکیب: سب کو باریک پیس کر مانند سرمہ کھرل کریں۔
استعمال: جماع سے دس منٹ پہلے اندام نہانی میں رکھائیں۔ ایک رات میں دو دفعہ یا زیادہ استعمال کرنا منع ہے۔

مجربات حمیات (تپ)

(278) عرق تپ دق وغیرہ

منافع: یہ نسخہ تپ دق، کھانسی ہر قسم، تپ خلطی ہر قسم، نزلہ دائمی، دمہ کے لئے عجیب الاثر ثابت ہوا ہے۔ کئی دوستوں کا معمول ہے۔ ہم نے خود کئی دفعہ بنا کر استعمال کرایا ہے۔ نہایت عمدہ ثابت ہوا۔ تپ کہنہ کے لئے بہت مفید ہے۔
اجزا: گلو سبز تازہ ایک سیر، تخم خرفہ، خشخاش سفید، تخم کاہو، سونف، تخم کاسنی ہر ایک 20 تولہ، کو کنار، تخم خیارین، مغز کدو ہر ایک 5 تولہ (اگر کدو تازہ مل سکے مغز کدو کے عوض سیر بھر شامل کریں) خوب کلاں، گاؤزبان، بورہ صندل سفید ہر ایک 10 تولہ، خطمی، خبازی ہر ایک 5 تولہ، سپستان 200 عدد، گذر یعنی گاجر تازہ ایک سیر دانہ انار شیریں، سنگترہ ہر ایک دس عدد (دس عدد انار کے دانے نکال کر ملائے جائیں) اجوائن دیسی 5 تولہ، سیب ولائتی 10 تولہ، ملٹھی مقشر تین تولہ، برگ بانسہ 2 تولہ، عناب ایرانی 100 عدد شیر بز تازہ تین سیر۔
ترکیب: میوہ جات اور دودھ کے بغیر باقی دوائیں جو کوٹنے والی ہیں کوٹ کر آب خالص بقدر ضرورت ملا کر تر کریں۔ 24 گھنٹہ کے بعد میوہ جات اور گذر کوٹ کر اور دودھ تازہ ملا کر حسب دستور پچاس بوتل عرق کشید کریں۔
استعمال: دس تولہ عرق میں شربت سعال خاص نمبر 279 تین تولہ ملا کر صبح، دوپہر اور شام استعمال کریں۔ معمولی تکلیف میں دو وقت استعمال کیا جائے۔ لسی، اچار، گوشت، ترشی، تیل وغیرہ مضر اشیاء سے پرہیز کیا جائے۔ مناسب غذا استعمال کی جائے۔

(279) شربت سعال خاص

منافع: عام کھانسی، تپ دق کی کھانسی، تپ دق سل، تپ کہنہ، کھانسی کہنہ کے لئے نہایت مجرب ہے۔
اجزا: ابریشم مقرض، گل نیلوفر سفید، گل بنفشہ ہر ایک 2 تولہ، سپستان 100 عدد، برگ بانسہ ایک تولہ گاؤزبان، خطمی، خبازی ہر ایک ڈیڑھ تولہ، مصری ایک کلو۔
ترکیب: حسب دستور شربت تیار کر کے روغن ماہی خالص ولائتی یعنی کاڈ لور آئیل 10 تولہ ملا لیں۔

استعمال: تین تین تولہ صبح و شام عرق نمبر278 ملا کر استعمال کیا جائے۔

(280)حب اکسیر بخار

منافع: تپ ملیریا اور تپ خلطی ہر قسم کے لئے معمول و مجرب ہے۔ تپ نوبتی کو بھی فائدہ بخشتی ہے۔ بے ضرر اور سہل الحصول چیز ہے۔ ہر مطب میں ان گولیوں کا تیار رہنا ضروری ہے۔

اجزا: زہر مہرہ خطائی، ست گلو اصلی، افسنتین، مغز کرنجوہ، طباشیر، دانہ الائچی خورد، سوڈا سلی سلاس ہر ایک دو دو تولہ، کونین سلفاس ایک تولہ، کافور، صمغ عربی ہر ایک 6ماشہ۔

ترکیب: سب کو کوٹ پیس کر کھرل کر کے یکجان کریں۔ اور پانی کی مدد سے چنے کے مطابق گولیاں تیار کریں۔

استعمال: صبح، دوپہر و شام دو دو گولیاں شربت نیلوفر یا شربت بزوری یا دودھ کے ساتھ استعمال کریں۔

(281)دوائے موتی جھرہ

منافع: موتی جھرہ کے ہر درجہ اور ہر حالت میں مفید ہے۔ خصوصاً اس سے مریض کو طاقت حاصل ہوتی اور تپ کو فائدہ ہوتا ہے۔ مجرب اور معمول ہے۔

اجزا و ترکیب: مروارید ناسفتہ کو روح کیوڑہ میں سحق کر کے شیشی میں محفوظ رکھیں۔ نصف رتی مرد کلاں کو دواء المسک معتدل جواہر والی تین ماشہ میں ملا کر اول کھلائیں۔ بعد میں عناب 10 عدد گاؤزبان میں رگڑ کر شربت بزوری 2 تولہ ملا کر خوب کلاں صاف شدہ 7 ماشہ چھڑک کر استعمال کرائیں۔ اگر زمانہ انحطاط یعنی مرض کا اخیر ہو تو شربت کی بجائے شہد خالص ایک تولہ ملانی چاہئے۔ اسی طریق سے صبح و شام تازہ تیار کر کے استعمال کرنا چاہئے۔

(282)حب موتی جھرہ

منافع: موتی جھرہ (مبارکی) کی ابتدا مرض سے انتہا تک ہر سہ درجات میں اکسیر کا حکم رکھتی ہے۔ شرطیہ 90 فیصدی مفید و مجرب ہے۔

اجزا: مروارید ناسفتہ اصلی ایک ماشہ ورق طلا 40 عدد، جاوتری مویز منقی ہر ایک 6 ماشہ، کشتہ ابرک سیاہ تین ماشہ۔

ترکیب: مروارید کو روح کیوڑہ میں کھرل کریں۔ جاوتری کو باریک پیسیں پھر سب کو خوب کھرل کر کے مویز منقی ملا کر کھرل کر کے مرچ سیاہ کے برابر حبوب تیار کریں۔

استعمال: ایک گولی صبح و شام ہمراہ شربت عناب یا شیر گائے یا دیگر بدرقہ مناسبہ کے ساتھ بچہ کو نصف گولی استعمال کرائیں۔

(283)حب تریاق بخار

منافع: بخار خلطی ہر قسم ملیریا یا وبائی، تپ نوبتی یا روزانہ تمام اقسام کے لئے مجرب و معمول ہے۔ یہ نسخہ ہر

مطب میں تیار رہنا ضروری ہے۔

اجزا: کشتہ ابرک سیاہ، کشتہ ابرک سفید، کشتہ گاؤدنتی، ریوند عصارہ، ست گلو خالص، طباشیر نقرہ، دانہ الائچی خورد ہر ایک 6 ماشہ، کونین سلفاس ایک تولہ، مغز کرنجوہ 2 تولہ۔

ترکیب: تمام دوائیں کوٹ چھان کر جوشاندہ مندرجہ ذیل میں کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

استعمال: صبح، دوپہر، شام ایک ایک گولی شربت نیلو فر بنفشہ یا پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

نسخہ جوشاندہ: گلو خشک 5 تولہ، برگ نیم، چرائتہ، مرچ سیاہ، اتیس ہر ایک 2 تولہ سب کو نیم کوب کر کے آدھ لٹر پانی میں 24 گھنٹہ تر کر کے جوش دیں۔ جب ڈیڑھ چھٹانک رہ جائے مل چھان کر اس میں ادویہ کھرل کر کے گولیاں بنائیں۔

(284) اکسیر دق سل و تپ و کھانسی کہنہ

اسناد: دارالصحت سلطانیہ میں اس کا تجربہ ہو چکا ہے۔ دق سل کے لئے آیورویدک طب کی مجرب اور منتخب اکسیر ہے۔

منافع: دق سل ایک عسر البرء مرض ہے اور اس کی اعتباری دوائیں کم ملتی ہیں۔ مجربات سلطانی حصہ دوم و سوم اور طبی شپارے میں اس کے کئی مجرب نسخے درج ہو چکے ہیں۔ یہ بھی مستند نسخہ ہے۔ ہر قسم کے پرانے بخاروں اور ہر قسم کی پرانی کھانسی کے لئے بھی نہایت مفید ثابت ہوا ہے۔ اس سے مریض کی طاقت تھوڑے دنوں میں بڑھ جاتی ہے اور کمزور سے کمزور مریض کو جلد نفع ہو جاتا ہے۔ مجرب ہے۔

اجزا: شنگرف کا پارہ، آملہ سار مصفی ہر ایک تولہ تولہ، کشتہ طلا، مروارید ناسفتہ، کشتہ سنکھ، کشتہ صدف ہر ایک تین ماشہ، کشتہ فولاد، کشتہ تانبہ، کشتہ ابرک سیاہ ہر ایک دو تولہ کشتہ قلعی، گیرو، کشتہ مرجان ہر ایک 6 ماشہ۔

ترکیب: پارہ اور آملہ سار کو ملا کر کھرل کریں تاکہ کجلی بن جائے پھر آہنی کڑچھے میں ڈال کر آگ پر رکھیں جب پگھل جائے گوبر تازہ کو پھیلا کر اس پر کیلہ کا پتہ رکھ کر اس پر کجلی پگھلی ہوئی ڈال دیں اور پھیلا دیں اوپر کیلہ کا دوسرا پتہ رکھ دیں۔ دوا جم جائے گی۔ اب سب ادویہ ملا کر باریک کھرل کر کے عرق گلاب سے ... دیں اور دو صدف کلاں اصلی میں بند کر کے اوپر دو انگل بھر چکنی مٹی کا مضبوط سمپٹ کر کے سکھا کر دو اپلوں کی آگ میں رکھیں۔ جب مٹی کا رنگ سرخ ہو جائے فی الفور نکال لیں۔ یہ آنچ ان کے کیمیاوی طور پر ملانے کے لئے ہے۔ زیادہ آنچ ہرگز نہ آنے پائے۔ ورنہ دوا خراب ہو جائے گی۔ جب سرد ہو جائے مٹی کو اتار کر بمعہ ہر دو صدف کے کھرل کریں تاکہ سب ادویہ خوب یکذات ہو جائیں۔ پھر شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: ملٹھی 5 تولہ نیم کوب کر کے آدھ سیر پانی میں جوش دیں۔ چار تولہ پانی رہ جائے تو مل کر چھان لیں اور اس میں ستو پلادی چورن 8 تولہ، آب برگ بانسہ 16 تولہ ملا کر پکائیں اور لعوق کی طرح بنا لیں اس

وں سے 6 ماشہ لے کر ایک ماشہ شربت بنفشہ یا شہد اور دو رتی دوائی مذکورہ ملا کر صبح استعمال کریں۔ یہی
زن شام کو بھی استعمال کریں۔ بشرط برداشت طبع دوپہر کو بھی کھلا دیں۔ دوائی کھلا کر اوپر سے تازہ یا گرم
کے ٹھنڈا کیا ہوا گائے یا بکری کا دودھ پلا دینا چاہئے۔ مضرات سے پرہیز چاہئے۔

(285) نسخہ ستوپلادی چورن

منافع: بچوں کی کھانسی، بخار، بدہضمی اور ابتدا دق سل کے لئے مجرب اور آزمودہ ہے۔ منہ سے خون
نے کے لئے بھی مفید ہے۔

اجزا: دیسی مصری گنا 4 تولہ، طباشیر 2 تولہ، فلفل دراز 1 تولہ، دانہ الائچی خورد 6 ماشہ، دارچینی تین ماشہ۔

ترکیب: سب ادویہ کوٹ پیس کر سفوف کر لیں۔

استعمال: جوان کو ڈیڑھ ماشہ دن میں شربت نیلوفر یا شہد میں ملا کر یا ملٹھی کے جوشاندہ سے کھلائیں۔

(286) نسخہ دیگر

منافع: دق و سل کے لئے نہایت مفید ہے۔ ایک طبیب اس نسخہ سے بہت کامیابی حاصل کر رہا ہے۔
ل ہونے کے باوجود بہت مفید و موثر ہے۔ مرض کے سب عوارض کو جلد نفع بخشتا ہے۔ مجرب ہے۔

اجزا: زہرمہرہ خطائی، سنگجراحت، کتھ سفید، کیرا، صمغ عربی، تخم خشخاش، نشاستہ گندم، گیرو، خطمی، کشتہ
مروارید ہر ایک 7 ماشہ، کافور، افیون ہر ایک 2 ماشہ، زعفران 6 ماشہ۔

ترکیب: سب کو باریک کر کے پانی کی مدد سے چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

استعمال: صبح و شام ایک ایک گولی شربت اعجاز کے ہمراہ استعمال کریں۔

(287) نسخہ دیگر اعلیٰ

منافع: تپ دق کا نہایت ہی عجیب سریع الاثر مستند نسخہ ہے۔ اعضاء و قویٰ کو طاقت بخشتا اور کمزوری کو
ئل کرتا ہے۔ ہفتہ عشرہ کے استعمال سے دقی بخار رفع ہو جاتا ہے۔ مجرب ہے۔

اجزا: پارہ، آملہ سار ہر ایک تولہ تولہ، ورق طلا تین ماشہ، کشتہ فولاد، کشتہ قلعی، کشتہ ابرک سفید، کشتہ
ابرک سیاہ، کشتہ مرجان، کشتہ سنکھ، بسد گل ارمنی ہر ایک 6 ماشہ۔

ترکیب: پارہ آملہ سار کی کجلی بنا لیں پھر سب ادویہ ملا کر عرق بید مشک میں کھرل کر کے دو سیپ لا کر ان
رکھ کر پانچ سیر اپلوں کی "شعلہ نکل چکنے کے بعد" آگ دیں۔ جب سرد ہو ادویہ معہ سیپ کے پیس کر
لیں۔

استعمال: ایک رتی پتاشہ یا کھانڈ سفید میں رکھ کر ہمراہ شربت فریاد رس تین تولہ صبح و شام استعمال
کریں۔

(288) کشتہ گاؤدنتی

: حکیم محمد غوث صاحب کھوکھر بخاروی کا عطیہ ہے۔ آپ اس نسخہ کو ہمیشہ تیار کر کے بہت استعمال

کرتے ہیں۔

منافع: بخاروں کے لیے بہت مفید ہے۔ ذات الجنب اور کھانسی کو مفید اور مجرب ہے۔

اجزا: گھوڑ بچ ۶ تولہ، اجوائن دیسی ۶ تولہ، نوشادر، پھٹکڑی ہر ایک تولہ تولہ، گودہ گھیکوار تین کلو۔

ترکیب: ایک چھوٹی ہانڈی میں نصف گودہ گھیکوار ڈال کر اس پر نصف اجوائن کوٹ کر بچھا دیں۔ اس پر نصف نوشادر پھر نصف پھٹکڑی باریک کر کے ڈالیں اوپر ہڑتال کے ٹکڑے ٹکڑے کر کے بچھا دیں اس پر باقی اشیاء اسی ترتیب سے ڈال کر ہانڈی کا منہ چینی سے بند اور گل حکمت کر کے گڑھے میں 16 سیر اپلوں کی آگ دیں۔ سرد کر کے باریک پیس لیں۔

استعمال: دو دو رتی صبح و شام کسی مناسب جوشاندہ یا شربت کے ہمراہ استعمال کریں۔

(289) اکسیر بخار کہنہ

منافع: بخار کہنہ کی خاص دوا ہے۔ جو بخار جگر کی خرابی سے بار بار چڑھتا ہو اس کے لئے نہایت مفید ہے۔ جگر اور معدہ کا فعل ٹھیک کر کے کہنہ بخار کو زائل کرتی ہے۔ بہت عمدہ مجرب اکسیری نسخہ ہے۔

اجزا: کونین سلفاس ایک تولہ، خبث الحدید مدبر، نوشادر ہر ایک دو تولہ، آب لیموں تازہ حسب ضرورت۔

ترکیب: نوشادر پیس کر سب کو چینی کے پیالہ میں ڈال کر اوپر آب لیموں اس قدر ڈالیں کہ ادویہ بخوبی تر ہو جائیں پھر پیالہ کو دھوپ پر رکھیں۔ جب خشک ہو جائیں باریک کھرل کر کے شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: دو دو رتی صبح و شام مکھن میں رکھ کر یا تازہ پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

(290) نسخہ دیگر

منافع: بخار صفراوی، بلغمی، دموی، ملیریا کے لئے مفید ہے۔ تپ دق و سل تپ کہنہ کو مفید ہے۔ مجرب نسخہ ہے۔

اجزا: ہڑتال گاؤدنتی سالم ڈلی 6 تولہ، مغز کرنجوہ، اتیس، افستین گلو خشک، ملٹھی ہر ایک 10 تولہ، چہلہ سول 5 تولہ، شیر گاؤ میش 6 لٹر۔

ترکیب: ہڑتال کو ململ کے کپڑے میں باندھ کر دودھ میں جوش دیں۔ جب کھوا بن جائے ہڑتال علیحدہ کر لیں اور دیگر تمام ادویہ کوٹ کر پانی سے گھوٹ کر نغدہ بنا لیں اور اس میں ڈلی ہڑتال ملفوف کر کے اوپر موٹا کپڑا یا ٹاٹ لپیٹ کر اس پر گل حکمت کر دیں اور خشک کر کے ہوا سے بچا کر گڑھے میں 15 سیر اپلا کی آنچ دیں۔ سرد ہو جائے تو ڈلی ہڑتال کو باریک کھرل کر کے شیشی میں ڈالیں۔

استعمال: ایک ایک رتی صبح، دوپہر اور شام تپ صفراوی میں شربت نیلوفر کے ہمراہ۔ بلغمی میں شربت بزوری کے ساتھ۔ اگر کھانسی ہو آرد ملٹھی دو ماشہ کے ساتھ ملا کر۔ تپ دق و سل میں شربت اعجاز یا کسی مناسب بدرقہ کے ساتھ۔ تپ کہنہ میں شربت بزور کے ہمراہ۔ ملیریا ہو تو شربت نیلوفر بنفشہ کے ہمراہ استعمال کرنی چاہیے۔

(291) کشتہ نیلہ طوطیا سفید

منافع: نیلہ طوطیا کا کشتہ سفید باوزن جو سل کے لئے نہایت اکسیر ہے۔ مصفی خون ہے۔ تمام جلدی امراض چنبل، داد، پھوڑے، پھنسیوں کو ازحد مفید ہے۔ ناظرین اس مجرب اکسیری کشتہ کو بنا کر فائدہ حاصل کریں۔

اجزا و ترکیب: مچھلی روہو وزنی دس سیر لا کر اس کے دماغ میں آہنی چیز سے سوراخ کر کے اس میں نیلہ طوطیا کی سالم ڈلی رکھ کر تمام مچھلی کو خوب گل حکمت کر کے گڑھے میں ایک من اوپلوں کے درمیان مچھلی کا سر اوپر اور دھڑ نیچے ا-ستادہ رکھ کر محفوظ جگہ آگ دیں۔ سرد ہونے پر احتیاط سے نکالیں۔

استعمال: نصف چاول ہمراہ کشتہ طلا ایک چاول مکھن میں استعمال کریں۔

(292) اکسیر سیم

منافع: تپ محرقہ ہذیانی، جریان، تپ دق، ضعف قلب و دماغ، گرمی و تپش دل، دل دھڑکہ، اختلان قلب (دل پھڑکنا) ضعف اعضاء رئیسہ و شریفہ کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔

اجزا و ترکیب: ورق نقرہ تولہ طباشیر نقرہ تین تولہ دونوں اجزا ملا کر اس قدر کھرل کریں کہ چمک نہ رہے۔ پھر شیشی میں محفوظ رکھیں۔

استعمال: ایک ایک رتی صبح و شام مکھن یا ملائی میں استعمال کریں۔

(293) شربت حمی

منافع: تپ ہر قسم مفرد و مرکبہ، تپ صفراوی، بلغمی، دموی، تپ ملیریا، تپ کہنہ کے لئے 99 فیصدی مفید و مجرب ہے۔ خون صاف کرتا ہے۔ معمول بنانے کے قابل خاص نسخہ ہے۔

اجزا: گاؤزبان، نیلوفر، تخم کاسنی، مکو خشک، برگ جھاؤ ہر ایک تولہ تولہ، گل سرخ 14 ماشہ، عناب 18 دانہ، ہندی 4 تولہ، بادیان، چرائتہ، شاہترہ ہر ایک تین تولہ، مویز منقی 30 دانہ، انجیر 8 دانہ، برگ نیم 2 تولہ، بخارا 14 دانہ، گل بنفشہ 6 ماشہ، مصری دو کلو۔

ترکیب: سب کو رات کے وقت تین لٹر پانی میں تر کریں۔ صبح جوش دے کر مل چھان کر مصری ملا کر شربت تیار کریں۔

(294) عرق اکسیر بخار

منافع: ملیریا کا اکسیر بے خطا نسخہ ہے۔ اس کے علاوہ تپ نوبتی، تیہ، چوتھیہ، تپ بلغمی، تپ کہنہ کے لئے مجرب ہے۔ اس کا اثر بہت جلد اور یقینی ہوتا ہے۔ ہر مطب میں اس کو معمول بنانا ضروری ہے۔

اجزا: کونین سلفاس، بھنگرہ بریاں ہر ایک 10 رتی لائیکوار آرسنی کیلس 10 بوند، آب لیموں 2 تولہ، بادیان 10 تولہ۔

ترکیب: بھنگ ہی باریک پیس کر سب اشیاء ایک شیشی میں ملا کر خوب ہلائیں تا کہ حل ہو جائیں پھر اس پر چار نشان لگا دیں۔

استعمال: ایک ایک خوراک صبح و شام پہلے دودھ پی کر استعمال کریں۔ دوائی سے دو گھنٹہ بعد آدھ سیر گرم دودھ پینا چاہئے۔ غذا نرم ہو۔

(295) اکسیر ملیریا مزمن

منافع: ملیریا (تپ وبائیہ مزمنہ) یعنی ملیریا کہنہ (کرانک ملیریا) کی اکسیر ہے۔ ملیریا کہنہ کے سینکڑوں مریض جو دیگر دواؤں سے شفایاب نہیں ہوئے تھے۔ اس سے شفایاب ہو چکے ہیں۔

اجزا: کونین سلفاس، سلفیورک ایسڈ ڈائیلیوٹ ہر ایک 8 ماشہ، ہیر اکسیس لائیکوار سٹرکنیا ہر ایک 2 ماشہ، گنیشیا 10 تولہ، آب خالص تین پاؤ۔

ترکیب: کونین کو سلفیورک ایسڈ ڈائیلیوٹ میں حل کریں پھر سب اشیاء کو ایک بوتل میں ملا کر خوب ہلائیں تا کہ یکجان ہو جائیں۔

استعمال: چھ چھ ماشہ دن میں تین دفعہ عرق کاسنی 2 تولہ میں ملا کر استعمال کریں۔ اس کے دوران استعمال میں دودھ گھی ضرور استعمال کرنا چاہئے۔

مجربات امراض جلد

(296) اکسیر آتشک

اسناد: حکیم میاں احمد یار صاحب سپر اسکنہ میانہ ہزارہ (سرگودھا) کا عطیہ خاص ہے۔ نسخہ فی الواقعہ قابل قدر اور میرا مجرب ہے۔

منافع: آتشک نر و مادہ جدید و کہنہ ہر قسم کا یک روزہ کامل علاج ہے۔ اس سے ایک دن میں مریض کو فائدہ ہو جاتا ہے اور پھر مرض عود نہیں کرتا۔ اس کا تجربہ ہوا۔ مفید ثابت ہوا ہے۔ اس سے منہ نہیں آتا نہ کوئی اور تکلیف ہوتی ہے۔ بے خطا مجرب المجرب ہے۔

اجزا و ترکیب: تخم بھنگ، شنگرف رومی، رسکپور، دار چکنا ہر ایک 6 رتی سب کو الگ الگ پیس کر خوب کھرل کر کے نگاہ رکھیں۔

استعمال: عصر کے وقت گوشت بکری آدھ کلو گھی عمدہ پاؤ پختہ مصالحہ گرم جیسا گوشت کا ہوتا ہے۔ حسب ضرورت مگر مرچ سرخ کم از کم 25 عدد سے 35 عدد تک ہوں۔ جب گھی خوب گرم ہو جائے تو مصالحہ جو پہلے گھوٹ کر تیار رکھا ہو دو منٹ تک گھی میں بریاں کریں۔ بعدہ گوشت ڈال کر دوائی تین ماشہ ڈال دیں اور گوشت کو بھوننا شروع کریں تا کہ گوشت بھن کر رنگ سرخی مائل ہو جائے اور کھانے کے لائق ہو جائے۔ اس وقت اتار کر نیم گرم ہی کھا لیا جائے۔ سرد نہ ہونے دیں۔ مصالحہ وغیرہ جو دیگچہ میں ہو سب

پر کھالینا چاہئے۔ صبح کی نسبت شام کے وقت استعمال کرنا مناسب ہے۔ رات کو کسی نہ کسی وقت دو چار اجابتیں ہوں گی اور صبح تمام زخم سوکھ جائیں گے۔

پرہیز: دوا سے ایک ہفتہ تک جسم کو پانی سے بچائیں۔ اگر پانی کی ضرورت پڑے تو گرم استعمال کریں ورنہ تشنج ہو جانے کا خطرہ ہے۔ نمک اور کچا میٹھا اور ترش اشیاء سے پرہیز ہے۔

غذا: مالیدہ یعنی چوری مرغن گھی جس قدر چاہیں کھا سکتے ہیں۔ اگر ان آٹھ دن میں روٹی بیسنی ہو تو اچھا ہے۔

(297) حب اکسیر آتشک

اسناد: حکیم مولوی نور احمد صاحب قریشی کا معمول اور عطیہ خاص ہے۔ آپ نے سینکڑوں مریضوں پر استعمال کیا۔ پوری کامیابی حاصل ہوتی رہی۔

منافع: آتشک ہر قسم کا مجرب بے خطا اکسیری نسخہ ہے۔ سات یوم میں ہر قسم کا آتشک نیست و نابود ہو جاتا ہے اور پھر عود نہیں کرتا اس سے کوئی جسمانی تکلیف نہیں ہوتی۔ ایک وقت میں کافی مریضوں کی دوائی تیار ہو جاتی ہے۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔

اجزا: لونگ بریاں، رسکپور ہر ایک 2 تولہ، دانہ الائچی خورد، شنگرف رومی ہر ایک تولہ تولہ، شیر بز حسب ضرورت۔

ترکیب: سب ادویہ الگ الگ باریک کر کے پختہ کھرل میں تین دن متواتر شیر بز کے ساتھ سحق کر کے دانہ مسور کے برابر گولیاں بنالیں۔

استعمال: صبح ناشتہ کر کے ایک گولی مویز منقی میں لپیٹ کر دودھ کے ہمراہ نگل لیں بعد میں حسب خواہش دودھ نوش کریں۔ دوران استعمال میں غذا چوری، مرغن یا حلوہ ضروری ہے۔

(298) نسخہ دیگر

منافع: آتشک ہر قسم کو بیخ و بن سے اکھاڑ دینے والی اکسیر ہے۔ اس سے خون صاف ہوتا ہے۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔

اجزا: سیماب، آملہ سار، رسکپور بھلاوہ کلاہ بریدہ، فلفل سیاہ، ہلیلہ سیاہ، تخم حنظل ہر ایک ساڑھے تین ماشہ، معبر 7 ماشہ، ہڑتال ورقیہ ایک ماشہ۔

ترکیب: سیماب اور آملہ سار کو کھرل کر کے کجلی بنالیں باقی اجزا باریک پیس لیں پھر سب کو ایک پختہ کھرل میں ڈالیں اور برگ نیم، شاہترہ، پوست ہلیلہ زرد ہر ایک 5 تولہ نیم کوب کر کے رات کو مناسب پانی میں تر کر کے صبح جوش دیں اور مل چھان کر ادویہ مذکورہ میں تھوڑا تھوڑا ملا کر تین دن کھرل کرتے رہیں پھر چنے کے برابر گولیاں تیار کر لیں۔

استعمال: روزانہ صبح ناشتہ کے بعد ایک گولی 2 تولہ گھی گرم شدہ کے ہمراہ نگل لینی چاہئے۔

مرغن مثل حلوہ یا مالیدہ مرغن استعمال کرنی چاہیے۔
غذا: مرغن مثل حلوہ یا مالیدہ مرغن استعمال کرنی چاہیے۔
پرہیز: لال مرچ، بینگن، اچار، دال مسور، مچھلی گوشت وغیرہ تیل دار اور گرم اشیاء سے پرہیز ہے۔

(299) اکسیر جذام

منافع: جذام کے لئے نہایت مفید و مجرب ہے۔
اجزا: سم الفار سفید، ہڑتال ورقی، رسکپور، سیماب، آملہ سار، فلفل سیاہ ہر ایک ماشہ ماشہ، مغز حب الملوک مدبر دو تولہ۔
ترکیب: سب ادویہ باریک کر کے آب بھنگرہ میں پانچ یوم کھرل کر کے مرچ سیاہ کے برابر گولیاں تیار کریں۔
استعمال: روزانہ ایک گولی ہمراہ شیر گاؤ استعمال کریں۔
غذا: چنے کی روٹی روغن زرد کے ساتھ استعمال کریں۔ باقی سب غذاؤں سے پرہیز ہے۔

(300) نسخہ دیگر

منافع: جذام کے لئے مجرب اور آزمودہ ہے۔
اجزا: مصبر، گندھک، شنگرف، ہڑتال ورقی، فلفل سیاہ، بلادر، کنجد سیاہ، شحم حنظل، زردچوبہ، زرنباد، بیش سفید، ہلیلہ سیاہ، ترپھلہ، بابچی، ثمر بکائن ہر ایک تولہ تولہ۔
ترکیب: سب کو باریک پیس کر تین یوم آب مطبوخ شاہترہ کے ہمراہ کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔
استعمال: دو گولیاں روزانہ ایک گھونٹ گھی کے ہمراہ استعمال کریں۔

(301) نسخہ دیگر

منافع: جذام کو آہستہ آہستہ دور کر دیتی ہے۔
اجزا: سیماب، سم الفار سفید ہر ایک 2 ماشہ، کندر تولہ ریوند چینی 6 ماشہ، صمغ عربی 4 ماشہ۔
ترکیب: پہلے سیماب اور سم الفار کو آب لیموں تازہ کے ساتھ کھرل کریں پھر باقی اجزا باریک کر کے ملا کر بکری کے پتے کے پانی میں خوب کھرل کریں۔ حتیٰ کہ چشم سیماب نہ رہے اور خوب باریک ہو جائیں اور دانہ مونگ کے برابر گولیاں تیار کریں۔
استعمال: ایک گولی روزانہ غذا کے بعد استعمال کریں۔

(302) دوائے چھپاکی

منافع: چھپاکی یعنی شری کے لئے مفید ہے۔ خون صاف کرتی ہے۔ ایک دن میں فائدہ ہوتا ہے۔
اجزا: برگ حناء، برگ نیم، ہرمچی، کچور، گیرو، صندل سرخ و سفید، مجیٹھ ہر ایک تولہ تولہ۔

ترکیب: تمام ادویہ کوٹ چھان کر سفوف تیار کریں۔

استعمال: ایک ایک ماشہ صبح دوپہر و شام گلقند ایک تولہ میں ملا کر کھائیں بعد میں پانی یا کسی عرق کے تین چار گھونٹ پی لیں۔

(303) نسخہ دیگر مجرب

اجزاو ترکیب: موم دیسی ایک تولہ نمک لاہوری کوفتہ 6 ماشہ دونوں کو کھرل کر کے یکجان کر لیں اور چنے کے برابر گولیاں تیار کریں۔

استعمال: دو دو گولیاں صبح و شام پانی کے ہمراہ نگل لیں۔

(304) روغن جراحات

اسناد: حکیم محمد اسحٰق صاحب کا بارہا کا تجربہ شدہ اطمینانی سریع الاثر اور مخفی نسخہ ہے۔

منافع: تمام قسم کے گندے اور عسر البرء زخموں کو جلد مندمل کرتا ہے۔ جن زخموں میں کیڑے پڑے ہوئے ہوں ان کے لئے بھی اکسیر ہے۔

اجزا: روغن سرسوں 8 تولہ، کاربالک ایسڈ 1 تولہ، ٹنکچر آیوڈین 6 ماشہ، ایکری فلوین ایک رتی۔

ترکیب: تینوں ادویہ تیل میں اچھی طرح ملا کر نگاہ رکھیں۔

استعمال: زخم پر روئی سے دن میں دو بار لگا دینا چاہئے۔ گر زخم گندے اور خراب ہوں تو برگ نیم پانی میں ابال کر زخم کو صاف کر لینا چاہئے۔ یا بورک لوشن وغیرہ سے زخم کو دھو لیا جائے۔

(305) مرہم جراحات

منافع: پھوڑہ، پھنسی ہر قسم ناسور، بھگندر زخم سوختہ کی کامیاب مرہم ہے۔ بہت جلد اپنا اثر دکھاتی ہے۔ مجرب۔

اجزا: روغن گاؤ خالص، موم خام ہر ایک ایک پاؤ، مردہ سنگ 2 تولہ، توتیا سبز 8 ماشہ۔

ترکیب: موم اور روغن کو گرم کر کے مردہ سنگ اور توتیا باریک شدہ ملا کر آگ سے اتار لیں اور سو دفعہ پانی سے دھوئیں۔

استعمال: حسب دستور باریک کپڑے پر لگا کر زخم پر لگائیں۔

(306) دوائے دافع خارش و مصفی خون

منافع: خارش ہر قسم کی مجرب دوا ہے۔ آٹھ یوم کے استعمال سے خارش کا نام و نشان نہیں رہتا اور خون صاف ہو جاتا ہے۔ خرابی خون کے لئے عجیب دوائی ہے۔ اس لئے ہر قسم کے پھوڑے پھنسیوں کو مفید ہے۔

اجزا: چرائتہ دو تولہ، الائچی خورد، عشبہ مغربی، ہلیلہ سیاہ، گل ملتانی ہر ایک تولہ تولہ، گیرو 6 ماشہ، سناء کی 9

ماشہ، یہ ایک پڑیہ کا وزن ہے۔ ایسی تین پڑیاں بنالیں۔ کوٹنے والی ادویہ کوٹ لینی چاہیے۔

استعمال: ایک پڑیہ رات کو اتنے پانی میں بھگو دیں کہ ادویات تر ہو کر پاؤ بھر پانی باقی رہے۔ صبح پاؤ پانی نکال کر شہد ملا کر پی لیں اور پاؤ بھر پانی اور ڈال کر رکھ دیں۔ 4 بجے شام اس کو اتار کر اور چھان کر شہد ملا کر پئیں۔ اسی طرح صبح و شام ایک ایک پاؤ تازہ پانی ملا کر ایک پڑیہ کو دو دن استعمال کریں۔ دوسرے دن رات کو دوسری پڑیہ بھگو کر بدستور مذکور دو دن استعمال کریں۔ تین یا چار پڑیوں کے استعمال سے خواہ کبھی خارش ہو رفع ہو جائے گی۔ اس کے ساتھ مندرجہ ذیل خارجی استعمال کی دوا بھی استعمال کی جائے۔

نوٹ: جس شخص کو اسہال آ رہے ہوں اس کے لئے سناء نہ ملائی جائے۔

(307) دوائے خارش ہر قسم

منافع: یہ نسخہ خارش خشک و تر ہر قسم کے لئے مجرب المجرب زود اثر نہایت عجیب الاثر ہے۔ تین چار دن کے استعمال سے خارش رفع ہو جاتی ہے۔

اجزا: آملہ سار، سیماب، بھنگڑی، بابچی، کمیلہ، مردار سنگ، نیلا تھوتھا ہر ایک 6 ماشہ۔

ترکیب: اول آملہ اور سیماب کو باہم ملا کر کھرل کریں تاکہ خوب سیاہ رنگ ہو جائے۔ بعدہ ہر ایک دو الگ الگ باریک پیس کر ملا دیں اور اچھی طرح کھرل کر کے رکھیں۔

استعمال: گائے کا مکھن آدھ پاؤ 21 دفعہ پانی سے دھو کر تمام سفوف میں ملا لیں اور بقدر ضرورت لے کر دوپہر کے وقت دھوپ پر بیٹھ کر مالش کریں۔ دو گھنٹہ کے بعد گرم پانی سے غسل کریں۔

(308) اکسیری تیل

منافع: یہ نسخہ خارش ہر قسم، پھوڑے پھنسیاں، داد (دہدری) مع بواسیر، سر کے گنج، گنٹھیہ و ختنہ کے زخم کے لئے ہزارہا دفعہ کا آزمودہ ہے۔ زخم پر مکھی نہیں بیٹھتی۔ عجیب الاثر مایہ ناز نسخہ نذر ناظرین ہے۔

اجزا: بھلاوہ تازہ سولہ عدد، کچلہ قسم کلاں 8 عدد، انڈا مرغی 8 عدد، شنگرف 3 تولہ، پٹاس سفید 6 ماشہ، تیل تارامیرا خالص ایک لٹر۔

ترکیب: شنگرف کو باریک کھرل کریں۔ بعدہ نصف تیل کو کڑاہی میں ڈال کر بھلاوہ، کچلہ، انڈے ٹوٹے ہوئے اور شنگرف ڈال کر نیچے نرم آگ جلائیں۔ حتیٰ کہ تمام اشیاء جل کر کوئلہ کی مانند ہو جائیں۔ پھر بھلاوہ، کچلہ، انڈے سوختہ شدہ تیل سے نکال کر ایک کھرل میں ڈالیں اور بقایا خام تیل تھوڑا تھوڑا ڈالتے اور کھرل کرتے جائیں۔ جب بھلاوے وغیرہ باریک ہو جائیں۔ اور تیل خام ختم ہو جائے۔ اس کو کڑاہی والے تیل میں ملا کر جوش دیں اور اتار کر پٹاس ڈال دیں۔ ٹھنڈا ہونے کے بعد قدرے کھرل کر کے یکجان کر لیں اور بوتل میں نگاہ رکھیں۔

نوٹ: انڈوں کا اوپر والا چھلکا بھی ساتھ ہی ملانا ہو گا۔ اگر تیل گنٹھیہ کے لئے بنانا ہو۔ تو تیل تارامیرکی بجائے روغن کنجد میں تیار کریں۔

استعمال: بوقت ضرورت گرم کر کے مالش کریں۔

(309) حبوب مصفی خون

منافع: تصفیہ خون کے لئے نہایت بہترین نسخہ ہے۔ بچوں کے سرخ بادہ کو بھی مفید اور مجرب ہے۔

اجزا: زہر مہرہ خطائی، رسوت، جدوار اصلی، چاکسو، کچور، کشنیز خشک، برگ نیم، برگ حناء، مرچ سیاہ، برادہ صندل سفید، برادہ صندل سرخ، گیرو، شاہترہ پوست ہلیلہ، پوست بلیلہ آملہ ہر ایک تین ماشہ، شہد خالص حسب ضرورت۔

ترکیب: ادویہ کوٹ چھان کر شہد ملا کر نخود کے برابر گولیاں تیار کرلیں۔

استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام شیر مادہ گاؤ کے ہمراہ استعمال کریں۔

(310) مرہم برائے ختنہ وغیرہ

منافع: ختنہ اور دیگر اقسام زخموں کو مندمل کرنے میں نہایت سریع الاثر مرہم ہے۔ عموماً ایک ہی دفعہ کے لگانے سے شفاء ہو جاتی ہے۔ بارہا تجربہ ہو چکا ہے۔

اجزا: سفیدہ کاشغری 2 ماشہ، دم الاخوین، شنگرف، کافور ہر ایک ماشہ ماشہ، رال سفید 4 تولہ، روغن السی 3 تولہ۔

ترکیب: حسب دستور مشہور مرہم بنائیں۔

استعمال: باریک کپڑے پر لگا کر زخم پر لگا دینی چاہئے۔

(311) حبوب چھپاکی

منافع: شری یعنی چھپاکی مزمن کا مجرب نسخہ ہے۔

اجزا: فلفل سیاہ، جل نیم بوٹی ہر ایک چھ ماشہ، موم سفید ایک تولہ۔

ترکیب: پہلی دونوں چیزیں کوٹ کر موم کے ساتھ ملا کر خوب کھرل کر کے یکجان کریں اور کنار دشتی کے برابر گولیاں بنالیں۔

استعمال: دو گولیاں روزانہ ہمراہ آب خالص استعمال کی جائیں۔

(312) نسخہ دیگر

اسناد: محترم حکیم فضل حسین صاحب کا معمول و عطیہ ہے۔

منافع: شری (چھپاکی) کے لئے ایک مفید ترین نسخہ ہے۔ چار روز سے زیادہ استعمال کرنے کی ضرورت نہیں رہتی۔

اجزا و ترکیب: سنگجراحت، سوڈا بائی کارب ہم وزن کھرل کریں۔

استعمال: ڈیڑھ ڈیڑھ ماشہ ہمراہ آب خالص صبح، دوپہر اور شام استعمال کرنا چاہئے۔ پہلے ہلکا سا مسہل لینا

ضروری ہے۔

(313) اکسیر جذام و آتشک وغیرہ

اسناد: عزیز حکیم ملک محمد غوث صاحب کھوکھر کا عطیہ خاص ہے۔ نسخہ نہایت قابل قدر ہے۔

منافع: روغن سم الفار کا آسان نہایت مفید کیمیاوی نسخہ ہے۔ جو جذام و آتشک کے لئے تیر بہدف ہے۔ مقوی باہ اور مصفی خون ہے۔ خراب پھوڑے جن میں پیپ بہت پڑ گئی ہو اور مرہموں سے شفایاب نہ ہوتے ہوں۔ ہڈی تک پیپ کا اثر ہو چکا ہو ان کو بھی درست کر دیتا ہے۔ سات خوراک میں شفاء ہوتی ہے۔ تمام جلدی امراض مثل ناسور، بھگندر، خارش، پھوڑے پھنسی کے لئے اکسیر ہے۔

اجزاو ترکیب: پٹھ کنڈا کو جلا کر اس کی خاکستر بنالیں اور آٹھ گنا پانی میں تر کریں۔ روزانہ دو تین دفعہ کسی چیز سے ہلا دیا کریں۔ تین روز کے بعد اس کا صاف زلال نتھار کر لوہے کی کڑھائی میں پکائیں۔ جب پانی خشک ہو جائے گا نیچے نمک جمع ہو گا۔ اس سے 10 تولہ لے کر پیس کر ایک کوزہ گلی میں ایک تولہ سم الفار سفید سالم ڈلی کے نیچے اوپر رکھ کر اس کا منہ چینی سے بند کر کے اوپر دو تین دفعہ گل حکمت کریں اور تین سیر اپلوں کی گڑھے میں محفوظ جگہ آگ دیں۔ جب سرد ہو کھول کر دیکھیں۔ سم الفار شگفتہ ہو گا۔ اسے پیس کر چینی کے پیالہ میں ڈال کر دو روز شبنم میں رکھیں۔ تیل ہو جائے گا۔ شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: صبح نصف قطرہ ناشتہ کے بعد مکھن یا ملائی میں رکھ کر کھلائیں۔ پہلے نصف خوراک شروع کی جائے۔ آہستہ آہستہ حسب برداشت طبع نصف قطرہ تک استعمال کریں۔

غذا: مالیدہ مرغن (چوری مرغن) بے نمک تا صحت اس کے بغیر اور کوئی غذا نہ دی جائے۔ دو وقت صرف چوری بے نمک کھائی جائے اور سب اشیاء سے پرہیز ہے۔ دودھ، گھی کافی استعمال کرنا چاہئے۔ سوائے طبیب حاذق کے اس نسخہ کو ناتجربہ کار لوگ استعمال نہ کریں۔ مزاج اور موسم کا لحاظ ضروری ہے۔

(314) شربت اکسیر مصفی خون

منافع: عجیب مصفی خون شربت ہے۔ فساد خون کے اکثر امراض کو مفید ہے۔ ہندوستانی جڑی بوٹیوں کا خلاصہ خرابی خون سے پیدا ہونے والی امراض کا بے خطا جامع مرکب ہے۔ پھوڑے پھنسیاں، خارش، داد کو خوب فائدہ کرتا ہے۔ اس سے آتشک، جذام، سوزاک کا زہریلا مادہ بھی رفع ہو جاتا ہے۔ عجیب الاثر مستند نسخہ ہے۔

اجزا: شاہترہ، چرائتہ، منڈی، ہلیلہ سیاہ، صندل سرخ، عشبہ مغربی، برہم ڈنڈی، برادہ شیشم ہر ایک 2 تولہ عناب 60 عدد۔

ترکیب: چرائتہ، عشبہ، ہلیلہ سیاہ کو نیم کوب کر کے سب ادویہ رات کو ایک سیر پانی میں تر کریں۔ صبح جوش دیں۔ جب آدھ سیر پانی رہ جائے مل چھان کر مصری ایک سیر ملا کر شربت تیار کریں۔

استعمال: 2 تولہ شربت میں 5 تولہ عرق عشبہ ملا کر صبح و شام استعمال کریں۔

(315) روغن اکسیر داد و چنبل

اسناد: ایک جراح کا بہت مشہور نسخہ ہے۔ اس سے حاصل کر کے پیش کیا جاتا ہے۔

منافع: داد کو دو تین دفعہ لگانے سے دور کر دیتا ہے۔ چنبل کو از حد مفید ہے۔ نہایت اطمینانی اکسیر الاثر خاص صدری نسخہ ہے۔

اجزا: چھلکا ناریل کوفتہ، تخم بنولہ یعنی بیوے کوفتہ، چھلکا بادام، دانہ گندم، ہر ایک سیر سیر، نوشادر ٹھیکری دو تولہ۔

ترکیب: پہلی چاروں ادویہ ایک بڑی ہانڈی میں ڈال کر منہ پر چپنی رکھ کر اوپر مضبوط گل حکمت کر دیں۔ ہوا سے بچا کر گڑھا اتنا بنائیں جس میں 15 سیر اپلے سما سکیں۔ اس گڑھے کے درمیان میں ایک چھوٹا سا گڑھا بنائیں جس میں ایک چھوٹا کجہ رکھا جا سکے۔ ہانڈی کے پیندے میں ایک سوراخ بنایا جائے۔ اب سا ہانڈی کے نیچے چھوٹا کجہ رکھ کر جائے وصل پر مٹی لگا دیں۔ اوپر 15 سیر اوپلہ ڈال کر آگ لگا دیں۔ جب سرد ہو جائے آرام سے خاکستر الگ کر کے چھوٹے کوزہ گلی کو اٹھا لیں۔ اس میں تیل موجود ہو گا۔ اسے شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: داد اور چنبل پر روئی سے لگائیں۔

(316) حبوب داد

منافع: داد (دہدری) کی مجرب دوا ہے۔ چند روز میں فائدہ ہو جاتا ہے۔

اجزا: سیماب 6 ماشہ، آملہ سار تولہ، نوشادر 1 ماشہ، سفیدہ کاشغری، مردہ سنگ، سندھور ہر ایک تین ماشہ۔

ترکیب: سیماب اور آملہ سار کو کھرل کر کے کجلی تیار کریں۔ باقی ادویہ باریک پیس کر ملا کر آب لیموں میں کھرل کر کے موٹی موٹی گولیاں تیار کریں۔

استعمال: بوقت ضرورت پانی میں گھس کر دن میں دو یا تین بار طلا کیا کریں۔

(317) مرہم داد و خارش

منافع: داد (دہدری) اور خارش ہر قسم کو بہت جلد فائدہ بخشتی ہے۔

اجزا: سیماب، کبریت، باپچی، مردار سنگ ہر ایک تولہ تولہ۔

ترکیب: کبریت اور سیماب کو کھرل کر کے کجلی تیار کریں۔ پھر باپچی اور مردار سنگ باریک کر کے ملا دیں اور دو تین گھنٹہ تک خوب کھرل کریں۔

استعمال: ایک حصہ دوائی میں تین حصہ تازہ مکھن (جو کہ اکیس بار پانی سے دھو لیا گیا ہو) ملا کر لیں۔

(318) دوائے گنج سر

منافع: گنج سر (سعفہ) کے لئے سریع الاثر مجرب و آزمودہ ہے۔ جلد فائدہ ہو جاتا ہے اور بال اگ آتے

ہیں۔

اجزاو ترکیب: روغن بیضہ مرغ ایک حصہ، آب بھنگرہ سفید ایک حصہ ملا کر لگانا چاہئے۔

(319) مرہم شبور سر اطفال

منافع: بچوں کی سر کی پھنسیاں جو تر ہوں اور ان سے پانی بہتا ہو اس دوا سے بہت جلد دور ہو جاتی ہیں عموماً تین دن میں کلی آرام ہو جاتا ہے مجرب ہے۔

اجزا: تخم ارنڈ۔ جغرات (دہی) ہر ایک 5 تولہ خاکستر پاچک دستی ایک تولہ طوطیا بریان تین رتی۔

ترکیب: سب کو پیس کر تانبہ کے تھال میں جو قلعی شدہ نہ ہوں اس قدر کھرل کریں کہ مرہم کی شکل اختیار کرے۔

استعمال: سر کے پھوڑوں پر مرغی کے پر سے لگا کر اوپر برگ پان یا ارنڈ باندھ دینا چاہئے۔

(320) بال قبل از وقت سفید ہونا

منافع: جوانی میں قبل از وقت بال سفید ہونے لگ جائیں تو اس سفوف کے استعمال سے پورا پورا فائدہ ہو جاتا ہے یہ سفوف 41 دن استعمال کرنی چاہئے۔

اجزا: برگ بھنگرہ در سایہ خشک کردہ، ترپھلہ، ہلیلہ سیاہ ہر ایک تین تولہ، کھانڈ سفید 4 تولہ روغن بادام حسب ضرورت۔

ترکیب: خشک ادویہ باریک پیس کر روغن بادام سے چرب کریں پھر کھانڈ ملا لیں۔

استعمال: چھ ماشہ صبح شیر بز ایک پاؤ کے ہمراہ استعمال کریں۔ بادی ترشی سے پرہیز۔

(321) دوائے خارش

اسناد: حکیم محمد بخش صاحب ستیاز (جھنگ) کا بیس سالہ مجرب عطیہ خاص ہے۔

منافع: ہر قسم کی خارش خشک اور تر کے لئے سو فیصدی مفید ہے۔

اجزا: گندھک آملہ سار۔ گندھک زرد۔ تربد سفید۔ نیلا تھوتھا بُجی ہر ایک تولہ تولہ۔

ترکیب: سب ادویہ باریک پیس کر رکھ لیں۔ آٹا گندم سے دو چپاتیاں بنا کر ایک چپاتی کو توے پر ڈال کر اوپر سفوف مذکور پھیلا کر رکھ دیں اوپر دوسری چپاتی رکھ کر ان کے منہ اچھی طرح ملا دیں نیچے آگ جلائیں۔ جب نیچے والی چپاتی پک کر سرخ ہو جائے الٹا دیں۔ جب دونوں طرف خوب پک جائیں اتار کر سرد کر لیں اور دوا نکال لیں۔

استعمال: تین ماشہ دوا میں روغن تارا میرا 2 تولہ ملا کر مالش کریں۔ تین گھنٹہ کے بعد گرم پانی سے غسل کر کے مکھن میں قدرے نمک ملا کر مالش کر دیں تین دن ضرور استعمال کرنا چاہئے۔

(322) دیسی آیوڈین

منافع: ہر قسم کے پھوڑے پھنسیاں۔ چوٹ ضرب وغیرہ کے لئے ولایتی آیوڈین سے زیادہ مفید ثابت ہو

ہے بہت جلد نفع بخشتی ہے تجربہ کر کے دیکھیں۔ بنانے میں بھی کوئی دقت نہیں ہوتی۔ بارہا تجربہ ہو چکا ہے۔

اجزا: شراب دیسی خالص ایک لٹر سہاگہ ہلدی مصبر زرد۔ بھنگڑی ہر ایک 10-تولہ نیلہ تھوتھہ 6 ماشہ۔

ترکیب: شراب کو دو بوتلوں میں ڈال کر خشک ادویہ پیس کر بحصہ برابر دونوں بوتلوں میں ملا کر رکھ دینا چاہئے چار یوم کے بعد چھان کر ثفل پھینک دیں اور مصفے دوا کو بوتلوں میں بھر لیں۔

استعمال: روئی سے لگایا کریں۔

(323) مرہم اکسیر طاعون و بکھرالی وغیرہ

منافع: طاعون بکھرالی اور ہر قسم کے پھوڑے پھنسیوں کا مستند مجرب نسخہ ہے۔

اجزا: لوبان کوڑیہ۔ کافور دیسی خالص ہر ایک تولہ تولہ۔

ترکیب: دونوں ادویہ الگ الگ پیس کر ملا لیں اور دو دو قطرہ پانی ڈالتے رہیں اور کھرل کرتے رہیں حتی کہ مرہم کی طرح بن جائے پھر کسی ڈبیہ میں رکھیں۔

استعمال: حسب دستور کپڑے پر لگا کر پھوڑے پھنسیوں پر لگائیں اگر ورم بیٹھنے والا ہو گا تو فوراً درست ہو کر پھوڑہ تحلیل ہو جائیگا اگر پک کر تحلیل ہونے والا ہو تو اس کو پکا کر بہت جلد اچھا کر دے گا۔

(324) دوائے دافع بہق ابیض

منافع: بہق ابیض یعنی بدن کے سفید داغ (پھلبہری) کی مجرب دوا ہے۔

اجزا و ترکیب: گندھک مصفی اور نوشادر برابر وزن پیس کر سفوف بنا لیں۔

استعمال: حسب ضرورت سفوف لے کر آب لیموں میں ملا کر داغوں پر لگائیں۔ ایک گھنٹہ لگا رہنے دیں۔ دن میں کم سے کم دو دفعہ لگانا چاہئے۔

مجربات امراض پشت

(325) سفوف الاوجاع

منافع: جوڑوں کے درد، درد سینہ، درد سر، درد کمر، درد عصبی ہر قسم کی مجرب دوا ہے۔

اجزا: سورنجان شیریں، کشنیز خشک ہر ایک 2 تولہ، اسپرین ایک تولہ، انٹی فیرین 5 ماشہ، کیفین سائٹراس 7 ماشہ، قند سفید 6 تولہ۔

ترکیب: سب ادویہ باریک کوٹ کر ملا لیں۔

استعمال: 2 ماشہ یا 3 ماشہ حسب طاقت مریض دن میں تین بار آب خالص کے ہمراہ استعمال کریں۔

(326) دوائے نقرس و عرق النساء

اسناد: شاگرد رشید حکیم محمد سعید صاحب ساکن چک نمبر 104 شمالی (سرگودھا) کا عطیہ خاص ہے۔

منافع: نقرس اور عرق النساء عسرالبرء امراض ہیں ان کے لئے یہ سادہ سا نسخہ بہت مفید ثابت ہوا ہے۔

اجزا: سورنجاں شیریں 3 تولہ، برگ سناء مکی 2 تولہ، تربد سفید، نمک لاہوری، خربق سفید، غاریقون مغربی، پوست ہلیلہ زرد، ہلیلہ سیاہ، زیرہ سیاہ، زنجبیل بے ریشہ ہر ایک تولہ تولہ۔

ترکیب: کوٹ پیس کر سفوف تیار کرلیں۔

استعمال: 9 ماشہ صبح ٹھنڈے پانی کے ساتھ استعمال کریں۔

(327) اکسیر وجع مفاصل

اسناد: شاگرد رشید حکیم غلام حسین صاحب کا عطیہ ہے۔

منافع: وجع مفاصل (گنٹھیا) عرق النساء، نقرس، درد کمر، ہر قسم کے عصبی دردوں کی لاجواب اکسیر ہے۔ بہت سریع النفع تجربہ شدہ نسخہ ہے۔ بفضلہ پہلے دن اثر ظاہر ہوتا ہے۔

اجزا: آسگند ناگوری 2 تولہ، سورنجان شیریں 7 تولہ، سونف دیسی 4 تولہ، اسپرین 3 تولہ، فنسٹین 4 تولہ، کیفین سائٹراس 2 تولہ، قند سفید 11 تولہ۔

ترکیب: پہلی تینوں دوائیں کوٹ چھان کر سب کو ملا کر کھرل کریں۔

استعمال: صبح، دوپہر اور شام ایک ایک ماشہ دودھ کے ہمراہ استعمال کریں۔

(328) حب اکسیر عرق النساء

اسناد: شاگرد رشید حکم محمد سعید صاحب سکان چک نمبر104 شمالی (سرگودھا) کا عطیہ ہے۔

منافع: عرق النساء (لنگڑی کا درد) جسے رینگن بھی کہتے ہیں کے لئے نہایت مفید ہیں۔ عموماً ایک ہفتہ میں آرام ہو جاتا ہے۔ نیند تو پہلے دن ہی آنے لگ جاتی ہے۔ مجرب نسخہ ہے۔

اجزا: کچلہ مدبر، افیون، عقرقرحہ، فلفل سفید ہر ایک تولہ تولہ آب گھیکوار حسب ضرورت۔

ترکیب: ادویہ باریک پیس کر آب گھیکوار میں خوب کھرل کر کے چنے کے برابر گولیاں بنائیں۔

استعمال: ایک ایک گولی صبح و شام ایک گھونٹ گرم شدہ گھی کے ہمراہ نگل لینی چاہئے۔ سرد، بادی، قابض اور تیل دار اشیاء سے پرہیز ہے۔

کچلہ مدبر کرنے کی ترکیب: چار تولہ کچلہ کو ایک پاؤ دانہ گندم کے ہمراہ کڑھائی بھون لیں۔ جب گندم کے دانے جلنے لگیں کڑھائی کو آگ سے نیچے اتار کر کچلے الگ کرلیں اور ان کو پانچ تولہ گھی میں نرم آنچ پر کڑچھی میں بریاں کریں۔ جب کچلے اچھی طرح پھول جائیں آگ سے اتارلیں اور کچلوں کو الگ کر کے ہاون دستہ آہنی میں باریک کوٹ کر سفوف تیار کریں۔ بقایا گھی عصبی امراض میں مالش کے کام آئے گا۔

(329) حب اکسیر وجع مفاصل

منافع: جب ترش مادہ (یورک ایسڈ) جوڑوں میں بیٹھ جائے تو وہاں دردیں شروع ہو جاتی ہیں۔ یہ گولیاں

درک ا۔سڈ کے لئے نہایت مفید ہیں۔ ان کے استعمال سے تمام مواد بذریعہ اسہال خارج ہو جاتے ہیں اور دردوں کو آرام ہو جاتا ہے۔ وجع مفاصل یعنی جوڑوں کے درد کا عمدہ ترین بے ضرر نسخہ ہے۔ جس کا بارہا تجربہ ہوا۔ نازک سے نازک مزاج مریض کو بھی اس سے کسی قسم کی تکلیف نہیں ہوتی۔

اجزا: عشق پیچہ، مصبر زرد عمدہ، سورنجان شیریں، زنجبیل، تربد سفید، گوگل، غاریقون، تخم حنظل، بابونہ ہر ایک تولہ تولہ، لعاب گھیکوار حسب ضرورت۔

ترکیب: تمام ادویہ باریک کوٹ چھان کر لعاب گھیکوار میں خوب کھرل کر کے نخودی گولیاں تیار کر لیں۔

استعمال: ایک ماشہ وزن کر کے صبح اور ایک ماشہ شام کو شربت بزوری 3 تولہ، عرق سونف 12 تولہ کے ہمراہ پھانک لیں۔

(330) روغن مسکن

منافع: ضربہ، سقطہ، چوٹ ہر قسم کے ورموں اور دردوں کے لئے نہایت مفید ہے۔ بارہا کے تجربہ کے بعد سریع الاثر اور بے خطا ثابت ہوا ہے۔ چوٹ ہر قسم کے درد میں فوری نفع ہوتا ہے۔ درد جوڑ کو رفع کرتا ورم کو تحلیل کرتا ہے۔ ہر مطب میں تیار رہنے کے قابل ہے۔

اجزا: زردچوب یعنی ہلدی 5 تولہ، کافور، افیون، اجوائن خراسانی ہر ایک 2 تولہ، روغن کنجد ایک پاؤ۔

ترکیب: زردچوب کو باریک پیس کر پانی میں پیسیں پھر افیون پھر اجوائن پھر کافور ترتیب وار ملا کر پیستے رہیں۔ جب یہ سب نہایت باریک ہو جائیں۔ روغن مذکور ملا کر نرم آگ پر پکانا شروع کریں۔ حتیٰ کہ ادویہ جل جائیں پھر تیل کو الگ کر کے شیشی میں نگاہ رکھیں۔

استعمال: مقام ماؤف پر آہستہ آہستہ مالش کریں یا تیل میں کپڑا تر کر کے اوپر رکھیں۔ اگر سوزش محسوس ہو تو کبھی کبھی ٹھنڈے پانی سے چھینٹے مار دیا کریں۔

(331) حلوائے گھیکوار

منافع: درد کمر، وجع المفاصل یعنی گنٹھیہ کے لئے نہایت مفید ہے۔ مقوی دماغ اور مقوی بدن مجرب المجرب ہے۔

اجزا و ترکیب: مغز گھیکوار (کنوار گندل) آدھ پاؤ کو گھی خالص ایک پاؤ کے ساتھ ملا کر نرم آنچ پر بھون لیں پھر کھانڈ سفید 2 پاؤ ملا کر قوام تیار کر کے ادویہ ذیل کا سفوف "جو پہلے تیار کر کے پاس رکھا ہو" ملا دیں۔ ادویہ یہ ہیں۔ دانہ الائچی خورد، دانہ الائچی کلاں، مصطگی رومی، گلسرخ، طباشیر کبود ہر ایک تولہ تولہ، کشمش مغز پستہ، مغز اخروٹ، مغز نارجیل یعنی گری کھوپہ مقشر، خراختہ دور کیا ہوا، مغز بادام شیریں ہر ایک تولہ، سورنجان شیریں بوزیدان ہر ایک تولہ تولہ سب کو باریک کر کے زعفران خالص ایک ماشہ گلاب میں کھرل کر کے ملا دیں اور حلوہ تیار کر لیں۔

استعمال: دو دو تولہ صبح و شام دودھ گائے کے ہمراہ استعمال کریں۔

(332) روغن درد ہر قسم

منافع: نمونیہ' ذات الجنب' درد ریاح' گنٹھیہ' درد اعصاب وغیرہ ہر قسم کے دردوں کے لئے نہایت سریع الاثر بے خطا مجرب اور مستند نسخہ ہے۔ آلہ تناسل کے نقائص کے لئے بھی مفید ہے۔ ایک طبیب اس نسخہ سے ہزاروں روپے کما چکے ہیں اور ان کا یہ نسخہ بہت مشہور ہے۔ جو بہت کوشش کے بعد ملا۔

اجزا: بیخ ارنڈ' بیخ دھتورہ' بیخ حرمل' بیخ کریر' بیخ مدار' بیخ اکسن' بیخ حنظل' بیخ موکڑی (کٹائی خورد) بیخ سوہانجنہ' بیخ نکو ہر ایک 20 تولہ' روغن کنجد ایک لٹر۔

ترکیب: جڑیں کتر کر دس لٹر پانی میں دو دن تک بھگوئے رکھیں۔ پھر جوش دیں جب پانی دو لٹر رہ جائے۔ کپڑے میں چھان کر روغن کنجد ملا کر جوش دیں۔ جب نصف رہ جائے جائفل' لونگ' آملہ سار' بیر بہوٹی' عقر قرحہ' فلفل دراز' خراطین مصفی' رتن جوت ہر ایک تولہ تولہ کوٹ کر سفوف بنا لیں اور زردی بیضہ مرغ پانچ عدد ملا کر کپڑے میں نرم پوٹلی باندھ کر جوش دیں۔ جب پوٹلی کی ادویہ سیاہ ہو جائیں اور پانی بھی جل جائے اتار کر تیل نتھار لیں۔

استعمال: نیم گرم درد کی جگہ پر مالش کر کے اوپر روئی باندھ دیں۔ روزانہ ایک وقت یا دو وقت حسب ضرورت مالش کیا کریں۔ عضو مخصوص پر مالش کرنا ہو۔ تو رات کے وقت چھ سات قطرات حشفہ اور سیون چھوڑ کر مالش کریں اور اوپر برگ پان یا ارنڈ باندھ دیں۔ دس روز تک اسی طرح استعمال کریں۔

(333) نسخہ دیگر

منافع: گنٹھیہ' ذات الجنب' نمونیا' درد ریح' درد اعصابی وغیرہ تمام اعضاء کے دردوں کا آسان اور مجرب نسخہ ہے۔

اجزا: کائپھل' زنجبیل' قسط تلخ' افیون ہر ایک چھ ماشہ' شیر مدار 2 تولہ' روغن کنجد 20 تولہ۔

ترکیب: خشک ادویہ باریک کھرل کر کے شیر مدار میں کھرل کریں اور ایک سیر پانی میں چوبیس گھنٹے تک بھگو رکھیں پھر روغن کنجد ملا کر جوش دیں۔ جب پانی خشک ہو کر صرف تیل رہ جائے نتھار کر شیشی میں ڈالیں۔

استعمال: نیم گرم مالش کر کے اینٹ گرم کی ٹکور کر کے اوپر روئی باندھ دینی چاہیے۔

(334) سفوف نقرس مجرب

اجزا: تربد سفید' سورنجان شیریں' پوست ہلیلہ زرد' مصبر' گل سرخ' پوٹاشیم آیوڈائیڈ ہر ایک تولہ تولہ۔

ترکیب: سب کو الگ الگ باریک کر کے سفوف کر لیں۔

استعمال: تین ماشہ گرم پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔

(335) روغن اوجاع

منافع: وجع مفاصل (گنٹھیہ) نقرس' نمونیہ' درد پسلی' ذات الکبد' درد چوٹ وغیرہ ہر قسم کے دردوں کے

لئے اکسیر ہے۔ اور ٹنکچر آیوڈین کا نعم البدل نہایت موثر و مجرب سہل نسخہ ہے۔

اجزاو ترکیب: کافور اصلی دو تولہ کوٹ کر تیل مٹی آٹھ تولہ میں ملا کر رکھ دیں۔ چوبیس گھنٹہ تک کافور حل ہو جائے تا۔ بس تیار ہے۔

استعمال: روئی سے درد کی جگہ پر لگا کر اوپر روئی باندھ دینی چاہئے۔

(336) دوائے درد کمر

منافع: درد کمر خواہ کسی وجہ سے ہو انشاء اللہ تین ہی دنوں میں آرام ہو جاتا ہے۔

اجزاو ترکیب: گوند پیپل 9 ماشہ باریک کر کے کپڑے میں پوٹلی باندھ کر آدھ سیر دودھ میں لٹکا کر خوب جوش دیں پھر پوٹلی پھینک دیں اور دودھ میٹھا کر کے پی لیں۔

متفرقات

(337) حلوائے مسمن بدن

منافع: مقوی دماغ و بدن اور مقوی باہ ہے۔ حافظہ کو تیز کر کے نسیان کو دور کرتا ہے۔ کمزور انسان کو موٹا اور طاقتور کرتا ہے۔ کمزور جسم، کمزور دماغ اور دماغی محنت کرنے والوں کے لئے ایک نعمت ہے۔ نہایت لذیذ اور خوشنما ہمہ صفت موصوف حلوہ ہے۔ مجرب ہے۔

اجزا: چھوہارا گٹھلی دور کیا ہوا، آرد نخود بریاں (بھنے ہوئے نخود کا آٹا) نشاستہ گندم ہر ایک 20 تولہ، مغز چلغوزہ، مغز بادام، مغز پستہ ہر ایک 5 تولہ، روغن زرد چینی ہر ایک آدھ کلو، دودھ دو لٹر۔

ترکیب: چھوہارے دودھ مذکور میں اس حد تک جوش دیں کہ وہ پھول جائیں پھر نکال کر کونڈے میں کوٹ لیں اور اسی دودھ میں دوبارہ ڈال کر پکائیں۔ حتیٰ کہ دودھ کا کھویا ہو جائے۔ بعدہ گھی کو گرم کر کے اس میں نشاستہ گندم کو بریاں کریں۔ سرخی مائل ہونے پر نخود کا آٹا اور ساتھ ہی چھوہارے اور دودھ کا کھوا ڈال کر اسے اچھی طرح بریاں کریں حتیٰ کہ سرخی مائل ہو جائے اور خوشبو آنے لگے پھر کھانڈ ملا کر ہلاتے رہیں۔ جب گھی علیحدہ ہونے لگ جائے میوہ جات نیم کوب کر کے ملا لیں بس تیار ہے۔ کسی چینی کے یا روغنی صاف مرتبان میں ڈال کر رکھیں۔

استعمال: ایک چھٹانک سے ڈیڑھ چھٹانک تک صبح نہار کھائیں۔

(338) حب تارک افیون

منافع: اس نسخہ کے استعمال سے افیون کی عادت بلا تکلیف چھوٹ جاتی ہے اور طبیعت میں کسی قسم کی تکلیف پیدا نہیں ہوتی۔ مجرب اور آزمودہ ہے۔

اجزا: کشتہ فولاد، قسط تلخ، جاوتری، تخم جوزماثل مدبر ہر ایک تولہ تولہ، روغن زیتون 2 تولہ، مغز پنبہ دانہ، ... مدبر ہر ایک 4 تولہ۔

ترکیب: سب کو کوٹ پیس کر شہد ملا کر معجون بنالیں۔
استعمال: افیون کے ساتھ ملا کر کھائیں۔ افیون کا وزن کم کرتے جائیں اور اس کی جگہ معجون کا وزن بڑھاتے جائیں۔ اخیر میں صرف اسی معجون پر آجائیں اور آہستہ آہستہ اس کو بھی کم کر دیں۔ غذا مرغن استعمال کرنی چاہیے۔

(339) خضاب جدید

منافع: خضاب کا عمدہ نسخہ ہے۔ پانچ منٹ میں بالوں کا رنگ پختہ سیاہ بنا دیتا ہے۔ بال ملائم ہوتے ہیں۔ کسی قسم کا نقص نہیں ہوتا۔
اجزا: پیرافین ڈایامین 2 تولہ' بیریم پر کسائیڈ' ست لیموں اصلی ہر ایک 5 تولہ' برگ حناء تازہ خشک کردہ کپڑ چھان کیا ہوا' برگ وسمہ تازہ خشک شدہ کپڑ چھان کیا ہوا ہر ایک 10 تولہ۔
ترکیب: سب کو باہم ملا کر تھوڑی دیر کھرل کر کے شیشی میں مضبوط کارک لگا کر رکھیں۔
استعمال: وقت ضرورت پانی میں حل کر کے برش وغیرہ سے لگائیں۔ جب خشک ہو جائے دھو کر کوئی خوشبودار تیل لگائیں۔

(340) خوبصورت بننے کی دوا

منافع: اس سے چہرہ کے داغ دھبے سیاہ نشان' چھایاں جھریاں وغیرہ دور ہو کر رنگ خوبصورت نکل آتا ہے۔ جسم سے خوشبو آتی اور دماغ معطر رہتا ہے۔ عجیب الاثر مجرب نسخہ ہے۔
اجزا: پوست ترنج 10 تولہ' چاول ساٹھی' حسن یوسف' گل کسنبہ ہار سنگھار' مغز تخم کدو' مغز بادام' برگ حناء' سوڈا بائی کارب' صندل سرخ و سفید ہر ایک 5 تولہ' زعفران 1 تولہ' عطر موتیا' عطر گلاب' عطر ناگیسر ہر ایک 4 ماشہ۔
ترکیب: سب کو کوٹ چھان کر عطریات ملالیں۔
استعمال: دودھ کے ساتھ کھرل کر کے چہرہ پر ملیں۔ خشک ہونے پر پانی سے دھو دیں۔

مجربات سلطانی

مصنفہ

حکیم مولوی محمد یار خان زبدۃ الحکماء علوی للیانوی

مجربات سلطانی نادر و نایاب مخفی صدری رازوں کا ایک لاجواب مجموعہ ہے۔

تھوڑے ہی عرصہ میں اس لاجواب مقبول عام تصنیف کے چار حصے شائع ہو چکے ہیں۔ اور شائقین مجربات نے اسے ہاتھوں ہاتھ خرید کیا ہے۔

ملک بھر کے ممتاز طبی اخبارات اور رسائل اور نامور اطباء نے مجربات سلطانی کے نایاب طبی جواہر پاروں کی انتہائی تعریف و ستائش لکھی ہے۔ بے شمار اطباء نے اسے اپنے مطب کا بہترین اور قابل اعتبار فارماکوپیا قرار دے لیا ہے۔ غرض اس لاجواب طبی ذخیرہ کو جس نے دیکھا حرز جان بنا کے رکھا ہے۔ یہ نادر تصنیف بھارت و پاکستان کے ہر گوشہ میں پہنچ چکی ہے۔ ہر صاحب نظر اس کے عالی ہمت مولف کی بخل شکنی، ایثار و صداقت پسندی اور نیک نیتی کی داد دینے پر مجبور ہوا ہے اور یہ واقعہ ہے کہ اس کتاب میں ایک نسخہ بھی فضول اور بھرتی کا نہیں۔ اس سے ایک معمولی اردو خواں بھی علاج کر سکتا ہے۔ مصنف کی سب سے پہلی قابل قدر و عزت تصنیف ہے اور نہایت تیزی سے بغیر اشتہار کے ہاتھوں ہاتھ فروخت ہو رہی ہے۔ مکمل کتاب کی قیمت صرف ایک ہی مستند نسخہ کا ادنیٰ ہدیہ بھی نہیں۔ سچے مجربات کے متلاشیوں کو اس سے بہتر کتاب ہرگز نہیں مل سکتی۔

انسان تمام عمر میں صرف چند نسخے ہی تجربہ کر سکتا ہے۔ اگر آپ

مجربات سلطانی

ہر چہار حصہ خرید لیں گے

تو آپ کو معمولی داموں سے صدری مجربات کا ایک مستند فارماکوپیا ہاتھ آ جائے گا

مجربات سلطانی

کی اتنی عزت، شہرت اور مقبولیت کی وجہ صرف یہی ہے۔ اس کے نسخہ جات نہایت صحیح اور مستند ہیں۔ مصنف نے عام روش سے ہٹ کر نہایت فراخ دلی سے ایسے ایسے بھروسہ کے کامیاب طبی رازوں کا انکشاف کیا ہے جو بہت نامی گرامی طبیبوں کی عزت و شہرت کا موجب تھے۔ جن کے بل بوتے پر کتنے ہی مشہور استادوں کی دولت و کامیابی کی عمارت کھڑی تھی۔ پنجاب کے مشہور ترین استاد فن علامہ حکیم مفتی سلیم اللہ خان مرحوم اور حکیم محمد بخش مرحوم طبیب خاص نواب صاحب بہاولپور کیسی فنی عظمت اور یکتائی

کے مالک تھے۔ ان کے وہ لاجواب معمول مطب خاندانی مخفی نسخے جن پر ان کی شہرت اور کامیابی کا انحصار تھا آپ کو مجربات سلطانی میں ملیں گے۔

اس زمانہ میں صحیح مجربات کو حاصل کرنا ساری دنیا کو فتح کرلینے سے کہیں زیادہ مشکل ہے۔ لہٰذا آپ کو یہ کتاب ضرور خرید لینی چاہئے۔

حصہ اول	طبع چہارم	تعداد نسخہ جات 211	قیمت:-/90
حصہ دوم	طبع دوم	تعداد نسخہ جات 378	قیمت:-/90
حصہ سوم	طبع دوم	تعداد نسخہ جات 489	قیمت:-/90
حصہ چہارم	طبع اول	تعداد نسخہ جات 340	قیمت:-/90